"ہاں آنا آپ اپنی بات کہہ رہی تھیں" ڈالی نے کہا۔ "نہیں پتہ نہیں کہ آج کیوں کہنے پر کیوں نہیں آ رہیں؟ وہ مجھ سے ملنے میں ہے سب کا ذرہ۔ میں اس مناسب نہیں کی کہ یہاں رہ کے لئے مسرت بخش نہیں بلکہ ایک وقت ہے یہاں میں بچ گئی ہوں' بچ گئی ہوں میں قصوروار نہیں ہوں' یا بہت زیادہ قصوروار ہوں" انہوں نے کہیں آدھی میں اور الفاظ ادھورا ہی کہہ کر کھینچ کر کہا۔

"ہاں۔ تم نے کس قدر اسٹیوا ہی کے سے انداز میں یہ بات کہی" ڈالی نے ہنستے ہوئے کہا۔

"آنا یہ رہا کیا

"نہیں نہیں میں اسٹیوا نہیں ہوں" انہوں نے تیزی سے چلا کر کہا۔ "میں اس وجہ سے تم سے کہہ رہی ہوں کہ میں ایک مقصد کے لئے اپنے اوپر شک نہیں کر سکتی" انہوں نے کہا۔

نہیں۔ احاطہ کے وقت وہ یہ محسوس کر رہی تھیں کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ انہیں۔ صرف یہ کہ اپنے اوپر شک تھا بلکہ دوستی کے بارے میں سوچتی تھیں تو دل میں ایک ہلچل سی ہوتی تھی اور وہ جب جانا چاہتی تھیں اس سے پہلے اسی لئے جا رہی تھیں کہ اب وہ دوستی سے پھر نہ بندھ جائیں۔

"ہاں اسٹیوا نے مجھے بتایا تھا کہ تم نے دوستی کے ساتھ جو رکاوٹ ڈالی وہ ہے"

"تم تصور نہیں کر سکتیں کہ یہ سب کتنے مضحکہ خیز طریقے سے ہوا۔ میں تو سوچ رہی تھی صرف مشاہدہ کے طور پر نسبت طے کرانے کی اور ہو گیا بالکل کچھ اور۔ ہو سکتا ہے میں نے اپنی مرضی کے خلاف۔"

ان کا چہرہ سرخ ہو گیا اور وہ رک گئیں۔

"تو یہ لوگ اسے فوراً ہی محسوس کر لیتے ہیں" ڈالی نے کہا۔

"لیکن اگر ان کی طرف سے کوئی سنجیدہ بات ہوتی تو میں انتہائی ناامیدی میں مبتلا ہو گئی ہوتی" آنا بول پڑیں۔ "مگر مجھے یقین ہے کہ سب ختم ہو جائے گا اور پھر کبھی مجھ سے نفرت نہ کریں گی۔"

"بہرحال آنا میں تم سے سچ کہوں کہ میں کیٹی کے لئے اس شادی کی بہت زیادہ خواہش مند نہیں ہوں۔ اور اگر وہ میرا مطلب ہے دوستی تم سے ایک دن میں محبت کر سکتا ہے تو اچھا ہی ہے کہ طے ہی ہو جائے۔"

"اف میرے خدا' یہ تو ایسی اتفاقیہ بات ہو گی" آنا نے کہا اور اپنے ذہن کے خیالات کو انہوں نے الفاظ میں ادا کیے جانے سنا تو پھر طمانیت کی گہری سرخی ان کے چہرے پر نمودار ہو گئی۔ "تو میں اب میں جا رہی ہوں' کیٹی کو اپنا دشمن بنا کر جن سے مجھے اتنی محبت ہو گئی تھی۔ ہائے وہ کتنی پیاری ہیں لیکن ڈالی تم اس معاملے کو سلجھا رہی ہیں؟"

ڈالی نے بڑی مشکل سے مسکراہٹ ضبط کی۔ وہ آنا سے محبت کرتی تھیں لیکن انہیں یہ دیکھ کر اچھا لگا کہ آنا میں بھی کمزوری ہے۔

"دشمن نہیں ہو سکتا۔"

"میری اتنی خواہش ہے کہ تم لوگ مجھ سے محبت کرو جیسے میں تم سے کرتی ہوں۔ اور اب میں تم لوگوں سے اور زیادہ محبت کرتی ہوں" آنا نے آنکھوں میں آنسو بھر کر کہا۔ "اف آج میں کس قدر بیوقوفی کی باتیں کر رہی ہوں!"

انہوں نے رومال سے اپنا منہ پونچھا اور کپڑے بدلنے لگیں۔

ان کی روانگی سے بس ذرا ہی پہلے اسٹیوا بان ارکاڈیچ ان کا چہرہ سرخ اور پر مسرت تھا اور ان کے منہ سے شراب اور سگار کی مہک آ رہی تھی۔

آنا کے شدید جذبات نے ڈالی کو بھی متاثر کر دیا تھا اور انہوں نے آخری بار نند کو گلے لگایا تو سرگوشی میں کہا:

"آنا یاد رکھنا کہ تم نے میرے لئے جو کیا ہے اسے میں کبھی نہ بھولوں گی۔ اور یہ بھی یاد رکھنا کہ میں تم سے بہترین دوست کی طرح محبت کرتی ہوں اور ہمیشہ تم سے محبت کروں گی۔"

آنا نے انہیں پیار کرتے اور اپنے آنسوؤں کو چھپاتے ہوئے کہا "لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیوں؟"

"تم مجھے سمجھتی تھیں اور اب بھی سمجھتی ہو۔ الوداع میری جان!"

29

آنا اور کاؤنٹ ویرونسکی جب بھائی سے آخری بار رخصت ہو چکیں' جو تیسری گھنٹی تک دروازے پر کھڑے تھے تو پہلا خیال جو ان کے ذہن میں آیا وہ تھا۔ "تو سب ختم ہو گیا' شکر ہے خدا کا!" وہ اپنی خادمہ آنوشکا کے پاس

صوفے پر بیٹھ گئیں اور وہ خاموشی سے سیدھے کار کے اس کپار فلیٹ پر نظر ڈالی۔ "شکر ہے خدا کا کل صرف ۱۰ اور ۱ کلیسی الکساندر روڈ کو دیکھوں گی اور پھر میری اچھی اور مانوس زندگی اپنے پرانے ڈھرے پر چل پڑے گی۔"

جس طرح وہ پرانے دن فکر مند رہی تھیں اسی حالت میں آنا نے بڑی طمانیت کے ساتھ اور سوچ سوچ کر رہنے کے لئے سب ٹھیک ٹھاک کرنا شروع کر دیا۔ اپنے بھورے بھورے ہاتھوں سے انہوں نے بھورا لاں بیگ کھولا اور بند کیا بھورا سا تکیہ نکال کر اپنے گھٹنوں پر رکھا ٹھیک سے اپنی ٹانگوں کو ڈھانپا اور اطمینان سے بیٹھ گئیں۔ ایک بیمار عاتوں سونے کے لئے لیٹ چکی تھیں۔ وہ اور خواتین ان سے باتیں کرنے لگیں اور ایک سوئی خاتون نے پاؤں کو ڈھانپتے ہوئے گاڑی کو گرم رکھنے کے نظام پر تبصرہ کیا۔ آنا نے چند لفظوں میں خواتین کو جواب دیا لیکن انہیں یہ اندازہ ہو گیا کہ بات چیت سے انہیں کوئی دلچسپی نہ ہو گی۔ انہوں نے آنکھ کا سے بیسپ حاصل کرنے کے لئے کہا اور جب وہ آیا تو اسے انہوں نے آرام کرسی کے دستے سے ٹانگ کر اپنے بیگ سے ایک کاغذ ترکش اور انگریزی کا ایک ناول نکالا۔ شوہر میں تو ان سے پڑھا نہیں گیا۔ پہلے تو لوگوں کی آواجاہی لگی ہوئی رہی اور پھر جب گاڑی چل پڑی تو کان اس کے شور کی طرف لگ جاتے تھے۔ اس کے بعد ہائیں کھڑکی پر برف کرنے کی آواز آنے لگی۔ پہلے کنڈکٹر کے گزرنے کی آہٹ جس کا ایک پلو برف سے ڈھکا ہوا تھا اور پھر یہ بات پہنچ ان کا رہنمائی رہی کہ اب کتنا بھیانک برفانی طوفاں آرہا ہے۔ آگے بھی سب کچھ ایسا ہی رہا۔ وقفے وقفے اور ہلکے کھڑکی پر برف گرنے کی آواز اور ویسے ہی کسی بھاپ کی گرمی کے بعد اچانک ٹھنڈک اور کبھی پھر گرمی۔ یہم وہ ہلکے میں انہیں چہروں کی اچانک جھلک اور وہی آوازیں۔ اس سب کی عادی ہو کر آنا پڑھنے لگیں اور جو کچھ پڑھ رہی تھیں وہ ان کی سمجھ میں آنے لگا۔ آنکھ شکار تھک رہی تھی۔ وہ ستانے پہنے اپنے بڑے بڑے ہاتھوں سے بیگ کو گھٹنوں پر دبائے ہوئے تھی۔ ان دستانوں میں سے ایک پھٹا ہوا تھا۔ آنا اکثر پڑھ رہی تھیں اور سمجھ رہی تھیں بلکہ انہیں پڑھنا بھی دوسرے لوگوں کی زندگی کی حکایا پر اپنی نظر اور توجہ مرکوز رکھنا اچھا لگ رہا تھا۔ وہ مرد اپنی زندگی جینے کی بہت خواہش مند تھیں۔ اگر وہ چاہتیں کہ کیسے ناول کی ہیروئن نے ایک بار محض کی تیاری کی اور کافی دیر تک وہ بالکل وہ پاؤں بیمار کے کمرے میں داخل ہو جائیں اگر وہ چاہتیں کہ پارلیمنٹ کے ممبر کس طرح تقریر کی توان کا بھی جی چاہتا کہ وہ یہ تقریر کریں۔ اگر وہ چاہتیں کہ لمبی سیری کیسے سواری کرتی تھیں اور اپنی بھاج کو پھیرتی تھیں اور سب کو اپنی برتری سے حیرت میں ڈال دیتی تھیں تو ان کا جی چاہتا کہ وہ مرد بھی یہ سب کریں۔ لیکن کیا تو کچھ بھی نہ جا سکتا تھا اور وہ اپنے بھولے سے ہاتھ میں قلم تراش کو الٹی پلٹی در گھماتی رہیں اور پڑھنے کی کوشش کرتی رہیں۔

ناول کے ہیرو نے انگریزوں کے تصور کے مطابق اپنی خوشی 'جون کا خطاب اور تعلقہ' حاصل کرنا شروع کر دیا تھا اور آنا کافی چاہتا تھا کہ وہ اس کے ساتھ اس صفحے پر جائیں۔ لیکن اچانک انہیں لگا کہ ہیرو کو شرم آتی ہو گی اور خود انہیں بھی شرم آنے لگی۔ لیکن اسے کس بات پر شرم آنی چاہئے؟ "مجھے کس بات کی شرم؟" انہوں نے براہاں کر حیرت کے ساتھ خود سے سوال کیا۔ انہوں نے کتاب رکھ کر آرام کرسی کی پشت پر ٹیک لگالی اور کاغذ تراش کو دونوں ہاتھوں سے روچ لیا۔ شرمانے کی کوئی بات نہیں تھی۔ انہوں نے اپنی ساری یادوں کا جائزہ لیا۔ ساری یادیں اچھی اور خوشگوار تھیں۔ انہوں نے بال کو یاد کیا "ورد شکی کو یاد کیا اور اس کے محبت میں جگمگاتا ہوا چہرے کو اور اس کے ساتھ اپنے سارے برتاؤ کو یاد کیا — شرم کی تو کوئی بات نہ تھی۔

لیکن اس کے ساتھ ہی یادوں کے اسی مقام پر شرم کا احساس قوی تر ہو گیا اور جب وہ ورد شکی کے بارے میں سوچ رہی تھیں تبھی کسی اندرونی آواز نے ان سے کہا: "گرم 'بہت گرم' دھکتا ہوا" (43) انہوں نے اپنے دل میں پر عزم انداز میں کہا "تو پھر؟" اور آرام کرسی پر سیدھی ہو کر بیٹھ گئیں۔ "تو اس کا مطلب کیا ہے؟ کیا میں اس واقعہ کو براہ راست دیکھنے سے ڈر رہی ہوں؟ تو پھر کیا؟ کیا میرے اور اس المیرتو کے درمیان کوئی اور تعلق ہے یا ہو سکتا ہے سوائے اس کے جو کسی بھی واقف کار سے ہو سکتا ہے؟" وہ حقارت کے ساتھ مسکرائیں اور انہوں نے پھر کتاب اٹھالی لیکن اب وہ جو کچھ پڑھ رہی تھیں اسے بالکل نہیں سمجھ پا رہی تھیں۔ کاغذ تراش کو انہوں نے کھڑکی کے شیشے پر پھیرا اور اس کی چکنی اور ٹھنڈی سطح سے اپنا گال لگا دیا اور خوشی سے اس طرح ہنسیں کہ آواز بس سنائی دیتے دیتے رہ گئی۔ بغیر کسی وجہ کے ان کا جی اچانک خوش ہو گیا تھا۔ وہ محسوس کر رہی تھیں کہ ان کے اعصاب ساز کے تاروں کی طرح کسی کھونٹی کے گرد لپٹ کر تنتے ہی چلے جا رہے ہیں۔ وہ محسوس کر رہی تھیں کہ ان کی آنکھیں کھلتی اور بڑی ہوتی جا رہی ہیں۔ کہ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں ہوائی انداز میں حرکت کر رہی ہیں۔ کہ سینے میں کوئی چیز ان کی سانسوں کو گھونٹ رہی ہے اور اس متواتر بیم وہند لکے میں ساری شکلیں اور آوازیں انہیں غیر معمولی وضاحت کے ساتھ حیران کر رہی ہیں۔ ان پر بار بار یہ شک طاری ہوتا رہا کہ ریل گاڑی کا انجن آگے جا رہا ہے یا پیچھے یا بالکل ہی ٹھہرا ہوا ہے۔ ان کے پاس آنکھ شکاب یا کوئی ایسی؟ "وہ کری کے پیچھے پر کیا ہے" "سور ہے یا کوئی ننگی جانور؟ اور میں عورت ہوں یا نہیں؟ میں خوبصورت ہوں یا کوئی اور؟" انہیں اس طرح فراموشی کی حالت میں پہنچ جانے سے ڈر لگا۔ لیکن کوئی چیز انہیں اس کی طرف کھینچ رہی تھی اور وہ اپنی مرضی کے مطابق خود کو اس کے حوالے بھی کر سکتی تھیں اور اس کی مزاحمت بھی کر سکتی تھیں۔ وہ خود کو ہوش میں لانے کے لئے اٹھ کھڑی ہوئیں۔ انہوں نے کمبل ہٹایا اور اپنے گرم لباس کا بوجھ اتار دیا۔ ایک منٹ کے لئے وہ اپنے حواس میں آگئیں اور سمجھ گئیں کہ خود ان کا چلتا کسان موٹے سوتی کپڑے فاکوٹ پہنے ہوئے وہاں سے گزرا تھا اور جس کے کوٹ کا ایک بٹن غائب تھا۔ اسے کر تھا میٹر کو ایک نظر دیکھا کہ اس کے پیچھے پیچھے دروازے میں سے برف اور ہوا کا ایک جھکڑ آیا۔ لیکن بعد کو سب کچھ گڈمڈ ہو گیا۔ اس کسان نے جس کی کھڑکی لمبی تھی 'وہ اور پر کچھ کھڑکنا شروع کر دیا ہے' یہ صدا سنے اپنی ناگیں کپار فلیٹ کی پوری لمبائی میں پھیلالی ہیں اور کپار فلیٹ کو سیاہ بادل سے بھر دیا ہے۔ پھر ایک بھیانک سی چیخ سنائی دی اور کھٹ کھٹ ہوئی جیسے کسی نوجوان کا گلا جا رہا ہو۔ اس کے بعد سرخ آگ نے آنکھوں کو چکا چوند کر دیا اور پھر ہر چیز جیسے کسی دیوار کی آڑ میں چل گئی۔ کتنا کو ایسا محسوس ہوا جیسے وہ کسی گہرائی میں گرتی جا رہی ہوں۔ لیکن یہ سب ڈراؤنا نہیں بلکہ مسرت بخش تھا۔ ان کے کان کے پاس ہی کسی نے چیخ کر کہا اور برف سے لدے ہوئے شخص کی آواز نے کچھ چلا کر کہا۔ وہ کھڑکی ہو گئیں اور انہوں نے اپنے حواس درست کئے۔ وہ سمجھ گئیں کہ ریل گاڑی کسی اسٹیشن پر پہنچ گئی ہے اور یہ چلانے والا شخص کنڈکٹر تھا۔ انہوں نے آنکھ شکا سے کہا کہ وہ ان کا گرم لبادہ اور شال دے دے۔ انہیں پہنا کر وہ دروازے کی طرف چلیں۔

"کیا باہر جانا چاہتی ہیں؟" آنکھ شکا نے پوچھا۔

"ہاں" تازہ ہوا میں سانس لینے کو جی چاہتا ہے۔ یہاں بڑی گرمی ہے۔"

اور انہوں نے دروازہ کھولا ہوا اور برف کے جھکڑوں سے لپک کر ان کا سامنا کیا اور ان سے ٹکرا کرنے لگے کہ وہ اندر آئیں گے یا یہ باہر جائیں گی۔ اور یہ بات انہیں بڑی خوش کر رہی تھی۔ وہ دروازہ کھول کر باہر نکل

آئیں۔ ہوا جیسے انہیں کے انتظار میں تھی۔ اس نے خوشی سے سیٹیاں بجائیں اور چاہا کہ انہیں پکڑ کر اٹھا لے جائے لیکن وہ دروازے کے لٹھے وینڈل کو مضبوطی سے پکڑ کر اپنے لباس کو سنبھالے ہوئے پلیٹ فارم پر اتر آئیں اور ڈبے کے آگے کھڑی ہو گئیں۔ ریل گاڑی کے رکنے پر ہوا تیز تھی لیکن ڈبے کی اوٹ ہونے کی وجہ سے پلیٹ فارم پر سکون تھا۔ بڑی خوشی کے ساتھ انہوں نے اپنا سینہ برف میں گلی پیالے کی باری ہوا سے بھر لیا اور ڈبے کے پاس کھڑے کھڑے پلیٹ فارم کو اور روشنی میں صاف نظر آتے ہوئے اسٹیشن کو دیکھنے لگیں۔

30

ریل گاڑی کے پہیوں کے درمیان اور اسٹیشن کے کونے پر کے کھمبوں سے بھیانک طوفان چنگھاڑ رہا تھا اور سیٹیاں بجا رہا تھا۔ بے کیپ لوگ اور ہر کچھ بھی نظر آ رہا تھا۔ سب ایک طرف سے برف سے ڈھکا تھا جو ہر سے ریزہ ریزہ ہو رہی تھی۔ لمحے بھر کے لئے طوفان کا دم رکا ہوا تھا لیکن پھر اتنے زوروں کے جھکڑ چلنے کہ لگتا تھا ان کے سامنے ٹکنا ناممکن ہے۔ لیکن کچھ لوگ دوڑتے ہوئے خوش خوش باتیں کرتے پلیٹ فارم کے بنچوں کو چرچراتے ہوئے اور بڑے بڑے دروازوں کو مسلسل کھلتے اور بند کرتے ہوئے ادھر ادھر آ جا رہے تھے۔ آنا کے قدموں کے پاس سے کسی جھکے ہوئے شخص کی پرچھائیں گزری اور برف پر ہتھوڑی مارنے کی آوازیں سنائی دیں۔ طوفانی دھند کی دوسری طرف سے دھیمے سے بھری ہوئی کوئی آواز آئی "ڈاؤ نہ ماروا" پھر مختلف آوازیں چیخیں "ادھر آئیے صوبائی کمرے کے 'سبزہ' میں" اور برف سے ڈھکے ہوئے کار کن دوڑ پڑے۔

آنا کے پاس سے کوئی دو صاحبان گزرے جس کے منہ میں سگرٹ ہوئے پائپ دبے ہوئے تھے۔ انہوں نے ایک بار اور گہری سانس لی تاکہ اچھی طرح ہوا کو پھیپھڑوں اور سر کے منہ سے باہر نکال لیا کہ دروازے کے دستے کو پکڑ کر چیخیں اور ڈبے میں داخل ہو جائیں۔ لیکن اتنے ہی میں ایک شخص فوجی اوور کوٹ پہنے ہوئے بالکل ان کے پاس آ گیا اور اس نے لیمپ کی مدھم سی روشنی کو اپنی اوٹ میں لے لیا۔ انہوں نے اس پر نظر ڈالی اور غور کی اور روشنی کی صورت پہچان لی۔ اس نے اپنی نوبی کے بٹنے کو ہاتھ لگاتے ہوئے جھک کر تعظیم کی اور پوچھا کہ انہیں کسی چیز کی ضرورت تو نہیں ہے کیا وہ کوئی مدد کر سکتا ہے؟ انہوں نے کان دبا کر کہا، "کچھ ہوا اب دیکھ بھال سے غور سے دیکھا اور باوجود اس کے کہ اس پر روشنی نہیں پڑ رہی تھی اس کے بھرے اور آنکھوں کے تاثر کو دیکھ لیا اور انہیں لگا کہ دیکھ لیا۔ یہ پھر احترام آمیز تحسین کا وہی اظہار تھا جس سے کل وہ اس قدر متاثر ہوئی تھیں۔ پچھلے دنوں میں انہوں نے جانے کتنی بار 'اور ابھی ابھی ذرا دیر پہلے' اپنے آپ سے کہا تھا کہ وردی کی اس کے لیے سیکڑوں یکساں اور ہر جگہ ملنے والے نوجوانوں میں سے ایک ہے کہ وہ اس کے بارے میں کبھی سوچنے کی بھی روادار نہ ہو گی۔ لیکن اب اس سے ملاقات ہونے کے پہلے ہی لمحے میں ان پر مسرت فخر کا احساس طاری ہو گیا۔ انہیں یہ پوچھنے کی ضرورت۔ تھی کہ وہ یہاں کیوں تھا۔ وہ اتنے ہی یقین کے ساتھ جانتی تھیں جیسے اس نے خود ان سے کہا ہو کہ یہاں وہ اس لئے ہے کہ وہیں رہے جہاں وہ ہیں۔

"میں نہیں جانتی تھی کہ آپ بھی چل رہے ہیں۔ آپ کس سے جا رہے ہیں؟" انہوں نے اپنے ہاتھ کو جس سے وہ دروازے کے دستے کو پکڑے تھیں اگراتے ہوئے کہا۔ اور ان کے چہرے پر ضبط نہ کی جا سکنے والی خوشی اور جیالا پن چمک اٹھا۔

"میں کیوں چل رہا ہوں؟" اس نے ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے ہوئے دہرایا۔ "آپ جانتی ہیں

میں اس لئے چل رہا ہوں کہ وہیں رہوں جہاں آپ ہوں۔" اس نے کہا۔ "اس کے علاوہ کچھ اور میں کر ہی نہیں سکتا۔"

اسی وقت ہوا نے جیسے کسی رکاوٹ کو پار کر کے آپے کی چھت پر سے برف، اولوں اور لوہے کی ایک اوجڑی ہوئی چادر کو کھڑکھڑایا۔ اور سامنے ریل گاڑی کے انجن نے روہانسی اور اداس سی کھنی ہوئی سیٹی بھائی۔ برفانی طوفان کا سارا بھیانک پن اب آنا کو اور بھی خوبصورت لگ رہا تھا۔ وہ تھکی ہوئی تھی کہ تھا جو ان کی دلی آرزو تھی لیکن جس سے ان کی عقل سلیم انہیں باز رکھ رہی تھی۔ انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا اور ان کے چہرے پر اسے بدھ دھ کے آثار نظر آئے۔

"میں نے کچھ کہا کہ دیا۔ آپ کو ناگوار گزرا ہو تو مجھے معاف کر دیجئے۔" اس نے شائستگی سے کہا۔

اس نے بڑے اخلاق اور احترام کے ساتھ لیکن اسے قطعی اور ناقابل انداز میں کہا کہ وہ مسکرا دیئے بغیر نہ رہ سکیں۔

"آپ جو کہہ رہے ہیں یہ بڑی بات ہے اور میں آپ سے اتنا حاصل ہوں کہ اگر آپ اچھے انسان ہیں تو آپ نے جو کچھ کہا ہے اسے بھول جائیے جیسے کہ میں بھول جاؤں گی۔" انہوں نے کہا۔

"آپ کا کہا ہوا ایک لفظ بھی 'آپ کی کوئی نقل و حرکت تک میں کبھی نہیں بھولوں گا اور بھول سکتا ہی نہیں۔"

"بس کچھ نہیں۔" انہوں نے چیخ کر کہا اور اپنے چہرے پر ہنسی کے آثار پیدا کرنے کی بیکار کوشش کی جس پر وہ اپنی تربیتی ہوئی نگاہیں گڑوئے تھا۔ اور دروازے کے لٹھے وینڈل کو پکڑ کر وہ اچھل پڑیں اور جلدی سے ریل گاڑی کی راہداری میں چلی گئیں۔ لیکن اس لمحے راہداری میں وہ ٹھہر گئیں اور ہو کچھ ہوا تھا اس کا تصور کرنے لگیں۔ انہیں اپنے الفاظ یاد آئے نہ اس کے تحسین احساسات سے وہ سمجھ گئیں کہ اس ایک منٹ کی بات چیت نے انہیں ایک بہت دور سے خوفناک حد تک قریب کر دیا ہے اور اس سے انہیں ارادی نگاہ اور خوشی بھی ہوئی۔ چند سیکنڈ رک کر وہ کمپارٹمنٹ میں داخل ہو گئیں اور اپنی جگہ پر بیٹھ گئیں۔ وہ سمور کن ٹوپی بھری ہوئی بھی شروع میں انہیں اچھی نہیں لگی تھی نہ صرف یہ کہ بھدے پن کی وجہ سے بلکہ زیادہ شدید ہو کر اس حد تک پہنچ گئی کہ انہیں ڈر لگنے لگا کہ کسی بھی وقت ان کے اندر کوئی بہت زیادہ قیمتی چیز ٹوٹ جائے گی۔ وہ ساری رات نہیں سو سکیں۔ لیکن اس تکان میں بالکل تصور نہیں تھی جو ان کے تخیل پر چھائے ہوئے تھے کوئی اداس یا ناخوشگوار بات نہ تھی۔ اس کے برعکس کوئی چیز پر مسرت، دلکش ہوئی اور اکسانے والی تھی۔ صبح کے قریب آنا آرام کرسی پر بیٹھے ہی بیٹھے اونگھ گئیں اور جب ان کی آنکھ کھلی تو جاگا ہوا تھا اور ریل گاڑی بیٹرس برگ کے قریب پہنچ رہی تھی۔ فوراً ہی گھر، شوہر اور بیٹے کے بارے میں خیالات اور آنے والے دن کی گھڑیوں نے انہیں اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

بیٹرس برگ میں ریل گاڑی رکی ہی تھی اور وہ باہر نکل ہی تھیں کہ سب سے پہلے جس چہرے نے ان کو اپنی طرف متوجہ کیا وہ ان کے شوہر کا تھا۔ "اف میرے خدا! ان کے بال کیوں اتنے سفید ہو گئے ہیں؟" آنا نے شوہر کے سر اور مونچھ کے بالوں کو اور آپ انہیں خاص طور سے حیرت زدہ کر دینے والے گالوں کو دیکھتے ہوئے سوچا جو ان کی گول ہیٹ کی نگرانی سے باہر رہ رہے تھے۔ آنا کو دیکھ کر وہ ان کی طرف بڑھے اور ان کے ہونٹوں پر عادت کے مطابق مذاق اڑانے والی مسکراہٹ نمودار ہو گئی اور انہوں نے بڑی بڑی تھکی آنکھوں سے آنا کو دیکھا۔

جب ان کی نیک تھکے اور تھکی ہوئی آنکھوں سے آنا کی آنکھیں چار ہوئیں تو ان کے دل کو ایک ناخوشگوار سے احساس نے دبوچ لیا جیسے وہ انہیں کسی اور طرح دیکھنے کی توقع کر رہی ہوں۔ اپنے شوہر سے ملاقات ہونے پر آنا نے خاص طور پر جو بے اطمینانی محسوس کی تھی اس پر وہ خود حیرت زدہ رہ گئیں۔ یہ احساس بہت عجیب انا اور جانا پہچانا تھا۔ دیکھنے اور سماعت کی اس حالت سے ملتا جلتا جو وہ شوہر کے ساتھ اپنے لمحات میں محسوس کرتی تھیں۔ لیکن پہلے انہوں نے اس احساس کی طرف کوئی دھیان نہ دیا تھا اور اب وہ اسے صاف صاف اور ایک دم کے ساتھ تسلیم کر رہی تھیں۔

"جیسے کہ تم دیکھ رہی ہو، تمہارا بھتیجا شوہر اتنا بھتیجا جیسے ابھی شادی کا پہلا سال ہو۔ تمہیں دیکھنے کے لئے تڑپ رہا تھا۔" انہوں نے اپنی گھریلو گھریلو سی آواز اور اس لہجے میں کہا جو وہ آنا سے باتیں کرنے میں تقریباً ہمیشہ استعمال کرتے تھے، جو ان لوگوں کا مذاق اڑانے کا لہجہ تھا جو بچوں کی طرح کی باتیں کرتے تھے۔

"سب ٹھیک ہے؟" آنا نے کہا۔

"اور کیسی ہے سارا انتظام" وہ بولے۔ "میرے عزیز خود فریب کا ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔"

31

درد شکی نے ساری رات سونے کی کوشش بھی نہ کی تھی۔ وہ اپنی آرام کرسی پر بیٹھا بھی اپنے سامنے دیکھتا بھی آنے جانے والوں کو۔ اور اگر پہلے اس کے غیر حقوق سکون سے ناشناس لوگوں کو حیرت اور پریشانی ہوئی تھی تو اب وہ اور بھی زیادہ مطمئن اور مطمئن لگ رہا تھا۔ وہ لوگوں کو اس طرح دیکھتا تھا جیسے وہ چیزیں ہوں۔ اس طرح دیکھنے کی وجہ سے سامنے بیٹھا ہوا ایک اعصاب زدہ نوجوان، جو ملازمت کی تلاش میں ملازم تھا، اس سے نفرت کرنے لگا۔ اس نوجوان نے اس سے سگریٹ مانگنے کے لئے دیا سلائی مانگی، اس سے دو چار باتیں کیں بلکہ اس کو ٹھوکے بھی لگائے تاکہ اسے محسوس کرا دے کہ وہ چیز نہیں انسان ہے۔ لیکن درد شکی اسے ویسے ہی دیکھتا رہا جیسے لیمپ کو۔ اور نوجوان یہ محسوس کر کے کہ اس طرح اپنے انسان ہونے تسلیم کئے جانے کے دعوا کے حق میں وہ اپنی خودداری سے کچھ ہٹنے لگا۔ اور اس لئے وہ بھی ہٹ نہ سکا۔

درد شکی نہ دیکھ رہا تھا، کسی کو دیکھ رہا تھا۔ وہ خود کو بادشاہ محسوس کر رہا تھا اس لئے نہیں کہ اسے یقین تھا کہ اس نے آنا کو متاثر کر دیا ہے، اسے ابھی اس کا یقین بھی نہیں تھا، بلکہ اس لئے کہ آنا کا برتاؤ اس پر ہوا تھا اس سے وہ خوشی اور فخر محسوس کر رہا تھا۔

وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ اس سب سے نتیجہ کیا نکلے گا اور اس کے بارے میں اس نے سوچا بھی نہ تھا۔ وہ محسوس کر رہا تھا کہ اس کی اب تک کی ساری سلب شدہ اور بکھری ہوئی توانیاں یکجا ہو گئی تھیں اور شدید توانائی کے ساتھ ایک ہی انتہائی مبارک نصب العین پر مرکوز ہو رہی تھیں۔ اور اس سے وہ خوش تھا۔ وہ صرف یہ جانتا تھا کہ اس نے آنا سے سچ بات کہی تھی، کہ وہ بھی وہیں جا رہا تھا جہاں وہ ہوں گی۔ اب زندگی کی ساری خوشی زندگی کے واحد معنی اس کے لئے صرف اس میں تھے کہ وہ آنا کو دیکھے اور ان کی باتیں سنے۔ اور جب وہ بولتی تھیں اس لئے، تو، تھا کہ بیشتر کا مصدقہ بیان لے اور اس نے آنا کو دیکھا تو قرار واقعی طور پر اس کے منہ سے جو پہلی بات نکلی وہ وہی تھی جسے وہ سوچتا رہا تھا۔ اور وہ خوش تھا کہ اس نے ان سے یہ کہہ دیا تھا۔ اب وہ اس بات کو جانتی ہیں اور اس کے بارے میں سوچ رہی ہیں۔ وہ رات بھر نہیں سویا۔ اپنے ڈبے میں واپس آ کر وہ برابر اس پوری

صورت حال کا تصور کرتا رہا جس میں اس نے انہیں دیکھا تھا۔ ان کی ساری باتوں کو یاد کرتا رہا۔ اور اس کے تصور میں انکا مستقبل کی تصویریں بنتی رہیں جن سے دل کی حرکت جیسے رک رک سی جاتی تھی۔

پیٹرس برگ میں جب وہ اپنے ڈبے سے نکلا تو بے خواب رات کے بعد بھی وہ خود کو چاق چوبند اور تازہ دم محسوس کر رہا تھا جیسے غسل سے پانی سے سا کر آیا ہو۔ وہ اپنے ڈبے کے پاس کھڑا آنا کے نکلنے کا انتظار کرتا رہا۔ اس نے غیر ارادی طور پر مسکراتے ہوئے دل میں کہا "ایک بار اور دیکھ لوں گا ان کا چہرہ دیکھ لوں گا، شاید کچھ کہیں، سر کو جنبش دیں، دیکھیں، مسکرائیں۔" لیکن انہیں دیکھنے سے پہلے اس نے ان کے شوہر کو دیکھا جسے اسٹیشن سپرنٹنڈنٹ بڑے احترام کے ساتھ بھیڑ میں سے لا رہا تھا۔ "ارے ہاں، شوہر!" اس وقت پہلی بار صاف صاف درد شکی کی سمجھ میں آیا کہ ان کی شخصیت سے شوہر بھی وابستہ تھا۔ یہ تو وہ جانتا تھا کہ وہ شادی شدہ ہیں لیکن اسے شوہر کے وجود کا یقین نہیں تھا اور پوری طرح تبھی اسی وقت آیا جب اس نے انہیں ان کے سر کے بالوں اور سیاہ پتلون سے ڈھکی ہوئی ٹانگوں کو دیکھا۔ اور خاص طور سے جب اس نے دیکھا کہ کیسے اس شوہر نے اپنی ملکیت سمجھ کر سکون کے ساتھ ان کا ہاتھ پکڑ لیا۔

الکسی الکساندرووچ کو ان کے پیٹرس برگ والے تازہ دم چہرے اور پوری طرح سے خود اعتماد چال ڈھال، گول بیٹ اور ذرا سی ابھری ہوئی پیٹ سمیت دیکھ کر اسے ان کے وجود کا یقین ہو گیا اور اسی طرح کا ناگوار احساس ہوا جو اس شخص کو ہو سکتا ہے جو پیاس کی الجھن میں مبتلا ایک گلاس تک پہنچے اور اس میں کسی کیڑے، جیسا سور کو دیکھ لے۔ اس میں پانی بھی پی رہا ہو اور اسے گندہ بھی کر رہا ہو۔ درد شکی کو سب سے بری لگی، الکسی الکساندرووچ کی چال، جو پورے کولہوں کو اور مضبوط پاؤں کو تھما کر چلتے تھے۔ وہ آنا سے پیار کرنے کا حق صرف اپنے لئے مخصوص سمجھتا تھا۔ لیکن آنا بالکل ہنسی ہی تھیں اور ان کی صورت اس پر اسی طرح اثر انداز ہو رہی تھی، جسمانی طور پر اس میں جان داخل رہی تھی، انکساری تھی اور اس کی روح کو خوشی سے معمور کر رہی تھی۔ اس نے اپنے جرمن ملازم کو، جو دوسرے درجے میں سے دوڑتا ہوا اس کے پاس آیا تھا، سامان لے کر پیچھے آنے کا حکم دیا اور خود آنا کی طرف چلا۔ اس نے شوہر اور بیوی کی پہلی ملاقات کو دیکھا اور اس سے محبت کرنے والوں کی کتنی درس نگاہ سے اس ہلکی سی جھجک کو دیکھا جس سے آنا نے شوہر سے باتیں کیں۔ اس نے اپنے دل میں فیصلہ کر لیا "میں، وہ شوہر سے محبت نہیں کرتیں اور کبھی نہیں کر سکتیں۔"

جب وہ پیچھے پیچھے آنا کے کمپارٹمنٹ کے قریب پہنچ رہا تھا تبھی اس نے خوشی کے ساتھ دیکھ لیا تھا کہ وہ اس کے قریب تر آتے جانے کو محسوس کر رہی ہیں اور انہوں نے مڑ کر اس کی طرف دیکھا تھا اور اسے پہچان کر پھر شوہر سے مخاطب ہو گئی تھیں۔

"آپ نے رات اچھی طرح تو بسر کی نہ؟" اس نے آنا اور ان کے شوہر کے سامنے تسلیم کرتے ہوئے پوچھا اور یہ الکسی الکساندرووچ پر چھوڑ دیا کہ ان کا بھی چاہے تو اس تسلیم کو اپنے لئے بھی قبول کریں اور اسے پہچان لیں یا نہ پہچانیں۔

"شکریہ آپ کا بہت اچھی طرح" آنا نے جواب دیا۔

ان کا چہرہ تھکا ہوا لگ رہا تھا اور اس پر روندی کاوہ کر شمہ نہ تھا جو کبھی مسکراہٹ میں جھلکتا تھا تو کبھی آنکھوں میں۔ لیکن جب انہوں نے اس کی طرف نظر اٹھائی تو ایک لمحے کے لئے ان کی آنکھوں میں ایک چمک سی آگئی اور وہ اسی ایک لمحے سے خوش ہو گیا باوجود اس کے کہ یہ چمک فوراً ہی غائب ہو گئی۔ انہوں نے یہ معلوم

کرنے کے لئے شوہر کی طرف دیکھا کہ وہ درد شکی کو جانتے ہیں یا نہیں۔ ا گسینی الکسانڈر دوچ نے بڑا احتیاط سے درد شکی کو دیکھا اور کھوئے کھوئے انداز میں یاد کرنے لگے کہ یہ کون ہے۔ اس وقت درد شکی کا سکون اور خود اعتمادی ا گسینی الکسانڈر دوچ کی سوجھ خود اعتمادی سے یوں ٹکرائی جیسے دو انی پتھر سے ٹکرا جائے۔

"کاؤنٹس درد شکی" آنا نے کہا۔

"اوہ، اگتا ہے ہم مل چکے ہیں" ا گسینی الکسانڈر دوچ نے بے نیازی سے ہاتھ ہلاتے ہوئے کہا اور پھر ٹھہر ٹھہر کر بولے "جیسے ایک ایک روبل کا ہر نقطہ بھی ملتوے رہے ہوں" ٹکیں ہاں کے ساتھ اور تولیں بیٹے کے ساتھ آپ شاید چھٹی پر آئے ہیں؟" اور پھر درد شکی کے جواب کا انتظار کئے بغیر وہ انیے لہجے میں بیوی سے مخاطب ہو گئے "تو پھر ماسکو میں بے ائی کے وقت بہت آنسو بہائے گئے؟"

بیوی سے مخاطب ہو کر انہوں نے درد شکی کو یہ محسوس کرانا کہ وہ چاہتے ہیں کہ انہیں اکیلے چھوڑ دیا جائے اور اس کی طرف متوجہ ہو کر انہوں نے بہت کہا تھا لیا۔ لیکن درد شکی آنا اور کاؤنٹ سے مخاطب ہوا۔

اس نے کہا "امید ہے کہ میں آپ کے ہاں آنے کا شرف حاصل کروں گا۔"

ا گسینی الکسانڈر دوچ نے ٹھنڈی ٹھنڈی آنکھوں سے درد شکی کو دیکھا۔

"بہت خوشی ہوگی" انہوں نے سرد مہری سے کہا "پیر کو ہم مہمانوں کا خیر مقدم کرتے ہیں۔" اس کے بعد درد شکی کو بالکل ہی نظر انداز کر کے انہوں نے بیوی سے کہا "کتنا اچھا ہوا کہ میرے پاس بس یہ کہنے کا وقت تھا کہ تم سے مل سکوں اور تم سے اپنی چاہت کا اظہار کر سکوں" انہوں نے ویسے ہی ذرا نیچے لہجے میں اپنی بات جاری رکھی۔

"تم اپنی چاہت پر اتنا زور دیتے ہو کہ اس کی قدر کرنا میرے لئے یا مشکل ہو جاتا ہے" آنا نے اسی ذرا نیچے لہجے میں کہا اور غیر ارادی طور پر درد شکی کے قدموں کی چاپ سنی جو ان لوگوں کے پیچھے ہی آ رہا تھا۔ "خیر مجھے اس سے کیا سروکار؟" انہوں نے دل میں سوچا اور شوہر سے پوچھنے لگیں کہ سرجی نے ان کے بغیر کیسے وقت کاٹا۔

"ارے، بہت اچھی طرح، تمہاری بہت کمی محسوس کرتے ہیں کہ وہ بہت ہی نیک اور پیارا انسان ہے۔ مجھے تم کو یقین کرنا پڑے گا۔ تمہیں اس نے یاد نہیں کیا اس طرح نہیں جیسے کہ تمہارے شوہر نے۔ خیر تمہارا ایک پیار اور شکریہ میری دوست کہ تم نے پہلے آ کر آج کا دن مجھے تحفے کے طور پر دے دیا۔ ہماری پیاری سلوار بہت ہی خوش ہو جائیں گی۔" (سلوار وہ مشہور و معروف کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا کو کہتے تھے اس لئے کہ وہ ہیشہ اور ہر شخص کے بارے میں پریشان رہتی تھیں اور گرم ہوتی رہتی تھیں۔) "وہ تمہارے بارے میں پوچھ رہی تھیں۔ اور سنو، اگر میں مشورہ دینے کی جرأت کروں تو تم آج ان کے پاس ہو آتیں تو اچھا رہتا۔ آخر ان کا دل تو ہر ایک کے لئے دکھتا ہی رہتا ہے۔ اب وہ اپنی ساری فکروں کے علاوہ الجھن میاں بیوی کے درمیان غلط ہو جانے کے سلسلے میں بھی مصروف ہیں۔"

کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا ان کے شوہر کی دوست اور بیٹرس برگ کے معاشرے کے اس حلقے کی مرکز تھیں جس سے آنا اپنے شوہر کی وجہ سے علیحدہ رہا کرتی تھیں۔

"مگر میں تو انہیں لکھ چکی ہوں۔"

"پھر بھی انہیں تو تعزیت کی ضرورت ہے۔ ہو آنا اگر تمہیں تکلیف نہ ہو تو" میری دوست۔ تو تمہیں کوئی زحمت

مجھی میں لے جائے گا اور میں کیلئی میں جا رہا ہوں۔ اب پھر اکیلے کھانا نہیں کھانا پڑے گا" ا گسینی الکسانڈر دوچ نے مزید کہا اور اب ان کا لہجہ ذرا تیز نہیں تھا۔ "تمہیں یقین نہیں آئے گا کہ میں تمہارا کتنا عادی ہو گیا ہوں۔"

اور دیر تک ان کا ہاتھ لے کر ہلاتے رہنے کے بعد انہوں نے خاص مسکراہٹ کے ساتھ انہیں مجھی میں بٹھایا۔

32

گھر میں سب سے پہلے جس نے آنا کا استقبال کیا وہ ان کا بیٹا تھا۔ وہ گورنس کے پیچھے کے ہال روم سیڑھیوں پر سے دوڑتا ہوا ان کی طرف گیا اور انتہائی خوشی کے ساتھ چلایا "ماما، ماما!" وہ ڈکساں کے پاس آ کر وہ ان کی گردن سے لٹک گیا۔

اس نے گورنس سے پیار کر کے کہا "میں نے آپ سے کہا تھا کہ ماما یہیں جلد آ جائیں گی۔"

اور شوہر کی طرح بیٹے نے بھی آنا میں ایک ایسا احساس پیدا کیا جو خوشی کے دور ہو جانے سے ملتا جلتا تھا۔ وہ اس کا تصور اس سے بہتر کرتی تھیں جتنا وہ حقیقت میں تھا۔ انہیں حقیقت کی دنیا میں اترنا پڑا تاکہ وہ جیسا تھا ویسے ہی اس سے ظرفی حاصل کریں۔ اور جیسا وہ تھا ویسا ہی بہت دلکش تھا۔ ہلکے سنہرے رنگ کے گھنگھریالے بال، نیلی آنکھیں اور بھری بھری سڈول ٹانگیں، کسی ہوئی اور ابھی طرح چڑھی ہوئی جرابیں۔ آنا نے اس کی قربت اور شفقت سے قریباً جسمانی طور محسوس کیا اور سب اس کی سادہ دل پر اعتماد اور محبت بھری نظریں دیکھیں اور اس کے بھولے بھالے سوالات سنے تو انہیں اخلاقی سکون حاصل ہوا۔ آنا نے وہ تحفے نکالے، بڑھائی کے بچوں نے اس کے لئے بھیجے تھے اور بیٹے کو بتایا کہ ماسکو میں ایک لڑکی ہے ٹانیا اور وہ ٹانیا بڑھ سکتی ہے بلکہ دوسرے بچوں کو بھی پڑھا سکتی ہے۔

"تو کیا میں اس سے بڑا ہوں؟" سرجی وژا نے پوچھا۔

"میرے لئے تو تم دنیا میں سب سے اچھے ہو۔"

"میں جانتا ہوں" سرجی وژا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

آنا ابھی کافی بھی نہ پی پائی تھیں کہ کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا کے آنے کی اطلاع ملی۔ وہ تقلتے ہوئے قد اور بھرے جسم کی خاتون تھیں ان کے چہرے پر مریضانہ زردی پھیلی رہتی تھی اور ان کی خوبصورت کالی آنکھیں ہر وقت فکر مند سی رہتی تھیں۔ آنا ان کو پسند کرتی تھیں لیکن آج انہوں نے جیسے پہلی بار انہیں ان کی ساری کمزوریوں سمیت دیکھا۔

"کہو میری دوست، آخر تم نے اپنی (آنا کی شادی کو) نے کر لیا تم؟" کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا نے کمرے میں داخل ہوتے ہی پوچھا۔

"ہاں وہ سب ختم ہو گیا اور وہ سب اتنا اہم بھی نہ تھا جتنا ہم سمجھتے تھے" آنا نے جواب دیا۔ "ویسے بھی میری طرح تم بھی تو ذرا ابہامی ہو تو کب فیصلے کرتی ہیں۔"

لیکن کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا کو ہر اس چیز سے دلچسپی تھی جس سے ان کا کوئی تعلق نہ ہو اور ان میں یہ عادت تھی کہ جس چیز سے انہیں دلچسپی ہوتا سے نہ سنیں۔ انہوں نے آنا کی بات کاٹ دی:

"ہاں دنیا میں دکھ اور بدی بہت ہے اور میں آج بہت ہی خوش ہوں۔"

"کیا ہوا؟" آنا نے مسکراہٹ ضبط کرنے کی کوشش کرتے ہوئے پوچھا۔

"میں سچائی کی خاطر یکا رتیزے توڑنے کو اب حاضر آگئی ہوں اور کبھی کبھی میں بالکل تھک جاتی ہوں۔" "پھولی بہنیں" (یہ خیر خیرات کے لئے مذہبی اور وطن دوستانہ تنظیم تھی) کا معاملہ ابھی طرح چل رہا تھا لیکن ان صاحبان کے ساتھ کچھ بھی کرنا ممکن نہیں ہے" کاؤنٹس لیونوا ایوانووا نے مقدر کو تسلیم کرنے کے انداز میں کہا۔ "ان لوگوں نے خیال کو ہتھیا لیا" اسے صحیح کر دیا اور اب اسے گھٹیا پن اور پست طریقے سے بحث کرتے ہیں۔ وہ نہیں لوگ 'جن میں تمہارے شوہر بھی ہیں' اس کام کی ساری اہمیت کو سمجھتے ہیں' باقی لوگ بس حسد کرتے ہیں۔ کل مجھے پراودین نے ایک خط بھیجا تھا۔"

پراودین ملک سے باہر رہنے والے اتحاد سلاوی کے ایک مشہور عالی (45) تھے۔ کاؤنٹس لیونوا ایوانووا نے ان کے خط کا مضمون بتایا۔

اس کے بعد کاؤنٹس نے کیسیاؤں کے اتحاد والے معاملے کے خلاف پائے جانے والے ہنگاموں اور سازشوں کے بارے میں بتایا' اور پھر جلدی سے چل دیں اس لئے کہ آج ہی انہیں ایک انجمن کے جلسے میں اور سلاف کمیٹی (46) میں بھی جانا تھا۔

"آخر یہ سب تو پہلے بھی تھا لیکن میں نے پہلے کس وجہ سے اس طرف دھیان نہیں دیا؟" آنا نے اپنے دل میں کہا "وہ آج ہی بہت جھنجھلائی ہوئی ہیں' اگر واقعی ایسی آئی ہے کہ ان کا نصب العین تو یہ ہے کہ نیکی کرو' عیسائی مذہب کی پیروی ہیں لیکن ہر وقت حسد کرتی رہتی ہیں اور سب ان کے دشمن ہیں اور سارے دشمن نیکی کرنے کے اور عیسائی ہونے کے طرفدار ہیں۔"

کاؤنٹس لیونوا ایوانووا کے بعد ایک اور دوست آگئیں جن کے شوہر ڈائریکٹر تھے۔ انہوں نے شہر کی ساری خبریں سنائیں وہ بھی تین بجے چل گئیں اور وعدہ کر گئیں کہ شام کے کھانے پر آئیں گی۔ الکسیئی الکساندرووچ دارالامرا میں تھے۔ کھانے کے وقت تک کے لئے آنا اکیلی رہ گئیں تو انہوں نے اس کا یہ استعمال نکالا کہ بیٹے کے کھانے کے وقت موجود رہیں (وہ الگ کھانا کھاتا تھا) اور اپنی چیزیں ٹھیک سے دیکھیں اور ان کی عدم موجودگی میں بور رہتے اور غلط سلط بج ہو گئے تھے ان کو پڑھیں اور جواب دیں۔

بے وجہ شرم کا وہ احساس' جس کا تجربہ انہیں راستے میں ہوا تھا' اور پریشانی بالکل غائب ہو چکی تھی۔ زندگی کے نارمل حالات میں انہوں نے خود کو پھر سے مضبوط اور قابل لمس محسوس کیا۔

انہوں نے حیرت کے ساتھ اپنی کل کی حالت کو یاد کیا۔ "وہ کیا تھا؟ کچھ نہیں۔ وردشکی نے بیوقوفی کی ایک بات کہی تھی جس کو ختم کرنا بہت آسان تھا اور میں نے اس کا وہی جواب دیا جیسے دینا چاہئے تھا۔ شوہر سے اس کا ذکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں اور وہ ممکن ہے۔ اس کا ذکر کرنے کا مطلب ہے اسے اتنی اہمیت دینا جتنی ہے نہیں۔" انہیں یاد آیا کہ کیسے انہوں نے شوہر کو اس تھریا اعتراف محبت کے بارے میں بتایا تھا جو پیٹرس برگ میں ایک نوجوان نے ان کے شوہر کے ایک رقیب نے کیا تھا اور کیسے الکسیئی الکساندرووچ نے جواب دیا تھا کہ معاشرے میں رہ کر ہر عورت کو اس کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے لیکن انہیں اس کے سینے پر پورا اعتماد ہے اور وہ خود کو یا ان کو ناپسند کبھی نہیں کر سکتے کہ رشک و حسد میں مبتلا ہوں۔ آنا نے اپنے دل میں کہا "مطلب یہ کہ ذکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں؟ اور پھر خدا کا شکر ہے کہ ذکر کرنے کی کوئی بات بھی نہیں۔"

33

الکسیئی الکساندرووچ وزارت سے چار بجے واپس آئے لیکن جیسا کہ اکثر ہوتا تھا انہیں آنا کے پاس آنے کا موقع نہیں ملا۔ وہ اپنے دفتر میں گئے۔ ان لوگوں سے ملنے کے لئے جو عرضیاں لے کر آئے تھے اور ان کا انتظار کر رہے تھے اور کچھ کاغذات پر دستخط کرنے جو ان کا پرائیویٹ سیکرٹری لایا تھا۔ کھانے پر (کارسٹن سیاں بیوی کے ہاں ہفتے میں دو تین لوگ کھانے پر آتے تھے) آج الکسیئی الکساندرووچ کی ایک رشتے کی بوڑھی بہن تھیں' ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر اور ان کی بیوی تھیں اور ایک نوجوان تھا جس کی سفارش الکسیئی الکساندرووچ سے ملازمت کے لئے کی گئی تھی۔ آنا مہمانوں کی خاطرداری کرنے اور ڈائنگ روم میں آگئیں۔ ٹھیک پانچ بجے' جب بیٹرانل کے زمانے کی کانسے کی گھڑی پانچوں گھنٹے بجا بھی نہ پائی تھی' الکسیئی الکساندرووچ سفید جالی اور فراک کوٹ پہنے اور اپنے دو ستارے لگائے ہوئے داخل ہوئے اس لئے کہ ابھی کھانے کے دوران انہیں جانا تھا۔ الکسیئی الکساندرووچ کی زندگی کا ہر لمحہ مصروف اور طے شدہ تھا۔ انہیں ہر دن بہت کچھ کرنا ہوتا تھا جس سب کرنے کے لئے وہ وقت کی سخت ترین پابندی کرتے تھے۔ ان کا قاعدہ تھا — "بغیر جلد بازی کے اور بغیر آرام کئے۔" وہ ہاتھ پیچھے ہوئے ہال میں داخل ہوئے' سب کو تعظیم کی اور بیوی کی طرف دیکھ کر مسکراتے ہوئے جلدی سے بیٹھ گئے۔

"ہاں' میری خیالی ختم ہوئی۔ تمہیں یقین نہ آئے گا کہ اکیلے کھانا کھانے میں کتنا برا محسوس ہوتا ہے" (انہوں نے لفظ "اکیلے" پر خاص طور سے زور دیا۔)

کھانے کے دوران میں انہوں نے بیوی سے کچھ ماسکو کے معاملات کے بارے میں بات کی اور ڈال اڑانے والی مسکراہٹ کے ساتھ استی پان ارکاڈیچ کے بارے میں پوچھا۔ لیکن زیادہ تر عام بات چیت ہوتی رہی — پیٹرس برگ کے سرکاری اور سماجی امور کے بارے میں۔ کھانے کے بعد آدھ گھنٹہ انہوں نے مہمانوں کے ساتھ صرف کیا اور پھر مسکرا کر بیوی کا ہاتھ دباتے ہوئے وہ نکلے اور کونسل کے لئے روانہ ہو گئے۔ آنا اس دن نہ پرنس سیبنسکی تو رسکایا کے ہاں گئیں جنہوں نے ان کی واپسی کی خبر سن کر انہیں شام کے لئے مدعو کیا تھا اور نہ تھیٹر گئیں جہاں آج ان کے لئے باکس ریزرو تھا۔ وہ زیادہ تر اس وجہ سے نہیں گئیں کہ انہوں نے جو لباس پہننے کو سوچا تھا وہ تیار نہیں تھا۔ پہلے بھی جب انہوں نے مہمانوں کے جانے کے بعد اپنی ڈریسنگ ٹیبل کا جائزہ لیا تو وہ بہت جھنجھلا گئی تھیں۔ ماسکو جانے سے پہلے انہوں نے سفلائی کو تین لباس درست کرنے کے لئے دیئے تھے۔ وہ عام طور سے بغیر زیادہ رقم خرچ کئے ہوئے خوش پوش رہنے میں بڑی مہارت رکھتی تھیں۔ لباسوں میں تبدیلی اس طرح کرتی تھی کہ وہ پرانے نہ جائیں اور انہیں اب سے تین دن پہلے ہی تیار ہو جانا چاہئے تھا۔ پتہ یہ چلا کہ دو لباس تو بالکل تیار ہی تھے اور ایک میں تبدیلی اس طرح نہیں کی گئی تھی جس طرح آنا چاہتی تھیں۔ سفلائی سمجھانے اور یقین دلانے کے لئے آئی کہ اسی طرح بہتر ہو گا اور آنا اتنی خفا ہو گئیں کہ اب انہیں یاد کر کے افسوس ہو رہا تھا۔ سکون کو پوری طرح بحال کرنے کے لئے وہ بچے کے کمرے میں چلی گئیں اور ساری شام بیٹے کے ساتھ رہیں' خوشی اسے سونے کے لئے لٹایا' اس کے اوپر صلیب کا نشان لگایا اور کھیل اور دعا دی۔ وہ خوش تھیں کہ کہیں نہیں گئیں اور اتنی اچھی طرح شام گزاری۔ اب ان کا دل اتنا ہلکا اور پرسکون تھا اور وہ اتنا سب صاف دیکھ رہی تھیں کہ وہ سب کچھ جو انہیں ریل گاڑی کے سفر میں اتنا سنگین خیز لگ رہا تھا' سوسائٹی کی زندگی کا

ایک عام اور غیر اہم واقعہ تھا اور یہ کہ انہیں کسی کے سامنے یا اپنے سامنے شرمندہ ہونے کی کوئی وجہ نہ تھی۔ آنا اگر بڑی نادل لے کر آتش دان کے پاس بیٹھ گئیں اور شوہر کا انتظار کرنے لگیں۔ ٹھیک ساڑھے نو بجے ان کی گھنٹی بجائی دی اور وہ کمرے میں داخل ہوئے۔

"آخر تم آ ہی گئے!" انہوں نے شوہر کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔

الیکسی الکسانڈرووچ نے ان کے ہاتھ کو سر دبایا اور ان کے پاس بیٹھ گئے۔

"ویسے میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہارا سفر کامیاب رہا!" انہوں نے آنا سے کہا۔

"ہاں، بہت!" آنا نے جواب دیا اور ان کو سب شروع سے بتانے لگیں — کہ آتش بردو نکایا کے ساتھ اپنا سفر وہاں پہنچا؟ اسٹیشن پر والا واقعہ۔ پھر انہوں نے بتایا کہ کیسے شروع میں انہیں اپنے حالی پر ترس آیا اور پھر والی پر۔

"میں تو تصور بھی نہیں کر سکتا کہ اپنے شخص کو معاف کرنا ممکن ہے حالانکہ وہ تمہارے حالی ہیں۔" الیکسی الکسانڈرووچ نے تلخی کے ساتھ کہا۔

آنا مسکرائیں۔ وہ سمجھ گئیں کہ انہوں نے یہ بات صرف اس لئے کہی تھی کہ دکھا دیں کہ رشتے کی حساسیتیں انہیں اپنی پکی رائے کا اظہار کرنے سے نہیں روک سکتیں۔ وہ اپنے شوہر کی اس حساسیت کو جانتی تھیں اور اس کو پسند کرتی تھیں۔

الیکسی الکسانڈرووچ نے اپنی بات جاری رکھی۔ میں خوش ہوں کہ سب کچھ ٹھیک ہو گیا اور تم واپس آ گئیں۔ تو وہاں اس نئی تجویز کے بارے میں لوگ کیا کہتے ہیں؟ وہ میں نے کونسل میں پیش کی ہے؟"

آنا نے اس تجویز کے بارے میں کچھ بھی نہیں سنا تھا اور انہیں افسوس ہوا کہ وہ اس چیز کے بارے میں اتنی آسانی سے سوال کر لیں، جو ان کے شوہر کے لئے اتنی اہم تھی۔

"اس کے بارے میں ہاں تو اس پر بڑا شور مچا!" الیکسی الکسانڈرووچ نے اپنے آپ سے خوش اور مطمئن ہو کر مسکراتے ہوئے کہا۔

آنا نے دیکھا کہ الیکسی الکسانڈرووچ چاہتے ہیں کہ وہ اس معاملے کے بارے میں کوئی ایسی بات کہیں جو ان کے لئے طمانیت بخش ہو۔ چنانچہ انہوں نے سوالات کر کے الیکسی الکسانڈرووچ کو اس کے بارے میں بتانے پر آمادہ کیا۔ انہوں نے اسی خوشی اور طمانیت کے ساتھ مسکراتے ہوئے بتایا کہ جب انہوں نے تجویز منظور کرانے کے لئے کتنی تیاریاں بھائی گئیں۔

"میں بہت خوش تھا، بہت زیادہ۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آخر کار ہمارے ہاں اس معاملے میں معقول اور محکم زاویہ نظر رائج ہو گیا ہے۔"

کریم اور دل بدلی کے ساتھ اپنی دوسری پیالی چائے پی چکنے کے بعد الیکسی الکسانڈرووچ اٹھے اور اپنے کمرے کی طرف چلے۔

"اور تم کہیں نہیں گئیں۔ تمہارا تو اب بھی ہو گی؟" انہوں نے کہا۔

"ارے نہیں!" آنا نے جواب دیا۔ وہ بھی انہیں کے ساتھ ہی کھڑی ہو گئیں اور ہال کو پار کر کے شوہر کے کمرے تک ان کے ساتھ گئیں۔ انہوں نے پوچھا "تم آج کل کیا پڑھ رہے ہو؟"

"اب میں پڑھ رہا ہوں دوکسوی لیل کی" اور فرنچ ڈیپارٹمنٹ فرنس "(47) بہت ہی عمدہ کتاب ہے۔"

آنا مسکرائیں جیسے اپنے محبوب لوگوں کی کمزوریوں پر مسکرایا جاتا ہے اور ان کے ہاتھ کے نیچے اپنا ہاتھ رکھ کر انہیں ان کے کمرے کے دروازے تک پہنچانے لگیں۔ وہ ان کی عادت جانتی تھیں کہ شام کو چند منٹ ان کے لئے ایک ضرورت بن گیا ہے۔ وہ جانتی تھیں کہ باوجود اس کے کہ ان کی سرکاری ذمہ داریاں ان کا سارا وقت جذب کر لیتی تھیں، وہ اس بات کو اپنا فرض سمجھتے تھے کہ دانشورانہ حلقے میں نمودار ہونے والی اہم چیزوں سے باخبر رہیں۔ وہ یہ بھی جانتی تھیں کہ درحقیقت انہیں سیاسی، فلسفیانہ اور مذہبی کتابوں سے دلچسپی تھی اور فن سے ان کی طبیعت کو بالکل کوئی تعلق نہ تھا لیکن اس کے باوجود، بلکہ یہ کہنا بہتر ہو گا کہ اس کے نتیجے کے طور پر الیکسی الکسانڈرووچ کسی ایسی چیز کو نظر انداز نہ کرتے تھے جس کے چرچے اس میدان میں ہوتے ہوں اور سب کچھ پڑھنا اپنا فرض سمجھتے تھے۔ وہ جانتی تھیں کہ سیاست، فلسفے اور مذہب کے میدان میں (جو الیکسی الکسانڈرووچ کے نزدیک ایک ہی چیز تھی) وہ شک بھی کرتے تھے اور تلاش بھی کرتے تھے لیکن فن اور شاعری، خاص طور سے موسیقی کے بارے میں، جس کی سمجھ سے وہ بالکل محروم تھے، ان کی رائیں بہت ہی قطعی اور پختہ تھیں۔ انہیں شیکسپیر، رافائیل، بیتھوون کے بارے میں باتیں کرنا بہت پسند تھا اور بہت ہی واضح الفاظ کے ساتھ ان کے ذہن میں درجہ بندی قائم تھی۔

"اچھا تو خدا حافظ!" انہوں نے کمرے کے دروازے پر پہنچ کر کہا جس میں ان کی آرام کرسی کے پاس قالین پر، شمع اور صراحی میں پانی رکھا تھا۔ "اور میں اسکو کے لئے ایک خط لکھوں گی۔"

الیکسی الکسانڈرووچ نے ان کا ہاتھ دبایا اور پھر بوسہ دیا۔

آنا نے اپنے کمرے میں واپس آتے ہوئے دل میں سوچا "بہرحال وہ ایسے انسان ہیں، نیک اور انصاف پسند اور اپنے دائرے میں ممتاز" جیسے کسی کے سامنے ان کی مدافعت کر رہی ہوں جس نے ان پر الزام لگایا ہو اور کہا ہو کہ ان سے محبت ہی نہیں کی جا سکتی۔ "لیکن یہ ان کے کان کیوں اتنے عجیب طریقے سے نکلے ہوئے ہیں! یا شاید انہوں نے بال بہت چھوٹے کٹوا لئے ہیں؟"

ٹھیک بارہ بجے، جب آنا ڈیسک کے پاس بجلی کی روشنی میں کچھ لکھ ہی رہی تھیں کسی سلیپر پہنے قدموں کی چاپ سنائی دی اور الیکسی الکسانڈرووچ ہاتھ منہ دھو کر، بال بنا کر، بغل میں کتاب دبائے ان کے پاس آئے

"سونے کا وقت ہو گیا" انہوں نے ایک خاص مسکراہٹ کے ساتھ کہا اور سونے کے کمرے میں چلے گئے۔

"اور اسے اس طرح ان کی طرف دیکھنے کا کیا حق تھا؟" آنا نے الیکسی الکسانڈرووچ کی طرف سرد مہری کی نظر گھما کر کے سوچا۔

کپڑے بدل کر وہ بھی سونے کے کمرے میں چلی گئیں لیکن ان کے چہرے پر نہ صرف یہ کہ وہ جمالیاتی۔ تھا ہوا سکون جو ان کے قیام کے دوران میں ان کی آنکھوں اور ان کی مسکراہٹ میں اس قدر جھلکتا تھا، بلکہ اس کے برعکس اب لگتا تھا کہ ان کے اندر کی آگ بجھ گئی ہے یا کہیں دور چھپ گئی ہے۔

34

پیٹرس برگ سے جاتے ہوئے ووسکی نے اپنے سوسائٹی والے پہلے سے طے کیا تھا کہ اپنے دوست اور سب سے پسندیدہ ساتھی پیٹر تسکی کے حوالے کر دیا تھا۔

پیٹر تنکی نوجوان لفٹننٹ تھا' کسی خاص مشہور و معروف خاندان کا نہ تھا اور نہ صرف یہ کہ دولت مند تھا بلکہ بڑی طرح منحوس بھی رہتا تھا۔ شام کو وہ ہمیشہ نشے میں دھت ہوتا تھا اور اکثر طرح طرح کے واقعات کے سلسلے میں' جو مضحکہ خیز بھی ہوتے تھے اور کبھی کبھی' وہ فوجی حوالات میں پہنچ جاتا تھا۔ لیکن اپنے ساتھیوں اور افسران کا منظور نظر بھی تھا۔ ورد شکی جب گیارہ بجے کے بعد ریلوے اسٹیشن سے اپنے فلیٹ میں پہنچا تو اس نے صدر دروازے کے پاس ایک جالی بچھائی کرائے کی بگھی دیکھی۔ اپنے فلیٹ کے دروازے پر وہ گھنٹی بجا رہا تھا کبھی اس نے ایک عورت کے قہقہے کی آواز' فراسیسی میں ایک عورت کی بڑبڑاہٹ اور پیٹر تنکی کی چیخ سنی: "اگر تمہاری میں سے کوئی ہو تو مت آنے دینا!" ورد شکی نے خدمتگار سے کہا کہ اس کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے اور خود چپکے سے پہلے کمرے میں چلا گیا۔ پیٹر تنکی کی دوست ویرونس شیلین کاسی اطلس کے لباس اور ہلکے سنہرے بالوں اور گلابی چہرے سے نظروں کو خیرہ کر رہی تھیں۔ وہ ایک گول میز کے سامنے بیٹھی ہوئی کافی تیار کر رہی تھیں اور پورے کمرے میں ان کی پرس کی باتیں عجائی بچھاڑ کی طرح گونج رہی تھیں۔ ان کے ادھر اور ادھر پیٹر تنکی اور کونٹ پہنے ہوئے اور رسالے کا کپتان کامیسو شکی اپنی پوری وردی پہنے بیٹھے تھے۔ وہ دونوں خالباً بیوی سے ابھی ابھی آئے تھے۔

"مرحبا ورد شکی!" پیٹر تنکی چلایا اور کرسی کو لڑکھڑاتے ہوئے اچھل کھڑا ہوا۔ "حضور صاحب خاندا صاحب' آپ نے کافی بات میں سے کافی پیش کیجئے۔ ہمیں تو تمہارے آنے کی خبر تک نہ تھی۔ مجھے امید ہے کہ تم اپنے کمرے کی اس رہنمت سے خوش ہو گے۔" اس نے ویرونس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "آپ لوگ ایک دوسرے سے متعارف تو ہیں نہ؟"

"کیوں نہیں!" ورد شکی نے خوش ہو کر مسکراتے ہوئے اور ویرونس کے چھوٹے سے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے کر ہلاتے ہوئے کہا۔ "آخر ہم پرانے دوست ہیں۔"

"آپ سفر سے سیدھے آ رہے ہیں" ویرونس نے کہا "تو میں چلتی ہوں۔ میں اگر خل ہو رہی ہوں تو ابھی ابھی چلی جاتی ہوں۔"

"ویرونس جہاں بھی آپ ہوں وہ آپ ہی کا گھر ہے" ورد شکی نے کہا۔ "سلام کامیسو شکی" اس نے کامیسو شکی سے سرد مہری سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا

"اب دیکھئے' آپ اتنی اچھی باتیں بھی نہیں کہتے" ویرونس نے پیٹر تنکی سے مخاطب ہو کر کہا۔

"کیوں نہیں؟ کھانے کے بعد میں بھی اتنی ہی اچھی باتیں کہوں گا۔"

"کھانے کے بعد کی بات پھر دیکھا جائے گا۔ تو میں آپ کو کالی دوں گی جب تک آپ ہاتھ منہ دھو کر ٹھیک ٹھاک ہو جائیے" ویرونس نے پر بیٹھتے ہوئے ورد شکی کو کالی بات کا چپکے ہی نظر سندی کے ساتھ سمجھاتے ہوئے کہا "بیرے کالی دے دیجئے" وہ پیٹر تنکی سے مخاطب ہوئی جسے وہ اس کے خاندانی نام پیٹر تنکی کی بجائے "بیرے" کہتی تھیں اور اس سے اپنے تعلق پر چھیڑتی تھیں تھیں۔ "میں تھوڑی اور پی لوں گی۔"

"خراب کر دیجئے گا۔"

"نہیں' خراب نہیں کروں گی! اچھا اور آپ کی بیوی؟" ویرونس نے اچانک ورد شکی اور اس کے ساتھیوں کی بات چیت کو کاٹتے ہوئے کہا۔ "آپ اپنی بیوی کو نہیں لائے؟ یہاں تو ہم نے آپ کو شادی شدہ مان لیا تھا۔"

"نہیں ویرونس میں خاندانی وجوہ سے اکیلا ہوں اور خاندانی وجوہ سے ہی مروں گا۔"

"یہ زیادہ اچھا ہے' اور بھی اچھا ہے۔" لائیے ہاتھ۔"

ویرونس نے ورد شکی کو جانے نہیں دیا اور وہ اسے 'بچ بچ' میں مذاق اور لطیفوں کے ساتھ اپنی زندگی کے تازہ ترین منصوبے بتانے اور اس کی رائے پوچھنے لگیں:

"وہ مجھے پھر بھی طلاق نہیں دینا چاہتے تو پھر اب کیا کروں؟" ("وہ" ان کے شوہر تھے۔) "اب میں عدالتی کارروائی شروع کرنا چاہتی ہوں۔ میرے لئے آپ کا مشورہ کیا ہے؟ کامیسو شکی' ذرا آپ کالی کا خیال رکھئے۔ ابل گئی' آپ دیکھ رہے ہیں کہ میں مصروف ہوں۔ میں عدالتی کارروائی کرنا چاہتی ہوں اس لئے کہ مجھے اپنی جائیداد چاہئے۔ آپ سمجھتے ہیں نہ۔ اس وجہ کو کہ میں نے کرایا ان کے ساتھ بیوفائی کی ہے" انہوں نے حقارت کے ساتھ کہا "اس لئے وہ میری جائیداد سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔"

ورد شکی اس خوبصورت عورت کی پرمسرت باتیں بڑی خوشی سے سنتا رہا' اس کی تائید کرتا رہا' ہم راقیہ سنورے رہتا رہا اور عام طور سے اس نے فوراً ہی وہ لہجہ اپنا لیا جو اس قسم کی عورتوں کے ساتھ وہ عموماً اختیار کرتا تھا۔ اس کی پیدائش برگ کی دنیا میں سارے لوگ وہ بالکل متضاد قسموں میں بٹے ہوئے تھے۔ ایک تو پہلی قسم کے لوگ تھے۔ عام' بیوقوف اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مضحکہ خیز' جو اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ ایک شوہر کو ایک ہی بیوی کے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہئے' بس کے ساتھ اس کی شادی ہوئی ہو' کہ ہر بیوی کو ہر صورت عورت کو وفادار' صوبہ دار' صاحب خیط اور محکم ہونا چاہئے' کہ ہر بچوں ہونا چاہئے' اپنی روزی خود کمانی چاہئیں اور اسی طرح کی دوسری حماقتیں۔ دوسری وسیع لوگ تھے جن پر ابھی آئی تھی۔ تیسری دوسری قسم کے لوگ تھے' اصلی لوگ' جن سے ان سب کا تعلق تھا' اس میں سب سے اہم چیز یہ تھی کہ کامی خوش وضع' خوبصورت' کشادہ دل' بامروت' خوش مزاج ہو' بغیر ترسمار ہوئے بڑھ سب کا نباہ ہو جاتا ہو اور باقی ساری چیزوں پر ہستا ہو۔

بس شروع کے چند لمحوں میں تو ورد شکی بالکل دوسری دنیا کے باشندوں کی طرح' جو دوسرے سیارے سے آیا تھا حیرت زدہ سا رہا لیکن جلد ہی اس نے تجربے پر اپنے ہوشوں کو اس میں پاؤں ڈال لئے اور وہ بھی پہلے دن سے ہی طرفدار دنیا میں داخل ہو گیا۔

کالی سرد سے تیار ہی نہیں ہوئی۔ اس نے ہر شخص پر چھینٹے ڈالے اور خود بھی اور دوسروں کی اس سے توقع کی جاتی تھی بھی شور اور قہقہوں کے لئے ایک سماں قائم کر دیا اور ویرونس نے اس کی تائید کی اور پھر کالین پر لوٹ پوٹ ہو گئی۔

"اچھا تو اب الوداع' نہیں تو آپ کبھی ہاتھ منہ نہ دھو سکیں گے اور ایک بات اور سن لیجئے۔ یہ سب سے بڑے جرم میں صاف مکرنے سے رہنے کی ذمہ دار میں قرار دی جاؤں گی۔ آپ کا مشورہ سے دیں گے پھر ہی رکھ دوں؟"

"ضرور بالضرور لیکن ایسے کہ آپ کا نخا سا ہاتھ ان کے ہونٹوں سے قریب رہے۔ وہ آپ کے ہاتھ کو بوسہ دے لیں تو ہمیں سب ٹھیک ہو جائے گا" ورد شکی نے جواب دیا۔

"اچھا تو آج فراسیسی تھیٹر (48) میں" ورد نے اپنے لباس کو سرسراتی ہوئی تاب دے کر کہا

کامیسو شکی بھی اٹھا اور ورد شکی نے اس کے رخصت ہونے کا انتظار کئے بغیر ہی اس سے ہاتھ ملایا اور

ڈریسنگ روم میں چلا گیا۔ تھوڑی دیر میں اس نے ہاتھ منہ دھویا، تازہ دم ہو کر پیٹر تھکی نے شہزادی عظمیٰ کا حال چال پوچھا۔ اس میں وردشکی کے جانے کے بعد کیا تبدیلی ہوئی تھی۔ رقم اس کے پاس کچھ بھی نہ تھی۔ باپ نے کہا کہ وہ کچھ نہیں دیں گے اور قرض بھی ادا نہیں کریں گے۔ وردشکی اس کو قید خانے بھجوانا چاہتا ہے اور ایک اور شخص بھی اسے قید خانے بھجوانے کی دھمکیاں برابر دیتا رہتا ہے۔ رجسٹ کے کمانڈر نے آگاہ کر دیا ہے کہ اگر یہ رسوائیاں بند نہ ہوئیں تو اس کو رجسٹ سے نکلنا پڑے گا۔ وہ تنگ دستی کے خاتمے میں دم آگیا ہے جیسے عہدار سول سے ہو جاتا ہے خاص طور سے اس لئے کہ وہ نبھانا چاہتی ہیں اور ایک لڑکی ہے۔ "غصہ وردشکی کو دکھائے گا" بالکل بچہ، غضب کی خوبصورت، بالکل مشرقی ادا کی "تیز دیکا کی ڈارلنگ (ڈارلنگ) کی" کچھ؟ "کل پیر کو فیصلہ سے بھی جھگڑا ہو گیا اور وہ وکیل کے لئے انکار نے کو اس کے پاس اپنی تائید کرنے والے کو بھیجنے والا تھا لیکن ظاہر ہے کہ اس سے نتیجہ کچھ نہ نکلے گا۔ ویسے سب کچھ بہت ہی شاندار اور غیر معمولی طور پر پر مسرت تھا۔ اور اپنے ساتھی کو اپنے حالات کی تفصیلات میں جانے کا موقع دینے کیلئے پیٹر تھکی نے ساری دلچسپ خبریں سنانی شروع کر دیں۔ پیٹر تھکی کی اچھی طرح جانی پہچانی کمپنیوں کو اپنے اس غلیظ کے اڈے جانے پہچانے ماحول میں سنتے ہوئے جس میں وہ تین سال سے رہ رہا تھا، وردشکی کو بیڑس برگ کی مانوس اور بے فکری کی زندگی میں واپس آجانے کا خوشگوار احساس ہوا۔

"تاحال" وہ سیلی کے اوپر لگے ہوئے ہاں کے برتن کے پیندے کو چھوڑتے ہوئے چلایا۔ اس کے پیچھے وہ اپنی سرخ صحت مند گردن کو نہ جھکا سکتا تھا۔ "یہ نہیں ہو سکتا" وہ چیخ کر چلایا تھا کہ اور اسے غیر جینگ کو چھوڑ دیا ہے اور سیلی کے ساتھ چل گئی ہے۔" اور وہ اب بھی ویسا ہی بیوقوف اور مطمئن ہے؟ اچھا، اور بزدلوکوف کے کیا حال چال ہیں؟"

"اسے بزدلوکوف کے ساتھ بڑا شاندار واقعہ ہوا۔ بہت ہی دلچسپ" پیٹر تھکی نے چیخ کر کہا۔ "آخر ہال روم ڈانس کی تو اسے ست ہے اور وہ ایک بھی درباری بال کو نہیں چھوڑتا۔ تو وہ پاخلو ویسن کرنے بال میں گیا۔ ہم نے خود دیکھے ہیں، بہت اچھے اور ہلکے ہیں۔ تو اس وہ کھڑا ہوا تھا۔ ارے تمہیں ہم سنو تو۔"

"ہاں ہاں، میں سن رہا ہوں" وردشکی نے روئیں دار خوبصورت سے گردن پونچھتے ہوئے جواب دیا۔

"اتنے میں شہزادی عظمیٰ آگئیں کسی سفیر کے ساتھ اور بزدلوکوف کی بدقسمتی سے بات چھڑ گئی ہے خود ان کی۔ شہزادی عظمیٰ یا خود دکھانا چاہتی تھیں۔ انہوں نے دیکھا کہ یہ ہمارے پاس کھڑے ہوئے ہیں" (پیٹر تھکی نے نقل کر کے دکھایا کہ بزدلوکوف خود اپنے کس طرح کھڑا تھا) "شہزادی عظمیٰ نے کہا کہ وہ خود انہیں دے دے۔ اس نے نہیں دیا۔ یہ کیا؟ لوگوں نے اسے آنکھیں ماریں، اشارے کئے، تیوری چڑھائی، دے دے۔ نہیں یاد بات ہی گیا۔ اب تم خود تصور کر سکتے ہو اب اس نے۔ ارے اسی سفیر نے اس سے خود لینے کی کوشش کی۔ پھر بھی اس نے نہیں دیا۔ سفیر نے جھینپ کے خود اتار لیا اور شہزادی عظمیٰ کو دے دیا۔ وہ بولیں "یہ ہے یا خود، اور خود کو دکھانے کے لئے اتنا پاپڑ تو را سوچو تم کہ وہاں سے وہ ہزار مزاحمت کرنے لگیں۔ ناشپاتی مطمئنیاں، ڈیوٹی مطمئنیاں ہے۔ اس میرے یار نے یہ اڑا لی تھیں؟"

وردشکی ہنستے ہنستے دوہرا ہو گیا اور بہت کو دیر تک وہ سری چیزوں کی بات کرتے کرتے اسے جب خود کا خیال آجاتا تو اس نے صحت مند قہقہے سے سارا بدن ہل جاتا اور اس کے مضبوط اور ہموار دانت نظر آنے لگتے۔

ساری جیرس سن کر وردشکی نے اپنے حد سنگار کی مدد سے وردی پہنی اور اپنی آمد کی رپورٹ دینے چلا گیا

اس کا ارادہ تھا کہ رپورٹ کے بعد وہ اپنے بھائی کے پاس "سیلی" کے پاس جائے گا اور چند اور لوگوں سے ملتے جائے گا تاکہ اس معاشرے میں اس کا آنا جانا شروع ہو جائے جہاں وہ کار سنجنا سے مل سکے۔ جیسا کہ بیڑس برگ میں بیٹھ ہوا تھا وہ گھر سے اس ارادے سے نکلا تھا کہ اب بڑی رات گئے تک واپس نہ آئے گا

صاف ظاہر ہے کہ 'مقصد یہ تھا کہ اس سے کوئی نقصان تو ہو نہیں سکتا۔'

خاندانی ڈاکٹر نے احترام اور توجہ کے ساتھ اس کی بات سنی۔

"لیکن پرنس کے سفر میں اس لئے رکاوٹ ہوں گی کہ اس سے معمولات بدل جائیں گے اور مریضہ اس حالات سے دور ہو جائے گی جو بار بار ناپسندیدہ باتوں کو یاد دلاتے ہوں گے۔ اور پھر ماں بھی بننا چاہتی ہیں۔" اس نے کہا۔

"اچھا' اس صورت میں کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ جائے دیجئے' اس پر کہ جو سن سفائی نقصان پہنچائیں گے۔ انہیں تو میری بات سننی چاہئے۔ ٹھیک ہے' جائیں۔"

اس نے پھر گھڑی دیکھی۔

"اوقت ہو گیا" اور وہ دروازے کے پاس تک گیا۔

مشہور ڈاکٹر نے پرنس کو اطلاع دی (یہ سیٹنے اور شائستگی کا تقاضہ تھا) کہ مریضہ کو ایک بار اور دیکھنا ضروری ہے۔

"کیا مطلب' ایک بار اور معائنہ کیجئے گا؟"

"نہیں نہیں' پرنس مجھے کچھ تکلیفات جاننی ہیں۔"

"تشریف لائیے"

اور ہاں، ڈاکٹر پھر ہال اور ڈرائنگ روم میں سے کیٹی کے پاس گئے۔ کیٹی بیچ کمرے میں کھڑی تھی۔ وہ بہت بدل گئی تھی اور اس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا اور اسے جو شرم برداشت کرنی پڑی تھی اس کی وجہ سے اس کی آنکھوں میں ایک خاص چمک تھی۔ ڈاکٹر نے اس کا چہرہ سرخ ہو گیا اور آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اسے پتی ساری باتوں اور علاج کی تو قائل بلکہ مضحکہ خیز لگتی تھی۔ اسے یہ علاج اتنا ہی مضحکہ خیز لگتا تھا جیسے توتے ہوئے گھاس کے تنکوں کو توڑنے کی کوشش کی جائے۔ اس کا دل ٹوٹ چکا تھا۔ اور اب یہ لوگ اس کا علاج کرنا چاہتے تھے تاکہ وہ ان سے ناطہ توڑ لے۔ انہیں ماں کے روپ میں کبھی کبھار تو اس لئے اور بھی کہ خود کو قصوروار سمجھتی تھیں۔

مشہور ڈاکٹر نے کہا "پرنس" آپ زحمت کر کے بیٹھ جائیے۔"

وہ خود مسکراتا ہوا کیٹی کے سامنے بیٹھ گیا اور بیٹھ پر ہاتھ رکھ کر اس نے پھر اکتا دینے والے سوالات کرنے شروع کر دیئے۔ کیٹی نے پہلے تو اب جیسے لیکن پھر اسے غصہ آ گیا اور وہ کھڑی ہو گئی۔

"مجھے معاف کیجئے گا ڈاکٹر' لیکن میں سچ کہتی ہوں کہ اس سے کوئی حاصل نہ ہو گا۔ اور آپ مجھ سے تیسری بار وہی سوال کر رہے ہیں۔"

مشہور ڈاکٹر نے برا نہیں مانا۔

"مریضہ جھنجلاہٹ ہے" اس نے بوڑھی پرنس سے کیٹی کے جانے کے بعد کہا۔ "ویسے بھی میں ختم کر چکا تھا۔"

اور ڈاکٹر نے بوڑھی پرنس کے سامنے اس طرح جیسے وہ غیر معمولی طور پر ذہین عورت ہوں' کیٹی کی حالت یا سمجھ معاملوں میں یوں کی اور اپنی بات اس اصرار پر ختم کی کہ وہاں کس طرح پہنچا جائے جس کی کوآ ضرورت تھی۔ اس سوال پر کہ پردیس جانا ہے یا نہیں' ڈاکٹر بڑی گہری سوچ میں ڈوب گیا جیسے بڑے مشکل

سوال کا فیصلہ کر رہا ہو۔ فیصلہ آخر کو پیش کیا گیا جائیں لیکن طبیعتوں پر جبر نہ کریں اور ہر معاملے میں اسی سے مشورہ کریں۔

ڈاکٹر کے جانے کے بعد ایسا لگا جیسے کوئی خوشی کی بات ہو گئی ہو۔ ماں جب کیٹی کے پاس واپس آئیں تو بہت خوش تھیں اور کیٹی بھی ایسی بن گئی جیسے وہ خوش ہے۔ اب ڈاکٹر تقریباً ہیشہ ہی اسے بلاتا رہتا تھا۔

"میں سچ کہتی ہوں ماں میں بالکل تندرست ہوں۔ لیکن اگر آپ چاہتی ہیں تو چلئے" اس نے کہا اور یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی جیسے آئندہ سفر سے اسے دلچسپی ہو۔ وہ سفر کی باتیں اور تیاریاں کرنے لگی۔

۷

ڈاکٹر کیا ہی تھا کہ ڈالی آ گئیں۔ انہیں معلوم تھا کہ آج ڈاکٹری مشورہ ہونے والا ہے اور باوجود اس کے کہ ابھی تھوڑے ہی دنوں پہلے وہ بیماری سے فارغ ہوئی تھیں (جانوں کے ۲ بچے ان کے ہاں بچی پیدا ہوئی تھی) باوجود اس کے کہ ان کے اپنے دکھ اور فکریں بہت تھیں' گھر کی بڑی اور ایک نابالغ بچی کو چھوڑ کر کیٹی کی قسمت کے بارے میں جاننے کے لئے اداس ہو آ گئیں جس کا آج فیصلہ ہونے والا تھا۔

"تو پھر؟" انہوں نے ڈرائنگ روم میں آتے ہی بیٹ اتارے بغیر کہا۔ "آپ لوگ سب خوش ہیں فیصلہ سب ٹھیک ہی ہو گا؟"

جو کچھ ڈاکٹر نے کہا تھا وہ ان سے بیان کرنے کی کوشش کی گئی لیکن پتہ یہ چلا کہ اگرچہ ڈاکٹر نے سب کچھ بڑے گاڑھے سے اور دیر تک بتایا تھا لیکن کسی طرح یہ بیان کرنا ممکن ہی نہ تھا کہ اس نے کیا کہا تھا۔ دلچسپی کی بات صرف یہ تھی کہ پردیس جانے کا فیصلہ ہو چکا ہے۔

ڈالی نے غیر ارادی طور پر ٹھنڈی سانس بھری۔ ان کی بہترین دوست' ان کی بہن' چلی جا رہی تھی اور ان کی زندگی کوئی ایسی مسرت بھری نہ تھی۔ ملاپ کے بعد اتنی پان اور کارنامے کے ساتھ تعلقات تو ہیں آسودہ ہو گئے تھے۔ آنا نے جو جزائی کی تھی وہ ثابت نہیں ثابت ہوئی اور خانگی ہم آہنگی پھر اسی تک سے ٹوٹ گئی۔ کوئی تلخی اور سنگین چیز تو نہ تھی لیکن اسی پان اور کارنامے تقریباً ہر وقت گھر سے باہر رہتے تھے گھر میں رقم بھی تقریباً کبھی۔ ہوتی تھی اور ڈالی کو بڑی خالی کا شک مسلسل اذیت دیتا رہتا تھا اور وہ اسے اپنے دل سے دور بھگانے لگی تھیں۔ دوسری تھیں کہ پھر جلن کی تکلیف بھگتنی پڑے گی۔ جلن کی پہلی یورش جو ایک بار بھگتی جا چکی تھی' اب پھر سے تو برداشت نہیں آسانی تھی' بلکہ اب ملاپ ہو جانے کی بھی اس کا اتنا اثر کر سکتی تھی جتنا وہ پہلی بار ہوئی تھیں۔ اب اس طرح کی رقابت صرف انہیں خانگی زندگی کے معمولات سے محروم رکھتی تھی لیکن اسے تو حارت کی نظر سے دیکھتے رہنا گوارا کر لیا تھا۔ مزید برآں ایک بڑے حادثہ کی نظریں ان کے لئے مسلسل اذیت کی وجہ تھیں۔ کبھی کوئی بچی کو دودھ پلانے میں کمزوری ہو جاتی' کبھی ذرا پیلی سی' تو کبھی جیسے اب تھوڑی پتہ بار بار جاتا۔

"مشورہ تو ہم لوگوں کا کیا حال ہے؟"

"اوہ ماں آپ کے پاس تو بہت سی [illegible] تو مجھے [illegible] میں معلوم کرنے کے لئے نکل تو [illegible] سے [illegible] کو معلوم کر لیں۔"

ڈاکٹر کے جانے کے بعد وہ [illegible] پرنس بھی [illegible] سے [illegible] نکال ڈالی کی

طرف بڑھاتے ہوئے انہوں نے ان سے کچھ باتیں کیں اور پھر وہ بے تکلف ہو گئے

"تو پھر کیا فیصلہ کیا" جارج ہیں؟ اور میرے ساتھ کیا کرنا چاہتی ہیں؟"

"میں سوچتی ہوں الگزینڈر آخر بہتر یہ گا کہ تم کو یہیں رہنا ہوگا۔"

"[illegible]

"[illegible] ہم لوگوں کے ساتھ چلیں؟" کیٹی نے کہا۔ "انہیں بھی خوشی ہوگی اور ہمیں بھی۔"

[illegible] ہو گئے [illegible] سے باتوں [illegible] سے الجھا اور امیر [illegible] ہوئے [illegible] کی [illegible] اور [illegible] سے [illegible] کی [illegible] ہوئے [illegible] میں [illegible] سے [illegible] بھی [illegible] رکھتے ہیں [illegible] [illegible] [illegible]

"ہاں میں اس کے پاس جا رہی ہوں۔"
"تو جاؤ میں کیا تمہیں روک رہی ہوں؟" ماں نے کہا۔

3

بیٹی نے بچھونے سے کہا ہے کہ وہ حسب ہی خوبصورت نگاہی اور دیئے ساکس (1) کی گود سے
بھرا ہوا [illegible] اور دیباچی کی سال نگاہی اور خوش [illegible] رہا تھا جیسی کہ کیٹی دیئے پہلے تھی لوٹی کو یاد آیا کہ
"آنا مجھے اے لئے اس طرح مت بات کرو!" الیکسی الکساندرووچ نے نرمی سے کہا۔ "ہو سکتا ہے میں غلطی کر رہا ہوں لیکن یقین جانو کہ جو کچھ میں کہہ رہا ہوں وہ اسی قدر اپنے لئے کہہ رہا ہوں جس قدر تمہارے لئے۔ میں تمہارا شوہر ہوں اور تم سے محبت کرتا ہوں۔"

ایک لمحے کے لئے ان کا سر جھک گیا اور آنکھوں میں مذاق اڑانے والی چنگاری بجھ سی گئی لیکن لفظ "محبت" نے انہیں پھر سے چونکا دیا۔ وہ سوچنے لگیں "محبت کرنا؟ کیا سچ مچ وہ محبت کر سکتے ہیں؟ اگر انہوں نے یہ نہ سن رکھا ہوتا کہ محبت بھی ایک چیز ہوتی ہے تو کبھی یہ لفظ استعمال نہ کیا ہوتا۔ وہ تو جانتے بھی نہیں کہ محبت ہوتی کیا ہے۔"

"الیکسی الکساندرووچ" وہ کہنے لگیں "میں بڑی ہوں میں کچھ نہیں سمجھ پا رہی ہوں" انہوں نے کہا۔ "کچھ قطعی طور پر کہو کہ تم کو کیا چاہئے۔"

"مجھے اپنی بات ختم کر لینے دو۔ میں تم سے محبت کرتا ہوں۔ لیکن میں اپنے بارے میں بات نہیں کر رہا ہوں۔ اس میں خاص اہمیتیاں ہیں — ہمارا بیٹا اور تم خود۔ میں پھر کہتا ہوں کہ عین ممکن ہے کہ تم کو میری باتیں بالکل بیکار اور بے محل لگ رہی ہوں۔ ہو سکتا ہے وہ میری غلط فہمی کا نتیجہ ہوں۔ ایسی صورت میں میں تم سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے صاف کر دینا۔ لیکن اگر تم خود محسوس کرتی ہو کہ ذرا سی بھی بنیاد ہے تو میں تم سے درخواست کرتا ہوں کہ اچھی طرح سوچ سمجھ لو اور اگر تمہارا دل کہے تو مجھے بتا دو۔"

الیکسی الکساندرووچ نے خود اس طرف دھیان نہیں دیا کہ انہوں نے وہ تو بالکل ہی نہیں کہنا ہو تیار کیا تھا۔

"مجھے کچھ نہیں کہنا۔ ہاں اور —" اچانک انہوں نے مسکراہٹ کو مشکل سے ضبط کرتے ہوئے کہا "واقعی سونے کا وقت ہو گیا۔"

الیکسی الکساندرووچ نے ٹھنڈی سانس بھری اور کچھ اور کہے بغیر سونے کے کمرے میں چلے گئے۔

آنا جب سونے کے کمرے میں آئیں تو وہ لیٹ چکے تھے۔ ان کے ہونٹ سختی سے بھینچے ہوئے تھے اور آنکھیں آنا کو نہیں دیکھ رہی تھیں۔ آنا اپنے بستر پر لیٹ گئیں اور ہر منٹ انتظار کرتی رہیں کہ وہ ایک بار اور ان سے بات کریں گے۔ وہ اس بات سے ڈر رہی تھیں کہ الیکسی الکساندرووچ پھر بات کریں گے اور چاہتی بھی تھیں۔ لیکن وہ چپ رہے۔ آنا وہ بہت بے حس و حرکت لیٹی انتظار کرتی رہیں اور پھر ان کے بارے میں بھول بھی گئیں۔ وہ دوسرے کے بارے میں سوچ رہی تھیں، وہاں کی نگاہوں میں پھر رہا تھا اور وہ محسوس کر رہی تھیں کہ اس خیال سے ان کا دل کیسے ہیجان اور تصور وار خوشی سے بھر گیا۔ اچانک انہیں ہموار اور پر سکون خراٹے سنائی دیئے۔ شروع شروع میں تو الیکسی الکساندرووچ جیسے اپنے خراٹوں سے خود ہی ڈر گئے اور انہوں نے خراٹے لینے بند کر دیئے۔ لیکن دو بار سانسیں لینے کے بعد خراٹے پھر سے شروع ہو گئے، پر سکون اور ہموار انداز میں۔

"دیر ہو گئی، دیر ہو گئی، بہت دیر ہو چکی" آنا نے مسکراتے ہوئے سرگوشی میں کہا۔ وہ دیر تک بے حس و حرکت آنکھیں کھولے لیٹی رہیں جن کی چمک انہیں لگتا تھا کہ اندھیرے میں وہ خود دیکھ رہی تھیں۔

10

اس شام سے الیکسی الکساندرووچ کے لئے اور ان کی بیوی کے لئے نئی زندگی شروع ہوئی۔ کوئی خاص بات نہیں ہوئی۔ آنا بیشتر کی طرح معاشرے میں جاتی آتی رہیں، خاص طور سے پرنس سیبی کے پاس وہ اکثر جاتی تھیں اور جہاں بھی وہ جاتیں وہاں ورونسکی سے ان کی ملاقات ہوتی۔ الیکسی الکساندرووچ انہیں دیکھتے تھے لیکن کچھ کر نہیں سکتے تھے۔ انہوں نے آنا سے وضاحت طلب کرنے کی جتنی بھی کوششیں کیں اس کی مخالفت میں آنا نے شروع ہی سے کچھ نا کچھ کی ایک ایسی دیوار ان کے سامنے کھڑی کر دی جس کو وہ چھید نہ سکتے تھے۔ ظاہری طور پر تو سب کچھ ویسے ہی تھا لیکن اندرونی طور پر ان کے تعلقات بالکل بدل گئے۔ الیکسی الکساندرووچ، جو روسی سرگرمیوں میں اتنے پر قوت انسان تھے، اس معاملے میں خود کو بالکل بے بس محسوس کرتے تھے۔ بیل کی طرح

تابعداری سے گردن جھکائے ہوئے وہ تجزیہ کا انتظار کر رہے تھے جسے وہ اپنے اوپر تنا ہوا محسوس کرتے تھے۔ ہربار جب وہ اس کے بارے میں سوچنا شروع کرتے تو محسوس کرتے کہ ایک بار اور کوشش کرنی ضروری ہے کہ شاید ان شفقت و محبت اور سمجھانے بجھانے سے انھیں بچا لیے کی اور ہوش میں لانے کی امید اب بھی ہے اور ہربار وہ دعا کرتے کہ اس سے بات کریں لیکن ہربار جیسے ہی وہ آنا سے بات شروع کرتے جیسے ہی وہ محسوس کرتے کہ بدی اور فریب کی جو روح آنا پر حاوی ہو گئی تھی وہی اس پر چھائی جاری ہے اور وہ آنا سے وہ بات نہ کہہ پاتے جو وہ کہنا چاہتے تھے۔ اس لہجے میں کہہ پاتے وہ آنا سے بیزاری کی طور پر ان لوگوں کا جو اس طرح کی باتیں کرتے ہیں اتنا زیادہ مذاق اڑانے والے اپنے مادی لہجے میں بات کرتے۔ اور اس لہجے میں ان سے وہ کہنا ناممکن تھا جو کہنے کی ضرورت تھی۔

11

وہ جو تقریباً پورے سال دوشیزگی کے لئے اس کی زندگی کی واحد آرزو رہی تھی اور اس کے لئے اس کی ساری سابق آرزوؤں کا بدل بن گئی تھی' وہ جو آنا کے لئے خوشی کا ملکن اور خوفناک اور اسی وجہ سے اور زیادہ مسحور کن خواب تھا وہ آرزو پوری ہو گئی وہ آنا کے سامنے کھڑا تھا' بالکل ننگا ہوا اور اس کا بھیجا جزا کپکپا رہا تھا' وہ مست کر کے انھیں تسلیاں دے رہا تھا' حالانکہ اسے خود نہیں معلوم تھا کہ کس چیز کے بارے میں اور کیسے

"آنا آنا" وہ کانپتی ہوئی آواز میں کہہ رہا تھا "آنا خدا کے لئے۔"

لیکن وہ جتنا دور سے ہوس رہا تھا اتنا ہی آنا کا سر جو کبھی نازاں اور خوش و خرم تھا اب شرم سے جھکتا ہی چلا جا رہا تھا۔ وہ بالکل بے شکستہ ہو کر صوفے پر سے فرش پر اس کے قدموں کے پاس ڈھک آئیں۔ اگر اس نے سہارا نہ لیا ہوتا تو وہ قالین پر گر پڑتیں۔

"اے میرے خدا! مجھے معاف کر دے" انہوں نے سسکیاں لیتے ہوئے اور اس کے ہاتھوں کو اپنے ہیجے پر رکھ کر دباتے ہوئے کہا۔

وہ صرف کو اس قدر محترم اور قصوروار سمجھ رہی تھیں کہ وہ بس خاکسار بن کر معافی کی خواستگار ہو سکتی تھیں اور زندگی میں اب اس کے سوا ان کا کوئی بھی مقصد نہ تھا چنانچہ اب وہ معاف کئے جانے کے لئے دعا بھی اسی سے مانگ رہی تھیں۔ انہوں نے اس کو دیکھ کر اپنے بے عزت ہو جانے کو جسمانی طور پر محسوس کیا اور ان سے کچھ اور نہیں کہا گیا اور وہ وہی محسوس کر رہا تھا جو قاتل اس وقت محسوس کرتا ہے جب بے جان جسم کو دیکھتا ہے' یہ جسم' جسے اس نے جاں سے محروم کر دیا تھا' اس کی محبت تھی' ان کی محبت کا پہلا اور واحد بار جس بات کو یاد کرنے میں اس طرح کا خوف اور تاثر تھا کہ شرم کی یہ بھیانک قیمت کس چیز کے لئے ادا کی گئی تھی۔ اپنے وحشیانہ پن کے سامنے شرم نے انھیں کچل کر رکھ دیا اور اس پر بھی اثر ڈالا لیکن اس سارے بھیانک پن کے باوجود قاتل اپنے مقتول کی لاش کے سامنے محسوس کرتا ہے' ضروری ہوتا ہے کہ اس لاش کے ٹکڑے کر کے اسے چھپا دیا جائے اور جو کچھ قاتل نے مقتول سے چھین لیا ہے اسے استعمال کیا جائے۔

اور جیسے جنونی غصے سے گویا ہوش کے ساتھ قاتل اس لاش پر ٹوٹ پڑتا ہے اور اسے گھسیٹ لے جاتا ہے اور کاٹ کر رکھ دیتا ہے ویسے ہی اس نے ان کے چہرے اور کندھوں پر بوسوں کی بوچھاڑ کر دی۔ وہ اس کا ہاتھ پکڑے ہوئے بالکل ساکت رہیں۔ یہاں یہ بوسے یہی ہیں جو اس شرم کی قیمت دے کر خریدے گئے ہیں۔ یہاں اور یہی ایک ہاتھ ہے جو ہمیشہ میرا رہے گا' جو میرے شریک جرم کا ہے۔ انہوں نے اس ہاتھ کو اٹھایا اور چوم لیا۔ وہ گھٹنوں کے بل ہو گیا اور چاہتا تھا کہ ان کا چہرہ دیکھے لیکن انہوں نے منہ دوسری طرف کر لیا اور کچھ نہیں بولیں۔ آخر کار جیسے اپنے اوپر زبردست جبر کر کے وہ انھیں اور انہوں نے اسے پرے ہٹا دیا۔ ان کا چہرہ اب بھی دیوانی خوبصورت تھا لیکن اسی لئے اور بھی زیادہ قابل رحم تھا۔

"سب کچھ ختم ہو گیا" انہوں نے کہا "اب میرے پاس کچھ نہیں سوائے تمہارے۔ اس بات کو یاد رکھنا۔"

"میں کیسے اس بات کو بھلا سکتا ہوں جو میری زندگی ہے خوشی کے ان لمحوں کے لئے۔"

"کیسی خوشی!" انہوں نے کراہت' خوف کے ساتھ کہا اور ان کے خوف سے بیزاری کی طور پر وہ بھی متنفر ہو گیا۔ "خدا کے لئے کچھ مت کہو اب اور کچھ مت کہو۔"

وہ جلدی سے کھڑی ہو گئیں اور اس سے دور ہٹ گئیں۔

"اب اور کچھ مت کہو" انہوں نے کہا اور چہرے پر سرد نامہری کے تاثر کے ساتھ' جیسا اس نے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا' وہ اس کے پاس سے چلی گئیں۔ وہ محسوس کر رہی تھیں کہ اس وقت وہ اپنی زندگی میں اپنے اس دور پر شرم' خوفی اور خوف کے احساس کا اظہار لفظوں میں نہیں کر سکتیں اور اس کے بارے میں وہ بات کرنا اور نامناسب الفاظ سے ان جذبات کی ہتک کرنا نہیں چاہتی تھیں۔ لیکن بعد کو بھی' دوسرے دن نہ تیسرے دن انھیں نہ صرف یہ کہ وہ الفاظ نہ ملے جو ان احساسات کی ساری پیچیدگی کا اظہار کر سکیں بلکہ وہ خیالات بھی نہ ملے جن سے وہ اس سب پر غور و فکر کر سکیں جو ان کے دل میں تھا۔

وہ اپنے آپ سے کہتیں "نہیں' ابھی نہیں' اس کے بارے میں نہیں سوچ سکتی بعد کو' جب مجھے ذرا سکون ہو جائے گا۔" لیکن خیالات کے لئے یہ سکون کبھی پیدا ہی نہ ہوتا۔ ہر بار جب انھیں اس کا خیال آتا کہ انہوں نے کیا کیا' اور ان کا کیا انجام ہو گا اور انھیں کیا کرنا چاہئے تو ان پر خوف طاری ہو جاتا اور وہ ان خیالات کو اپنے دل سے نکال دیتیں۔

"بعد کو' بعد کو" وہ کہتیں "جب مجھے ذرا سکون ہو جائے گا۔"

البتہ خواب میں' جب انھیں اپنے خیالات پر قابو نہ رہ جاتا تب' ان کی حالت اپنی ساری بدکردار عریانی میں ان کے سامنے آ جاتی۔ ایک خواب میں وہ تقریباً ہر رات کو دیکھتیں تو وہ خواب میں دیکھتیں کہ دونوں بیک وقت ان کے شوہر تھے' کہ دونوں ان پر اپنے پیار کی بوچھاڑ کرتے تھے۔ ایک کیسی الگ اندر روح رہتے تھے اور ان کے ہاتھ کو بوسے دے کر کہتے تھے "اب کتنا اچھا لگتا ہے!" اور دوسرا کیسی ورد شکی بھی وہیں موجود ہوتا تھا اور اسی طرح ہنستا بھی ان کا شوہر تھا۔ اور وہ تعجب کرتیں کہ پہلے یہ انھیں ہاسکن لگتا تھا اور وہ ان دونوں کو مسکراتے ہوئے سمجھاتی تھیں کہ یہ کیسی بیوقوفانہ اور سادہ تھا اور یہ کہ اب وہ دونوں مطمئن اور خوش ہیں لیکن یہ خواب انھیں کسی بھیانک بات سے ڈراؤنے پن کی طرح ڈبو دیتا تھا اور وہ ڈر کر جاگ پڑتی تھیں۔

12

ماسکو سے واپسی پر شروع کے دنوں میں لیوین جب بھی اسے جانے کی شرمندگی کو یاد کرتا تھا تو چونک پڑتا تھا

اور اس کا چہرہ سرخ ہو جاتا تھا۔ تب وہ خود سے کہا کرتا تھا کہ "جب میں طبیعیات کے امتحان میں ناکام ہو گیا تھا اور مجھے یونیورسٹی کے دوسرے ہی سال میں رہنا پڑا تھا تب بھی میں ایسے ہی سرخ ہو جاتا تھا اور چونک پڑتا تھا اور سمجھتا تھا کہ سب کچھ برباد ہو گیا۔ اسی طرح میں تب بھی سمجھتا تھا کہ سب کچھ برباد ہو گیا جب میں نے اس عقدے کو چوپٹ کر دیا تھا جو بہن نے میری نگرانی میں دیا تھا۔ لیکن کیا ہوا؟ اب جب اتنے برس گزر چکے ہیں تب میں یاد کرتا ہوں اور تعجب کرتا ہوں کہ کیسے میں ان باتوں سے اتنا رنجیدہ ہوا تھا۔ ایسا ہی اس قسم کے ساتھ ہو گا۔ وقت گزرے گا اور میں اس سے بھی بے نیاز ہو جاؤں گا۔"

لیکن تین مہینے گزر گئے اور وہ اس سمانے کی طرف سے بے نیاز نہ ہو سکا اور اسے یاد کر کے اس کے دل میں اب بھی ویسا ہی درد ہوتا جیسا اولیں دنوں میں ہوتا تھا۔ اسے سکون نہ حاصل ہو سکا اس لئے کہ اس نے اتنے دنوں تک اردواجی زندگی کے خواب دیکھے تھے اور خود کو اس کے لئے اس قدر تیار کر چکا تھا پھر بھی وہ غیر شادی شدہ تھا اور شادی سے اتنا دور تھا جتنا پہلے کبھی نہ تھا۔ وہ خود ایک درد کے ساتھ محسوس کرتا تھا جیسا کہ اس کے اردگرد کے لوگ محسوس کرتے تھے کہ اس کی عمر میں انسان کے لئے تن تنہا رہنا اچھا نہیں ہے۔ اسے یاد تھا کہ کیسے اس نے، سکونجانے سے پہلے اپنے موٹی بان گلوکارہ سے 'جو بھولا بھالا کسان تھا' ایک بار کہا تھا "گلوکارہ اب میں شادی کرنا چاہتا ہوں" اور کیسے گلوکارہ نے جلدی سے جواب دیا تھا جیسے یہ ایسا معاملہ تھا جس میں شک کرنے کی کوئی گنجائش ہی نہ تھی "وقت تو کب کا ہو چکا کمستن تن دمیشر بچ۔" لیکن شادی اب اس سے بیشہ سے زیادہ دور تر ہو چکی تھی۔ اس کے دل میں کوئی بسا ہوا تھا اور جب وہ اس جگہ اپنی جان پہچان کی کسی لڑکی کو دیکھنے کی کوشش کرتا تو محسوس کرتا کہ یہ بالکل ناممکن ہے۔ اس کے علاوہ انکار کی یاد اور وہ دن اسے اندیشے کر شرمندہ کرتا تھا جو اس نے اس سلسلے میں ادا کیا تھا۔ وہ اپنے آپ سے چاہے کتنا ہی کیوں نہ کہتا کہ اس میں اس کا کوئی قصور نہیں ہے پھر بھی اس کی یاد اسی قسم کی شرم دلانے والی دوسری یادوں کی طرح اسے چوٹ دیتی اور اس کا چہرہ سرخ ہو جاتا۔ ہر انسان کی طرح اس کی بیتی ہوئی زندگی میں بھی ایسی باتیں تھیں جنہیں وہ برا تسلیم کرتا تھا جن کے لئے اس کے ضمیر کو اس کی ملامت کرنی چاہئے تھی۔ لیکن بری باتوں کی یاد اسے ہر گز ایسی اذیت نہ دیتی تھی جیسی یہ معمولی لیکن شرمناک یادیں۔ یہ رقم کبھی۔ بھرتے۔ اور اب ان یادوں کے برابر ہی موجود تھے انکار اور وہ قابل رحم حالت جس میں وہ لازمی طور پر دوسروں کو اس شام نظر آیا ہو گا۔ پھر بھی وقت اور کام نے اپنا ثمر دکھایا۔ رفتہ رفتہ گلاؤں کی زندگی کے نظر نہ آنے والے لیکن اہم واقعات نے گراں اور تکلیف دہ یادوں کو دھندلا دیا۔ ہر ہفتہ وہ کیٹی کو پہلے سے کم یاد کرتا۔ وہ بے چینی سے اس خبر کا انتظار کر رہا تھا کہ اس کی شادی ہو گئی دو چند دنوں میں ہونے والی ہے۔ اسے امید تھی کہ ایسی خبر اسے ایسے ہی شفایاب کر دے گی جیسے رات نکلوا دینے سے درد جاتا رہتا ہے۔

اسی عرصے میں بہار آ گئی۔ بہت ہی خوبصورت، چاؤ بھری، بغیر انتظار کروائے اور بغیر قریب ہوئے آ جانے والی بہار جو ان کیاب بہاروں میں تھی جس میں پیڑ پودے، پرندے اور جانور اور آدمی سب ایک ساتھ خوش ہو اٹھتے ہیں۔ اس خوبصورت بہار نے لیوین میں اور بھی زیادہ جان ڈال دی اور اسے اپنے اس ارادے میں اور بھی پختہ کر دیا کہ پہلے کی ساری چیزوں سے قطع تعلق کر لینا ہے اور احتکام و آزادی کے ساتھ اپنی تنہائی کی زندگی کی تعمیر کرنی ہے۔ حالانکہ جن منصوبوں کے ساتھ وہ گاؤں واپس آیا تھا ان میں سے بہت سے منصوبے پورے نہیں ہوئے لیکن خاص منصوبے کو پورا کرنا اس نے شروع کر دیا تھا۔ وہ زندگی کو پاک صاف رکھنے کے خیال پر عمل پیرا تھا۔ اسے اب شرم کا وہ احساس نہیں ہو رہا تھا جو عام طور پر ناکامی کے بعد اس پر حاوی ہو جاتا تھا اور وہ صاف دلی سے لوگوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھ سکتا تھا۔ فروری ہی میں اسے ماریا کوروبیونا کا خط ملا تھا جس میں لکھا تھا کہ بھائی گلوکار کی صحت خراب تر ہو گئی ہے لیکن وہ علاج کرنا ہی نہیں چاہتے۔ اس خط کے ملنے کے بعد لیوین بھائی کے پاس ماسکو گیا اور انہیں ڈاکٹر سے مشورہ کرنے پر اور پروپس جا کر کسی چشمے کے پاس علاج کروانے پر راضی کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ اسے بھائی کو تنگ کئے بغیر انہیں سمجھانے بجھانے اور سفر کے لئے رقم فراہم دینے میں ایسی کامیابی ہوئی تھی کہ اس سلسلے میں وہ اپنے آپ سے مطمئن تھا۔ تحقیق کے علاوہ 'جو بہار میں خاص توجہ کا مطالبہ کرتی تھی' اور پڑھنے کے علاوہ لیوین نے جاڑوں ہی میں کھیتی باڑی کے بارے میں ایک کتاب لکھنی شروع کر دی تھی جس کا خاص موضوع یہ تھا کہ زراعت میں مزدور کے کردار کو بھی آب و ہوا اور زمین کی طرح ایک مطلق عنصر کی حیثیت سے تسلیم کیا جائے' اور اس لئے زرعی سائنس کے سارے سائنج صرف آب و ہوا اور زمین سے حاصل ہونے والے حقائق سے نہیں بلکہ آب و ہوا' زمین اور مزدور کے غیر متغیر باہمی کردار کے حقائق سے اخذ کئے جانے چاہئیں۔ چنانچہ تحائی کے باوجود بلکہ تحائی کی وجہ سے اس کی زندگی بہت مسرور گزر رہی تھی اور کبھی کبھار ہی اس کے دل میں یہ پوری نہ ہو سکنے والی خواہش پیدا ہوتی تھی کہ اس کے ذہن میں جو خیالات آتے ہیں ان میں اگاپیا نیکولیونا کے علاوہ کسی کو شریک کرے' حالانکہ ان کے ساتھ بھی وہ اکثر طبیعیات' زراعت کے نظریے اور خاص طور سے فلسفے کے بارے میں جاری طبابت کیا کرتا تھا۔ فلسفہ اگاپیا نیکولیونا کا پسندیدہ موضوع تھا۔

بہار ہی تک اپنے شباب پر نہیں آئی۔ ایسٹر سے پہلے والے ہفتوں میں آسمان بالکل صاف ہو گیا اور پالا پڑنے لگا۔ دن کو دھوپ میں برف پگھلتی اور رات کو صفر سے سات ڈگری نیچے تک لعظ لعظ ک ہو جاتی۔ برف کی اتنی سخت تہہ جمی ہوئی تھی کہ گاڑیاں راستے کے بغیر کہیں بھی جا سکتی تھیں۔ ایسٹر کے دن بھی زمین پر برف تھی۔ لیکن ایسٹر کے بعد والے ہفتے کو خوشگوار گرم ہوا چلنے لگی' بادل اڑنے لگے اور تین دن تک رات بڑی تیز گرم بارش ہوئی۔ جمعرات کو ہوا کا رخ زرا کم ہوا اور گرما سرمئی کہرا چھا گیا جس نے کو قدرت میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کے اسرار کو ڈھک لیا۔ کہرے کے نیچے پگھلی برف کا پانی بہہ نکلا' جمی ہوئی برف تڑخی اور ٹوٹ کر بہہ نکلی اور ٹھاک دیتے ہوئے دھاروں نے رود بکار لیا اور اگلے اتوار کو کرا چھٹ گیا' بادل اڑ گئے اور یہاں وہاں صرف ان کے گالے رہ گئے اور اصل بہار نمودار ہو گئی۔ صبح کو روشن سورج نکلا اور اس نے پانی پر جمی ہوئی برف کی ہلکی پرت کو جلد ہی پگھلا دیا اور بید اور زمین سے تلتی ہوئی بھاپ سے بھری ہوئی ساری گرم فضا تھرتھرا اٹھی۔ پرانی گھاس ہری ہو گئی اور نئی گھاس کی کونپلیں نکل آئیں۔ گلنار، دودر، کرنٹ کی جھاڑیوں اور بھوج کے ریال دار جیسے پیڑوں پر ننھے پھوٹ آئے اور بید مجنوں کے لٹکتے ہوئے پھولوں کے سنہرے گچھوں کے درمیان سبز کی کلیاں جھلملانے لگیں۔ مکھیں سرمیدانوں اور رخ بدلتے ہوئے کھیتوں کے اوپر نظر آنے والے چنڈولوں کے گیت گونجنے لگے' شیشوں اور دیدلوں کے اوپر جو ابھی ننھے بے بے پانی سے جھلملا رہے تھے تتلیاں پھڑپھڑانے لگیں اور بہت اوپر آسمان میں سارس اور بطخیں اپنی بستی چیخوں کے ساتھ اڑتی ہوئی گزرنے لگیں چراگاہوں میں مویشی ڈکرانے لگے جو ان جگہوں پر کھنچے کھنچے نظر آ رہے تھے جہاں سے ان کی کھال پر کے جاڑوں کے بال گر گئے تھے۔ نیز ہی میز ہی ٹانگوں والے ننھے اپنی ممیاتی ہوئی ماؤں کے اردگرد کھڑے لگانے لگے جن کا دن جھرنے لگا تھا۔ پھر تیلے لڑکے گیڈریوں پر دوڑنے لگے تھے جو ان کے ننگے پاؤں سے پٹ پٹ کر سوکھ رہی

تھیں' تالاب پر کپڑے دھوتی ہوئی کسان عورتوں کی اونچی بولتی آوازیں گونجنے لگی تھیں اور کھیتوں میں کسانوں کی کلہاڑیاں چلنے کی فطرتی سنائی دینے لگی تھی جو اپنے حل اور سراون ٹھیک ٹھاک کر رہے تھے۔ سچ مچ بہار آ گئی تھی۔

13

لیوین نے اپنے بڑے بوٹ پہنے اور پہلی بار سمور کا کوٹ نہیں بلکہ سوتی کوٹ پہنا اور دہلیز کو پھاند تا ہوا' جو دھوپ میں چمک رہا تھا اور جس کی نرمی سے آنکھیں چکا چوند ہو رہی تھیں' کبھی کبھی برف پر اور کبھی بھیگی پگڈنڈیوں پر لکڑی رکھتا ہوا اپنے کھیتوں کا چکر لگانے گیا۔

بہار۔۔۔ منصوبوں اور پرہ بیکنوں کا زمانہ۔ اور لیوین جب گھر میں نکلا تو جیسے بہار کے بیج کو نہیں معلوم ہوتا کہ اس کی وہ شاخیں اور شہنیاں کہ جو اگیں گی جو ابھی چشموں میں بند ہیں' ویسے ہی وہ بھی ٹھیک سے نہ جانتا تھا کہ اب وہ اپنی پسندیدہ کھیتی باڑی میں کس کام کو شروع کرے گا۔ لیکن وہ یہ ضرور محسوس کرتا تھا کہ بہترین منصوبوں اور پرہ بیکنوں سے اس کا ذہن بھرا ہوا ہے۔ سب سے پہلے وہ مویشیوں کی طرف گیا۔ گایوں کو باڑے میں چھوڑ دیا گیا تھا اور وہ جاڑوں کے بال گرنے کے بعد اپنے چکنے بالوں والی کھال کو بھکائی دھوپ میں نکار رہی تھیں اور میدان میں جانے کی اجازت مانگ رہی تھیں۔ اپنی گایوں کو تعریف و تحسین کی نظروں سے دیکھنے کے بعد جس کی چھوٹی سے چھوٹی تفصیلات بھی اسے معلوم تھیں' اس نے انہیں میدان میں بنکانے کا اور باڑے میں بچھڑوں اور بچھیوں کو نکالنے کا حکم دیا۔ مویشی باں جلدی سے میدان میں جانے کی تیاریاں کرنے لگا اور گوالنیں اپنے پھٹکے اٹھائے ہوئے ننگے پاؤں' ہوا بھی تنکے ہو جانے کی وجہ سے سفید تھے' بچھڑوں پر پھبتیاں کستی' مٹھیاں لے کر بچھیوں اور بچھڑوں کے پیچھے دوڑ دوڑ کر انہیں باڑے میں نکالنے لگیں ہنس کر رہی تھیں اور ہنسنے کی خوشی سے پاگل ہو رہی تھیں۔

اس سال جو بچھیاں بچھڑے پیدا ہوئے تھے ان کو تھوڑی دیر تک دیکھنے اور دل میں خوش ہونے کے بعد' اس لئے کہ وہ بہت ہی اچھے تھے' شروع جاڑوں میں پیدا ہونے والے بچھڑے کسانوں کی گایوں کے برابر ہو گئے تھے اور پاڈا کی بچھیا تین مہینے میں سال بھر کی سی لگنے لگی تھی لیوین نے حکم دیا کہ ان کے لئے چربی بھرائی جائے اور جنگلا لگا کر اس میں ان کے لئے سوکھی گھاس ڈال دی جائے۔ لیکن پتہ چلا کہ جنگلے مہینوں خزاں میں گھن میں رکھ دیا گیا تھا اور جاڑوں میں استعمال نہیں کیا گیا تھا' اب سب ٹوٹے پڑے ہیں۔ اس نے بڑھئی کو بلانے کے لئے آدمی بھیجا جسے اس کے حکم کے مطابق گھاس کی مشین پر کام کرنا چاہئے تھا۔ لیکن پتہ چلا کہ بڑھئی سراونوں کی مرمت کر رہا تھا جس کی سالیستا (17) ہی کے وقت ہو چکنی چاہئے تھی۔ اس پر لیوین بہت جھنجھلا گیا۔ جھنجھلانے کی بات یہ تھی کہ کھیتی باڑی کے کام میں یہ کامل معمول اور دیر ہر سال ہوتی رہتی تھی جس کے خلاف وہ برسوں سے اپنی پوری قوت سے لڑ رہا تھا۔ اس کو معلوم ہوا کہ انہیں بار کش گھوڑوں کے اصطبل میں لے جایا گیا اور وہاں وہ ٹوٹ گئے اس لئے کہ وہ بچھڑوں کے لئے ہلکے ہی بنائے گئے تھے۔ اس کے علاوہ اسی سے یہ بھی پتہ چلا کہ سراون اور کھیتی باڑی کے سارے ساز و سامان کے لئے جاڑوں ہی میں جانچنے اور مرمت کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور ان کے لئے خاص طور سے تین بڑھئی لگائے گئے تھے لیکن ان کی مرمت نہیں کی گئی اور سراونوں کی مرمت اب تک جاری تھی جب انہیں کھیت میں لے جانے اور استعمال کرنے کی ضرورت تھی۔ لیوین نے منتظم کو بلانے کے لئے

آدمی بھیجا لیکن فوراً خود ہی اس کی تلاش میں نکل پڑا۔ منتظم رکھتا ہوا' جیسے آج کے دن ہر چیز رک رہی تھی' بھورے کے تنکے کو ہاتھ میں لئے ہوئے' ایک کھلیان میں سے نکلا۔

"بڑھئی گھاس کی مشین پر کیوں کام نہیں کر رہا ہے؟"

"میں کل ہی آپ کو اطلاع دینا چاہتا تھا کہ سراونوں کی مرمت کرنا ضروری ہے۔ آخر آپ حفاظتی کارروائی کیا ہے۔"

"اور جاڑوں میں کیوں مرمت نہیں کرائی گئی؟"

"لیکن آپ کو بڑھئی کس لئے چاہئے؟"

"بچھڑوں کے باڑے کے لئے جنگلے کہاں ہیں؟"

"میں نے تو انہیں جگہ پر لگانے کا حکم دے دیا تھا۔ اب ان لوگوں کے ساتھ کیا کیا جائے؟" منتظم نے ہاتھ ہلاتے ہوئے کہا۔

"ان لوگوں کے ساتھ نہیں' اس منتظم کے ساتھ" لیوین نے بھڑک کر کہا۔ "آپ کو میں آخر کس لئے رکھتا ہوں؟" وہ چلایا۔ لیکن اسے یاد آیا کہ اس سے کوئی مدد نہیں ملے گی نہ آدھے ہی گھنٹے پر رک گیا اور غصہ کی بھاپ بھر کر رہ گیا۔ "تو پھر ہم ہوائی شروع کرنا ممکن ہے؟" اس نے ذرا دیر رک کر پوچھا۔

"تو کل کے پیچھے کل پرسوں ممکن ہو گا۔"

"گھوڑے چنا کھاس؟"

"میں نے دانیلی اور میتکا کو بھیج دیا ہے' وہ لا رہے ہیں۔ مگر یہ نہیں وہ کریائیں گے یا نہیں' کچھ معلوم نہیں ہے۔"

"کچھ معلوم نہیں؟"

"معلوم کریں گے۔"

"اور سب یہ کیوں نہیں ہوا؟" لیوین پھر چلایا۔

یہ اور زیادہ جھنجھلانے کی بات تھی کہ یہ نہیں بلکہ صرف چھ سو بیس من پر چنا گھاس بوئی جا رہی تھی۔ اصول کے اعتبار سے بھی اور خود اس کے تجربے کی رو سے بھی چنا کی بوائی کبھی اچھی ہوتی تھی جب اسے جتنی جلد ممکن ہو' تقریباً برف پگھلتے ہوئے بو دیا جائے۔ اور اب یہ بیج کبھی نہ کر سکا تھا۔

"آدمی نہیں ہیں۔ اب ان لوگوں کے ساتھ کیا کیا جائے؟ تین تو آئے ہی نہیں۔ اور سمیون ہے تو۔۔۔"

"تو پھر لوگوں کو بھیجنے کے کام سے ہٹا لیجئے۔"

"وہ تو میں نے بتا ہی دیا۔"

"تو پھر وہ لوگ کہاں ہیں؟"

"پانچ تو کھاج مار رہے ہیں" (اس کا مطلب تھا کھاد مار رہے ہیں) "اور چار حتی کو الٹ پلٹ رہے ہیں تاکہ ان کے اگلے حصے نکل آئیں۔ گستن تو بیمار ہے۔"

لیوین بہت اچھی طرح جانتا تھا کہ "اگلے حصے نکل آئیں" کا مطلب یہ تھا کہ چ والی انگشتانی مٹی خراب ہو چکی ہے۔۔۔ بگڑ کر نہیں دیا گیا بلکہ اس نے حکم دیا تھا۔

"میں نے دونوں ہی میں کہا تھا کہ نالیاں بنا دی جائیں۔" وہ چلا پڑا۔

"آپ پریشان نہ ہوں ہم سب کچھ وقت پر کر لیں گے۔"

لیوین نے غصے میں ہاتھ جھٹکا اور جھنڈار میں جئی دیکھنے گیا اور پھر اصطبل میں واپس آ گیا۔ جئی ابھی خراب نہیں ہوئی تھی لیکن مزدور اسے نیچے سے الٹ پلٹ رہے تھے جبکہ صرف یہ کرنا تھا کہ اسے نچلے جھنڈار میں دھیرے دھیرے گرا دیا جائے۔ اس کو ٹھیک کرکے اور وہاں سے دو مزدوروں کو چپتیا کی بوائی کے لئے بھیج کر کلار لیوین کا غصہ ذرا ٹھنڈا ہوا۔ اور پھر دن بھی اتنا اچھا تھا کہ غصہ کرنا ناممکن تھا۔

"اگناٹ!" اس نے کوچوان کو پکارا جو آستینیں چڑھا کر کنویں کے پاس بگھی کو دھو رہا تھا۔ "میرے لئے ادریں کس دینا۔"

"کس گھوڑے پر؟"

"چلو کو لیک پر کس دو!"

"جی سرکار۔"

جب تک بگھی کے گھوڑے پر زین کسی گئی تب تک میں لیوین نے پھر کلار کو آواز دی جو اس پاس ہی منڈلا رہا تھا' تاکہ اس سے مذاکرات کر لے۔ اور اس سے وہ سارے دنوں کے آئندہ کاموں اور کھیتی باڑی کے منصوبوں کی باتیں کرنے لگا۔

کھاد کی ڈھلائی جلدی شروع کرنی ہے تاکہ گھاس کی پہلی کٹائی سے پہلے سب ختم ہو جائے اور دودر والے کھیت کی مسلسل جتائی کرتے رہنا ہے تاکہ اس کو پرتی رہتے دیا جا سکے۔ ساری گھاس مزدور لگا کر کٹوانی ہے اور جیسا پر نہیں۔

کلار پوری توجہ سے سن رہا تھا اور بظاہر کوشش کر رہا تھا کہ مالک کے منصوبوں کی تائید کرے۔ پھر بھی اس کے چہرے پر وہی نا امیدی اور بیدلی والا تاثر تھا جس سے لیوین بڑی اچھی طرح واقف تھا اور ہمیشہ چڑ جاتا تھا۔ چہرے کا یہ تاثر کہتا تھا "یہ سب تو ٹھیک ہے لیکن ہو گا وہی جو خدا چاہے گا۔"

لیوین کو کسی چیز سے اتنا رنج نہیں ہوتا تھا جتنا اس لہجے سے۔ لیکن لہجہ ان سارے کلاروں میں مشترک تھا جو اس کے ہاں رہ چکے تھے۔ اس کی تجویزوں کے بارے میں ان سب کا رویہ ایک ہی جیسا تھا اور اسی لئے اب اسے غصہ نہیں آتا تھا بلکہ دکھ اور رنجیدہ ہو جاتا تھا اور اس غیری سی قوت کے خلاف جدوجہد کرنے کے لئے جسے وہ اور کوئی نام نہ دے سکتا تھا سوائے اس کے کہ "جو خدا چاہے گا" اور جو برابر اس سے مزاحم ہوتی رہتی تھی' وہ خود کو اور زیادہ آمادہ اور راغب محسوس کرتا تھا۔

کلار نے کہا "جتنا کچھ کر سکیں گے' کنستن تن دمیتریچ۔"

"اور کریں نہیں سکیں گے؟"

"مزدور کم سے کم پندرہ نظر اور رکھنے چاہئیں لیکن آتے ہی نہیں۔ آج کچھ آئے تھے وہ گرمیوں بھر کے مشترک دل مانگ رہے تھے۔"

لیوین چپ ہو گیا۔ پھر وہ قوت اس سے مزاحم ہو گئی۔ وہ جانتا تھا کہ وہ چاہے جتنی کوشش کریں' چالیس مزدور سے زیادہ نہیں لگا سکیں گے' "موجودہ اجرت پر شاید" تو نہیں مزدور' ہو سکتا ہے چالیس لگ جائیں لیکن اس سے زیادہ نہیں۔ پھر بھی وہ جدوجہد کئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا

"اگر نہیں آتے تو آدمی کو سودی بھیجئے' بندوبست کیجئے' تلاش کرنا چاہئے۔"

"بھیجنے کو تو بھیجوں گا" واسیلی فیودوروچ نے بیدلی سے کہا "اور پھر گھوڑے کمزور ہو گئے ہیں۔"

"دوسرے خرید لیں گے۔ ارے میں تو جانتا ہوں نہ" لیوین نے ہنستے ہوئے اضافہ کیا "آپ چاہتے ہیں کہ سب اور کم ہی رہے اور خراب ہی ہو۔ لیکن اس سال میں آپ کو ایسی ہی نہ کرنے دوں گا۔ سب طور کروں گا۔"

"ارے آپ تو ویسے بھی لگتا ہے کم ہی سوتے ہیں۔ ہمیں بھی خوشی ہوتی ہے کہ مالک کی نظروں کے سامنے کام کرتے ہیں۔"

"تو بھوج کے بیڑوں والی گھاٹی کے ادھر چپتیا گھاس بوئی جا رہی ہے؟ جا کے دیکھتا ہوں۔" اس نے کھلے بدن کے کیسہ بابو کو لیک پر بیٹھتے ہوئے کہا جسے کوچوان نے لا کر دیا تھا۔

"ہاروں کو پار کر کے نہ جانا پڑے گا' کنستن تن دمیتریچ" کوچوان نے پکار کر کہا۔

"تو جنگل میں سے ہو کر جاؤں گا۔"

اور اپنے پھولے سے لاغر اور بہت دنوں سے بند رہنے والے گھوڑے کی تیز چال سے' جو پہیوں پر پیکار رہا تھا اور لگام کو جھٹک جھٹک کر منہ زوری دکھا رہا تھا' لیوین کیچڑ بھرے صحن میں ہو کر پھاٹک سے باہر نکلا اور کھیتوں میں آ گیا۔

لیوین موٹی باڑے اور کھیتی میں تو خوش تھا ہی لیکن اب میدان میں اس کا دل باغ باغ ہو گیا۔ اچھے گھوڑے کی ہموار چال کے ساتھ ساتھ زین پر اچھلتا ہوا اور برف اور ہوا کی گرم و تازہ مہک میں جی کھول کر سانس لیتا ہوا' جنگل میں کہیں کہیں باقی رہ جانے والی نوچی اور تھکھل ہوئی برف پر سے گزر کر چوقہ موں کے پھیلتے ہوئے نشانوں سے ڈھکی تھی' وہ اپنے ایک ایک پیڑ کو دیکھ کر خوش ہوا جن کے تنوں کی چھال پر ہری کائی جمی تھی اور ٹہنیوں میں پتے بھر آئے تھے۔ جب وہ جنگل سے باہر نکلا تو اس کے سامنے تخلیس گاہیں کی طرح سر سبز گھاس کا ایک وسیع و عریض قطعہ آ گیا جس میں کوئی بھی جگہ یا دلدل نہ تھی۔ بس یہاں وہاں نشیبوں کے رستے تھے جس میں برف پگھل رہی تھی۔ اسے اس پر بھی غصہ نہیں آیا کہ کسی کسان کی گھوڑی اور بچھیرا اس کی نئی بنی گھاس کو روندتے رہے تھے (جب ایک کسان اسے راستے میں ملا تو اس نے کہا کہ ان کو بنکارے یا اور نہ اپنا نام کسان کا سمجھے ہیں اور یہ قوی کا جانور یا نکالا جو اسے راستے میں مل گیا تھا اور جب اس نے پوچھا کہ "کیوں اپنا جانور' بوائی کریں گے جلد ہی؟" تو اس نے جواب دیا "پہلے جتائی کرنی پڑے گی' کنستن تن دمیتریچ۔" وہ جتنا آگے بڑھتا گیا اتنا ہی اس کا جی اور خوش ہوتا گیا اور کھیتی باڑی کے ایک سے بڑھ کر ایک منصوبے اس کے ذہن میں آنے لگے۔ وہ سارے کھیتوں کے دکھنی پہلو پر بڑ لگوائے گا تاکہ اس کے پیچھے برف دیر تک نہ جمع رہے' کھیتوں کو تقسیم کر کے چھ میں کھاد ڈلوائے گا اور تین کو گھاس اور چری کے لئے پھوڑے گا' کھیتوں کے دوسرے سرے پر موٹی باڑ تعمیر کروائے گا اور ایک تالاب کھدوائے گا اور کھاد کے واسطے مویشیوں کے ایسے احاطے بنوائے گا جو ادھر ادھر کھسکے جا سکیں۔ اور تب تین سو سیتین گیہوں' سو سیتین آلو اور ڈیڑھ سو سیتین پر چپتیا کی بوائی ہو گی اور ایک سو سیتین بھی ایسا نہ ہو گا کہ اس کی ساری قوت نچوڑ جائے۔

اس طرح کے خوابوں کے ساتھ گھوڑے کو اعتیاد سے میدانوں پر چلاتے ہوئے تاکہ سبزہ روندا نہ جائے وہ ان مزدوروں کے پاس پہنچا جو چپتیا کی بوائی کر رہے تھے۔ بیج والی گاڑی ایک کنارے پر نہیں بلکہ بیچ میں کھڑی ہوئی تھی اور جازوں سے پہلے جس گیہوں کی بوائی ہو چکی تھی وہ سبزی سے نکل گیا تھا اور گھوڑے نے اسے روند

اٹھا تھا۔ دونوں مزدور سینڈ پر بیٹھے ہوئے تھے اور غالباً ایک ہی پائپ سے باری باری تمباکو پی رہے تھے۔ گاڑی میں جو سلی تھی' جس میں بیج ملایا گیا تھا' اسے اچھی طرح مل کر جو راتیں کیا گیا تھا' وہ بیلچوں دار تھی یا شاید وہ لوہے کے تھے۔ مالک کو دیکھ کر مزدور واپس گاڑی کے پاس آیا اور بیشاتے بیج بکھیرنا شروع کر دیا۔ اچھا نہیں تھا لیکن مزدوروں پر لیوین بہت ہی کم غصہ کرتا تھا۔ جب واسیلی پاس آیا تو لیوین نے اسے حکم دیا کہ گاڑی کنارے کھڑی کرے۔

"کوئی بات نہیں سرکار' تھوڑے بوجھ آئے گا" واسیلی نے جواب دیا۔

"اچھا تم بھی مدد کرو" لیوین نے کہا "اور دیکھو تمہیں کہا تھا نا کہ جوتا کرو۔"

"جی سرکار" واسیلی نے جواب دیا اور گھوڑے کی لگام کا کس بٹا پکڑ لیا۔ "اور دیکھا تو" اس نے خوشامدانہ لہجے میں کہا "ایک نمبر کی ہو رہی ہے۔ بس بھائی میں بڑی کوشش کرتی پڑی ہے ہر قدم سے ایک ایک پودے گی۔"

"اور تم نے جس سلی میں بیج ملایا ہے یہ اچھی طرح چھانی ہوئی کیوں نہیں ہے؟" لیوین نے کہا۔

"وہ ہم بیج بکھیرتے وقت ملتے جاتے ہیں" واسیلی نے جواب دیا اور سلی سے کراس نے اشتیاق پر مل کر دکھایا۔

یہ قصور واسیلی کا نہیں تھا کہ اسے بھالی ہوئی نہیں دی گئی تھی پھر بھی جھنجھلاہٹ تو ہوئی ہی۔

لیوین اپنی جھنجھلاہٹ کو دبانے اور بھولے ہوئے طریقے کو یاد کرنے اور اسے درست کرنے کا ایک طریقہ کئی بار آزما چکا تھا۔ اس وقت بھی اس نے وہی طریقہ استعمال کیا۔ اس نے دیکھا کہ کیسے بیشاتے ہاتھ بھر کر کے پاؤں سے لپٹ جانے والے سلی کے بڑے بڑے لوندوں کو کھینچتے ہوئے چل رہا تھا اور وہ گھوڑے پر سے اترا۔ واسیلی سے اس نے بیج کی ٹوکری لے لی اور بیج بکھیرنے چلا۔

"تم نے کہاں پر چھوڑا تھا؟"

واسیلی نے پاؤں سے ایک جگہ کی طرف اشارہ کیا اور لیوین جس طرح بھی اس سے ہو سکا سلی کے ٹکڑوں کو بکھیرنے چلا۔ چلنا بہت مشکل تھا جیسے دلدل میں ہوتا ہے اور لیوین ایک بار گرنے کے بعد پسینے میں تر ہو گیا۔ رک کر اس نے بیج کی ٹوکری دے دی۔

"تو مالک جب گرمیاں آئیں تو اس بار کے لئے مجھ کو یاد رکھئے گا" واسیلی نے کہا۔

"کیوں؟" لیوین نے خوش خوش کہا اس لئے کہ وہ دیکھ رہا تھا کہ اس کا آزمودہ طریقہ کار گر ہو رہا ہے۔

"بس گرمیوں میں دیکھ لیجئے گا یہ اگر الگ ہی دکھائی دے گی۔ آپ ذرا دیکھئے تو جہاں میں نے پھیل بہت میں بوائی کی تھی۔ کیسی جاذ نکلی ہے اس میں تو یہ سمجھ کر کام کرتا ہوں کہ سینٹ تن دمیتر پیچ کر اپنے تنکھاہ کے لئے محنت کر رہا ہوں۔ برا کام کرنا میں خود نہیں پسند کرتا اور دوسروں کو نہیں کرنے دیتا۔ مالک کے لئے اچھا ہے تو ہمارے لئے اچھا ہے۔ اب ادھر دیکھتے ہیں" واسیلی نے کھیت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا "تو جی خوش ہو جاتا ہے۔"

"بہت اچھی آئی ہے واسیلی کیوں؟"

"ہاں ایسی بہت تو بڑے بوڑھوں کو بھی یاد نہیں۔ میں ابھی گھر گیا تھا ہمارے ہاں بوڑھے نے بھی گیہوں بویا تھا تین ایسینک (18) کہہ رہا تھا کہ کالے گیہوں میں اور اس میں فرق نہیں کر سکو گے۔"

"اور تم لوگ گیہوں کالی زمینوں سے بونے لگے ہو؟"

"آپ ہی نے تو سکھایا تھا پچھلے سے پہلے سال۔ آپ نے تو دو ایسینک بھیج دیئے تھے۔ چوتھائی ہم نے بھالا اور تین ایسینک کی بوائی کی۔"

"اچھا ذرا دھیان رکھنا' بیج میں جو لوندے ہیں انہیں توڑتے جانا" لیوین نے گھوڑے کی طرف آتے ہوئے کہا "اور بیشاتے پر نظر رکھنا۔ اور فصل اچھی ہو گئی تو تمہیں دو سیتائیں پیچھے ہاس کو یک ملیں گے۔"

"ہم آپ کے حکم کے تابعدار آپ کو دعا دیتے ہیں۔ ہم تو آپ دیکھئے کہ ویسے ہی آپ کے گن گاتے ہیں۔"

لیوین گھوڑے پر سوار ہو کر اس کھیت میں گیا جس میں پچھلے سال چیتا بوئی گئی تھی' اور پھر اس کھیت میں جس کو جوت کر بہار کے گیہوں کے لئے تیار کیا گیا تھا۔

جس کھیت سے پچھلی بار چیتا کاٹی جا چکی تھی اس میں کھونٹیوں سے بڑی اچھی فصل اگ رہی تھی۔ وہ اچھی طرح نکل آئی تھی اور خوب ہری ہو کر پچھلے سال کے گیہوں کی لوئی ہوئی کھونٹیوں میں نمایاں ہو گئی تھی۔ گھوڑے کے پاؤں گھٹنے گھٹنے تک زمین میں دھنس جاتے تھے اور لوہ بھی زمین میں سے جب وہ قدم نکالتا تو چٹارے کی سی آواز آتی۔ جتی ہوئی زمین پر تو چلنا ہی ناممکن تھا۔ زمین بس اسی جگہ کھلی تھی جہاں ابھی برف تھی اور جہاں سے پگھلی شروع ہو گئی تھی وہاں تو گھوڑے کے پاؤں پنڈلی پنڈلی تک دھنس جاتے تھے۔ جتی زمین بڑی اچھی حالت میں تھی' دو دن اور اس پر سورج چلا اور بوائی کرنا ممکن ہو جائے گا۔ ہر چیز خوبصورت تھی' ہر چیز دل کو خوش کرنے والی تھی۔ واپسی میں لیوین نالوں کی طرف سے آیا' اس امید میں کہ پانی اتر گیا ہو گا۔ اور واقعی وہ ان کو پار کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ البتہ اس نے دو بٹیروں کو اڑایا۔ اس نے سوچا "چاہے بھی ضرور ہوں گی" اور گھر کی طرف والے سوڈ پر اسے جنگل کا گراں مل گیا جس نے چاہی کے بارے میں اس کے سلوشے کی تائید کی۔

لیوین گھوڑا واپس لاتے ہوئے گھر پہنچا تاکہ جلدی سے کھانا کھا لے اور شام کے لئے بندوق تیار کر لے۔

14

لیوین بہترین پر مسرت دلی اور روحانی حالت میں گھر کے قریب پہنچ رہا تھا کہ اس نے گھر کے صدر دروازے کی طرف سے گاڑی کی گھنٹیوں کی آواز سنی۔

"یہ تو کوئی ریلوے اسٹیشن سے آیا ہے" اس نے سوچا "یہ ماسکو کی ریل گاڑی کے آنے کا وقت بھی ہے۔ کون ہو گا یہ؟ اگر بھائی کولائی ہوں تو؟ انہوں نے تو کہا تھا کہ "ہو سکتا ہے پنشنوں پر چلا جاؤں' ہو سکتا ہے تمہارے پاس آ جاؤں۔" ایک منٹ کے لئے تو اسے اس بات سے ڈر لگا۔ کوفت ہوئی کہ بھائی کولائی کی موجودگی سے اس کی یہ پر مسرت بہار والی مزاجی کیفیت بھنگ ہو جائے گی لیکن پھر اسے اپنے اس احساس سے شرمندگی ہوئی اور اس نے فوراً ہی گویا دل ہی دل میں اپنی باچھیں پھیلا دیں اور پیار بھری خوشی کے ساتھ امید اور خواہش کرنے لگا کہ یہ بھائی کولائی ہی ہوں۔ اس نے گھوڑے کو ایزنگائی اور اکاشیا کے پیڑوں کی آڑ سے نکالا تو دیکھا کہ ریلوے اسٹیشن کے اڈے کی تین گھوڑوں والی گاڑی ہے جس میں کوئی صاحب سور کا کوٹ پہنے ہوئے آ رہے ہیں۔ یہ بھائی نہیں تھے۔ "کاش کوئی خوشگوار آدمی ہو جس سے کچھ باتیں کی جا سکیں" اس نے سوچا

"آہا" لیوین دونوں ہاتھ اوپر اٹھا کر خوشی سے چلایا "کیا مہمان آیا ہے کہ جی خوش ہو گیا واہ" اس قدر خوشی ہوئی کہ تم آ گئے" اس نے استی پان ارکادیچ کو پہچان لیا اور پکار کر کہا۔

اور دل میں سوچا "اب یقینی طور پر یہاں جاڑوں کا کہ اس کی شادی ہو گئی یا کب ہونے والی ہے" اور بہار کے اس خوبصورت دن کو اس نے محسوس کیا کہ بیوی کی یاد اس کے لئے بالکل تکلیف دہ نہیں ہے۔

"کیوں میرا تو انتظار نہیں رہا ہیں ہو گا؟" استی پان ارکادیچ نے برف سے اترتے ہوئے کہا اس کے ناک کے بانسے پر ماتھوں اور بھوؤں پر کیچڑی بھیتیں تھیں لیکن اس کے چہرے پر خوشی اور تندرستی کی رونق تھی۔ "ایک تو تم سے ملنے آیا ہوں" اس نے لیوین سے گلے ملتے اور اسے بوسہ دیتے ہوئے کہا "دوسرے شکار پر جانے کے لئے اور تیسرے یہ کہ شوہدا الابنگل بیچنے کے لئے۔"

"بہت خوب! اور کیا بہار آئی ہے؟ اور تم اس برف گاڑی پر پہنچ کیسے گئے یہاں تک؟"

"پہنے دار گاڑی میں تو اور بھی مشکل ہوتی کسٹن تن دیسٹرچ" جانے پہچانے گاڑی والے نے جواب دیا۔

"میں بہت بہت خوش ہوں" لیوین نے صاف دلی اور بچوں کی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

لیوین اپنے مہمان کو اس کمرے میں لے گیا جو آنے جانے والوں کے لئے تھا جہاں استی پان ارکادیچ کا سامان بھی لایا گیا۔ بیگ، بندوق، تھیلا، شکار کا تھیلا۔ اس نے ہاتھ منہ دھونے اور کپڑے بدلنے کے لئے چھوڑ کر اس عرصے میں دوا لتریں چلا گیا کہ مہمانی اور ضیافت کے بارے میں ضروری ہدایتیں دے دے۔ باورچی خانے میں اسے اگافیا میخائیلوونا ملیں، جس گھر کی عورت کی حیثیت نظر رہتی تھی۔ وہ کھانے کے بارے میں پوچھنے لگیں۔

"جو آپ چاہیں وہ کر لیجئے بس ذرا جلدی" اس نے کہا اور شکار کے پاس چلا گیا۔

جب وہ واپس آیا تو استی پان ارکادیچ ہاتھ منہ دھوئے، بال بنائے اور مسکراہٹ کی روشنی بکھیرتے ہوئے اپنے کمرے سے نکلے اور دونوں ساتھ ہی اوپر گئے۔

"مجھے بہت ہی خوشی ہے کہ تمہارے پاس آ گیا اب میں سمجھنے کی کوشش کروں گا" وہ اور کیا ہیں جن میں تم یہاں مصروف رہتے ہو۔ نہیں میں سچ کہتا ہوں، مجھے تم پر بڑا رشک آتا ہے۔ کیا گھر ہے سب کچھ کتنا اچھا! روشن پر مسرت!" استی پان ارکادیچ نے کہا اور یہ بھول گئے کہ ہمیشہ بہار نہیں ہوتی اور نہ آج کے سے روشن دن ہوتے ہیں "اور تمہاری نیا کتنی دلکش ہیں! انہیں پہنے کوئی خوبصورت سی خادمہ ہوتی تو اور اچھا ہوتا لیکن تمہاری راہبانہ اور روکھی بیچکی عادتوں کے لئے یہ بہت اچھا ہے۔"

استی پان ارکادیچ نے بہت سی دلچسپ خبریں سنائیں اور لیوین کے لئے خاص طور سے دلچسپ خبر یہ تھی کہ اب کی گرمیوں میں اس کے بھائی سرگئی ایوانووچ اس کے پاس گاؤں میں آ کر رہنے والے ہیں۔

استی پان ارکادیچ نے ایک لفظ بھی کیٹی اور بالعموم شیربا تسکی خاندان کے بارے میں نہیں کہا۔ بس اپنی بیوی کی طرف سے تعظیم پہنچا دی۔ لیوین ان کی اس ملیقہ مندی کے لئے ان کا بہت شکر گزار تھا اور اپنے مہمان سے بہت خوش تھا جیسا کہ ہمیشہ ہوتا تھا تنہائی کے دنوں میں اس کے ذہن میں طرح طرح کے خیالات و حساسات جمع ہو گئے تھے جن میں وہ اپنے ارد گرد کے لوگوں کو شریک نہ کر سکتا تھا اور اب وہ استی پان ارکادیچ کے سامنے ساری شاعرانہ خوشی کا بھی جی کھول کر اظہار کر رہا تھا اور کھیتی باڑی کی ناکامیوں اور منصوبوں کا بھی،

ان کتابوں کے بارے میں اپنے خیالات اور تبصروں کا بھی جو اس نے پڑھی تھیں اور خاص طور سے اپنی تصنیف کے موضوع کا بھی جس کی بنیاد زراعت کے بارے میں ساری کتابوں کی تنقید پر تھی حالانکہ خود اس نے اس بات کو محسوس نہیں کیا تھا۔ استی پان ارکادیچ بیشہ سے بہت دلچسپ آدمی تھے، بہات کو صرف اشارے ہی سے سمجھ لیتے تھے اور اس کا دل پر تو وہ خاص طور سے شفیق تھے اور لیوین نے ان میں اپنے لئے احترام اور ایک قسم کی عزت کا بیار بھی محسوس کیا جو اس کے لئے بہت ہی مسرت آمیز تھا۔

اگافیا میخائیلوونا اور باورچی کی اس کوشش کا کہ کھانا خاص طور سے اچھا ہو، نتیجہ صرف یہ ہوا کہ جب دونوں بھوکے دوست اصل کھانے سے پہلے گرک کے طور پر کچھ نگلنے کے لئے بیٹھے تو انہوں نے ڈبل روٹی اور نمکین دھوئیں میں سینکی ہوئی بیچ، مچھلیوں کے لوتھے سے اپنا پیٹ بھر لیا اور ان باتوں کا انتظار کئے بغیر ہی جن سے باورچی خاص طور سے مہمان کو متاثر کرنا چاہتا تھا لیوین نے شوربہ لانے کا حکم دیا۔ استی پان ارکادیچ اگرچہ دوسری طرح کے کھانے کے عادی تھے مگر انہیں سب چیزیں بہت اچھی لگیں — جڑی بوٹیاں ملا کر تیار کی ہوئی براندی بھی، ڈبل روٹی اور نمکین بھی اور خاص طور سے دھوئیں میں سینکی ہوئی بیچ بھی، مچھلیاں بھی اور بچھا والا شوربہ بھی، سفید ساس کے ساتھ مرغی بھی اور کرایا کی سفید شراب بھی — سب کچھ بہت ہی اچھا اور بڑے ہی مزے کا تھا۔

"بہت خوب، بہت ہی عمدہ" انہوں نے کھانے کے بعد موٹا سا پائپ سلگاتے ہوئے کہا۔ "مجھے تو تمہارے ہاں ایسا لگتا ہے جیسے سمندری جہاز کے شور اور ہچکولوں کے بعد پر سکون ساحل پر پہنچ گیا ہوں۔ ہاں تو تمہارا کہنا یہ ہے کہ خود مزدور کے عنصر کا بھی مطالعہ کیا جانا چاہئے اور اسی کی روشنی میں زراعتی طریقوں کا انتخاب کیا جانا چاہئے۔ میں تو خیر اس معاملے میں اناڑی ہوں لیکن مجھے لگتا ہے کہ یہ نظریہ اور اس کا اطلاق طور مزدور پر بھی اثر انداز ہو گا۔"

"ہاں، لیکن ذرا ٹھہرو، میں سیاسی معاشیات کی نہیں بلکہ زرعی سائنس کی بات کر رہا ہوں۔ اسے بھی سائنسوں کی طرح ہونا چاہئے اور ہر عنصر معلوم ہونا چاہئے ان کا اور مزدور کا مشاہدہ کیا جانا چاہئے مع اس کی معاشی، نسلیاتی۔"

اسی وقت اگافیا میخائیلوونا کمرے میں آ گئیں۔

"ارے اگافیا میخائیلوونا" استی پان ارکادیچ نے اپنی موٹی موٹی انگلیوں کے سروں کو چومتے ہوئے کہا "کیا بیچ پکوائی تھی آپ نے اور جڑی بوٹی والی براندی کتنی عمدہ تھی! تو پھر کیا چلنے کا وقت نہیں ہو گیا کوستیا؟" انہوں نے اضافہ کیا۔

لیوین نے کھڑکی سے باہر دیکھا کہ سورج جنگل کے پیڑوں کی بے پتیوں والی ٹہنیوں کی آڑ میں ڈوبتا جا رہا تھا۔

"ہو گیا وقت، بالکل ہو گیا" اس نے کہا "کزما! بگھی گاڑی تیار کرو" اور وہ نیچے دوڑ گیا۔

استی پان ارکادیچ نے نیچے آ کر خود بڑی احتیاط کے ساتھ بندوق کے لک دار کیس کے اوپر سے کریچ کا غلاف اتارا اور اسے کھول کر اپنی قیمتی اور جدید ترین نمونے کی بندوق کو جوڑنے لگے۔ کزما نے بھانپ لیا تھا کہ اسے واڈکا پینے کے نام پر اچھی بخشش ملے گی اور وہ استی پان ارکادیچ کے ساتھ سائے کی طرح لگا تھا۔ اس نے انہیں جرابیں اور جوتے پہنانے میں استی پان ارکادیچ کی بڑی خوشی سے اسے کرنے دیا۔

"تو سیاں لوگوں سے کہہ دو کہ اگر سوداگر ریا سین آئے۔۔۔ میں نے اسے آج آنے کے لئے کہا تھا۔ اسے بٹھائیں اور انتظار کرنے کو کہیں۔۔۔"

"تو تم کیا جنگل واقعی ریا سین کے ساتھ جا رہے ہو؟"

"ہاں تم کیا اسے جانتے ہو؟"

"کیوں نہیں، جانتا ہوں۔ میں اس کے ساتھ سودا بھی کر چکا ہوں پکے طور پر اور قطعی طور پر۔"

اسٹی پان ارکلو سٹی اس بڑے "پکے طور پر اور قطعی طور پر" اس سوداگر کا تکیہ کلام تھا۔

"ہاں وہ باتیں اس طرح کرتا ہے کہ نہیں آنا لازمی ہے۔ یہ سمجھ جاتی ہے کہ مالک کہاں جا رہے ہیں" انہوں نے لاسکا کو چھیڑتے ہوئے کہا جو سنتا سنتا کر لیون کے آس پاس اچھل کود رہی تھی اور کبھی اس کا ہاتھ چاٹتی تھی تو کبھی بوٹ اور بندوق۔

جب وہ باہر نکلے تو گاڑی برسائی کے نزدیک کھڑی تھی۔

"میں نے گاڑی کے لئے کہہ تو دیا تھا حالانکہ دور نہیں جانا ہے، کہو تو پیدل چلیں؟"

"نہیں بہتر یہ ہے کہ گاڑی میں چلیں" اسٹی پان ارکلو سٹی نے گاڑی کے پاس آتے ہوئے کہا۔ وہ ہنسنے لگے اور اپنے بازوؤں پر شیر کی کھال لپیٹ کر سنوارنے لگے۔ "یہ کیسے کہ تم تنہا کو نہیں پیتا سنگار تو صرف یہی نہیں کہ ایک خوشی ہے بلکہ یہ تو خوشی کا تاج اور نشان ہے۔ یہ ہے زندگی، کتنا اچھا ہے اس اس طرح کی زندگی میں جینا چاہتا ہوں!"

"تو پھر کون تم کو اس سے روکتا ہے؟" لیون نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"نہیں تم خوش نصیب آدمی ہو۔ جو کچھ تمہیں پسند ہے وہ سب تمہارے پاس ہے۔ گھوڑے پسند ہیں تو گھوڑے ہیں، کتے پسند ہیں تو وہ ہیں، شکار سے، کھیتی باڑی سے۔"

"ہو سکتا ہے اس کی وجہ یہ ہو کہ میں اس سے خوش ہوتا ہوں جو میرے پاس ہے اور جو نہیں ہے اس کا رنج نہیں کرتا" لیون نے کینٹی کو پار کرتے ہوئے کہا۔

اسٹی پان ارکلو سٹی کچھ سمجھ گئے انہوں نے اس کو دیکھا لیکن کچھ نہیں۔

لیون اس کے لئے اپنی شکر گزار تھا کہ انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ سلجھی ہوئی سنجیدگی سے یہ دیکھ لیا تھا کہ شیرباخی خاندان کے بارے میں باتیں کرنے سے لیون بار بار تھا اور انہوں نے ان لوگوں کا کبھی ذکر نہیں کیا تھا۔ لیون تو اب چاہتا بھی تھا کہ وہ اس کے بارے میں کچھ جانے جس سے اس کو اتنی نفرت تھی مگر وہ طوائف تھی اس لئے اس کی جرأت نہ کر سکتا تھا۔

"اور تمہارے معاملات کیسے ہیں؟" لیون نے یہ سوچ کر کہا کہ صرف اپنے ہی بارے میں سوچتے رہنا اچھی بات نہیں ہے۔

اسٹی پان ارکلو سٹی کی آنکھیں بڑی خوشی کے ساتھ چمک اٹھیں۔

"خیر اب تم تو یہ ماننے ہی نہیں ہو کہ آدمی کے پاس اگر اس کی روٹی کا رقبہ موجود ہو تو بھی یہ ممکن ہے کہ اسے دل پسند آ جائے، تمہارے خیال میں تو یہ جرم ہے۔ لیکن میں محبت کے اعلیٰ زندگی کو تسلیم نہیں کرتا" انہوں نے لیون کے سوال کو اپنے طور پر سمجھتے ہوئے کہا۔ "اب کیا کیا جائے میں بنایا ہی ایسا ہوں۔ اور سچ یہ ہے کہ اس سے کسی کو اتنا کم نقصان پہنچتا ہے اور خود کو کتنی طمانیت اور خوشی حاصل ہوتی ہے۔"

"تو کیا کوئی نئی بات ہے؟" لیون نے پوچھا۔

"یہ بھائی! اب تم دیکھو کہ تم ایسیاں کی عورتوں (19) جیسی وفادار اور بے لوث عورتوں کو تو جانتے ہو نہ۔ عورتیں جنہیں آدمی بس خوابوں میں دیکھتا ہے۔ تو ایسی عورتیں جاگتے میں بھی مل جاتی ہیں۔ اور یہ بڑی خطرناک عورتیں ہوتی ہیں۔ بات یہ ہے کہ عورت تو چیز ہی ایسی ہے کہ تم چاہے کتنا ہی اس کا مقابلہ کرو پھر بھی سب کچھ بالکل نیا ہی ہوگا۔"

"تو پھر بہتر یہی ہے کہ مقابلہ کیا ہی نہ جائے۔"

"نہیں، کسی ریاضی داں نے کہا ہے کہ اصل خوشی سچائی کو دریافت کر لینے میں نہیں بلکہ اس کی تلاش میں ہے۔"

لیون چپ چاپ سنتا رہا اور اس نے بڑی کوشش کی لیکن کسی طرح وہ اپنے دوست کی روح میں داخل نہیں ہو سکا اور ان کے احساسات کو سمجھ سکا نہ اس قسم کی عورتوں کا مقابلہ کرنے کے لئے اس کی دلی خواہش کو

15

گاڑی کی جگہ تھوڑے ہی فاصلے پر ایک جنگلے کے کنارے اسپین کے پھولنے سے کچ میں تھی۔ جنگل میں پہنچ کر لیون گاڑی سے اترا اور ابلوشکی کو ایک کالی دار دلدلی سال قطعے کے کونے میں لے گیا جہاں کی برف پگھل چکی تھی۔ وہ دوسرے سرے پر جھوج کے ایک جوڑاں پیڑ کے پاس آ گیا اور اپنی بندوق کو ایک پیچ سوکھے ہوئے روشاخے سے ٹکا کر اس نے اپنا کفتان اتارا اور اپنے ہاتھوں کو ادھر ادھر گھمایا یہ دیکھنے کے لئے کہ وہ آزادانہ حرکت کر رہے ہیں۔

بوڑھی سرخی لاسکا اس کے پیچھے پیچھے آ کر اس کے متامل ہو کی ہو کر بیٹھ گئی اور ہر آہٹ سننے کے لئے اس نے اپنے کان کھڑے کر لئے۔ سورج گھنے جنگل کی آڑ میں چھپا تھا اور اسپین کے کچ میں یہاں وہاں جھوج کے اونچے پیڑوں کی شاخیں نمایاں طور پر روشن نظر آ رہی تھیں اور ان کی بھری بھری کلیاں ایسی لگ رہی تھیں جیسے بس اب ان سے کونپلیں پھوٹنے والی ہیں۔

گھنے جنگل کے اس حصے سے جہاں ابھی تک برف جمی رہ گئی تھی قطرہ قطرہ کسی آواز کے پانی کی پتلی پتلی نیزہ نما دھاریں بہہ رہی تھیں۔ چھوٹی چھوٹی چڑیاں چہچہا رہی تھیں اور کبھی کبھی ایک پیڑ سے اڑ کر دوسرے پیڑ پر جا رہی تھیں۔

مکمل خاموشی کے لمحوں میں پچھلے سال کی سوکھی پتیوں کی سرسراہٹ سنائی دیتی جو پگھلتی ہوئی برف میں سے اور گھاس کے اگنے سے حرکت میں آ جاتی تھیں۔

"کیسا سناٹا ہے! سنائی اور دکھائی دیتا ہے کہ گھاس کیسے اگتی ہے!" لیون نے نئی گھاس کی سوئیوں کے پاس اسپین کی ایک بھیگی ہوئی سیپی پتی کو حرکت میں آتے دیکھ کر اپنے دل میں کہا۔ وہ کھڑا ہوا اس اور نیچے تک رہا تھا، کبھی گیلی کالی لگی زمین کو، کبھی گھاس کو، کبھی بھیگی ہوئی لاسکا کو، کبھی پیڑوں کی ننگی پھننگوں کو جو اس کے سامنے نیچے ڈھلان پر سمندر کی لہروں کی طرح نظر آ رہی تھیں، کبھی تاریک ہوتے ہوئے آسمان پر بادلوں کی سفید پٹیوں کو۔ دور کے پیڑوں کے اوپر ایک شکر بسرا بلندی پر اطمینان سے پر مار تا ہوا آ گیا اور ایک اور بالکل اسی طرح

اسی سمت میں اڑ کر گیا۔ گھنی جھاڑیوں میں چڑیاں زور زور سے اور پریشان ہو کر چہچہانے لگیں۔ پاس ہی ایک بھورا الو پر پھڑپھڑا کر لاسکا چونک کر بڑی احتیاط کے ساتھ چند قدم گئی اور سر ایک طرف کر کے اکٹھے گئی۔ چشمے کے اس پار سے کوئل کے کوکنے کی آواز آئی۔ دوبار اس نے اپنی آواز میں کوک بھری اور پھر یکبارگی آواز میں جلدی سے کوک کر چپ ہو گئی۔

"کیا بات ہے، ابھی سے کوئل کوکنے لگی؟" استی پان ارکاد تنگا نے جھاڑی کی آڑ سے نکلتے ہوئے کہا۔

"ہاں، میں رہا ہوں" لیوین نے جواب دیا اور اسے خود کو ناگوار گزرنے والی اپنی آواز سے خاموشی کو توڑنا اچھا نہیں لگا۔ "اب دیر نہیں لگے گی۔"

استی پان ارکاد تنگا کا دل بھر جھاڑی کے پیچھے چلا گیا اور لیوین کو اس دیا سلائی کا روشن شعلہ اور اس کے بعد پیپ کا سلگتا ہوا سرا اور نیلا دھواں دکھائی دیا۔

"تک تک" استی پان ارکاد تنگا کے بندوق کا گھوڑا چڑھانے کی آواز آئی۔

"اور یہ کون سی چیز چیخ رہی ہے؟" اسوس نے لیوین کو ایک طویل آواز کی طرف متوجہ کر کے پوچھا جو کچھ ایسی تھی جیسے منمنانے کی سی مہین آواز میں کوئی شریر بچہ چلا رہا ہو۔

"ارے تم اسے نہیں جانتے؟ یہ کھرجا ہے۔ اچھا اب باتیں بند کرو اسنو، اڑتی ہوئی آ رہی ہے" لیوین نے اپنی بندوق کا گھوڑا چڑھاتے ہوئے تقریباً چیخ کر کہا۔

بہت دور سے آتی ہوئی سیٹی سی سنائی دی اور ٹھیک دو سیکنڈ کے اسی وقفے کے بعد جس سے شکاری اتنی اچھی طرح واقف ہوتے ہیں، دوسری تیسری سیٹی سنائی دی اور تیسری کے بعد ایک پھنسی پھنسی چیخ سی سنائی دینے لگی۔

لیوین نے دائیں بائیں نظر کی اور اس کے سامنے دھندلے نیلے آسمان پر اسپن کے نرم کونپلوں والے پیڑوں کی طرف نظر گئی۔ ان دبلی ہستیوں کے اوپر اڑتی ہوئی ایک چڑیا نظر آئی۔ وہ اڑتی ہوئی سیدھی اس کے اوپر چلی آ رہی تھی۔ اسے بالکل اپنے اوپر پہنچی پہنچی سی چیخ سنائی دی جیسے کوئی مضبوط کپڑا پھاڑنے کی ہموار آواز آ رہی ہو اور چڑیا کی گرس اور لمبی سی چیخ نظر آنے لگی۔ لیوین شست باندھ ہی رہا تھا کہ جھاڑی کے پیچھے سے، جہاں بندوقیں تھیں، ایک دم بجلی کا سا کوندا لپکا۔ چڑیا تیر کی طرح گری اور پھڑپھڑا کر پھر اوپر اڑ گئی پھر بجلی کوندی، گولی چلنے کی آواز آئی اور چڑیا پھڑپھڑاتی ہوئی جیسے ہوا میں لٹکنے کی کوشش کر رہی ہو، ایک لمحے کو لٹکی رہی اور پھر بہت سے جلدی رنگوں پر گر پڑی۔

"کیا میرا نشانہ چوک گیا؟" استی پان ارکاد تنگا نے چیخ کر کہا جسے دھوئیں کی وجہ سے کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

"نہ رہی" لیوین نے زمین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا جو ایک کان اٹھائے اور اپنی بھوری دم ہلاتے ہوئے دبلے دبلے قدموں سے جیسے اس خوشی کو طول دینا چاہتی ہو اور گویا مسکراتی ہوئی شکار شدہ چڑیا کو اپنے مالک کے پاس لا رہی تھی۔ "مجھے خوشی ہوئی کہ تم نے مار لیا" لیوین نے کہا لیکن اس کے ساتھ ہی اسے رشک بھی ہوا کہ اس چڑیا کا شکار کرنے میں اسے کامیابی نہ ہوئی تھی۔

"دائیں طرف کی ناں سے تو شاید بہت ہی برا چوکا تھا" استی پان ارکاد تنگا نے کارتوس بھرتے ہوئے کہا۔ "شش... شش... اور آ رہی ہیں۔"

واقعی ایک کے بعد ایک بڑی جلدی جلدی اور تیز سیٹیاں سنائی دیں۔ دو چڑیاں ایک دوسرے سے کھیلتی ہوئی اور ایک دوسرے کا پیچھا کرتی ہوئی پھنسی پھنسی چیخ نکالتی نہیں بلکہ سیٹیاں ہی سی بجاتی ہوئی شکاریوں کے سر کے بالکل اوپر آ گئیں۔ چار گولیاں چلیں اور چڑیاں پھرتی سے مڑیں اور آنکھ سے اوجھل ہو گئیں

. . . . . .

شکار بہت ہی اچھا رہا۔ استی پان ارکاد تنگا نے دو چڑیاں اور ماریں اور لیوین نے بھی ماریں تو وہ لیکن ان میں سے ایک بھی نہیں۔ اندھیرا ہونے لگا۔ روشن اور نقرئی سیارہ زہرہ مغرب میں بالکل نیچے ہی نکل آیا تھا اور بھوج کے پیڑوں کے پیچھے سے اس کی نرم و لطیف چمک نظر آ رہی تھی۔ مشرق میں ایک بہت ہی روشن مگر کمتر سیارہ سماک رامح بہت بلندی پر اپنی سرخ آگ بکھیرنے لگا تھا۔ لیوین کو اپنے سر کے اوپر دب اکبر کے ستارے بھی نظر آتے اور کبھی گم ہو جاتے۔ چاہیوں نے اب اڑنا بند کر دیا تھا لیکن لیوین نے اور انتظار کرنے کا فیصلہ کیا جب تک سیارہ زہرہ جو اسے بھوج کے ایک پیڑ کی شاخ کے نیچے نظر آ رہا تھا اس کے اوپر آ جائے اور دب اکبر کے سارے ستارے صاف نظر آنے لگیں۔ سیارہ زہرہ شاخ کے اوپر آ گیا اور دب اکبر کے ساتھ کے ہم گھرے نیلے آسمان پر صاف دکھائی دینے لگے لیکن وہ پھر بھی انتظار کئے جا رہا تھا۔

"چلئے کلوت تو ہو گیا؟" استی پان ارکاد تنگا نے کہا۔

جنگل میں سناٹا ہو چکا تھا اور ایک بھی چڑیا چہچہا نہیں رہی تھی۔

"ابھی اور ٹھہرتے ہیں" لیوین نے جواب دیا۔

"جیسا چاہو۔"

دونوں اب ایک دوسرے سے کوئی پندرہ قدم کے فاصلے پر کھڑے تھے۔

"اسٹیپا!" اچانک لیوین نے غیر متوقع طور پر کہا "تم آخر مجھے بتاتے کیوں نہیں کہ تمہاری بیوی کی شادی ہو گئی یا کب ہونے والی ہے؟"

لیوین خود کو اتنا محکم اور پرسکون محسوس کر رہا تھا کہ اس نے سوچا کہ کوئی بھی جواب اسے پریشان نہیں کر سکتا لیکن جو جواب استی پان ارکاد تنگا نے دیا اس کی توقع تو اسے ہرگز نہ تھی۔

"شادی کے بارے میں سوچا تھا نہ اب سوچ رہی ہیں۔ وہ بہت بیمار ہیں اور ڈاکٹر نے انہیں پردیس بھیج دیا ہے۔ بلکہ یہ بھی پڑھ رہے کہ شاید باہر بھیجیں بھی نہ۔"

"یہ تم کہہ کیا رہے ہو استیپا" لیوین چیخ اٹھا۔ "بہت بیمار ہیں؟ کیا ہوا ہے انہیں؟ کیسی ہیں..."

جب وہ لوگ یہ باتیں کر رہے تھے تبھی لاسکا اپنے کان اٹھائے آسمان کی طرف اور ناراضگی کی نظروں سے ان لوگوں کو دیکھ رہی تھی۔

وہ سوچ رہی تھی "یہ اچھا وقت نکالا ہے ان لوگوں نے باتیں کرنے کے لئے۔ چڑیا آ رہی ہے... ہو رہی، گھوما دیں گے..."

لیکن ٹھیک اسی لمحے ان دونوں نے اچانک چبھتی ہوئی سیٹی سی سنی جس نے ان کے کان جیسے چھید دیے۔ دونوں نے ایک دم بندوقیں اٹھائیں، دو بطخیں کوندیں، دو گویوں کے نکلنے کی آوازیں ایک ساتھ آئیں، ہو چاہی اوپر اڑ رہی تھی اس نے تو اور اپنے پر سمیٹے اور گھنی جھاڑیوں میں گر پڑی، وہیں کہیں گھاس میں کچل گئی۔

"کیا بات ہے، دونوں سے مل گیا" لیوین چلایا اور لاسکا کے ساتھ چاہی کو تلاش کرنے کے لئے گھنی جھاڑی میں گھس گیا۔ "ہاں تو وہ کیا بات تھی جو تکلیف دہ ہو رہی تھی؟" وہ دہرانے لگا۔ "ہاں" کیسی بیمار ہیں...

تو اب کیا کیا جائے' بڑے افسوس کی بات ہے" اس نے سوچا۔

"اچھا' ڈھونڈھ لیا! تو بڑی سمجھدار ہے" اس نے لاسا کے منہ سے چڑیا کو لے کر اسے تقریباً بھرے شکاری تھیلے میں رکھتے ہوئے کہا۔ "اب پھر پیار کر لو!" اسٹیو ہنس پڑی!

16

گھر واپس آ... وے لیویں نے پوچھ پوچھ کر ریا بینن کی بیماری اور شیرپا خچی خاندان کے مصیبتوں کی ساری تفصیلات معلوم کر لیں اور ... نکہ یہ اعتراف کرنا اسے برا لگتا پھر بھی جو کچھ اسے معلوم ہوا وہ اسے اچھا لگا۔ اس لیے بھی اچھا لگا کہ اسی کچھ امید تھی اور زیادہ اچھا اس لیے لگا کہ جس نے اس کو انکار دیا تھا وہ اب خود بھگت رہی تھی۔ لیکن جب ستی پان ارکاد تنگ نے کینی کی بیماری کے اسباب کے بارے میں بات شروع کی اور انہوں نے اس سلسلے میں ہمدردی کا اظہار کیا تو لیویں نے ان کی بات کاٹ دی:

"مجھے جانگی تفصیلات ... جانے کا کوئی حق نہیں ہے اور سچ بات یہ ہے کہ کوئی دلچسپی بھی نہیں۔"

ستی پان ارکاد تنگ نے مسکرائے اس لئے کہ انہوں نے لیویں کے چہرے پر وہ فوری تبدیلی دیکھ لی تھی جس سے وہ بہت اچھی طرح واقف تھے' جس کے تحت وہ ان کی ان میں اتنائی اراس ہو جاتا تھا جتنا صدمے بھرے لمحے وہ خوش و خرم ہوتا تھا۔

"تم نے ریا بینن کے ساتھ جنگل کا سودا بالکل پکا کر لیا ہے؟" لیویں نے پوچھا۔

"ہاں پکا' لیا ہے ... ی اچھی قیمت ہے' ڈھائی ہزار۔ آٹھ ہاتھ کے ہاتھ اور باقی چھ سال میں۔ میں بہت دنوں سے اسے پانا چاہتا تھا۔ کسی نے اس سے زیادہ دام نہیں لگائے۔"

"اس کا مطلب یہ ہے ... تم نے جنگل صدمے میں دے دیا" لیویں نے رکھائی سے کہا۔

"یعنی صدمے ... ں ہوں؟" ستی پان ارکاد تنگ نے نیک دلی کی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ وہ جانتے تھے کہ ... ں وقت بہت سے چڑا ہوا ہے۔

اس نے کہا "کیا تم ... کچھ سو روپلی دے سکتے ہو؟" ستی پان ارکاد تنگ نے مذاقیہ انداز میں کہا۔ "یہ شہری بھائیوں سے تم لوگوں کا اختصار کے ساتھ بات کرنے کا طریقہ ہے اور جب سودا کیا ہوتا ہے تو ہم بہت زیادہ اچھا سودا ... ہیں تم یقین رکھو کہ میں نے سارا حساب لگا لیا ہے" اس نے کہا "اور جنگل بڑے فائدے میں رہا ہے مجھے تو یہ ڈر ہے کہ اب وہ ہمیں انکار نہ کر دے آخر یہ کار آمد لکڑی تو ہے نہیں" ستی پان ارکاد تنگ نے یہ لفظ "کار آمد" استعمال کر کے لیویں کو یقین دلانا چاہا کہ اس کے شوک سے بچ جائیں "بلکہ زیادہ تو ایندھن ہے اور وہ بھی د... ہیں میں تمیں سو ڈالر (20) سے زیادہ نہ لگے گی اور اس نے مجھے دو سو روپلی دے دیا تین کے حساب سے دیئے۔"

لیویں حقارت سے مسکرایا۔ اس نے سوچا "جانتا ہوں" یہ انداز جو صرف انہیں کا نہیں بلکہ سارے شہری باشندوں کا ہوتا ہے جو دس ... میں دو ایک بار دیہات آتے ہیں اور گاؤں کے دو چار لفظ سیکھ لیتے ہیں اور جس موقع بے موقع استعمال کرتے ہیں اس حکم یقین کے ساتھ کہ جس وہ سب کچھ جان گئے 'کار آمد' وہ تمیں میں تمیں سو ڈیں سے زیادہ نہ لگے گی۔ لفظ تو استعمال کرتے ہیں لیکن سمجھتے خود بھی کچھ نہیں ہیں۔"

"میں تمہیں وہ سکھانے کی کوشش کبھی نہ کروں گا جو تم وہاں اپنی عدالت میں لکھتے ہو" اس نے کہا "اور اگر مجھے ضرورت پڑی تو تم سے گزارش کروں گا۔ لیکن تمہیں اس قدر یقین ہے کہ تم جنگل کے سارے معاملے کا صحیح اور طور طریقے جانتے ہو سو یہ مشکل معاملہ ہے۔ پڑ گئے تم نے؟"

"پڑ کیسے گئے جا سکتے ہیں؟" ستی پان ارکاد تنگ نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا۔ وہ پوری کوشش کر رہے تھے کہ اپنے دوست کو اس کی خراب دلی حالت میں سے نکال لیں۔ "صدمے کے ذرے گنتا' سیاروں کی گردش کا حساب لگا کر سکتا ہے لیکن ..." (21)

"ہاں لیکن ریا بینن کا حافظہ بڑا ہو کر سکتا ہے۔ اور اگر اسے ملتفت نہ دے دیا جائے جیسے تم کر رہے ہو تو ایک بھی سودا گر گھنے بغیر نہ رہے گا۔ تمہارا جنگل میں جانتا ہوں۔ میں وہاں ہر سال شکار کھیلنے جاتا ہوں اور تمہارے جنگل کی قیمت فی ... سیاتیں پانچ سو روپلی تھی' جبکہ اس نے تمہیں دیئے دو سو روپلی وہ بھی قسطوں میں۔ مطلب یہ کہ تم نے اس کو تمیں ہزار ملتفت میں دے دیئے۔"

"اچھا اب بہانہ بس کرو" ستی پان ارکاد تنگ نے رحم کی درخواست کرنے کے انداز میں کہا "تو پھر کسی اور نے کیوں نہیں دیا؟"

"اس لئے کہ اس نے دوسرے سوداگروں سے ساز باز کر رکھی ہے۔ اس نے انہیں اس معاملے میں نہ پڑنے کی رقم دی ہے۔ میں ان سب سے سودے کر چکا ہوں' انہیں جانتا ہوں۔ اگر یہ سوداگر نہیں' یہ تو سانپ خور ہیں۔ وہ ایسا سودا کرتا ہی نہیں جس میں اس کو دس پندرہ فیصدی کا نفع ہو' وہ تو انتظار کرتا ہے کہ میں کوئی ایک سو روپلی کا مال خرید لوں۔"

"اچھا اچھا جس ... تم اس وقت ناراض ہو۔"

"بالکل نہیں" لیویں نے گھر پہنچتے پہنچتے اداسی کے ساتھ کہا۔

برساتی کے پاس لوہے اور لکڑی کی کسی ہوئی ہلکی گاڑی کھڑی تھی جس میں ایک کمل کھدا بڑے چوڑے پٹوں سے بنا ہوا تھا۔ گاڑی میں ریا بینن کالوں لال چہرے والا انکار کسی ہوئی بیٹی باندھے بیٹھا ہوا تھا۔ وہی کوچوان کا کام بھی کرتا تھا۔ ریا بینن گھر کے اندر پہنچ گیا تھا اور ان دونوں دوستوں سے اس کی ملاقات پچھواڑے میں ہوئی۔ ریا بینن ادھیڑ عمر کا لمبا اور دبلا پتلا آدمی تھا۔ سر پر بال رکھے ہوئے لیکن لمبائی نمودی صاف منڈی ہوئی اور آنکھیں باہر کو نکلی ہوئی اور گدلی گدلی سی۔ وہ بے پچھیدہ اس کا گہرے رنگ کا کوٹ پہنے تھا جس کی کمر کے نیچے پیچھے کی طرف ٹن لگے ہوئے تھے۔ وہ بڑے گل بوٹ پہنے تھا جن پر گھٹنوں کے پاس پٹیاں پڑی تھیں لیکن پتلونوں پر وہ کھیچے ہوئے تھے۔ ان کے اوپر اس نے پاپوش بھی پہن رکھے تھے۔ اس نے رومال سے اپنا منہ پونچھا اور کوٹ کو کھینچ کر اچھی طرح لپیٹا حالانکہ وہ اس کے بغیری ٹھیک تھا۔ اس نے مسکرا کر آنے والوں سے صاحب سلامت کی اور ستی پان ارکاد تنگ کی طرف ہاتھ بڑھایا جیسے کوئی چیز پکڑنے کی کوشش کر رہا ہو

"اچھا آپ آ گئے" ستی پان ارکاد تنگ نے اس سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا "بہت خوب۔"

"حضور والا کی بات نہ ماننے کی جرات کیسے کر سکتا تھا' حالانکہ راستہ بہت خراب ہے۔ پکے طور پر پورا راستہ پیدل ہی چلا گیا وقت پر پہنچ گیا۔ کرسٹن تن دمیتر پچ متعلیم بھلا کا ہوں" ڈوکیویں سے مخاطب ہوا اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لینا چاہا لیکن لیویں تیوری چڑھا کر ایسا بن گیا جیسے اس نے ریا بینن کے ہاتھ کو دیکھا ہی نہ ہو اور اس نے تھیلے میں سے چابیاں نکالنی شروع کر دیں "اچھا تو شکار سے دل بہلا رہے تھے آپ لوگ؟ یہ لوں

ی مطلب چڑیاں کھلائی ہیں؟" ریا سین نے چابیوں کو حقارت کے ساتھ دیکھتے ہوئے کہا۔ "سوداگر تو مطلب ہوتی ہی ہوں گی" اور اس نے ناپسندیدگی کے انداز میں سر ہلایا جیسے سوچ رہا ہو کہ کہیں گناہ بے لذت تو نہ ہو۔

"چاہو تو میرے پڑھنے لکھنے کے کمرے میں چلے جاؤ" لیوین نے اداسی سے تجوری پر جھکتے ہوئے فرانسیسی میں اسنتی پاں ارکاڈیچ سے کہا۔ "آپ میرے پڑھنے لکھنے کے کمرے میں چلئے اور وہیں آپ لوگ بات چیت کیجئے۔"

"بالکل ممکن ہے' جہاں مرضی ہو" ریا سین نے حقارت آمیز وقار کے ساتھ کہا جیسے وہ یہ محسوس کرانا چاہتا ہو کہ ہو سکتا ہے دوسروں کے لئے یہ جاننا مشکل ہو کہ کس کے ساتھ کیسے پیش آئیں لیکن اس کے لئے کبھی کسی چیز میں کوئی مشکل نہیں ہوتی۔

پڑھنے لکھنے کے کمرے میں داخل ہو کر ریا سین نے عادت کے مطابق ادھر ادھر نظر ڈالی جیسے تلاش کر رہا ہو کہ مقدس شبیہہ کہاں رکھی ہے لیکن جب اسے وہ نظر آگئی تو اس نے اپنے اوپر صلیب کا نشان نہیں بنایا۔ اس نے کتابوں کی الماریاں اور تصویریں دیکھیں اور انہیں شکوک کے ساتھ جس کے ساتھ اس نے چابیوں کو دیکھا تھا' حقارت کے انداز میں مسکراتے ہوئے ناپسندیدگی سے سر ہلایا۔ اب وہ کسی طرح بھی اپنے کو تارک نہ تھا کہ یہ گناہ بے لذت نہیں ہے۔

"تو پھر' رقم لے لوں؟" اوبلونسکی نے پوچھا۔ "چلئے۔"

"رقم میں ہمیشہ تیار کر لیں گے۔ میں تو آپ سے ملنے اور بات چیت کرنے آیا ہوں۔"

"اب بات چیت کس کی کرنی ہے؟ ارے آپ چلئے تو۔"

"ہاں بیٹھ تو سکتا ہوں" ریا سین نے بیٹھتے ہوئے کہا اور اپنے لئے سب سے تکلیف دہ انداز میں اس نے اپنی کہنیاں آرام کرسی کی پشت پر ٹکا لیں۔ "کچھ کہنے کی ضرورت ہے بس۔ غضب ہو جائے گا۔ رقم تو قطعی طور پر تباہ ہے' ایک ایک کوپیک تک۔ رقم میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی۔"

اس عرصے میں لیوین اپنی بندوق الماری میں رکھ کر دروازے سے نکل چکا تھا لیکن سوداگر کی بات سن کر رک گیا۔

"سلت میں جنگل لے لیا" اس نے کہا۔ "یہ تو درمیں میرے پاس پہنچے نہیں تو میں نے رقم لے لی ہوتی۔"

ریا سین کھڑا ہو گیا اور چپ چاپ مسکراتے ہوئے لیوین کو اس نے نیچے سے اوپر تک دیکھا

"مسن تن' میتر یچ تو بڑی بس کے علمی باد ہے ہیں" اس نے مسکرا کر اسنتی پاں ارکاڈیچ سے کہا "ان سے قطعی طور پر کچھ خریدا ہی نہیں جا سکتا۔ کیوں کاسودا کر رہا تھا تو بھی رقم دے رہا تھا۔"

"میں اپنی چیز مفت میں آپ لوگوں کو دے دوں؟ مجھے بڑی تو قل نہیں اور رہ میں نے چوری کی ہے۔"

"رقم بخشئے صاحب آج کے زمانے میں چوری کرنا تو بے قطعی طور پر ناممکن ہے۔ آج کے زمانے میں تو قطعی طور پر سب کچھ کھلی عدالت میں ہوتا ہے' سب کچھ شرافت کے قاعدے سے ہوتا ہے' یہ نہیں کہ چوری کر لے کوئی۔ ہم تو کاروباری سے بات کر رہے تھے۔ جنگل بڑا مہنگا پڑ رہا ہے۔ حساب بھی پورا نہیں پڑے گا۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ کم کر دیجئے چاہے تھوڑا ہی سہی۔"

"ارے معاملہ آپ لوگوں کا طے ہو چکا ہے کہ نہیں؟ اگر طے ہو چکا ہے تو اب سول بھاؤ نہیں ہو سکتا اور اگر نہیں طے ہوا تو میں نے کہا تو جنگل میں خریدوں گا۔"

مسکراہٹ ریا سین کے چہرے سے اچانک غائب ہو گئی اس پر بس ایک تھکے ہوئے بیمار کا تاثر رہ گیا۔ پھر تیلی پڑیلی انگلیوں سے اس نے اپنے کوٹ کے بٹن کھولے۔ قمیص' واسکٹ کے نیچے کے فان اور گھڑی کی زنجیر نظر آگئی۔ جلدی سے اس نے ایک موٹا سا بٹوا نکال لیا۔

"مہربانی کیجئے' جنگل میرا ہے" اس نے جلدی سے اپنے اوپر صلیب کا نشان بناتے ہوئے اور ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔ "رقم لو اور جنگل میرا ہو گیا۔ اس طرح کرنا ہے سودا ریا سین گھڑیاں نہیں گنتا" وہ بھویں سکوڑ کر بڑبڑاتے ہوئے بولا۔

"میں تمہاری جگہ ہوتا تو اتنی جلدی نہ کرتا" لیوین نے کہا۔

"ارے اب مان جاؤ" اوبلونسکی نے تعجب کے ساتھ کہا "آخر میں تول دے چکا ہوں۔"

لیوین دروازے کو دھڑ سے بند کر کے کمرے سے باہر چلا گیا۔ ریا سین نے دروازے کی طرف دیکھتے ہوئے مسکرا کر سر ہلایا۔

"سب لوجوانی ہے' قطعی طور پر لوجوانی ہے بس۔ میں تو خرید رہا ہوں' بخشئے' صرف عزت کی خاطر' مطلب یہ کہ صرف سوداگری کے لئے کہ اوبلونسکی کا جنگل کسی اور نے نہیں بلکہ ریا سین نے خریدا۔ اور اب تو خدا ہی کرے حساب تو پورا کرنا ہی ہے۔ خدا بڑا رحیم و کریم ہے۔ اتنی عنایت کیجئے' اب بیچ نامہ لکھ دیجئے۔"

گھنٹے بھر بعد سوداگر اپنے لبادے کو اچھی طرح لپیٹ کر اور کوٹ کے بٹن لگا کر جیب میں بیع نامہ رکھے ہوئے اپنی خوب اچھی طرح کسی بند گھی گاڑی میں بیٹھا اور اپنے گھر چل دیا۔

"لفسیہ بالکل لوگ" اس نے اپنے افسر سے کہا "ایک ہی چیز ہیں۔"

"یہ تو ہے ہی" افسر نے کام اس کے حوالے کر کے گاڑی کی بتی روشن کرتے ہوئے جواب دیا۔ "اور سودا کیسا رہا؟ کتنا مل گیا؟"

"بس ایسا ہی رہا۔"

17

لوگوں سے چھوٹی ہوئی میب کے ساتھ' جو سوداگر نے انہیں تین ہفتے بعد دینے کے وعدے پر دی تھی' اسنتی پاں ارکاڈیچ اور کٹی چلے گئے۔ جنگل کا سودا طے تمام ہو گیا' رقم جیب میں آگئی' کاروبار سے اسنتی پاں ارکاڈیچ کا دل بہت ہی خوش و فرحم تھے اور اسی لئے خاص طور سے ان کا جی چاہتا تھا کہ اس بری مزاجی' بیعت اور دل میں جو لیوین پر طاری ہو گئی تھی' اسے بھی چاہتا تھا کہ رات کے کھانے کے ساتھ دو پیالے ہی خوشگوار طریقے پر ختم ہو جیسے شروع ہوا تھا۔

لیوین کا بھی واقعی برا ہو رہا تھا اور وہ اپنے آپ کو سنبھال نہیں پا رہا تھا باوجود اس کے کہ وہ سے چاہتا تھا کہ اپنے شفیق مہمان کے ساتھ نیکی اور پیار کے ساتھ پیش آئے۔ اس جرم کے بیٹے سے اس پر جبر سے دیر سے حل کرنا شروع کیا کہ ابھی کیٹی کی شادی نہیں ہوئی۔

کیٹی کی شادی نہیں ہوئی اور وہ بیمار ہیں' اس شخص سے محبت کرنے کی وجہ سے بیمار ہیں جس نے انہیں

نظر انداز کر دیا ہے۔ اس سے جیسے اس کی اپنی توہین ہو رہی تھی۔ ورونسکی نے ان کو نظر انداز کیا اور انہوں نے اس کو لیوین کو نظر انداز کیا۔ چنانچہ ورونسکی کو حق تھا کہ وہ لیوین کو حقارت کی نظر سے دیکھے اور اس لئے وہ اس کا دشمن تھا۔ لیکن لیوین نے یہ سب نہیں سوچا تھا۔ وہ مبہم طور پر محسوس کر رہا تھا کہ اس میں کچھ اس کے لئے بھی توہین آمیز بات ہے اور اب وہ اس بات پر غصہ نہیں کر رہا تھا جس نے اس کو پریشان کر دیا تھا بلکہ ہر اس چیز سے الجھ رہا تھا جو اس کے ذہن میں آ رہی تھی۔ وہ بیگل کی احمقانہ فروشت اور اس دھوکے پر 'جو اولونسکی کے ساتھ کیا گیا تھا اور جو اس کے گھر میں کیا گیا تھا' آپے سے باہر ہو رہا تھا۔

"تو، ختم ہو گیا؟" اس نے اوپر اسٹیپان ارکادیچ کا سامنا ہوتے ہی کہا۔ "کھانا کھاؤ گے؟"

"ہاں، انکار تو نہیں کروں گا۔ مجھے دیہات میں کس قدر بھوک لگتی ہے، کمال ہو جاتا ہے۔ اور تم نے ریابینن سے کھانے کے لئے کیوں نہیں کہا؟"

"لعنت ہے اس پر!"

"مگر یہ تم اس کے ساتھ برتاؤ کیسا کرتے ہو!" اولونسکی نے کہا۔ "تم نے اس سے ہاتھ بھی نہیں ملایا۔ اس سے ہاتھ ملانے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟"

"اس وجہ سے کہ میں اپنے خدمتگار سے ہاتھ ملاتا نہیں اور خدمتگار اس سے سو گنا بہتر ہے۔"

"تم بھی کس قدر رجعت پسند ہو اور طبقات کا ایک ہو!" اولونسکی نے کہا۔

"جس کو طبقات کا ایک ہونا اچھا لگے وہ ضرور کرے یہ سب، اور مجھے یہ خصلت ناپسند ہے۔"

"تم میں دیکھ رہا ہوں کہ قطعی طور پر رجعت پسند ہو۔"

"سچ تو یہ ہے کہ میں نے کبھی سوچا ہی نہیں کہ میں کون ہوں۔ میں — کنسٹن تن لیوین ہوں، اس سے زیادہ کچھ نہیں۔"

"اور کنسٹن تن لیوین جس کا بھی بہت برا ہو رہا ہے" اسٹیپان ارکادیچ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"ہاں، میرا بھی برا ہو رہا ہے اور معلوم ہے کیوں؟ معاف کرنا مجھے، تمہاری احمقانہ فروشت سے۔"

اولونسکی نے نیک دلی سے تیوریاں چڑھائیں، ایک ایسے شخص کی طرح جسے اس کے کسی قصور کے بغیر ہی چھیڑا جا رہا ہو اور برا بھلا کہا جا رہا ہو۔

"اچھا، اب بہت ہو چکا!" انہوں نے کہا۔ "کب ایسا ہوا ہے کہ کسی نے کچھ بیچا ہو اور بیچنے کے فوراً ہی بعد اس سے یہ کہا گیا ہو کہ 'اس کی قیمت تو اس سے بہت زیادہ تھی'؟ لیکن جب تک وہ بیچا ہوا ہے تب تک کوئی بھی اسے نہیں لیتا۔ نہیں، میں دیکھ رہا ہوں کہ تم تو اس بدنصیب ریابینن پر رات پیتے ہو۔"

"ہو سکتا ہے، پیتا ہوں۔ اور پتہ ہے کیوں؟ تم پھر کہو گے کہ میں رجعت پرست ہوں یا اسی طرح کی کوئی اور عبرت انگیز بات کہو گے، پھر بھی مجھے جھنجلاہٹ ہوتی ہے اور برا لگتا ہے ہر طرف یہ دیکھنا کہ طبقہ امرا مفلس ہوتا جا رہا ہے۔ اسی طبقے سے میرا تعلق ہے اور طبقات کے ایک ہو جانے کی بات کے باوجود مجھے خوشی ہے کہ میرا تعلق اسی طبقے سے ہے۔ اور یہ مفلس ہو رہا ہے عیاشی کی وجہ سے نہیں — ایسا ہو تو کوئی بات نہ تھی۔ مالکوں کی طرح شان سے رہنا — یہ تو طبقہ امرا کا شیوہ ہے اور طبقہ امرا ہی یہ کر سکتا ہے۔ اب ہمارے آس پاس کسان زمینیں خرید رہے ہیں — یہ مجھے برا نہیں لگتا۔ مالک زمیندار تو کچھ کرتے نہیں، کسان محنت کرتا ہے اور کامل کے آدمی کو میدان سے نکال باہر کرتا ہے۔ یہی ہونا چاہئے۔ اور کسان کے لئے میں خوش ہوں۔ لیکن مجھے برا لگتا ہے جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ یہ مفلسی کسی، سمجھ میں نہیں آتا اسے کیا کہا جائے، سیدھے پن کی بنا پر ہو رہی ہے۔ ادھر ایک پرتعیش منافع خور نے آدھی قیمت پر ایک خاتون مالکن سے بڑی اچھی جائیداد خرید لی ہے، تیتا میں رہتی ہیں۔ ادھر ایک سوداگر کو ایک روبل فی دسیاتین کے لگان پر ایسی زمین دے دی جاتی ہے جو دس روبل فی دسیاتین کی ہے۔ ابھی تم نے بغیر کسی وجہ کے اس لفنگے کو تیس ہزار روبل تحفے کے طور پر دے دیئے۔"

"تو پھر کیا کرتا؟ ایک ایک پیسہ گنتا؟"

"بالکل گننا چاہئے تھا۔ تم نے تو گنا نہیں لیکن ریابینن نے گنا۔ ریابینن کے بچوں کے پاس زندگی بسر کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کا ذریعہ ہو گا لیکن تمہارے بچوں کے پاس شاید نہیں ہو گا۔"

"اچھا تم مجھ کو معاف کرنا لیکن اس گنجلک میں کچھ کھٹیا پن ہے۔ تمہاری اپنی مصروفیات ہیں اور ان لوگوں کی اپنی، اور انہیں منافع تو ضرور چاہئے۔ اور پھر سودا پکا ہو چکا، بات ختم۔ اور یہ رہے ادھ کھلے انڈے، جیسے مجھے سب سے زیادہ پسند ہیں۔ اور اگافیا میٹوینا کیلوروا کیسی وہ بڑی بوندوں والی شاندار براٹری دیں گی۔۔۔"

اسٹیپان ارکادیچ میز کے پاس آ بیٹھے اور اگافیا میٹوینا کیلوروا کے ساتھ ہنسی مذاق کرنے اور انہیں یقین دلانے لگے کہ انہوں نے مدتوں سے اس طرح کا کھانا نہیں کھایا۔

"ارے آپ کم سے کم تعریف تو کرتے ہیں" اگافیا میٹوینا کیلوروا نے کہا، "اور کنسٹن تن دمیتریچ کو تو جا ہے کچھ بھی دے دو، بالکل روٹی کا گولا ہی سہی، نہ کھا کے چل دیتے ہیں۔"

لیوین نے اپنے آپ کو سنبھالنے کی بہت کوشش کی لیکن وہ اداس اور چپ چپ ہی رہا۔ اس کے لئے اسٹیپان ارکادیچ سے ایک سوال کرنا ضروری تھا لیکن وہ ہمت نہ کر سکا، نہ اس کی سمجھ میں آیا تھا کہ کس طرح سوال کرے، نہ یہ کہ کس وقت اور کیسے۔ اسٹیپان ارکادیچ نیچے اپنے کمرے میں جا چکے تھے۔ انہوں نے کپڑے اتارے، پھر سے ہاتھ منہ دھویا، اپنی رات کی بھاری اور قمیص پہنی اور لیٹ گئے لیکن لیوین پھر بھی انہیں کے کمرے میں ڈٹا رہا اور طرح طرح کی بیکار باتیں کرتا رہا مگر وہ پوچھنے کی اس کی ہمت ہی نہ پڑی جو وہ پوچھنا چاہتا تھا۔

"یہ صابن کتنے حیرت انگیز طریقے سے بنائے ہیں یہ لوگ" اس نے اس طرشیوردار صابن کو ہاتھ میں لے کر الٹتے پلٹتے ہوئے کہا جسے اگافیا میٹوینا کیلوروا نے مہمان کے لئے رکھا تھا لیکن اولونسکی نے اسے استعمال نہیں کیا تھا۔ "دیکھو ذرا" یہ تو بالکل فنکارانہ تخلیق ہے۔"

"ہاں آج کل ہر چیز کمال کے اس درجے پر پہنچ گئی ہے" اسٹیپان ارکادیچ نے بھیگی بھیگی اور بڑی بڑی بار کت جماہی کے ساتھ کہا۔ "مشنری ضمیر اور یہ نشاۃ ثانیہ تحقیریں۔۔۔ آ۔۔۔ آ۔۔۔" انہوں نے جماہی لی۔ "ہر جگہ بجلی کی روشنی۔۔۔ آ۔۔۔ آ۔۔۔"

"ہاں بجلی کی روشنی" لیوین نے کہا۔ "ہاں۔ اچھا تو ورونسکی اب کہاں ہیں؟" اس نے صابن رکھتے ہوئے اچانک پوچھ لیا۔

"ورونسکی؟" اسٹیپان ارکادیچ نے اپنی جماہی کو روکتے ہوئے کہا۔ "وہ پیٹرس برگ میں ہیں۔ تمہارے جانے کے فوراً ہی بعد چلے گئے تھے اور اس کے بعد ایک بار بھی ماسکو نہیں آئے۔ اور پتہ ہے تمہیں کوستیا" انہوں نے میز پر کہنیاں ٹیک کر ہتھیلیوں پر اپنا خوبصورت سرخ چہرہ رکھ لیا جس کی وجہ سے ان کی مسٹر ٹیک اور خمدار ڈبلی ہوئی آنکھیں ستاروں کی طرح چمکنے لگیں۔ انہوں نے اپنی بات جاری رکھی "تصور خود تمہارا ہے۔

تم رقیب سے ڈر گئے۔ اور میں نے تو اس وقت بھی تم سے کہا تھا کہ میں نہیں جانتا کہ کس کے لئے زیادہ امکانات تھے۔ تم آخر آگے کیوں نہیں بڑھے؟ میں نے بھی تم سے کہا تھا کہ۔" انہوں نے منہ کھولے بغیر صرف جبڑوں سے جمائی لی۔

"انہیں معلوم ہے کہ میں نے خواہشگاری کی تھی۔" لیوین نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے سوچا۔

"ہاں' اس کا انداز کچھ عیارانہ سا ہے کچھ سفیرانہ سا ہے۔" اور یہ محسوس کر کے کہ اس کا چہرہ سرخ ہو تا جا رہا ہے، چبھیدیا اور اسٹیپان ارکادیچ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھتا رہا۔

الابونسکی نے اپنی بات جاری رکھی۔ "اگر کیٹی کی طرف سے تب کچھ تھا بھی تو وہ محض ظاہری شکل و صورت کے لئے کشش تھی۔ تم تو جانتے ہی ہو یہ اصلی طبقہ' امرا داد ابداز اور معاشرے میں اچھی حیثیت کا اثر کیٹی پر نہیں بلکہ ماں پر ہوا۔"

لیوین نے بھویں سکیڑ لیں۔ ٹھکرائے جانے کی توہین' جس سے ہو کر وہ گزرا تھا' اس کے دل کو یوں جلا رہی تھی جیسے ابھی ابھی لگنے والا زخم ہو۔ لیکن اب وہ اپنے گھر پر تھا اور اپنے گھر کی تو ہر اریں بھی مدد کرتی ہیں۔

"محسوس" محسوس" وہ الابونسکی کی بات کاٹ کر بول پڑا۔ "تم کہتے ہو اصلی طبقہ' امرا داد ابداز۔ کیا میں تم سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ وردسکی کا یا کسی اور کا یہ طبقہ' امرا داد ابداز کس چیز پر مبنی ہے جس کی وجہ سے مجھ کو دھتکارا جائے؟ وردسکی کو تم طبقہ' امرا کا سمجھتے ہو لیکن میں نہیں سمجھتا۔ جس شخص کے باپ نے میرے میرے کی خوشامد کرنے خود کو آگے بڑھایا' جس کی ماں نے صدا جانے کس کس سے تعلق نہیں رکھا۔ نہیں تم مجھے معاف کرو' لیکن طبقہ' امرا کا میں خود کو اور اپنے جیسے لوگوں کو سمجھتا ہوں جو ماں کی طرف سے خاندان کی تین چار پشتیں (گنا سکتے ہیں ہو تعلیم و تہذیب کے بلند ترین درجے پر تھیں (استعداد اور ذہانت — یہ دوسری بات ہے) اور جنہوں نے کبھی کسی کے سامنے خود کو ذلیل نہیں کیا' کبھی کسی چیز کے محتاج نہیں رہے' جیسے میرے باپ تھے اور میرے دادا تھے اور ان جیسے بہت سے لوگوں کو جانتا ہوں۔ تم کو یہ بات گھٹیا لگتی ہے کہ میں جنگل میں پیڑ گنتا ہوں اور تم نہیں ہر روز دل ربا لیبن کو خط دیتے ہو۔ لیکن تمہیں تو نگاں ملتا ہے اور پد نہیں اور کیا' لیکن مجھے نہیں ملتا اس لئے مجھے اپنے ابعاد کا ترک اور محنت عزیز ہے۔ طبقہ' امرا کے ہم ہیں نہ کہ وہ جن کا وجود اس دنیا کے طاقتور لوگوں کی عنایات کی بدولت برقرار ہے اور جنہیں روکوڑی میں خریدا جا سکتا ہے۔"

"یہ تم کس پر غصہ کر رہے ہو؟ مجھے تمہاری بات سے اتفاق ہے۔" اسٹیپان ارکادیچ نے خلوص اور خوشدلی سے کہا حالانکہ وہ محسوس کر رہے تھے کہ جس لوگوں کو روکوڑی میں خریدا جا سکتا ہے ان میں لیوین نے خود ان کو بھی شامل کر لیا ہے۔ لیوین کا جوش میں آنا انہیں بچے دل سے اچھا لگا تھا۔ "تم کس پر غصہ کر رہے ہو؟ حالانکہ تم وردسکی کے بارے میں جو کچھ کہہ رہے ہو اس میں سے بہت کچھ سچ نہیں ہے لیکن میں اس کی بات نہیں کر رہا ہوں۔ میں تو تم سے سیدھے سیدھے کہتا ہوں کہ اگر تمہاری جگہ میں ہوتا تو میرے ساتھ ماسکو چلا ہوتا۔"

"نہیں' مجھے نہیں معلوم کہ تم جانتے ہو یا نہیں لیکن میرے لئے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اور میں تمہیں بتا دیتا ہوں کہ میں نے خواہشگاری کی تھی اور جواب میں مجھے انکار ملا تھا اور اب کاتیرینا الکسانڈروونا میرے لئے محض ایک تکلیف دہ اور شرمناک یاد ہیں۔"

"آخر کس لئے؟ یہ تو محض حماقت ہے۔"

"لیکن ہم اس کے بارے میں باتیں نہیں کریں گے۔ تم مہربانی کر کے مجھے معاف کرو اگر میں نے تمہارے ساتھ روکھے پن سے باتیں کیں۔" لیوین نے کہا۔ "اب سب کچھ کہہ چکنے کے بعد وہ پھر ویسے ہی ہو گیا تھا جیسے صبح کو تھا۔ "تم مجھ سے خفا تو نہیں ہو اسٹیپا؟ مہربانی کر کے خفا نہ ہونا۔" اس نے کہا اور مسکرا کر اسٹیپان ارکادیچ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا۔

"میرے نہیں' بالکل نہیں' اور خاکسار لئے ہونا۔ میں تو خوش ہوں کہ ہم نے بات صاف کر لی۔ اور یہ ہے نہیں' صبح سویرے کا شکار بھی اچھا ہوتا ہے۔ چلیں نہ ہم لوگ آپ میں بھی کو سودس گا نہیں بلکہ شکار ہی پر سیدھے ریڑے سٹیشن چلا جاؤں گا۔"

"یہ تو بہت ہی اچھا ہے۔"

18

باوجود اس کے کہ وردسکی کی ساری باطنی زندگی اس کے جنون محبت سے لبریز تھی' اس کی ظاہری زندگی معاشرے اور رجمنٹ کے تعلقات اور دلچسپیوں کے پرانے اور عادی (میرے ہی پر بغیر کسی تبدیلی کے اور بلا روک ٹوک چلتی جاری تھی۔ رجمنٹ کی دلچسپیوں کو وردسکی کی زندگی میں اہم مقام حاصل تھا اس لئے بھی کہ اسے اپنی رجمنٹ سے محبت تھی اور اس لئے بھی کہ رجمنٹ میں لوگ اس سے محبت کرتے تھے۔ رجمنٹ میں لوگ وردسکی سے صرف محبت ہی نہیں بلکہ اس کا احترام اور اس پر فخر بھی کرتے تھے' فخر اس لئے کرتے تھے کہ یہ شخص' باوجود اس کے کہ بہت ہی مالدار تھا' بہت اچھی تعلیم اور صلاحیت رکھتا تھا' جس کے سامنے ہر قسم کی کامیابی کے راستے کھلے تھے' باوجود اس کے جوانی میں بھی اور حکمت و دانشوری میں بھی' من سب کو کوئی اہمیت نہیں دیتا تھا اور زندگی کی ساری دلچسپیوں میں سب سے زیادہ رجمنٹ کے مفادات اور رفاقت کو عزیز رکھتا تھا۔ وردسکی اپنے بارے میں اپنے ساتھیوں کی اس رائے کو جانتا تھا۔ اور اس کے علاوہ کہ وہ اس زندگی کو پسند کرتا تھا یہ بھی محسوس کرتا تھا کہ اس کے بارے میں یہ رائے قائم کی گئی تھی اس کو برقرار رکھنا اس کا فرض ہے۔

یہ تو کہنے کی ضرورت ہی نہیں کہ اس نے اپنے ساتھیوں میں سے کسی سے بھی اپنی محبت کے بارے میں بات نہیں کی' شراب کی بدمست محفلوں میں بھی اس کے منہ سے اس کے بارے میں ایک لفظ نہیں نکلا (ویسے وہ کبھی نشے میں اتنا دھت بھی نہ ہوتا تھا کہ اسے اپنے اوپر قابو نہ رہ جائے) اور وہ اپنے ان لاپرواساتھیوں کا بھی سختی سے رد کر دیتا تھا جو اس تعلق کی طرف اشارہ کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود کہ اس کی محبت کے بارے میں پورے شہر کو معلوم تھا — سب لوگ کم و بیش محبت کے ساتھ کار۔ خینا سے اس کے تعلق کے بارے میں قیاس کر چکے تھے — زیادہ تر نوجوان اس سے اسی بات پر رشک کرتے تھے جو اس کی محبت میں سب سے دشوار چیز تھی — کارسین کی اعلیٰ حیثیت پر اور اس لئے معاشرے کے لئے اس تعلق کی نمائشی اہمیت پر۔

زیادہ تر نوجوان عورتیں جو آنا سے رشک کرتی تھیں اور جو بدنوں سے اس بات سے عاجز تھیں کہ انہیں بڑی پاکباز کہا جاتا تھا' اس بات پر خوش تھیں کہ انہوں نے تو پہلے ہی سے بھانپ لیا تھا اور وہ صرف معاشرے کی رائے میں تبدیلی کی تائید کا انتظار کر رہی تھیں تاکہ اپنی حقارت کے پورے وزن کے ساتھ ان پر ٹوٹ پڑیں۔ ان عورتوں نے کیچڑ کے وہ لوندے ابھی سے تیار کر لئے تھے جو وقت آنے پر وہ سب ان پر پھینکنے والی

تھیں۔ بڑی عمر کے اور اعلیٰ حیثیت کے لوگوں میں سے زیادہ تر معاشرے میں اس رسوائی سے ناخوش تھے جو ہوتا ہو رہی تھی۔

وردھنگی کی ماں کو جب اس کے تعلق کے بارے میں معلوم ہوا تو شروع میں تو وہ خوش تھیں اس لئے کہ ان کی سمجھ کے مطابق ہونہار نوجوان کو کوئی بھی چیز اس درجہ نہیں نکھارتی سنوارتی تھی جیسے کہ اعلیٰ معاشرے میں ایک تعلق' اور اس لئے بھی کہ کار۔ستینا بھی' جو انہیں اپنے بیٹے کے بارے میں اتنی باتیں کرتے رہنے کی وجہ سے اس قدر پسند آئی تھیں' بہرحال ویسی ہی تھیں جیسی 'کاؤنٹس وردنکایا کی سمجھ میں 'ساری خوبصورت اور مہذب عورتیں ہوتی ہیں۔ لیکن کچھ دنوں پہلے انہیں یہ معلوم ہوا کہ ان کے بیٹے نے ایک بجوزہ عہدے سے جو اس کی فوجی زندگی کے لئے بہت اہم ہوتا' صرف اس لئے انکار کر دیا تھا کہ وہ رجمنٹ ہی میں رہے جہاں وہ کار۔ستینا سے مل سکتا تھا۔ انہیں یہ بھی معلوم ہوا کہ اس انکار کی وجہ سے اعلیٰ عہدوں کے لوگ وردھنگی سے ناخوش ہیں۔ تب کاؤنٹس وردنکایا نے اپنی رائے بدل دی۔ انہیں یہ بات بھی پسند نہیں آئی کہ جس حد تک انہیں معلوم ہوا تھا' یہ ویسا نامبارک' پروقار معاشرے والا تعلق بھی نہ تھا جس کی انہوں نے تائید و توثیق کر دی ہوتی' بلکہ یہ تو کسی قسم کا انتہائی نااہل کاؤنٹر تھا (22) کا جیسا جنون محبت تھا' جیسا کہ لوگوں نے انہیں بتایا تھا' جو وردھنگی کو عاقبت پر آمادہ کر سکتا تھا۔ وہ وردھنگی سے اس وقت سے نہ ملی تھیں جب وہ اسکو سے غیر متوقع طور پر چلا گیا تھا اور انہوں نے اپنے بڑے بیٹے کے توسط سے یہ معاملہ کیا کہ وہ آکران سے ملے۔

بڑے بھائی بھی اسی طرح پھولنے سے ناخوش تھے۔ وہ یہ تخصیص نہیں کرتے تھے کہ کیسی تھی یہ محبت' گہری کہ معمولی' جنونی یا سرسری' بداخلاق یا باخلاق (وہ خود بچے والے تھے پھر بھی ایک ناچنے والی کو رکھے ہوئے تھے' اس لئے وہ اس معاملے میں رواداری برتتے تھے) لیکن وہ جانتے تھے کہ یہ محبت ان لوگوں کو پسند نہیں تھی جنہیں پسند ہونی چاہئے تھی۔ اس لئے وہ بھی بھائی کے برتاؤ کی تائید نہیں کرتے تھے۔

فوجی ملازمت اور معاشرے کی معمولیتوں کے علاوہ وردھنگی کی ایک اور بھی معمولیت تھی — گھوڑے جن کا وہ پرجوش شیدائی تھا۔

اسی سال افسروں کی ایک اسٹیپل چیز گھڑدوڑ ہونے والی تھی۔ وردھنگی نے مقابلے میں شریک ہونے کے لئے اپنا نام لکھوا دیا تھا اور اچھی نسل کی ایک انگلستانی گھوڑی بھی خریدلی اور اپنی محبت کے باوجود وہ آکھ بند کا انتظار بڑی شدت سے لیکن ضبط کے ساتھ کر رہا تھا۔

یہ دونوں جذبے ایک دوسرے میں مخل نہیں ہوتے تھے۔ برعکس اس کے اسے ایک ایسی معمولیت اور دل لگاؤ کی صورت تھی جو اس کی محبت سے آزاد ہو' جس میں وہ تازہ دم ہو سکے اور اپنے بہت ہی پریشان کن تاثرات سے آرام حاصل کر سکے۔

19

کراسنوے سیلو (23) میں جس دن دوڑیں ہونے والی تھیں اس دن وردھنگی اپنے معمول سے پہلے ہی بیت اسٹیک کھانے کے لئے افسروں کے میس میں آیا۔ اس کو کھانے پینے میں بہت سختی کے ساتھ اپنے اوپر جبر کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی اس لئے کہ اس کا وزن بالکل مقررہ ساڑھے چار پود کے برابر تھا۔ لیکن اس کا خیال رکھنا ضروری تھا کہ اب اور وزن نہ بڑھے اس لئے وہ میٹھی اور سادے دار چیزوں سے پرہیز کرتا تھا۔ وہ سفید

سکٹ پر کھلے بٹنوں کا کوٹ پہنے ہوئے اپنی کہنیاں میز پر ٹکائے بیٹھا تھا۔ بیت اسٹیک کا انتظار کرتے ہوئے وہ ایک فرانسیسی ناول کو پڑھنے لگا جو پلیٹ پر کھلا رکھا تھا۔ وہ کتاب کو صرف اس لئے دیکھ رہا تھا کہ آنے جانے والے افسروں سے باتیں نہ کرنی پڑیں اور وہ سوچ سکے۔

وہ یہ سوچ رہا تھا کہ آج گھڑدوڑ کے بعد آنا نے اس سے ملنے کا وعدہ کیا تھا لیکن وہ اس سے تین دن سے نہیں ملا تھا اور چونکہ ان کے شوہر دیس سے واپس آگئے تھے اس لئے اسے پتہ نہیں تھا کہ آج ملاقات ممکن ہو گی یا نہیں اور اسے یہ بھی پتہ نہ تھا کہ اس کا پتہ کیسے چلائے۔ پچھلی بار وہ آنا سے اپنی رشتے کی بہن بیٹسی کے گھر ملنے والے مضافاتی بنگلے میں ملا تھا۔ کار۔ستینا خاندان کے مضافاتی بنگلے میں وہ جہاں تک ہو سکتا تھا کبھی جاتا تھا لیکن وہاں جانا چاہتا تھا اور اس سوال پر غور کر رہا تھا کہ یہ کیسے کیا جائے۔

"ظاہر ہے میں یہ کہہ دوں گا کہ بیٹسی نے مجھے یہ پوچھنے کے لئے بھیجا ہے کہ آنا گھڑدوڑ دیکھنے آئیں گی یا نہیں۔ تو ظاہر ہے کہ میں جاؤں گا" اس نے دل میں فیصلہ کر لیا' کتاب پر سے نظریں اٹھائیں اور انہیں دیکھنے کی خوشی کا تصور کر کے اس کا چہرہ دمک اٹھا۔

"کسی کو میرے گھر بھیجو کہ یہ کہلوا دے کہ تین گھوڑوں والی گاڑی جلدی سے تیار کر دی جائے" اس نے حد۔ستار سے' جو اس کے لئے چاندی کی گرم قاب میں بیت اسٹیک لایا تھا' کہا اور قاب اپنی طرف کھسکا کر کھانے لگا۔

پاس کے بلیرڈ والے کمرے سے گیندوں کے ٹکرانے کی کھٹ کھٹ کی' بات چیت کرنے اور ہنسنے کی آوازیں آ رہی تھیں۔ اندر آنے والے دروازے سے دو افسران داخل ہوئے۔ ایک تو کمزور سا ہلکے پھلکے بدن والا نوجوان تھا جو تھوڑے ہی دن ہوئے کورنٹ میں آیا تھا' دوسرا گہرے سانولی رنگ کا افسر تھا جو ہاتھ میں دستانے پہنے تھا اور جس کی آنکھیں چھوٹی چھوٹی اور اندر کو دھنسی ہوئی سی تھیں۔

وردھنگی نے ان دونوں کی طرف نظر اٹھائی اور تیوری چڑھا کر کتاب کو یوں دیکھتے ہوئے جیسے اس نے ان لوگوں کو کبھی نہ دیکھا ہو' ٹیک وقت کھانا اور پڑھنا شروع کر دیا۔

"یہ کیا؟ کام کے لئے اپنے کو مضبوط بنا رہے ہو؟" گہرے سانولے افسر نے اس کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا۔

"وہ تو تم دیکھ ہی رہے ہو" تیوریاں چڑھا کر' منہ پونچھتے ہوئے اور اس کی طرف دیکھے بغیر وردھنگی نے جواب دیا۔

"اور وزن بڑھ جانے سے ڈرتے نہیں؟" گہرے سانولے افسر نے نوجوان افسر کے لئے کرسی کھسکاتے ہوئے کہا۔

"کیا؟" وردھنگی نے غصے میں کہا اور کراہت کا اظہار کرنے کے انداز میں دانت کوس کر اپنی بھی ہوئی مونچھیں کھا گیا۔

"وزن بڑھ جانے سے ڈرتے نہیں؟"

"ارے سنو' ایک بوتل جیرس دینا ذرا" وردھنگی نے اس کی بات کا جواب دیئے بغیر کہا اور کتاب کو قاب کی دوسری طرف کھسکا کر پڑھنے لگا۔

گہرے سانولے افسر نے شرابوں والا کارڈ اٹھایا اور نوجوان افسر سے مخاطب ہو گیا۔

وہ اسے کارڈ دیتے ہوئے اور اس کے چہرے کو تکتے ہوئے بولا "تم خوبصورت کرک ہم لوگ کیا پئیں۔"

"شاید رائن کی شراب" نوجوان افسر نے جھجک کے ساتھ تلخیوں سے درد شکی کو دیکھتے ہوئے اور اپنی نورس مونچھوں کو انگلیوں سے پکڑنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔ یہ دیکھ کر کہ درد شکی ان لوگوں کی طرف نہیں مڑا "نوجوان افسر کھڑا ہو گیا۔

اس نے کہا "چلئے بلیئرڈ روم میں چلتے ہیں۔"

گرد ہ افسروں تابعداری کے ساتھ کھڑا ہو گیا اور وہ دونوں دروازے کی طرف چل دیئے۔

اسی وقت سوار فوج کا ایک لمبا اور سڈول افسر یاشوین کمرے میں داخل ہوا اور اس نے حقارت کے ساتھ ان دونوں افسروں کو دیکھ کر اوپر ہی اوپر سے کچھ تنظیم کا سا اشارہ کیا اور درد شکی کی طرف چلا گیا۔

"آھا! یہ رہا دوا" اس نے چلا کر کہا اور اپنا بڑا سا ہاتھ اس کے کندھے پر مارا۔ "درد شکی نے غصے میں نظر اٹھائی لیکن فوراً ہی اس کا چہرا اپنی مخصوص ملنساری اور قلبی شفقت سے دمک اٹھا۔

"کچھ داری کی بات ہے ایلیوشا" سوار فوج کے افسر نے بھاری اور فیتی آواز میں کہا۔ "ابھی تھوڑا کھاؤ اور بس ایک چھوٹا گلاس شراب پی لو۔"

"کھانے کو جی نہیں چاہتا۔"

"چاہے ہیں دونوں الگ نہ ہونے والے ساتھی" یاشوین نے مذاق اڑانے کے انداز میں دونوں افسروں کو دیکھتے ہوئے کہا جو اسی وقت بس کمرے سے نکل ہی رہے تھے۔ اور وہ درد شکی کے پاس بیٹھ گیا۔ وہ سواری کی تنگ برجس پہنے ہوئے تھا اور بیٹھنے کے لئے اسے اپنی ٹانگوں کو گھٹنوں اور کولہوں پر سے نوکیلے زاویے پر موڑنا پڑا اس لئے کہ وہ کرسی کی اونچائی کے حساب سے بہت لمبی تھیں۔ "کل تم کرا سینسکی تھیٹر (24) میں کیوں نہیں آئے؟ تو میدوراہ بالکل بری نہیں تھی۔ کہاں تھے تم؟"

"میں تو میر سکایا کے ہاں دیر تک بیٹھا رہ گیا" درد شکی نے جواب دیا۔

"اوہ!" یاشوین نے کہا۔

یاشوین ہواری اور عیاش اور صرف یہ نہیں کہ ایسا آدمی تھا جس کے کوئی اصول نہ تھے بلکہ وہ میرا خلاقی اصولوں کا آدمی تھا۔ یاشوین رجمنٹ میں درد شکی کا بہترین دوست تھا۔ درد شکی اس سے محبت کرتا تھا اس کی غیر معمولی جسمانی قوت کے لئے بھی جس کو وہ فزوں تر اس طرح ظاہر کرتا تھا کہ قسم کے قسم شراب پی سکتا تھا سونا نہیں تھا اور پھر بھی دیسے کا دیسا ہی رہتا تھا اور اس کی بڑی ذہنی قوت کے لئے جس کا اظہار وہ بڑے افسروں اور ساتھیوں کے ساتھ اپنے تعلقات میں کرتا تھا جس کی وجہ سے لوگ اس سے ڈرتے بھی تھے اور اس کا احترام بھی کرتے تھے اور پھر تاش کے کھیل میں کرتا تھا جو وہ سیدھی ہزار کی بازی لگا کر کھیلتا تھا لیکن وہ کتنی بھی شراب پی چکے کے باوجود ہمیشہ اتنی مہارت اور چستی سے کھیلتا تھا کہ انگریزی کلب (25) کا بہترین کھلاڑی سمجھا جاتا تھا۔ درد شکی اس کا احترام اور اس سے محبت خاص طور سے اس وجہ سے کرتا تھا کہ وہ محسوس کرتا تھا کہ یاشوین اس سے اس کی دولت اور خطاب کی بنا پر نہیں بلکہ خود اس کی ذات سے محبت کرتا تھا۔ اور سبھوں میں بس وہی ایک ایسا شخص تھا جس سے درد شکی اپنے عشق کی بات کرنا چاہ سکتا تھا۔ وہ محسوس کرتا تھا کہ باوجود اس کے کہ یاشوین بظاہر تو ہر جذبے کو حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا صرف وہی ایک درد شکی کو ایسا لگتا تھا جو اس زبردست جنون کو سمجھ سکتا تھا جس سے اب اس کی ساری زندگی پر تھی۔ اس کے علاوہ اسے یہ بھی یقین تھا کہ یاشوین کو افواہوں اور رسوائی کی باتوں سے بالکل کوئی خوشی نہیں ہوتی اور وہ اس جذبے کو اسی طرح سمجھتا ہے جیسے سمجھنا چاہئے

"کی وہ جانتا ہے اور اسے یقین ہے کہ یہ محبت مذاق نہیں دل بہلاوا نہیں بلکہ کچھ سنجیدہ تر اور اہم تر چیز ہے۔

درد شکی نے اس سے اپنی محبت کے بارے میں بات کبھی نہ کی تھی لیکن جانتا تھا کہ یاشوین کو سب معلوم ہے اور سب سمجھتا ہے جیسے کہ سمجھنا چاہئے اور اس کی آنکھوں میں یہ دیکھ کر درد شکی کو خوشی ہوتی تھی۔

"آ" ہاں!" اس نے اس بات پر کہا کہ درد شکی کل تو میر سکایا کے ہاں تھا اور اس کی کالی کالی آنکھیں چمک اٹھیں۔ وہ اپنی بائیں طرف کی مونچھ کو اپنی بری عادت کے مطابق منہ میں ٹھونسنے لگا۔

"اور تم نے کل کیا کیا؟ کچھ پیتے؟" درد شکی نے پوچھا۔

"آٹھ ہزار۔ مگر اس میں سے تین کھرے نکلیں ہیں" شاید ہی سے وہ محض۔"

"تب تو تم مجھ پر ہار سکتے ہو" درد شکی نے ہنستے ہوئے کہا۔ (یاشوین نے درد شکی پر بہت بڑی بازی لگائی تھی۔)

"کسی حالت میں نہیں ہاروں گا۔"

"بس ایک تو تین غلط بات ہے"

اور یہ بات چیت شروع ہو گئی کہ آج کی گھڑدوڑ کے بارے میں کیا توقعات کی جا رہی تھیں۔ درد شکی اب بس اسی چیز کے متعلق سوچ سکتا تھا

"چلو" میں ختم کرتا ہوں" درد شکی نے کہا اور اٹھ کر دروازے کی طرف چلا۔ یاشوین بھی کھڑا ہو گیا اور اس نے اپنی بے انتہا لمبی ٹانگوں اور پیٹھ کو سیدھا کیا۔

"میرے لئے کھانا ابھی بہت جلدی ہو گا لیکن پینا ضروری ہے۔ میں ابھی آتا ہوں۔ اے' شراب دینا" وہ اپنی پرٹ کراؤنڈ کی منشور اور شیشوں کو ہلا دینے والی بھاری آواز میں چلایا۔ "نہیں' رہنے دو" وہ فوراً ہی پھر چلایا۔ "تم گھر جا رہے ہو تو میں بھی تمہارے ساتھ چلتا ہوں۔"

اور وہ اور درد شکی نکل دیئے۔

20

درد شکی ایک کشادہ اور صاف ستھری لن لینڈی بنگلیا میں مقیم تھا جس کو لکڑی کی دیوار سے دو حصوں میں بانٹ دیا گیا تھا۔ یہاں کیمپ میں بھی پیٹر شکی اسی کے ساتھ رہتا تھا جب درد شکی اور یاشوین بنگلیا میں داخل ہوئے تو پیٹر شکی سو رہا تھا۔

"اٹھو' بس بہت سو چکے" یاشوین نے لکڑی کی دیوار کے دوسری طرف جا کر اور پیٹر شکی کے کندھے جھنجھوڑتے ہوئے کہا جو بستر میں منہ تکیے میں ناک گھسیڑے پڑا تھا۔ اس کے بال بکھرے ہوئے تھے

پیٹر شکی اچانک اچھل کر گھٹنوں کے بل کھڑا ہو گیا اور ادھر ادھر دیکھنے لگا۔

"تمہارے بھائی یہاں آئے تھے" اس نے درد شکی سے کہا۔ "انہوں نے مجھے جگا دیا لعنت ہے ان پر اور کہہ گئے ہیں کہ پھر آئیں گے" اور وہ کمبل تان کر پھر سے تکیے پر ڈھے پڑا۔ "جاں چھوڑو میری' یاشوین" اس نے یاشوین پر خفا ہوتے ہوئے کہا جو اس کے اوپر سے کمبل گھسیٹ رہا تھا۔ "ارے چھوڑو بھی!" اس نے کروٹ بدل کر آنکھیں کھول دیں۔ "بہتر یہ ہو گا کہ تم ہمارا ناشتہ یہاں لے آؤ۔ میں کیا یوں منہ کا مزا اتنا خراب ہو رہا ہے کہ۔"

"وارفا پینا سب سے اچھا رہے گا" یاشوین نے اپنی پرٹ دار آواز میں کہا۔ "خیر شکنو' صاحب کے لئے

وارکا اور کھیرے لاؤ" اس نے پکار کر کہا۔ لگ رہا تھا کہ اسے اچھی "از سنڈ" اچھا لگتا ہے۔

"وارکا" تمہارے خیال میں؟ ایں؟" پیٹر تھکی نے آنکھوں کو بچتے اور ملتے ہوئے پوچھا۔ "اور تم بھی گے؟ چلو' ساتھ پیتے ہیں اور وروشکی تم ہو گے؟" پیٹر تھکی نے اٹھتے اور ہاتھوں کے پنجے شیر کی کمال کا کھل پھیلے ہوئے کہا۔

وہ لکڑی کی دیوار کے در میں کھڑا ہو گیا اور ہاتھ اٹھا کر فرانسیسی میں گانے لگا "تو۔۔۔ والا میں تھا ایک بادشاہ' (25) اور وروشکی تم ہو گے؟"

"میری جاں چھوڑو" وروشکی نے خط نگار سے کوٹ لے کر پہنتے ہوئے کہا۔

"یہ کہاں چلے تم؟" اس سے باشوین نے پوچھا۔ "تین گھوڑوں والی گاڑی بھی لگ گئی" اس نے دروازے پر آئی ہوئی گاڑی کو دیکھ کر اضافہ کیا۔

"اصطبل جا رہا ہوں' اور پھر مجھے بریانسکی کے پاس بھی جانا ہے گھوڑوں کے سلسلے میں" وروشکی نے کہا۔

وروشکی نے سچ مچ بریانسکی کے ہاں جانے کا' جو پیٹر ہوف (27) سے دس ورست (28) کے فاصلے پر رہتا تھا' اور اسے گھوڑوں کے لئے رقم لا کر دینے کا وعدہ کیا تھا اور وہ چاہتا تھا کہ اس کے پاس بھی اسی وقت ہو لے لیکن اس کے ساتھی فوراً ہی سمجھ گئے کہ وہ صرف وہیں نہیں جا رہا ہے۔

پیٹر تھکی نے شراب پینا جاری رکھتے ہوئے آنکھ ماری اور ہونٹوں کو آگے نکال دیا جیسے کہہ رہا ہو "ہاں ہاں جانتے ہیں ہم بریانسکی کون ہے۔"

"بس خیال رکھا کرو یہ ہوا" باشوین نے بس اتنا ہی کہا اور پھر بات ٹالنے کے لئے بولا "اور میرے لائق کیا حال ہے' کوئی خدمت دے رہا ہے؟" اس نے کھڑکی سے باہر گاڑی کے پیچھے والے گھوڑے کو دیکھتے ہوئے پوچھا جو اس نے وروشکی کے ہاتھ بیچا تھا۔

"فلموا" پیٹر تھکی نے چلا کر وروشکی سے کہا جو باہر نکلنے ہی والا تھا۔ "تمہارے بھائی تمہارے لئے ایک خط اور رقعہ چھوڑ گئے ہیں۔ فلموا کہاں رکھ دیئے؟"

وروشکی ٹھہر گیا۔

"لیکن وہ ہیں کہاں؟"

"ہیں کہاں؟ یہی تو سوال ہے!" پیٹر تھکی نے ناک پر شہادت کی انگلی رکھ کر بڑی متانت کے ساتھ کہا۔

"ارے تاڑ بھی گیا یہ تو فنی ہے!" وروشکی نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"تو کل رات تم نے سلگایا نہیں۔ یہیں تھیں ہوں گے۔"

"اچھا اب بک بک بند کرو کہاں ہے وہ خط؟"

"نہیں' سچ کہتا ہوں بھول گیا۔ یا میں نے خواب میں دیکھا تھا؟ فلموا۔ فلموا ارے تو غصہ کیوں کر رہے ہو ارے تم نے چار رتل پی ہوئی جیسے میں نے کل پی تھی تو تم یہ بھی بھول جاتے کہ کہاں پڑے ہو۔ فلموا بھی یاد کرتا ہوں یا"

پیٹر تھکی لکڑی کی دیوار کے ادھر جا کر اب پتلون لیٹ گیا۔

"فلموا ایسے میں لیٹا تھا اور ایسے وہ کھڑے تھے۔ ہاں ہاں۔ یہ رہا وہ خط' اور پیٹر تھکی نے گدے کے نیچے سے خط نکالا جہاں اس نے اسے چھپا دیا تھا۔

وروشکی نے خط اور بھائی کا رقعہ لے لیا یہ وہی تھا جس کی اسے توقع تھی۔۔۔ ہاں کاغذ جس میں اسوں نے ڈالا تھا کہ وہ ان کے پاس گیا نہیں' اور بھائی کا رقعہ جس میں لکھا تھا کہ بات کرنا ضروری ہے۔ وروشکی جانتا تھا کہ یہ سب اسی ایک معاملے کے بارے میں ہے۔ "انہیں اس سے کیا سروکار؟" وروشکی نے سوچا اور خط کو موڑ توڑ کر کوٹ کے بٹنوں کے درمیان پھنسا لیا کہ راستے میں غور سے پڑھے گا۔ بگھیا کی رکھوالی میں اس کی ملاقات دو افسروں سے ہو گئی' ایک تو اسی کی رجمنٹ کا تھا لیکن دوسرا کسی اور رجمنٹ کا تھا۔

وروشکی کا گھر پیشہ سارے افسروں کا اڈا بنا تھا۔

"کدھر؟"

"کام ہے' پیٹر ہوف جا رہا ہوں۔"

"اور گھوڑی اڈار سکے سلے (29) سے آئی؟"

"ہاں آئی ہے' کمر میں نے ابھی دیکھا نہیں۔"

"کہتے ہیں کہ کل تین گھوڑا گاڑیاں ٹکرا گئیں۔"

"بیکار کی باتیں' اگر آپ اس کچیڑ میں مدد دیں گے کیسے؟" دوسرے افسر نے کہا۔

"یہ آ گئے مجھے بچانے والے!" پیٹر تھکی نے آنے والے افسروں کو دیکھ کر کہا۔ اس کے سامنے اردلی کشتی میں وارکا اور کھیرے لئے ہوئے کھڑا تھا۔ "یہ باشوین نے مجھ سے پینے کو کہا ہے تاکہ تازہ دم ہو جاؤں۔"

"ارے یار! تم نے کل ہی برا حال کر دیا تھا" آنے والوں میں سے ایک نے کہا "ساری رات سونے نہیں دیا۔"

"نہیں مگر کیسے ہم نے ختم کیا!" پیٹر تھکی بیان کر رہا تھا "وہ کلوب چھت کے اوپر لیٹ گیا اور کہنے لگا کہ اس کا جی اداس ہے۔ میں نے کہا "سو سیتی بجاتے ہیں' جلوس جنازہ کا کورچ!' وہ جلوس جنازہ کا کورچ سنتے ہی وہیں چھت کے اوپر سو گیا۔"

"تو پھر کیا چلی جائے؟" اس نے جام ہاتھ میں لئے لئے بھویں سکیڑ کر کہا۔

"نہ' بیئر دار کا تو ضرور' اور بعد کو سیلتزری پانی اور بہت سا لیمو" باشوین نے کہا۔ وہ پیٹر تھکی کے پاس ہی ایسے کھڑا تھا جیسے ہاں بچے کے پاس کھڑی ہوئی بچے سے دوا پی جانے کو کہہ رہی ہو "اور پھر تھوڑی سی شاہین۔۔۔ بس ایک بوتل۔"

"سب سے بہتر ہے کچھ ہلکی سی بات۔۔۔ وروشکی ٹھہر جاؤ' پیتے ہیں ذرا۔۔۔"

"نہیں' اور اب حضرات' آج میں پی نہیں رہا ہوں۔"

"کیوں' وزن جم جائے گا؟ ہو ہم اکیلے ہی پئیں گے۔ سیلتزری پانی لاؤ اور لیمو۔"

"وروشکی!" کسی نے اس وقت آواز دی جب وہ راہداری میں نکل آیا تھا۔

"کیا ہے؟"

"تم بل کٹوا لیتے نہیں تو وہ بہت بھاری ہو رہے ہیں' خاص طور سے چندیا پر۔"

وروشکی واقعی وقت سے پہلے ہی گنجا ہونے لگا تھا۔ وہ خوشدلی سے ہنس پڑا اور اس کی جمی ہوئی بتیسی نظر آ گئی۔ اس نے ٹوپی کھسکا کر چندیا پر کر لی اور باہر آ کر گاڑی میں بیٹھ گیا۔

"اصطبل چلو!" اس نے کہا اور خط پڑھنے کے لئے نکال لئے لیکن پھر اس نے رائے بدل دی تاکہ گھوڑی

کا مسابقہ کرنے تک اس کا دھیان نہ بٹے۔" ہجوم کو۔"

۱۲

عارضی اصطبل، تختوں سے بنایا ہوا ادھارا" ریس کورس کے پاس ہی بنایا گیا تھا اور وہیں کل اس کی گھوڑی لائی گئی ہوگی۔ اس نے ابھی تک اس کو نہ دیکھا تھا۔ پچھلے دنوں میں وہ خود گھوڑی کو مشق کرانے نہیں لے گیا تھا بلکہ اس نے اسے نریندر کے سپرد کر دیا تھا اور اب وہ قطعی طور پر نہیں جانتا تھا کہ اس کی گھوڑی یہاں کس حالت میں پہنچی اور کیسی تھی۔ وہ اپنی گاڑی سے نکلا ہی تھا کہ اس کے سائیس نے دور ہی سے اس کی گاڑی کو پہچان کر نریندر کو آواز دی۔ ایک سوکھا سا انگریز، فل بوٹ اور پھولی جیکٹ پہنے، بس گھوڑی کے نیچے پتلی دار ٹانگ رکھے، سواروں کی بھونڈی چال چلتا کھٹیاں باہر کو نکالے اور جھومتا ہوا سا اس کی طرف لپکا۔

"تو فرد فرد کیسی ہے؟" درد شکی نے انگریزی میں پوچھا۔

"آل رائٹ، سر" — سب ٹھیک ہے جناب عالی — انگریز کی آواز کہیں حلق کے اندر ہی اندر رسائی دی۔ "بہتر یہ ہے کہ آپ نہ جائیں" اس نے ہیٹ اٹھاتے ہوئے اضافہ کیا۔ "میں نے چھپکا چڑھایا ہے اور گھوڑی بدک رہی ہے۔ نہ جانا ہی بہتر ہوگا اس سے گھوڑی کو یہاں ہونا ہے۔"

"نہیں میں جاؤں گا۔ ایک نظر دیکھنے کو جی چاہتا ہے۔"

"چلئے" اسی طرح منہ کھولے بلیو ہوں سٹیئر کرا انگریز نے کہا اور گھٹیاں باہر نکالتا ہوا اپنی اپرائی ہل کھاتی ہوئی چال میں آگے آگے چلا۔

وہ لکڑی کے اصطبل کے سامنے والے پھاٹک سے محل میں آ گئے۔ ڈیوٹی والا سپاہی اور ان سائیس کا سلام کوٹ پہنے اور ہاتھ میں بھاڑو لئے ہوئے انہیں سلام اور ان کے پیچھے پیچھے ہو لیا۔ اصطبل میں اپنے اپنے تھان پر پانچ گھوڑے کھڑے تھے اور درد شکی جانتا تھا کہ یہیں اس کا خاص حریف تھوتین کا اونچا سفید رنگ گھوڑا تاز بھی آج لایا گیا ہوگا اور کھڑا ہوگا۔ اپنی گھوڑی سے بھی زیادہ درد شکی گھوڑا تاز کو دیکھنا چاہتا تھا جسے اس نے پہلے نہ دیکھا تھا۔ لیکن درد شکی جانتا تھا کہ گھوڑوں کے آداب کے مطابق نہ صرف یہ کہ اسے دیکھنا نہ چاہئے بلکہ اس کے بارے میں کچھ بھی کہنا بھی بدتمیزی ہوگی۔ جب وہ راہداری میں جا رہا تھا تو اس نے بائیں طرف کے دوسرے تھان کے دروازے کھلوں دیئے اور درد شکی نے ایک بہت بڑا سرخ رنگ گھوڑا اور اس کے سفید پاؤں دیکھے۔ سو جان گیا کہ یہ گلادیاتر ہے لیکن ایک ایسے شخص کے احساس کے ساتھ جو دوسرے کے کھلے ہوئے منہ سے منہ موڑ لیتا ہے، اس نے آنکھیں دوسری طرف کر لیں اور فرد فرد کے تھان کے پاس آ گیا۔

"یہاں دو گھوڑا ہے... ماک... مجھ سے یہ نام کبھی ادا ہی نہیں ہوتا" انگریز نے پیچھے کو منہ کر کے بڑی سی گندے ناخن والی انگلی سے گلادیاتر کے تھان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"تھوتین کا؟ ہاں وہ میرے ایک سنجیدہ حریف ہیں" درد شکی نے کہا۔

"اگر اس پر آپ سواری کرتے ہوتے تو میں آپ پر بازی لگاتا۔"

"فرد فرد زیادہ جوشیلی ہے، وہ زیادہ طاقتور ہے" درد شکی نے اپنی شہسواری کی تعریف پر مسکراتے ہوئے کہا۔

"اشیل چیز میں سوار اسمارٹ شہسواری اور پلک کا ہوتا ہے" انگریز نے کہا۔

"پلک" یعنی توانائی اور جسارت۔ درد شکی اپنے آپ میں نہ صرف یہ کہ کافی محسوس کرتا تھا بلکہ جو زیادہ بہادر تھی اسے یقین تھا کہ اس سے زیادہ "پلک" دنیا میں اور کسی کے ہو ہی نہیں سکتی

"اور آپ کو یہ یقین ہے کہ اور زیادہ توانائی کی ضرورت نہ تھی؟"

"کوئی ضرورت نہیں" انگریز نے جواب دیا۔ "معمولی کر کے زور سے باتیں نہ کیجئے۔ گھوڑی پریشان ہو رہی ہے" اس نے بند تھان کی طرف سر سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ سو لوگ اسی کے سامنے کھڑے تھے اور اندر سے اصطبل پر کھٹکھٹ سہارنے کی آواز آ رہی تھی۔

اس نے دروازہ کھلا اور درد شکی تھان میں داخل ہو گیا جس میں بس ایک روشندان سے ہلکی ہلکی روشنی آ رہی تھی۔ تھان میں ایک جیتا گھوڑی کھڑی تھی جس کے تھوتھن پر چھپکا بندھا تھا اور جو تازہ بھوسے پر سہار رہی تھی۔ دھندلی روشنی میں تھان پر نظر ڈال کر درد شکی نے ایک بار پھر خود بخود ایک ہی نظر میں اپنی پسندیدہ ترین گھوڑی کے سارے خدوخال دیکھ لئے۔ فرد فرد درمیانہ قد کی گھوڑی تھی اور نریندر کے حساب سے بالکل بے نقص نہ تھی۔ وہ بڑی پتلی ہڈیوں والی تھی۔ اس کا سینہ حالانکہ آگے کو خاصا نکلا ہوا تھا مگر تنگ تھا۔ پچھلے ذرا سے گاؤدم سے ہو جاتے تھے اور اگلے اور اس سے بھی زیادہ پچھلے پاؤں میں نمایاں خم تھا۔ اگلے اور پچھلے پاؤں کی پنڈلیاں خاص طور سے مضبوط نہ تھیں۔ البتہ زین کے نیچے گھوڑی بہت چوڑی تھی اور بات اب مشق کے دوران میں بوجھ پست جانے کی وجہ سے خاص طور سے اور اگلے میں آتی تھی۔ سامنے سے دیکھنے پر اس کے اگلے پاؤں کی پنڈلی کی ہڈیاں انگلی سے سونی نہیں لگتی تھیں۔ سامنے پسلیوں کے وہ ساری کی ساری ایسی لگتی تھی جیسے اسے پہلو سے دبا دیا گیا ہو اور گہرائی میں کھینچ دیا ہو۔ لیکن اس میں اچھی درمیانے کی ایک طبلی تھی جو ساری خامیوں کو بھلا دینے پر مجبور کر دیتی تھی۔ یہ طبلی تھی طون "وہ طون جس کے بارے میں انگریزی میں کہا جاتا ہے کہ ہوتا ہے۔ نسوں کے جال کے نیچے سے نمایاں طور پر ابھری ہوئی پٹھلیاں، سینہ پر کھلی ہوئی، بھرپور چھاتی ہوئی تھیں اور اعضا بھی پتلی جلد چڑھی تھی، ہڈیوں ہی کی طرح مضبوط لگ رہی تھیں۔ ابھری ہوئی چمکتی آنکھوں والی اس کا رنگا بتا تھا جس کے ناک کے بانسے سے نتھنوں تک چوڑا ہوتا کیا تھا اور نتھنوں کی اندرونی نرم جھلی سے لوں چھلکا پڑتا تھا۔ اس کے سارے ڈیل ڈول میں اور خاص طور سے اس کے سر میں ایک پرعزم توانائی اور اس کے ساتھ ہی بڑی شفقت کا تاثر تھا۔ وہ ان جانوروں میں سے تھی جو لگتا ہے کہ بات صرف اس لئے نہیں کرتے کہ ان کے منہ کی میکانیکی ساخت ایسی ہے جو انہیں بولنے کی اجازت ہی نہیں دیتی۔

کم سے کم درد شکی کو تو لگتا تھا کہ وہ اسے دیکھ کر اس وقت ہم کچھ محسوس کر رہا تھا وہ سب وہ سمجھ رہی تھی۔

درد شکی جیسے ہی اس کی طرف بڑھا اس نے بڑی گہری سانس لی اور اپنی ابھری ہوئی آنکھوں کو یوں اٹھا کہ سفیدی پر خون اتر آیا۔ اس نے تھان کے دوسرے سرے سے ان دونوں کو دیکھا جو اندر آئے تھے، اس کے تھنے پھڑکنے لگے اور وہ کھڑے کھڑے اپنے پاؤں بدلنے لگی۔

"دیکھ رہے ہیں آپ، کس قدر پریشان ہے وہ" انگریز نے کہا۔

"ارے میری پیاری، میری پیاری" درد شکی نے گھوڑی کے پاس جاتے ہوئے اور اسے پچکارتے ہوئے کہا۔

لیکن جیسے جیسے وہ قریب ہوتا گیا ویسے ویسے گھوڑی زیادہ بے چین ہوتی گئی۔ بس جب وہ اس کے سر کے پاس پہنچ گیا تب وہ اچانک شانت ہو گئی اور اس کی ہلکی اور نرم جلد کے نیچے پٹھلیاں تھرکنے لگیں۔ درد شکی نے

اس کی مضبوط گردن پر ہاتھ پھیرا اور دھاری دار بال پر سے ایال کی ایک لٹ کو درست کیا اور دوسری طرف چلی گئی تھی اور اپنا منہ اس کے نتھنوں کے پاس لایا ہوا اڑتی ہوئی چمکارڈ کے پروں کی طرح پھیلے ہوئے تھے۔ اس نے اپنے مڑے ہوئے نتھنوں سے زور سے سانس بھری اور نکالی' جھرجھری سی لی اور اپنی ایک کنوتی کھڑی کر کے ورد شکی کی طرف مضبوط سیاہ ہونٹ بڑھائے جیسے اس کی آستین کو پکڑنا چاہتی ہو۔ لیکن اسے بڑھتے ہوئے چھینکے کا خیال آیا اور اس نے اسے ہلا کر اپنی تین ٹانگوں سے بھر پور دبے زمین پر ٹاپ کرنا شروع کر دیا۔

"پریشان مت ہو' پیاری' پریشان مت ہو" ورد شکی نے اس کے پیچھے پر ایک ہاتھ اور ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا اور اس پر مسرت جانکاری کے ساتھ تھان سے باہر نکل آیا کہ گھوڑی بہترین حالت میں ہے۔

گھوڑی کا ذہنی ہیجان ورد شکی پر بھی طاری ہو گیا۔ اس نے محسوس کیا کہ گھوڑی کی طرح اس کے دل میں بھی خون موجیں مار رہا ہے اور اس کا بھی حرکت میں آنے کا آنات کھانے کو جی چاہتا ہے۔ اسے ڈر بھی لگ رہا تھا اور وہ خوش بھی تھا۔

اس نے انگریز سے کہا "تو ٹھیک ہے' میں سب تمہارے اوپر چھوڑتا ہوں' تم لوگ چھ بجے اپنی جگہ پر رہنا۔"

"سب کچھ بالکل ٹھیک ہو گا" انگریز نے کہا۔ "اور آپ کہاں جا رہے ہیں' ہی لارڈ؟" اس نے پوچھا اور غیر متوقع طور پر یہ انداز تخاطب "ہی لارڈ" استعمال کیا جو وہ تقریباً کبھی نہیں کرتا تھا۔

ورد شکی نے حیرت کے ساتھ سر اٹھایا اور جیسا کہ وہی کر سکتا تھا' انگریز کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر نہیں بلکہ اس کے ماتھے پر نظریں گڑ کر دیکھا اور اس کے سوال کی جرات پر تعجب کا اظہار کیا۔ لیکن یہ سمجھ کر کہ انگریز نے یہ سوال اس لئے کیا تھا کہ اس وقت وہ اس کو مالک نہیں بلکہ جاکی کی طرح دیکھ رہا تھا' اس نے جواب دیا:

"مجھے بوڑھی کے پاس جانا ہے اور گھنٹے بھر بعد میں گھر آ جاؤں گا۔"

"کتنی بار آج لوگ مجھ سے یہ سوال کر چکے ہیں!" اس نے دل میں سوچا' اور اس کا چہرہ مسخ ہو گیا' اور اس کے ساتھ کم ہی ہوتا تھا۔ انگریز نے اسے غور سے دیکھا۔ اور جیسے وہ جان گیا ہو کہ ورد شکی' ہاں جا رہا تھا' اس نے اضافہ کیا:

"دوڑ سے پہلے سب سے ضروری ہے پر سکون رہنا' کسی چیز سے پریشان نہ ہونے گا اور کسی بات پر جھنجلائیے گا نہیں۔"

"آل رائٹ" مسکراتے ہوئے ورد شکی نے جواب دیا اور اچھل کر گاڑی میں بیٹھتے ہوئے اس نے پیٹر ہوف چلنے کا حکم دیا۔

وہ مشکل سے چند ہی قدم گیا ہو گا کہ بادل' جو صبح ہی سے بارش کی دھمکی دے رہے تھے' پھٹے اور زور دار سے برس پڑے۔

"یہ تو برا ہے!" ورد شکی نے گاڑی کا ہڈ اٹھاتے ہوئے سوچا "کیچڑ تو ویسے ہی تھی اب تو بالکل دلدل ہو جائے گا۔" بند گاڑی کی تنہائی میں بیٹھے بیٹھے اس نے ماں کا خط اور بھائی کا رقعہ نکالا اور انہیں پڑھا۔

ہاں' یہ سب وہی تھا' بالکل وہی۔ سارے لوگوں کو' اس کی ماں کو' اس کے بھائی کو' سبھوں کو اس کے دل معاملے میں مداخلت کرنا ضروری معلوم ہوتا تھا۔ اس مداخلت پر اس کے دل میں خصومت پیدا ہوا۔ حالانکہ اس ہذیانے کا تجربہ اسے بہت ہی کم ہوا تھا۔ "ان لوگوں سے کیا مطلب؟ میرے بارے میں فکر مند ہونے کو ہر ایک شخص کیوں اپنا فرض سمجھتا ہے؟ اور کیوں سب کے سب میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں؟ اس لئے کہ یہ لوگ دیکھتے ہیں کہ یہ تو کوئی ایسی چیز ہے جسے وہ سمجھ نہیں سکتے۔ اگر یہ اعلیٰ سوسائٹی کا معمولی تعلق ہوتا تو یہ لوگ مجھے تھکن سے رہنے دیتے۔ یہ لوگ محسوس کرتے ہیں کہ یہ تو کچھ دوسری ہی چیز ہے' کہ یہ کھلواڑ نہیں ہے' یہ عورت مجھے زندگی سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ یہ ان کی سمجھ میں نہیں آتا اور اس لئے وہ ناراض ہوتے ہیں۔ ہمارا تعلق کچھ بھی کیوں نہ ہو اور کچھ بھی کیوں نہ ہو جائے اسے ہم نے بنایا ہے اور ہم اس کی شکایت نہیں کرتے" اس نے کہا اور لفظ "ہم" میں اس نے اپنے کو اور آنا کو حتمی کر لیا "نہیں' یہ لوگ ہمیں ضرور سکھائیں گے کہ ہم کیسے زندگی بسر کریں۔ یہ لوگ اس بات کو سمجھ ہی نہیں سکتے کہ خوشی کیا ہوتی ہے' وہ جانتے ہی نہیں کہ اس جہت کے علاوہ ہمارے لئے سکھ ہے نہ دکھ — زندگی ہی نہیں ہے" اس نے سوچا۔

وہ سارے لوگوں پر مداخلت کرنے کے لئے اسی وجہ سے خفا ہو رہا تھا کہ دل میں وہ بھی محسوس کرتا تھا کہ یہ لوگ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ وہ محسوس کرتا تھا کہ جس جہت نے اس کو آنا کے ساتھ باندھ رکھا تھا وہ کوئی دلچسپ کشش نہ تھی جو گزر جائے گی' جیسے کہ اعلیٰ سوسائٹی کے تعلق گزر جاتے ہیں اور دونوں میں سے کسی کے دل میں بھی طرشکوار یا ناطرشکوار یاد کے علاوہ اس کا اور کوئی اثر نہیں رہ جاتا۔ وہ اپنی اور آنا کی حالت کی ساری اذیت کو' پورے معاشرے کی نظروں میں جس طرح وہ نمایاں تھے اس میں اپنی جہت کو چھپانے' جھوٹ بولنے اور دھوکا دینے کی ساری مشکل کو محسوس کرتا تھا' اور جھوٹ بولنا' دھوکا دینا' چالاکی کرنا اور سارے وقت دوسروں کے بارے میں سوچتے رہنا ایسی صورت میں جبکہ ان کو ایک بدھن میں باندھنے والا جذبہ اتنا قوی تھا کہ دونوں سوائے اپنی جہت کے دوسری تمام چیزوں کو بھول چکے تھے۔

اسے وہ بار بار ہونے رہنے والے واقعات بہت یاد آئے جب جھوٹ بولنا اور دھوکا دینا ضروری ہوتا تھا جو اس کی فطرت کے اس قدر منافی تھا۔ اسے خاص طور سے یاد آیا کہ اس نے متعدد بار جھوٹ اور فریب کی ضرورت پر آنا میں شرم کا احساس دیکھا تھا۔ اور اسے اس عجیب احساس کا تجربہ ہوا جو آنا کے ساتھ اس کے تعلق ہونے کے بعد سے اس پر اکثر طاری ہو جاتا تھا' یہ کسی چیز سے شرم کا احساس تھا۔ — اکسیسی الکساندروچ سے' خود اپنے آپ سے' پورے معاشرے سے' یہ وہ اچھی طرح نہیں جانتا تھا۔ لیکن اس عجیب احساس کو وہ ہمیشہ اپنے دل سے نکال دیتا تھا۔ اس وقت بھی اس نے اپنے آپ کو سنبھال لیا اور اپنے حالات کے سلسلے کو جاری رکھا۔

"ہاں' وہ پہلے بھی دکھی تھیں لیکن ان میں خودداری تھی اور سکون تھا۔ لیکن اب وہ پر سکون اور پر وقار نہیں رہ سکتیں حالانکہ وہ اس کو ظاہر نہیں کرتیں۔ ہاں' اس صورت حال کو ختم ہونا چاہئے" اس نے دل میں کہا۔

اب پہلی بار اس کے دماغ میں یہ بات صاف طور پر آئی کہ جتنی جلدی ہو سکے اس جھوٹ کو ختم کر دینا ضروری ہے۔ "سب کچھ چھوڑ کے اپنے پیار سمیت کہیں بھاگ جانا چاہئے — بس وہ اور میں" اس نے سوچا

۲۲

تیز بارش دیر تک نہیں چلی اور جب ورد شکی بیچ والے گھوڑے کی سرپٹ دوڑ کے ساتھ' جو دونوں بغلی

گھڑیوں کو ان کے ذرا بھی زور لگائے بغیر کھینچے لئے جا رہا تھا' اپنی منزل پر پہنچا تو سورج پہاڑ کے اوٹ آیا تھا اور شاہراہ کے دونوں طرف کے مضافاتی بنگلوں کی چمنیوں اور باغوں میں لگائم کے پرانے پیڑ بھیگی ترمراہٹ سے رک رہے تھے اور پانی ڈالیوں سے خوشگوار انداز میں ٹپک رہا تھا اور پھلوں پر سے بہہ رہا تھا۔ اب وردشکی یہ نہیں سوچ رہا تھا کہ یہ تیز بارش کیسے ریس کورس کو خراب کر دے گی بلکہ اسے تو وہ اس بات پر خوش تھا کہ غالباً اس بارش کی بدولت وہ گھر ہی پر ہوں گی اور اکیلی' اس لئے کہ وہ جانتا تھا کہ الگسینی الکساندرووچ تھوڑے ہی دن ہوئے پردیس کے جشنوں پر سے واپس آئے ہیں اور ابھی تک پیٹرس برگ سے یہاں نہیں منتقل ہوئے ہیں۔

آنا کو اکیلے پانے کی امید میں وردشکی' جیسا کہ وہ ہمیشہ کرتا تھا تاکہ اس کی طرف لوگوں کی توجہ نہ مبذول ہو' پل پار کرنے سے پہلے ہی گاڑی سے اتر آیا اور پیدل چلا۔ وہ سڑک کی طرف والی برساتی میں نہیں بلکہ صحن میں سے ہو کر گیا۔

"صاحب آگئے؟" اس نے دالان سے پوچھا۔

"جی نہیں۔ ہم صاحب گھر پر ہیں۔ آپ برساتی کی طرف سے چلے جائیے۔ وہاں لوگ ہیں وہ دروازہ کھول دیں گے" دالان نے جواب دیا۔

"نہیں میں بارش میں ہو کر جاتا ہوں۔"

اور یہ یقین کر کے کہ وہ اکیلی ہیں اور انہیں اچنبھے میں ڈال دینے کی خواہش کے تحت' اس لئے کہ آج اس نے آنے کا وعدہ نہیں کیا تھا اور انہوں نے غالباً سوچا بھی نہ ہوگا کہ وہ گھڑی سے پہلے آئے گا' وہ اپنی سیف کو سنبھالے ہوئے اور ریشمی پگڈنڈی پر' جس کی دونوں طرف پھول لگے تھے' احتیاط کے ساتھ قدم رکھتا ہوا برآمدے کی طرف چلا جو باغ میں آگے کو نکلا ہوا تھا۔ وردشکی اب وہ سب بھول چکا تھا جو اس نے راستے میں اپنی حالت کی ناگواری اور مشکلوں کے بارے میں سوچا تھا۔ وہ صرف ایک بات سوچ رہا تھا کہ بس اب انہیں دیکھے گا' صرف تصور میں نہیں بلکہ جیتی جاگتی' جیسی وہ حقیقت میں ہیں۔ وہ اپنے پورے بچے جما کر' تاکہ آہٹ نہ ہو' برآمدے کے اجلوان زینوں پر چڑھ ہی رہا تھا کہ اچانک اسے دو بڑی آنکھیں یاد آئیں جو وہ ہمیشہ بھول جاتا تھا اور جو ان کے ساتھ اس کے رشتے کا سب سے اوپری تاک پھلو تھا — ان کا بیٹا اور اس کی سوانح اور — جیسی کہ وہ اسے لگتی تھیں — سعادتمند نگاہیں۔

یہ لڑکا دوسروں سے کہیں زیادہ ان کے رشتے میں رکاوٹ بن جاتا تھا۔ جب وہ موجود ہوتا تو آنا اور وردشکی دونوں ہی نہ صرف یہ کہ ایسی کوئی بات کرنا روا نہ رکھتے تھے جو وہ سمجھوں کے سامنے دہرا نہیں بلکہ وہ اشاروں کنایوں میں بھی ایسی کوئی بات نہ کرتے تھے جسے یہ لڑکا سمجھ سکے۔ انہوں نے اس سلسلے میں کچھ طے نہیں کیا تھا پھر بھی یہ بات خود بخود طے ہو گئی تھی۔ اس بچے کو دھوکا دینے میں وہ خود اپنی توہین محسوس کرتے۔ اس کی موجودگی میں وہ آپس میں واقف کاروں کی طرح باتیں کرتے۔ لیکن اس احتیاط کے باوجود وردشکی اکثر یہ دیکھتا تھا کہ بچہ اسے عورے اس طرح تک رہا ہے جیسے وہ کچھ سمجھ نہ پا رہا ہو اور یہ بچہ اس کے ساتھ ایک عجیب جھجک کے ساتھ پیش آتا تھا۔ اس کے رویے میں ناہمواری رہتی تھی' کبھی شفقت تو کبھی سرد مہری اور شرمیلا پن۔ جیسے یہ بچہ یہ محسوس کرتا ہو کہ اس شخص اور اس کی ماں کے درمیان کوئی اہم رشتہ ہے جس کے معنی وہ سمجھ نہیں سکتا۔

واقعی یہ لڑکا محسوس کرتا تھا کہ وہ اس رشتے کو سمجھ نہیں سکتا اور وہ کوشش کرتا تھا لیکن یہ نہیں سمجھ پاتا تھا کہ اس شخص کے بارے میں وہ کس طرح کے احساسات رکھے۔ احساسات ظاہر ہونے کے بارے میں ایک بچے کی حساسیت کے ساتھ وہ صاف دیکھتا تھا کہ باپ اگور نس' آیا — سبھی وردشکی سے نہ صرف یہ کہ محبت نہ کرتے تھے بلکہ اسے ناگوار اور ڈر کے ساتھ دیکھتے تھے حالانکہ اس کے بارے میں کچھ کہتے نہ تھے اور یہ کہ ماں اسے کم تر دوست کی طرح دیکھتی تھیں۔

"اس کے معنی کیا ہیں؟ وہ ہے کون؟ اس سے کس طرح محبت کرنی چاہئے؟ میں اگر یہ نہیں سمجھتا تو میں قصوروار ہوں یا بیوقوف یا برا لڑکا ہوں" بچہ سوچتا اور اسی سے اس کا وہ آنے والا 'سوالیہ' ایک حد تک سامعانہ تاثر' جھجک اور ناہمواری پیدا ہوتی جس سے وردشکی کو اتنی الجھن ہوتی تھی۔ اس بچے کی موجودگی سے ہمیشہ اور مسلسل وردشکی میں بدوجہ خفگی کا وہ عجیب احساس پیدا ہوتا تھا جو اسے پچھلے دنوں لگا رہتا تھا۔ اس بچے کی موجودگی سے وردشکی اور آنا دونوں ہی محسوس کرتے جیسا کہ وہ سمندری سیاح اپنے دل میں محسوس کرتا ہے جو اپنے قطب نما میں دیکھتا ہے کہ جس سمت میں وہ تیزی سے جا رہا ہے وہ اس کی مقررہ سمت سے بالکل ہی الگ ہے لیکن حرکت کو روک دینا اس کے بس میں نہیں ہے کہ ہر لحہ اسے مقررہ سمت سے دور تر لیتی کرتا جا رہا ہے اور اس گمراہی کا اعتراف کرنا ویسا ہی ہے جیسے اپنی بربادی کا اعتراف کرنا۔

بچہ زندگی کے بارے میں اپنے بھولے بھالے رادیہ نظر کی بنا پر وہ قطب نما تھا جو انہیں یہ دکھاتا تھا کہ وہ کس درجہ اس سب سے دور پڑے ہیں جسے وہ جانتے تھے لیکن جانا نہیں چاہتے تھے۔

اس بار سرخ ڈاگھر نہیں تھا۔ وہ بالکل اکیلی برآمدے میں جھکی تھیں اور بچے کی واپسی کا انتظار کر رہی تھیں جو ٹہلنے کے لئے گیا تھا اور بارش میں پھنس گیا تھا۔ انہوں نے ایک نوکر اور ایک خادمہ کو اسے ڈھونڈنے بھیجا تھا اور جھکی انتظار کر رہی تھیں۔ وہ بہت چوڑی کڑھائی والا سفید لباس پہنے برآمدے کے ایک کونے میں پودوں کی آڑ میں جھکی تھیں اور انہوں نے وردشکی کے آنے کی آہٹ بھی نہیں سنی۔ اپنا سیاہ گھنگھریالے بالوں والا سر جھکائے وہ اپنے ہاتھ کو ایک لمحے کے ہزارویں حصے پر تھامے ہوئے تھیں جو سینے پر رکھا ہوا تھا اور اپنے دونوں خوبصورت ہاتھوں سے' جن میں اس کی جانی پہچانی انگوٹھیاں تھیں' ہزار — کو پکڑے ہوئے تھیں وردشکی کو ان کی قامت' سر' گردن اور ہاتھوں کی خوبصورتی ہمیشہ اتنی غیر متوقع لگتی تھی کہ وہ حیران رہ جاتا تھا وہ رک گیا اور انہیں تحسین آمیز نظروں سے دیکھنے لگا۔ لیکن جیسے ہی اس نے ان سے قریب تر ہونے کے لئے قدم بڑھایا ویسے ہی انہوں نے اس کی قربت کو محسوس کر لیا اور ہزارے کو جھٹکا کر اپنا گرم اور سرخ چہرہ اس کی طرف موڑا۔

"کیا ہوا؟ آپ کو طبیعت ٹھیک نہیں ہے؟" اس نے ان کے پاس آتے ہوئے فرانسیسی میں کہا۔ وہ اس کی طرف تیزی سے لپکنا چاہتا تھا لیکن اسے حیرت ہوئی کہ ہو سکتا ہے کوئی اور — اس نے بالکنی کے دروازے کی طرف دیکھا اور اس کا چہرہ سرخ ہو گیا جیسے کہ ہر بار ہو جاتا تھا جب وہ محسوس کرتا کہ اسے ڈرنا اور ادھر ادھر دیکھتے رہنا چاہئے۔

"نہیں' میں بالکل ٹھیک ہوں" انہوں نے کھڑے ہو کر اور اس کے بڑھائے ہوئے ہاتھ کو کس کر دباتے ہوئے کہا۔ "میں تو انتظار نہیں کر رہی تھی۔ تمہارے آنے کا۔"

"لف میرے خدا' کتنے ٹھنڈے ہاتھ ہیں!" اس نے کہا۔

"تم نے تو مجھے ڈرا دیا" انہوں نے کہا۔ "میں اکیلی ہوں اور سرخ ڈاکا انتظار کر رہی ہوں' وہ ٹہلنے گیا

ہے۔ وہ لوگ ادھر ہی سے آئیں گے۔"

لیکن اس کے باوجود کہ وہ پر سکون رہنا چاہتی تھیں ان کے ہونٹ کپکپا رہے تھے۔

"معاف کیجئے گا کہ میں آپکا لیکن میں سارا دن آپ کو دیکھے بغیر نہیں کاٹ سکتا تھا" اس نے ذرا جھجکتی ہ میں اپنی بات جاری رکھی' جیسے وہ ہمیشہ اس وقت بات کرتا تھا جب آپس میں روسی زبان کے ناممکن اور سا "آپ" یا "خطرناک" "تم" سے احتراز کرنا چاہتا تھا۔

"معاف کیا کرنا میں تو اس قدر خوش ہوں کہ"

"لیکن یہ آپ کی طبیعت ناساز ہے' آپ کو بھی ہیں" اس نے ان کے ہاتھ چھوڑے بغیر ان پر جھک کر کہا۔

"آپ کس چیز کے بارے میں سوچ رہی تھیں؟"

"بس اسی ایک چیز کے بارے میں" انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا۔

انہوں نے سچ ہی کہا تھا ان سے کبھی' کسی وقت بھی پوچھا جاتا کہ وہ کس چیز کے بارے میں سوچ رہی تھیں تو وہ غلطی کے بغیر جواب دے سکتی تھیں "اسی ایک چیز کے بارے میں" اپنے سکھ کے بارے میں اور اپنے سکھ کے بارے میں۔ ابھی اس وقت وہ اس کے پاس پہنچا تھا اس وقت وہ یہ سوچ رہی تھیں کہ کیوں دو عورتوں کے لئے (مثلاً پیشی کے لئے (وہ تو بیچارج کے ساتھ ان کے معاشرے سے پوشیدہ تعلق کے بارے میں جانتی تھیں) سب کچھ اتنا آسان ہوتا تھا اور ان کے لئے اتنا اذیت ناک؟ آج یہ خیال کئی پہلوؤں سے انہیں خاص طور سے اذیت دے رہا تھا۔ انہوں نے اس سے گذشتہ کے بارے میں پوچھا۔ اس نے ان کے سوالوں کے جواب دیئے اور یہ دیکھ کر کہ وہ پریشان تھیں اس نے ان کا دھیان بٹانے کی کوشش میں بہت ہی سادہ لہجے میں گذشتہ کی تیاری کی تفصیلات بتانی شروع کر دیں۔

"بتاؤں کہ۔ بتاؤں؟" وہ اس کی پر سکون اور پر شفقت نظروں کو دیکھتے ہوئے سوچ رہی تھیں۔ "وہ اچھا خاصا ہے' اپنی گذشتہ زندگی سے اس قدر کھویا ہوا ہے کہ اس بات کو ویسے نہ سمجھے گا جیسے سمجھنا چاہئے' ہمارے لئے اس واقعے کی جو اہمیت ہے اس کو پوری طرح نہ سمجھے گا۔"

"لیکن آپ نے بتایا نہیں کہ جب میں آیا تھا تو آپ کس چیز کے بارے میں سوچ رہی تھیں" اس نے اپنی بات کا سلسلہ ختم کر کے کہا۔ "بتایئے نہ۔ بتایئے نہ۔ بتایئے نہ"

انہوں نے کوئی جواب نہ دیا اور سر تھوڑا سا جھکا کر اسے بھنوؤں سے اپنی لمبی لمبی پلکوں کی اوٹ میں چمکتی آنکھوں سے دیکھا۔ ان کا ہاتھ' جس میں وہ ایک پنسل توڑ کر لئے کھیل رہی تھیں' کانپ رہا تھا۔ اس نے یہ دیکھا اور اس کے چہرے پر ستاری' غلامانہ وفاداری کا وہ تاثر پیدا ہو گیا جو ان کو اپنا گرویدہ بنا لیتا تھا۔

"میں دیکھ رہا ہوں کہ کوئی بات ہوئی ہے۔ کیا میں یہ جاننے کے بعد ایک منٹ بھی پر سکون رہ سکتا ہوں کہ آپ کو کوئی ایسا غم ہے جسے میں بانٹ سکتا ہوں' خدا کے واسطے!" اس نے منت کرتے ہوئے کہا۔

"ہاں' اگر اس سے اس کی ساری اہمیت کو۔ سمجھا تو میں کبھی اسے معاف نہ کروں گی۔ نہ کہنا ہی بہتر ہے' آرام کی ضرورت کیا ہے؟" انہوں نے اسے اسی طرح دیکھتے ہوئے اور یہ محسوس کرتے ہوئے سوچا کہ پنی سمیت ان کا ہاتھ زیادہ زور دار سے کانپتا جا رہا ہے۔

"خدا کے واسطے!" اس نے ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر پھر کہا۔

"بتاؤں؟"

"ہاں' ہاں' ہاں۔"

"میں حاملہ ہوں" انہوں نے جھجکتے سے اور رک رک کر کہا۔

ان کے ہاتھ میں جو پنی تھی وہ اور زور زور سے کانپنے لگی لیکن انہوں نے اس کے چہرے پر سے نظریں نہیں ہٹائیں۔ وہ دیکھنا چاہتی تھیں کہ وہ اس اطلاع کو کیسے سکتا ہے۔ اس کا چہرہ بیان کیا' وہ کچھ کہنا چاہتا تھا لیکن بھر رک گیا۔ اس نے ان کا ہاتھ چھوڑ دیا اور سر جھکا لیا۔ "ہاں' وہ اس واقعے کی ساری اہمیت سمجھ گیا" انہوں نے سوچا اور شکر گزاری کے ساتھ اس کا ہاتھ دبا دیا۔

لیکن ان کا یہ خیال غلط تھا کہ وہ اس خبر کی اہمیت کو اسی طرح سمجھا تھا جیسے وہ خود ایک عورت کی حیثیت سے اسے سمجھتی تھیں۔ یہ خبر سن کر اس نے کسی سے تھرکے اسی عجیب احساس کو' جو اس پر طاری ہو جاتا تھا' اپنے اوپر دس گنا قوت کے ساتھ طاری ہوتے محسوس کیا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی وہ سمجھ گیا کہ وہ اس جنس کی وہ تمنا کر رہا تھا' جو واقع ہو گیا ہے کہ اب اسے شوہر سے راز رکھنا ممکن ہے اور اب کسی نہ کسی طرح اس غیر قدرتی صورت حال کو جلد ختم کرنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ اس پر بھی ان کی پیشانی کا بڑھا ہوا۔ اس نے ان کو بہت بھری نامہ اور اداس نظروں سے دیکھا ان کے ہاتھوں کو سہلایا اور طے کر چکنے کے بعد فیصلے کا۔

"ہاں" اس نے ان کے پاس جا کر فیصلہ کن انداز میں کہا۔ "یہ بچہ ختم نہ ہونا چاہئے۔ میں نے دیکھا تھا کہ آپ نے اور اب ہمارے مقدر کا فیصلہ ہو چکا۔ اس جھوٹ کو" اس نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے کہا" ختم کرنا ضروری ہے جس میں ہم زندگی بسر کر رہے ہیں۔"

"ختم کر؟ کیسے ختم کرنا ہے؟" کھسیانی" انہوں نے جھجکتے سے کہا۔

اب انہیں سکون ہو گیا تھا اور ان کا چہرہ پر شفقت مسکراہٹ سے دمک اٹھا تھا۔

"شوہر کو بھولنا ہے اور ہمیں اپنی زندگیوں کو ختم کرنا ہے۔"

"وہ تو یوں بھی ختم ہیں" انہوں نے بہت مشکل سے ہونٹ ہلا کر آواز میں کہا۔

"ہاں لیکن پوری طرح سے نہیں پوری طرح سے۔"

"لیکن کیسے؟ کیسی' تم مجھے بتاؤ' کیسے؟" انہوں نے اپنی حالت کی بے چارگی پر تلخی طنز کے ساتھ کہا۔

"کیا اس صورت حال سے نکلنے کا کوئی چارہ ہے؟ کیا میں اپنے شوہر کی بیوی نہیں ہوں؟"

"چارہ تو ہر صورت حال سے نکلنے کا ہوتا ہے۔ اس مسئلہ کا حل ضروری ہوتا ہے" اس نے کہا "جس حالت میں تم رہتی ہو اس سے تو ہر چیز بہتر ہو گی۔ اگر میں دیکھتا ہوں کہ تم کو ہر چیز کے سلسلے میں معاشرے کی وجہ سے" بیٹے کی وجہ سے" شوہر کی وجہ سے کتنی اذیت برداشت کرنی پڑتی ہے۔"

"اف' شوہر کا کر تو نہ کرو" انہوں نے ایک سادہ سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "میں نہیں جانتی میں ان کے بارے میں سوچتی ہی نہیں کہ ان کا کوئی وجود ہی نہیں ہے۔"

"تم سچ نہیں کہہ رہی ہو۔ میں تمہیں جانتا ہوں۔ تم کو ان کے بارے میں بھی اذیت ہوتی ہے"

"اوہ وہ تو جاتے بھی نہیں" انہوں نے کہا اور اچانک ان کے چہرے پر ایک روشن رنگ آ کے گا اس کے گال' ماتھا اور گردن سرخ ہو گئے اور آنکھوں میں شرم کے آنسو بھر آئے "لیکن ہم ان کے بارے میں باتیں نہ کریں گے۔"

23

وردشکی نے پہلے بھی کئی بار کوشش کی تھی' حالانکہ اسنے فیصلہ کن طریقے سے نہیں جتنا کہ اس وقت کہ انہیں اپنی صورت حال پر غور کرنے پر مائل کرے اور ہر بار اسے رائے ریل کی اسی سلیمت اور ہلکے پن کا سامنا کرنا پڑا تھا جس سے انہوں نے اس وقت اس کی گزارش کا جواب دیا تھا۔ جیسے اس میں کوئی ایسی بات تھی جسے وہ خود اپنے لئے واضح نہیں کر سکتی تھیں یا نہیں کرنا چاہتی تھیں' لہٰذا جیسے ہی وہ اس کے بارے میں بات کرنا شروع کرتیں ویسے ہی وہ 'اصلی آنا' کہیں اپنے اندر چلی جاتیں اور کوئی دوسری عورت سامنے آجاتی جو اس کے لئے غیر ہوتی' جس سے وہ محبت نہیں کرتا تھا' بلکہ ورتا تھا اور جو اسے رد کرتی تھی۔ لیکن آج اس نے سب کچھ کہہ دینے کا فیصلہ کر لیا تھا۔

"وہ جانتے ہیں یا نہیں" وردشکی نے اپنے عادی حکم اور پر سکون لہجے میں کہا "وہ جانتے ہیں یا نہیں' ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں۔ ہم تو۔۔۔ آپ اسی طرح نہیں رہ سکتیں' خاص طور سے اب۔"

"تو آپ کے خیال میں کیا کرنا چاہئے؟" انہوں نے اسی طرح ہلکے پن سے مذاق اڑانے کے انداز میں پوچھا' پہلے تو وہ اس بات سے ڈر رہی تھیں کہ وہ ان کے حاملہ ہونے کو کسی لاپروائی اور بے توجہی سے نہ لے لیں' اب وہ جھنجلا رہی تھیں کہ اس نے اس خبر سے یہ نتیجہ اخذ کر لیا کہ کوئی نہ کوئی اقدام کرنا ضروری ہے۔

"ان کو سب کچھ بتانا اور انہیں چھوڑ دینا چاہئے۔"

"بہت اچھا' فرض کر لیتے ہیں کہ میں یہ کر دیتی ہوں۔" انہوں نے کہا۔ "آپ جانتے ہیں کہ اس سے کیا ہو گا؟ میں سب کچھ پہلے ہی سے بتائے دیتی ہوں" اور ان کی آنکھوں میں جن سے منٹ بھر پہلے محبت ٹپکی پڑتی تھی' بدلی کی جھلک پیدا ہو گئی۔۔۔ "اچھا تو آپ دوسرے سے محبت کرتی ہیں اور آپ نے اس سے جارحانہ تعلقات قائم کر لئے؟" (انہوں نے ظاہر کی نقل کی اور لفظ "جارحانہ" پر بالکل اسی طرح زور دیا جیسے ایکسیی الکساندر دوہ کرتے تھے۔) "میں نے آپ کو اس کے مذاق سے بڑھی' کاؤنٹی اور خاندانی نقطہ نظر سے خبردار کر دیا تھا۔ آپ نے میری بات نہیں سنی۔ اب میں اپنے نام کی رسوائی نہیں کرا سکتا" وہ کہنا چاہتی تھیں "اور اپنے بچے کی بھی" لیکن بچے کے بارے میں ان سے مذاق نہ کیا گیا۔۔۔ "اپنے نام کی رسوائی"۔۔۔ اور اسی قسم کی دوسری باتیں" انہوں نے اضافہ کیا۔ "یا ممکن وہ اپنے سرکاری انداز میں وضاحت اور محبت کے ساتھ کہیں گے کہ وہ مجھے چھوڑ نہیں سکتے لیکن رسوائی کو روکنے کے لئے سارے اقدام کریں گے جو ان کے بس میں ہوں گے۔ اور جو کچھ وہ کہیں گے اسے بڑے سکون کے ساتھ' بڑی سلیقہ مندی سے انجام دیں گے۔ تو یہ ہونے والا ہے۔ یہ انسان نہیں ہے بلکہ کوئی مشین ہے" اور جب اسے غصہ آجائے تو بد خصلت مشین" انہوں نے کہا اور اسی وقت انہیں ایکسیی الکساندر دوہ اور ان کے ذلیل ڈول' باتیں کرنے کے انداز اور ان کے کردار کی ساری تفصیلات یاد آگئیں اور انہیں وہ ہر اس چیز کے لئے قصوروار سمجھ رہی تھیں جو ان میں انہیں بری نظر آسکتی تھی اور اس حالیہ قصور کی بنا پر وہ کچھ بھی انہیں معاف نہ کر پا رہی تھیں' جس کی وہ خود ان کے سامنے قصوروار تھیں۔

"لیکن آنا" وردشکی نے قائل کن اور نرم آواز میں انہیں تسلی دینے کی کوشش کرتے ہوئے کہا "پھر بھی ان سے کہنا تو ضروری ہے" اس کے بعد وہ کچھ اقدام کریں گے اسی کے مطابق ہم عمل کریں گے۔"

"تو کیا ہم بھاگ جائیں گے؟"

"اور نہ کیوں بھاگیں گے؟ مجھے اس کو جاری رکھنے کا تو کوئی امکان نہیں نظر آتا۔ اور اپنے لئے نہیں۔۔۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ دکھ جھیل رہی ہیں۔"

"ہاں بھاگ جائیں گے اور آپ مجھے اپنی رکھیل بنائیں گے؟" انہوں نے غصے میں کہا۔

"آنا!" اس نے نرمی سے ڈانٹنے کے انداز میں ٹوکا۔

"ہاں" انہوں نے اپنی بات جاری رکھی "آپ کی رکھیل بن جاؤں اور سب کچھ برباد ہو جانے دوں۔۔۔"

وہ پھر کہنا چاہتی تھیں "بچے کو" لیکن یہ لفظ ان کی زبان سے نہ نکل سکا۔ وردشکی کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ آنا اور پاکیزہ فطرت رکھتے ہوئے وہ کیسے فریب کی اس صورت حال کو برداشت کر سکتی ہیں اور اس سے نکلنا نہیں چاہتیں۔ وہ قیاس بھی نہ کر سکتا تھا کہ اس کا حاص سبب وہی لفظ "بچا" تھا جو ان کی زبان سے نہ نکل سکا تھا۔ جب وہ بچے کے بارے میں اور آنکھ اس ماں سے اس کے رشتے کے بارے میں سوچتیں جس نے اس کے باپ کو چھوڑ دیا ہو تو اپنی حرکت انہیں اتنی بھیانک لگتی کہ وہ سوچ سمجھ نہیں پاتی تھیں۔ بس عورت کی طرح اپنے آپ کو محض جھوٹی دلیلوں اور فقروں سے یہ تسکین دینے کی کوشش کرتیں کہ سب کچھ ویسے ہی رہے گا جیسے تھا اور اس بھیانک سوال کو وہ بھول جاتیں کہ پیٹے کا کیا ہو گا۔

"میں تم سے درخواست کرتی ہوں' میں تمہاری منت کرتی ہوں" اچانک انہوں نے بالکل دوسرے' پر خلوص اور محبت بھرے لہجے میں کہا اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا "کبھی مجھ سے اس کے بارے میں بات نہ کرنا!"

"لیکن آنا۔۔۔"

"کبھی نہیں۔ مجھ پر چھوڑ دو۔ میں جس حالت میں ہوں اس کی ساری ہیبت اور سارے بھیانک پن کو جانتی ہوں' لیکن اس کا فیصلہ کرنا اتنا آسان نہیں ہے جتنا تم سمجھتے ہو۔ مجھ پر چھوڑ دو اور میری بات مانو۔ کبھی مجھ سے اس کے بارے میں بات نہ کرنا۔ وعدہ کرتے ہو مجھ سے تم؟۔ نہیں' نہیں' وعدہ کرو!"

"میں ہمیشہ کا وعدہ کرتا ہوں لیکن میں سکون سے نہیں رہ سکتا خاص طور سے اس کے بعد جو تم نے مجھے بتایا ہے۔ جب میں جانتا ہوں کہ تمہیں پریشان ہو تو میں کیسے سکون سے رہ سکتا ہوں بھلا۔"

"میں؟" انہوں نے دہرایا۔ "ہاں مجھے کبھی کبھی اذیت ہوتی ہے لیکن وہ گزر جائے گی اگر تم مجھ سے کبھی یہ نہ کہو گے تو۔ جب تم مجھ سے اس کے بارے میں بات کرتے ہو تبھی مجھے اس سے اذیت ہوتی ہے۔"

"میں نہیں سمجھتا" اس نے کہا۔

"میں جانتی ہوں" انہوں نے اس کی بات کاٹ دی "کہ تمہاری ایماندار فطرت کے لئے جھوٹ بولنا کتنا مشکل ہے اور مجھے تمہارے اوپر ترس آتا ہے۔ میں اکثر سوچتی ہوں کہ کیسے تم میرے لئے اپنی زندگی ہموار کر سکتے ہو۔"

"میں نے بھی ابھی ابھی یہی سوچا تھا" اس نے کہا "کہ میری خاطر تم سب کو کیسے قربان کر سکتی ہو؟ میں خود کو اس کے لئے کبھی معاف نہیں کر سکتا کہ تم کبھی ہو۔"

"میں دکھی؟" انہوں نے اس کے اور قریب آکر اور محبت کی پر نشاط مسکراہٹ کے ساتھ اسے دیکھتے ہوئے کہا "میں ایک ایسے بھوکے شخص کی طرح ہوں جسے کھانا دے دیا گیا ہو۔ ہو سکتا ہے اسے سردی لگے' اور کپڑے اس کے پھٹے پرانے ہوں' اور اسے شرم آئے لیکن وہ دکھی نہ ہو گا۔ میں دکھی؟ نہیں' یہ رہا میرا سکھ۔"

انھوں نے اپنے واپس آتے ہوئے بیٹے کی آواز سنی اور جلدی سے برآمدے میں اوھر اوھر نظر ڈال کر وہ چیزی سے اٹھ کھڑی ہوئیں۔ ان کی آنکھوں میں اس کے لئے جانی پہچانی آگ روشن ہو گئی اور پھر تیلے پن کے ساتھ انھوں نے اپنے خوبصورت اگوٹھیوں بھرے ہاتھ اٹھائے' اس کے سر کو اپنے ہاتھوں میں لیا' دیر تک اسے دیکھا اور پھر اپنا چہرہ اور کھلے ہوئے مسکراتے ہوئے ہونٹ قریب لا کر اس کا منہ اور دونوں آنکھیں چوم لیں اور اسے پرے ہٹا دیا۔ وہ چلی جانا چاہتی تھیں لیکن اس نے انھیں روک لیا۔

"کب؟" وہ انھیں بے خودی کے ساتھ دیکھتے ہوئے سرگوشی میں ہڑبڑایا۔

"آج ہی' ایک بجے" انھوں نے سرگوشی میں جواب دیا اور گہری سانس بھر کر اپنے سبک اور تیز قدموں سے چلتی ہوئی بیٹے سے ملنے چلی گئیں۔

سرو ڈاکو بڑے باغ میں بارش نے آیا تھا اور وہ اپنی گایا کے ساتھ باغ کے بیچ کی بینچ میں دبکے بیٹھے تھے۔

"اچھا تو' پھر ملیں گے" انھوں نے دردشکی سے کہا۔ "اب جلدی گھر وہ ضرور پہنچا ہو گا۔ جینی نے وعدہ کیا ہے کہ آکر مجھے لے جائیں گی۔"

دردشکی نے گھڑی پر نظر ڈالی اور تیز تیز چلا گیا۔

24

جب دردشکی نے کارسٹین کے گھر کی باغی میں اپنی گھڑی دیکھی تھی تو وہ اس قدر پریشان تھا اور اپنے خیالوں میں اتنا محو تھا کہ اس نے ڈائل پر سوئیاں تو دیکھیں لیکن اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ کیا بجا ہے۔ وہ شاہراہ پر نکل آیا اور بیچوں میں احتیاط کے ساتھ قدم رکھتا ہوا اپنی گاڑی کی طرف چلا۔ وہ آہستہ سے اس درجہ پر تھا کہ اس نے یہ سوچا بھی نہیں کہ کیا وقت ہو گیا ہے اور برباشکی کے ہاں جانے کا وقت بھی ہے یا نہیں۔ جیسا کہ اکثر ہوتا ہے اس میں حافظے کی بس ظاہری قوت رہ گئی تھی جو صرف یہ بتاتی تھی کہ بالترتیب کیا کیا کرنا ہے۔ وہ اپنے کوچوان کے پاس آیا' جو لائم کے ایک گھنے پیڑ کے طویل تر ہوتے ہوئے سائے میں اپنے باکس پر بیٹھا اونگھ رہا تھا' پسینے میں تر گھوڑوں کے اوپر منڈلاتے ہوئے پتنگوں کی قطاروں کو خوشی کے ساتھ دیکھا اور کوچوان کو جگا کر اچھل کے گاڑی میں بیٹھ گیا اور اسے برباشکی کے ہاں چلنے کا حکم دیا۔ کوئی سات دو سات جانے کے بعد اسے اتنا ہوش آیا کہ گھڑی دیکھے اور تب اس کی سمجھ میں آیا کہ ساڑھے پانچ بج چکے ہیں اور اسے دیر ہو گئی ہے۔

اس دن کی دوڑیں تھیں — سوار فوج کی دوڑ اس کے بعد افسروں کی دوڑ اور چار درست کی دوڑ اور پھر وہ دوڑ جس میں اس کو حصہ لینا تھا۔ وہ جلدی کر کے اپنی دوڑ کے وقت تک پہنچ سکتا تھا لیکن اگر وہ برباشکی کے ہاں گیا تو بس عین وقت پر پہنچے گا اور اس وقت تک پورا دربار پہنچ چکا ہو گا۔ اور یہ اچھا نہیں تھا۔ لیکن برباشکی سے وہ آنے کا وعدہ کر چکا تھا اس لئے اس نے آگے ہی جانے کا فیصلہ کیا اور کوچوان کو حکم دیا کہ گھوڑوں کو بغیر کسی رورعایت کے دوڑائے۔ وہ برباشکی کے ہاں پانچ منٹ ٹھہرا اور واپس لوٹ پڑا۔ اس تیز رفتاری نے اسے مطمئن کر دیا۔ اس کے اور آنا کے رشتے میں جتنی بھی مشکلیں تھیں' سارا غیر یقینی پن' ان دونوں کی بات چیت کے بعد رہ گیا تھا' وہ سب اس کے دماغ سے دور ہو گیا۔ اب وہ خوشی اور ہیجان کے ساتھ دوڑ کے بارے میں سوچ رہا تھا اور یہ کہ وہ سرِ حال پہنچ جائے گا اور کبھی کبھی آج رات کو ملاقات کی متوقع خوشی بھی اس کے تصور میں ایک تیز روشنی کی طرح کوند پڑتی۔

مضافاتی بنگلوں نیز بیرس برگ سے دوڑ کے لیے آنے والوں کی گاڑیوں سے آگے نکل کر وہ جتنا ہی زیادہ گنجان دوڑ کی فضا میں پہنچتا جا رہا تھا اتنا ہی زیادہ اس پر عنقریب ہونے والی دوڑ کا احساس طاری ہوتا جا رہا تھا۔ اس کی بغلیا میں کوئی بھی نہ تھا' سب دوڑیں جا چکے تھے اور خدمتگار پھاٹک پر اس کا انتظار کر رہا تھا۔ جتنی دیر میں اس نے کپڑے بدلے اتنی دیر میں خدمتگار نے اطلاع دی کہ دوسری دوڑ شروع ہو چکی ہے کہ بہت سے صاحب لوگ اس کے بارے میں پوچھتے آ چکے تھے اور اصطبل سے دو بار نوکر دوڑتا ہوا آیا تھا۔

بغیر جلدی کئے ہوئے کپڑے بدل کر اور کبھی جلدی نہیں کرتا تھا اور خود کو قابو سے باہر کبھی۔ ہونے دیتا تھا' دردشکی نے کوچوان کو اصطبل چلنے کا حکم دیا۔ تھان ہی پر اسے بگھیوں' راہ گیروں' سپاہیوں کا وہ سمندر' جو ریس کورس کے چاروں طرف لہرا رہا تھا' اور لوگوں سے کھچا کھچ بھرے ہوئے پویلین نظر آئے۔ شاید دوسری دوڑ ابھی چل رہی تھی اس لئے کہ جب وہ اصطبل میں داخل ہوا تو اس نے گھنٹی بجتے سنی۔ جب وہ تھان کے پاس پہنچا تھا تب اس نے تو تین کے گھوڑے لگا دیا تر کو دیکھا تھا جس پر پیلی گوٹ لگی ہوئی ٹارلٹن جھول رہی تھی۔ اس کے کان بے اختیار بجنے لگ رہے تھے اور ان کے سرے لیلے سے نظر آ رہے تھے۔ اسے ریس کورس پر لے جایا جا رہا تھا۔

"تارا کہاں ہیں؟" اس نے اصطبل والے لڑکے سے پوچھا۔

"تھان میں ہیں' زین کس رہے ہیں۔"

بالوں بھرے کھلے تھان میں فرفر پر زین کسی جا چکی تھی اور اسے باہر لے جانے کی تیاری ہو رہی تھی۔

"دیر تو نہیں ہوئی؟"

"کل رائٹ' کل رائٹ سب ٹھیک ہے' سب ٹھیک ہے" انگریز بڑبڑایا "بس آپ بالکل پریشان نہ ہوں۔"

دردشکی نے ایک بار اور اپنی خوبصورت اور پسندیدہ گھوڑی کے ڈیل ڈول پر نظر ڈالی جس کا سارا جسم بھری لے رہا تھا۔ بمشکل اس نے اپنے آپ کو اس منظر سے الگ کیا اور اصطبل سے باہر چلا گیا۔ وہ ایسے وقت پر میدانوں میں پہنچا جب ہانپ کے لئے سب سے موزوں تھا کہ اس کی طرف کوئی بھی کسی طرح کی توجہ نہ کرے۔ سیدھ درست والی دوڑ ختم ہو رہی تھی اور سارے لوگوں کی نگاہیں سوار گارد کے ایک افسر پر تھیں جو آگے تھا اور اس کے پیچھے ایک لائٹ ہسار پر بھی ہوئی تھیں جو اپنے گھوڑوں کو آخری زور لگانے پر مجبور کر رہے تھے اور دوڑ کے اختتام والے ستون تک پہنچنے ہی والے تھے۔ دوڑ کے منتہی کے اندر اور باہر سے بے شمار لوگوں نے دوڑ کرستون کے پاس بھیڑ لگا لی تھی۔ سوار گارد کے افسروں اور سپاہیوں کی ٹولی اپنے افسر اور ساتھی کی متوقع جیت پر بلند آواز میں خوشی کا اظہار کر رہی تھی۔ جس وقت دوڑ کے حاسے کی گھنٹی بجی تھی اور اول آنے والا سوار گارد کا بلند قامت افسر کیچڑ کے چھینٹوں سے ڈھکا ہوا زین پر جھک گیا تھا اور اس نے اپنے ہانپتے ہوئے اور پسینے میں تر ہونے کی وجہ سے تقریباً سیاہ نظر آنے والے سرخی گھوڑے کی لگام چھوڑ دی تھی تقریباً اسی وقت دردشکی کسی کے دیکھے ان دیکھے ہیجان میں گھس گیا تھا۔

کوشش کر کے اپنے قدموں کو آہستہ کرتے ہوئے گھوڑوں نے اپنے بھاری جسم کی رفتار کو سست کیا اور سوار گارد کے افسر نے 'ہیہ' ہیہ' کی طرح جو گھری سیدھ سے جاگا ہو چاروں طرف نظر دوڑائی اور بڑی مشکل

سے مسکرایا۔ انجان اور غیروں کی ایک بھیڑ نے اسے گھیر لیا۔

وردشکی داستہ طور پر اعلیٰ سوسائٹی کے اس منتخب مجمع سے احتراز کر رہا تھا جو پولیئن کے سامنے اپنے کو لئے دیئے ہوئے اور آزادانہ طور پر گھوم پھر رہا تھا اور بات چیت کر رہا تھا۔ اسے معلوم ہو گیا کہ انھیں لوگوں میں کارسٹینا بھی تھیں اور تیسٹی بھی اور اس کے بھائی کی بیوی بھی اور وہ جان بوجھ کر ان لوگوں کے پاس نہیں گیا کہ کہیں دھیان نہ بٹ جائے۔ جان بچھان کے لوگ اسے برابر ملتے رہے اور اسے روک کر پہلے والی دو لڑکیوں کی تفصیلات بتاتے رہے اور اس سے پوچھتے رہے کہ وہ کہاں سے کھیل آیا۔

جس وقت دوڑ میں جیتنے والوں کو انعام لینے کے لئے پولیئن میں بلایا گیا اور سارے لوگ ادھر متوجہ ہو گئے اس وقت وردشکی کے بڑے بھائی الکسانڈر اس کے پاس آ پہنچے۔ وہ کرنل تھے اور ان کے کندھوں پر جھول لگے تھے۔ وہ دبلے ہوئے قد کے اور اکھڑے ہوئے جسم کے تھے جیسے انھیں تھیسی لیکن اس سے زیادہ خوبصورت اور سرخ و سفید تھے۔ ان کی ناک لال اور چوڑی جیسا صاف گو اور ہر تاثر کو ظاہر کر دینے والا تھا۔

انھوں نے کہا "تمہیں میرا رقعہ ملا؟ تم تو کبھی ملتے ہی نہیں۔"

الکسانڈر وردشکی اپنی عیاشانہ اور خاص طور سے شرابوں جیسی زندگی کے لئے مشہور تھے لیکن اس کے باوجود وہ پوری طرح سے درباری حلقے کے آدمی تھے۔ اس وقت جب وہ اپنے بھائی سے ایسی چیزوں کے بارے میں باتیں کر رہے تھے جو اس کے لئے بالکل ناگوار تھیں، تب بھی یہ جان کر کہ ان پر ہو سکتا ہے بہت سے لوگوں کی نگاہیں لگی ہوں، وہ مسکرا رہے تھے جیسے اپنے بھائی سے کسی غیر اہم چیز کے بارے میں مذاق کر رہے ہوں۔

"ہاں مل گیا اور سچ یہ ہے کہ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ آپ کس لئے فکرمند ہیں؟" تھیسی نے کہا۔

"میں اس لئے فکرمند ہوں کہ ابھی ابھی مجھے دھیان دلایا گیا کہ تم یہاں نہیں پہنچے اور یہ کہ لوگوں نے تم کو پیٹرسوف میں دیکھا تھا۔"

"کچھ معاملات ایسے ہوتے ہیں جن کا فیصلہ کرنے کا تعلق صرف انہیں لوگوں سے ہوتا ہے جنہیں ان سے براہ راست دلچسپی ہو اور جس معاملے کی بات آپ کر رہے ہیں وہ ایسا ہی ہے۔"

"ہاں، لیکن پھر فوج میں ملازمت مت کرو نہ..."

"میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ مداخلت نہ کریں، اور بس۔"

تھیسی وردشکی کی تیوریاں چڑھ گئیں اور چہرہ زرد ہو گیا اور اس کا لمبا سا پتلا جبڑا بھنچ کے نکلا جو اس کے ساتھ بہت ہی کم ہوتا تھا۔ وہ بہت ہی نیک دل انسان کی حیثیت سے غصہ شاذ و نادر ہی کرتا تھا لیکن جب غصہ کرتا تھا اور جب اس کی نھوڑی بھنچ کے نکلتی تھی تو جیسا کہ الکسانڈر وردشکی جانتے تھے، وہ خطرناک ہو جاتا تھا۔ الکسانڈر وردشکی خوش خوش مسکرائے۔

"میں تو صرف ماں کا خط پہنچانا چاہتا تھا۔ ان کو جواب لکھ دینا اور وہ شروع ہونے سے پہلے پریشان مت ہونا۔ یون شانس (30)" انھوں نے مسکراتے ہوئے اضافہ کیا اور اس کے پاس سے چلے گئے۔

لیکن ان کے جانے کے فوراً بعد ایک اور دوست ملام نے اسے روک لیا۔

"دوست کو بھی پہچاننا نہیں چاہتے، میرے دوست!" اتی یان ارکاڈیچ نے کہا۔ یہاں پیٹرس برگ کی چمک دمک میں بھی ان کا سرخ چہرہ اور چمکتے ہوئے، اچھی طرح کنگھی کئے ہوئے گل پچھے اس سے کم تابندہ نہ تھے جتنے ماسکو میں رہتے تھے۔ "کل آؤ ہمارے اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ تمہاری بیوی کو دیکھوں گا۔ تم کب ملیں گے؟"

"کل میں ضرور آؤں گا" وردشکی نے مسرت میں ان کے اور کوٹ کی آستین کو دباتے ہوئے کہا اور ریس کورس میں چلا گیا جہاں اسٹیپل چیز کے لئے گھوڑے لائے جا رہے تھے۔

بیچ میں ترار اور تھکن سے بالکل چور، دو ٹیمیں حصہ لے چکنے والے گھوڑوں کو سائیس واپس لے جا رہے تھے اور اگلی دوڑ کے لئے ایک کے بعد ایک 'آزاد دم' زیادہ تر انگریزی گھوڑے لائے جا رہے تھے جن پر جھولیں پڑی تھیں، جن کے تنگ خوب کسے ہوئے تھے اور وہ بڑے بڑے عجیب و غریب پرندوں کی طرح لگ رہے تھے۔ دائیں طرف کو گھڑ دوڑ اور خوبصورت فوجی قواعد جاری تھی جو اپنی تکمیلی اور خاصی لمبی پنڈلیوں پر یوں پھدک رہی ہوئی آرمی تھی جیسے کمانیوں پر چل رہی ہو۔ اس سے تھوڑے ہی فاصلے پر لمبے کانوں والے گدھا تاتر پر سے بھول اتاری جا رہی تھی۔ گھوڑے کے طاقتور، دبلے اور ہر جوڑ بند سے بالکل درست، لمبی ٹانگیں، بے انتہا تناسب پٹھوں اور غیر معمولی طور پر بھوری چنڈیوں نے، جو بالکل سموں کے اوپر رکھی ہوئی لگ رہی تھیں، غیر ارادی طور پر وردشکی کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کر لیا۔ وہ اپنی گھوڑی کے پاس جانا چاہتا تھا لیکن پھر ایک واقف کار نے اسے روک لیا۔

"اہا، وہ رہے کارسٹینا!" واقف کار نے اس سے باتیں کرتے کرتے کہا۔ "بیوی کو اٹھوا رہے ہیں اور وہ سیچ پولیئن میں ہیں۔ آپ ان سے نہیں ملے۔"

"نہیں، میں تو نہیں ملا" وردشکی نے جواب دیا اور اس نے پولیئن کی طرف دیکھا تک نہیں جدھر سے کارسٹینا کو دیکھا گیا تھا۔ وہ اپنی گھوڑی کی طرف چلا گیا۔

وردشکی ابھی زین کو اچھی طرح جانچ پرکھ بھی نہ سکا تھا، جس کو تھوڑا سا ٹھیک کرنے کی ضرورت تھی، کہ دوڑ میں حصہ لینے والوں کو اپنے نمبر اور مقام روانگی کا لینے کے لئے پولیئن میں طلب کیا گیا۔ سنجیدہ اسکر اور سب سے تو زور جماں والے متر انسران پولیئن میں پہنچے اور سب نے اپنے اپنے نمبر لئے۔ وردشکی کو نمبر ۸ گوارڈ ملی۔ "اپنی اپنی زین پر!"

یہ محسوس کر کے کہ دوسرے سواروں کے ساتھ اس وقت وہ ایک ایسا مرکز ہے جس پر ساری نگاہیں لگی ہوئی ہیں، وردشکی اس گاڑھی بھری حالت میں اپنی گھوڑی کے پاس پہنچا جس میں وہ اپنی رفتار کو کچھ تیز اور پرسکون بنا لیتا تھا۔ کارلے نے دوڑ کے اعزاز میں اپنا بہترین "جشن والا لباس" پہنا تھا — سیاہ "ٹاپ ہیٹ" "کلف دار سخت کالر جس پر اس کے گال لٹکے ہوئے تھے، سیاہ گول ویسٹ اور ٹاپ بوٹ۔ وہ ہمیشہ کی طرح پرسکون تھا اور اسے اپنی اہمیت کا احساس تھا۔ وہ گھوڑی دونوں طرف سے گھوڑی کی لگام پکڑے اس کے سامنے کھڑا تھا۔ فریفرداس طرح کپکپائے جا رہی تھی جیسے ہوڑی چڑھی ہو۔ اس کی ایک آنکھ آتشیں نظروں سے پاس آتے ہوئے وردشکی کو دیکھ رہی تھی۔ وردشکی نے تنگ میں ایک انگلی گھسیڑ کر دیکھا۔ گھوڑی نے آنکھیں نچائیں، دانت پورے اور ایک کوئی بچی کر لی۔ انگریز نے اپنے دانت بھینچ لئے اور اس نے اس بات پر مسکرانے کی کوشش کی کہ اس کی کسی معمولی زین کی بھی جانچ کی جاتی ہے۔

"سوار ہو جائیے، انگریز جنٹلمین ہوں۔"

وردشکی نے آخری بار اپنے حریفوں کو دیکھا۔ وہ جانتا تھا کہ دوڑ میں تو انہیں دیکھ نہیں پائے گا۔ ان میں

سے دو آگے اپنے اپنے مقام روانگی کی طرف جا رہے تھے۔ گا تھسین' جو آج ورد شکی کا خطرناک حریف اور یوں اس کا دوست تھا' اپنے بھڑکے ہوئے گھوڑے کے اردگرد گھوم رہا تھا اور اسے سوار نہیں ہونے دے رہا تھا۔ ایک چھوٹا سا لائٹ ہسار رنگ برجس پہنے ہوئے' انگریز جاکی کی طرح دکھائی دینے کی خواہش میں اپنے گھوڑے کی گردن پر بیل کی طرح دبکا ہوا اسے سرپٹ دوڑاتا ہوا آ رہا تھا۔ پرنس کو ردلیف زرد چہرہ لئے ہوئے اپنی گرانڈ فلی اسٹڈ فارم کی اصیل گھوڑی پر بیٹھے تھے اور انگریز سائیس اسے لگام پکڑ کر لا رہا تھا۔ ورد شکی اور اس کے سب ساتھی کو ردلیف کو اور ان کی ان خصوصیتوں کو جانتے تھے کہ ان کے اعصاب "کمزور" ہیں اور ان میں غضب کی خود پسندی ہے۔ وہ جانتے تھے کہ پرنس کو ردلیف ہر چیز سے ڈرتے تھے' منہ زور گھوڑے پر دوڑنے سے ڈرتے تھے لیکن آج صرف اس لئے انہوں نے دوڑنے کا فیصلہ کر لیا تھا کہ یہ خطرناک تھا کہ لوگوں کی گردن ٹوٹ جاتی تھی کہ ہر روک پر ایک ڈاکٹر' ایمبولینس اور نرس موجود تھے۔ ان کی آنکھیں چمک رہی تھیں اور ورد شکی نے شفقت کے ساتھ ان کی مدد بوجھانے کے لئے آنکھ ماری۔ بس اسے ایک غصہ نہیں دکھائی دیا' اس کا خاص حریف گھاڑ پر سوار تھا۔

"جلدی مت کیجئے گا" کارڈ نے ورد شکی سے کہا "اور ایک بات یاد رکھئے گا کہ روک پر نہ اس کی لگام کھینچئے گا اور نہ ایڑ لگایئے گا۔ اسے طوعی طے کرنے دیجئے گا کہ کیا کرنا چاہتی ہے۔"

"اچھا' اچھا" ورد شکی نے لگام سنبھالتے ہوئے کہا۔

"اگر ممکن ہو تو دوڑ میں بھی آگے ہی رہئے گا لیکن اگر پیچھے رہ جائیں تو بھی آخری صف تک بدل نہ ہوئیے گا۔"

گھوڑی حرکت بھی نہ کرپائی تھی کہ ورد شکی نے حکم اور پھر تیلے انداز سے رکاب دار فولادی رکاب پر پاؤں رکھا اور بڑی آسانی سے پٹڑے کی چرچراتی ہوئی زین پر جم کر بیٹھ گیا۔ بائیں پاؤں کو بھی رکاب میں داخل کر اس نے اپنی عادت کے مطابق دو ہری لگاموں کو انگلیوں کے بیچ میں ٹھیک سے پکڑا اور کارڈ نے اپنے ہاتھ ہٹا لئے۔ جیسے وہ یہ جانتی ہو کہ کون سا پاؤں پہلے بڑھانا چاہئے فرد فرد نے اپنی لمبی گردن تان کر لگام کو کھینچا اور چلنے لگی' ایسے کمانیوں پر اچھل رہی ہو اور سوار کو اپنی پیٹھ پر اچکانے لگی۔ کارڈ نے قدم بڑھاتا ہوا ان کے پیچھے پیچھے چلا۔ یہاں میں جتلا گھوڑی سوار کو دھوکا دینے کی کوشش میں کبھی لگام کو ایک طرف سے کھینچتی' کبھی دوسری طرف سے۔ ورد شکی اسے آواز سے اور ہاتھ سے درست بٹھانے کی کوشش کر رہا تھا لیکن اس کا کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا۔

وہ اپنے مقام روانگی کی طرف جاتے ہوئے بند سے روکی ہوئی ندی تک پہنچ چکے تھے۔ دوڑ میں حصہ لینے والے بہت لوگ آگے تھے' بہت سے پیچھے تھے کہ اچانک ورد شکی کو اپنے پیچھے کیچڑ میں ایک گھوڑے کے دوڑنے کی ٹاپیں سنائی دیں اور کوئین اپنے سفید پاؤں اور لٹکتے کانوں والے گلادیاتر پر اس کے برابر سے ہو کر آگے نکل گیا۔ کوئین مسکرایا اور اس کے لمبے لمبے دانت نظر آ گئے لیکن ورد شکی نے اسے غصے سے دیکھا۔ وہ ویسے بھی پسند نہیں کرتا تھا' اس وقت وہ اسے اپنا سب سے خطرناک حریف سمجھ رہا تھا اور اس بات پر اسے جھنجلاہٹ ہوئی کہ اس نے پاس سے گھوڑا دوڑاتے ہوئے نکل کر اس کی گھوڑی کو بدکا دیا تھا۔ فرد فرد نے اپنے بائیں پاؤں کو جھٹکا دے کر سرپٹ دوڑنا چاہا اور دو چھلانگیں لگائیں بھی لیکن پھر کھنچی ہوئی لگام پر خفا ہو کر دھیمے دار دلکی چلنے اور سوار کو اچکانے لگی۔ کارڈ نے بھی تیوری چڑھائی اور تقریباً دوڑ کر ورد شکی کی طرف بڑھا۔

25

کل ملا کر سترہ افسر دوڑ میں حصہ لے رہے تھے۔ دوڑ چار درست کے ایک بیضوی گھیرے پر پولیین کے سامنے ہونے والی تھی۔ اس گھیرے پر نو روکیں بنائی گئی تھیں — ندی' کوئی دو ارشین (31) اونچی ایک بڑی سی دیواری روک جو پولیین کے عین سامنے تھی' سوکھا نالا' پانی بھرا نالا' ایک ڈھلان' آئرش بینک (جو سب سے مشکل روکوں میں تھا)' جو ایک گھاٹ پر مشتمل تھا جس کے اوپر گھنی جھاڑی لگی تھی اور اس کی آڑ میں گھوڑوں کو نظر نہ آنے والا ایک اور نالا تھا جس کے سنی یہ تھے کہ گھوڑا ایک ہی جست میں دونوں رکاوٹوں کو پار کر لے نہیں تو مار جائے' اس کے بعد پانی بھرے دو نالے اور ایک سوکھا نالا اور تھے — اور دوڑ کر پولیین کے سامنے ختم ہونا تھا۔ لیکن مقام روانگی گھیرے میں نہیں بلکہ اس سے الگ ہٹ کر کوئی سو ساژین کے فاصلے پر تھا اور پہلی روک یعنی بند سے روکی ہوئی کوئی تین ارشین چوڑی ندی اسی فاصلے پر تھی جتنے دوڑ میں حصہ لینے والے اپنی مرضی کے مطابق چھلانگ کر پانی میں گھس کر پار کر سکتے تھے۔

دوڑ میں حصہ لینے والے تین بار صف میں کھڑے ہوئے لیکن ہر بار کسی نہ کسی کا گھوڑا وقت سے پہلے ہی دوڑ پڑا اور سب کو پھر سے واپس آنا پڑا۔ رئیس شروع کرانے والے اور ہر کرنل بہترین خفا ہونے لگے تھے مگر افسر کارپرستی کوشش میں وہ چلاتے "استارٹ!" اور سوار دوڑ پڑے۔

جب وہ صف بنا رہے تھے تو ساری نگاہیں اور ساری دوربینیں سواروں کی رنگ برنگی ٹوپی پر جمی ہوئی تھیں۔

"روانہ ہو گئے اور دوڑے" توقع کی خاموشی کے بعد ہر طرف سے آواز سنائی دی۔

ٹولیاں اور الگ الگ لوگ ادھر ادھر دوڑنے لگے تاکہ اچھی طرح دیکھ سکیں۔ پہلے ہی صف میں سواروں کی ایک چمکتی رنگ شدہ ٹولی بکھر گئی اور دکھائی دینے لگا کہ کیسے دو دو' تین تین' اور ایک ایک کر کے ندی کے پاس پہنچ رہے تھے۔ ناظرین کو تو لگ رہا تھا کہ وہ سب ساتھ ہی ساتھ دوڑ رہے تھے لیکن دوڑنے والوں کے لئے سکنڈوں کے فرق تھے جو ان کے لئے بڑی اہمیت رکھتے تھے۔

یہاں میں جتلا اور بہت زیادہ گھبرائی ہوئی فرد فرد نے ابتدائی لمحہ گنوا دیا اور کئی گھوڑے اس سے پہلے اپنی جگہ سے دوڑے لیکن ندی تک پہنچنے سے پہلے ہی ورد شکی' لگام کو جھٹکتی گھوڑی کو پوری طاقت سے روکے ہوئے بڑی آسانی سے تین سے آگے نکل گیا اور اس کے آگے بس کوئین کا سمندر رنگ گلادیاتر رہ گیا جس کے پیچھے بڑی ہمواری اور سبک پن سے ورد شکی کے بالکل سامنے حرکت کر رہے تھے اور سب سے آگے خوبصورت ڈانیا تھی جس پر نیم جان کو ردلیف سوار تھے۔

شروع کے چند منٹوں میں ورد شکی کو اپنے اوپر قابو تھا نہ گھوڑی پر۔ پہلی روک' ندی تک وہ گھوڑی کی چال کی رہنمائی کسی طرح نہ کر سکا۔

گلادیاتر اور ڈانیا روک تک ساتھ ہی ساتھ پہنچے۔ ایک ساتھ ہی وہ ندی کے اوپر بلند ہوئے اور اڑ کر دوسری طرف پہنچ گئے۔ ان کے پیچھے ہی' بالکل اس طرح کہ پتہ بھی نہ چلا' فرد فرد نے بھی گویا اڑتے ہوئے جست لگائی لیکن عین اسی وقت جب ورد شکی فضا میں معلق تھا تو اس نے تقریباً اپنی گھوڑی کی ٹاپوں کے نیچے کو ردلیف کو دیکھا جو ندی کے اس کنارے پر گھوڑی سمیت لڑھک گئے تھے (کو ردلیف نے جست بھرنے کے

بعد لگام ڈھیلی چھوڑ دی تھی اور گھوڑی نے جست لگائی تو وہ اس کے سر کے اوپر سے ہوتے ہوئے دوسری طرف جا گرے۔ یہ تفصیلات درد شکی کو بعد میں معلوم ہوئیں' اس وقت تو اس نے بس اتنا ہی دیکھا کہ جہاں پر فرفرد کی ٹاپیں لگنے والی تھیں وہیں پر ڈائیانا کی ٹانگ یا سر آسکتا تھا۔ لیکن فرفرد نے اچکتی ہوئی بلی کی طرح جست کے دوران ہی میں ٹانگوں اور کمر سے زور لگایا اور ڈائیانا کو بچا کر اس سے آگے زمین پر جا گی۔

"واہ' مجھی بیاری نا" درد شکی نے سوچا۔

ندی کے بعد درد شکی نے گھوڑی پر پوری طرح قابو پالیا اور اسے روکنے لگا۔ اس کا ارادہ تھا کہ بڑی روک کو خوتین کے پیچھے ہی رہ کر پار کرے اور اس کے بعد پہاڑ کاٹنے والے دو سو ساڑھین کے قافلے میں اس سے آگے نکلنے کی کوشش کرے۔

بڑی روک زار کے پولیئین کے عین سامنے تھی۔ جب وہ "شیطان" (بڑی روک کا یہی نام تھا) کے پاس پہنچے تو اعلیٰ حضرت اور پریوار اور ساری بھیڑ انہیں لوگوں کو دیکھ رہے تھے' درد شکی کو اور خوتین کو اور اس سے گھوڑے کے پورے ڈیل بھر آگے تھا۔ درد شکی نے اپنے اوپر ہر طرف سے لگی ہوئی ان آنکھوں کو محسوس کیا لیکن دیکھا اس نے کچھ نہیں سوائے اپنی گھوڑی کی کنوتیوں اور گردن' اس کی طرف لپکتی ہوئی زمین اور گلادیاتر کے پٹھوں اور سفید پاؤں کے' جو اس کے سامنے اپنی تیز تیز ٹاپوں سے نال دے رہا تھا اور ان کے درمیان ایک ہی فاصلہ برقرار رکھے ہوئے تھا۔ گلادیاتر بلند ہوا اور کسی چیز کو چھوئے بغیر اپنی پھونی دم لہرا کر درد شکی کی آنکھ سے اوجھل ہو گیا۔

"مرحبا!" کسی ایک شخص کی آواز سنائی دی۔

اسی لمحے درد شکی کی آنکھوں کے سامنے' خود اس کے سامنے' روک کا تختہ کود گیا۔ اپنی چال میں ذرا بھی تبدیلی کئے بغیر گھوڑی اس کی رانوں تلے بلند ہوئی' تختے غائب ہو گئے اور بس پیچھے سے کوئی چیز کھڑکی۔ آگے جاتے ہوئے گلادیاتر کی وجہ سے ہوش میں آکر گھوڑی روک کے سامنے وقت سے پہلے ہی بلند ہو گئی تھی اور اس کا ایک پچھلا سم روک سے ٹکرا گیا تھا۔ لیکن اس کی چال نہیں بدلی اور درد شکی کے منہ پر کچھ کا ایک چھینٹا پڑا' تو وہ سمجھ گیا کہ وہ اب بھی گلادیاتر سے اسی فاصلے پر ہے۔ اسے پھر اپنے سامنے اس کے نیچے اور پھونی دم نظر آئی اور پھر اتنی ہی دوری پر سفید پاؤں کی وہی تیز تیز ٹاپیں دکھائی دینے لگیں۔

جس وقت درد شکی نے یہ سوچا کہ اب خوتین سے آگے نکل جانا چاہئے میں اسی لمحے خود فرفرد نے یہ سمجھ کر کہ وہ کیا سوچ رہا تھا' کسی اشارے کے بغیر ہی دوڑنا اور سب سے زیادہ مناسب پہلو سے' ملنے والی ری کی طرف سے خوتین کے قریب تر ہانپنا شروع کر دیا۔ لیکن خوتین ری کے ساتھ ہی ساتھ بھاگ رہا اور اس نے ادھر سے نکلنے کا راستہ نہیں دیا۔ درد شکی نے یہ سوچا ہی تھا کہ خوتین کے بائیں سے نکلنا چاہئے کہ فرفرد نے اپنے قدم بدلے اور اسی طرف سے آگے بڑھنے لگی۔ فرفرد کے کندھے' جو پسینے سے گہرے رنگ کے ہونے لگے تھے' گلادیاتر کے پٹھوں کے برابر آگئے۔ چند قدم دونوں برابر دوڑے۔ لیکن روک سے پہلے جس کے پاس وہ پہنچ رہے تھے' درد شکی نے بڑا چکر کاٹنے کے خیال سے لگام سے کام لینا شروع کیا اور ٹھیک ڈھال کے اوپر خوتین سے آگے نکل گیا۔ اس نے خوتین کے چہرے کی ایک جھلک دیکھی' کچھ کی چھینٹوں سے اٹا ہوا۔ اسے یہ بھی لگا کہ خوتین مسکرایا۔ درد شکی اس سے آگے تو نکل آیا تھا لیکن اب بھی اپنی پیٹھ کے بالکل پیچھے ہی وہ ٹاپوں کی وہی ہموار آواز اور گلادیاتر کے نتھنوں سے نکلنے والی تیز تیز اور بالکل تازہ سانسوں کی پھنکار سن رہا تھا۔

اگلی دو روکیں' بالا اور باڈ' آسانی سے پار ہو گئیں لیکن درد شکی کو گلادیاتر کے دوڑنے اور پھنکارنے کی آوازیں قریب تر سنائی دینے لگیں۔ اس نے گھوڑی کو بڑھایا اور خوشی کے ساتھ محسوس کیا کہ گھوڑی نے بڑی آسانی سے اپنی رفتار تیز کر دی اور گلادیاتر کی ٹاپوں کی آواز پھر اسی پہلے والے فاصلے سے آنے لگی۔

درد شکی اب دو ڈھیں سب سے آگے تھا' خود وہ خود چاہتا تھا اور جیسا کرنے کا مشورہ کارڈ نے بھی دیا تھا' اور اب اسے اپنی کامیابی کا یقین تھا۔ اس کا یہ جان' خوشی اور فرفرد کے لئے پیار سب بڑھ گیا۔ اس کا جی چاہتا تھا کہ مڑ کر پیچھے دیکھے لیکن ایسا کرنے کی اس نے ہمت نہیں کی اور وہ کوشش کرنے لگا کہ خود پریشان نہ ہو اور گھوڑی کو زیادہ تاکید نہ کرے تاکہ اس میں اتنی ہی طاقت محفوظ رہے جتنی وہ محسوس کر رہا تھا کہ گلادیاتر میں رہ گئی ہے۔ اب ایک اور سب سے مشکل روک رہ گئی تھی' اگر اس کو اس نے دوسروں سے پہلے پار کر لیا تو وہ اول آجائے گا۔ وہ آتش بیگ کی طرف تیزی سے بڑھتا چلا جا رہا تھا۔ اس بیگ کو اس نے اور فرفرد نے دور ہی سے دیکھ لیا تھا اور اسے اور گھوڑی کو' دونوں کو ساتھ ہی ایک لمحے بھر کے لئے شک ہوا۔ اس نے گھوڑی کی کنوتیوں سے دیکھا کہ وہ جھجک رہی ہے اور اس نے چابک اٹھایا لیکن فوراً ہی محسوس کیا کہ شک بے بنیاد تھا۔ گھوڑی جانتی تھی کہ اسے کیا کرنا ہے۔ اس نے اپنی رفتار بڑھائی اور بڑے پتلے انداز میں' بالکل ویسے ہی جیسے وہ چاہتا تھا' بلند ہوئی اور ہوا میں سے اچھل کر اپنے سارے ڈیل کو ڈھیلا چھوڑ دیا اور یہ قوت بے عملی اسے نالے سے بہت آگے نکال لے گئی اور فرفرد نے اسی نال پر بغیر کسی کوشش کے اسی قدم سے اپنی دوڑ جاری رکھی۔

"مرحبا درد شکی!" اسے لوگوں کی ایک بھیڑ کی آواز سنائی دی۔ اس نے اپنی رجمنٹ والوں اور دوستوں کو پہچان لیا جو اس روک کے پاس ہی کھڑے تھے اور یا شوین کی آواز بھلا وہ کیسے نہ پہچانتا حالانکہ اس نے اسے دیکھا نہیں۔

"شاباش' میری جینا!" اس نے فرفرد کے بارے میں سوچا اور یہ جاننے کے لئے کان لگائے کہ پیچھے کیا ہو رہا ہے۔ پیچھے سے گلادیاتر کی ٹاپوں کی آواز سن کر اس نے طے کر لیا کہ "بس وہ دو ڈیکا" بس اب ایک بانی بھرا فاصلہ گیا تھا' ندار شین چوڑا۔ درد شکی نے اس کی طرف دیکھا بھی نہیں اور بہت آگے نکل کر اول آنے کی خواہش کے تحت اس نے لگام کو گردش دینا شروع کیا۔ گھوڑی کی چال کے ساتھ ساتھ اس کے سر کو اوپر اٹھاتے اور نیچے لاتے ہوئے محسوس کر رہا تھا کہ گھوڑی اپنا آخری دور لگا کر دوڑ رہی ہے' اس کی صرف گردن اور کندھے ہی نہیں بلکہ بال' سر اور نوکیلی کنوتیوں پر پسینے کی بوندیں جھلک رہی تھیں اور وہ ابھر ابھر کر سانس لے رہی تھی۔ لیکن وہ جانتا تھا کہ یہ محفوظ طاقت باقی دو سو ساڑھین کے لئے کافی سے زیادہ ہو گی۔ صرف اس سے کہ وہ خود کو زمین سے قریب تر محسوس کر رہا تھا کہ اس کی گھوڑی نے اپنی رفتار کس قدر بڑھا دی ہے۔ نالے کو وہ یوں اڑتے ہوئے پار کر گئی جیسے اسے اس نے دیکھا ہی نہ ہو۔ اس پر سے دو پرندے کی طرح اڑ کر نکل گئی لیکن ٹھیک اسی وقت درد شکی یہ محسوس کر کے اور سے کانپ گیا کہ گھوڑی کی رفتار سے مطابقت رکھنے کی بجائے' خود اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ کیسے' اس نے ایک انتہائی غلط اور ناقابل معافی حرکت کی تھی اور زمین پر پیچھے کو ہو گیا تھا۔ اچانک اس کی نشست بدل گئی اور وہ سمجھ گیا کہ کوئی بھیانک بات ہو گئی تھی۔ ابھی وہ یہ بھی سمجھ پایا تھا کہ ہوا کیا تھا کہ اس کے بالکل پاس ہی سمندر رنگ گھوڑے کے سفید پاؤں کوندے اور تیزی سے خوتین اس کے برابر سے نکل گیا۔ درد شکی کا ایک پاؤں زمین سے رگڑنے لگا اور گھوڑی اسی پاؤں کے اوپر گرنے لگی۔ درد شکی اپنا پاؤں اس کے نیچے آنے سے بس بچا ہی پایا تھا کہ وہ پہلو کے بل گر پڑی اور ہانپ ہانپ کر پھنکارتے ہوئے' اپنی پسینے

میں تڑپتی گردن کو تان کر جیسے اٹھنے کی کوشش کر رہی ہو' درد شکی کے قدموں کے پاس زخمی پرندے کی طرح تڑپنے لگی۔ درد شکی نے جو بھونڈی حرکت کی تھی اس سے گھوڑی کی کمر ٹوٹ گئی تھی۔ لیکن یہ اس کی سمجھ میں بہت بعد کو آیا۔ اس وقت تو اس نے صرف یہ دیکھا کہ کوئی تین چیزی سے بہت دور نکل گیا اور کچھ بھری ٹھوس زمین پر وہ ٹھوکر کھاتا ہوا اکیلا کھڑا رہ گیا اور اس کے سامنے اکھڑی اکھڑی سانسیں لیتی ہوئی خوفزدہ تھی اور اس کی طرف سر اٹھائے اسے اپنی خوبصورت آنکھوں سے تک رہی تھی۔ ابھی تک درد شکی کی سمجھ میں نہ آیا تھا کہ ہو کیا گیا تھا اس نے لگام پکڑ کر گھوڑی کو کھینچا۔ وہ پھر مچلی کی طرح تڑپی' زین کے پہلو چرچرائے اور اس نے اپنے اگلے پاؤں بڑھائے لیکن پچھلوں کو اٹھانے بھر کا دم اس میں نہ تھا۔ وہ پھر بے بس ہو کر پہلو کے بل لوٹ گئی۔ شدت جذبات سے اینٹھتے ہوئے سفید چہرے اور کپکپاتے ہوئے پچھلے جبڑے کے ساتھ درد شکی نے اس کے پیٹ میں ٹھوکر ماری اور پھر اسے لگام سے کھینچنے لگا۔ لیکن گھوڑی نے کوئی حرکت نہیں کی اور زمین کو تھوتھن سے رگڑتی ہوئی بس اپنی بولتی آنکھوں سے مالک کو تکتی رہی۔

"آما" درد شکی سر پکڑ کر کراہا "آما کیا کیا میں نے؟" وہ چیخا تھا۔ "اور درد ڈبھی مار گیا اسب اپنی غلطی سے' شرمناک' ناقابل معافی غلطی سے! اور اس دکھیاری' پیاری گھوڑی کو مار ڈالا! آما یہ کیا کیا میں نے؟"

لوگ 'ڈاکٹر اور اس کا معاون' اس کی رجمنٹ کے افسر درد شکی کے پاس پہنچے۔ اسے یہ جان کر اور دکھ ہوا کہ وہ خود صحیح سلامت ہے اور اسے کوئی چوٹ نہیں آئی۔ گھوڑی کی کمر ٹوٹ گئی تھی اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ اسے گولی مار دی جائے۔ درد شکی لوگوں کے سوالوں کا جواب دے سکا نہ کسی سے بات کر سکا۔ وہ مڑا اور لوٹی اٹھائے بغیری' جو سر سے گر گئی تھی' ریس کورس سے باہر چلا۔ اسے خود نہیں معلوم تھا کہ وہ کہاں جا رہا ہے۔ وہ خود کو بہت بدنصیب محسوس کر رہا تھا۔ زندگی میں پہلی بار اسے کسی دکھ کا تجربہ ہوا تھا' ایسے دکھ کا جس کا کوئی مداوا نہ تھا اور جس کے لئے تصور دارد وہ خود تھا۔

وشوین اس کی لوٹی اٹھا کر اس کے پیچھے دوڑا اور اسے گھر لے گیا۔ آدھ گھنٹے بعد درد شکی کے ہوش و حواس درست ہوئے۔ لیکن اس دوڑ کی یاد اس کے دل میں زندگی کی سب سے تکلیف دہ اور الم ناک یاد کی طرح بہت دنوں تک باقی رہی۔

26

اپنی بیوی سے' الکسی الکساندرووچ کے ظاہری تعلقات ویسے ہی رہے جیسے پہلے تھے۔ بس واحد فرق یہ ہوا تھا کہ وہ پہلے سے بھی زیادہ مصروف رہنے لگے تھے۔ سابق برسوں کی طرح وہ بہار شروع ہوتے ہی پردیس کے چشموں پر اپنی صحت ٹھیک کرنے چلے گئے تھے اور ہر سال جائدادوں میں زیادہ محنت کرنے کی وجہ سے خراب ہو جاتی تھی اور حسب معمول وہ جولائی میں واپس آئے اور دو چند توانائی کے ساتھ اپنے روز مرہ کے کاموں میں لگ گئے تھے اور معمول کے مطابق ہی ان کی بیوی گرمیوں میں مضافاتی بنگلے میں چلی گئی تھیں اور وہ پیٹرس برگ میں رہتے تھے۔

پرنس تورسکایا کے ہاں والی شام کے بعد کی بات چیت کے وقت سے انہوں نے اپنے شکوک اور رقابت کے بارے میں آنا سے کبھی بات نہ کی تھی اور کسی کی فعل اتارنے والا ان کا عادی لہجہ بیوی کے ساتھ ان کے موجودہ تعلقات کے لئے سابقہ موقعوں اور اطمینان بخش تھا۔ وہ اپنی بیوی سے کچھ سرد مہری برتنے لگے تھے۔ ایسا

لگتا تھا جیسے وہ اپنی بیوی سے اس رات والی پہلی بات چیت کی بنا پر ناخوش ہوں جسے ان کی بیوی سننے پر تیار ہی نہ تھیں۔ بیوی کے ساتھ ان کے تعلقات میں جھنجھلاہٹ کا کچھ سایہ ساتھا لیکن اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ کبھی وہ ان سے مخاطب ہو کر دل ہی دل میں کہتے ہوں "تم میرے ساتھ وضاحت اور صفائی کرنا چاہتی تھیں' تو اب تمہارے ہی لئے اور برا ہے۔ اب تو تم خود مجھ سے صفائی مانگو گی اور میں کوئی وضاحت اور صفائی نہ کروں گا۔ تمہارے ہی لئے اور برا ہے۔" وہ دل ہی دل میں اس شخص کی طرح باتیں کرتے جس نے آگ بجھانے کی بیکار کوشش کی ہو اور اپنی کوشش کے رائیگاں جانے پر کہہ رہا ہو "تو اب بھگتو خود ہی اپنا جلاب جتنا جی چاہے!"

سرکاری امور میں اس قدر تکلف رس اور ذہین ہونے کے باوجود وہ بیوی سے اس قسم کے تعلقات کی بے معنی کو ابھی نہ سمجھتے تھے۔ وہ اسے سمجھ نہ پائے اس لئے کہ ان کے واسطے اپنی موجودہ حالت کو سمجھنا بہت ہی بھیانک تھا اور انہوں نے اس صندوقچہ کو اپنے دل میں رکھ کر بند کر کے اس پر مہر لگا دی تھی جس میں خاندان کے لئے یعنی بیوی اور بیٹے کے لئے ان کے جذبات رکھے ہوئے تھے۔ وہ بیٹے کے ساتھ بڑی توجہ سے پیش آتے تھے لیکن ان جانوروں کے حاتمے کے وقت سے وہ بیٹے سے بھی خاص طور سے سوتیلی برتنے لگے تھے اور اس کے ساتھ بھی ان کے تعلقات ویسے ہی طنز کرنے والے ہو گئے تھے جیسے بیوی کے ساتھ تھے۔ وہ اس کو دیکھتے تو کہتے "ارے واہ قسطنطین!"

الکسی الکساندرووچ سوچتے تھے اور کہتے تھے کہ انہیں کسی سال بھی اتنا سرکاری کام نہیں کرنا پڑا تھا جتنا اس سال کرنا پڑ رہا تھا۔ انہیں اس بات کا احساس نہ تھا کہ اس سال وہ اپنے لئے خود ہی سوچ سوچ کر کام پیدا کرتے تھے۔ یہ بھی ایک اور وجہ تھا اس صندوقچہ کو نہ کھولنے کا جس میں بیوی اور بیٹے کے لئے جذبات اور ان کے بارے میں خیالات رکھے تھے اور جنہیں اس میں پڑے پڑے جتنی دیر ہوتی جاتی تھی وہ اتنے ہی زیادہ بھیانک ہوتے جاتے تھے۔ اگر کسی کو الکسی الکساندرووچ سے یہ پوچھنے کا حق ہوتا کہ وہ اپنی بیوی کے برتاؤ کے بارے میں کیا سوچتے تھے تو شفیق اور صلح پسند الکسی الکساندرووچ کوئی جواب نہ دیتے اور ان سے اس کے بارے میں پوچھنے والے شخص پر برا فضہ کرتے۔ اسی سے تو الکسی الکساندرووچ کے چہرے پر سب ان سے کوئی ان کی بیوی کی خیر خیریت پوچھتا تو جھنجھلاہٹ اور تلخی کا تاثر پیدا ہو جاتا۔ الکسی الکساندرووچ اپنی بیوی کے برتاؤ اور احساسات کے بارے میں کچھ سوچنا ہی نہ چاہتے تھے اور واقعی اس کے بارے میں وہ کچھ سوچتے بھی نہ تھے۔

الکسی الکساندرووچ کا مستقل مضافاتی بنگلہ پیٹرھوف میں تھا اور عام طور سے کاؤنٹس لیدیا ایوانووا بھی وہیں آنا کے پڑوس ہی میں رہتی تھیں اور ان سے ملتی رہتی تھیں۔ اس سال کاؤنٹس لیدیا ایوانووا نے پیٹرھوف میں رہنے سے انکار کر دیا تھا' وہ ایک بار بھی آنا کے پاس نہ گئی تھیں اور انہوں نے اشاروں کنایوں میں الکسی الکساندرووچ پر یہ ظاہر کر دیا تھا کہ بیٹسی اور درد شکی سے آنا کی اتنی قربت مناسب نہیں ہے الکسی الکساندرووچ نے فوراً ان کو روک دیا اور اس خیال کا اظہار کیا کہ ان کی بیوی شکوک و شبہات سے بلند ہیں۔ اس کے بعد سے وہ کاؤنٹس لیدیا ایوانووا سے کترانے لگے۔ وہ اس بات کو نہ دیکھنا چاہتے تھے اور نہ انہوں نے دیکھا کہ سماشرے میں بہت سے لوگ ان کی بیوی کو نگاہوں سے دیکھنے لگے ہیں' وہ نہ سمجھنا چاہتے تھے اور نہ سمجھے کہ کیوں ان کی بیوی نے خاص طور سے زار سکوئے سیلو میں منتقل ہو جانے پر اصرار کیا جہاں بیٹسی رہتی تھیں اور جہاں سے تھوڑے ہی فاصلے پر درد شکی کی رجمنٹ کا کیمپ تھا۔ انہوں نے اپنے لئے اس بارے میں

سوچنا روا نہیں رکھا اور سوچا بھی نہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اپنے دل کی گہرائیوں میں، کبھی خود اپنے آپ سے بھی اعتراف کئے بغیر اور اس کے بارے میں کوئی گفتگو ہی نہیں بلکہ کسی طرح کے شک کے بغیر بھی، وہ یقینی طور پر جانتے تھے کہ وہ ایسے شوہروں جنہیں فریب دیا گیا ہے اور اس کی وجہ سے وہ بہت دکھی تھے۔

بیوی کے ساتھ اپنی آٹھ سال کی نکھی زندگی کے زمانے میں کتنی بار انہوں نے دوسری بیوفا عورتوں اور فریب خوردہ شوہروں کو دیکھ کر دل میں کہا تھا: "کیسے لوگ اس کی توجیہ کر لیتے ہیں؟ کیسے یہ لوگ اس بدتمیزی کی صورت حال کو ختم نہیں کرتے؟" لیکن اب جب مصیبت ان کے سر پر پڑی تو نہ صرف یہ کہ وہ اس کے بارے میں سوچتے نہیں تھے کہ اس صورت حال کو کیسے ختم کیا جائے بلکہ وہ اس کے بارے میں بالکل جاننا ہی نہ چاہتے تھے اور اسی لئے نہ جاننا چاہتے تھے کہ یہ صورت حال بہت ہی بھیانک اور بہت ہی غیر فطری تھی۔

پردیس سے واپس آنے کے بعد سے ا کلیسی الکساندر روچ دو بار مضافاتی بنگلے میں آئے تھے۔ ایک بار انہوں نے کھانا کھایا اور دوسری بار مہمانوں کے ساتھ شام بھر رہے لیکن کسی بار انہوں نے وہاں رات نہیں بسر کی جیسے وہ پچھلے برسوں میں کیا کرتے تھے۔

روزوالادن ا کلیسی الکساندر روچ کے لئے بڑی مصروفیت کا دن تھا۔ لیکن صبح ہی سے انہوں نے اپنے لئے دن کا پروگرام بنا کر یہ فیصلہ کیا تھا کہ دوپہر کا کھانا جلدی کھالیں گے اور فوراً ہی بیوی کے پاس مضافاتی بنگلے چلے جائیں گے اور وہاں سے دو ڈھائی بجے جہاں پر اور ہار ہو گا اور وہاں انہیں ضرور رہنا چاہئے۔ بیوی کے پاس وہ اس لئے جانا چاہتے تھے کہ انہوں نے خود یہ فیصلہ کیا تھا کہ وہ صبح داری کے خاتمے کے طور پر وہ ہفتے میں ایک بار ان کے پاس جایا کریں گے۔ اس کے علاوہ اس دن چند ضروری خرچ تھی اور انہیں قاعدے کے مطابق بیوی کو خرچ کے لئے رقم بھی دینی تھی۔

اپنے خیالات کے مادی نظم وضبط کے ساتھ انہوں نے بیوی کے بارے میں یہ سب سوچ کر ان سے متعلق اپنے خیالات کو اور آگے پھیلنے بڑھنے نہیں دیا۔

اس صبح کو ا کلیسی الکساندر روچ بہت مصروف تھے۔ پچھلی شام کو کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا نے انہیں پلین کاسٹرکر ڈالے ایک مشہور سیاح کا لکھا ہوا کتابچہ بھیجا تھا جو پیٹرس برگ میں تھے اور اس کے ساتھ ہی ایک خط بھی کہ ا کلیسی الکساندر روچ ان سیاح سے مل لیں جو مختلف پہلوؤں سے بہت ہی دلچسپ اور ضروری آدمی تھے۔ ا کلیسی الکساندر روچ شام کو اس کتابچے کو پروانہ پڑھ پائے تھے اور صبح کو اسے انہوں نے ختم کیا۔ اس کے بعد درخواستیں لے کر آنے والوں کا سلسلہ شروع ہوا "رپورٹیں" ملاقاتیں" تقررات" برخاستگیاں" انعامات" پنشن" اور اجرتوں کی تخصیص" خط وکتابت ــــ وہ روزمرہ کا کام جیسا کہ ا کلیسی الکساندر روچ اس سب کو کہتے تھے جو اتنا زیادہ وقت لے لیتا تھا۔ اس کے بعد ذاتی کام تھے" ان کے ڈاکٹر انہیں دیکھنے آئے اور ان کا نیب آیا جو ان کی جائیداد کا انتظام کرتا تھا۔ نیب نے تو زیادہ وقت نہیں لیا۔ اس نے بس ا کلیسی الکساندر روچ کو ضروری رقم دی اور مختلف امور کے سلسلے میں مختصر رپورٹ دی" امور کچھ اچھی حالت میں نہ تھے اس لئے کہ اخراجات اس سال متعدد بار سفر کرنے کی وجہ سے خرچ زیادہ ہو گیا تھا اور خسارہ تھا۔ لیکن ڈاکٹر نے جو پیٹرس برگ کے مشہور ڈاکٹر تھے اور ا کلیسی الکساندر روچ سے ان کے دوستانہ مراسم تھے" بہت وقت لیا۔ ا کلیسی الکساندر روچ تو آج ان کا انتظار بھی نہیں کر رہے تھے اور ان کے آجانے پر انہیں تعجب ہوا" اس لئے اور بھی زیادہ کہ ڈاکٹر نے ا کلیسی الکساندر روچ سے ان کی حالت کے بارے میں بہت تفصیل کے ساتھ سوالات کئے" تک ڈاکٹر ان کے سینے کا معائنہ کیا اور ان کے جگر کو دبا کر اور بجا کر دیکھا۔ ا کلیسی الکساندر روچ کو معلوم نہیں تھا کہ ان کی دوست لیدیا ایوانوونا نے یہ دیکھ کر کہ اس سال ا کلیسی الکساندر روچ کی صحت زیادہ اچھی نہیں ہے ڈاکٹر سے کہا تھا کہ وہ جا کر ان کا معائنہ کریں۔ ڈاکٹر سے کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا نے کہا تھا کہ "میری خاطر سے یہ کر دیجئے۔"

"کاؤنٹس میں یہ روس کی خاطر کروں گا" ڈاکٹر نے جواب دیا تھا۔

"یہ بوڑھا شخص ہے" کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا نے کہا تھا۔

ڈاکٹر کو ا کلیسی الکساندر روچ کی طرف سے سخت بے اطمینانی ہوئی۔ انہوں نے دیکھا کہ جگر بہت بڑھا ہوا ہے" غذا کم ہو گئی ہے اور پٹھوں پر جانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوا تھا۔ انہوں نے تجویز کیا کہ جسمانی ورزش جتنا زیادہ ممکن ہو کریں اور ذہنی تاثر کو جتنا ممکن ہو کم کریں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ تشویش اور رنج کسی طرح کا نہ ہونا چاہئے یعنی وہی نہ کریں جو نہ کرنا ا کلیسی الکساندر روچ کے لئے اتنا ہی ناممکن تھا جتنا کہ سانس نہ لینا۔ اور ڈاکٹر ا کلیسی الکساندر روچ کو اس ناخوشگوار علم کے ساتھ چھوڑ گئے کہ کچھ گڑبڑ ہے اور اسے ٹھیک کرنا ناممکن ہے۔

ا کلیسی الکساندر روچ کو ڈاکٹر کے پاس سے نکل کر سارا ہی دن ڈاکٹر کی ملاقات ا کلیسی الکساندر روچ کے سیکرٹری سلیوین سے ہو گئی تھی ڈاکٹر اچھی طرح جانتے تھے۔ اس لئے کہ یونیورسٹی میں دونوں ساتھ تھے اور حالانکہ ملتے تو کم تھے لیکن ایک دوسرے کا احترام کرتے تھے اور اچھے دوست تھے۔ چنانچہ مریض کے بارے میں ڈاکٹر موصوف اپنی رائے کسی کو اتنا صاف صاف نہ بتا سکتے تھے جتنا کہ سلیوین کو۔

"میں کیا ہوں مجھے کتنی خوشی ہے کہ آپ نے انہیں دیکھ لیا" سلیوین نے کہا "وہ ٹھیک نہیں ہیں اور مجھے لگتا ہے۔ کیا خیال ہے آپ کا؟"

"خیال یہ ہے کہ" ڈاکٹر نے سلیوین کے سر کے اوپر سے اپنے کوچوان کو گاڑی لانے کا اشارہ کرتے ہوئے کہا" یہ کہ" ڈاکٹر نے اپنے نرم بازو کے دستانے کی ایک انگلی ہاتھ میں لے کر چڑھاتے ہوئے کہا" کسی ساز کے تار کو کسے بغیر توڑنے کی کوشش کیجئے تو پتہ چلے گا کہ یہ بہت مشکل ہے لیکن اسے جس حد تک ممکن ہو کس دیجئے اور کھنچے ہوئے تار پر بس انگلی کا بوجھ ڈالئے اور وہ ٹوٹ جائے گا۔ اور اپنی تمام تر محنت اور کام سے امراض کی وجہ سے ان کے اعصاب حد درجہ تنے ہوئے ہیں اور کچھ خارجی دباؤ بھی پڑ رہا ہے" بہت زیادہ دباؤ" ڈاکٹر نے معنی خیز انداز میں بھویں چڑھاتے ہوئے اپنی بات ختم کی" آج وہ ہمیں آپ کے گاؤں میں ملیں گے؟" اس نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے اضافہ کیا۔ "ہاں" ہاں" ظاہر ہے کہ وقت تو بہت لگتا ہے" ڈاکٹر نے سلیوین کی کسی بات کے جواب میں کہا اور انہوں نے ٹھیک سے نہ سنی تھی۔

ڈاکٹر کے بعد جس نے انتظار وقت لے لیا تھا" وہ مشہور سیاح آگئے اور ا کلیسی الکساندر روچ نے جو کتابچہ پڑھا تھا اس کو اور اس موضوع پر اپنے پہلے کے علم کو استعمال کر کے سیاح کو اس موضوع پر اپنے علم کی گہرائی اور روشن خیال ذاتی نظریہ سے حیرت میں ڈال دیا۔

سیاح کے آنے کے ساتھ ہی ساتھ کسی صوبے کے مارشل آف دی نوبلیٹی (32) کے آنے کی اطلاع بھی دی گئی تھی جو ان دنوں پیٹرس برگ آئے ہوئے تھے اور ان سے باتیں کرنا ضروری تھا۔ ان کے جانے کے بعد سیکرٹری کے ساتھ روزمرہ کے کاموں کو ختم کرنا تھا اور ایک اور اہم شخصیت کے پاس ایک بہت اہم اور ضروری کام سے جانا تھا۔ ا کلیسی الکساندر روچ بس پانچ ہی بجے واپس آپائے جو ان کے کھانے کا وقت تھا اور

سیکرٹری کے ساتھ کھانا کھانے کے بعد انہوں نے انہیں مدعو کیا کہ وہ ان کے ساتھ ملٹاقی بنگلے پر اور وہاں سے روشس چلیں۔

الیکسی الکساندرووچ اس بات کو خود بھی تسلیم تو نہیں کرتے تھے لیکن آج کل وہ ایسے موقعوں کی تلاش میں رہتے تھے کہ جب وہ اپنی بیوی سے ملیں تو کوئی تیسرا شخص بھی موجود ہو۔

27

آنا اور کی منزل پر آئینے کے سامنے کھڑی آنجوشکا کی مدد سے اپنے لباس پر آخری فیتہ لگا رہی تھیں کہ انہیں صدر دروازے کے پاس بگھی پر سیسوں کی آواز سنائی دی۔

"بیٹسی کے لئے تو ابھی بہت جلدی ہے" انہوں نے سوچا اور کھڑکی سے جھانک کر انہوں نے نیلی اور اس میں سے اوپر نکلی ہوئی کالی ہیٹ اور الیکسی الکساندرووچ کے اس قدر جانے پہچانے ہوئے کان دیکھے۔

"کس قدر ناوقت ہے کیا رات کو بھی یہیں رہیں گے؟" انہوں نے سوچا۔ اور اس کا جو نتیجہ ہو سکتا تھا انہیں اتنا خوفناک اور بھیانک لگا کہ وہ ذرا بھی سوچے بغیر خوش اور دمکتے ہوئے چہرے کے ساتھ ان سے ملنے کے لئے چلی گئیں اور اپنے اندر جانے پہچانے جھوٹ کی موجودگی کو محسوس کرتے ہوئے انہوں نے خود کو ان کے حوالے کر دیا اور باتیں کرنی شروع کر دیں' خود بھی یہ جانے بغیر کہ وہ کیا کہہ رہی ہیں۔

"ارے کتنا اچھا ہو گیا جو آ گئے!" انہوں نے شوہر کی طرف ہاتھ بڑھاتے اور سیکرٹری سیلڈین کی طرف مسکراتے ہوئے کہا۔ "رات کو رہو گے نہ؟" وہ پہلے الفاظ تھے جو ان کی پر فریب روح نے کہے۔ "ورنہ ابھی ہم ساتھ چلیں گے۔ بس افسوس یہ ہے کہ میں بیٹسی سے وعدہ کر چکی ہوں۔ وہ مجھے لینے آئیں گی۔"

بیٹسی کا نام سن کر الیکسی الکساندرووچ کا منہ بگڑ گیا۔

"نہیں نہیں' میں ہمیشہ ساتھ رہنے والوں کو ہرگز الگ الگ نہیں کروں گا" انہوں نے اپنے عادی مذاقیہ لہجے میں کہا "میں اور میگائیل وا سیلیوچ جائیں گے۔ مجھے تو ڈاکٹروں نے بھی پیدل چلنے کو کہا ہے۔ کچھ راستہ پیدل چل کر جاؤں گا اور تصور کروں گا کہ میں چشموں پر ہوں۔"

"تو جلدی کیا ہے" آنا نے کہا۔ "چائے پیو گے؟" انہوں نے گھنٹی بجا کر خدمتگار کو بلایا۔

"چائے لائیے اور سرگوژا سے کہہ دیجئے کہ الیکسی الکساندرووچ آئے ہیں۔ ہاں تو تمہاری صحت کیسی ہے؟ میگائیل وا سیلیوچ' آپ میرے ہاں پہلے نہیں آئے' دیکھئے ذرا عادی بن کر کتنا اچھا ہے" ــــ وہ کبھی ایک سے مخاطب ہوتی تھیں اور کبھی دوسرے سے۔

وہ بڑی سادگی سے اور غیری انداز میں باتیں کر رہی تھیں لیکن بہت زیادہ اور بہت جلدی جلدی بول رہی تھیں۔ انہوں نے خود اس بات کو محسوس کیا اس لئے اور بھی کہ میگائیل وا سیلیوچ انہیں تجسس کی جس نظر سے دیکھ رہے تھے اس سے انہوں نے سمجھا کہ وہ جیسے ان کا مشاہدہ کر رہے ہوں۔

میگائیل وا سیلیوچ فوراً ہی بر آمدے میں چلے گئے۔

وہ شوہر کے پاس بیٹھ گئیں۔

"دیکھئے میں تو تمہاری طبیعت بہت اچھی نہیں لگ رہی ہے" انہوں نے کہا۔

"ہاں" وہ بولے "آج ڈاکٹر میرے پاس آیا تھا اور اس نے میرا ایک گھنٹے کا وقت لے لیا۔ میں محسوس

کرتا ہوں کہ میرے دوستوں میں سے کسی نے اسے بھیجا ہو گا ــــ اتنی بیش قیمت ہے میری صحت۔"

"اچھا اچھا تو اس نے کیا کہا؟"

انہوں نے شوہر سے ان کی صحت اور معمولیتوں کے بارے میں پوچھا' انہیں سمجھایا کہ آرام کرنے کی ضرورت ہے اور یہ کہ وہ ان کے پاس رہنے آ جائیں۔

یہ سب انہوں نے بہت خوش خوش' بڑی جلدی جلدی اور آنکھوں میں ایک خاص چمک کے ساتھ کہا۔ لیکن اس وقت الیکسی الکساندرووچ نے ان کے اس لہجے کو کوئی بھی اہمیت نہیں دی۔ انہوں نے اپنی بیوی کے الفاظ سنے اور انہیں اسی پرانی رسمی مفہوم میں سمجھا جس کے وہ عادی تھے۔ اور جو اب انہوں نے سادگی سے دہرائے حالانکہ اس انداز کی کوئی بات بیت میں کوئی خاص چیز نہ تھی لیکن بعد کو آنا کبھی اس لمحے سے متعلق شرم کے اس تاک دوڑ کے بغیر نہیں یاد کر سکیں۔

سرگوژا آ گیا اپنی کورنس کے پیچھے پیچھے۔ اگرا الیکسی الکساندرووچ نے توجہ سے دیکھنے کی زحمت کی ہوتی تو انہوں نے اس شرمائی ہوئی اور کھوئی کھوئی نظر کو ضرور دیکھ لیا ہو تابعدار سرگوژا نے باپ پر اور یہاں پر ڈالی تھی۔ لیکن وہ کچھ بھی دیکھنا نہیں چاہتے تھے اور انہوں نے دیکھا بھی نہیں۔

"ارے واہ تم تو بہت اتنا بڑا ہو گیا ہے۔ واقعی بہت تو بڑا سا ہو گیا ہے۔ سلام تو بجا لاؤ۔"

اور انہوں نے ہنستے ہوئے سرگوژا کی طرف ہاتھ بڑھایا۔

سرگوژا باپ کے ساتھ اپنے تعلقات میں پہلے بھی شرمیلا تھا اور جب سے الیکسی الکساندرووچ اسے تو تو کہنے لگے تھے اور جب سے اس کے سر میں یہ سوال پیدا ہوا تھا کہ وہ کس "ٹب سے دوست ہے باپ سے اور کبھی دور ہو گیا تھا۔ اس نے ماں کی طرف دیکھا جیسے مدد اور حفاظت کی درخواست کر رہا ہو۔ اسے بس ماں ہی کے ساتھ اچھا لگتا تھا۔ اس عرصے میں الیکسی الکساندرووچ بیٹے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر گورنس سے باتیں کرنے لگے اور سرگوژا اتنی الجھن اور ذلت محسوس کر رہا تھا کہ آنا نے دیکھا کہ وہ بس اب رو پڑے گا۔

آنا کا چہرہ اس وقت دار الگدائی ہو گیا تھا جب بچہ اندر آیا تھا۔ اب جو انہوں نے دیکھا کہ وہ اتنا چاہا محسوس کر رہا ہے تو جلدی سے انہیں' بیٹے کے کندھے پر سے الیکسی الکساندرووچ کا ہاتھ اٹھایا اور اسے لے کر آگے میں چل گئیں۔ پھر فوراً ہی واپس آ گئیں۔

"لیکن چلنے کا وقت تو ہو گیا" انہوں نے اپنی گھڑی دیکھتے ہوئے کہا۔ "آخر بیٹسی ابھی تک کیوں نہیں آئیں؟"

"ہاں تو" الیکسی الکساندرووچ نے کہا اور کھڑے ہو کر انہوں نے اپنی انگلیاں چٹخا کر چٹخائیں۔ "میں اس لئے بھی آیا تھا کہ تمہیں رقم دے دوں اس لئے کہ بلیس تمہیں کہانیوں پر تو جیتیں نہیں" انہوں نے کہا "میرے خیال میں تمہیں ضرورت ہو گی۔"

"نہیں' کوئی ضرورت نہیں ــــ ہاں' ضرورت ہے" انہوں نے شوہر کی طرف دیکھے بغیر کہا۔ ان کا چہرہ نہیں سرخی جلد تک سرخ ہو گیا۔ "تو میرے خیال میں بعد کے بعد تم نہیں آ جانا۔"

"ہاں ہاں!" الیکسی الکساندرووچ نے جواب دیا۔ "اور یہ آ گئیں بیٹسی کی جیسے' پرنس تو ہر سکا" انہوں نے اندر آتی ہوئی انگریزی وضع کی چھوٹی تیز بہت اونچی گاڑی کو کھڑکی میں سے دیکھ کر اضافہ

کیا۔ "کیا خوش فہمی ہے! کاش اب ہم بھی چلیں۔"

پرنس تو بہ سکایا گاڑی میں سے اتریں نہیں۔ صرف ان کا خدمتگار محروم ہوتے "الوداع" اور سیاہ بدی پہنے ہوئے گاڑی سے صدر دروازے کے پاس کود چڑھا۔

"تو میں جاری ہوں 'الوداع'" آنا نے کہا اور بچے کو پیار کر کے الکسینی الکساندرووچ کے پاس آئیں اور ان کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا۔ "تم بہت اچھے ہو جو آ گئے۔"

الکسینی الکساندرووچ نے ان کے ہاتھ کو بوسہ دیا۔

"اچھا تو پھر ملیں گے۔ تم چائے پینے کے لئے آ جاؤ' بہت اچھا رہے گا" آنا نے کہا اور چل گئیں' ڈکی ہوئی اور خوش و خرم۔ لیکن جیسے ہی شوہر ان کی آنکھ سے اوجھل ہوئے ویسے ہی انہوں نے اپنے ہاتھ پر اس جگہ کو محسوس کیا جسے ان کے ہونٹوں نے چھوا تھا اور کراہت سے کانپ اٹھیں۔

28

جب الکسینی الکساندرووچ ریس کورس میں پہنچے تو آنا تیسٹی کے ساتھ پویلین میں بیٹھی تھیں' اسی پویلین میں جہاں پوری اعلیٰ سوسائٹی جمع تھی۔ انہوں نے اپنے شوہر کو آتے ہوئے دور ہی سے دیکھ لیا تھا۔ دو لوگ 'شوہر اور عاشق' ان کی زندگی کے دو مرکز تھے اور ان کی قربت کو وہ ظاہری حواس کے بغیر ہی محسوس کر لیتی تھی۔ جب وہ بہت دور تھے تبھی انہوں نے شوہر کے قریب تر آنے کو محسوس کر لیا تھا اور غیر ارادی طور پر انہیں بھیڑ کی ان لہروں میں دیکھتی رہی تھیں جن کے بیچ میں وہ چل رہے تھے۔ انہوں نے دیکھا کہ کیسے وہ پویلین کے پاس پہنچ رہے تھے — کبھی شان بے نیازی سے کسی کی خوشامدانہ تعظیم کا جواب دیتے ہوئے' کبھی کھوئے کھوئے سے مگر دوستانہ انداز میں برابر والوں سے صاحب سلامت کرتے ہوئے اور کبھی اس دنیا کے صاحبان ثروت و جاہ کی نظریں آنے کی کوشش کرتے ہوئے اور اپنی گول ہیٹ کو اٹھاتے ہوئے جو ان کے بالوں کے سروں کو دبائے رکھتی تھی۔ وہ ان سب طور طریقوں کو جانتی تھیں اور سب ان کے لئے کراہت انگیز تھے۔ "بس جاہ پسندی' صرف کامیاب ہونے کی خواہش — بس یہی ہے ان کے دل میں" وہ سوچ رہی تھیں "اور بلند قدر فن تحسین سے پوری طرح بے بہرہ' یہ سب صرف ہتھیار ہیں تاکہ کامیاب ہوں۔"

الکسینی الکساندرووچ نے جس طرح عورتوں کے پویلین پر نظر ڈالی (وہ بالکل سیدھے آنا ہی کی طرف دیکھ رہے تھے لیکن انہوں نے محل' تمول' تعلقوں' بالوں اور پتلونوں کے سمندر میں بیوی کو پہچانا نہیں) اس سے آنا سمجھ گئیں کہ وہ انہیں کو تلاش کر رہے ہیں لیکن انہوں نے جان بوجھ کر شوہر کی طرف دھیان نہیں دیا۔

"الکسینی الکساندرووچ!" پرنس تیسٹی نے پکار کر ان سے کہا "آپ غالباً اپنی بیوی کو نہیں دیکھ رہے ہیں' یہ ہیں وہ!"

وہ اپنی سرد مسکراہٹ سے مسکرائے۔

"یہاں تو اتنی بھیڑ بھاڑ ہے کہ آنکھیں چکا چوند ہو گئیں" انہوں نے کہا اور پویلین میں آ گئے۔ وہ بیوی کی طرف دیکھ کر مسکرائے جیسے کہ شوہر کو بیوی سے ملنے پر مسکرانا چاہئے جن سے ابھی ابھی وہ مل چکے تھے۔ پھر انہوں نے پرنس اور دوسرے واقف کاروں سے صاحب سلامت کی' ہر ایک سے اس طرح پیش آتے ہوئے جس طرح کرنا چاہئے تھا یعنی خواتین سے مذاق کرتے ہوئے اور مردوں کو تسلیم سے نوازتے ہوئے۔ پھر پویلین

کے پاس ایک ایڈجوٹنٹ جنرل کھڑے تھے جن کا الکسینی الکساندرووچ احترام کرتے تھے اور جو اپنی ذہانت اور تعلیم و تہذیب کے لئے بہت مشہور تھے۔ الکسینی الکساندرووچ نے ان سے کچھ باتیں کیں۔

دونوں کے بیچ میں کچھ دقیقہ تھا اس لئے بات چیت میں کوئی چیز مخل نہیں ہوئی۔ ایڈجوٹنٹ جنرل دونوں پر ہمدردی ظاہر کر رہے تھے۔ الکسینی الکساندرووچ نے اعتراض کیا اور دونوں کی مدافعت کی۔ آنا ان کی سنجیدہ اور ہموار آواز سن رہی تھیں' ایک ایک لفظ کی طرف دھیان دے رہی تھیں اور ان کا ہر لفظ انہیں جھوٹ لگ رہا تھا اور ان کے کانوں کو بے حد گراں گزر رہا تھا۔

جب چار درست والی اسٹیپل چیز دوڑ شروع ہوئی تو وہ ذرا آگے کو جھک آئیں اور مسلسل کھلی ہاروے دوربین کو گھوڑی کے پاس جاتے ہوئے اور زین پر بیٹھتے ہوئے دیکھتی رہیں' اور اس کے ساتھ ہی وہ شوہر کی کافر انگیز مسکراہٹ اور آواز بھی سنتی رہیں۔ وہ دوربین کے لئے بہت بے قرار تھیں اور اس سے انہیں اذیت ہو رہی تھی لیکن اس سے بڑی اذیت ان کو اپنے شوہر کے جانے پہچانے لہجے اور سنجیدہ آواز سے ہو رہی تھی جو انہیں لگ رہا تھا کہ کبھی بدلی نہ ہو گی۔

"میں بری عورت ہوں' میں جاہ ہو بھی ہوں" وہ سوچ رہی تھیں "لیکن جھوٹ بولنا مجھے پسند نہیں ہے اور جھوٹ میں نہیں برداشت کر سکتی مگر ان کی (شوہر کی) غذا ہی جھوٹ ہے۔ وہ سب کچھ دیکھتے ہیں' سب کچھ جانتے ہیں' لیکن جب اتنے سکون کے ساتھ بات کر سکتے ہیں تو محسوس کیا کرتے ہوں گے؟ اگر وہ مجھے مار ڈالتے' دوسری کو قتل کر دیتے تو میں ان کا احترام کرتی۔ لیکن نہیں' ان کو بس جھوٹ اور وضع داری کی ضرورت ہے" آنا نے اپنے آپ سے کہا۔ وہ اس کے بارے میں بالکل سوچ ہی نہیں رہی تھیں کہ وہ شوہر سے چاہتی کیا تھیں اور کیا چاہتی تھیں کہ وہ کیسے ہوں۔ وہ اس بات کو بھی نہیں سمجھ رہی تھیں کہ الکسینی الکساندرووچ کی یہ ظاہری اور خاص قسم کی خوش گفتاری جس سے انہیں اس قدر جھنجھلاہٹ ہو رہی تھی محض ان کی اندرونی تشویش اور پریشانی کا اظہار تھی۔ جیسے بچے کو چوٹ لگ جاتی ہے تو وہ اچک اچک کر اپنے عضلات کو حرکت میں لاتا ہے تاکہ درد کو بہا دے' اسی طرح الکسینی الکساندرووچ کے لئے داخلی حرکت ضروری تھی تاکہ بیوی کے بارے میں ان خیالات کو بہا دیں جو ان کی موجودگی میں اور دوربین کی موجودگی میں اور اس کے نام کے بار بار دہرائے جانے کی وجہ سے اپنی طرف متوجہ کرتے رہتے تھے اور جیسے بچے کے لئے اچکنا قدرتی بات ہوتی ہے اسی طرح الکسینی الکساندرووچ کے لئے اچھی طرح اور سمجھ داری سے باتیں کرنا قدرتی چیز تھی۔ وہ کہہ رہے تھے:

"فوج کے اور سوار فوج کے لئے دوڑ میں گھوڑوں کا دوڑ کی ضروری شرط ہے اگر انگلستان تاریخ میں سوار فوج کے انتہائی نابغہ کارناموں کی مثالیں پیش کر سکتا ہے تو اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ اس نے اپنے ہاں جانوروں اور لوگوں کی اس قوت کو تاریخی اعتبار سے ترقی دی ہے۔ اسپورٹ میری رائے میں بڑی اہمیت رکھتا ہے اور ہم بیشہ کی طرح صرف بالکل سطحی چیزوں کو دیکھتے ہیں۔"

"سطحی نہیں" پرنس تو بہ سکایا نے کہا "کہتے ہیں کہ ایک افسر کی دو پسلیاں ٹوٹ گئیں۔"

الکسینی الکساندرووچ اپنی مخصوص مسکراہٹ مسکرائے جس میں بس دانت کھلتے تھے' اس سے زیادہ کچھ ظاہر نہیں ہوتا تھا۔

"میں تسلیم کرتا ہوں پرنس کہ یہ سطحی نہیں بلکہ اندرونی معاملہ ہے۔ لیکن بات یہ نہیں ہے" اور وہ پھر

جنرل سے مخاطب ہو گئے جس سے وہ سنجیدگی سے بات کر رہے تھے۔ "یہ نہ بھولئے کہ وہ ہمیں فوجی لوگ حد لے رہے ہیں جنہوں نے اس سرگرمی کا انتخاب کیا ہے' اور آپ کو اتنا پڑے گا کہ جو پیشے میں اس کے تحفے کا دوسرا رخ بھی ہوتا ہے۔ اس کا براہ راست تعلق فوجی کی ذمہ داری سے ہے۔ عقل العام کے لئے بکے بازی کا اپنی تو ہمارا دوروں کا بیہودہ اسپورٹ جنگلی پن ہے لیکن ہمارا توں کو بڑھانے والا اسپورٹ ارفا کی علامت ہے۔"

"نہیں میں تو دوسری بار نہیں آؤں گی' مجھے تو اس سے بہت گھبراہٹ ہوتی ہے" پرنس بیٹسی نے کہا۔ "ٹھیک ہے نہ آنا؟"

"گھبراہٹ تو ہوتی ہے لیکن اس کی طرف سے دھیان ہٹانا بھی ممکن نہیں" دوسری خاتون نے کہا۔ "میں اگر روسوالی ہوتی تو ایک بھی سرکس نہ چھوڑتی۔"

آنا کچھ نہیں بولیں اور دوربین ہٹائے بغیر ایک ہی جگہ پر دیکھتی رہیں۔

بات چیت کے دوران میں اسی وقت ایک لمبے قد کے جنرل وہاں سے گزرے۔ باتوں کا سلسلہ روک کر الکسی الکساندرووچ جلدی سے لیکن وقار کے ساتھ کھڑے ہو گئے اور پاس گزرتے ہوئے جنرل کو جھک کر تعظیم بجالا۔

"آپ نہیں دوڑ رہے ہیں؟" جنرل نے مذاق کیا۔

"میری بیوی زیادہ مشکل ہے" الکسی الکساندرووچ نے ادب کے ساتھ جواب دیا۔

اور حالانکہ اس جواب کے کوئی خاص معنی نہ تھے لیکن جنرل نے ایسا ظاہر کیا جیسے ان سے ایک ذہین آدمی نے بڑی ذہانت کی بات کہی ہو اور وہ اس لاپر آنتونووی لاساس (33) کو پوری طرح سمجھتے ہیں۔

"وہ فریق ہیں" الکسی الکساندرووچ نے بیٹھتے ہوئے اپنی بات جاری رکھی۔ "شرکت کرنے والے اور ناظرین اور اس تماشے سے لگاؤ ناظرین کے کمتر ارفا کی تعلیمی علامت ہے میں مانتا ہوں' لیکن۔"

"پرنس آپ نے شرط لگائیں؟" بچے سے اتنی جان ارکاڈی کی آواز سنائی دی اور پرنس بیٹسی سے مخاطب تھے۔ "آپ کس کی طرفداری کر رہی ہیں؟"

"میں اور آنا تو پرنس کوزوف کی طرف ہیں" بیٹسی نے جواب دیا۔

"میں بوڑھی کا طرفدار ہوں۔ ایک سو ڈی دکاٹے۔"

"مٹے رہی!"

"لیکن کتنا خوبصورت گھنا ہے' ہے نہ؟"

الکسی الکساندرووچ کے پاس جب تک یہ لوگ باتیں کرتے رہے تب تک وہ چپ رہے لیکن فوراً انہوں نے پھر بولنا شروع کر دیا۔

"میں مانتا ہوں مگر یہ تماشہ کھیل ہے۔" انہوں نے بات کا سلسلہ چھیڑا ہی تھا۔

لیکن اسی وقت دوڑنے والے روانہ ہو گئے اور سارے لوگوں نے بات چیت بند کر دی۔ الکسی الکساندرووچ بھی چپ ہو گئے اور سارے لوگ اٹھ اٹھ کر بڑی کی طرف دیکھنے لگے۔ الکسی الکساندرووچ کو دوڑ سے کوئی دلچسپی نہیں تھی اس لئے وہ دوڑنے والوں کو نہیں دیکھ رہے تھے۔ انہوں نے اپنی تھکی تھکی آنکھوں سے ناظرین کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔ ان کی نگاہیں آنا پر ٹک گئیں۔

آنا کا چہرہ سفید اور تھکا تھا۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ کچھ بھی اور کسی کو بھی نہیں دیکھ رہی تھیں سوائے ایک کے۔ ان کا ہاتھ کشیدگی کی سی حالت میں پنکھے کو روپے ہوئے تھا اور وہ دم سادھے ہوئے تھیں۔ الکسی الکساندرووچ نے انہیں دیکھا اور جلدی سے منہ موڑ کر دوسرے لوگوں کو دیکھنے لگے۔

انہوں نے اپنے دل میں کہا "اب یہ خاتون اور دوسرے لوگ بھی بڑے ہیجان میں ہیں۔ یہ بالکل قدرتی بات ہے۔" وہ آنا کی طرف دیکھنا نہیں چاہتے تھے لیکن ان کی نگاہیں غیر ارادی طور پر انہیں کی طرف کھنچ جاتی تھیں۔ انہوں نے پھر اس چہرے کو دیکھا اور کوشش کی کہ اس چیز کو نہ پڑھیں جو اس پر اتنی صاف صاف لکھی تھی۔ اور اپنی مرضی کے خلاف اس پر انہوں نے وہی پڑھ لیا جو وہ نہ جاننا چاہتے تھے۔

سب سے پہلے کوزوف ندی پر گرے تو سارے لوگ پریشان ہو گئے لیکن الکسی الکساندرووچ نے آنا کے ستے ہوئے فکر مندانہ چہرے پر صاف دیکھا کہ جسے وہ دیکھ رہی تھیں وہ نہیں گرا تھا۔ جب تین اور ووسکی بڑی دیوار پار کر گئے اور اس کے بعد ایک اور افسروں پر سرکے بل گرا اور سخت چوٹ کھا کر مر گیا تو سارے لوگوں پر ہراس طاری ہو گیا لیکن الکسی الکساندرووچ نے دیکھا کہ آنا نے اس کی طرف دھیان تک نہیں دیا اور بڑی مشکل سے سمجھیں کہ ان کے ارد گرد بات کس چیز کے بارے میں ہو رہی ہے۔ الکسی الکساندرووچ بار بار ان کی طرف زیادہ گھور گھور کر دیکھتے رہے۔ آنا نے "بوڑھی ووسکی کو دوڑتے ہوئے دیکھتے رہنے میں بالکل محو تھیں۔ اپنے شوہر کی سوالیہ نگاہوں کو محسوس کیا جو پہلے انہیں پر لگی ہوئی تھیں۔

انہوں نے ایک لمحے کے لئے ادھر ادھر نظروں سے شوہر کو دیکھا اور ذرا سا بھویں سکیڑ کر پھر منہ موڑ لیا۔

"وہ تو میرے لئے سب برابر ہے" جیسے انہوں نے شوہر سے کہا اور اس کے بعد پھر ایک بار بھی ان کی طرف نہیں دیکھا۔

دوڑ کی ساعت اچھی نہیں تھی۔ سترہ لوگوں میں آدھے سے زیادہ لوگ گرے اور انہیں چوٹیں آئیں۔ دوڑ کے ختم ہوتے ہوتے سارے لوگ ہیجان میں تھے جو اس وجہ سے اور بھی بڑھ گیا کہ اعلیٰ حضرت بھی ناظر تھے۔

29

سارے لوگ اپنی ناپسندیدگی کا اظہار بلند آواز میں کر رہے تھے۔ سارے لوگ ایک فقرہ دہرا رہے تھے جو کسی شخص نے کہا تھا "بس اب شیروں کے سرکس کی کسر رہ گئی ہے" اور ہر شخص پر ہراس طاری تھا۔ چنانچہ جب ووسکی گرا اور آنا نے بڑے زور سے آہ بھری تو اس میں کوئی غیر معمولی بات نہ تھی۔ لیکن اس کے بعد آنا کے چہرے پر ایسی تبدیلی آگئی جو وضع داری کے قطعی خلاف تھی۔ وہ بالکل ہی بدحواس ہو گئیں۔ وہ شکار ہو جانے والی چڑیا کی طرح تڑپنے لگیں' کبھی کھڑی ہوتا اور کہیں جانا چاہتیں' کبھی بیٹسی سے مخاطب ہوتیں۔

"چلو چلیں' چلو چلیں" وہ کہہ رہی تھیں۔

لیکن بیٹسی نے ان کی بات نہیں سنی۔ وہ نیچے کو جھکی ہوئی ایک جنرل سے بات کر رہی تھیں جو ان کے پاس آگیا تھا۔

الکسی الکساندرووچ اٹھ کر آنا کے پاس آگئے اور بڑے اخلاق کے ساتھ اپنا بازو ان کی طرف کیا کہ وہ

اس کا سہارا لے کر چلیں۔

"اگر آپ چاہیں تو چلئے" انہوں نے فرانسیسی میں کہا۔ لیکن آنا اس طرف کان لگائے ہوئے تھیں کہ جنرل کیا کہہ رہا ہے اور انہوں نے شوہر کی طرف سے دھیان ہی نہیں دیا۔

"کہتے ہیں کہ ان کی ٹانگ بھی ٹوٹ گئی" جنرل نے کہا۔ "یہ سب کچھ سے زیادہ ہے۔"

آنا نے شوہر کی بات کا جواب دیئے بغیر دروازہ کھولا اور اس جگہ کو دیکھا جہاں دو دستکی گرا تھا۔ لیکن وہ جگہ اتنی دور تھی اور وہاں اتنے زیادہ لوگوں کی بھیڑ تھی کہ کچھ بھی دکھائی نہ دیتا تھا۔ انہوں نے دوربین نیچے کر لی اور جانا چاہا لیکن اسی وقت ایک افسر گھوڑا دوڑاتا ہوا آیا اور اس نے اعلیٰ حضرت کو رپورٹ دی۔ آنا اس کی بات سننے کے لئے آگے کو جھک گئیں۔

"سٹیپا! سٹیپا!" انہوں نے بھائی کو پکارا۔

لیکن بھائی نے ان کی آواز نہیں سنی۔ انہوں نے پھر چاہا کہ چلی جائیں۔

"میں ایک بار پھر آپ کے لئے اپنا بازو پیش کرتا ہوں اگر آپ جانا چاہتی ہیں تو" کیسینی الکسائیر ووچ نے ان کی طرف ہاتھ پھیلاتے ہوئے کہا۔

وہ خفگی کے ساتھ شوہر سے پرے ہٹ گئیں اور ان کی طرف دیکھے بغیر انہوں نے جواب دیا:

"نہیں نہیں، مجھے پھوڑ دیجئے میں ٹھہروں گی۔"

اب انہوں نے دیکھا کہ دو دستکی کے کرنے کی جگہ سے ایک افسر لیس کورس کے ملتے میں ہو کر دوڑتا ہوا پولیین کی طرف آ رہا تھا۔ بیٹسی نے رومال ہلا کر اسے اشارے سے بلایا۔

افسر یہ خبر لایا کہ سوار کو چوٹ نہیں آئی لیکن گھوڑی کی کمر ٹوٹ گئی۔

یہ سن کر آنا جلدی سے بیٹھ گئیں اور اپنا منہ انہوں نے پنکھے سے ڈھک لیا۔ کیسینی الکسائیر ووچ نے دیکھا کہ وہ رو رہی تھیں اور صرف اپنے آنسو اس لئے نہیں بلکہ سسکیوں کو بھی کسی طرح روکہ نہیں پا رہی تھیں جس کی وجہ سے ان کا سینہ ابھر ابھر آتا تھا۔ کیسینی الکسائیر ووچ نے ان کے سامنے کھڑے ہو کر انہیں اپنی آڑ میں لے لیا اور انہیں خود کو سنبھالنے کا وقت دیا۔

تھوڑی دیر کے بعد انہوں نے آنا سے مخاطب ہو کر کہا "تیسری بار میں آپ سے اپنا بازو پیش کرتا ہوں" آنا نے ان کی طرف دیکھا لیکن سمجھ میں نہ آیا کہ کیا کہیں۔ یہ لیس بیسی نے ان کی مدد کی۔

"نہیں! کیسینی الکسائیر ووچ، میں آنا کو لائی تھی اور میں نے انہیں لے جانے کا وعدہ کیا تھا" بیٹسی بیچ میں بول پڑیں۔

"معاف کیجئے گا پرنس" کیسینی الکسائیر ووچ نے اخلاق سے مسکراتے ہوئے لیکن نظریں گڑو کر انہیں دیکھتے ہوئے کہا "میں دیکھ رہا ہوں کہ آنا کی طبیعت ناساز ہے اور میں چاہتا ہوں کہ میرے ساتھ چلیں۔"

آنا نے سہمی ہوئی نظروں سے دیکھا، فرمانبرداری کے ساتھ کھڑی ہو گئیں اور شوہر کا بازو پکڑ لیا۔

بیٹسی نے آنا سے سرگوشی میں کہا "میں ان کے پاس کسی کو بھیج کر سب معلوم کر کے تمہیں کہلوا بھیجوں گی۔"

پولیس سے نکلتے وقت کیسینی الکسائیر ووچ نے ملنے والوں سے بیٹسی کی طرح باتیں کیں اور آنا کے لئے بھی ضروری تھا کہ وہ بھی جواب دیں اور باتیں کریں لیکن وہ اپنے آپ میں نہیں تھیں اور شوہر کا بازو دیکھے ہوئے وہ ایسے سوتے میں چل رہی تھیں۔

وہ سوچ رہی تھیں "بیوٹ گی کہ نہیں؟ کیا یہ سچ ہے؟ مگر کیا ممکن ہو گا کہ نہیں؟ آج ملاقات ہو گی کہ نہیں؟"

وہ چپ چاپ کیسینی الکسائیر ووچ کی گاڑی میں بیٹھ گئیں اور چپ چاپ ہی گاڑیوں کی بھیڑ میں سے نکل آئیں۔ کیسینی الکسائیر ووچ نے جو کچھ بھی دیکھا تھا اس سب کے باوجود اب بھی وہ اپنی بیوی کی اصل حالت کے بارے میں سوچنے کو روا نہ رکھتے تھے۔ انہوں نے صرف باہری علامتیں دیکھی تھیں۔ انہوں نے دیکھا تھا کہ ان کی بیوی نے وضع داری کا خیال نہیں رکھا اور یہ ان کو برا سمجھتے تھے۔ لیکن ان کے لئے صرف اتنا ہی کہنا اور زیادہ کچھ نہ کہنا مشکل تھا۔ انہوں نے سوچا کہ آنا سے یہ کہہ دیں کہ انہوں نے کتنی بد سلیقگی برتی ہے لیکن غیر ارادی طور پر ان کے منہ سے بالکل ہی دوسری بات نکل۔

"مگر ہم سب میں اس بیرحمانہ تماشے کے لئے کس قدر شوق پایا جاتا ہے" انہوں نے کہا۔ "میں دیکھ رہا ہوں کہ۔"

"کیا آپ کبھی نہیں" آنا نے حقارت کے ساتھ کہا۔

کیسینی الکسائیر ووچ پریشان ہو گئے اور فوراً انہوں نے وہ کہنا شروع کر دیا جو وہ کہنا چاہتے تھے۔

"میں آپ سے یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں" انہوں نے بات شروع کی۔

"شروع ہو گئی، وضاحت اور معافی" آنا نے سوچا اور انہیں بے حد غصہ آیا۔

"میں آپ سے یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ آج آپ نے بے حد بد سلیقگی دکھائی" انہوں نے آنا سے فرانسیسی میں کہا۔

"کس چیز میں بد سلیقگی دکھائی میں نے؟" آنا نے زور سے کہا اور تیزی سے ان کی طرف منہ موڑ کر ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا لیکن اب ان کے چہرے پر پہلے والی کسی بات کو چھپانے والی خوبی نہ تھی بلکہ اس پر ایک باعزم تاثر تھا جس کے تحت انہوں نے بڑی مشکل سے اس طوفان کو چھپا رکھا تھا جو ان کو محسوس ہو رہا تھا۔

"جو لئے مت" کیسینی الکسائیر ووچ نے ان سے کہا جو ان کی پشت پر کھلی کھڑکی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

وہ ذرا سا ٹھٹھے اور انہوں نے کھڑکی کے شیشے کو اٹھا دیا۔

"کون سی چیز آپ کو بد سلیقہ لگی؟" آنا نے دہرایا۔

"وہ اتنائی نا سمجھی بھئے آپ ایک دوڑنے والے کے گرنے پر چھپا نہ سکیں۔"

انہوں نے انتظار کیا کہ آنا احتجاج کریں گی لیکن وہ چپ رہیں اور سامنے تکتی رہیں۔

"میں آپ سے پہلے ہی یہ گزارش کر چکا ہوں کہ معاشرے میں اپنے اوپر اتنا قابو رکھئے کہ بدزبان لوگ بھی آپ کے خلاف کچھ نہ کہہ سکیں۔ ایک وقت تھا جب میں نے اندرونی رشتوں کی بات کی تھی۔ اب میں ان کا ذکر نہیں کرتا۔ اب میں ظاہری رشتوں کی بات کرتا ہوں۔ آپ نے بد سلیقگی برتی اور میں نہیں چاہتا کہ دوبارہ ایسا ہو۔"

آنتا نے ان کی آدھی بات سنی ہی نہیں۔ وہ ان سے خوف محسوس کر رہی تھیں اور یہ سوچ رہی تھیں کہ کیا یہ سچ ہے کہ وہ دشمن کی کوئٹ نہیں آئی۔ کیا یہ اس کے بارے میں لوگ کہہ رہے تھے کہ سوار سچ و سلامت ہے البتہ گھوڑی کی کمر ٹوٹ گئی ہے؟ جب الیگسینی الکساندر ووچ اپنی بات ختم کر چکے تو وہ بس ہلکی سی ذلت آمیز انداز میں مسکرائیں اور جواب کچھ نہیں دیا اس لئے کہ انہوں نے وہ سنا ہی نہ تھا جو شوہر نے کہا تھا۔ الیگسینی الکساندر ووچ نے بڑی جسارت کے ساتھ بات کرنا شروع کیا تھا لیکن جب صاف طور سے ان کی سمجھ میں آیا کہ وہ کس چیز کے بارے میں بات کر رہے ہیں تو ان پر بھی وہ خوف طاری ہو گیا جو آنتا پر طاری تھا۔ انہوں نے آنتا کی مسکراہٹ دیکھی اور ان کو ایک عجیب سا احساس ہوا۔

"وہ میرے شک کرنے پر مسکرا رہی ہیں۔ ہاں! ابھی وہ ہی کہیں گی اور انہوں نے اس بار کہا تھا کہ میرے شک کی کوئی بنیاد نہیں ہے کہ یہ مضحکہ خیز بات ہے۔"

اب جب ساری باتوں کا انکشاف ان کے اوپر ہو چکا تھا تو انہیں کسی چیز کی ایسی خواہش نہ تھی جیسی اس بات کی کہ آنتا پہلے ہی کی طرح انہیں مذاق اڑاتے ہوئے جواب دیں کہ ان کا شک مضحکہ خیز ہے اور اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ وہ کچھ وہ جانتے تھے وہ اتنا خوفناک تھا کہ اب وہ ہر بات کا یقین کر لینے کو تیار تھے۔ لیکن آنتا کے ڈرے ہوئے اور غمگین چہرے کا تاثر اب دھوکا دینے کا بھی وعدہ نہیں کر رہا تھا۔

"ہو سکتا ہے میں غلطی کر رہا ہوں" الیگسینی الکساندر ووچ نے کہا۔ "اس صورت میں میں درخواست کرتا ہوں کہ مجھے معاف کر دیجئے۔"

"نہیں آپ نے غلطی نہیں کی" آنتا نے انتہائی ناامیدی سے ان کے سوالیہ چہرے کو دیکھتے ہوئے دھیرے دھیرے کہا۔ "آپ نے غلطی نہیں کی۔ میں انتہائی ناامید ہو گئی تھی اور نہ ہوتا میرے بس میں نہیں تھا۔ میں باتیں آپ کی سن رہی ہوں لیکن سوچ ان کے بارے میں رہی ہوں' میں ان سے محبت کرتی ہوں' میں ان کی محبوبہ ہوں' میں برداشت نہیں کر سکتی' میں ڈرتی ہوں میں آپ سے نفرت کرتی ہوں۔ میرے ساتھ آپ کا جو بھی جی چاہے سو کیجئے۔"

اور گاڑی کے کونے میں کھسک کر وہ ہاتھوں سے منہ ڈھانپ کر سسکیاں لینے لگیں۔ الیگسینی الکساندر ووچ ذرا بھی ہلے ڈلے نہیں اور نہ انہوں نے اپنی سامنے تنی ہوئی نگاہوں کی سمت میں کوئی تبدیلی کی۔ لیکن ان کے پورے چہرے پر مردے کا سا مقدس سکوت طاری ہو گیا اور مضافاتی بستی میں پہنچنے تک سارے وقت یہی تاثر قائم رہا۔ گھر کے قریب پہنچ کر انہوں نے اسی تاثر کے ساتھ آنتا کی طرف منہ کیا۔

"ٹھیک ہے لیکن میں اس وقت تک وضع داری کا لحاظ رکھنے کا معاملہ کرتا ہوں" ان کی آواز کانپے گی "جب تک میں اپنی عزت کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری اقدامات نہ کر لوں اور آپ کو ان کے بارے میں مطلع نہ کر دوں۔"

وہ گاڑی سے پہلے اترے اور انہوں نے سہارا دے کر آنتا کو اتارا۔ نوکروں کے سامنے انہوں نے چپ چاپ آنتا کا ہاتھ دبایا' گاڑی میں بیٹھے اور بیڑس برگ چلے گئے۔

ان کے جانے کے بعد پرنس ٹیٹنی کانڈ بیمار پڑ گیا اور آنتا کے لئے ایک رقعہ لایا:

"میں نے الیگسینی کے پاس آدمی بھیجا تھا ان کی خیریت معلوم کرنے کے لئے' انہوں نے مجھے لکھ بھیجا ہے کہ وہ ٹھیک اور صحیح سلامت ہیں لیکن بہت خوبصورت ہیں۔"

"تو وہ آئیں گے!" آنتا نے سوچا۔ "کتنا اچھا کیا میں نے جو انہیں سب کچھ بتا دیا۔"

انہوں نے گھڑی پر نظر ڈالی۔ ابھی تین گھنٹے اور باقی تھے اور پچھلی ملاقات کی تفصیلات کی یاد نے ان کے خون میں آگ سی لگا دی تھی۔

"اف میرے خدا ابھی تک کتنا اجالا ہے! بڑی خوفناک بات ہے لیکن مجھے ان کی صورت دیکھنا اچھا لگتا ہے اور یہ حیرت انگیز اجالا بھی اچھا لگتا ہے۔ شوہر! ہاں' ہاں۔ خیر شکر ہے خدا کا کہ ان سے سارا تعلق ختم ہو گیا۔"

30

ان ساری جگہوں کی طرح جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں جرمنی میں چشموں کے اس چھوٹے سے مقام پر بھی جہاں شیرباتسکی خاندان کے لوگ آئے تھے معمول کے مطابق معاشرے کا چھوٹا سا سانچہ نمودار ہو گیا تھا جس میں ان کے ہر رکن کے لئے معین اور ناقابل تغیر جگہ طے ہو گئی تھی۔ جیسے پانی کی معین اور ناقابل تغیر مقدار لمحہ میں مجدد ف کی بوائی کی معروف شکل اختیار کر لیتی ہے بالکل ویسے ہی چشموں پر آنے والا ہر شخص اپنی جگہ پر رکھ دیا جاتا تھا۔

بلورسٹ شیرباتسکی زامت گیمالن اور فرنچ شتھ (34) نے جو مکان کرائے پر لیا تھا اس کے اور اپنے خطاب کے اور اپنے واقف کاروں کے اعتبار سے فوراً ہی اپنی معین اور طے شدہ جگہ پر اور یوں قلم کی طرح شکل پذیر ہو گئے۔

اس سال چشموں پر ایک اصلی جرمن بلورسٹین (35) آئی ہوئی تھیں جس کی وجہ سے معاشرے کی یہ شکل پذیری اور بھی پرزور طریقے سے ہوئی تھی۔ پرنس شیرباتسکی خانیا کی بڑی خواہش تھی کہ اپنی بیٹی کو جرمن پرنس کی خدمت میں پیش کریں اور چشمے کے دوسرے ہی دن انہوں نے یہ رسم پوری کر دی۔ کیٹی نے اپنے "بہت ہی سادہ" یعنی بہت ہی خوش وضع کرنیوں کے لباس میں' جو پیرس سے آرڈر کر کے منگوایا گیا تھا' بہت ہی بھک کر بے وقار کے ساتھ تعظیم کی۔ جرمن پرنس نے کہا "مجھے امید ہے کہ اس خوبصورت سے کھنڈرے کے گلاب جلد ہی پھر کھل اٹھیں گے" — اور شیرباتسکی خاندان کے لئے فوراً ہی زندگی کے معین راستے بالکل طور پر طے ہو گئے جن سے ادھر ادھر ہونا ناممکن تھا۔ شیرباتسکی خاندان ایک انگریز لیڈی سے' ایک جرمن کاؤنٹس اور ان کے بیٹے سے جو پچھلی لڑائی میں زخمی ہو گیا تھا' ایک سوئیڈش سائنس داں سے اور ایم کیوات اور ان کی بہن سے متعارف ہوا۔ لیکن شیرباتسکی خاندان والوں کا خاص معاشرہ غیر ارادی طور پر ماسکو کی خواتین مادیموازیلز تشیرواو اور ان کی بیٹی 'مادموازیل' کیٹی کو اس لئے نہیں پسند تھی کہ وہ بھی کیٹی ہی کی طرح محبت کی وجہ سے بیمار پڑی تھی' ڈاکٹر ماسکو کے ایک کرنیل پر مشتمل تھا جس کو کیٹی نے بچپن سے پوری دردی میں دیکھا تھا اور اسی طرح انہیں جانتی تھی اور جو یہاں اپنی کھلی گردن اور پھولدار ٹائی میں اپنی چھوٹی چھوٹی آنکھوں سمیت غیر معمولی طور پر مضحکہ خیز لگتے تھے اور ان سے بڑی اکتاہٹ ہوتی تھی اس لئے کہ ان سے بچا چھڑانا ممکن ہی نہ تھا۔ جب یہ سب کچھ اتنے بہت طریقے سے طے ہو گیا تو کیٹی کا جی بہت اکتانے لگا اس لئے اور بھی کہ پرنس شیرباتسکی کار لمبا لے گئے اور وہ یہاں کے ساتھ اکیلی رہ گئی۔ جن لوگوں کو وہ جانتی تھی ان سے اسے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ سو وہ محسوس کرتی تھی کہ ان سے اب کسی نئی چیز کی توقع ہی نہیں کی جا سکتی تھی۔ اب یہاں چشموں پر اس کی خاص

پسندیدہ دلچسپی تھی لوگوں کا مشاہدہ کرنا اور جنہیں نہ جانتی تھی ان کے بارے میں قیاس کرنا۔ کیٹی کے کردار کی یہ خصوصیت تھی کہ وہ لوگوں میں ہمیشہ سب سے اچھی اور خوبصورت چیزیں فرض کرلیتی تھی' خاص طور سے ان لوگوں میں جنہیں وہ نہ جانتی تھی۔ اور اب یہ سب قیاس کر چکنے کے بعد کہ کون کیا ہے' ان کے درمیان آپس میں کس طرح کے تعلقات ہیں اور وہ کس طرح کے لوگ ہیں' کیٹی سب سے حیرت انگیز اور خوبصورت خصوصیتوں کا تصور کرتی اور اپنے مشاہدے میں اس کی تائید و تصدیق کرتی۔

ایسے لوگوں میں اس کی توجہ خاص طور سے ایک روسی لڑکی پر مرکوز ہو گئی جو ایک بیمار روسی خاتون کے ساتھ چشموں پر آئی تھی جنہیں سب لوگ مادام اشتال کہتے تھے۔ مادام اشتال کا تعلق اعلیٰ سوسائٹی سے تھا لیکن وہ واقعی بیمار تھیں کہ چل پھر نہ سکتی تھیں اور بس جب کبھی کبھار بہت ہی روشن اور خوشگوار دن ہوتا تو وہ پہیے دار کرسی پر چشموں کے کنارے نظر آتیں۔ لیکن پرنسس شیرباتسکایا نے اس کی تشریح اس طرح کی کہ مادام اشتال بیماری کی وجہ سے اتنا نہیں جتنا کہ گھمنڈ کی وجہ سے کسی بھی روسی سے متعارف نہ ہوئی تھیں۔ روسی لڑکی مادام اشتال کی دیکھ بھال کرتی تھی اور اس کے علاوہ کیٹی نے اس بات کی طرف دھیان دیا کہ وہ سارے شدید بیمار لوگوں کے پاس آئی جاتی تھی' جن کی تعداد چشموں پر زیادہ ہی تھی' اور ان کی دیکھ بھال بہت ہی فطری طریقے سے کرتی تھی۔ کیٹی کے مشاہدے کے مطابق یہ روسی لڑکی مادام اشتال کی رشتہ دار نہ تھی لیکن اس کے ساتھ ہی کنواہ دار مددگار بھی نہ تھی۔ مادام اشتال اسے واریا کہتی تھیں اور دوسرے لوگ اسے "مامزیل واریا" کہتے تھے۔ خیر اس کا تو ذکر ہی کیا کہ اس لڑکی کے اشتال خاندان سے اور دوسروں کے ساتھ اس لڑکی کے رشتے اور برتاؤ کا مشاہدہ کرنے سے کیٹی کو دلچسپی ہو گئی تھی۔ کیٹی' جیسا کہ اکثر ہوتا ہے' اس مامزیل واریا کے ناقابل بیان اور روحی محسوس کرتی تھی اور جب اس سے آنکھیں چار ہوتیں تو محسوس کرتی کہ وہ بھی اس لڑکی کو اچھی لگتی ہے۔

واریا کا اب یہ تو نہیں کہ جوانی کی سرحد پار کر چکی تھی بلکہ کچھ ایسا تھا کہ جیسے اس کا جوبن جوانی سے آشنا ہی نہ ہوا ہو۔ اس کی عمر اٹھائیس بھی ہو سکتی تھی اور تیس بھی۔ اگر اس کے خدوخال بیان کئے جائیں تو چہرے کی مرجھائی رنگت کے باوجود وہ بدصورت نہیں بلکہ خوبصورت ہی تھی۔ اور اس کا جسم بھی سڈول ہوتا اگر وہ بالکل ہی سوکھی نہ ہوتی اور دوسرے قد کے اعتبار سے اس کا سر بہت بڑا نہ ہوتا۔ لیکن مردوں کے لئے اس میں ہرگز کوئی کشش نہ رہی ہو گی۔ وہ کسی بہت ہی خوبصورت پھول کی طرح تھی جو پوری طرح کھل کر اتر چکا ہو اور خوشبو سے عاری ہو حالانکہ ابھی اس کی ساری پنکھڑیاں برقرار ہوں۔ اس کے علاوہ مردوں کے لئے اس میں کوئی کشش اس وجہ سے بھی نہ ہو سکتی تھی کہ اس میں اس چیز کی بڑی کمی تھی جو کیٹی میں بہت زیادہ تھی — زندگی کی دہکتی ہوئی آگ اور اپنی دلکشی کا احساس۔

وہ ہر وقت کسی کام میں مصروف نظر آتی تھی جس میں کوئی خلل نہیں کیا جا سکتا تھا اور اسی لئے لگتا تھا کہ اسے ادھر ادھر کی چیزوں سے کوئی دلچسپی نہ ہو سکتی تھی۔ کیٹی کی اپنی حالت سے اس صریحی تضاد نے اسے خاص طور سے اپنی طرف کھینچا۔ کیٹی یہ محسوس کرتی تھی کہ واریا میں 'اس کی طرز زندگی میں ہو سکتا ہے اسے وہ مثال مل جائے جسے اب وہ اتنی انس کے ساتھ تلاش کر رہی تھی — زندگی سے دلچسپی' زندگی میں وقار — ہر لڑکیوں اور مردوں کے ان معاشرے والے تعلقات سے باہر ہو جن سے اب کیٹی کو خطرہ ہوتا تھا' واریا اسے سامان تجارت کی وہ شرمناک نمائش لگتی تھی جو خریدار کی توقع میں کی جاتی ہے۔ کیٹی اپنی اس انجان دوست کا

جتنا زیادہ مشاہدہ کرتی اتنا ہی زیادہ اسے یقین ہوتا جاتا کہ یہ لڑکی ہی وہ کامل ہستی ہے جس طرح ہونے کا وہ خود تصور کرتی تھی' اور اتنا ہی زیادہ اس کا جی چاہتا اس لڑکی سے متعارف ہونے کا۔

دونوں لڑکیوں کا ہر روز کئی کئی بار ایک دوسرے سے آمنا سامنا ہوتا اور ہر ملاقات پر کیٹی کی آنکھیں کہتیں "کون ہیں آپ؟ کیا ہیں آپ؟ کیا یہ سچ ہے کہ آپ ویسی ہی دلکش ہستی ہیں جیسا کہ میں آپ کو تصور کرتی ہوں؟ لیکن خدا کے واسطے یہ نہ سوچئے گا کہ میں آپ کی نظروں اضافہ کرنے "میں آپ سے زبردستی جان پہچان پیدا کرنے کی روادار ہوں گی۔ میں تو بس آپ کی مداح ہوں اور آپ سے پیار کرتی ہوں" اور انجان لڑکی کی نگاہیں جواب دیتیں "میں بھی آپ سے پیار کرتی ہوں اور آپ بہت ہی پیاری ہیں۔ اور اگر میرے پاس وقت ہوتا تو میں تو آپ سے اور بھی زیادہ پیار کرتی۔" اور واقعی کیٹی خود دیکھتی تھی کہ وہ ہر وقت مصروف رہتی تھی — چشمے پر سے کسی روسی خاندان کے بچوں کو گھر لے جا رہی ہے' یا کسی بیمار کے لئے شال لا کر اسے ایسی طرح اوڑھا رہی ہے' یا کسی جھلائے ہوئے مریض کا دھیان بٹانے کی کوشش کر رہی ہے یا کسی کے لئے کافی کے ساتھ کھانے کے ٹکٹ چھانٹ چھانٹ کر خرید رہی ہے۔

چشموں پر شیرباتسکی خاندان کے پہنچنے کے بعد جلد ہی دو لوگ اور آ گئے جنہوں نے ہر ایک کی ناسازگار توجہ اپنی طرف مبذول کرالی۔ ان میں ایک تو بہت لمبا قد رکھے جھکا ہوا سا مرد تھا جس کے ہاتھ بہت بڑے بڑے تھے جو اپنے قد کے حساب سے بہت چھوٹا اور پرانا اور کوٹ پہنے رہتا تھا اور اس کی آنکھیں سیاہ اور بھولی لیکن اس کے ساتھ ہی خوفناک تھیں اور ایک عورت تھی جس کے چہرے پر چیچک کے ہلکے ہلکے داغ تھے۔ وہ تھی تو نحیل صورت لیکن بہت ہی بھدے اور بدذوق کپڑے پہنتی تھی۔ یہ بھانپ کر کہ یہ لوگ روسی ہیں کیٹی نے اپنے تصور میں ان کے بارے میں خوبصورت اور پرکشش رومان بنانا شروع کر دیا۔ لیکن پرنسس شیرباتسکایا نے کور بہت (36) سے پتہ لگا لیا کہ یہ کھولائیوا ہیں اور مارینا کھولائیوا ہیں اور کیٹی کو سمجھایا کہ یہ لیوین کتنا برا آدمی تھا۔ چنانچہ ان دونوں سے متعلق سارے تصورات غائب ہو گئے۔ اتنا اس لئے نہیں کہ ماں نے اس سے کہا تھا' جتنا اس لئے کہ یہ تن تن کے بھائی تھے۔ کیٹی کے لئے یہ لوگ اچانک حد درجہ ناپسند ہو گئے۔ اس لیوین نے اپنا سر جھکنے کی عادت سے اس میں نظر کا یہ پہلا اضافہ پیدا کر دیا تھا۔

اسے لگا کہ اس لیوین کی بڑی بڑی خوفناک آنکھوں سے' جو مسلسل اس پر لگی رہتی تھیں' نفرت اور مذاق اڑانے کے جذبات کا اظہار ہوتا تھا اور وہ اس کا سامنا ہونے سے کترانے لگی۔

37

اس دن موسم بہت ہی خراب تھا' ساری صبح بارش ہوتی رہی تھی اور بیماروں نے اپنی چھتریوں' بیت گرد اگرد بہ کمرے میں پھیر نکالی تھی۔

کیٹی اپنی ماں اور ماسکو کے کرنل کے ساتھ ٹہل رہی تھی جو اپنے یورپی کوٹ میں' جسے اس نے فرینکفرٹ میں بنایا یا خریدا تھا' جھولتے ہوئے چل رہا تھا۔ یہ لوگ برآمدے کے ایک سرے پر چل رہے تھے اور کوشش کر رہے تھے کہ لیوین سے سامنا نہ ہو جو دوسرے سرے پر چل رہے تھے۔ واریا اپنا گہرے رنگ کا لباس پہنے' سیاہ دستانے لگائے جس کی بٹنیں پیچھے کو لٹکی ہوئی سی تھیں ایک نابینا فرانسیسی عورت کے ساتھ پورے برآمدے کی لمبائی میں ٹہل رہی تھی اور ہر بار جب کیٹی سے اس کا سامنا ہوتا تو وہ ایک دوسرے کو دوستانہ نظروں سے دیکھتیں۔

"ماما میں اس لڑکی سے بات کر سکتی ہوں؟" کیٹی نے اپنی ناواقف دوست پر نظر رکھتے ہوئے اور بے چینی سے دیکھتے ہوئے کہا کہ وہ چشمے کی طرف جا رہی ہے اور وہ اس کے پاس جا کر اس سے مل سکتی ہے۔

"ہاں اگر تمہارا اتنا ہی جی چاہتا ہے تو میں پہلے اس کے بارے میں معلوم کر لوں پھر میں خود ہی اس کے پاس چلوں گی" ماں نے جواب دیا۔ "مگر تمہیں کون سی خاص چیز نظر آ گئی اس میں؟ ماما کمپنی ہو گی۔ اگر تم چاہو تو میں مادام اشتال سے تعارف حاصل کر لوں۔ میں ان کی خواہر نسبتی کو جانتی تھی" پرنس نے فخر سے سر اٹھاتے ہوئے کہا۔

کیٹی کو معلوم تھا کہ پرنس اس بات پر ناراض ہیں کہ اشتال صاحب گلتا تھان کے ساتھ متعارف ہونے سے کترائی تھیں۔ کیٹی نے اصرار نہیں کیا۔

"کتنی پیاری ہے!" اس نے وارنکا کو اس وقت دیکھتے ہوئے کہا جب وہ فرانسیسی عورت کو اپنی کاکلاس دے رہی تھی۔ "دیکھئے تو ذرا' ہر چیز کتنی سادہ مگر کتنی پیاری ہے۔"

"مجھے تو تمہارے ان گواماں (37) پر ہنسی آتی ہے" پرنس نے کہا۔ "نہیں' چلو واپس چلتے ہیں" انہوں نے لیوین کو دیکھ کر اضافہ کیا جو ان کی طرف اپنی عورت اور ایک جرمن ڈاکٹر کے ساتھ آ رہے تھے جس سے وہ زور زور سے ہنسے ہنسے میں باتیں کر رہے تھے۔

وہ لوگ واپس جانے کے لئے مڑ چکے تھے کہ اچانک زور زور کی باتیں نہیں بلکہ چیخیں سنائی دیں۔ لیوین رک کر چلانے لگے تھے اور ڈاکٹر بھی گرم ہو گیا تھا۔ ان کے گرد بھیڑ لگ گئی۔ پرنس اور کیٹی جلدی سے وہاں سے روانہ چل گئیں اور کرنل یہ معلوم کرنے کے لئے کہ بات کیا ہے بھیڑ میں شامل ہو گیا۔

چند منٹ بعد کرنل لپکتا ہوا ان لوگوں کے ساتھ آ گیا۔

"یہ وہاں کیا ہو رہا تھا؟"

"شرمناک رسوائی" کرنل نے جواب دیا۔ "بس ایک ہی چیز سے ڈرنا چاہئے — کہ پردیس میں کسی روسی سے ملاقات نہ ہو۔ یہ لمبے والے صاحب ڈاکٹر سے لڑ پڑے اور اس سے گالی گلوچ کرنے لگے کہ وہ ان کا ٹھیک علاج نہیں کر رہا ہے اور چھڑی اٹھا کر اسے دھمکانے لگے۔ شرم کی بات ہے!"

"اف کس قدر ناخوشگوار بات ہے!" پرنس نے کہا۔ "تو پھر آخر میں کیا ہوا؟"

"شکر ہے کہ اس نے۔ ارے اس کھبی جیسی ٹوپی والی لڑکی نے بیچ بچاؤ کرا دیا۔ روسی لگتی ہے" کرنل نے کہا

"ماسٹرل وارنکا نے؟" کیٹی نے خوش ہو کر پوچھا۔

"ہاں ہاں' وہ سب سے پہلے بیچ میں گئی اور اس نے ان صاحب کو سمجھا بجھا کر لے گئی۔"

"دیکھئے ماما" کیٹی نے ماں سے کہا "آپ تعجب کر رہی تھیں کہ میں اس کی اتنی تعریف کرتی ہوں۔"

اگلے دن کیٹی نے اپنی انجان دوست کا مشاہدہ کرتے ہوئے دیکھا کہ ماسٹرل وارنکا کے اب روسی تعلقات لیوین اور ان کی عورت سے بھی ہو گئے تھے جو اپنے دوسرے پوتے شے (38) کے ساتھ تھے۔ وہ ان کے پاس جاتی' ان سے باتیں کرتی' عورت کے لئے ترجمان کے فرائض انجام دیتی اس لئے کہ اسے ایک بھی اطالوی زبان نہ آتی تھی۔

کیٹی ماں سے اور زیادہ منت کرنے لگی کہ وہ اسے وارنکا سے متعارف ہونے کی اجازت دے دیں۔ اور باوجود اس کے کہ اشتال صاحبہ سے 'جو پتہ نہیں کس بات پر اتنا گھمنڈ کرتی تھیں' متعارف ہونے کے لئے پہلا قدم اٹھانا پرنس کے لئے بہت ہی ناگوار تھا پھر بھی انہوں نے وارنکا کے بارے میں پوچھ گچھ کی اور اس کے بارے میں تفصیلات معلوم کر کے اس نتیجے پر پہنچیں کہ اس سے تعارف ہونے میں کوئی برائی نہیں ہے علاوہ اچھائی بھی کہی ہے۔ چنانچہ وارنکا سے متعارف ہونے کے لئے انہوں نے خود ہی پہل کی۔

ایسے وقت کا انتخاب کر کے جب ان کی بیٹی چشمے پر گئی ہوئی تھی اور وارنکا اول روئی اور بن وغیرہ کی دکان کے سامنے کھڑی تھی' پرنس اس کے پاس گئیں۔

"مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ سے تعارف حاصل کروں" انہوں نے اپنی پروقار مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "میری بیٹی کو آپ سے محبت ہو گئی ہے" وارنکا۔ "آپ ہو سکتا ہے مجھے نہ جانتی ہوں۔ میں۔"

"یہ نہیں ہو سکتا" وارنکا نے جواب دیا۔

"کل آپ نے ہمارے بیمار ہم وطن کے ساتھ کتنی نیکی کی" پرنس نے کہا۔

وارنکا کا چہرہ گلابی ہو گیا۔

"مجھے یاد نہیں میں نے تو شاید کچھ بھی نہیں کیا" اس نے کہا۔

"اوہ کیوں" آپ نے اس لیوین کو پریشانی میں پڑنے سے بچایا۔"

"ہاں' سنا کیا ہے (38) نے مجھے بلایا اور میں نے ان کا غصہ کم کرانے کی کوشش کی۔ وہ بہت بیمار ہیں اور ڈاکٹر سے ناراض تھے۔ مجھے تو ان بیماروں کی دیکھ بھال کرنے کی عادت ہے۔"

"ہاں میں نے سنا کہ آپ ساکن میں ماما اپنی بیٹی' مادام اشتال کے ساتھ رہتی ہیں۔ میں ان کی خواہر نسبتی کو جانتی تھی۔"

"نہیں وہ میری بیٹی نہیں ہیں۔ میں انہیں ماں کہتی ہوں لیکن ان کی رشتہ دار نہیں ہوں۔ انہوں نے مجھے پالا ہے" اس نے جواب دیا اور اس کا چہرہ پھر گلابی ہو گیا۔

یہ بات اتنی سادگی سے کہی گئی تھی اور اس کے چہرے پر سچائی اور صاف دلی کا ایسا اظہار تھا کہ پرنس سمجھ گئیں کہ کیٹی کو کیوں اس وارنکا سے محبت ہو گئی ہے۔

"تو یہ لیوین کیسے ہیں؟" پرنس نے پوچھا۔

"وہ جا رہے ہیں" وارنکا نے جواب دیا۔

اسی وقت اس بات پر خوشی سے دمکتی ہوئی کہ اس کی ماں نے اس کی انجان دوست سے تعارف حاصل کر لیا' کیٹی بھی چشمے پر سے آ پہنچی۔

"تو کیٹی تمہاری یہ شدید خواہش کہ تمہارا تعارف ہو جائے ماسٹرل۔۔۔"

"وارنکا سے" وارنکا نے مسکراتے ہوئے ان کا جملہ پورا کر دیا "مجھے سب لوگ یہی کہتے ہیں۔"

کیٹی کا چہرہ خوشی سے گلابی ہو گیا اور وہ چپ چاپ اپنی نئی دوست کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے رہی جس نے جواب میں ہاتھ دبایا تو نہیں لیکن اپنے بے حس و حرکت ہاتھ کو کیٹی ہی کے ہاتھ میں رہنے دیا۔ ہاتھ نے ہاتھ کے دبانے کا جواب تو نہیں دیا لیکن ماسٹرل وارنکا کا چہرہ پر سکون' خوشی کی — حالانکہ قدرے غمگین۔ مسکراہٹ سے مکمل اظہار اور اس کے بڑے لیکن خوبصورت دانت نمایاں ہو گئے۔

"میں خود سے دوں سے یہ چاہتی تھی" اس نے کہا۔

ساتھ بھیج دوں۔"

کیٹی نے دیکھا کہ وارنکا نے اس بات پر کہ اس کے ساتھ کسی کو جانے کی ضرورت ہے' بڑی مشکل سے اپنی مسکراہٹ کو ضبط کیا۔

"نہیں' میں ہمیشہ ہی اکیلی آتی جاتی ہوں اور میرے ساتھ کبھی کچھ نہیں ہوتا" اس نے سر کو اٹھاتے ہوئے کہا۔ اور کیٹی کو ایک بار اور پیار کر کے اور یہ بتانے کی ضرورت نہ سمجھی کہ کیا چیز اہم ہوتی ہے' بغل میں موسیقی کی کاپی دبائے ہوئے جرات مندانہ قدموں سے چلتی ہوئی وہ گرمیوں کی روشن رات میں گم ہو گئی اور اس پیار سے میں اپنا راز بھی اپنے ساتھ ہی لیتی گئی کہ کیا چیز اہم ہے اور کون سی چیز اسے یہ قابل رشک سکون اور وقار عطا کرتی ہے۔

33

کیٹی اشنال صاحبہ سے بھی متعارف ہو گئی اور اس واقفیت نے وارنکا سے دوستی کے ساتھ مل کر نہ صرف یہ کہ اس پر گہرا اثر کیا بلکہ اس کے غم میں بھی اسے تسکین پہنچائی۔ اسے یہ تسکین اس بات سے ملی کہ اس واقفیت کی بدولت ایک بالکل ہی نئی دنیا اس کے سامنے آئی جس میں اور اس کے ماضی میں کوئی چیز مشترک تھی ہی نہیں۔ یہ ایک بلند تر اور خوبصورت دنیا تھی جس کی بلندی سے اس ماضی کو سکون کے ساتھ دیکھا جا سکتا تھا۔ اس نے یہ دریافت کیا کہ اس جیلی زندگی کے علاوہ' جس کے حوالے اس نے خود کو ابھی تک کر رکھا تھا' ایک روحانی زندگی بھی تھی۔ اس زندگی کا اکتشاف مذہب سے ہوتا تھا لیکن ایسے مذہب سے جس میں اور اس مذہب میں کوئی چیز مشترک نہ تھی جسے بچپن سے جانتی تھی' جس کا اظہار "یہ اداس کے گھر" (40 بیس تھوار دن کے موقع پر اور شام کی عبادت میں جہاں جان پہچان کے لوگوں سے ملاقات ہو سکتی تھی' اور پادری کے ساتھ سلاوانی عبارتوں کی زبانی یاد کرنے میں ہوتا تھا۔ یہ بلند تر اور پر اسرار مذہب تھا جس کا تعلق بہت سے خوبصورت خیالات و جذبات سے تھا' جس پر صرف اعتقاد رکھنا ہی نہیں' صرف اس لئے کہ اس کا حکم دیا گیا تھا' بلکہ اس سے محبت کرنا بھی ممکن تھا۔

کیٹی نے یہ سب کچھ باتوں سے نہیں جانا۔ مادام اشنال تو کیٹی سے اس طرح باتیں کرتی تھیں جیسے کسی پیارے بچے سے کی جاتی ہیں جس سے لگاؤ اس لئے ہوتا ہے جیسے یہ خود اپنی خوانی کی یاد دہی ہو۔ بس ایک بار ان کے منہ سے نکل گیا کہ سارے لوگوں کو رنج و غم میں تسکین ملتی ہے صرف محبت اور حقیقت سے کام سے ہمدردی کرنے کے واسطے جیتی مسیح کے لئے کوئی بھی غم حقیر نہیں ہے۔ مگر فوراً ہی انہوں نے بات کا موضوع بدل دیا لیکن کیٹی کو ان کی ہر حرکت سے' ہر لفظ سے' ان کی' جیسا کہ کیٹی کہتی تھی' ہر آسمانی نظر سے' خاص طور سے ان کی زندگی کی پوری کہانی سے جو اسے وارنکا کے ذریعے معلوم ہوئی تھی' ہر چیز سے وہ معلوم ہو جاتا تھا "کہ اہم تھا" اور جسے وہ اب تک جانتی تھی۔

لیکن مادام اشنال کا کردار چاہے کتنا ہی بلند کیوں نہ رہا ہو' اس کی کہانی چاہے کتنی ہی دردناک کیوں نہ رہی ہو' ان کی باتیں چاہے کتنی ہی بلند اور پر شفقت کیوں نہ رہی ہوں' کیٹی نے غیر ارادی طور پر ان میں ایسی خصوصیات دیکھیں جن سے وہ الجھن میں مبتلا ہو گئی تھی۔ اس نے دیکھ لیا تھا کہ ایک بار جب مادام اشنال اس سے اس کے رشتہ داروں کے بارے میں پوچھ گچھ کر رہی تھیں تو وہ حقارت کے ساتھ مسکرائی تھیں جو کہ جیسا کی یک دلی کے منافی تھا۔ یہ بھی اس نے دیکھا کہ جب وہ ایک بار ان کے ہاں پہنچی اور اس نے ان کے پاس ایک کیتھولک پادری کو موجود پایا تو مادام اشنال کو مشتعل کر کے اپنا چہرہ لیمپ شیڈ کی تاریکی میں کئے ہوئے تھیں اور خاص طور سے مسکرا رہی تھیں۔ یہ دونوں باتیں چاہے کتنی ہی کم حقیقت رہی ہوں لیکن انہوں نے اسے الجھن میں مبتلا کر دیا تھا اور وہ مادام اشنال کے بارے میں شبہ میں پڑ گئی تھی۔ لیکن دوسری طرف وارنکا' جو اکیلی تھی' جس کا کوئی اپنا نہ تھا کوئی دوست نہ تھا' جو ایک خوش تھی کے ختم ہو جانے کا غم اٹھا چکی تھی' جسے نہ کسی چیز کی خواہش تھی نہ کسی سے کوئی شکایت تھی' وہی ہستی تھی جس طرح بننے کے کیٹی صرف خواب دیکھ سکتی تھی۔ وارنکا کو دیکھ کر اس نے سمجھا کہ آدمی اگر خود کو بھول جائے اور دوسروں سے محبت کرے تو اسے سکون اور سکھ مل سکتا ہے اور وہ بہت ہی اچھا بن سکتا ہے۔ اور کیٹی ایسا ہی بننا چاہتی تھی۔ اب اس بات کو واضح طور پر سمجھ کر کہ سب سے اہم کیا چیز تھی کیٹی نے اس بات پر اکتفا نہ کیا تھا کہ وہ ان چیزوں کو تعریف و تحسین کی نظروں سے دیکھا کرے۔ اس نے دل و جان سے خود کو اپنے سامنے آجانے والی اس نئی دنیا کے حوالے کر دیا۔ وارنکا سے یہ سن کر کہ مادام اشنال اور دوسرے لوگ' جن کے اس نے نام لئے تھے' کیا کرتے تھے' کیٹی نے اپنی آئندہ زندگی کا ایک پر مسرت منصوبہ تیار کیا۔ وہ چاہے کہیں بھی رہے اب ویسا ہی کیا کرے گی جیسا اشنال صاحبہ کی بھتیجی اپنے لئے کیا کرتی تھیں' جن کے بارے میں وارنکا نے اسے بہت کچھ بتایا تھا۔ وہ بھی لوگوں کو تلاش کرے گی' جہاں تک ہو سکے ان کی مدد کرے گی' انجیل تقسیم کرے گی' بیماروں' قیدیوں اور مرتے ہوئے لوگوں کو انجیل پڑھ کر سنائے گی۔ مجرموں کو انجیل پڑھ کر سنانا' جیسے اپنے کرتی تھیں' کیٹی کو خاص طور سے بہت ہی دلکش لگا۔ لیکن یہ سب راز کے خواب تھے جن کے بارے میں کیٹی نے ماں کو بتایا نہ وارنکا کو۔ بہر حال اس وقت کے انتظار میں جب وہ بڑے پیمانے پر اپنے منصوبوں کی تکمیل کر سکے گی' کیٹی کو یہیں چشموں ہی پر' جہاں اسے بیمار اور دکھی لوگ' وارنکا کی شکل میں اپنے نئے اصولوں پر عمل کرنے کے مواقع آسانی سے مل گئے۔

شروع میں پرنس نے صرف یہ دیکھا کہ کیٹی پر اشنال صاحبہ اور خاص طور پر وارنکا سے اپنے "آن گراں مایہ" جیسا کہ وہ اسے کہتی تھیں' بڑا گہرا اثر ہے۔ انہوں نے دیکھا کہ کیٹی۔ صرف یہ کہ اپنی سرگرمیوں میں وارنکا کی نقل کرتی ہے بلکہ میرا دی طور پر اس کے پیچھے' باتیں کرنے اور پلکیں جھپکانے کے انداز کی بھی نقل کرتی ہے۔ لیکن بعد کو پرنس نے دیکھا کہ ان کی بیٹی میں اس مسحور ہو جانے کی کیفیت سے آرادانہ طور پر کوئی مجدد روحانی تبدیلی بھی رونما ہو رہی ہے۔

پرنس نے دیکھا کہ کیٹی شام کو فرانسیسی انجیل پڑھتی ہے جو اسے اشنال صاحبہ نے تحفے کے طور پر دی تھی حالانکہ پہلے وہ ایسا نہیں کرتی تھی' کہ وہ اعلیٰ سوسائٹی کے ملاقاتیوں سے کترانی اور وارنکا کی سرپرستی میں رہنے والے بیماروں سے اور خاص طور سے بیمار مصور پیترو ف کے مفلس خاندان سے ملنی جلتی ہے۔ صاف ظاہر تھا کہ کیٹی کو اس بات پر بڑا فخر تھا کہ اس خاندان کے لئے وہ رضا کارانہ نرس کی ذمہ داریاں پوری کرتی تھی۔ یہ سب تو ٹھیک تھا اور پرنس اس کے خلاف کچھ بھی نہ کہہ سکتی تھیں اس لئے اور بھی کہ پیترو ف کی بیوی بہت ہی معقول اور شائستہ عورت تھیں اور جن پر پرنس نے کیٹی کی سرگرمیاں دیکھ کر اس کی بڑی تعریفیں کی تھیں اور اسے تسکین کا فرشتہ کہا تھا۔ یہ سب بہت اچھا ہوتا اگر ضرورت سے زیادہ نہ ہوتا۔ لیکن پرنس نے دیکھا کہ ان کی بیٹی حد سے گزرتی جا رہی ہے اور انہوں نے اس سے یہ کہہ بھی دیا۔

"اپنے کو ڈھیلے مت چھوڑو" (41 انہوں نے بیٹی سے کہا تھا۔

"نہیں" وارینکا نے موسیقی کی بیاض پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے مسکرا کر جواب دیا "نہیں، پہلے اسی کو گائیں گے۔" اور اس نے اس گیت کو بھی پہلے ہی کی طرح سکون کے ساتھ سریلی سے اور اچھی طرح گایا۔

جب اس نے ختم کیا تو سبھوں نے پھر اس کا شکریہ ادا کیا اور چائے پینے چلے گئے۔ کیٹی اور وارینکا بھولے سے باغ میں چلی گئیں جو گھر کے بغل میں تھا۔

"کیا میرا یہ خیال صحیح ہے کہ اس گانے سے آپ کی کوئی یاد وابستہ ہے؟" کیٹی نے کہا اور پھر جلدی سے اضافہ کیا "آپ کچھ بتائیے نہیں، صرف اتنا کہہ دیجئے کہ صحیح ہے یا نہیں؟"

"کیوں نہیں؟ میں بتا دیتی ہوں" وارینکا نے سادگی سے کہا اور جواب کا انتظار کئے بغیر اس نے اپنی بات جاری رکھی "ہاں یہ ایک یاد ہے، اور کبھی وہ بڑی تکلیف دہ تھی۔ میں نے ایک شخص سے محبت کی تھی۔ میں اس کے لئے گایا کرتی تھی۔"

کیٹی اپنی بڑی بڑی آنکھیں پھاڑے چپ چاپ اور دردمندی سے وارینکا کو دیکھتی رہی۔

"میں اس سے محبت کرتی تھی اور وہ مجھ سے محبت کرتا تھا لیکن اس کی ماں کو یہ پسند نہیں تھا تو اس نے شادی دوسری سے کر لی۔ اب وہ ہمارے ہاں سے تھوڑے ہی فاصلے پر رہتا ہے۔ میں اسے دیکھتی ہوں۔ آپ نے تو سوچا بھی نہ ہوگا کہ میری زندگی میں بھی رومان ہو سکتا ہے؟" اس نے کہا اور اس کے خوبصورت چہرے پر وار اور پیار کے لئے وہ اتنا وقف تھا، کیٹی نے محسوس کیا کہ کبھی اندر سے اس کے پورے وجود کو روشن کئے رہی ہوگی۔

"سوچا کیوں نہیں؟ میں اگر مرد ہوتی تو میں آپ کو جاننے کے بعد کسی اور سے محبت کر ہی نہ سکتی تھی۔ صرف یہی سمجھ میں نہیں آتا کہ اس نے کیسے محض اپنی ماں کی مرضی پر آپ کو ٹھکرا دیا اور آپ کو اکیلا چھوڑ دیا۔ اس کے دل کو تو نہیں۔"

"ارے نہیں، وہ بہت ہی اچھا آدمی ہے، اور میں بھی دکھی نہیں ہوں۔ بلکہ اس کے برعکس میں تو بہت سکھی ہوں۔ تو آج اور نہیں گائیں گے؟" اس نے گھر کی طرف رخ کرتے ہوئے کہا۔

"آپ کتنی اچھی ہیں، کتنی اچھی ہیں!" کیٹی بے اختیار کہہ اٹھی اور اسے روک کر پیار کرنے لگی "معاف میں تھوڑا سا بھی آپ کی طرح ہوتی!"

"آپ کو کسی دوسرے کی طرح ہونے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ جیسی ہیں ویسی ہی اچھی ہیں" اپنی نرم اور تھکی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ وارینکا نے کہا۔

"نہیں، میں بالکل بھی اچھی نہیں ہوں۔ لیکن مجھے یہ بتائیے۔ ٹھہریئے ذرا، بیٹھ جائیں" کیٹی نے اسے بھر اپنے برابر بنچ پر بٹھاتے ہوئے کہا۔ "بتائیے کیا واقعی یہ سوچ کر توہین کا احساس نہیں ہوا کہ اس شخص نے آپ کی محبت کو نظر انداز کر دیا کہ وہ نہیں چاہتا تھا کہ۔۔۔"

"لیکن اس نے نظر انداز نہیں کیا۔ مجھے یقین ہے کہ وہ مجھ سے محبت کرتا تھا لیکن وہ فرماں بردار بیٹا تھا۔۔۔"

"ہاں، لیکن اگر اس نے ماں کی مرضی کے مطابق نہیں بلکہ خود ہی؟۔" کیٹی نے کہا اور محسوس کیا کہ اس نے اپنا راز افشا کر دیا اور شرم کی سرخی سے تمتمائے ہوئے اس کے چہرے نے اس کے ساتھ دغا کی۔

"تب اس نے بری حرکت کی ہوتی اور مجھے اس پر ذرا بھی رحم نہ آتا" وارینکا نے جواب دیا۔ ظاہر تھا کہ وہ سمجھ گئی تھی کہ اب بات اس کی نہیں بلکہ کیٹی کی ہو رہی تھی۔

"لیکن توہین؟" کیٹی نے کہا۔ "توہین کو تو بھلانا ناممکن ہے" کیٹی نے کہا اور اسے یاد آیا کہ آخری بال رقص موسیقی روک گئی تھی تو اس نے نفرت و دہشت کو کیسی نظروں سے دیکھا تھا۔

"توہین کس بات سے؟ آخر آپ نے تو کوئی بری حرکت نہیں کی؟"

"بری سے بھی بدتر۔۔۔ شرمناک۔۔۔"

وارینکا نے اپنے سر کو جھٹکا اور اپنا ہاتھ کیٹی کے ہاتھ پر رکھ دیا۔

"ارے شرم کس بات کی؟" اس نے کہا۔ "آخر جو شخص آپ کی طرف سے بے پروا ہو اس سے آپ تو نہیں کہہ سکتی تھیں کہ آپ اس سے محبت کرتی ہیں؟"

"ظاہر ہے، نہیں۔ میں نے کبھی ایک لفظ بھی نہیں کہا لیکن وہ جانتا تھا۔ نہیں نہیں، نگاہیں ہوتی ہیں، اشارے ہوتے ہیں۔ میں سو برس جیوں تو بھی نہ بھولوں گی۔"

"کیا نہیں بھولیں گی؟ میری سمجھ میں نہیں آتا۔ ساری بات یہ ہے کہ آپ اب بھی اس سے محبت کرتی ہیں، نہیں؟" وارینکا نے بنا کچھ لگی لپٹی رکھے بغیر صاف صاف کہا۔

"میں اس سے نفرت کرتی ہوں۔ میں خود کو معاف نہیں کر سکتی۔"

"کس لئے؟"

"شرم کی توہین۔"

"آہ، اگر سب اتنے ہی حساس ہوتے جتنی آپ ہیں" وارینکا نے کہا۔ "کوئی ایسی لڑکی نہ ہوگی جس نے یہ بھگتا ہو۔ اور یہ سب اس قدر غیر اہم ہے۔"

"اور اہم کیا ہے؟" کیٹی نے اس کے چہرے کو تجسس آمیز حیرت کے ساتھ تکتے ہوئے پوچھا۔

"ارے بہت سی چیزیں اہم ہیں" مسکراتے ہوئے وارینکا نے کہا۔

"کون سی چیزیں؟"

"ارے بہت سی چیزیں اہم ہیں" وارینکا نے جواب دیا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کہے۔ لیکن اسی وقت کھڑکی میں سے پرنس کی آواز آئی۔

"کیٹی، طبیعت ہے تمہاری تو شال لے جاؤ یا کمرے میں آ جاؤ!"

"واقعی، وقت ہو گیا" وارینکا نے اٹھتے ہوئے کہا۔ "مجھے ابھی دارالمرضیٰ کو مادام بیرتے کے ہاں بھی جانا ہے۔ انہوں نے مجھ سے آنے کو کہا تھا۔"

کیٹی اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے روکے ہوئے تھی اور آنکھوں ہی آنکھوں میں شدید تجسس اور محبت کے ساتھ اس سے پوچھ رہی تھی "کیا ہے؟ کیا ہے وہ سب سے اہم چیز جس سے اتنا سکون ملتا ہے؟ آپ جانتی ہیں، مجھے بھی بتا دیجئے!" لیکن وارینکا کی تو یہ بھی سمجھ میں نہ آیا کہ کیٹی کی نگاہیں کس چیز کے بارے میں سوال کر رہی تھیں۔ اسے صرف یہ یاد تھا کہ آج اسے ابھی مادام بیرتے کے پاس جانا ہے کہ جلدی گھر جا کر ماں کو بارہ بجے جانے دینا ہے۔ وہ کمرے میں آئی، اس نے موسیقی کی بیاض سنبھالی اور سب سے رخصت ہو کر جانے کے لئے تیار ہو گئی۔

"اجازت دیجئے کہ میں آپ کو پہنچا آؤں" کرنل نے کہا۔

"ہاں اب رات کو اکیلے کیسے جا سکتی ہیں؟" پرنس نے تائید کی۔ "میں کم سے کم پرانشچی کو آپ کے

"لیکن آپ تو اتنی معروف ہیں۔"

"ارے نہیں' اتنے بھی تو کوئی کام ہی نہیں ہوتا" وارنکا نے جواب دیا لیکن اسی وقت اسے اپنے بے واقف کاروں کو چھوڑنا پڑا اس لئے کہ دو چھوٹی چھوٹی رسی لڑکیاں' کسی مریض کی بیٹیاں اس کے پاس آ ہوئی آئیں۔

"وارنکا' ماما بلا رہی ہیں" انہوں نے پکار کر کہا۔

اور وارنکا ان کے ساتھ چلی گئی۔

32

پرنس شیربا ختایا نے وارنکا کے ماضی کے بارے میں اور مادام اشتال سے اس کے رشتے کے بارے میں جو تفصیلات معلوم کیں وہ حسب ذیل تھیں:

مادام اشتال کے بارے میں کچھ لوگ کہتے تھے کہ انہوں نے اپنے شوہر کو بڑی اذیت دی اور دوسرے لوگ کہتے تھے کہ شوہر نے اپنے غیر اخلاقی برتاؤ سے انہیں بے انتہا اذیت پہنچائی۔ وہ بیشک سے مریض اور خفتانی مزاج کی عورت تھیں۔ شوہر سے طلاق لینے کے بعد جب ان کے ہاں پہلا بچہ پیدا ہوا تو وہ فوراً ہی مر گیا اور اشتال صاحبہ کے رشتہ داروں نے ان کی حساس طبیعت کو جانتے ہوئے اور اس ڈر سے کہ اس خبر سے کہیں وہ طوعی نہ مر جائیں' ان کا بچہ بدل دیا اور اسی رات کو پیٹرس برگ کے اسی گھر میں پیدا ہونے والی شاہی محل کے باورچی کی بیٹی کو لے کر ان کا بچہ بنا دیا۔ یہ وارنکا تھی۔ مادام اشتال کو بعد کو معلوم ہو گیا کہ وارنکا ان کی بیٹی نہ تھی لیکن وہ اسے بالکل پرستی رہیں اس لئے اور بھی کہ اس واقعے کے جلد ہی بعد وارنکا کے اصلی رشتہ داروں میں سے کوئی نہ رہ گیا۔

مادام اشتال اب تو دس سال سے زیادہ سے کبھی وطن گئے بغیر جنوب میں پروینس میں رہتی تھیں اور کبھی بستر سے نہ اٹھتی تھیں۔ بعض لوگ کہتے تھے کہ مادام اشتال نے نیکی کے کام کرنے والی اور بلند پایہ ہی خیالات کی عورت کی طرح اپنی سماجی حیثیت بنائی ہے اور بعضوں کا کہنا تھا کہ وہ دل سے سوچی ہی بلند اخلاقی اصولوں کی خاتون تھیں جو صرف اپنے آس پاس کے لوگوں کے ساتھ نیکی کرنے ہی کے لئے زندہ تھیں جیسا کہ وہ خود کو ظاہر کرتی تھیں۔ یہ کسی کو نہیں معلوم تھا کہ ان کا مذہب کیا ہے — کیتھولک' پروٹسٹنٹ یا مشرقی کلیسائی۔ لیکن ایک بات میں کسی کو شک نہیں تھا کہ سارے کلیساؤں اور فرقوں کی اہم ترین شخصیتوں کے ساتھ ان کے دوستانہ تعلقات تھے

وارنکا بھی ان کے ساتھ مستقل پروینس ہی میں رہتی تھی اور جتنے لوگ مادام اشتال کو جانتے تھے وہ سب مادموزیل وارنکا کو بھی جانتے اور اس سے پیار کرتے تھے (جیسے کہ سب اسے پیار کرتے تھے)۔ ان سب تفصیلات کو جان کر پرنس کو کوئی بات ایسی نہیں لگی جس کی بنا پر ان کو وارنکا کے ساتھ اپنی بیٹی کے مراسم ہونے پر کوئی اعتراض ہو سکے' اس لئے اور بھی کہ وارنکا کے طور طریقے اور اس کی پرورش و پرداخت بہترین قسم کی تھی' فرانسیسی اور انگریزی وہ بہت اچھی بولتی تھی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس نے مادام اشتال کی طرف سے صدرت کا یہ پیغام بھی پہنچایا کہ وہ اپنی بیماری کی وجہ سے پرنس سے متعارف ہونے کی خوشی سے محروم رہیں۔

وارنکا سے متعارف ہونے کے بعد کیٹی اپنی دوست سے روز بروز زیادہ ہی مسحور ہوتی گئی' جہاں اسے

وارنکا میں بہت سی خوبیاں ملتی رہتی تھیں۔

پرنس نے جب یہ سنا کہ وارنکا بہت اچھا گاتی ہے تو اس سے کہا کہ وہ شام کو ان کے ہاں آ کر گائے۔

"کیٹی پیانو بجاتی ہے اور ہمارے ہاں فورتے پیانو بھی ہے' بہت اچھا تو نہیں ہے لیکن ہمیں آپ کا گانا سن کر بڑی خوشی ہو گی" پرنس نے اپنی بناوٹی مسکراہٹ کے ساتھ کہا اور اس وقت کیٹی کو خاص طور سے اچھی نہیں لگی اس لئے کہ اس نے دیکھا کہ وارنکا گانا نہیں چاہتی تھی۔ مگر وارنکا شام کو آئی اور اپنے ساتھ موسیقی کی ایک کتاب بھی لائی۔

پرنس نے اور باورچی کیتینا اور ان کی بیٹی کو اور کرنل کو بھی مدعو کر لیا تھا۔

وارنکا اس بات سے بالکل بے نیاز لگ رہی تھی کہ وہاں بالکل ہی انجانے لوگ موجود تھے۔ وہ فوراً ہی فورتے پیانو کے پاس پہنچ گئی۔ وہ خود سے پیانو کی سنگت پر تو نہ گا سکتی تھی لیکن درج شدہ موسیقی کو دیکھ دیکھ کر لوازمے اس کی بڑی پابندی کرتی تھی۔ کیٹی پیانو اچھا بجاتی تھی اور اس نے اس کی سنگت کی۔

وارنکا جب پہلا گانا بہت اچھی طرح گا چکی تو پرنس نے کہا "آپ میں غیر معمولی استعداد ہے۔"

باورچی کیتینا اور ان کی بیٹی نے بھی اس کا شکریہ ادا کیا اور بہت تعریف کی۔

"دیکھئے تو" کرنل نے کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے کہا "آپ کو سننے کے لئے کتنے لوگ جمع ہو گئے ہیں۔" واقعی کھڑکی کے نیچے خاصی بڑی بھیڑ لگ گئی تھی۔

"مجھے بڑی خوشی ہے کہ آپ کو پسند آیا" وارنکا نے سادگی سے جواب دیا۔

کیٹی بڑے فخر کے ساتھ اپنی دوست کو دیکھ رہی تھی۔ وہ دل ہی دل میں اس کے فن کی بھی داد دے رہی تھی' اس کی آواز کی بھی اور اس کی صورت کی بھی' لیکن سب سے زیادہ مداح وہ اس کے انداز کی تھی۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وارنکا اپنے گانے کے بارے میں کچھ بھی نہیں سوچ رہی تھی اور انہیں تعریف سے بالکل بے نیاز تھی۔ وہ تو گویا بس یہ پوچھ رہی تھی کہ "اور گانے کی ضرورت ہے یا کافی ہو گیا۔"

کیٹی نے دل ہی دل میں سوچا: "اگر ان کی جگہ میں ہوتی تو میں اس پر کتنا اترا رہی ہوتی' کھڑکی کے نیچے یہ بھیڑ دیکھ کر میں کتنی خوش ہوتی یا اور ان کے لئے کوئی فرق ہی نہیں پڑتا۔ یہ صرف اس طمانیت کے قوت کار ہی ہیں کہ باتوں کی بات نہ بنائیں اور ان کو خوش کر دیں۔ کون سی چیز ہے ان میں؟ کیا چیز ان کو یہ قوت دیتی ہے کہ وہ سب لوگوں سے بے نیاز ہو کر آزادانہ طور پر پرسکون رہیں؟ میرا کتنا جی چاہتا ہے کہ اس قوت کو معلوم کروں اور خود بھی ایسا ہی کرنا ان سے سیکھوں" کیٹی نے اس پرسکون چہرے کو تکتے ہوئے سوچا۔ پرنس نے وارنکا سے اور گانے کو کہا اور وارنکا نے ایک اور گانا اسی ہمواری اور عمدگی سے اتنی ہی اچھی طرح' فورتے پیانو کے پاس سیدھے کھڑے ہو کر اور اس پر اپنے پتلے سولہ سنگھار ہوئے ہاتھ سے تال دیتے ہوئے گایا۔

گیتوں کی موسیقی کی بیاض میں اگلا گیت اطالوی تھا۔ کیٹی نے اس کا پہلا ایئر بجایا' جو اسے بہت پسند آیا تھا اور اس نے وارنکا کی طرف دیکھا۔

"مجھے معاف کر دیجئے" وارنکا نے کہا اور اس کا چہرہ گلابی ہو گیا۔

کیٹی نے اپنی بڑی بڑی اور سوالیہ آنکھیں وارنکا کے چہرے سے ہٹائیں نہیں۔

"تو کوئی اور" اس نے جلدی سے ورق الٹتے ہوئے کہا اور فوراً سمجھ گئی کہ اس گانے سے کوئی خاص بات وابستہ تھی۔

مگر بیٹی نے انہیں کوئی جواب نہیں دیا۔ اس نے صرف دل میں یہ سوچا کہ جیسائی مذہب کے سلسلے میں ضرورت سے زیادہ کی بات کرنا ممکن ہی نہیں ہے۔ اس نظریے کی پابندی کرنے میں ضرورت سے زیادہ کیا ہو سکتا ہے جس میں یہ حکم دیا گیا ہو کہ اگر کوئی تمہارے ایک گال پر تھپڑ مارے تو تم دوسرا بھی اس کے سامنے کر دو اور کوئی کمبخت چھین لے تو اپنی قمیص بھی اسے دے دو؟ لیکن پرنس کو یہ سب سے گزرنا اچھا نہیں لگا اور یہ بات اور بھی اچھی نہیں لگی کہ "وہ محسوس کر رہی تھیں" کیٹی ان سے اپنے دل کی بات نہیں کہنا چاہتی۔ یہ حقیقت تھی کہ کیٹی اپنے نئے زاویہ نظر اور احساسات کو ماں سے چھپاتی تھی۔ وہ انہیں اس لئے نہیں چھپاتی تھی کہ اپنی ماں کا احترام یا ان سے محبت نہ کرتی تھی بلکہ صرف اس لئے کہ وہ ماں تھیں۔ ماں کی یہ فطرت کسی پر بھی وہ اپنے رازدانی کو قبول کرنا اختیار کر سکتی تھی۔

"پتہ نہیں کیوں آنٹی پاولووا بہت دنوں سے ہمارے ہاں نہیں آئیں" ایک بار پرنس نے چیتوف کی بیوی کے بارے میں کہا۔ میں نے انہیں بلایا تھا لیکن وہ کچھ ناراض سی ہیں۔"

"نہیں میں نے تو نہیں خیال کیا ماں" کیٹی نے ذرا شرمندہ سی ہو کر کہا۔

"تم بہت دنوں سے ان کے ہاں نہیں گئیں؟"

"کل ہم پہاڑوں پر سیر کرنے کی تیاری کر رہے ہیں" کیٹی نے جواب دیا۔

"تو ٹھیک ہے' جاؤ تم لوگ" پرنس نے بیٹی کے بوکھلائے ہوئے چہرے کو دیکھ کر اور یہ قیاس کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا کہ اس بوکھلاہٹ کا سبب کیا ہے۔

اسی دن دارنکا ان کے ہاں کھانے پر آئی اور اس نے اطلاع دی کہ کل پہاڑوں پر سیر کے لئے جانے کے سلسلے میں آنٹی پاولووا نے اپنی رائے بدل دی ہے۔ اور پرنس نے دیکھا کہ کیٹی کا چہرہ پھر گلابی ہو گیا۔ جب ماں بیٹی اکیلی رہ گئیں تو پرنس نے کہا "کیٹی' تمہارے اور چیتوف میاں بیوی کے درمیان کوئی ناخوشگوار بات تو نہیں ہو گئی؟ انہوں نے ہمارے ہاں بچوں کو بھیجنا اور طوطا کیوں بند کر دیا؟"

کیٹی نے جواب دیا کہ ان کے درمیان کوئی بھی بات نہیں ہوئی اور وہ ہرگز نہیں سمجھ پائی کہ آنٹی پاولووا اس سے کیوں ناراض ہیں۔ کیٹی نے بالکل سچ سچ جواب دیا تھا۔ وہ اس بات کا سبب جانتی تو نہیں تھی کہ اس کے ساتھ آنٹی پاولووا کا رویہ کیوں بدل گیا ہے لیکن وہ قیاس کر سکتی تھی۔ اس نے قیاس ایسی بات کا کیا تھا جسے وہ ماں سے نہ کہہ سکتی تھی' جسے وہ خود اپنے آپ سے بھی نہ کہہ سکتی تھی۔ یہ ان باتوں میں سے ایک تھی جنہیں آدمی جانتا ہے لیکن انہیں اپنے آپ سے بھی کہہ نہیں سکتا کہ اگر اس کا قیاس غلط ہوا تو یہ بڑی ہی خوفناک اور شرمناک بات ہو گی۔

وہ اس خاندان سے اپنے تعلقات کی یادوں کو بار بار اپنے ذہن میں تازہ کرتی اور ان کا جائزہ لیتی۔ وہ آنٹی پاولووا کے گول اور نیک چہرے پر اس بھولی خوشی کو یاد کرتی جو ان کی ملاقات ہونے پر ظاہر ہوتی تھی' ان کے ساتھ بیمار چیتوف کے بارے میں اپنی رازدارانہ بات چیت کو اور اس سازش کو یاد کرتی کہ چیتوف کی توجہ کام کی طرف سے ہٹائی ہے جو اس کے لئے مضر تھا اور انہیں ٹہلنے کے لئے لے جانا ہے۔ وہ بچوں کے فرنچ کے لگاؤ کو یاد کرتی جو اسے "میری کیٹی" کہتا تھا اور جب تک وہ نہ ہو تب تک سونے کے لئے لیٹنا ہی نہ چاہتا تھا۔ یہ سب کتنا اچھا تھا اس کے بعد اس نے بھورے کوٹ میں ملبوس چیتوف کے بالکل نحیف و نزار ذلیل ذلیل اور ان کی لمبی گردن کو' ان کے بہت ہی چھدرے سے گھنگھریالے بالوں کو' ان کی سوالیہ نیلی آنکھوں کو' جو شروع میں کیٹی کو بڑی بھیانک لگی تھیں' اور اس کی موجودگی میں ان کی اس مریضانہ کوشش کو یاد کیا کہ وہ ہمت والے اور جیالے لگیں۔ اسے اپنی شروع کے دنوں کی وہ کاوش بھی یاد آئی جو اس نے اپنی اس کراہت پر قابو پانے کے لئے کی تھی جسے وہ دق کے سارے مریضوں سے اور اسی طرح چیتوف سے بھی محسوس کرتی تھی اور یہ کہ ان سے کچھ بات کر سکنے کے لئے اسے کتنی کوشش کرنی پڑتی تھی۔ اسے وہ جھجکتی ہوئی اور دل میں گھر کر لینے والی نظر یاد آئی جس سے چیتوف اسے دیکھا کرتے تھے اور ایسے میں خود اس کو درد مندی اور اٹ پٹے پن کا اور بعد کو اپنی نیکی کا جو احساس ہوا تھا اس کا خیال آیا۔ یہ سب کچھ کتنا اچھا تھا لیکن یہ سب تو شروع میں تھا۔ اب تو چند دن پہلے اچانک سب گڑبڑ ہو گیا۔ آنٹی پاولووا بڑے بناوٹی انداز میں کیٹی سے ملتی تھیں اور ان کی آنکھیں برابر اس پر اور اپنے شوہر پر لگی رہتی تھیں۔

کیا واقعی اس کے قریب آنے سے چیتوف کی پرکشش خوفناکی ہی آنٹی پاولووا کی سرد مہری کا سبب تھی؟

"ہاں" اسے یاد آیا "اس وقت آنٹی پاولووا میں کوئی بات تھی جو ان کی نیکی سے بالکل ملتی جلتی نہ تھی جب انہوں نے پرسوں غصے میں کہا تھا "دیکھ لیجئے' سارے وقت آپ کا انتظار کرتے رہے' آپ کے بغیر کافی نہیں پینا چاہتے تھے کہ اس قدر کمزور ہو گئے ہیں۔"

"اور ہو سکتا ہے انہیں یہ بھی ناگوار گزرا ہو کہ میں نے ان کو شال نہ کر دی۔ بات تو سادہ سی تھی لیکن انہوں نے اسے اٹ پٹے پن سے شال بی اور اتنی دیر تک شکریہ ادا کرتے رہے کہ خود میں اٹ پٹا پن محسوس کرنے لگی۔ اور پھر میری وہ تصویر جو انہوں نے اتنی اچھی بنائی ہے۔ اور سب سے بڑھ کر تو وہ نظر جس سے وہ دیکھتے ہیں — یہ بوکھلائے ہوئے شبیہات اور میں ہاں 'ضرور کہی ہے" کیٹی نے ایک خوف کے ساتھ اپنے دل میں پھر سے کہا۔ "نہیں' یہ نہیں ہو سکتا' ہرگز نہیں ہونا چاہئے ان کی حالت تو ایسی افسوسناک ہے!" اس نے اپنے آپ سے اس کے بعد کہا۔

اس فلک نے اس کی نئی زندگی کی پوری کلی کو زہر آلود کر دیا۔

3

پرنس شیربا تسکی پیشوں کے پانی کے علاج کا سلسلہ پورا ہونے سے پہلے ہی اپنی بیوی اور بیٹی کے پاس واپس آ گئے۔ وہ کار لسبادن کے بعد بادین اور کیسنجن چلے گئے تھے اور اپنے روسی ملاقاتیوں سے ملے' جیسا کہ انہوں نے کہا تھا' اپنی روسی روح کو تازہ دم کرنے کے لئے۔

یورپ میں زندگی کے بارے میں پرنس اور پرنس کے زاویہ نظر بالکل متضاد تھے۔ پرنس کو ہر چیز خوبصورت لگتی تھی اور روسی معاشرے میں اپنی فعلی طور پر اعلیٰ حیثیت کے باوجود وہ پوری کوشش کرتی تھیں کہ یورپ میں یورپی خاتون کی طرح لگیں جو کہ وہ نہیں تھیں۔ اس لئے کہ وہ تو روسی جاگیردار تھیں — اور چونکہ وہ بہت ہی تھی رہتی تھیں اس لئے ایک حد تک اٹ پٹا پن محسوس کرتی تھیں۔ اس کے برعکس پرنس کو یورپ کی ہر چیز بری لگتی تھی' یورپی زندگی ان کو گراں گزرتی تھی' وہ اپنی روسی عادتوں کو برقرار رکھتے تھے اور جان بوجھ کر یورپ میں خود کو اس سے کہیں زیادہ روسی ظاہر کرتے تھے جتنے وہ دراصل تھے۔

پرنس واپس آئے تو دبلے ہو گئے تھے اور ان کے گالوں پر کمال تھیلیوں کی طرح لٹک آئی تھی لیکن دل

"ہاں صاحب فراش تو وہ میرے دیکھتے دیکھتے ہوئی ہیں" پرنس نے کہا۔

"کہتے ہیں کہ وہ دس سال سے اٹھیں ہی نہیں۔"

"مجھے تو اس لئے نہیں کہ ان کی ٹانگیں بہت چھوٹی ہیں۔ ان کا ذیل ڈول بہت ہی برا ہے۔"

"پاپا یہ نہیں ہو سکتا" کیٹی بول اٹھی۔

"بری زبانیں تو یہی کہتی ہیں میری لاڈلی۔ اور تمہاری وارینگا کو یہ سب برداشت کرنا پڑتا ہے" انہوں نے اضافہ کیا۔ "اف یہ بیمار جاگیردار میں!"

"نہیں نہیں پاپا!" کیٹی نے پرزور احتجاج کیا۔ "وارینگا تو ان کی پرستش کرتی ہے۔ اور پھر وہ تو اتنی شیریں کرتی ہیں، جس سے چاہے پوچھ لو ان کو اور ایسے اشتمال کو بھی جانتے ہیں۔"

"ہو سکتا ہے" انہوں نے کہنی سے اس کا ہاتھ دباتے ہوئے کہا۔ "لیکن یہ بہتر ہے کہ لوگ جب کچھ کہیں تو چاہے کسی سے بھی پوچھا جائے کوئی بھی نہ جانتا ہو۔"

کیٹی چپ ہو گئی، اس لئے نہیں کہ اسے کچھ کہنا تھا بلکہ اس لئے کہ وہ اپنے باپ سے بھی اپنے رازدارانہ خیالات کا اظہار نہ کرنا چاہتی تھی۔ لیکن عجیب بات یہ تھی کہ اس کے باوجود کہ اس نے باپ کے زاویہ نظر سے متاثر نہ ہونے کے لئے اتنی تیاری کر لی تھی اور انہیں اپنے مقدس معبد میں داخل انداز نہ ہونے دینا چاہتی تھی، وہ محسوس کر رہی تھی کہ اشتمال صاحب کی وہ الوہی فضیلت جو وہ برسوں سے اپنے دل میں لئے رہی تھی، ہمیشہ کے لئے غائب ہو گئی ہے جیسے ایک طرف پھینکے ہوئے کپڑوں میں سے بننے والی شکل غائب ہو جاتی ہے جب یہ سمجھ میں آ جاتا ہے کہ یہ کپڑے کس طرح پڑے ہوئے ہیں۔ بس ایک بھوتنی ٹانگوں والی عورت رہ گئی ہو اس لئے بستر سے لگ گئی کہ اس کا ذیل ڈول بہت برا ہے اور وہ بے زبان وارینگا کو ان سے دیتی ہے اس لئے کہ وہ اس کی شال کو ٹھیک سے نہیں لپیٹ پائی۔ اور تصور کی کسی بھی کوشش سے پہلے والی مادام اشتمال کو واپس لانا ممکن نہیں تھا۔

35

پرنس نے اپنی خوشدلی اپنے گھر کے لوگوں میں، اپنے ملاقاتیوں میں، یہاں تک کہ اس بڑے مکان میں بھی منتقل کر دی تھی جس کے ہال شیرا نیکی خاندان مقیم تھا۔

کیٹی کے ساتھ وہ پیشوں پر سے واپس آئے تو پرنس نے چوکہ کرنل، ماریا یوگینیا اور وارینگا کو کافی پینے کے لئے مدعو کیا تھا، حکم دیا کہ میز اور کرسیاں باغیچے میں ملاگر فندق کے پیڑ کے نیچے لگائی جائیں اور لنچ کے لئے دسترخوان وہیں بچھا دیا جائے۔ ان کی خوشدلی کے زیر اثر مکان مالک اور خادم دوڑ دوڑ کر کام کرنے لگے۔ پرنس کی نیاسی سے واقف تھے اور آدھ گھنٹے میں باسبورگ کا بیمار دا اکزیر ہوا اور پیتا تھا، کنزکی میں سے رشک کے ساتھ صحت مند لوگوں کی اس پرمسرت روی محفل کو دیکھنے لگا۔ فندق کے پیڑ کے نیچے بیچ تھی۔ پتیوں کے تھرتھراتے ہوئے سایہ دار حلقے میں سفید میز پوش سے ڈھکی میز کے پاس جس پر کافی پاٹ، ڈبل روٹی، مکھن، پنیر اور ٹھنڈا شکاری گوشت رکھا تھا، پرنس اونچی سی ٹوپی لگائے بیٹھی تھیں جس پر کاسنی فیتے لگے تھے اور لوگوں کو کافی کی پیالیاں اور سینڈوچ دے رہی تھیں۔ سدھرے سدھرے پرنس بیٹھے تھے، خوب کھا رہے تھے اور خوش خوش زور زور سے باتیں کر رہے تھے۔ انہوں نے اپنے پاس اپنی ساری خرید پھیلا رکھی تھی۔ نقشین صندوقچہ، مکمل

کی چھوٹی چھوٹی چیزیں، ہر قسم کے کاغذ تراش جو انہوں نے سارے پیشوں پر بہت سارے خرید لئے تھے اور جو ہر ایک کو تحفے کے طور پر دے رہے تھے۔ جن میں خادمہ لیسلی بھی تھی اور مالک مکان بھی جس سے وہ اپنی مزاحیہ خراب آمیز من زبان میں مذاق کر رہے تھے اور اسے یقین دلا رہے تھے کہ کیٹی کی صحت پیشوں کے پانی سے نہیں بلکہ ان کے بہت عمدہ کھانے سے ٹھیک ہوئی ہے، خاص طور سے شوربے سے جو وہ آلو چھیل کر بناتے ہیں۔ پرنس اپنے شوہر کی دوسری حماقتوں پر ہنس رہی تھیں لیکن اتنی خوش اور بشاش تھیں جتنی چشموں پر قیام کے سارے زمانے میں کبھی نہ رہی تھیں۔ کرنل بیشہ کی طرح پرنس کے مذاق پر ہنس رہے تھے لیکن یورپ کے سلسلے میں، جس کا وہ اپنے خیال میں بہت غور سے مطالعہ کر رہے تھے، وہ پرنس کے طرفدار تھے۔ ٹیک دل ماریا یوگینیا نے اس مضحکہ خیز بات پر ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو جاتی تھیں، جو پرنس کہتے تھے اور وارینگا بھی پرنس کے مذاقوں پر کمزور، لیکن دوستوں کو متاثر کرنے والی ہنسی سے بے بس ہو جاتی تھی۔ کیٹی نے اسے اس طرح کبھی نہ دیکھا تھا۔

ان سب چیزوں سے کیٹی بھی خوش ہو گئی لیکن وہ بے فکر ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ وہ ان مسئلوں کو حل نہیں کر پا رہی تھی جو اس کے باپ نے اس کے لئے غیر ارادی طور پر اس کے دوستوں اور اس زندگی پر اپنے زاویہ نظر کا اظہار کر کے پیدا کر دیے جس سے اسے اس قدر لگاؤ ہو گیا تھا۔ ان مسئلوں میں اس تبدیلی نے اور اضافہ کر دیا تھا جو یورپ میں اور اس کے تعلقات میں پیدا اور آج اسے عربی اور ناخوشگوار طریقے سے ظاہر ہو گئی تھی۔ سب لوگ خوش تھے لیکن کیٹی خوش نہ ہو سکتی تھی اور اس کی وجہ سے اسے اور بھی کوفت ہو رہی تھی۔ اسے کچھ اس قسم کا احساس ہو رہا تھا جس کا تجربہ بچپن میں ہوتا تھا جب اسے سزا دے کر اس کے کمرے میں بند کر دیا جاتا تھا اور وہاں سے وہ اپنی ہنستی کھیلتی بہنوں کے قہقہے سنا کرتی تھی۔

"اچھا تم نے یہ اتنی ڈھیر ساری چیزیں کس لئے خرید لیں؟" پرنس نے مسکراتے ہوئے اور شوہر کو کافی کی پیالی دیتے ہوئے کہا۔

"ارے صاحب نکلے، کسی اشتمال کے پاس پہنچ گئے" وہاں لوگ خریدنے کو کہنے لگے "ایر لاؤشت" یکمنسیلنس "دور خلاؤشت" (44) تو اب جب انہوں نے "دور خلاؤشت" کہہ دیا تو بس پھر مجھ سے نہیں رہا جاتا اور دس بالکل ختم ہو جاتے ہیں۔"

"یہ محض اتفاقیہ کو دور کرنے کے لئے" پرنس نے کہا۔

"ظاہر ہے اتفاقیہ دور کرنے کے لئے اور اتفاقیہ ایسی ہوتی ہے کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ آدمی کہاں جائے کیا کرے۔"

"بھلا آدمی اتفاقیہ کیسے سکتا ہے پرنس؟ اب تو جرمنی میں اتنی دلچسپ چیزیں ہیں" ماریا یوگینیا بولیں

"ہاں ہاں میں ساری دلچسپ چیزوں کو جانتا ہوں — آلو سے پڑا ہوا شوربہ اور مزدوانی سلامی — سب جانتا ہوں۔"

"نہیں آپ جو جا ہیں کہیں پرنس، ان کے ادارے بھی دلچسپ ہیں" کرنل نے کہا۔

"اس میں کیا دلچسپ ہے؟ وہ لوگ تو سب بڑے خوش ہیں" آئینے کی دھڑی کی طرح کہ سب پر فتح پائی۔ لیکن میں آخر کس بات پر خوش ہوں؟ میں نے تو کبھی فتح پائی نہیں، مجھے تو اپنے ہوتے خودی اتارنے پڑتے ہیں اور خودی انہیں دروازے کے باہر رکھنا پڑتا ہے۔ صبح کو اٹھو، فوراً کپڑے پہنو اور جاؤ سیلون میں خراب چائے

طرف لیکی تھیں جو روش پر اگایا جا رہا تھا۔

"ان کی صورت کس قدر قابل رحم اور کس قدر نیک اور بھلی ہے!" پرنس نے کہا۔ "تم ان کے پاس کیوں نہیں گئیں؟ وہ تو تم سے کچھ کہنا چاہتے تھے؟"

"تو چلئے، چلتے ہیں" کیٹی نے فیصلہ کن انداز میں مڑتے ہوئے کہا۔ اس نے بلدوف کے پاس پہنچ کر ان سے پوچھا "آج آپ کی طبیعت کیسی ہے؟"

بلدوف اپنی چھڑی کا سہارا لے کر کھڑے ہو گئے اور جھکتے ہوئے انہوں نے پرنس کو دیکھا۔

"یہ میری بیٹی ہے" پرنس نے کہا۔ "مجھے متعارف ہونے کی اجازت دیجئے۔"

صورے نے تعظیم کی اور مسکرائے جس سے ان کے پوپلے ہوتے ہوئے سفید دانت نمایاں ہو گئے۔

"پرنس، کل ہم آپ کا انتظار کرتے رہے" صورے نے کیٹی سے کہا۔

یہ کہتے وقت ان کے قدم ڈگمگا گئے اور انہوں نے پھر سے اسی طرح ڈگمگا کر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ انہوں نے جان بوجھ کر ایسا کیا تھا۔

"میں تو آنا چاہتی تھی لیکن واربنکا نے کہا کہ آنا پاولونا نے یہ کہلا بھیجا ہے کہ آپ نہیں چلیں گے۔"

"کیسے نہیں چلیں گے!" بلدوف نے سرخ ہوتے ہوئے اور اس کے ساتھ ہی کھانستے ہوئے کہا۔ وہ آنکھوں سے اپنی بیوی کو تلاش کرنے لگے۔ "انجا! انجا!" انہوں نے پکار کر کہا اور ان کی پتلی سی سفید گردن پر رگیں بھی سوئی سوئی رگیں ابھر آئیں۔

آنا پاولونا آ گئیں۔

"تم نے پرنس کو کیسے یہ کہلا بھیجا کہ ہم نہیں چلیں گے!" بھیگی ہوئی آواز میں بلدوف نے جھنجلاہٹ کے ساتھ سرگوشی میں اپنی بیوی سے کہا۔

"سلام، پرنس" آنا پاولونا نے بناوٹی مسکراہٹ کے ساتھ کہا جو ان کے سابق برتاؤ سے بالکل ہی مختلف تھی "یہ بیوقوفی ہوئی ہے آپ سے مل کر" وہ پرنس سے مخاطب ہو گئیں "آپ کا بہت دنوں سے انتظار تھا، پرنس۔"

"کیسے تم نے پرنس سے یہ کہلا بھیجا کہ ہم نہیں چلیں گے؟" صورے نے پھٹی ہوئی آواز میں اور زیادہ غصے کے ساتھ پھر سرگوشی میں کہا۔ صاف ظاہر تھا کہ وہ اس بات پر اور زیادہ جھنجلا رہے تھے کہ ان کی آواز دبنے لگی اور وہ اپنی بات کو اس لہجے میں ادا کر سکتے تھے جس میں چاہتے تھے۔

"اف، میرے خدا! میں نے سوچا کہ ہم نہیں جائیں گے" بیوی نے چڑ کے جواب دیا۔

"کیسے کمبخت" صورے نے کھانستے ہوئے ہاتھ ہلایا۔

پرنس نے سلام کے لئے اپنی بیسٹ سر سے اٹھائی اور بیٹی کے ساتھ وہاں سے چلے گئے۔

"اف!" انہوں نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا "کیسے بدنصیب لوگ ہیں!"

"ہاں پاپا" کیٹی نے جواب دیا "لیکن پتہ ہے آپ کو ان لوگوں کے تین تو بچے ہیں اور کوئی خدمتگار نہیں ہے اور تقریباً کوئی آمدنی نہیں ہے۔ انیس، کچھ ایکڑی (43) سے مل جاتا ہے" کیٹی نے بڑے جوش سے بیان کیا وہ اس پریشانی کو دبانے کی کوشش کر رہی تھی جو اس کے ساتھ آنا پاولونا کے برتاؤ میں عجیب تبدیلی ہو جانے سے اس کے دل میں پیدا ہو گئی تھی۔

"مگر یہ رہیں مادام اشتال" کیٹی نے چھوٹی سی گاڑی کی طرف اشارہ کیا جس میں تکیوں میں چھپی ہوئی نیلی اور سرخی سی چیز میں لپٹی چھتری کے سامنے میں کوئی چیز لیٹی تھی۔

یہ مادام اشتال تھیں۔ ان کے پیچھے اداس اداس سا صحت مند جرمن خادم کھڑا تھا جو ان کی گاڑی کو تھامے تھا۔ پاس ہی بچے سنہرے بالوں والا ایک سوئیڈش گاؤنٹ کھڑا تھا جس کا نام کیٹی کو معلوم تھا۔ کئی بیمار لوگ گاڑی کے آس پاس جمع ہو رہے تھے اور ان خاتون کو کسی عجیب و غریب چیز کی طرح دیکھ رہے تھے۔

پرنس ان کے پاس گئے۔ اور فوراً ہی کیٹی نے ان کی آنکھوں میں مذاق اڑانے والی پریشان کن چمک دیکھی۔ مادام اشتال کے پاس پہنچ کر وہ اتنی عمدہ فرانسیسی زبان میں جس میں اب بہت کم لوگ بولتے تھے، غیر معمولی اخلاق اور شفقت کے ساتھ کہنے لگے۔

"مجھے یہ نہیں کہنا چاہئے کہ میں آپ کو جانتا ہوں یا نہیں، لیکن میرا فرض ہے کہ میں اپنے بارے میں یاد دلاؤں تاکہ اس نیکی کے لئے آپ کا شکریہ ادا کر سکوں جو آپ نے میری بیٹی کے ساتھ برتی ہے" پرنس نے اپنی ہیٹ اتار کر اور کیٹی سے پہلے ہی ان سے کہا۔

"پرنس الکسانڈر شیرباتسکی" مادام اشتال نے ان کی طرف اپنی آسمانی آنکھیں اٹھائیں جن میں کیٹی نے ہلکا سا انکسار دیکھا۔ "بڑی خوشی ہوئی۔ مجھے تو آپ کی بیٹی سے بڑی محبت ہو گئی ہے۔"

"آپ کی صحت اب بھی خراب ہے؟"

"ہاں اب تو میں اس کی عادی ہو گئی ہوں" مادام اشتال نے کہا اور پرنس سے سوئیڈش گاؤنٹ کا تعارف کرایا۔

"لیکن آپ میں بہت کم تبدیلی ہوئی ہے" پرنس نے مادام اشتال سے کہا۔ "مجھے تو دس یا گیارہ سال سے آپ سے ملاقات کا شرف نہیں حاصل تھا۔"

"ہاں، خدا صلیب دیتا ہے اور اسے لے چلنے کی طاقت بھی۔ اکثر تعجب ہوتا ہے کہ کس لئے یہ زندگی کھینچی چلی جا رہی ہے۔ دوسری طرف سے!" انہوں نے جھنجلا کر واربنکا سے کہا جو ان کے پاؤں پر شال ٹھیک سے نہیں لپیٹ رہی تھی۔

"خاتمہ نیکی کرنے کے لئے" پرنس نے آنکھوں ہی آنکھوں میں ہنستے ہوئے کہا۔

"اس کا فیصلہ ہم نہیں کر سکتے" اشتال صاحبہ نے پرنس کے چہرے کے تاثر کے معنی سمجھ کر کہا۔ "تو گاؤنٹ آپ صبحانی کر کے یہ کتاب مجھے بھجوا دیجئے گا نہ؟ آپ کا بہت بہت شکریہ" وہ سوئیڈش گاؤنٹ سے مخاطب ہو گئیں۔

"آہ" پرنس نے اسکوڈ والے کرنل کو دیکھ کر کہا جو پاس ہی کھڑے تھے اور مادام اشتال کو تعظیم کر کے وہ بیٹی اور کرنل کے ساتھ، جو انہیں لوگوں کے ساتھ آئے تھے، وہاں سے چلے گئے۔

"یہ ہے ہمارا طبقہ امراء" پرنس نے اسکوڈ کے کرنل نے مذاق اڑانے کا انداز ظاہر کرنے کی خواہش میں کہا۔ وہ اشتال صاحبہ سے روٹھے ہوئے تھے اس لئے کہ انہوں نے کرنل سے تعارف نہیں حاصل کیا تھا

"وہ کیسی ہیں جیسے پہلے تھیں" پرنس نے جواب دیا۔

"اور پرنس، کیا آپ انہیں بیماری سے پہلے یعنی جب سے وہ صاحب فراش ہوئی ہیں اس سے پہلے بھی جانتے تھے؟"

حالت کے اعتبار سے وہ انتہائی خوش و فارم تھے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ کیٹی بالکل صحت یاب ہو چکی ہے تو ان کی خوشی کی حالت اور بھی بہتر ہو گئی۔ اشتال صاحب اور وارنگا کے ساتھ کیٹی کی دوستی کی خبر اور کیٹی میں کسی طرح کی تبدیلی رونما ہونے کے سلسلے میں پرنس کے مشاہدے کی اطلاع سے پرنس کو ذرا پریشانی ہوئی اور ان میں حسب معمول اس سب سے رشک و رقابت کا وہ احساس پیدا ہوا جو ان کی بیٹی کو ان سے دور لے جا سکتا تھا اور انہیں یہ ڈر لگا کہ کہیں ان کی بیٹی ان کے اثر سے نکل کر کسی ایسے دائرے میں نہ پہنچ جائے جو ان کی دسترس سے باہر ہو۔ لیکن یہ ہائے گلوار خیریں جلد ہی نکلی اور خوشی کے اس سمندر میں ڈوب گئیں جو ان میں بہت ہی موجزن رہتا تھا اور کار لسباڈ کے چشموں کے پانی سے خاص طور سے قوی تر ہو گیا تھا۔

اپنی آمد کے دوسرے دن پرنس اپنا لمبا اور کوٹ پہن کر اپنی روسی بھیڑوں اور سوئے ہوئے سے گالوں سمیت نہایت دلکار پر رکے ہوئے تھے انتہائی خوشی کی حالت میں اپنی بیٹی کے ساتھ چشموں پر گئے۔

بڑی خوبصورت صبح تھی' صاف ستھرے گھر اور ان کے پھولے پھولے باغ' سرخ چھتوں اور سرخ باروؤں والی سفید اور خوشی سے کام کرنے والی جرمن خادماؤں کے نظارے اور روشن دھوپ سے دل کو خوشی ہو رہی تھی۔ لیکن جیسے جیسے وہ لوگ چشموں کے قریب پہنچتے گئے ویسے ویسے ان کی ملاقات زیادہ مریضوں سے ہونے لگی اور بتدریج منظم جرمن زندگی کے درمیان انہیں دیکھ کر اور زیادہ رنج ہوتا تھا۔ کیٹی کو اب اس تضاد پر کوئی حیرت نہ ہوتی تھی۔ روشن دھوپ' ہریالی کی پر مسرت دمک اور موسیقی کی آواز اس کے لئے ان سارے جانے پہچانے چہروں کے گرد اور ان کی حالت کی بہتری یا ابتری کے گرد جس پر وہ نظر رکھتی تھی' ایک قدرتی فریم تھا۔ لیکن ہوں کی صبح کی روشنی اور دمک' آرکسٹرا کی آوازیں جو ان دنوں کے مقبول عام والٹز کی دھن بجا رہا تھا اور خاص طور سے صحت مند خادماؤں کی صورت شکل سارے پورپ سے جمع ہونے والے' کھلے کھلے انداز میں حرکت کرنے والے قریب المرگ لوگوں کے ساتھ مل کر پرنس کو کچھ سہما ہوا اور بد شکل کر دیتے تھے۔

جب وہ اپنی بیٹی کو بازو کا سہارا دے کر چلتے تھے تو انہیں فخر اور گہرائی کے واپس آ جانے کا بار احساس ہوتا تھا اس کے باوجود اس وقت وہ اپنی پر قوت چال اور اپنے مضبوط' موٹے تازہ اعضا کی وجہ سے بھی کچھ اٹ پٹا پن محسوس کر رہے تھے اور ان کا ضمیر ملامت کر رہا تھا۔ انہیں تقریباً ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے اس شخص کو ہو سکتا ہے جو معاشرے میں ننگا ہو۔

"ملاؤ' مجھے اپنے نئے دوستوں سے ملاؤ" انہوں نے بیٹی سے کہا اور اپنی کہنی سے اس کا ہاتھ دبایا۔ "مجھے تو یہ تمہارا بدبخت سودین بھی اچھا لگنے لگا اس لئے کہ اس نے تم کو صحت یاب کر دیا۔ بس یہ کہ بڑی اداسی ہے' یہ فخر ماحول ہے۔ یہ کون ہیں؟"

کیٹی ان جان پہچان کے اور انجان لوگوں کے نام انہیں بتاتی چل رہی تھی جن سے ان کا سابقہ ہوتا تھا۔ باغ کے صدر دروازے کے بالکل پاس ہی ان کی ملاقات مادام ہیرتے سے ہو گئی جو اپنے راہبر کے ساتھ تھیں اور جب انہوں نے کیٹی کی آواز سنی تو بڑھی فرانسیسی خاتون کے چہرے سے خوشی ظاہر ہوئی اور اس سے پرنس کو بڑی مسرت ہوئی۔ انہوں نے فوراً ہی عنایت و مہربانی کی فرانسیسی فراوانی کے ساتھ پرنس سے بات کی اور ان کی تعریف کی کہ ان کی اتنی خوبصورت اور اچھی بیٹی ہے اور کیٹی کی موجودگی ہی میں اس کو آسمان پر بٹھایا اور اسے فرشتہ کہا جو اب موٹی اور فرشتہ رحمت کہا۔

پرنس نے مسکراتے ہوئے کہا "تو یہ دوسرا فرشتہ ہو گی۔ یہ تو فرشتہ رحمت نمبر ایک مسز وارنگا کو کہتی ہے۔"

"مسز وارنگا۔۔۔ وہ تو بیچاری فرشتہ ہیں" آگے (42) مادام ہیرتے نے تائید کی۔

برآمدے میں ان کی ملاقات خود وارنگا سے ہو گئی۔ وہ تیزی سے بڑھ کر ان کی طرف چلی آ رہی تھی۔ اس کے ہاتھ میں بڑا طوطی رنگ سرخ تھا۔

کیٹی نے اس سے کہا "تو ور دیکھئے مادام یہ آ گئے۔"

وارنگا نے سادگی کے ساتھ لیکن قدرتی انداز میں' جیسے وہ ہر کام کرتی تھی' تعظیم کی جو سر جھکا کر اور گھٹنوں سے جھک کر تعظیم کرنے کے بیچ کی چیز تھی' اور فوراً پرنس سے بغیر شرمائے ہوئے بڑی سادگی سے بات کرنی شروع کر دی جیسے وہ سب کے ساتھ کرتی تھی۔

"ظاہر ہے کہ میں آپ کو جانتا ہوں' بہت اچھی طرح جانتا ہوں" پرنس نے مسکراتے ہوئے اس سے کہا۔ ان کی مسکراہٹ سے کیٹی یہ سمجھ کر خوش ہو گئی کہ اس کی دوست اس کے باپ کو اچھی لگی۔ "کہاں ہیں وہ اور آپ اتنی جلدی میں؟"

"وہاں وہاں ہیں" اس نے کیٹی سے مخاطب ہو کر کہا۔ "ساری رات وہ سوئیں نہیں اور ڈاکٹر نے انہیں باہر نکلنے کا مشورہ دیا ہے۔ میں ان کے لئے ان کے کام لے جا رہی ہوں۔"

جب وارنگا چل گئی تو پرنس نے کہا "تو یہ ہے فرشتہ نمبر ایک۔"

کیٹی نے دیکھا کہ وہ وارنگا کا مذاق اڑانا چاہتے تھے لیکن کسی طرح یہ نہ کر سکے اس لئے کہ وارنگا انہیں اچھی لگی تھی۔

پرنس نے اضافہ کیا "اچھا تو تمہارے سارے دوستوں سے ملیں گے' مادام اشتال سے بھی' اگر وہ مجھے بہلانے کا کام کریں تو۔"

"اور پاپا کیا آپ چچ نہیں جائیں گے؟" کیٹی نے زور کر پوچھا اس لئے کہ اس نے مادام اشتال کا ذکر کرتے وقت پرنس کی آنکھوں میں مذاق اڑانے والی چمک پیدا ہوتے دیکھ لی تھی۔

"ان کے شوہر کو جانا تھا اور تھوڑا سا انہیں بھی' وہ ستاروں میں ان کے شامل ہونے سے پہلے۔"

"وہ ستاروں کون ہوتے ہیں پاپا؟" کیٹی نے پوچھا۔ اسے اس بات سے ڈر لگنے لگا کہ مادام اشتال میں جس چیز کی وہ اتنی قدر کرتی تھی اس کا کوئی نام بھی تھا۔

"اچھی طرح تو میں خود بھی نہیں جانتا۔ بس یہ جانتا ہوں کہ وہ ہر چیز کے لئے خدا کا شکر ادا کرتی ہیں' ہر کام کے لئے اس کے لئے بھی وہ خدا کا شکر ادا کرتی ہیں کہ ان کے شوہر مر گئے۔ اور یہ مضحکہ خیز لگنے لگتا ہے اور اس لئے کہ ان کے تعلقات اچھے نہیں تھے۔"

"یہ کون ہیں؟ کس قدر قابل رحم چہرہ ہے!" پرنس نے بنچ پر بیٹھے ہوئے درمیانہ قد کے ایک مریض کو دیکھ کر پوچھا۔ وہ بھورا اور کوٹ اور سفید پتلون پہنے تھا جو اس کی بالکل بڑی ٹانگوں پر عجیب طرح سے ڈھیری تھی۔

ان صاحب نے اپنے گھنگریالے چھدرے بالوں پر سے اپنی اسٹرابیٹ اٹھائی جس کی وجہ سے ان کی اونچی چوڑی پیشانی نظر آ گئی جس پر پسینے سے مرطوب سرخ نشان پڑا ہوا تھا۔

"یہ پتروف ہیں' مصور" کیٹی نے گھبرائی ہوتے ہوئے جواب دیا۔ "اور یہ ان کی بیوی ہیں" اس نے آنا بادلووا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا جو اسی وقت جب یہ لوگ قریب پہنچے تھے تو جیسے جان بوجھ کر ایک بچے کی

پیتے۔ اپنے گھر میں اور ہی بات ہے! اطمینان سے جاؤ' کسی بات پر غصہ کرو' تھوڑا مست ہو جاؤ' اچھی طرح سے آنکھ کھل جائے' طبیعت سنبھل جائے تو اطمینان سے' البتہ کسی جلدی کے ساری چیزوں کے بارے میں سوچ سمجھ۔"

"لیکن دقت ——— تو دلچسپ ہے' نہ ہونے سے" کرشن نے کہا۔

"کون سا وقت اور دقت ہوتا ہے کہ آدمہ رودل میں آدمی پورا اطمینان بخشا دے' اور وہ وقت اور ہوتا ہے کہ آدھ گھنٹے کو بھی کسی قیمت پر نہیں خریدا جا سکتا۔ ٹھیک ہے نہ۔ کیٹی؟ تم کیوں آخر اتنی اداس ہوئی لگ رہی ہو؟"

"میں تو ٹھیک ہوں بالکل۔"

"اور آپ کہاں چلیں آرادو تو اور چلیئے" انہوں نے وارینکا سے مخاطب ہو کر کہا۔

"مجھے گھر جانا ہے" وارینکا نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا اور پھر ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو گئی۔

اپنے آپ کو سنبھال کر وہ سب سے رخصت ہوئی اور اپنی ہیٹ لینے کے لئے اندر چلی گئی۔ کیٹی اس کے پیچھے پیچھے گئی۔ اسے اب وارینکا بھی دوسری لگ رہی تھی۔ ایسا نہیں تھا کہ وہ پہلے سے بری ہو گئی تھی لیکن وہ اس سے مختلف ہو گئی تھی جیسی اس نے پہلے تصور کیا تھا۔

"اف' مدتوں سے میں اس طرح نہیں ہنسی تھی" وارینکا نے چھتری اور بیگ اٹھاتے ہوئے کہا۔ "کیسے پیارے ہیں آپ کے پاپا!"

کیٹی چپ رہی۔

"تو اب کب ملیں گے ہم لوگ؟" وارینکا نے پوچھا۔

"ہاں' آرادو کے لئے پتزف سیاں ہوی کے پاس جانا چاہتی تھیں۔ آپ وہاں نہیں جائیں گی؟" کیٹی نے وارینکا سے اسے آنانے کے لئے کہا۔

"جاؤں گی میں" وارینکا نے جواب دیا۔ "وہ لوگ جانے کی تیاریاں کر رہے ہیں تو میں نے سامان باندھنے میں مدد کرنے کا وعدہ کیا تھا۔"

"تو پھر میں بھی آؤں گی۔"

"نہیں" آپ کو کیا ضرورت ہے؟"

"کس لئے' کس لئے؟" کیٹی نے آنکھیں پھاڑ کر کہا اور وارینکا کو نہ جانے دینے کے لئے اس نے وارینکا کی چھتری پکڑلی۔ "نہیں' ٹھہریئے تو' کس لئے؟"

"بس یوں ہی' آپ کے پاپا آ گئے ہیں اور پھر آپ سے وہ لوگ ذرا کھنچے ہیں۔"

"نہیں' آپ مجھے بتایئے' کس لئے آپ نہیں چاہتیں کہ میں پتزف کے ہاں اکثر جاؤں؟ آخر آپ نہیں چاہتیں نہ؟ کس لئے؟"

"میں نے یہ تو نہیں کہا" وارینکا سکون کے ساتھ بولی۔

"نہیں' آپ صداقت کے ساتھ بتایئے!"

"سب بتا دوں؟" وارینکا نے پوچھا۔

"سب' سب!" کیٹی نے تائید کی۔

"ارے خاص بات تو کوئی نہیں بس صرف یہ کہ نکائیل الکسیئے وچ" (یہ صورکلام تھا) "پہلے تو یہاں سے جلدی چلے جانا چاہتے تھے لیکن اب نہیں جانا چاہتے" وارینکا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"تو اب پھر؟" کیٹی نے ساری بات سننے کی جلدی میں وارینکا کو اداس نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"تو پھر یہ نہیں کیوں' آنا پاولونا نے کہا کہ وہ اس لئے نہیں جانا چاہتے کہ آپ یہاں ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ مذاق بات تھی لیکن اسی کی وجہ سے' آپ کی وجہ سے' جھگڑا ہو گیا۔ اور آپ تو جانتی ہیں کہ یہ بیمار لوگ کتنے چڑچڑے ہوتے ہیں۔"

کیٹی کی بھویں سکڑتی ہی چلی گئیں' بس وارینکا باتیں کرتی رہی۔ وہ کیٹی کو نرم اور مطمئن کرنے کی کوشش کر رہی تھی' وہ دیکھ رہی تھی کہ ایک دھماکا ہونے والا ہے لیکن اسے یہ پتہ نہ تھا کہ آنسوؤں کا یا لفظوں کا۔

"تو یوں آپ کا نہ جانا ہی اچھا ہے۔ اور آپ سمجھئے اس بات کو" آپ پر احسان ہے۔"

"میں اسی کی مستحق ہوں' اسی کی مستحق ہوں!" کیٹی نے تیزی سے وارینکا کے ہاتھ سے چھتری جھپٹتے ہوئے اور اپنی دوست کی آنکھوں سے پرے دیکھتے ہوئے کہا۔

وارینکا اپنی دوست کا بیکار غصہ دیکھ کر مسکرانا چاہتی تھی لیکن وہ ڈرتی تھی کہ کیٹی کہیں برا نہ مان جائے۔

"مستحق کیسے؟ میں سمجھی نہیں" اس نے کہا۔

"مستحق ہوں اس لئے کہ یہ سب بناوٹ تھی' اس لئے کہ یہ سب سوچ سمجھ کر کیا گیا تھا' دل سے نہیں۔ مجھے کیا سوجھا تھا ایک اجنبی شخص سے؟ اور اب یہ ہو گیا کہ میں جھگڑے کا سبب بن گئی اور یہ کہ میں نے وہ کیا تھا جو کسی نے مجھ سے کرنے کو کہا تھا۔ اس وجہ سے کہ سب بناوٹ تھی' بناوٹ' بناوٹ۔"

"مگر کس مقصد کے لئے بناوٹ؟" وارینکا نے پھیکے سے کہا۔

"اف' کس قدر بیہودہ' شرمناک' کوئی ضرورت نہیں تھی مجھے۔ سب بناوٹ!" اس نے چھتری کو گھما لینے اور رد کرتے ہوئے کہا۔

"مگر آخر کس مقصد سے؟"

"تاکہ بہتر نظر آؤں لوگوں کی نظر میں' اپنی نظر میں' خدا کی نظر میں' سب کو دھوکا دوں۔ نہیں' اب میں اس حد تک نہیں گروں گی' بری رہوں گی لیکن کم سے کم جھوٹی اور دھوکے باز تو نہ ہوں گی!"

"اور دھوکے باز کون ہے؟" وارینکا نے ملامت بھرے انداز میں کہا۔ "آپ تو ایسے بات کر رہی ہیں جیسے ——"

لیکن کیٹی پر اپنے جنونی غصے کا دورہ پڑا تھا۔ اس نے وارینکا کو پوری بات کہنے ہی نہیں دی۔

"میں آپ کے بارے میں نہیں کہہ رہی ہوں' ہرگز نہیں۔ آپ تو ہر طرح سے کامل ہیں۔ ہاں' ہاں میں جانتی ہوں کہ آپ ہر طرح سے کامل ہیں۔ لیکن میں بری ہوں تو اب کیا کیا جائے۔ اگر میں بری نہ ہوتی تو یہ نہ ہوا ہوتا۔ تو اب میں ویسی ہی رہوں گی جیسی ہوں' لیکن بناوٹی پن نہیں کروں گی۔ مجھے آنا پاولونا سے کیا لینا دینا؟ وہ لوگ جیسے چاہیں رہیں' اور میں جیسے چاہوں گی ویسے خود رہوں گی۔ میں کوئی اور نہیں بن سکتی۔ اور یہ سب وہ نہیں ہے' وہ نہیں ہے!"

"آخر کیا وہ نہیں ہے؟" وارینکا نے حیرانی سے کہا۔

"سب کچھ وہ نہیں ہے۔ میں کسی اور طرح جی ہی نہیں سکتی سوائے اپنے دل کے کہے کے مطابق چلنے کے اور آپ اصولوں کے مطابق جیتی ہیں۔ میں آپ سے بہت محبت کرنے لگی لیکن غالباً آپ نے صرف اس لئے کہ مجھے بچانا اور مجھے سکھانا چاہتی تھیں۔"

"آپ ناانصافی کر رہی ہیں" وارینکا نے کہا۔

"لیکن میں دوسروں کے بارے میں کچھ نہیں کہہ رہی ہوں میں تو اپنے بارے میں کہہ رہی ہوں۔"

"کیٹی!" ماں کی آواز سنائی دی "ادھر آنا ذرا۔ پاپا کو اپنا سوئٹر والا بازو دکھاؤ۔"

کیٹی نے بڑی نفرت کے ساتھ "اپنی بدست سے صلح کئے بغیر" میز پر سے سوئٹر کا ہارا اٹھایا جو ڈھے میں رکھ تھا اور وہاں کے پاس چلی گئی۔

"یہ کیسی کیا ہوا ہے؟ تم اتنی سرخ کیوں ہو رہی ہو؟" اس سے ماں اور باپ نے ایک ساتھ ہی کہا۔

"کچھ نہیں" اس نے جواب دیا "میں ابھی آتی ہوں" اور الٹے پاؤں بھاگ گئی۔

"وہ تو ابھی بچی ہیں!" اس نے سوچا "میں ان سے کیا کہوں؟ اے میرے خدا! میں نے کیا کیا کیا کہ گئی میں! کس لئے میں نے ان کو تکلیف پہنچائی؟ کیا کروں میں؟ اب کیا کہوں ان سے؟" کیٹی نے سوچا اور دروازے کے پاس رک گئی۔

وارینکا اپنے پھٹری لئے میز کے پاس بیٹھی تھی اور ایک کہانی کو دیکھ رہی تھی جسے کیٹی نے تو دو تھا۔ اس نے سر اٹھایا۔

"وارینکا' مجھے معاف کر دیجئے' معاف کر دیجئے!" کیٹی نے اس کے پاس آکر سرگوشی میں کہا۔ "مجھے کچھ یاد نہیں کہ میں نے کیا کہا۔ میں۔"

"میں سچ کہتی ہوں' میں آپ کو رنجیدہ کرنا نہیں چاہتی تھی" وارینکا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

صلح ہو گئی۔ لیکن باپ کے آنے کے ساتھ کیٹی کے لئے وہ ساری دنیا بدل گئی جس میں وہ رہتی تھی۔ اس نے ہر کچھ جانا تھا اس سب کو ترک تو نہیں کیا لیکن وہ سمجھ گئی کہ یہ سوچ کر کہ وہ جو چاہے سوچ سکتی ہے وہ خود کو دھوکا دے رہی تھی۔ جیسے اس کی آنکھیں کھل گئیں اور اس نے بناوٹ اور ڈھنگ کے بغیر اس بلندی پر قائم رہنے کی ساری مشکلوں کو جس پر خود کو پہنچانا چاہتی تھی محسوس کر لیا۔ اس کے علاوہ اس نے رنج اور بیماری کی' قریب المرگ لوگوں کی دنیا کی گراں باری کو بھی محسوس کیا جس میں وہ رہتی تھی۔ اور اسے وہ حیرانی ناک نگاہ اس سے محبت کرنے کے لئے اسے اپنے اوپر کرنا پڑتا تھا۔ اور اس کا جی چاہنے لگا کہ وہ جلد سے جلد ماں ہو جائے' روس میں' مرگ شوہر میں پہنچ جائے جہاں اسے خطوں سے معلوم ہوا تھا کہ اس کی بہن ڈالی اپنے بچوں سمیت پہنچ گئی تھیں۔

لیکن وارینکا سے اس کی محبت کم نہیں ہوئی۔ رخصت ہوتے وقت کیٹی نے اس سے التجا کی کہ وہ اس کے پاس روس آئے۔

"جب آپ کا بیاہ ہو گا تب میں آؤں گی" وارینکا نے کہا۔

"وہ تو میں کبھی نہ کروں گی۔"

"تو پھر میں کبھی نہیں آؤں گی۔"

"تو پھر میں اسی لئے بیاہ کروں گی۔ دیکھئے' یاد رکھئے گا' وعدہ؟" کیٹی نے کہا۔

ڈاکٹری پیشین گوئی سچ ثابت ہوئی۔ کیٹی گھر روس واپس آئی تو شفایاب ہو چکی تھی۔ اب وہ پہلے جیسی ہنسی گلگار اور خوش و خرم تو نہ تھی لیکن اسے سکون مل گیا تھا اور اس کے اسکول والے فرنس ویاون کر دیکھتے تھے۔

●●●

حصہ سوم

۱

سرگی ایوانووچ کو زیشیت ذہنی کام سے آرام کرنا چاہیے تھے چنانچہ وہ معمول کے مطابق پریس جانے کی بجائے مئی کے آخر میں بھائی کے پاس رہنے کے لئے گاؤں میں آ گئے۔ ان کے عقیدے کے مطابق بہترین زندگی گاؤں کی زندگی تھی اور اب وہ اسی زندگی کا لطف اٹھانے کے لئے بھائی کے پاس آئے تھے۔ کنستن تن لیوین کو بڑی خوشی ہوئی اس لئے اور بھی کہ ان گرمیوں میں اسے بھائی کولائی کے آنے کی توقع نہ تھی۔ لیکن سرگی ایوانووچ سے اپنی محبت اور احترام کے باوجود کنستن تن لیوین گاؤں میں بھائی کے ساتھ اٹ پٹا محسوس کرتا تھا۔ گاؤں کی طرف بھائی کا رویہ اسے اٹ پٹا بلکہ ناگوار لگتا تھا۔ کنستن تن لیوین کے لئے گاؤں رہنے سہنے کی یہی خوشی 'دکھ درد اور محنت مشقت کرنے کی جگہ تھا۔ سرگی ایوانووچ کے لئے گاؤں ایک طرف تو محنت سے آرام کی جگہ کی طرح تھا اور دوسری طرف تعلیمات کا منبع تھا جس کو وہ اس کی افادیت کو جانتے ہوئے خوشی سے استعمال کرتے تھے۔ کنستن تن لیوین کے لئے گاؤں اس لئے اچھا تھا کہ وہ بلاشبہ منبع محنت کا میدان تھا۔ سرگی ایوانووچ کے لئے گاؤں خاص طور سے اس لئے اچھا تھا کہ وہاں کچھ نہ کرنا ممکن بھی تھا اور ضروری بھی۔ اس کے علاوہ عام لوگوں کے ساتھ سرگی ایوانووچ کا برتاؤ بھی لیوین کو گراں گزرتا تھا۔ سرگی ایوانووچ کہتے تھے کہ وہ عام لوگوں کو جانتے اور ان سے محبت کرتے ہیں اور اکثر وہ کسانوں سے بات چیت کرتے تھے جو وہ بہت اچھی طرح کر سکتے تھے 'کسی طرح کی بناوٹ کے بغیر اور تواضع کے بغیر' اور اس طرح کی عبارت چیت سے وہ ایسی عام معلومات اخذ کر لیتے تھے جو عام لوگوں کے حق میں اور اس بات کا ثبوت ہوتی تھیں کہ وہ ان لوگوں کو جانتے تھے۔ کنستن تن لیوین کو عام لوگوں کی طرف یہ رویہ پسند نہ تھا۔ کنستن تن کے لئے کسان تو مشترکہ محنت کے خاص شریک کار تھے اور کسانوں کے احترام اور ان سے ایک طرح کی خون کی محبت کے باوجود 'جو جیسا کہ وہ خود کہتا تھا' اس کی کسان انا کے دودھ سے اسے ملی تھی' وہ مشترکہ کام میں ان کے شریک کی حیثیت سے 'کبھی کبھی ان لوگوں کی قوت' نرم دلی اور انصاف پسندی پر عش عش کرتے ہوئے بھی' اکثر' جب مشترکہ کام دوسری طرح کا متقاضی ہوتا تو وہ عام لوگوں پر ان کی لاپروائی' گندگی' شراب کی لت اور جھوٹ کی وجہ سے غصہ بھی کرتا۔ کنستن تن لیوین سے اگر پوچھا جاتا کہ وہ عام لوگوں سے محبت کرتا ہے یا نہیں تو وہ ہرگز سمجھ سکتا کہ اس سوال کا کیا جواب دے۔ وہ عام لوگوں سے محبت کرتا بھی تھا اور نہیں بھی کرتا تھا جیسے کہ لوگوں سے بالعموم۔ ظاہر ہے کہ ایک نیک دل انسان ہونے کی حیثیت سے بالعموم لوگوں سے وہ محبت نہ کرنے کی بہ نسبت زیادہ محبت ہی کرتا تھا' چنانچہ ایسے ہی عام لوگوں کے ساتھ بھی تھا۔ لیکن عام لوگوں سے کچھ خاص طور سے محبت کرنا یا نہ کر سکتا تھا اس لئے کہ وہ عام لوگوں ہی کے ساتھ تو زندگی بسر کرتا تھا' اس کی ساری دلچسپیاں عام لوگوں ہی سے

وابستہ تھیں اور وہ خود کو بھی عام لوگوں ہی کا ایک حصہ سمجھتا تھا اور خود میں یا عوام میں کوئی خاص خوبی یا خامی نہ دیکھتا تھا اور خود کو عام لوگوں کے متقابل نہ رکھ سکتا تھا۔ اس کے علاوہ اگرچہ وہ کسانوں کے ساتھ مالک 'اور میانی کڑی اور سب سے بچ کر مشیر کی طرح (کسانوں کو اس پر بھروسا تھا اور وہ چالیس چالیس درست بل کر اس کے پاس مشورہ کرنے آتے تھے) انتہائی قریبی تعلق کی زندگی بسر کرتا تھا' پھر بھی وہ عام لوگوں کے بارے میں کوئی خاص رائے نہ رکھتا تھا اور اس سوال کا کہ وہ عام لوگوں کو جانتا ہے یا نہیں 'جواب دینا بھی اس کے لئے اتنا ہی مشکل ہوتا جتنا اس کا کہ وہ عام لوگوں سے محبت کرتا ہے یا نہیں۔ یہ کہنا کہ وہ عام لوگوں کو جانتا ہے اس کے لئے ویسا ہی تھا جیسا یہ کہنا کہ وہ لوگوں کو جانتا ہے۔ وہ ہر قسم کے لوگوں کا برابر مشاہدہ کرتا اور ان کے بارے میں معلومات حاصل کرتا تھا اور ان میں کسان لوگ بھی تھے جنہیں وہ دلچسپ اور اچھے لوگ سمجھتا تھا اور برابر ان میں نئی خصوصیات دیکھتا رہتا تھا اور ان کے بارے میں اپنی سابق رائے بدل کر نئی رائے قائم کرتا رہتا تھا۔ سرگی ایوانووچ اس کے برعکس تھے۔ جیسے اس زندگی کی ضد کے طور پر جو انہیں پسند نہ تھی وہ گاؤں کی زندگی کو پسند کرتے تھے بالکل اسی طرح لوگوں کے اس طبقے کی ضد کے طور پر جسے وہ پسند نہ کرتے تھے وہ عام لوگوں کو پسند کرتے تھے اور بالکل اسی طرح وہ بالعموم لوگوں کی ضد کے طور پر عام لوگوں کو جانتے بھی تھے۔ ان کی منطقیانہ عقل میں عام لوگوں کی زندگی کی معین خصلتیں واضح طور پر بن گئی تھیں جو ایک حد تک تو عام لوگوں کی زندگی سے اخذ کی گئی تھیں لیکن زیادہ تر دوسری طرح کی زندگی کی ضد کے طور پر۔ انہوں نے عام لوگوں کے بارے میں اپنی رائے اور ان سے ملنے کے طریقے کبھی کوئی تبدیلی نہیں کی۔

بھائیوں کے درمیان عام لوگوں کے بارے میں بحث کے دوران میں جب اختلاف رائے ہوتا تو اس میں سرگی ایوانووچ ہمیشہ اسی لئے جیت جاتے کہ وہ عام لوگوں کے 'ان کے کردار' ان کی خوبیوں 'ان کے ذوق کے بارے میں ایک قطعی اور معین علم رکھتے تھے۔ کنستن تن لیوین کوئی معین اور ناقابل تغیر علم نہ رکھتا تھا چنانچہ ان بحثوں میں ہمیشہ وہ اپنی بات کے خلاف بات کہتے پکڑا جاتا تھا۔

سرگی ایوانووچ کا خیال یہ تھا کہ ان کا چھوٹا بھائی بہت ہی عمدہ شخص ہے اور اس کا دل اپنی جگہ پر بڑی اچھی طرح رکھا ہوا ہے (جیسے کہ وہ فرانسیسی میں کہتے تھے) لیکن اس کا ذہن حالانکہ کافی تیز تھا پھر بھی دقیق تاثرات کا تابع تھا اور اسی لئے خطرناکیوں سے بھرا ہوا تھا۔ وہ کبھی کبھی بڑے بھائی والی سرپرستانہ شفقت کے ساتھ اسے چیزوں کے سمجھانے کی کوشش کرتے تھے لیکن انہیں اس سے بحث کرنے کی طمانیت نہ حاصل ہوتی تھی اس لئے کہ اس کے پرخچے اڑانا بہت آسان تھا۔

کنستن تن لیوین اپنے بھائی کو سچی ذہین اور تعلیم و تہذیب کے مالک شخص کی طرح دیکھتا تھا جو لفظ کے انتہائی بلند معنوں میں شریف الطبع تھا اور جس میں عام بہبود کے لئے کام کرنے کی فطری صلاحیت تھی۔ لیکن اپنے دل کی گہرائی میں 'جیسے جیسے وہ عمر میں زیادہ ہوتا جاتا تھا اور اپنے بھائی سے قریب تر آتا جاتا تھا ویسے ویسے اکثر و بیشتر اسے یہ خیال آتا تھا کہ عام بہبود کے لئے کام کرنے کی یہ صلاحیت 'جس سے وہ خود کو بالکل ہی محروم سمجھتا تھا' شاید خوبی ہے ہی نہیں بلکہ برعکس اس کے کسی طرح کی کمی ہے — ایک دیانتدارانہ اور شریفانہ آرزوؤں اور ذوق کی کمی نہیں بلکہ قوت زندگی کی کمی 'اس چیز کی کمی جسے دل کہا جاتا ہے' اس شدید کاوش کی کمی جو انسان کو زندگی کے بے شمار راستوں میں سے صرف ایک کا انتخاب کرنے پر اور صرف اسی ایک کی آرزو کرنے پر اکساتی ہے۔ بھائی کو وہ جتنا زیادہ جانتا گیا اتنا ہی زیادہ اس نے یہ دیکھا کہ سرگی ایوانووچ بھی اور عام

بہبود کے لئے کام کرنے والے بہت سے دوسرے لوگ بھی عام بہبود سے اس محبت تک اپنے دل کے خانے نہیں پہنچے تھے بلکہ انہوں نے اپنی عقل سے بحث کر کے یہ نتیجہ اخذ کیا تھا کہ اس میں مصروف ہونا اچھا ہے اور بس اسی لئے اس کام میں مصروف تھے۔ لیوین کا یہ مشغولہ دیکھ کر اور بھی قوی ہو گیا کہ عام بہبود کے سوالات یا روح کے لاقانی ہونے کے مسائل اس کے بھائی کے دل کو اس سے زیادہ متاثر نہ کرتے تھے جتنا شطرنج کی بازی یا کسی نئی مشین کی اختراع ساشت کرتی تھی۔

اس کے علاوہ کنسٹن تن لیوین گاؤں میں بھائی کے ساتھ اس لئے بھی اُنس بڑا محسوس کرتا تھا کہ گاؤں میں، خاص طور سے گرمیوں میں لیوین کھیتی باڑی کے کاموں میں برابر مصروف رہتا تھا اور گرمیوں کا طویل دن بھی اس کے لئے کافی نہ ہوتا تھا کہ وہ سارے کام کر لے جو ضروری ہوتے تھے۔ لیکن سرگئی ایوانووچ آرام کرتے تھے۔ اور اگرچہ وہ اس وقت آرام کرتے ہوتے تھے یعنی اپنے مضامین اور تحریروں پر کام نہ کرتے ہوتے تھے، پھر بھی وہ دیہی سرگرمی کے اس قدر عادی ہو چکے تھے کہ ان کے ذہن میں جو خیالات آتے تھے ان کا اظہار خوبصورت سجے سجائے انداز میں ضرور کرتے تھے اور یہ چاہتے تھے کہ کوئی ہو جو ان کی باتیں سنے۔ سب سے قدرتی اور حسب معمول سامع ان کا بھائی ہی تھا۔ چنانچہ ان کے تعلقات کی دوستانہ سادگی کے باوجود کنسٹن تن انہیں اکیلے چھوڑتے ہوئے اٹ پٹا محسوس کرتا تھا۔ سرگئی ایوانووچ کو دھوپ میں گھاس پر لیٹ جانا، دھوپ سینکنا اور کاہلی کے ساتھ باتیں کرنا بہت پسند تھا۔

وہ بھائی سے کہتے "تم یقین نہیں کر سکتے کہ یہ عیاشی کاہلی میرے لئے کتنی بڑی مسرت ہے۔ ذہن میں ایک بھی خیال نہیں، بالکل خالی۔"

لیکن کنسٹن تن لیوین کو ان کے پاس بیٹھنے اور ان کی باتیں سننے سے اکتاہٹ ہونے لگتی خاص طور سے اس لئے کہ وہ جانتا تھا کہ اگر وہ نہ دیکھے گا تو لوگ ساری کھاد ان کھیت میں لے جائیں گے اور اسے خدا ہی جانے کس طرح اجیر کر دیں گے اور ہل میں بھالی کے پیچ ٹھیک سے نہیں کسیں گے اور نکل جانے دیں گے اور بعد کو کہیں گے کہ نئے ہلوں کا زمانہ ہی ٹھیک نہیں ہے اور پرانے لکڑی کے ہلوں کی بات ہی اور تھی وغیرہ وغیرہ۔

"اچھا تو اب گرمی اور دھوپ میں کافی مارے مارے پھر چکے کہ نہیں؟" سرگئی ایوانووچ اس سے کہتے۔

"نہیں، مجھے دو ڈگر بس ایک منٹ کے لئے دفتر میں جانا ہے" لیوین جواب دیتا اور دو ڈگر کھیتوں میں پہنچ جاتا۔

۷

شروع جون میں یہ ہوا کہ اس کی آباد اور گرہستی کی نگراں انگیا نکولیونا کھیوں کے نوچنے کا ایک مرتبہ لے کر، جسے انہوں نے ابھی ابھی نمک لگایا تھا، مدخانے میں جاتے ہوئے پھسل کر گر پڑیں اور ان کی کلائی ٹوٹ گئی۔ انہیں دیکھنے کے لئے رستووہ کا نوجوان ڈاکٹر آیا جس نے ابھی ابھی کورس پورا کیا تھا اور بڑا باتونی تھا۔ اس نے ہاتھ کو دیکھا اور کہا کہ وہ اکھڑا نہیں ہے۔ اس نے اس پر کمپریس لگایا اور کھانے کے لئے ٹھہر گیا۔ یہ بظاہر اسے مشہور و معروف سرگئی ایوانووچ کو زیشیت کے ساتھ باتیں کرنے میں بڑا مزہ آ رہا تھا۔ اس نے چیزوں کے بارے میں اپنے روشن خیال زاویہ نظر کا اظہار کرنے کے لئے پورے مقاطعے کے شرمناک قصے سنائے اور رستووہ کی خراب حالت کا رونا رویا۔ سرگئی ایوانووچ نے بڑی توجہ سے سنا اور بار بار سوالات کئے اور ایک نئے سامع کے مل جانے سے جوش میں آ کر خوب لمبی لمبی باتیں کیں، چند تیکھے اور دلچسپ خیالات پیش کئے، جن کو نوجوان ڈاکٹر نے احترام کے ساتھ اہم قرار دیا، اور وہ اپنی بھائی کی اچھی طرح جانی پہچانی ہوئی اس حیال دل حالت میں پہنچ گئے جس میں وہ تابندہ اور جاندار بات چیت کے بعد عام طور سے پہنچ جاتے تھے۔ ڈاکٹر کے جانے کے بعد سرگئی ایوانووچ جسی نے کرسٹی پر جانا چاہتے تھے۔ انہیں جسی سے پھیلی کا شکار کرنا بہت پسند تھا اور کچھ اس بات پر فخر سا تھا کہ وہ ایسے اتفاقیہ شغل کو بھی بند کر سکتے ہیں۔

کنسٹن تن لیوین کے لئے جتائی کے کھیتوں میں اور چراگاہ میں جانا ضروری تھا۔ اس نے بھائی کو بھی اپنے ساتھ گاڑی میں لیتے چلنے کی پیش کش کی۔

یہ گرمیوں کا وہ زمانہ تھا جب سبزہ سال کی فصل پکنی ہو چکی تھی اور اگلے سال کے لئے بوائی کی فکریں شروع ہو جاتی ہیں، جب گھاس کاٹنے کا وقت آ جاتا ہے، جب کالے گیہوں میں بالیاں آ چکتی ہیں لیکن وہ ابھی پوری طرح بھری نہیں ہوتیں اور سرمئی سبز ہلکی بالیاں ہوا میں جھومتی ہوتی ہیں، جب ہری جئی جس کے بیچ میں زرد گھاس کے جھنڈ کھلے ہوتے ہیں، غیر ہموار طریقے سے دبی میں بونے جانے والے کھیتوں پر جھولتی ہوتی ہے، جب جلدی تیار ہونے والا جئی گیہوں پھیل کر زمین کو اعانب لیتا ہے، جب پرتی زمین، جو سوئیشوں کے کھروں سے پٹ کر پتھر کی طرح سخت ہو جاتی ہے، پگڈنڈیوں کو چھوڑ کر جن پر مال چلتا ہی نہیں، آدھی جوتی جا چکتی ہے، جب کھیتوں میں لائی ہوئی کھاد کے سوکھے اجیر بیج کو شہد جیسی گھاس کے ساتھ مل کر سکتے ہیں اور نشیب میں گھاس کے کٹنے کے انتظار میں چراگاہیں سمندر کی طرح چوکی کمری ہوتی ہیں اور ان کے بیچ میں لائی کے ہوئے سوریل کے ڈھیلوں کے سیاہ ہوتے ہوئے ڈھیر پڑے ہوتے ہیں۔

یہ وہ زمانہ تھا جب کھیتی کے کاموں میں فصل کی کٹائی سے پہلے، جس میں ہر سال ایک ہی طرح کا کام کرنا پڑتا ہے اور جو لوگوں کی ساری قوت کا متقاضی ہوتا ہے، دم لینے کا مختصر سا وقفہ پڑتا ہے۔ فصل بہت اچھی تھی اور گرمیوں کے صاف اور روشن دن تھے۔ جن کی راتیں اوس بھری اور چھوٹی تھیں۔

بھائیوں کو چراگاہ تک پہنچنے کے لئے جنگل میں سے ہو کر جانا تھا۔ سرگئی ایوانووچ سارے وقت گھنیری پتیوں والے جنگل کی طرح سوچتی کی داد دیتے رہے اور بھائی کو کبھی لائم کا بڑا پیڑ دکھاتے جو سائے والے پہلو میں تاریک سا تھا اور زرد گوشوں سے ڈھکا ہوا تھا اور کھل پڑنے کو تیار تھا اور کبھی اس سال کے پیڑوں کی چمکتی ہوئی ذمہ دیں نوعمر کونپلوں کو دکھاتے۔ کنسٹن تن لیوین کو قدرت کی خوبصورتی کے بارے میں باتیں کرنا اور سننا بالکل پسند نہیں تھا۔ جو چیز وہ دیکھتا تھا اس کو الفاظ اس کے خیال میں خوبصورتی سے عاری کر دیتے تھے۔ وہ بھائی کی باتوں پر حامی بھرتا رہا لیکن غیر ارادی طور پر کچھ اور ہی سوچنے لگا تھا۔ جب وہ جنگل سے ہو کر نکل آئے تو اس کی ساری توجہ ایک ٹیلے کی ڈھلان پر واقع پرتی زمین پر مرکوز ہو گئی جس میں کہیں تو زرد ہوتی ہوئی گھاس تھی، کہیں وہ روندی ہوئی تھی اور کہیں اس پر دیکھ بھال کے نشان تھے، کہیں کھاد اجیری ہوئی تھی اور کہیں کہیں جتی ہوئی بھی تھی۔ کھیت پر گاڑیوں کی ایک قطار چلی جا رہی تھی۔ لیوین نے گاڑیوں کو گنا اور اس بات سے خوش ہو گیا کہ جتنی ضرورت تھی اتنی سب لائی جا رہی تھی اور چراگاہ کو دیکھ کر اس کا خیال گھاس کی کٹائی کی طرف چلا گیا۔ گھاس کی کٹائی کے دنوں میں وہ کچھ خاص طور سے جیالا اور زندہ دل محسوس ہونے لگتا تھا۔ چراگاہ کے پاس پہنچ کر لیوین نے گھوڑے کو روک دیا۔

صبح کی اوس گھنی گھاس کے نیچے نیچے اب تک باقی تھی اور سرگئی ایوانووچ نے پاؤں کو بھیگنے سے بچانے

کے لئے کہا کہ انھیں گاڑی میں بید مجنوں کی ان جھاڑیوں تک پہنچایا جائے جہاں سوری مچھلیاں تھی ہیں۔ لیو کو اپنی گھاس کے روندنے کا بہت افسوس تھا پھر بھی وہ چراگاہ پر سے گاڑی کو لے گیا۔ پہیوں اور گھوڑے کی ٹانگوں کے پاس اونچی گھاس سڑی سے مڑ جاتی اور اس کے بیچ گاڑی کے پہیے کے بھیگے ہوئے بیچ کے حصوں اور تیلیوں پر لگے رہ جاتے۔

اس کے بھائی ایک جھاڑی کے نیچے بیٹھ گئے اور جسی کو ٹھیک خاک کرنے لگے اور لیوین گھوڑے کو واپس لے جا کر اسے باندھ کے گھاس کے سبز سمندر میں داخل ہو گیا جو ہوا نہ ہونے کی وجہ سے بالکل ساکت تھا۔ پکے ہوئے بیجوں والی گھاس اس جگہ پر کمر کمر تک تھی جہاں بہار میں باڑھ کا پانی آ جاتا تھا۔

چراگاہ کو آڑا کاٹ کر وہ سڑک پر آ گیا اور اس کی ملاقات ایک بوڑھے سے ہو گئی جس کی آنکھ سوجی ہوئی تھی اور وہ شہد کی مکھیوں کا ایک مصنوعی چھتا لئے جا رہا تھا۔

لیوین نے پوچھا "کیوں، لگ گیا ہاتھ فوج؟"

"کیسا ہاتھ لگنا، کمبخت تین دسیتر بچے اپنے ہی کی گھرانی ہو جائے تو بہت ہے۔ دوسری مرتبہ ساری مکھیاں اڑ گئیں۔ شکر ہے کہ لوگوں نے پکڑ لیا۔ آپ کے ہاں بنائی کر رہے ہیں۔ ایک گھوڑا کھول کر ان لوگوں نے دیا۔" کیا۔"

"اور کیا کہتے ہو فوج گھاس کاٹ لی جائے یا انتظار کیا جائے؟"

"ارے اب کیا کہوں، ہمارے حساب سے تو جنت پیر کے دن (۱) تک انتظار کرنا چاہئے لیکن آپ یہ جلدی کاٹ لیتے ہیں۔ تو خدا مدد کرے کاٹ لیجئے گھاس تو اچھی ہے۔ مویشیوں کے لئے کھلی چگہ ہو جائے گی۔"

"اور موسم کے بارے میں کیا سوچتے ہو؟"

"یہ تو خدا کا کام ہے۔ ہو سکتا ہے موسم اچھا رہے۔"

لیوین اپنے بھائی کے پاس چلا گیا۔ مچھلی تو کوئی لگی نہیں تھی لیکن سرگی ایوانووچ کو اکتاہٹ نہیں ہوئی اور وہ بہت خوش مزاجی کی حالت میں تھے۔ لیوین نے دیکھا کہ ڈاکٹر کے ساتھ بات چیت سے ہوش میں آ کر وہ باتیں کرنا چاہتے تھے۔ اس کے برعکس لیوین جلدی گھر جانا چاہتا تھا تاکہ وہ گھاس کاٹنے والوں کو کل بلوانے کا بندوبست کرے اور گھاس کی کٹائی کے سلسلے میں اسے جو کچھ شبہات تھے ان کا فیصلہ کرے جس کی وجہ سے وہ گہری فکر میں ڈوبا ہوا تھا۔

"تو پھر چلیں اب" اس نے کہا۔

"جلدی کہاں جانے کی ہے؟ چلتے ہیں یار۔ مگر تم تو کس قدر رنجیدہ لگتے ہو! مچھلی تو نہیں لگی مگر اچھا رہا۔ ہر شکار میں یہ اچھی بات ہوتی ہے کہ فطرت سے سابقہ پڑتا ہے۔ یہ فولادی رنگ کا پانی کتنا خوش ہے!" انہوں نے کہا۔ "یہ اگاڑ والے پیڑ کنارے دیکھ کر مجھے ہمیشہ وہ پہیلی یاد آ جاتی ہے۔ جانتے ہو تم؟ گھاس کہتی ہے پانی سے' ہم جھومتے ہیں ہم جھومتے ہیں۔"

"میں یہ پہیلی نہیں جانتا" لیوین نے اداس انداز میں جواب دیا۔

3

"اور یہ ہے تمہیں، میں تمہارے بارے میں سوچ رہا تھا" سرگی ایوانووچ نے کہا "جو کچھ مجھے اس ڈاکٹر نے بتایا اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ تمہاری فصیل میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ کچھ نرالی ہی چیز ہے۔ وہ بالکل ہی بیوقوف نوجوان نہیں ہے۔ اور میں نے تم سے کہا تھا اور اب بھی کہتا ہوں کہ یہ اچھا نہیں ہے کہ تم اجلاس میں نہیں جاتے اور بالعموم زمینداری کے کام سے الگ ہو گئے۔ اگر شائستہ لوگ الگ ہو جائیں گے تو ظاہر ہے کہ ہوا ہی جائے سب کچھ کیسے ہو گا۔ رقم ہم ادا کرتے ہیں لیکن وہ صرف تنخواہوں میں چلی جاتی ہے۔ اسکول ہیں نہ ہائیجینک ڈائیاں ہیں، وہ واقعی۔ کچھ بھی تو نہیں ہے۔"

"آخر میں نے کوشش تو کی تھی" لیوین نے آہستہ سے اور بادل ناخواستہ جواب دیا "نہیں کر سکتا، تو اب کیا کیا جائے؟"

"کیا نہیں کر سکتے تم؟ میں صاف کہتا ہوں کہ بالکل نہیں سمجھتا۔ یہ تو میں مانتا نہیں کہ بے ایمانی یا بے سمجھی ہے۔ یہ محض کاہلی تو نہیں ہے۔"

"نہ پہلی ہے نہ دوسری اور نہ تیسری۔ میں نے آزمایا اور میں دیکھتا ہوں کہ میں کچھ نہیں کر سکتا" لیوین نے کہا۔

جو کچھ بھائی کہہ رہے تھے اس کی طرف وہ کم ہی توجہ کر رہا تھا۔ وہ کبھی دوسری طرف جتی ہوئی زمین پر نظر دوڑاتے ہوئے اس نے کچھ سیاہ سی چیز دیکھی لیکن وہ صاف دیکھ کر یہ نہ طے کر پایا کہ یہ گھوڑا ہے یا گھوڑے پر سوار انتظار ہے۔

"کس وجہ سے تم کچھ نہیں کر سکتے؟ تم نے کوشش کی اور تمہارے خیال میں کامیابی نہیں ہوئی چنانچہ اب تم نے ہتھیار ڈال دیئے ہیں۔ تم میں خودداری کیوں نہیں ہے؟"

"خودداری" لیوین نے اپنے بھائی کے پرہوش لفظوں سے چڑ کر کہا "میری تو سمجھ میں نہیں آتا۔ اگر یونیورسٹی میں مجھ سے کہا جاتا کہ دوسرے لوگ دنکسلی اعصا سمجھ لیتے ہیں اور میں نہیں سمجھ پاتا۔۔۔ تو یہ خودداری کا معاملہ ہوتا۔ لیکن یہاں پہلے تو اس بات کا یقین ہونا چاہئے کہ ان کاموں کے لئے مخصوص صلاحیت کا مالک ہونا ضروری ہے اور سب سے بڑھ کر اس بات کا کہ یہ سارے کام بہت اہم ہیں۔"

"تو پھر کیا یہ اہم نہیں ہے؟" سرگی ایوانووچ نے کہا اس بات پر بہت زیادہ چڑ کر کہ وہ جس چیز کے بارے میں سوچ رہے تھے وہ ان کے بھائی کو غیر اہم لگتی ہے اور خاص طور سے اس بات پر کہ صاف ظاہر تھا کہ وہ ان کی بات تک سن ہی نہیں رہا تھا۔

"مجھے نہیں لگتا اہم، مجھے اس سے کوئی دلچسپی نہیں۔ آخر آپ کیا چاہتے ہیں؟" لیوین نے جواب دیا۔ اب اسے صاف دکھائی دے گیا تھا کہ پہلے اسے جو نظر آ رہا تھا وہ غلط تھا۔ اسے لگا کہ غلط نے غالباً کسانوں کو بنائی سے جھٹی دے دی ہے۔ وہ ہلوں کو کھول رہے تھے۔ اس نے سوچا "کیا واقعی بنائی ختم ہو گئی؟"

"مگر تم میری بات سنو" بھائی نے اپنے خوبصورت ذہین چہرے پر تیوریاں چڑھاتے ہوئے کہا "ہر چیز کی حد ہوتی ہے۔ سادہ لوح اور صاف گو آدمی ہونا اور جھوٹ کو پسند نہ کرنا بڑی اچھی بات ہے۔۔۔ یہ سب میں جانتا ہوں۔ لیکن تم جو کچھ کہہ رہے ہو اس کا تو کوئی مطلوم نہیں ہے یا پھر بہت ہی برا مطلوم ہے۔ تم اس بات کو کیسے غیر اہم سمجھتے ہو کہ وہ عام لوگ جن سے تم محبت کرتے ہو، جیسا کہ تم یقین دلاتے ہو۔۔۔"

"میں نے کبھی یقین نہیں دلایا" کنسٹن تن لیوین نے سوچا۔

"۔۔۔ کسی مدد کے نہ ہونے کی وجہ سے مر جاتے ہیں، جاہل کسان عورتیں بچوں کو ہلاک کرتی ہیں اور عام

لوگ جہالت میں ڈوبے ہوئے ہیں اور ان کے اوپر ہر طرف کا اختیار برقرار ہے بلکہ ان کی مدد کرنے کا وعدہ تمہارے ہاتھوں میں ہے۔ لیکن تم مدد نہیں کرتے اس لئے کہ یہ اہم نہیں ہے۔"

اور سرگی ایوانووچ نے اسے ایک کونے میں بٹھا کر دیا تاکہ تم اتنے غیر متوقع یا فتہ رہ گئے ہو کہ اس سب کو دیکھ ہی نہیں سکتے جو تم کر سکتے ہو یا پھر تم اسے کرنے کے لئے اپنے اطمینان "اپنے غرور اور مجھے یہ نہیں کس چیز کو ترک نہیں کر سکتے۔

کونستن تن لیوین یہ محسوس کر رہا تھا کہ اس کے لئے اب صرف یہ رہ گیا ہے کہ باران نے یا اعتراف کر لے کہ اسے امور عامہ سے کوئی محبت نہیں ہے۔ اور اس کو یہ بات بری لگی اور بہت کھلی۔

"یہ بھی ہے اور وہ بھی" اس نے فیصلہ کن انداز میں کہا۔ "میں نہیں دیکھتا کہ یہ ممکن ہو تا کہ..."

"کیا؟ کسی طرح رقم صرف کر کے ڈاکٹری مدد پہنچانا ناممکن ہے؟"

"ناممکن ہے' جیسا کہ مجھے لگتا ہے۔ ہماری تحصیل کے چار ہزار مرد و زن کسان کے رقبے اور ہمارے ہاں کی جیسی کیچڑ' طوفانی جھکڑ اور کام کے زمانوں کو دیکھتے ہوئے مجھے تو نہیں لگتا کہ ہر جگہ ڈاکٹری مدد دینا ممکن ہے۔ اور دواؤں پر تو میں دیسے بھی یقین نہیں کرتا۔"

"لیکن معاف کرنا' یہ ناانصافی ہے... میں تمہیں ہزاروں مثالیں دے سکتا ہوں... اچھا اور اسکول؟"

"اسکول کس لئے؟"

"تم کہہ کیا رہے ہو؟ کیا تعلیم کے فائدے کے بارے میں بھی کوئی شک ہو سکتا ہے؟ اگر وہ تمہارے لئے اچھی ہے تو سب کے لئے اچھی ہے۔"

کونستن تن لیوین یہ محسوس کر رہا تھا کہ اخلاقی اعتبار سے اس کے لئے کوئی راہ فرار نہیں رہ گئی اور اسی وجہ سے اسے غصہ آگیا اور غیر ارادی طور پر وہ امور عامہ کی طرف سے اپنی بے نیازی کا خاص سبب بیان کر گیا۔

"ہو سکتا ہے یہ سب اچھا ہو لیکن مجھے کیا پڑی ہے کہ میں ان میڈیکل مرکزوں کی فکر کروں جنہیں میں کبھی استعمال نہیں کروں گا اور ان اسکولوں کی جن میں اپنے بچوں کو کبھی نہ بھیجوں گا' جہاں کسان بھی اپنے بچوں کو نہیں بھیجنا چاہتے اور مجھے ابھی تک پکا یقین نہیں ہے کہ انہیں بھیجنا ضروری ہے؟" اس نے کہا۔

سرگی ایوانووچ زرا دیر کے لئے اس غیر متوقع زاویہ نظر پر حیران رہ گئے لیکن پھر فوراً ہی انہوں نے حملے کا نیا منصوبہ تیار کر لیا۔

وہ چپ ہو گئے اور انہوں نے ایک بڑی ڈلی' اسے پھر سے پانی میں ڈالا اور مسکراتے ہوئے بھائی سے مخاطب ہوئے۔

"میں یہ کہنا چاہتا ہوں... اول یہ کہ میڈیکل مرکزوں کی ضرورت تو ہے۔ اب آج ہی اگافیا مٹا کیلووا کے لئے ہم نے ضلع کے ڈاکٹر کو بلا بھیجا۔"

"لیکن میرا خیال ہے کہ ان کا ہاتھ ٹیڑھا ہی رہ جائے گا۔"

"یہ ابھی طے نہیں ہے... پھر یہ کہ پڑھا لکھا کسان تمہارے لئے زیادہ کار آمد اور زیادہ وقیع مزدور ہو گا۔"

"نہیں' یہ تو آپ جس سے چاہے پوچھ لیجئے" کونستن تن یوین نے قطعی انداز میں کہا "پڑھا لکھا قوی مزدور کی حیثیت سے بدتر ہوتا ہے۔ اور سڑکوں کی مرمت کرنا ناممکن ہے اور پل جیسے ہی بنائے جاتے ہیں ویسے ہی چوری کر لئے جاتے ہیں۔"

"بہرحال" سرگی ایوانووچ نے بھویں سکیڑ کر کہا۔ انہیں اپنی بات کاٹ دیا جانا اور خاص طور سے اس طرح بالکل پسند نہ تھا جب لوگ برابر ایک بات سے اچھل کر دوسری پر پہنچ جاتے ہیں اور بغیر کسی تعلق کے نئی بحث پیش کرتے جاتے ہیں جس کی وجہ سے یہ جاننا ممکن ہی نہیں ہوتا کہ کس کا جواب دیا جائے۔ "بہرحال' اصل بات یہ نہیں ہے۔ یہ بتاؤ کہ تم اس بات کا اعتراف کرتے ہو یا نہیں کہ عام لوگوں کے لئے تعلیم اچھی چیز ہے؟"

"اعتراف کرتا ہوں" کونستن تن لیوین نے غیر ارادی طور پر کہا اور فوراً ہی سوچا کہ اس نے وہ نہیں کہا جو وہ سوچتا ہے۔ اس نے محسوس کیا کہ اگر وہ اس بات کا اعتراف کر لیتا ہے تو اس پر یہ ثابت کر دیا جائے گا کہ وہ بیکار کی بحث کرتا ہے جن کا کوئی مطلب ہی نہیں ہوتا۔ یہ تو وہ نہیں جانتا تھا کہ اس پر یہ کیسے ثابت کیا جائے گا لیکن یہ ضرور جانتا تھا کہ یہ بلاشبہ منطقی طور سے اس پر ثابت کر دیا جائے گا اور وہ اس فجوت کا انتظار کر رہا تھا۔

وکیل کونستن تن لیوین توقع کر رہا تھا اس سے کہیں زیادہ سیدھی سادی تھی۔

"اگر تم اعتراف کرتے ہو کہ یہ اچھی چیز ہے" سرگی ایوانووچ نے کہا "تو ایک دیانت دار انسان کی حیثیت سے تم یہ کر ہی نہیں سکتے کہ ایسے کام سے جس سے محبت اور ہمدردی نہ ہو اور اسی لئے تم اس کے لئے کام کرنے کی خواہش نہ کرو۔"

"لیکن میں اب بھی یہ اعتراف نہیں کرتا کہ اچھا کام ہے" کونستن تن لیوین نے سرخ ہوتے ہوئے کہا۔

"کیسے؟ ابھی تم نے ابھی ابھی تو کہا..."

"یعنی یہ کہ میں اس کو اچھا بھی نہیں سمجھتا اور ممکن بھی۔"

"یہ تم کو مشکل کے بغیر بیان ہی نہیں کر سکتے۔"

"اچھا' فرض کر لیتے ہیں" لیوین نے کہا حالانکہ وہ بالکل ایسا کچھ نہیں فرض کر رہا تھا "فرض کر لیتے ہیں کہ ایسا ہی ہے لیکن میں پھر بھی نہیں دیکھتا کہ کس لئے میں اس کی فکر کروں؟"

"یعنی کیا مطلب؟"

"نہیں' لیکن جب ہم نے یہ بات چھیڑ ہی دی ہے تو مجھے فلسفیانہ نقطہ نظر سے سمجھایئے" لیوین نے کہا۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس میں فلسفہ کس لئے" سرگی ایوانووچ نے کہا۔ لیوین کو یہ لگا کہ اس کا بھائی ایسا تھا جیسے وہ اپنے بھائی کے اس حق کو تسلیم ہی نہ کرتے ہوں کہ وہ فلسفے کے بارے میں بحث کر سکتا ہے۔ اور اس سے لیوین جھنجلا گیا۔

"میں بتاتا ہوں کس لئے!" وہ گرم ہو کر بولا۔ "میں سمجھتا ہوں کہ ہماری ساری سرگرمیوں کی محرک ہماری ذاتی خوشی ہوتی ہے۔ اب میں زمستوو کے اداروں میں' ایک جاگیردار کی حیثیت سے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھتا جو میری خوشحالی کا باعث بن سکے۔ سڑکیں بہتر نہیں ہوتی ہیں اور بہتر ہو ہی نہیں سکتیں' میرے گھوڑے مجھے خراب سڑکوں پر بھی لے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر اور میڈیکل مرکز کی مجھے ضرورت نہیں۔ جسٹس آف پیس کی مجھے ضرورت نہیں — میں نے کبھی اس سے نہیں رجوع کیا اور نہ رجوع کروں گا۔ اسکولوں کی مجھے صرف یہ کہ کوئی ضرورت نہیں بلکہ وہ نقصان دہ بھی ہیں جیسا کہ میں آپ سے کہہ چکا ہوں۔ زمستوو کے اداروں کا مطلب میرے لئے صرف یہ ہے کہ وہ سیاسی پیچھے اٹھارہ کوپیک کا ٹیکس ادا کروں' شہر جاؤں' بحثوں کے ساتھ رات بسر کروں اور ہر طرح کی بیکار اور شرمناک باتیں سنوں جبکہ میرے ذاتی مصالحت مجھے اس کے لئے نہیں

لئے اپنے طریقے کا استعمال کیا۔ ایک کسان سے دراتی لے کر اس نے گھاس کاٹنی شروع کر دی۔

یہ کام اسے اتنا پسند آیا کہ اس نے کئی مرتبہ گھاس کاٹی۔ اس نے گھر کے سامنے والی چراگاہ کی ساری گھاس کاٹ ڈالی تھی اور اس سال اس نے بہاری میں اپنے لئے منصوبہ بنا لیا تھا کہ کسانوں کے ساتھ دن بھر گھاس کاٹے گا۔ بھائی کے آنے کے بعد سے اس نے دوبارہ سوچنا شروع کر دیا تھا کہ گھاس کاٹنے یاد کاٹنے؟ ایک تو اسے یہ اچھا نہیں لگتا تھا کہ بھائی کو دن بھر کے لئے اکیلا چھوڑ دے اور پھر اسے یہ بھی یاد تھا کہ کیس بھائی اس بات کے سلسلے میں اس پر ہنسیں بھی۔ لیکن چراگاہ میں سے گزرتے ہوئے اسے گھاس کاٹنے کا ناٹر یاد آگیا اور اس نے تقریباً فیصلہ کر لیا کہ وہ گھاس کاٹے گا۔ بھائی کے ساتھ جھنجھلا دینے والی بات چیت کے دوران میں اسے بھرا پنا یہ ارادہ یاد آگیا تھا۔

"جسمانی محنل و حرکت کی ضرورت ہے نہیں تو میرا کمر بالکل ہی چوپٹ ہو جائے گا۔" اس نے سوچا اور طے کر لیا کہ وہ گھاس کاٹے گا چاہے وہ بھائی کے اور عام لوگوں کے سامنے کتنا ہی ات پتا کیوں نہ ہو۔

شام کے قریب وہ دفتر میں گیا اس نے کام کے بارے میں بندوبست کیا اور گاؤں میں آدمی بھیجا کہ کل کے لئے گھاس کاٹنے والوں کو بلا آئے تاکہ کاٹو نف والی چراگاہ میں کٹائی ہو جو سب سے بڑی اور سب سے اچھی چراگاہ ہے۔

"اور ہاں مہربانی کر کے میری دراتی بھی تیت کے پاس بھیج دیجئے گا تاکہ وہ اسے تیز کر لے اور کل لے آئے۔ ہو سکتا ہے میں خود بھی کٹائی کروں۔" اس نے جملہ پورا کئے بغیر کہنے کی کوشش کی۔

خادم مسکرایا اور بولا "جی حضور۔"

شام کو چائے کے وقت اس نے بھائی کو بھی بتایا۔

"لگتا ہے موسم اچھا ہی رہے گا۔" اس نے کہا۔ "کل میں گھاس کاٹنا شروع کروں گا۔"

"مجھے یہ کام بہت پسند ہے۔" سرگئی ایوانووچ نے کہا۔

"مجھے بھی بے حد پسند ہے۔ کبھی کبھی کسانوں کے ساتھ میں نے بھی گھاس کاٹی ہے اور کل سارے دن کاٹنا چاہتا ہوں۔"

سرگئی ایوانووچ نے سر اٹھایا اور بھائی کو تجسس کے ساتھ دیکھا۔

"یعنی کیسے؟ کسانوں کے برابر برابر سارے دن؟"

"ہاں، بڑا اچھا لگتا ہے۔" لیوین نے کہا۔

"جسمانی ورزش کی حیثیت سے تو بہت ہی اچھا ہے لیکن تم مشکل ہی سے نبھ سکو گے۔" کسی طرح سے بھی مذاق اڑانے کے انداز کے بغیر سرگئی ایوانووچ نے کہا۔

"میں آزما چکا ہوں۔ شروع میں بڑی مشکل ہوتی ہے پھر عادی چل پڑتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ میں پچھڑوں گا نہیں۔"

"بہت خوب، اور یہ تاؤ کہ کسان اسے کس طرح دیکھتے ہیں؟ ضرور ہنستے ہوں گے کہ جاگیردار صاحب کیسی عجیب حرکت کر رہے ہیں۔"

"نہیں، میرے خیال میں تو نہیں۔ لیکن یہ کام ہی ایسا مشترکہ خوشی کا اور مشکل ہے کہ زیادہ سوچنے سمجھنے کا وقت ہی نہیں ہوتا۔"

"اور تم ان کے ساتھ کھانا کیسے کھاؤ گے؟ وہاں تو تمہارے لئے شراب اور بھنی ہوئی نیل مرغی بھیجنا بھی اٹ پٹا ہی ہو گا۔"

"نہیں بھئی میں ان لوگوں کے دم لینے کے وقفے میں گھر آجاؤں گا۔"

اگلی صبح کو کنستن تن لیوین اپنے معمول سے جلدی اٹھا۔ لیکن کھیتی باڑی کے سلسلے کے انتظامات میں اسے دیر ہو گئی اور جب وہ گھاس کی کٹائی کے قطعے پر پہنچا تو گھاس کاٹنے والے دوسری پتی کی کٹائی کر رہے تھے۔ ٹیلے ہی پر سے اسے لنیب کا وہ حصہ نظر آنے لگا جو سائے میں تھا جہاں سے گھاس کافی جا چکی تھی۔ وہاں سرسبز سرسبز سی پتیاں تھیں اور کٹانوں کے کالے ڈھیر تھے جنہیں گھاس کاٹنے والوں نے اس جگہ اتار کر ڈال رکھا تھا جہاں سے انہوں نے کٹائی شروع کی تھی۔

جیسے جیسے وہ قریب پہنچتا گیا ویسے ویسے اسے ایک کے پیچھے ایک کسان، ایک قطار کی طرح تنے ہوئے اور الگ الگ طرح سے دراتی چلاتے ہوئے نظر آئے جن میں کوئی کفتان پہنے تھا تو کوئی صرف قمیص۔ اس نے گنا تو بارہ نظر آئے۔

وہ چراگاہ کے نچلے غیر ہموار حصے پر دھیرے دھیرے حرکت کر رہے تھے۔ وہاں پرانے تالاب کا بند تھا۔ لیوین نے اپنے کئی لوگوں کو پہچان لیا۔ وہاں بوڑھا میمل تھا جو بڑی لمبی سفید قمیص پہنے تھا اور جھکا ہوا دراتی چلا رہا تھا، لڑکا جو ان بوڑھا تھا جو پہلے لیوین کے ہاں کوچوان رہ چکا تھا اور اس وقت دراتی کی ہر حرکت سے پوری پتی کاٹ لاتا تھا۔ انہیں میں تیت بھی تھا جو گھاس کی کٹائی میں لیوین کا استاد تھا۔ وہ لمبے قد کا دبلا پتلا کسان تھا اور بغیر جھکے ہوئے آگے بڑھ رہا تھا اور ایسا لگ رہا تھا جیسے دراتی سے کھیلتے ہوئے اپنی چوڑی پتی کی کٹائی کر رہا تھا۔

لیوین گھوڑے پر سے اتر آیا اور اسے سڑک پر باندھ کر تیت کے پاس پہنچا جس نے بھاڑی کے پاس سے دوسری دراتی نکال کر اسے دے دی۔

"تیار ہے سرکار، استرے کی طرح چلتی ہے، اپنے آپ ہی کاٹتی ہے۔" تیت نے مسکرا کر ٹوپی اتارتے ہوئے اور اسے دراتی دیتے ہوئے کہا۔

لیوین نے دراتی لے لی اور اس کو آزمانے لگا۔ پسینے میں تر اور ہنستے بولتے گھاس کاٹنے والے اپنی پتی پوری کر کے ایک کے پیچھے ایک سڑک پر نکل آئے اور سبھوں نے ہنستے ہوئے جاگیردار صاحب کو سلام کیا۔ وہ سب اسے دیکھ رہے تھے لیکن کسی نے اس وقت تک کچھ نہیں کہا جب تک سڑک پر نکل آنے والے لمبے قد کے بے داڑھی اور بھنوؤں بھرے چہرے والے ایک بڈھے نے، جو پوستین کا جیکٹ پہنے تھا، اس سے بات نہیں چھیڑی۔

اس نے کہا "سرکار یہ دھیان رہے کہ ایک بار جت گئے تو پھر پیچھے نہیں رہنا ہے!" اور لیوین نے گھاس کاٹنے والوں میں دبی دبی ہنسی کی آواز سنی۔

"کوشش تو یہی کروں گا کہ پچھڑوں نہیں۔" اس نے تیت کے پیچھے کھڑے ہو کر کہا اور شروع کرنے کے وقت کا انتظار کرنے لگا۔

"دھیان رہے میرو دھے نے پھر سے کہا۔

تیت نے جگہ خالی کر دی اور لیوین کٹائی کرتے ہوئے اس کے پیچھے پیچھے چلا۔ گھاس پتلی، سڑک کے قریب کی تھی اور لیوین نے ایک تو بہت دنوں سے کٹائی نہیں کی تھی اور پھر وہ اپنے اوپر لگی ہوئی سارے لوگوں کی

تھا اور پی بھی لمبی پڑ گئی تھی۔ اس کے بعد کی پٹیاں آسان تھیں پھر بھی لیون کو اپنا پورا زور لگانا پڑتا تھا تاکہ کسانوں سے پیچھے نہ رہ جائے۔

وہ کچھ بھی نہیں سوچ رہا تھا اور کچھ بھی نہ چاہتا تھا سوائے اس کے کہ کسانوں سے پچھڑے نہیں اور جہاں تک ہو سکے بہتر کام کرے۔ وہ بس درانتی کی سرسر سرسر کی آواز سن رہا تھا اور اپنے آگے تیت کے سیدھے ڈیل کو برابر آگے ہی بڑھتا جا رہا تھا' کٹی ہوئی گھاس کے قلم دار نرم رائے کو' اپنی درانتی کے پھل کے پاس دھیرے دھیرے لہروں کی طرح گرتی ہوئی گھاس اور پھولوں والی ٹہنیوں کو اور سامنے اپنی پتی کے خاتمے کو دیکھ رہا تھا جہاں آرام کرنے کی سہولت ملے گی۔

اس کی سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ کیا ہے اور کہاں سے آیا ہے لیکن کچھ کام میں اس کو گرم اور پسینے سے تر کندھوں پر ہلکا سا خوشگوار احساس ہوا۔ جب اس کی درانتی تیز کی جا رہی تھی تو اس نے آسمان پر نظر ڈالی۔ ایک نیلا سیاہ بادل اڑتا ہوا آ گیا تھا اور بڑی بڑی بوندیں پڑنے لگی تھیں۔ کچھ کسان تو اپنے کفتانوں کی طرف دوڑے اور انہیں پہن لیا اور کچھ لیون ہی کی طرح بس خوشی سے اس خوشگوار تازگی میں کندھے اچکا کر رہ گئے۔

ایک کے بعد ایک پٹیاں کٹتی گئیں۔ ان لوگوں نے لمبی اور پھسلی گھاس کی موٹی اور بڑی گھاس کی پٹیوں پر پٹیاں کاٹیں۔ لیون کو وقت کا کوئی احساس ہی نہ رہا اور یہ تو اسے قطعی طور پر یاد ہی نہ تھا کہ دوپہر ہو چکی یا ابھی جلدی ہی ہے۔ اس کے کام میں اب ایک تبدیلی ہو گئی تھی جس سے اس کو بے انتہا طمانیت ہو رہی تھی۔ اس کے کام کے بیچ میں ایسے منٹ آتے جب وہ تقریباً بے خیالی کی حالت میں کام کرتا' وہ کیا کر رہا ہے' تمام اسے آسان لگنے لگتا تھا اور ایسے ہی لمحوں میں اس کی پتی بھی اتنی ہی ہموار اور اچھی کٹتی تھی جتنی تیت کی۔ لیکن جیسے ہی اسے یاد آتا کہ وہ کیا کر رہا ہے اور بہتر کٹائی کی کوشش کرنے لگتا ویسے ہی اسے محنت کی ساری دشواری اور گرانی محسوس ہونے لگتی اور پتی بری کٹتی۔

ایک اور پتی پوری کرنے کے بعد وہ پھر نئی پتی شروع کرنا چاہتا تھا لیکن تیت ٹھہر گیا اور اس نے بوڑھے کے پاس جا کر اس سے کچھ کہا۔ دونوں نے سورج کی طرف نظر کی۔ "کیا باتیں کر رہے ہیں وہ لوگ اور یہ تیت نئی پتی کیوں نہیں شروع کرتا؟" لیون نے سوچا۔ وہ یہ اندازہ نہیں لگا سکا کہ کسانوں نے کم سے کم چار گھنٹے مسلسل گھاس کاٹی ہے اور اب ان کے ناشتہ کرنے کا وقت ہو گیا ہے۔

بوڑھے نے کہا "سرکار ناشتے کا وقت ہو گیا۔"

"کیا سچ مچ وقت ہو گیا؟ تو پھر ناشتہ ہونا چاہئے۔"

لیون نے اپنی درانتی تیت کو دے دی اور کسانوں کے ساتھ 'جو روٹی کھانے کے لئے کفتانوں کے ڈھیر کے پاس جا رہے تھے' کٹی گھاس کے لیے قطعے میں سے ہو کر' جس پر بارش کا ہلکا سا چھڑکاؤ ہو گیا تھا' اپنے گھوڑے کی طرف چلا۔ اب جا کر اس کی سمجھ میں آیا تھا کہ اس نے موسم کے بارے میں صحیح اندازہ نہیں لگایا تھا اور بارش اس کی گھاس کو نم کئے دے رہی تھی۔

"گھاس خراب ہو جائے گی" اس نے کہا۔

"کچھ نہیں سرکار' بارش میں کاٹو اور دھوپ میں اٹھاؤ" بوڑھے نے کہا۔

لیون نے گھوڑے کی باگ کھولی اور کافی پیتے کمر چل دیا۔

سرگی ایوانووچ ابھی ابھی اٹھے تھے۔ کافی پی کر لیون پھر گھاس کی کٹائی کرنے چلا گیا اس سے پہلے ہی کہ

نظروں سے گھبرایا ہوا تھا۔ شروع شروع میں اس نے بڑی کٹائی کی حالانکہ درانتی وہ بڑے زوروں میں چلا رہا تھا اس کے پیچھے سے آوازیں آئیں:

"ٹھیک بہالی نہیں ہے' سطحیا بہت اوپر لگی ہے' دیکھو نا نہیں کتنا جھکنا پڑتا ہے" ایک نے کہا۔

"ایڑی پر زیادہ زور دینا چاہئے" دوسرا بولا۔

"کوئی بات نہیں' ٹھیک ہے" کاٹنے لگنے کی تیز دھار نے بات جاری رکھی۔ "دیکھو نا آگے بڑھنے لگے زیادہ چوڑی پتی لیں گے تو تھک جائیں گے۔ مالک ہیں' اپنے لئے کوشش کر رہے ہیں' اور سردار اپنی تو دیکھو اتنا رعایا کوئی بھلائی ہو تو ایسی کٹائی پر اس کی مرمت ہو جاتی۔"

رم گھاس آگئی تھی اور لیون سب کچھ سنتا ہوا لیکن بالکل بے خبر اور جہاں تک ممکن تھا بہتر کٹائی کرنے کی کوشش کرتے ہوئے تیت کے پیچھے پیچھے چل رہا تھا۔ انہوں نے کوئی سو قدم کٹائی کر لی ہو گی۔ تیت رکے بغیر یونہی چلا جا رہا تھا اور وہ تھکن کا ذرا بھی اظہار نہیں کر رہا تھا۔ لیکن لیون اتنا تھک چکا تھا کہ اسے یہ اندازہ لگ رہا تھا کہ کہیں وہ گر نہ جائے۔

وہ محسوس کر رہا تھا کہ وہ آخری رو لگا کر درانتی چلا رہا ہے اور اس نے طے کیا کہ تیت سے رک جانے کو کہے۔ لیکن اسی وقت تیت خود ہی رک گیا اور اس نے جھک کر گھاس اٹھائی' اس سے رگڑ کر درانتی کو پونچھا اور اسے تیز کرنے لگا۔ لیون نے اپنی کمر سیدھی کی اور ابھر کر سانس لیتے ہوئے پیچھے مڑ کر دیکھا۔ اس کے پیچھے پیچھے ایک کسان گھاس کاٹ رہا تھا اور بھائی بردہ بھی اسی طرح تھک گیا تھا اس لئے کہ اسی وقت لیون تک پہنچنے سے پہلے ہی وہ بھی رک گیا اور اپنی درانتی تیز کرنے لگا۔ تیت نے اپنی درانتی تیز کی اور لیون کی بھی اور وہ پھر آگے بڑھے۔

دوسری بار بھی ایسا ہی ہوا۔ تیت برابر درانتی چلاتا ہوا اور کندھے اچکے اور گھٹنے بغیر رکے چلا جا رہا تھا۔ لیون اس کے پیچھے چل رہا تھا' کوشش کر رہا تھا کہ پچھڑنے نہ پائے اور اس کو مشکل سے مشکل تر لگنے لگا تھا۔ بار بار ایسا لمحہ آتا جب وہ محسوس کرتا کہ اب اس میں اور قوت نہیں رہ گئی لیکن عین اسی وقت تیت رک جاتا اور درانتی تیز کرنے لگتا۔

اس طرح انہوں نے پہلی پتی طے کی۔ اور یہ لمبی پتی لیون کو خاص طور سے مشکل معلوم ہوئی۔ لیکن جب پتی پوری ہو گئی اور تیت درانتی کو کندھے پر رکھ کر دھیرے دھیرے چلتا ہوا انہیں کسانوں پر واپس چلا جو اس کی ایڑیوں سے کٹی گھاس پر بس گئے تھے اور لیون بھی بالکل اسی طرح اپنی کاٹی ہوئی پتی پر چلا تو باوجود اس کے کہ اس کے چہرے پر پسینے کی اولوں جیسی بوندیں ٹپک رہی تھیں اور ناک پر سے ٹپک رہی تھیں اور اس کی پیٹھ اس طرح بھیگی تھی جیسے پانی سے تر کی گئی ہو' اسے بہت اچھا لگ رہا تھا۔ خاص طور سے وہ اس بات پر خوش تھا کہ اب وہ یہاں گیا تھا کہ تک سکے گا۔

اس کو بس ایک چیز سے بے اطمینانی تھی کہ اس کی پتی اچھی نہیں کٹی تھی۔ "ہاتھ کم چلاؤں گا اور پورے دھڑ سے زیادہ زور لگاؤں گا" اس نے اپنی پتی کا موازنہ تیت کی پتی سے کرتے ہوئے سوچا جو ایسی لگ رہی تھی جیسے دھاگے سے تراش دی گئی ہو' جبکہ اس کی اپنی پتی میں یہاں وہاں گھاس پھوٹ گئی تھی اور کٹائی بھی ہموار نہ تھی۔

لیون نے دھیان دیا کہ تیت نے پہلی پتی خاص طور سے جلدی جلدی کاٹی تھی' شاید وہ مالک کو آزمانا چاہتا

سرگی ایوانووچ کپڑے بدل کر کھانے کے کمرے میں آ گئے۔

5

باغیچے کے بعد لیون کو گھاس کی پہلی پہلی جگہ یہ نہیں ملی بلکہ اس سے ذرا نیچے کی وہ جگہ جس نے اس کو اپنے پندرہ میں گھاس کاٹنے کی دعوت دی تھی اور ایک نوجوان کسان کے درمیان جگہ ملی جس نے پچھلی خزاں میں شادی کی تھی اور اب کے گرمیوں میں پہلی بار گھاس کاٹ رہا تھا۔

بوڑھا سیمیونووچ آگے آگے چل رہا تھا' باہر نکلے ہوئے پاؤں سے ہموار طریقے سے بڑے بڑے قدم رکھتا ہوا بالکل درست اور ہموار انداز سے درانتی چلا رہا تھا جس میں بظاہر اسے اس سے زیادہ محنت نہیں کرنی پڑ رہی تھی جتنی آدمی کو چلنے میں ہاتھ ہلانے میں کرنی پڑتی ہے اور وہ جیسے کھیل کھیل میں گھاس کا ایک بڑا جیسا اونچا اچھرکا تا جا رہا تھا۔ ایسا لگتا تھا جیسے وہ نہیں کاٹ رہا تھا بلکہ خود درانتی طوعاً و کرہاً گھاس کو تراشتی جا رہی تھی۔

لیون کے پیچھے پیچھے نوجوان چلا آ رہا تھا۔ اس کا چہرہ قبول صورت تھا اور ہاتھوں پر نازک سی لمبی لمبی گھاس کا مرثیہ ابھر آتا تھا۔ اس کے چہرے سے ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ بڑی محنت کر رہا تھا لیکن جب لیون سے اس کی آنکھیں چار ہوتیں تو وہ مسکرا دیتا۔ صاف لگ رہا تھا کہ وہ جان دے دے گا لیکن یہ کسی طرح نہیں مانے گا کہ اسے مشکل ہو رہی ہے۔

لیون ان دونوں کے بیچ میں چل رہا تھا۔ گھاس کی کٹائی جب زوروں پر تھی تب اسے اتنی مشکل نہیں ہو رہی تھی' بلکہ بڑے مزے سے کاٹ رہا تھا اور وہ سب' جس سے اس کی توجہ' سر اور کہنی تک کھلے ہاتھ تپ رہے تھے' اسے کام میں مضبوطی اور استواری دے رہی تھی۔ اور کسی چیز کا ہوش نہ رہ جانے والے لمحے اکثر و بیشتر آنے لگے جب یہ ممکن ہوتا تھا کہ وہ سوچے ہی نہ کہ کیا کر رہا ہے۔ گھاس اپنے آپ کٹتی جاتی تھی۔ یہ بڑی خوشی کے لمحے ہوتے تھے۔ اس سے بھی زیادہ خوشی کے لمحے وہ تھے جب ندی پر پہنچ کر' جہاں بالیاں ختم ہوتی تھیں' بوڑھا گھنی بھیگی گھاس سے اپنی درانتی کو پونچھتا' اس کے فولاد کو ندی کے نازہ پانی میں دھوتا اور خود کے ایک مگ میں پانی بھر کر لیون کو پیش کرتا۔

وہ آنکھ مار کر کہتا "کیسے میری کوا اس (3) کیسی ہے؟ اچھی ہے نا؟"

اور درحقیقت لیون نے کبھی ایسا مشروب نہ پیا تھا جیسا یہ نیم گرم پانی تھا جس میں گھاس تھرتی تھی اور نیچے کے مگ میں سے زنگ کا سا مزہ آ رہا تھا۔ اور اس کے فوراً ہی بعد درانتی کو ہاتھ میں لئے ہوئے بڑے مزے سے ٹہلنے کا وقت آتا جب وہ پسینے پسینے کو پونچھ سکتا تھا' بھر کر گہری گہری سانسیں لے سکتا تھا اور گھاس کاٹنے والوں کی پوری تنی ہوئی ڈوری کو اور اس کے ساتھ یہ بھی دیکھ سکتا تھا کہ جنگل میں اور کھیتوں میں کیا ہو رہا ہے۔

لیون نے جتنی دیر تک کٹائی کی اتنا ہی زیادہ اسے فراموشی کے ان لمحوں کا احساس ہوا جن میں ہاتھ تو درانتی چلاتے ہی نہ تھے' درانتی خود ہی چلتی تھی کیونکہ وہ کسی شعور رکھنے والے اور زندگی سے بھرپور جسم کی طرح تھی اور جیسے کام کسی جادو کی طرح اس کے بارے میں سوچے بغیر ہی اپنے آپ بالکل درست اور بہترین حرکت سے ہوتا جاتا تھا۔ یہ سب سے بہتر لمحے ہوتے تھے۔

مشکل صرف تب ہوتی تھی جب اس بے شعوری طور پر ہونے والی کٹائی کو روکنا اور سوچنا پڑتا' جب اسے کسی ابھار کے گرد یا سوریل کے کسی چھوٹے جھنڈ کی کٹائی کرنی ہوتی تھی۔ بوڑھا تو یہ کام بڑی آسانی

سے کر لیتا تھا۔ کوئی ابھار آتا تو وہ اپنے ہاتھوں کی حرکت کو بدل دیتا اور کہیں درانتی کی نوک سے اور کہیں پچھلے حصے سے پھرتی سے وار کر کے ابھار کو دونوں طرف سے کاٹ لیتا۔ اور یہ کرتے وقت وہ ہر اس چیز کا معائنہ بھی کرتا جو اس کے سامنے ہوتی — کبھی وہ کوئی جنگلی گوبھی توڑ لیتا اور خود کھا لیتا یا لیون کو پیش کرتا' کبھی درانتی کی نوک سے کوئی سوکھی ٹہنی ہٹا کر ایک طرف کر دیتا' کبھی اسے کسی بٹیر کا کوئی گھونسلہ نظر آ جاتا جس میں سے مادہ درانتی کے نیچے سے اڑ جاتی یا اگر کوئی سانپ راستے میں آ جاتا تو اسے پکڑ لیتا اور درانتی پر اس طرح اٹھا کر اپنے کاندھے میں اٹکا لیتا جیسے لیون کو دکھانا چاہتا ہو اور وہ دیکھ رہا ہو۔

ہاتھوں کی حرکت کو اس طرح بدلنا لیون کے لئے بھی مشکل تھا اور اس کے پیچھے والے نوجوان کے لئے بھی۔ وہ دونوں ایک ہی طرح سے تنگ بھرے انداز میں ہاتھ چلاتے چلاتے کام کی پرجوش جھونک میں آ جاتے تھے اور پھر اس حرکت میں تبدیلی کرنا اور ساتھ ہی جو کچھ سامنے پڑے اس کا معائنہ کرنا اس کے بس میں نہ ہوتا تھا۔

لیون نے دھیان ہی نہ دیا کہ وقت کیسے گزر گیا۔ اگر اس سے پوچھا جاتا کہ اس نے کتنی دیر گھاس کی کٹائی کی ہے تو وہ کہتا کہ آدھ گھنٹہ — حالانکہ اب کھانے کا وقت ہونے والا تھا جب وہ ایک نئی پٹی شروع کرنے کے لئے جا رہے تھے تو بوڑھے نے لیون کی توجہ ان لڑکوں کی طرف مبذول کرائی جو مختلف سمتوں سے' دوپہر کی گھاس میں تھوڑا تھوڑا نظر آتے ہوئے راستوں پر گھاس کاٹنے والوں کی طرف چلے آ رہے تھے اور اپنے پھولے پھولے ہاتھوں میں روٹیوں کی پوٹلیاں اور کواس کی صراحیاں لا رہے تھے جن کے منہ پتیوں سے بند کئے ہوئے تھے۔

"دیکھئے کیڑے کوڑے رینگتے چلے آ رہے ہیں" اس نے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اور آنکھوں پر ہاتھ سے چھجا بنا کر سورج کو دیکھتے ہوئے کہا۔

وہ پیاس اور کاٹنے کے بعد ابھار تک گیا۔

"تو سرکار' کھانا کھا لیا جائے؟" اس نے فیصلہ کن انداز میں کہا اور ندی کے پاس پہنچ کر سبھی گھاس کاٹنے والے کٹی گھاس کی پٹیوں پر سے ہوتے ہوئے کنارے کے ڈھیر کی طرف چل پڑے جہاں کھانا لانے والے بچے ان کے انتظار میں بیٹھے تھے۔ جو کسان دور سے آئے تھے وہ اپنی اپنی گاڑیوں کے سائے میں اور پاس والے بید مجنوں کی ایک جھاڑی کے نیچے' جس پر انہوں نے کٹی ہوئی گھاس ڈال دی تھی' جمع ہو گئے۔

لیون بھی انہیں کے پاس بیٹھ گیا۔ اس کا جانے کو جی نہیں چاہ رہا تھا۔

مالک کی موجودگی کا شرمہ لحاظ بہت پہلے ہی ختم ہو چکا تھا۔ کسان کھانے کی تیاریاں کر رہے تھے کچھ نے ہاتھ منہ دھوئے' نوجوانوں نے ندی میں نہایا' بعضوں نے آرام کرنے کے لئے جگہ بنائی' روٹیوں کی پوٹلیاں کھولی گئیں اور کواس کی صراحیوں پر سے چیتھڑے ہٹائے گئے۔ بوڑھے نے ایک پیالی میں روٹی کو چورا کیا' اس کے اوپر لکڑی کے چمچے کے دستے سے کچلا' اس پر کچھ سے پانی انڈیلا' پھر روٹی کا ایک اور ٹکڑا' اس پر نمک چھڑکا اور پورب کی طرف منہ کر کے دعا پڑھی۔

پیالے کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہوئے اس نے کہا "مالک' میرا روٹی اور پانی کا شوربہ بنا کر دیکھئے!"

روٹی اور پانی کا شوربہ اتنا مزیدار تھا کہ لیون نے گھر جانے کا ارادہ ترک کر دیا۔ اس نے بوڑھے کے ساتھ

خوش خوش گھر چل دیئے۔ لیون گھوڑے پر سوار ہوا اور افسوس کے ساتھ کسانوں سے رخصت ہو کر گھر چلا۔ ٹیلے کے اوپر پہنچ کر اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا۔ نیچے سے اٹھتے ہوئے کہرے میں وہ لوگ اسے نظر تو نہیں آئے البتہ ان کی خوش و خرم بھونڈی آوازیں، قہقہے اور درانتیوں کے ٹکرانے کی ملی جلی جھنکار سنائی دی۔

سرگئی ایوانووچ بہت دیر ہوئے کھانا کھا چکے تھے اور اپنے کمرے میں بیٹھے چائی میں لیمو اور برانڈی ڈال کر پی رہے تھے اور اخباروں رسالوں پر نظر ڈال رہے تھے۔ جو ابھی ابھی ڈاک سے موصول ہوئے تھے کہ لیون پہنچ گیا۔ پہنچنے سے اس کے بال پیشانی پر لٹ بن کر چپک گئے تھے اور اس کی پیٹھ اور سینہ تر تھا اور وہ حول سے کانپ رہا تھا۔ وہ خوشی کے ساتھ ہانپتی کرتا ہوا ان کے کمرے میں گھس آیا۔

"ہم نے پوری چراگاہ کاٹ ڈالی یار! کس قدر اچھا لگا" بہت ہی شاندار! اور آپ نے کیسے وقت گزارا؟" لیون نے کہا۔ وہ کل والی ناخوشگوار بات بیت کو بالکل ہی بھول گیا تھا۔

"باپ رے باپ! یہ تمہاری کیا حالت ہو گئی ہے!" سرگئی ایوانووچ نے کہا اور شروع میں انہوں نے بھائی کو ناپسندیدہ نظروں سے دیکھا۔ "ارے دروازہ، دروازہ تو بھیڑو!" انہوں نے چلا کر کہا۔ "ضرور تم نے دروازے بھر کو تو اندر آجانے دیا ہو گا!"

سرگئی ایوانووچ کو مکھیوں سے سخت چڑ تھی اور اپنے کمرے میں وہ صرف رات کو کھڑکی کھولتے تھے اور دروازہ بڑی کوشش کر کے بند رکھتے تھے۔

"قسم خدا کی، ایک بھی نہیں آئی۔ اور اب بھی گھس آئی ہو گی تو میں پکڑ لوں گا۔ آپ کو تو یقین نہیں آئے گا کہ کتنا مزہ آتا ہے! آپ نے دن کیسے گزارا؟"

"میں ٹھیک ہوں۔ مگر کیا سچ مچ تم نے سارے دن گھاس کاٹی؟ میرے خیال میں تم تو بہت ہی بھوکے ہو گے۔ کتی نے تمہارے لئے سب تیار کر رکھا ہے۔"

"نہیں، مجھے بھوک نہیں ہے۔ میں نے وہیں کھا لیا تھا۔ اچھا میں نہانے جا رہا ہوں۔"

"ہاں ہاں، جاؤ جاؤ، اور میں ابھی آتا ہوں تمہارے پاس" سرگئی ایوانووچ نے بھائی کو دیکھ کر سر جھٹکتے ہوئے کہا۔ "جاؤ، جلدی جاؤ" انہوں نے مسکراتے ہوئے اضافہ کیا اور اپنی کتابیں سمیٹ کر خود بھی چلنے کی تیاری کرنے لگے۔ اچانک وہ خود بھی خوش ہو اٹھے تھے اور بھائی سے جدا ہونا نہیں چاہتے تھے۔ "اور جب بارش ہوئی تب تم کہاں تھے؟"

"بارش کیسی؟ بس دو ایک بوندا باندی ہوئی تھی۔ اچھا تو میں ابھی آتا ہوں۔ تو آپ نے دن ٹھیک طرح سے گزارا؟ یہ تو بہت ہی اچھا رہا!" اور لیون نہا کر کپڑے بدلنے چلا گیا۔

پانچ منٹ بعد دونوں بھائی کھانے کے کمرے میں آ گئے۔ لیون کو تو لگ رہا تھا کہ وہ کھانا نہیں چاہتا اور وہ صرف اس لئے بیٹھ گیا تھا کہ کتی کو برا نہ لگے۔ لیکن جب اس نے کھانا شروع کیا تو اسے کھانا بہت ہی مزیدار لگا۔ سرگئی ایوانووچ نے اسے مسکراتے ہوئے دیکھا۔

"ارے ہاں، تمہارے لئے ایک خط ہے" انہوں نے کہا۔ "کتی، ذرا مجھے وہ خط دینا تو۔ اور دیکھو، دروازہ اچھی طرح بھیڑ دینا۔"

خط ابلوشکی کا تھا۔ لیون نے اسے اونچی آواز میں پڑھا۔ ابلوشکی نے پیٹرس برگ سے لکھا تھا: "مجھے والی کا خط ملا ہے، وہ یہ کہ شودر میں ہیں اور کچھ ایسا ہے کہ ان کا کوئی انتظام ٹھیک نہیں ہو رہا ہے۔ مہربانی کر کے تم ان کے پاس چلے جاؤ اور انہیں مشورہ دو۔ تم ان کی مدد کر سکتے ہو اس لئے کہ سب کچھ جانتے ہو۔ تم سے مل کر وہ بہت خوش ہوں گی۔ وہ بیچاری بالکل اکیلی ہیں۔ میری ساس اور سارے لوگ ابھی تک ملک سے باہر ہیں۔"

"یہ تو بہت ہی اچھی بات ہے! ضرور ان کے پاس جاؤں گا" لیون نے کہا۔ "چلئے ساتھ چلتے ہیں۔ والی بہت اچھی ہیں، ہے نہ؟"

"شودر لوگ کہاں سے پاس ہی ہیں؟"

"کوئی تیس درست سے ہو سکتے ہیں میل۔ مگر سڑک بہت اچھی ہے۔ سفر بڑا اچھا رہے گا۔"

"بڑی خوشی کی بات ہے" سرگئی ایوانووچ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

اپنے بھولے بھائی کو دیکھ کر غیر شعوری طور پر وہ بھی بہت خوش ہو گئے تھے۔

"بھوک تمہیں کتنی لگی تھی!" انہوں نے اس کے پلیٹ پر جھکے ہوئے کمرے سرخ، سنولائے چہرے اور گردن کو دیکھ کر کہا۔

"کتنا اچھا رہا! آپ کو یقین نہیں آئے گا کہ اس طرح کا معمول ہر قسم کی بد قوتی میں کتنا مفید ہوتا ہے۔ میں سب میں ایک اور اصطلاح کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں، 'ورزشی' (4)۔"

"لیکن تمہیں تو لگتا ہے اس کی کوئی ضرورت نہیں۔"

"ہاں مگر مختلف اعصابی بیماریوں کے لئے۔"

"ہاں، اس کو آزمانا چاہئے۔ ویسے میں بھی گھاس کی کٹائی پر آنا چاہتا تھا تمہیں دیکھنے کے لئے لیکن گرمی نے بالکل بدحواس تھی کر میں جنگل سے آگے نہیں گیا۔ تھوڑی دیر وہیں بیٹھا اور پھر جنگل سے ہو کر کسانوں کی بستی میں چلا گیا۔ وہاں تمہاری انا سے ملاقات ہو گئی اور ان سے میں نے تو لی کہ کسان تمہارے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں۔ میں تو یہ سمجھا کہ وہ اس کو ٹھیک نہیں سمجھتے۔ تمہاری انا نے کہا "یہ مالک لوگوں کا کام نہیں ہے"۔ مجھے لگتا ہے کہ عام طور سے لوگوں کی سمجھ میں "مالک لوگوں کی" جیسا کہ وہ انہیں کہتے ہیں سرگئی کے معاملات بہت ناپسندگی کے ساتھ حسین ہیں۔ اور وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ مالک لوگ اپنے مقررہ حدود سے باہر نکلیں۔"

"ہو سکتا ہے۔ لیکن مجھے تو ایسی خوشی حاصل ہوتی ہے جو میں نے ساری زندگی کبھی نہیں محسوس کی۔ اور برائی تو اس میں آخر کوئی ہے نہیں۔ کیا یہ سچ نہیں ہے؟" لیون نے جواب دیا۔ "اب اگر انہیں پسند نہیں تو پھر کیا کیا جائے۔ اور سر حال میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی خاص بات نہیں ہے۔ ہاں؟"

"عام طور سے" سرگئی ایوانووچ نے اپنی بات جاری رکھی۔ "تم جیسا کہ میں دیکھ رہا ہوں، اپنے دن سے خوش اور مطمئن ہو۔"

"بہت مطمئن ہوں۔ ہم نے ساری چراگاہ کی گھاس کاٹ لی۔ اور ایک لاجواب بڑھئے سے میری دوستی بھی ہو گئی! آپ تصور بھی نہیں کر سکتے کہ یہ کتنی اچھی اور دلچسپ چیز ہے۔"

"تو تم اپنے دن سے مطمئن ہو۔ اور میں بھی۔ ایک تو میں نے فلسفے کے دو مسئلے حل کر لئے اور ایک بہت ہی اچھا حل ہے۔ ایک زیادہ سے بازی لے گئی ہے۔ میں تمہیں دکھاؤں گا۔ اور پھر میں نے اپنی اور تمہاری کل کی بات بیت کے بارے میں سوچا۔"

"کیا؟ کل کی بات بیت کے بارے میں؟" لیون نے کہا۔ وہ کھانے کے بعد مزے سے بیٹھا ہوا آنکھیں

تھا اور پھر ابھر کر سامنے لے رہا تھا۔ یہ یاد کہ کل کی یہ بات چیت کس چیز کے بارے میں تھی، ہر گز اس کے بس میں نہ تھا۔

"میں اس نتیجے پر پہنچا کہ ایک حد تک تم ٹھیک کہتے ہو۔ ہمارا اختلاف رائے اس بات میں ہے کہ تمہاری مثار کو محرک قرار دیتے ہو اور میں یہ کہتا ہوں کہ عام بہبود سے دلچسپی ہر اس شخص میں ضرور ہونی چاہئے جو علم کے معروف زینے پر کھڑا ہو۔ ہو سکتا ہے تم یہ بات بھی ٹھیک کہتے ہو کہ ایسی سرگرمی زیادہ پسندیدہ ہوگی جس میں مادی دلچسپی بھی شامل ہو۔ عام طور سے تمہاری فطرت، جیسا کہ فرائیسی کہتے ہیں، ممکنہ پرہم سو جیز (5) ہے۔ تم چاہتے ہو پرجوش اور پر قوت سرگرمی یا پھر کچھ نہیں۔"

لیون نے بھائی کی بات سنی لیکن اس کی سمجھ میں ہرگز کچھ نہیں آیا اور وہ سمجھنا چاہتا بھی نہیں تھا۔ اسے بس یہ ڈر تھا کہ بھائی اس سے کہیں کوئی ایسا سوال نہ پوچھ لیں جس سے یہ ظاہر ہو جائے کہ وہ کچھ نہیں سن رہا تھا۔

"تو یہ ہے دوست" سرگی ایوانووچ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

"ہاں، ظاہر ہے ــــ لیکن پھر کیا ہوا میں اپنی بات پر اصرار نہیں کرتا" لیون نے بچوں کی طرح فکر مند انداز میں مسکراتے ہوئے کہا۔ "میں بحث کس چیز کے بارے میں کر رہا تھا؟" اس نے سوچا۔ "ظاہر ہے کہ میں ٹھیک کہتا ہوں اور وہ بھی ٹھیک کہتے ہیں اور سب کچھ بالکل ٹھیک ہے۔ بس صرف یہ کہ مجھے جانا چاہئے، انتظامات کرنے کے لئے۔" وہ انگڑائی لے کر مسکرانا ہوا کھڑا ہو گیا۔

سرگی ایوانووچ بھی مسکرائے۔

"کچھ سے جانا چاہتے ہو تو ساتھ ہی چلیں" انہوں نے کہا اس لئے کہ وہ بھائی سے جدا نہ ہونا چاہتے تھے جس سے تازگی اور توانائی کی کرنیں سی پھوٹ رہی تھیں۔ "چلو، تمہیں ضرورت ہو تو فرنیس بھی ہو لیتا۔"

"باپ رے، میں اتنی دور سے چلا یا کہ سرگی ایوانووچ ڈر گئے۔

"کیا ہوا تمہیں، کیا ہوا؟"

"اگا یا یہ کیڑوں کا ہاتھ کیسا ہے؟" لیون نے اپنے سر پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا۔ "میں تو ان کے بارے میں بالکل بھول ہی گیا تھا۔"

"بہت برا ہے۔"

"پھر بھی میں ذرا کسان کے پاس جاتا ہوں۔ آپ تو بی بھی نہ پھن پائیں گے اور میں واپس آجاؤں گا۔" اور وہ گھوڑے کی طرح ایڑیوں سے مزاد مزکر تا ہوا اسٹیبل بوائے کی طرف چل دیا۔

7

جب استی پان ارکاد ٹچ اپنی سب سے قدرتی اور سب سے ضروری ذمہ داری پوری کرنے کے لئے جس سے سبھی سرکاری عہدیدار اچھی طرح واقف ہوتے ہیں حالانکہ وہ دوسرے لوگوں کی سمجھ میں بالکل ہی نہیں آتی ــــ یعنی وزارت میں اپنے وجود کے بارے میں یاد دلانے کے لئے پیٹرس برگ آئے تھے جس کے بغیر سرکاری عہدے پر برقرار رہنا ممکن ہی نہیں ہوتا، اور اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے سلسلے میں گھر سے تقریباً ساری رقم لے کر چلے آئے تھے اور گذشتہ دنوں میں اور مضافاتی بنگلوں میں بڑی خوشی وقت گزار رہے تھے، بھی ڈالی بچوں کو لے کر گاؤں چلی گئی تھیں تاکہ اخراجات کو جہاں تک ہو سکے کم کر دیں۔ وہ بھی گرشوہ گاؤں آئی تھیں

وہ انہیں چیزیں ملا تھا۔ اسی کے جنگل کو بہار میں فروخت کیا گیا تھا۔ یہ گاؤں لیون کے گاؤں سے پکوڈ نکیے سے بچاس درست کے فاصلے پر تھا۔

یہ گرشوہ کا بڑا پرانا مکان تھا جب کاکر اوایا گیا تھا لیکن پرنس شیربا تسکی ہی نے وہاں ایک نئی مکان بنوایا اور جدید کرائے اور بڑا کر دایا تھا۔ کوئی بیس سال پہلے 'جب ڈالی بچی تھیں' یہ نئی مکان خاصی کچا خش بنا دا اور آرام دہ تھا حالانکہ سارے نئی مکانوں کی طرح اس کا ایک پہلو نقاسی کی گلی کی طرف تھا اور دوسرا جنوب کی طرف۔ لیکن اب یہ نئی مکان پرانا اور شکستہ ہو چکا تھا۔ جب استی پان ارکاد ٹچ ساں بہار میں جنگل بیچنے آئے تھے تو ڈالی نے ان سے کہا تھا کہ وہ اس مکان کا جائزہ لے کر اس کی ضروری مرمت کرنے کا حکم دے دیں۔ استی پان ارکاد ٹچ نے 'سارے قصوروار شوہروں کی طرح جو اپنی بیوی کے آرام کی بڑی فکر رکھتے ہیں' خود مکان کا جائزہ لیا اور اپنی سمجھ کے مطابق انہوں نے ساری ضروری چیزوں کے ٹھیک ٹھاک کئے جانے کا بندوبست کر دیا۔ ان کی سمجھ کے مطابق سارے قرنیچر پر نیا کور چڑھایا جانا تھا، پردے لگائے جانے تھے، باغ کی صفائی کرنی تھی، تالاب کے پاس ایک چھوٹا سا پل بنانا تھا اور پھولوں پودے لگانے تھے۔ لیکن دوسری بہت سی ضروری چیزوں کو بھول گئے جن کی وجہ سے ایسی کیاں رہ گئیں جنہوں نے بعد کو داریا الکسانڈرونا کو بہت تکلیف پہنچائی۔

استی پان ارکاد ٹچ فکر اور خیال رکھنے والے باپ اور شوہر بننے کی جو کوشش کیوں نہ کرتے رہے ہوں، انہیں کسی طرح یہ یاد ہی نہ رہتا تھا کہ ان کے بیوی بچے بھی ہیں۔ ان کے ذوق کتابوں والے تھے اور انہیں کے انداز میں وہ سوچتے اور تصور کرتے تھے۔ جب وہ ماسکو واپس آئے تو انہوں نے بیوی کو بڑے فخر کے ساتھ اطلاع دی کہ سب کچھ تیار ہو گیا ہے، مکان تو بالکل کھلونے کی طرح خوبصورت اور دلکش ہو جائے گا اور یہ کہ بیوی کے لئے ان کا تو زور دار مشورہ یہی ہے کہ وہ چلی جائیں۔ بیوی کا گاؤں چلا جانا استی پان ارکاد ٹچ کے لئے ہر اعتبار سے بہت ہی خوشگوار تھا۔ بچوں کے لئے بھی اچھا رہے گا، خرچ بھی کم ہو جائے گا اور وہ خود آزاد بھی رہیں گے۔ داریا الکسانڈرونا گرمیوں بھر کے لئے گاؤں چلے جانے کو بچوں کے لئے اور خاص طور سے چھوٹی بچی کے لئے ضروری سمجھتی تھیں، جو لال بخار کے بعد پوری طرح تندرست نہ ہو سکی تھی اور پھر اس لئے بھی کہ چھوٹی چھوٹی توپوں سے 'مکھی والے' 'مچھلی والے' 'جوتوں والے' کے چھوٹے چھوٹے قرشوں سے نجات مل جائے گی جن سے انہیں بڑی الجھن تھی۔ اس کے علاوہ گاؤں جانا ان کے لئے اس راستے بھی خوشگوار تھا کہ وہ اپنی بہن کیٹی کو بہلا پھسلا کر بلانے کے خواب بھی دیکھ رہی تھیں جو بیاہ کر میلوں تک پردیس سے ضروری لوٹ آنے والی تھی اور ڈاکٹر نے اسے تیرنے کی ہدایت کی تھی۔ کیٹی نے پشکوں والی صحت گاہ سے لکھا تھا کہ اسے کسی چیز سے اتنی طرفی نہیں ہوئی تھی اس خیال سے کہ وہ گرمیاں ڈالی کے ساتھ برگوشوہ میں گزارے گی جس سے ان دونوں کے بچپن کی یادیں وابستہ تھیں۔

شروع میں ڈالی کے لئے گاؤں کی زندگی بہت ہی کٹھن تھی۔ وہ گاؤں میں بالکل نئی تھیں اور ان کے ذہن میں یہ تاثر باقی رہ گیا تھا کہ گاؤں تو شہر کی ساری ناخوشگواریوں سے پناہ لینے کی جگہ ہے، گو زندگی اگرچہ وہاں خوبصورت تو نہیں تھی (اور ڈالی نے اس بات کو بہت آسانی سے گوارا کر لیا تھا) مگر کم خرچ اور آرام دہ تھی۔ وہاں سب کچھ ہوتا ہے، سب کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے، سب کچھ سستا ہوتا ہے اور بچوں کے لئے اچھا رہتا ہے۔ لیکن اب جب وہ مالکن کی حیثیت سے گاؤں میں پہنچیں تو انہوں نے دیکھا کہ کوئی بھی چیز ویسی نہیں ہے جیسی وہ سمجھتی تھیں۔

ان لوگوں کے پہنچنے کے دوسرے ہی دن بڑے لڑکوں کی بارات آگئی اور راہداری میں اور بچوں کے کمرے میں اتنا پانی پھیل گیا کہ پلنگوں کو اور اونچا کر دینا پڑا۔ سامان کی کمی کا احساس ہونے لگا تھا۔ لڑکیوں میں سے کسی نے یہ بتایا کہ 'مویشیوں کی دیکھ بھال کرنے والی کے کہنے کے مطابق بکھ کا بھن تھیں' بکھ پہلی بار حاملہ تھیں' بکھ بوڑھی ہو چکی تھیں اور بکھ سوکھے تھن کی تھیں۔ بچوں کے لئے کھیل اور دوسرے تک کافی نہ ہو سکتا تھا۔ اڈے نہیں تھے۔ مرغیاں حاصل کرنا ناممکن تھا۔ بڑے 'سخت اور کاہش سے مرغیوں کو ابالا اور بھونا جاتا۔ فرش دھونے صاف کرنے کے لئے کوئی عورت نہ تھی اس لئے کہ سب کاموں کی کمک ڈالی جا سکتی تھیں۔ گاڑی پر سیر کو جانا ممکن نہیں تھا اس لئے کہ ایک گھوڑا بہت کمزور تھا اور دوسرے سے اس کا ساتھ چھڑ جاتا تھا۔ نہانے کی کمی جگہ نہ تھی۔ ندی کے پورے کنارے کو مویشیوں نے روند ڈالا تھا اور سوکھے سے اس کا ساتھ چھڑ جاتا تھا۔ غسلخانے کے لئے جانا بھی ناممکن تھا اس لئے کہ ٹوٹی ہوئی باڑہ میں سے مویشی باغ میں آجاتے تھے اور ایک دن ایک سانڈ گھس آیا تھا اور اس نے کافی نقصان کیا۔ کسی کو سونگھ سکتا تھا۔ کپڑے رکھنے کے لئے الماریاں تھیں ہی نہیں اور یہ تھیں وہ ایس کہ ان کے پاس سے کوئی گزر نہ ہو سکتا تھا۔ برتن دھونے نہیں تھے' حفاظی خانے کے لئے باہری نہیں تھی بلکہ لوگرائی کی کوٹھری میں استری کرنے کی میز تھی۔

شروع میں اس 'ڈالی کے نقطہ نظر سے 'بھیانک' صورتحال میں بچ جانے سے آرام اور سکون ملنے کی بجائے ان کے تو ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ انہوں نے اپنے بس بھر بڑے تھن کئے' صورتحال کی بہتری کی کوئی امید نہ ہونے کو محسوس کیا۔ بار بار انہیں اپنے آنسوؤں کو ضبط کرنا پڑا جو بات بات پر ان کی آنکھوں میں بھر آتے تھے۔ ماضی سابق سارجنٹ تھا جو اطاعتی کو اتنا پہچانتا تھا کہ انہوں نے خدمتگار سے کام لینا اس لئے کہ وہ دیکھنے میں بہت ہی بوڑھا تھا اور بڑے احترام کے ساتھ پیش آتا تھا۔ لیکن وہ اور ڈاکٹر ساندرو کی معیت میں کسی طرح کے بھی شریک ہونے بغیر ان سے بڑے احترام کے ساتھ کتنا سوگ اتنے برسے ہیں کہ کسی طرح بھی کم نہیں ہیں اور کسی بھی چیز میں مدد نہیں دیتا۔

صورتحال بالکل ایسی تھی کہ کوئی راہ چارہ نظر نہ آتی تھی۔ لیکن اطاعتی گھرانے میں 'سارے بال بچوں والے گھرانوں کی طرح ایک بالکل نظر نہ آنے والی لیکن انتہائی اہم اور انتہائی کارگر' شے تھیں۔ ماتریونا غلیبونوفنا۔ انہوں نے ماکن کو اطمینان دلایا 'نہیں تھیں دلایا کہ سب ٹھیک ہو جائے گا اور ان کا قول تھا اور ماتویئی نے انہیں سے سیکھا تھا اور خود انہوں نے بغیر کسی جلدی اور پریشانی کے عمل کرنا شروع کیا۔

انہوں نے فوراً ہی عطار کی بیوی سے جان پہچان پیدا کی اور پہلے ہی دن انہوں نے اس کے اور عطار کے ساتھ 'اکاتیا کے پیڑ کے نیچے بیٹھ کر چائے پی اور سارے معاملات پر بحث کی۔ جلد ہی اکاتیا کے پیڑ کے نیچے ماتریونا غلیبونوفنا کا کلب بن گیا جو عطار کی بیوی 'گاؤں کے کھیا اور منشی پر مشتمل تھا۔ اسی کلب کے ذریعے زندگی کی کٹھن آسانیاں بکھ کم ہونی شروع ہو گئیں اور پہلے بھر میں واقعی سب بکھ ٹھیک ہو گیا۔ چاست کی مرمت ہو گئی' ایک بار چھن ڈل گئی' بکھیا کی رشتے دار تھی' مرغیاں خریدی گئیں' دودھ ملنے لگا اور بڑے گاؤ کسان کی باڑہ ٹھیک کر دی گئی۔ بڑھئی نے گاڑی کی مرمت کی' الماریوں میں کنڈیاں لگا دی گئیں اور کھولے بغیر ہی ان کا کھل جانا بند ہو گیا' اور آرام کرسی کے پہلے اور دراوں کی الماری کے اوپر نرمی سونے کپڑے سے ڈھکا ہوا تختہ رکھ کر استری کرنے کی میز تیار کی گئی اور نوکرانیوں کے کمرے میں استری کی مشک لگ گئی۔

"بچے سب ہو گیا' اور آپ اناجی پھوپھو کر رہی تھیں" ماتریونا غلیبونوفنا نے استری کے تختے کو دکھاتے

ہوئے کہا۔

بادلوں کی تہوں سے ایک قسم خاد بھی جھانکنے لگا۔ بلی نے نہانا شروع کر دیا اور گاؤں کی پرسکون تو نہیں لیکن آرام دہ زندگی کے بارے میں داریا الکساندروونا کی توقعات تھوڑی بہت پوری ہونے لگیں۔ بچوں کے ساتھ داریا الکساندروونا کو سکون تو حاصل ہی نہ ہو سکتا تھا۔ ایک پیار چھ جاتا تو دوسرا پیار ہونے والا ہوتا' تبدیلے کو کسی چیز کی ضرورت ہوتی تھی' چھوٹے میں خراب کرداری کی کوئی علامت نظر آتی رہتی تھی۔ سکون کی تو قطعی نہیں شاذ و نادر ہی نصیب ہوتیں۔ لیکن یہی فکریں اور پریشانیاں داریا الکساندروونا کے لئے طرح طرح کا دلآویز اسکان تھیں۔ اگر یہ نہ ہوتیں تو وہ شوہر کے بارے میں 'جو ان سے محبت نہیں کرتے تھے' اپنے خیالات کے ساتھ اکیلی رہ جاتیں۔ لیکن اس کے علاوہ ماں کے لئے بچوں کا پیار اور خود بچوں میں بڑے ہونے کا جذبہ دیکھنے کا رجحان چاہے کتنا ہی تخلیقی رہا ہو خود بچے ہی بچوں کی طرف سے ان کے ذہن کی تلاش کر دیتے تھے۔ سے طرح طرح کی خوشیاں داخل ہوتی تھیں کہ وہ نظر نہ آتی تھیں' جیسے ریت میں سونا کہ بڑے لوگوں میں وہ صرف ریت' صرف ریت ہی کو دیکھتی تھیں لیکن اٹھنے لے ہی ہوتے تھے جب نہیں صرف خوشی' صرف سونا ہی نظر آتا تھا۔

اب گاؤں میں آکر اس خوشی کو وہ اکثر و بیشتر محسوس کرنے لگی تھیں۔ اکثر بچوں کو دیکھ کر وہ اپنے آپ کو یہ یقین دلانے کی ہر ممکن کوشش کرتی تھیں کہ وہ غلط سمجھ رہی تھیں کہ وہ ماں ہونے کی بنا پر اپنے بچوں کی عادات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتی تھیں۔ پھر بھی وہ اپنے آپ سے یہ کہے بغیر نہ رہ سکتی تھیں کہ ان کے بچے بہت ہی اچھے ہیں' سب بچوں کے بچے۔ سب الگ الگ طرح کے تھے لیکن ایسے تھے جیسے کم ہی ہوتے ہیں۔ اور یہ سوچ کر وہ خوش ہوتی اور ان پر فخر کرتی تھیں۔

۶

سخی کے آخری جب کہ وہ بیش سب بکھ ٹھیک ہو گیا تھا انہوں نے گاؤں کی بہ تعلقی کے بارے میں شوہر کو ہر ہفتہ باقاعدگی سے لکھی تھیں ان کا جواب ملا۔ شوہر نے انہیں لکھا تھا کہ وہ اس بات کے لئے سعادتی چاہتے ہیں کہ انہوں نے ساری چیزوں کے بارے میں سوچا تھا اور یہ وعدہ کیا تھا کہ جیسے ہی ممکن ہو گا ویسے ہی وہ خود آئیں گے۔ لیکن یہ امکان پیدا ہی نہیں ہوا اور داریا الکساندروونا شروع جون تک گاؤں میں اکیلی ہی رہیں۔

یوم تعطیل بلیر سے پہلے والے اتوار کو داریا الکساندروونا سب بچوں کو خیرات بخشانے کے لئے لے گئیں۔ داریا الکساندروونا اپنی بہنوں' ماں اور دوستوں کے ساتھ وہ عالی غسلخانہ بات بیت میں تو زیادہ کے سلسلے میں اپنی آزاد خیالی سے سب کو حیرت میں ڈال چکی تھیں۔ ان کا کیبن قریب قریب تاج کا ایک اپنا خصوص ڈبہ تھا جس پر انہیں پکا یقین تھا اور انہیں کلیسا کے کڑا صولوں کی کوئی پروا نہ تھی۔ لیکن اپنے خاندان میں اور صرف اس لئے نہیں کہ مثال قائم کریں بلکہ سچے دل سے 'وہ کلیسا کے سارے معاملات بڑی تختی کے ساتھ پورے کرتی تھیں اور وہ اس بات سے بہت پریشان تھیں کہ پچھلے سال بھر سے خیرات بخشنے کے لئے عدالت سائی میں نہیں گئے تھے اور ماتریونا غلیبونوفنا کی پوری تائید اور ہمدردی کے ساتھ انہوں نے اب یہ کام کرنے میں کرنے کا فیصلہ کیا۔

کئی دن پہلے سے داریا الکساندروونا یہ سوچ رہی تھیں کہ سارے بچوں کو کیسے کپڑے پہنائے جائیں

فراکیں سی گئیں، ان میں تبدیلیاں کی گئیں اور وہ سوکھی گئیں۔ دامن کھول کر بڑھائے گئے اور بانہیں کھولی اور ڈھیلی کی گئیں۔ بٹنیں اور پھیتے ٹانکے گئے۔ بس صرف نانیا کی فراک کے سلسلے میں 'بے' اگریز گورنس نے بیچ کے لئے لے لیا تھا' واریا الکساندروونا کا بیان چلا۔ اگریز گورنس نے اسے کھول کر بھرے بیچ میں پلیٹیں لگا دیں تھیں' آستین کے لئے موڑھے بہت بڑے کر دیئے تھے اور فراک بالکل ہی خراب کر دی تھی۔ نانیا کے کندھے پر وہ اتنی کس جاتی تھی کہ دیکھ کر تکلیف ہوتی تھی۔ لیکن ماتریونا فلیمونوونا کو یہ سوجھ گئی کہ اس میں گلیاں لگا دیں اور کندھے پر جالی کی جھالر لگا دی۔ فراک تو ٹھیک ہو گئی لیکن اگریز گورنس سے تقریباً جھگڑا ہو گیا۔ مگر صبح کو سب ٹھیک ٹھاک ہو گیا اور نو بجے کے قریب جس وقت نکولائیوچ سے ملاقات کے لئے انتظار کرنے کی درخواست کی تھی' بچے خوشی سے دمکتے ہوئے' سلیقے کے کپڑے پہنے ہوئے بگھی گاڑی کے پاس برساتی کے سامنے کھڑے ماں کے آنے کا انتظار کر رہے تھے۔

گاڑی میں بھرنے والے گھوڑے دوران کو بدل کر فلاور کے گھوڑے پوریئی کو دے دیا گیا تھا۔ ماتریونا فلیمونوونا کی سرپرستی کا نتیجہ تھا۔ واریا الکساندروونا بھی جنہیں اپنے سنگار کے بارے میں فکر مند ہونے کی وجہ سے دیر ہو گئی تھی' سلیقہ طمل کا لباس پہنے ہوئے آئیں اور گاڑی میں بیٹھ گئیں۔

واریا الکساندروونا نے بڑی احتیاط اور دھیان کے ساتھ کپڑے پہلے اور بال بنائے تھے۔ پہلے وہ صرف اپنے لئے اچھے کپڑے پسند تھیں کہ خوبصورت لگیں اور دوسرے انہیں پسند کریں۔ بعد کو جیسے جیسے ان کی عمر زیادہ ہوتی گئی ویسے ویسے انہیں اچھے کپڑے پہننا اور بنا ٹھنا کر گرجے جانا دوبھر لگنے لگا۔ وہ سمجھتی تھیں کہ تھکی ہوئی ہو گی ہیں۔ لیکن اب بھی وہ خوشی اور دھیان کے ساتھ بچے سنوارنے لگی تھیں۔ اب وہ اپنے لئے 'اپنی خوبصورتی کے لئے نہیں بلکہ اس لئے اچھی طرح کپڑے پہنتی تھیں کہ ان پیارے پیارے بچوں کی ماں کی حیثیت سے عام ناز کو خراب نہ کریں۔ اور آئینے میں آخری بار دیکھ کر وہ اپنے آپ سے مطمئن ہو گئیں۔ وہ خوبصورت تھیں' اس طرح تو نہیں جس طرح پہلے تھیں' جیسی چاہتی تھیں کہ بالوں میں دکھائی دیں لیکن اس مقصد کے لئے اب بھی خوبصورت تھیں جو اب ان کے سامنے تھا۔

گرجے میں سوائے کسانوں' نوکروں اور ان کی عورتوں کے اور کوئی نہیں تھا۔ لیکن واریا الکساندروونا نے دیکھا یا انہیں لگا کہ انہوں نے دیکھا کہ سارے لوگ ان کو اور ان کے بچوں کو تعریفی نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ بچے صرف اسی وجہ سے اچھے نہیں لگ رہے تھے کہ وہ عمدہ کپڑے پہنے ہوئے تھے بلکہ وہ اس لئے پیارے بھی لگ رہے تھے کہ وہ سب بہت اچھی طرح جانتے تھے کہ وہ کیسے دیکھے جا رہے ہیں۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ ایلیوشا بھی طرح کھڑا نہیں رہا' وہ سارے وقت مڑ مڑ کر اپنے کوٹ کا پیچھا دیکھنا چاہتا تھا پھر بھی وہ غیر معمولی طور پر پیارا لگ رہا تھا۔ نانیا بڑی بڑی رگ کی طرح کھڑی رہی اور اس نے چھوٹے بچوں پر نظر بھی رکھی۔ لیکن سب سے پاسوانی لیلی تھی جو ہر چیز پر اپنی بھوں حیرت کی وجہ سے بہت ہی پیاری لگ رہی تھی اور جب خوبصورت ملے پر اس نے کہا "پلیز اسم سوما" (6) تب تو مسکرا ہٹ خیال کو مشکل ہو گیا۔

گھر واپس آتے ہوئے بچے یہ محسوس کر رہے تھے کہ کوئی بہت اہم اور مقدس کام ہوا ہے اور وہ سب بہت ہی چپ چاپ رہے۔

گھر بھی سب ٹھیک ہی رہا لیکن لنچ کے وقت گریشا نے پھر بھاگنا شروع کر دیا اور سب سے خراب بات یہ ہوئی کہ اس نے گورنس کی بات بھی نہیں مانی۔ چنانچہ اسے کھانے کے بعد مٹھی پائی نہیں دی گئی۔ واریا

الکساندروونا نے ایسے دن اگر وہ ہاں موجود ہوتیں تو سزا کی توہین سے آنے دی ہوتی لیکن اب گورنس کی حمایت کرنا اور اس کی بات رکھنا ضروری تھا اور انہوں نے بھی اس کے فیصلے کی تائید کر دی کہ گریشا کو مٹھی پائی نہیں ملے گی۔ اس سے عام خوشی کی فضا ناگوار ہو گئی۔

گریشا رونے لگا اور اس نے کہا کہ نکولائیوچ بھی سچی بھاریا تھا لیکن اسے سزائیں دی گئی اور وہ پائی کے لئے نہیں رو رہا تھا' اس کی اسے کوئی پروا نہیں' بلکہ اس بات پر رو رہا تھا کہ یہ انصافی ہے۔ یہ تو بہت ہی دکھانے والی بات تھی اور واریا الکساندروونا نے طے کیا کہ وہ گورنس سے بات کر کے گریشا کو معافی دلوا دیں گی۔ وہ گورنس کی طرف چلیں۔ لیکن ہال میں سے گزرتے ہوئے وہاں انہوں نے ایسا منظر دیکھا کہ ان کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ من کامل خوشی سے معمور ہو گیا اور انہوں نے مجرم کو خود ہی معاف کر دیا۔

سزا یافتہ گریشا ہال میں کونے والی کھڑکی پر بیٹھا تھا اور اس کے پاس نانیا پیٹ لئے کھڑی تھی۔ نانیا نے یہ بہانہ بنایا کہ وہ اپنی گڑیا کو کھانا کھلانا چاہتی ہے' اگریز گورنس سے اجازت مانگی کہ وہ اپنے حصے کی پائی لے کر بچوں کے کمرے میں چلی جائے اور بھائی کے پاس آ گئی۔ اسے یہ سزا برداشت کرنی بڑی تھی کہ بھائی کی بے انصافی پر بدستور روتے ہوئے وہ پائی بھی کھا رہا تھا اور نانیا اس کے لئے لائی تھی اور سکیوں کے بیچ میں کہہ رہا تھا "تم خود بھی تو کھاؤ۔ دونوں ساتھ ساتھ کھاتے ہیں۔"

شروع میں نانیا پر گریشا کے لئے رحم کا جذبہ طاری رہا اور بعد کو اسے اپنے لئے بھی کافی دکھ محسوس ہوا اور اس کی آنکھوں میں بھی آنسو بھر آئے۔ لیکن اس نے اظہار نہیں کیا اور وہ بھی اپنا حصہ کھانے لگی۔

ماں کو دیکھ کر وہ ڈر گئے لیکن جب دونوں کی نظریں ان کے چہرے پر پڑیں تو وہ سمجھ گئے کہ وہ کوئی اچھا کام کر رہے ہیں' وہ پائی سے بھرے مونہوں سے ہنسنے لگے اور انہوں نے مسکراتے ہوئے ہونٹوں کو ہاتھوں سے پونچھا اور اپنے دمکتے ہوئے چہروں کو آنسوؤں اور جیم سے پونچھ لیا۔

"اف میری ماں! آئی سفید فراک کا نانیا کر دیا!" ماں نے فراک کو بچانے کی کوشش کرتے ہوئے کہا لیکن ان کی آنکھوں میں آنسو تھے اور وہ ایک بار کہہ کر خوشی اور ایمان کے ساتھ مسکرا رہی تھیں۔

نئے کپڑے اتار لئے گئے اور نوکروں کو بلاؤز اور نوکروں کو پرانے جیکٹ پہننے کا حکم دیا گیا اور گاڑی تیار کرنے کا حکم دیا گیا' "پوری رپئی کو جوت کر' جو کہ فلاور کو بہت برا لگا' تاکہ سب لوگ گھڑیاں جمع کرنے اور نہانے جائیں۔ خوشی کی چیخوں کا ایک طوفان بچوں کے کمرے میں اٹھا اور اس وقت تک تھما جب تک سب نہانے نہیں چلے گئے۔

سبھوں نے ٹوکری بھر گھڑیاں جمع کیں' یہاں تک کہ بیل کو بھی ایک گھڑی مل گئی۔ پہلے ایسا ہوتا تھا کہ سب ہال تلاش کر کے اسے دکھاتی تھیں لیکن آج اس نے خود ہی بڑی سی گھڑی ڈھونڈھ لی اور سبھوں نے بڑی خوشی کی چیخ نکالی کہ — "لیلی نے گھڑی ڈھونڈھ لی!"

اس کے بعد سب لوگ دریا کنارے گئے۔ گھوڑوں کو بھوج کے پیڑوں کے نیچے کھڑے کر کے سب نہانے چلے۔ کوچوان میخائیل نے گھوڑوں کو بڑے باندھ دیا جو دھوپ میں ہانپا کرتے تھے اور خود گھاس کو روندتا ہوا بھوج کے سائے میں لیٹ کر کافتہ میں تمباکو لپیٹ کر پینے لگا۔ نہانے کی جگہ سے بچوں کی خوشی کی مسلسل چیخیں اس کے پاس تک پہنچ رہی تھیں۔

اگرچہ سارے بچوں پر نظر رکھنا اور انھیں ان کی شرارتوں سے روکے رکھنا کافی مشکل کام تھا اور پھر ان سب جراثیموں اور جانکاہیوں اور جوؤں کو برداشت کرنا اور ہٹلے نہ دینا اور منہوں اور قمیصوں کو کھولنا اور باندھنا اور پھر یہ کہ اور باندھنا آسان نہیں تھا لیکن واریا الکساندر ووونا کو بچوں سے بہت محبت تھی اور وہ اسے بچوں کے لئے ضروری سمجھتی تھیں۔ انھیں کسی چیز سے اتنی خوشی نہیں ہوتی تھی جتنی سارے بچوں کے ساتھ نہانے سے۔ ان سارے گدبدے پاؤں کو پکڑنا، ان پر جرابیں چڑھانا، ان کے ننگے جسموں کو اپنے ہاتھ میں لینا اور انھیں ہلکی گلابی اور ان کی کبھی کبھی خوشی کی وجہ سے ہلکی ہلکی سسکاریوں کے ساتھ نہانے اور کھلی ہوئی ڈری ڈری سی پر مسرت آنکھوں والے چہروں کو اپنے ان چھوٹے چھوٹے ننھے فرشتوں کو نہلانا ان کے لئے بڑی خوشی تھی۔

جب آدھے بچوں کو کپڑے پہنائے جا چکے تھے تب غسل خانے کے پاس کچھ اور سپاہی کسان عورتیں اور بچیاں پیسے جارہی تھیں، جھجکتے ہوئے آئیں اور کھڑی ہو گئیں۔ ساتریوا فلیمونوونا نے ایک سے پار کر کہا کہ وہ چادر اور قمیص سکھانے کے پانی میں ڈوب گئی تھیں۔ اور واریا الکساندر ووونا عورتوں سے باتیں کرنے لگیں۔ عورتیں پہلے تو منہ پر ہاتھ رکھ کر ہنستی رہیں اس لئے کہ سوال ان کی سمجھ میں نہ آتے تھے لیکن پھر ان کی ہمت بندھی اور وہ باتیں کرنے لگیں۔ اور بچے دل سے بچوں کی تعریف کرکے انھوں نے تو واریا الکساندر ووونا کو خوش کر لیا۔

"دیکھ تو کتنی خوبصورت ہے، سفید بالکل جیسے شکر" ایک نے نہایا کی تعریف کرتے ہوئے اور سر ہلاتے ہوئے کہا۔ "مگر دبلی ہے۔"

"ہاں بیمار تھی۔"

دوسری نے کود کے بچے کو دیکھتے ہوئے کہا "اور مطلب یہ کہ تجھ کو بھی نہ دیا۔"

"نہیں تو بھی ہو تو تین مہینے کا ہے" واریا الکساندر ووونا نے فخر کے ساتھ کہا۔

"اے ہے!"

"اور تمہارے بچے ہیں؟"

"تھے تو چار، دو رہ گئے ہیں، ایک لڑکا ایک لڑکی۔ ابھی پچھلے ہی مہینے تو اس کا دودھ چھڑایا ہے۔"

"اور کیا عمر ہے اس کی؟"

"دو سال ہو رہا ہے۔"

"اسے زیادہ دن کیوں پلایا؟"

"ہمارا دستور ہی یہی ہے۔ تین سو دنوں بھر۔"

اور بات چیت واریا الکساندر ووونا کے لئے بڑی ہی دلچسپ ہو گئی۔ شوہر کیسا ہے؟ بیماری کون سی تھی؟ شوہر کہاں ہیں؟ یہاں آکر آتے ہیں؟

واریا الکساندر ووونا ان عورتوں کے پاس سے جانا نہیں چاہتی تھیں۔ ان کے ساتھ بات چیت اتنی دلچسپ ہو گئی تھی، ان کی دلچسپیاں اس قدر ایک ہی جیسی تھیں، اور واریا الکساندر ووونا کے لئے سب سے خوشگوار بات یہ تھی کہ انھوں نے صاف دیکھا کہ کیسے یہ عورتیں سب سے زیادہ اس بات پر خوش ہیں اور اس کی تعریف کرتی ہیں کہ ان کے کتنے بہت سے بچے ہیں اور وہ کتنے اچھے اور خوبصورت ہیں۔ عورتوں نے اس بات پر تو واریا الکساندر ووونا کو بہت بھی دیا اور اگریفر کورنس کو یہ برا بھی لگا کہ اس ہنسی کا سبب وہ تھی جو اس کی بالکل سمجھ ہی میں نہ آتی تھی۔ ایک نوجوان کسان عورت اگریفر کورنس کو گلے لگا رہی تھی اور سب کے بعد کپڑے پہن رہی تھی اور جب اس نے تیرا سیاہ پستان کسان عورت سے نہ رہا گیا اور اس کے منہ سے نکل ہی گیا "دیکھو تو، ٹھیک کسی مویشی کی طرح کتنا موٹا ہے" اس نے کہا اور سبھوں نے زوروں سے قہقہہ لگایا۔

سب نہائے ہوئے اور کپڑے پہنے ہوئے بچوں میں گھری ہوئی واریا الکساندر ووونا اپنے سر پر رومال باندھے گھر کے قریب پہنچ رہی تھیں کہ کوچوان نے کہا:

"کوئی صاحب آرہے ہیں، لگتا ہے بگھی لئے ہوئے ہیں۔"

واریا الکساندر ووونا نے سامنے جھانک کر دیکھا اور سرخی سفید اور سرخی اور کوٹ پہنے لیوین کی جانی پہچانی شکل کو دیکھ کر خوش ہو گئیں، وہ ان لوگوں کی طرف ہی آرہا تھا۔ انھیں یوین سے مل کر خوشی تو ہمیشہ ہی ہوتی تھی لیکن اس وقت وہ خاص طور سے خوش ہوئیں کہ وہ انھیں ان کی پوری آن بان میں دیکھے گا۔ ان کی شان و شوکت کو اور اس بات کو کہ وہ کس چیز میں تھی لیوین سے بہتر کوئی نہ سمجھ سکتا تھا۔

لیوین نے جب انھیں دیکھا تو یہ محسوس کیا کہ جیسے وہ گھریلو زندگی کی اپنی کبھی کی تصور کی ہوئی تصویر کے سامنے کھڑا ہو۔

"واریا الکساندر ووونا آپ تو بالکل ایسی لگ رہی ہیں جیسے مرغی اپنے چوزوں میں بیٹھی ہو۔"

"ہائے میں کتنی خوش ہوں!" انھوں نے کہا اور اس کی طرف ہاتھ بڑھایا۔

"خوش ہیں لیکن آپ نے تو خبر بھی نہیں دی۔ میرے ہاں ہوائی ٹھہرے ہوئے ہیں۔ کچھ تو استیپان ارکادیچ آپ یہاں ہیں۔"

"استیپان ارکادیچ" واریا الکساندر ووونا نے تعجب کے ساتھ پوچھا۔

"ہاں" انھوں نے لکھا کہ آپ یہاں آگئی ہیں اور ان کا خیال ہے کہ آپ مجھے کسی نہ کسی طرح سے اپنی مدد کرنے کی اجازت دیں گی" لیوین نے یہ کہا اور کہتے کہتے وہ کچھ گھبرا سا گیا اور چپ ہو گیا۔ اور چپ چاپ ہی گاڑی کے برابر چلتا اور سامنے آتی ہوئی مویشی کی شاخوں کو توڑتا اور راستوں سے ہٹاتا رہا۔ وہ گھبرا اس لئے گیا تھا کہ اسے خیال ہوا کہ واریا الکساندر ووونا کو ان معاملات میں باہر کے شخص کی مداخلت اچھا نہیں لگے گا جنہیں ان کے شوہر کو انجام دینا چاہئے تھا۔ واریا الکساندر ووونا کو واقعی اسٹیپان ارکادیچ کی یہ عادت پسند نہیں تھی کہ اپنے گھریلو کاموں کو عورتوں کے سر باندھ دیں۔ اور وہ فوراً ہی سمجھ گئیں کہ لیوین اس بات کو سمجھتا ہے۔ اسی سمجھداری کی مناسبت اور اسی شائستگی کی وجہ سے تو واریا الکساندر ووونا لیوین کو چاہتی تھیں۔

لیوین نے کہا "ظاہر ہے کہ اس سے میں یہی سمجھا کہ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ آپ مجھ سے ملنا چاہتی ہیں اور مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ ظاہر ہے میں یہ تصور کر سکتا ہوں کہ آپ جیسی شہری گرہستن کو یہاں بالکل ہنگلی ماحول لگتا ہوگا اور اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو میں آپ کی خدمت کے لئے ہر طرح سے حاضر ہوں۔"

"اے نہیں!" ڈالی نے کہا۔ "شروع شروع میں تو تکلیف ہوئی تھی لیکن اب تو سب بہت ہی اچھی طرح سے ٹھیک ٹھاک ہو گیا ہے میری بوڑھی آیا کی بدولت" انھوں نے ساتریوا فلیمونوونا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ ساتریوا فلیمونوونا سمجھ گئیں کہ ان کے بارے میں باتیں ہو رہی ہیں اور وہ لیوین کو دیکھ کر خوشی اور

اپنے پن کے ساتھ مسکرائیں۔ وہ لیون کو جانتی تھیں اور یہ بھی جانتی تھیں کہ یہ چھوٹی سی کے لئے اچھا ہے، اور چاہتی تھیں کہ یہ رشتہ پکا ہو جائے۔

انہوں نے لیون سے کہا "آپ اگر وینہ جائیے یہاں ہم اور اسٹیپ جائیں گے۔"

"نہیں میں یہیں ہی چلتا ہوں۔ پتہ نہیں میرے ساتھ گھوڑوں کے برابر ہے گا؟"

بچے لیون کو بہت ہی کم جانتے تھے۔ انہیں بالکل یاد نہیں تھا کہ کب اسے دیکھا تھا لیکن اس کے ساتھ برتاؤ میں انہوں نے اس جھجک اور غیریت کے اس عجیب احساس کا اظہار نہیں کیا جو بچوں کو اکثر بڑے لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے جو بچتے ہیں اور جس کے لئے انہیں اکثر سزا ملتی ہے۔ کسی بھی چیز میں بناوٹ اور تصنع سے اتنا دور اور سمجھدار آدمی بھی ہو سکتا ہے لیکن سمجھدار سے سمجھدار بچہ اسے فوراً ہی پہچان لیتا ہے اور اس سے نفرت کرتا ہے چاہے وہ کتنی ہی اچھی طرح چھپائے گئے ہوں۔ لیون میں اور بچا ہے بھی خامیاں رہی ہوں لیکن اس میں تصنع کا شائبہ تک نہیں تھا۔ اسی لئے بچوں نے بھی اس کے لئے ویسا ہی اپنا پن ظاہر کیا جیسا انہیں ماں کے چہرے پر نظر آیا۔ اس کی دعوت پر دونوں بڑے بچے اور اسی کو کر اس کے پاس پہنچ گئے اور اس کے ساتھ ویسی ہی سادگی سے رونے لگے جیسے آدمی کے ساتھ اس میں ہوں کے ساتھ ماں کے ساتھ رو رہے تھے۔ نیلی نے بھی اس کے پاس جانے کی اجازت مانگی اور ماں نے اسے لیون کی گود میں دے دیا۔ اس نے نیلی کو کندھے پر بٹھالیا اور اسے لئے لئے دوڑنے لگا۔

"اور بڑے مست گھوڑے ہیں اوبلونسکی!" اس نے خوش دلی کے ساتھ مسکراتے ہوئے ماں سے کہا "میں اسے گرنے ہی نہیں دوں گا۔"

اور اس کی سبھلی ہوئی پر قوت بڑی احتیاط کے ساتھ مگر مست اور بے صبی بھری چال کو دیکھ کر ماں کو اطمینان ہو گیا۔ اور خوش ہو کر انہوں نے تائیدی نظروں سے اسے دیکھا۔

یہاں دیہات میں بچوں کے ساتھ اور اس سے ہمدردی کرنے والی اوبلونسکی روڈنا کے ساتھ لیون پر بچانہ دلی کیفیت طاری ہو گئی جو اس پر اکثر ہو جاتی تھی اور خود اوبلونسکی روڈنا کو بھی اچھی لگتی تھی۔ بچوں کے ساتھ دوڑتے ہوئے اس نے انہیں جتنا تک تکمیلی اپنی خراب انگریزی بول چال کر مس ہوں کو بتانا اور اوبلونسکی روڈنا کو دیہات میں اپنی مصروفیتوں کے بارے میں بتایا۔

کھانے کے بعد جب اوبلونسکی روڈنا اس کے ساتھ اکیلی باقی رہ گئیں تو انہوں نے کیٹی کا ذکر چھیڑا۔

"پتہ ہے آپ کو کیٹی یہاں آئیں گی اور میرے ساتھ کریمیں بھر رہیں گی؟"

"اچھا؟" اس نے سرخ ہوتے ہوئے کہا اور فوراً ہی بات کا موضوع بدلنے کے لئے بولا "تو میں آپ کے لئے رتھ گاڑی بھیج دوں؟ اور اگر آپ حساب کرنا چاہیں تو مجھے پانچ روبل فی صبیہ کے حساب سے ادا کر دیجئے جبکہ آپ کو شرم نہ آئے۔"

"نہیں بہت بہت شکریہ آپ تو ہمارے ہاں سب ٹھیک ٹھاک ہو گیا۔"

"اچھا تو پھر میں آپ کی گایوں کو دیکھتا ہوں اور اگر آپ اجازت دیں گی تو میں اس کا بندوبست کر دوں گا کہ انہیں چارا کیسے دیا جائے۔ سارا معاملہ چارے کا ہوتا ہے۔"

اور لیون بات کو مختصر نمٹانے کی خاطر اوبلونسکی روڈنا کو دودھ دینے والی مویشیوں کے پالن پوسن کا نظریہ سمجھانے لگا جو یہ تھا کہ گائے تو محض ایک مشین ہے جو چارے پر عمل کر کے اسے دودھ بناتی ہے، دیہا

وہ باتیں تو یہ کر رہا تھا لیکن اس کا بہت جی چاہتا تھا کہ وہ کیٹی کے بارے میں تفصیلات سنے اور اس کے بعد ہی وہ اس سے ڈر بھی رہا تھا۔ وہ اس بات سے خوفزدہ تھا کہ اس نے جو سکون اتنی مشکل سے حاصل کیا ہے وہ ختم ہو جائے گا۔

"ہاں لیکن اس سب پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے اور کون کرے گا یہ؟" اوبلونسکی روڈنا نے بات کو آگے بڑھا دیا۔

اب انہوں نے ماتریونا فلیمونوونا کے ذریعے اپنی گرہستی کو اس طرح ٹھیک ٹھاک کر لیا تھا کہ وہ اس میں کسی طرح کی تبدیلی نہ کرنا چاہتی تھیں۔ اور پھر انہیں کھیتی باڑی کے سلسلے میں لیون کے طریقے بھی نہیں پسند۔ ان دلیلوں کو شک کی نظر سے دیکھتی تھیں کہ گائیں تو دودھ دینے کی مشینیں ہیں۔ انہیں یہ لگتا تھا کہ اس کی دلیلیں کھیتی باڑی میں گڑبڑی کر سکتی تھیں۔ انہیں تو یہ ساری بات بہت زیادہ سیدھی سادی لگتی تھی کہ ماتریونا فلیمونوونا نے سمجھایا تھا بس ضرورت اس امر کی تھی کہ پنکی اور سفید رانوں والی کو دوہ چارا پانی جائے اور باورچی خانے کی ساری بچی کھچی اور پانی لے جا کر صبیہ کی گائے کو دے دیا جائے۔ یہ تو حسابات ہیں۔ لیکن دانے اور گھاس کا چارا دینے کی بات سشکوک اور غیر واضح تھی۔ اور خاص بات یہ تھی کہ وہ کیٹی کے بارے میں بات کرنا چاہتی تھیں۔

10

"کیٹی نے مجھے لکھا ہے کہ وہ اور بچے انا نہیں چاہتیں بتایا ہے کہ تندرست ہو اور وہ سکون سے رہ سکیں" اس نے آہستہ اور بہت ملائم آواز میں کہنے کے بعد کہا۔

"اور ان کی صحت اب کیسی ہے؟" لیون نے پریشان کے ساتھ پوچھا۔

"شکر ہے خدا کا وہ بالکل صحت یاب ہو چکی ہیں۔ مجھے تو کبھی یہ نہیں لگتا کہ انہیں ہمیشہ بچوں کا آزار ..."

"مجھے بڑی خوشی ہوئی" لیون نے کہا اور جب اس نے یہ کہا اور چپ ہو کر اس کو دیکھنے لگا تو انہیں اس کے چہرے پر کچھ قابل رحم سے بے بسی سی نظر آئی۔

"سنئے کنستن دمیتریچ" اوبلونسکی روڈنا نے اپنی ٹیک دلی کی اور اداسی لانے والی مسکراہٹ کے ساتھ کہا "آپ کیٹی سے کس لئے ناراض ہیں؟"

"میں ہیں تو نہیں ناراض ہوں" لیون نے کہا۔

"نہیں، آپ ناراض تو ہیں۔ پھر آخر کس وجہ سے آپ جب ماسکو میں تھے تو ہمارے ہاں نہ آئے۔ ان دنوں کے ہاں کے؟"

"اوبلونسکی روڈنا" اس نے کہا اور اس کا چہرہ بالوں کی جڑوں تک سرخ ہو گیا "مجھے تو حیرت ہوتی ہے کہ آپ اپنی نیکی کے باوجود اس بات کو محسوس نہیں کرتیں آخر آپ کو میرے اوپر رحم کیوں نہیں آتا جب آپ جانتی ہیں..."

"میں کیا جانتی ہوں؟"

"جانتی ہیں کہ میں نے خواستگاری کی اور مجھے ٹھکرا دیا گیا" لیوین نے کہہ دیا اور وہ ساری تلخی و شکستہ دلی جو ابھی دو برس پیشتر کیٹی کے لئے محسوس کر رہا تھا اب اس بات پر غصے میں بدل گئی کہ اس کی توہین کی گئی تھی۔

"آپ کیوں یہ سوچتے ہیں کہ میں جانتی ہوں؟"

"اس لئے کہ یہ تو سبھی جانتے ہیں۔"

"اب اسی میں آپ غلطی کر رہے ہیں۔ میں تو یہ نہیں جانتی تھی حالانکہ قیاس میرا یہی تھا۔"

"اچھا تو اب آپ جانتی ہیں۔"

"میں صرف یہ جانتی تھی کہ بات ہو گئی لیکن کیا ہوا' یہ تو میں کیٹی سے کبھی نہ جان سکتی تھی۔ میں صرف یہ دیکھتی تھی کہ کوئی ایسی بات ہوئی ہے جس سے انہیں بے حد اذیت ہو رہی ہے اور یہ کہ انہوں نے مجھ سے درخواست کی کہ میں اس کے بارے میں کبھی بات نہ کروں۔ اور اگر انہوں نے مجھے نہیں بتایا تو کسی کو بھی نہ بتایا ہو گا۔ لیکن آپ لوگوں میں کیا ہوا؟ مجھے بتایئے تو سہی۔"

"کچھ نہیں' میں نے آپ کو بتا دیا۔"

"کب؟"

"جب میں پچھلی بار آپ کے ہاں آیا تھا۔"

"جانتے ہیں آپ' میں آپ سے کیا کہوں گی" وارینکا الکساندروونا بولیں "مجھے تو کبھی کبھی ترس آتا ہے' بے انتہا ترس آتا ہے۔ آپ تو صرف اپنی خود پسندی کی وجہ سے دکھ جھیل رہے ہیں۔"

"ہو سکتا ہے" لیوین نے کہا "لیکن۔"

انہوں نے اس کی بات کاٹ دی۔

"لیکن بیچاری پر مجھے ترس آتا ہے' بے انتہا ترس آتا ہے۔ اب میں سب سمجھ رہی ہوں۔"

"اچھا' وارینکا الکساندروونا' آپ مجھے معاف کیجئے گا" اس نے کمزور سے ہوتے ہوئے کہا۔ "الوداع' وارینکا الکساندروونا' پھر ملیں گے۔"

"نہیں' ٹھہریئے" انہوں نے اس کی آستین پکڑتے ہوئے کہا۔ "ٹھہریئے تو' بیٹھئے!"

"مہربانی کر کے' براہ کرم' اب اس کی بات نہ کیجئے" اس نے بیٹھتے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی محسوس کیا کہ اس کے دل میں وہ امید پھر سر اٹھا رہی ہے اور گنگنا رہی ہے جسے وہ دفن کر چکا تھا۔

"اگر میں آپ کو اتنا چاہتی نہ ہوتی" وارینکا الکساندروونا نے کہا اور ان کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے "اگر میں آپ کو اس طرح جانتی نہ ہوتی جس طرح جانتی ہوں۔"

وہ جذبہ جو لگتا تھا کہ مر چکا ہے وہ جاندار سے جاندار تر ہوتا جا رہا تھا' یہی احساس تھا اور لیوین کے دل پر پوری طرح چھا گیا تھا۔

"ہاں اب میں سمجھ گیا" الکساندروونا نے اپنی بات جاری رکھی۔ "آپ اس بات کو نہیں سمجھ سکتے۔ آپ مرد لوگ آزاد ہوتے ہیں اور اپنی پسند سے انتخاب کرتے ہیں' اور آپ کے لئے یہ ہمیشہ واضح ہوتی ہے کہ آپ کس سے محبت کرتے ہیں۔ لیکن لڑکی تو امید اور توقع کی حالت میں عورتوں والی تحریص و حیا کے ساتھ آپ مردوں کو دور سے دیکھتی ہے' بہرات محض قول پر ایمان لیتی ہے — لڑکی کو ہو سکتا ہے یہ احساس بھی ہو کہ وہ نہیں جانتی کہ کس سے محبت کرتی ہے اور نہیں جانتی کہ کیا کہے۔"

"ہاں' اگر اس کا دل کچھ نہیں کہتا۔"

"نہیں' دل تو کہتا ہے لیکن آپ ذرا سوچئے تو۔ آپ مرد لوگ ایک لڑکی سے آنکھیں لڑاتے ہیں' گھر میں آتے جاتے ہیں' قریب آتے ہیں' دیکھتے بھالتے ہیں' انتظار کرتے ہیں' آپ کو وہ چیز ملتی ہے یا نہیں جس سے آپ محبت کرتے ہیں اور بعد کو جب آپ کو یقین ہو جاتا ہے کہ آپ محبت کرتے ہیں تو آپ خواستگاری کرتے ہیں۔"

"نہیں' یہ بالکل اس طرح تو نہیں ہوتا۔"

"اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا" آپ خواستگاری اس وقت کرتے ہیں جب آپ کی محبت پختہ ہو جاتی ہے یا جب انتخاب کے دو امکانات میں سے کسی ایک کا پلڑا بھاری ہو جاتا ہے۔ لیکن لڑکی سے تو کوئی نہیں پوچھتا۔ چاہتے یہ ہیں کہ وہ خود ہی انتخاب کرنے کے بجائے انتخاب تو کر نہیں سکتی' صرف جواب دے سکتی ہے۔ ہاں یا نہیں۔"

"ہاں' انتخاب' میرے اور روسکی کے درمیان" لیوین نے سوچا اور جو حربہ اس کے دل میں بھی اٹھا تھا وہ پھر سے مڑ گیا اور بس اس کے دل پر ایک اذیت ناک گھاؤ بن کر رہ گیا۔

"وارینکا الکساندروونا" اس نے کہا "اس طرح لباس کا یا میں نہیں جانتا کسی اور لڑکی نے' لیکن مجھے تو ایسی چیز کا انتخاب کیا جاتا ہے جو محبت کا نہیں۔ انتخاب کر لیا گیا اور بہتری ہوا۔ اور اب اس کو دہرایا نہیں جا سکتا۔"

"اف' خود پسندی اور خود پسندی!" وارینکا الکساندروونا نے اس طرح کہا جیسے اس دوسرے جذبے کے مقابلے میں جسے صرف عورتیں جانتی ہیں وہ اس جذبے کی ہستی کی بنا پر اس کو حقارت کی نظر سے دیکھ رہی ہوں۔ "جس وقت آپ نے کیٹی سے خواستگاری کی تھی اس وقت وہ اسی حالت میں تھیں جب وہ جواب دے ہی نہ سکتی تھیں۔ ان کے ذہن میں جذبہ تھا اس کا کہ آپ یا روسکی۔ اس کو وہ دیکھتی نہیں اور آپ سے بہت ڈرا ہوا سے خائف تھیں۔ فرض کیجئے کہ وہ ذرا بڑی ہوتیں مثلاً ان کی جگہ پر اگر میں ہوتی تو کوئی جذبہ ہو ہی نہ سکتا تھا مجھے اس سے بیاہ سے کافر قطعاً اور آخر کر دی ہوا۔"

لیوین کو کیٹی کا خط یاد آیا۔ انہوں نے کہا تھا "نہیں' یہ نہیں ہو سکتا۔"

"وارینکا الکساندروونا" اس نے رونکھے پن سے کہا "آپ کو مجھ پر ہوا اعتماد ہے اس کی میں بڑی قدر کرتا ہوں لیکن میرا خیال ہے کہ آپ غلطی کر رہی ہیں۔ اب میں سچ ہوں یا نہیں سچ ہوں مگر اس خود پسندی کا' جس کو آپ اتنی حقارت سے دیکھتی ہیں' اثر یہ ہے کہ میرے لئے کاترینا الکساندروونا کے بارے میں کسی طرح کا خیال ممکن ہی نہیں ہے' آپ سمجھئے اس بات کو کہ یہ بالکل ناممکن ہے۔"

"میں صرف ایک بات اور کہوں گی کہ آپ سمجھتے ہی ہیں کہ میں اپنی بہن کے بارے میں بات کر رہی ہوں جس سے میں جتنی ہی محبت کر لوں اچھی اپنے بچوں سے۔ میں یہ نہیں کہتی کہ وہ آپ سے محبت کرتی تھیں بلکہ میں یہ کہنا چاہتی تھی کہ اس وقت کے ان کے اظہار سے کچھ بھی ثابت نہیں ہوتا۔"

"میں نہیں جانتا" لیوین نے اچھل کر کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ "کاش آپ کو معلوم ہوتا کہ مجھے کتنا دکھ پہنچا رہی ہیں اپنے بالکل درست ہونے سے جیسے آپ کا کوئی بچہ مر جائے اور لوگ آپ سے کہیں کہ وہ بیمار ہو کر ایسا ہو جاتا اور ویسا ہو جاتا اور وہ تو زندہ رہ سکتا تھا اور آپ اس کو دیکھ کر خوش ہو سکتی تھیں۔ لیکن وہ مر گیا' مر گیا۔"

"آپ کس قدر مضحکہ خیز ہیں" وارینکا الکساندروونا نے لیوین کے ہیجان کے باوجود غمگین مسکراہٹ کے

ساتھ کہا۔ "ہاں، اب میں سب کچھ سمجھتی ہوں" انہوں نے فکرمندانہ انداز میں اپنی بات جاری رکھی۔ "تو جب کبھی یہاں ہوں گی تو آپ ہمارے ہاں نہیں آئیں گے؟"

"نہیں، نہیں آؤں گا۔ ظاہر ہے کہ میں کاترینا الکسانڈروونا سے بھاگوں گا تو نہیں لیکن جہاں تک کر سکتا ہوں کوشش کروں گا کہ انہیں اپنی موجودگی کی ناخوشگواری سے بچائے رکھوں۔"

"آپ بہت، بہت ہی زیادہ مضحکہ خیز ہیں" واریا الکسانڈروونا نے شفقت سے اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے دہرایا۔ "اچھا تو ٹھیک ہے، یوں سمجھئے کہ ہم نے اس کے بارے میں کبھی کوئی بات ہی نہیں کی۔ ہاں تو کس لئے آئی ہو؟" واریا الکسانڈروونا نے فرانسیسی میں لڑکی سے کہا جو وہاں آ کھڑی تھی۔

"ماما میرا بیلچہ کہاں ہے؟"

"میں فرانسیسی میں بول رہی ہوں، تم بھی فرانسیسی ہی میں بولو۔"

لڑکی نے کہنا چاہا لیکن بھول گئی کہ بیلچے کو فرانسیسی میں کیا کہتے ہیں۔ ماں نے بتا کر اس سے کہلوایا اور پھر فرانسیسی ہی میں بتایا کہ وہ بیلچے کو کہاں تلاش کرے۔ اور یہ لیوین کو اچھا نہیں لگا۔

اب اسے واریا الکسانڈروونا کے گھر میں اور بچوں میں ہر چیز اتنی اچھی اور پیاری نہیں لگ رہی تھی جیسی پہلے تھی۔

"اور وہ بچوں سے فرانسیسی میں بات کیوں کرتی ہیں؟" لیوین نے سوچا۔ "یہ کتنی غیر قدرتی اور بناوٹی بات ہے! اور بچے اس کو محسوس کرتے ہیں۔ انہیں فرانسیسی بولنا تو سکھانا لیکن خلوص کے ساتھ بات کرنا بھلا دینا" اس نے اپنے آپ سے کہا۔ اسے نہیں معلوم تھا کہ واریا الکسانڈروونا یہ ساری باتیں پہلے ہی بار سوچ چکی تھیں اور پھر بھی خلوص کی قربانی دے کر بھی وہ اپنے بچوں کی پرورش اسی راستے پر کرنے کو ضروری سمجھتی تھیں۔

"تو آپ کو جانا کہاں ہے؟ بیٹھئے تو سہی۔"

لیوین چائے کے وقت تک ٹھہرا رہا لیکن اس کی خوشی ختم ہو چکی تھی اور وہ اسے بخوبی محسوس کر رہا تھا۔

چائے کے بعد وہ بیٹھ کر باتیں کرنے لگے۔ واریا الکسانڈروونا نے اس کے گھوڑے تیار کئے جانے اور جب وہ واپس آیا تو واریا الکسانڈروونا کو پریشان صورت پایا۔ ان کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ لیوین جس وقت باہر بلایا گیا تھا تو واریا الکسانڈروونا کے لئے ایک بھیانک واقعہ ہو گیا جس نے اچانک ان کی آج کی ساری خوشی کو اور بچوں پر ان کے فخر کو چکنا چور کر دیا۔ گریشا اور تانیا میں گیند کی خاطر لڑائی ہو گئی۔ بچوں کے کمرے سے آنے والی چیخیں سن کر واریا الکسانڈروونا دوڑی ہوئی گئیں اور انہوں نے دونوں کو بہت ہی بری حالت میں دیکھا۔ تانیا نے گریشا کے بال پکڑ رکھے تھے اور وہ طمانچے سے سیخ شدہ صورت کے ساتھ اسے جہاں بھی پا جائیں مکے مار رہا تھا۔ واریا الکسانڈروونا نے جب یہ دیکھا تو ان کے دل کے اندر کوئی چیز جیسے ٹوٹ گئی جیسے ان کی زندگی پر اندھیرا چھا گیا ہو۔ وہ سمجھ گئیں کہ ان کے یہ بچے جن پر انہیں اتنا فخر تھا، نہ صرف یہ کہ بہت ہی معمولی بلکہ برے تھے، جن کی تربیت بری طرح کی گئی تھی، جن میں بھوڑے اور وحشیانہ رجحانات تھے اور یہ بد بچے تھے۔

وہ کسی اور چیز کے بارے میں بات کر سکتی تھیں نہ سوچ سکتی تھیں اور لیوین کو اپنی بد بختی کے بارے میں بتائے بغیر ان سے رہائی نہ ملی۔

لیوین نے دیکھا کہ وہ بہت دکھی ہیں اور اس نے انہیں یہ کہہ کر تسلی دینے کی کوشش کی کہ اس سے کوئی بری بات ثابت نہیں ہوئی کہ لڑکے ذہین بھی ہیں۔ لیکن یہ کہتے وقت لیوین اپنے دل میں سوچ رہا تھا کہ "میں میں اتنے نہیں دیکھتا کہ اپنے بچوں سے فرانسیسی میں بات کروں۔ میں ہمیرے ایسے بچے نہیں ہوں گے۔ بس اس کی ضرورت ہے کہ بچوں کو غراب نہ کیا جائے۔ انہیں کچھ اور بنانے کی کوشش نہ کی جائے تو بہت ہی زیادہ اچھے ہوں گے۔ ہاں ہمیرے ایسے بچے نہیں ہوں گے۔"

اس نے رخصت لی اور چلا گیا اور واریا الکسانڈروونا نے اسے روکا نہیں۔

۱۱

ہوائی کے وسط میں لیوین کے پاس اس کی بہن کے گاؤں کا کھیا آیا جو کہ اسکیپ سے میں درست کے قابل پر تھا۔ کھیا نے آ کر بتایا کہ وہاں کام کیسا چل رہا تھا اور یہ کہ گھاس کی کٹائی ہو چکی ہے۔ بہن کی جائیداد سے خاص آمدنی کھیار کی چراگاہوں سے ہوتی تھی۔ پہلے کے برسوں میں کسان ہیں روبل فی دسیاتن کے حساب سے گھاس خرید لیتے تھے۔ جب جائیداد کا انتظام لیوین نے سنبھالا تو اس نے گھاس کا جائزہ لینے کے بعد دیکھا کہ اس کا دام تو زیادہ ہونا چاہئے اور اس نے پچیس روبل فی دسیاتن قیمت مقرر کر دی۔ کسانوں نے یہ قیمت نہیں دی اور جیسا کہ لیوین کو شبہ تھا انہوں نے دوسرے گاؤں کو بھی نہیں بھگتنے دیا۔ تب لیوین خود وہاں گیا اور اس نے یہ انتظام کیا کہ گھاس کی کٹائی کچھ تو مزدوری دے کر اور کچھ بٹائی پر کروا لی جائے۔ وہاں کے کسانوں نے تو ہر طرح سے اس اختراع میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی لیکن کام ہو گیا اور پہلے ہی سال پرانے سے تقریباً دگنی آمدنی ہوئی۔ پچھلے سے پہلے سال اور پچھلے سال بھی کسانوں کی طرف سے اسی طرح مخالفت کی گئی اور گھاس کی کٹائی اسی بندوبست کے مطابق کی گئی۔ اس سال کسانوں نے ساری گھاس خود بٹائی پر لے لی تھی اور کھیا نے آ کر اطلاع دی کہ گھاس کی کٹائی ہو چکی اور اس نے بارش ہونے سے پہلے ہی گھاس کو بچا لیا اور اس کی موجودگی میں بٹائی کر دی اور مالک کے حصے کے کیارہ جتے اکٹھے کر دیئے ہیں۔ اس سوال پر کہ بڑی چراگاہ میں کتنی گھاس نکلی تھی کھیا کے کوئی مصدقہ جواب سے 'پوچھے بغیر گھاس کا بٹوارا کر دینے میں کھیا کی جلدی اور اس کے پورے لیے سے لیوین سمجھ گیا کہ گھاس کے اس بٹوارے میں کچھ گھپلا کیا گیا ہے۔ اس نے فیصلہ کیا کہ وہ معاملے کی تصدیق کرنے خود جائے گا۔

اس گاؤں میں کھانے کے وقت پہنچ کر اس نے گھوڑے کو اپنے بوڑھے دوست کے گھر میں چھوڑا اور اس کے بھائی کی امداد کا شکریہ ادا کرنے اور بوڑھے کے پاس چلا گیا جہاں اس نے شہد کی مکھیوں کے چھتے لگا رکھے تھے۔ لیوین اس سے گھاس کی کٹائی کی تفصیلات جاننا چاہتا تھا۔ باتونی اور شریف صورت بوڑھے پادری نے بہت خوش ہو کر لیوین کا خیر مقدم کیا، اسے اپنے سارے چھتے دکھائے، اپنی شہد کی مکھیوں کے بارے میں اور اس سال کے شہد کے بارے میں ساری تفصیلات بتائیں لیکن گھاس کے بارے میں لیوین کے سوالوں کے جواب اس نے مبہم اور غیر تسلی بخش سے دیئے۔ اس سے لیوین کے شکوک اور پختہ ہو گئے۔ وہ چراگاہ میں گیا اور اس نے گھاس کے ڈھیروں کو دیکھا۔ ہر ڈھیر میں پچاس گاڑی گھاس ہوتی۔ ملتی تھی کسانوں کا اندازہ لگانے کے بعد لیوین نے گھاس ڈھونے والی گاڑیوں کو جمع کرانے اور ایک ڈھیر کو اندر لانے کے بارے میں بتانے کا حکم دیا۔ اس ڈھیر میں سے صرف تیس گاڑی بھر گھاس نکلی۔ کھیا کے یہ یقین دلانے کے باوجود کہ گھاس پوری تھی اور ڈھیر بنانے کے بعد دبنے گئی تھی اور اس کی قسموں کے باوجود کہ سب کچھ دین ایمان سے کیا گیا تھا، لیوین اپنی بات پر اڑا رہا کہ گھاس کی

بتائی اس کے حکم کے بغیر کی گئی اس لئے وہ اس گھاس کو پچاس گاڑی فی ڈھیر کے حساب سے بیان ہی نہ سکتا تھا۔ لمبی بحث اور تکرار کے بعد معاملہ اس طرح طے ہوا کہ ان ماہیروں کو کسان پچاس گاڑی فی ڈھیر بیان کرائے جسے میں لے لیں اور مالک کے جتنے کی گھاس کے ڈھیر پھر سے بنائے جائیں۔ یہ بات چیت اور گھاس کے نئے ڈھیر بنانے کا کام سہ پہر تک جاری رہا۔ جب گھاس کے آخری جتنے کی بنائی ہو چکی تھی تو یوین باقی کام کی نگرانی ملتی کے سپرد کر کے گھاس کے ایک ڈھیر پر بیٹھ گیا' جس پر بید ٹہنیوں کا ایک ٹوٹا ٹانگا تھا' اور کسانوں سے بھری ہوئی چراگاہ کے مناظر سے لطف اندوز ہونے لگا۔

اس کے سامنے دریا کے ایک موڑ کے کنارے دلدل کے اس پار خوش رنگ کپڑے پہنے ہوئے عورتوں کی ایک قطار گنگناتی ہوئی آوازوں میں اسی خوشی جھلکتی ہوئی حرکت کر رہی تھی۔ اور بکھری ہوئی گھاس سے تیزی کے ساتھ زردی مائل سبز رنگ کی گھنٹیوں کے اوپر سرمئی رنگ کی فن کماتی سنڈیریں سی بن رہی تھیں عورتوں کے پیچھے پیچھے جتیلے ہوئے سوکھ چل رہے تھے اور سنڈیروں کو سمیٹ کر ان سے چوڑے اور اونچے ڈھیر بنائے جا رہے تھے۔ بائیں طرف کو چراگاہ میں' جہاں سے گھاس کاٹی جا چکی تھی' گاڑیاں ایک کے بعد ایک چرچراتی ہوئی آ رہی تھیں اور بیلوں پر بڑے بڑے گٹھے اٹھا کر گھاس لادی جاتی۔ گھاس کے ڈھیر غائب ہو جاتے اور ان کی جگہ مہکتی ہوئی گھاس سے لدی ہوئی بڑی بڑی گاڑیاں نمودار ہو جاتیں جن کے گھوڑوں کے پٹوں کے اوپر گھاس کا ڈھیر دکھائی دیتا تھا۔

"ویسے موسم میں گھاس اٹھانی چاہئے۔ بہت ہی اچھی سوکھی گھاس تیار ہو گی۔" ڈھیر لگانے والے نے یوین کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا۔ "یہ گھاس تھوڑی ہے' اس کی تو مسکہ جائے جیسی ہے' اپنے تابوتوں کو تیار ہے ہیں جیسے انھیں دائے جنتی ہیں۔" اس نے گھاس کے بڑے ہوئے ڈھیر کی طرف اشارہ کر کے اضافہ کیا۔ "کھانے کے وقت سے اب تک آدھی سے اوپر ہی اٹھا لے گئے ہیں۔"

"آخری ہے یہ؟" اس نے ایک نوجوان سے پکار کر کہا جو گاڑی کے اگلے حصے پر کھڑا باگ کے سرے کو ہلاتا ہوا اس سے گزر رہا تھا۔

"آخری ہے بابا۔" نوجوان نے گھوڑے کو روک کر کہا اور مسکرا کر ایک خوش مزاج اور لال گالوں والی عورت کو دیکھا جو مسکراتی ہوئی اسی گاڑی میں بیٹھی تھی اور آگے چلا گیا۔

"یہ کون ہے؟ بیٹا؟" یوین نے پوچھا۔

"میرا سب سے چھوٹا لڑکا ہے۔" ڈھیر لگانے والے نے شفقت آمیز مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

"کیا اچھا جوان ہے۔"

"ہاں ٹھیک ہی ہے۔"

"بیاہ ہو چکا؟"

"ہاں' سینٹ فلپ (۱) والے روز ہے کو تیسرا سال لگ گیا۔"

"اور بچے ہیں؟"

"کیسے بچے! سال بھر تک تو کچھ سمجھتا ہی نہیں تھا اور شیطان سے تھا۔" ڈھیر لگانے والے نے جواب دیا۔ "مگر کیا گھاس ہے! بالکل جائے جیسی!" اس نے بات بدلنے کی خاطر پھر سے کہا۔

یوین نے دانتا پیوف اور اس کی بیوی کو بڑے غور سے دیکھا۔ وہ اس سے تھوڑے ہی فاصلے پر گھاس لاد رہے تھے۔ ایوان بار صنوف گاڑی میں گھاس کے اوپر کھڑا ہوا گھاس لے رہا تھا اور گھاس کے بڑے بڑے گٹھوں کو ہوا میں بلند کر رہا تھا اور پاؤں سے دبا دبا کر جما رہا تھا جسے اس کی نوجوان اور خوبصورت بیوی پہلے کولے میں بھر بھر کر اور پھر جیلی سے اٹھا کر اسے دیتی جا رہی تھی۔ نوجوان کسان عورت بڑی آسانی سے خوشی خوشی اور سلیقے سے کام کر رہی تھی۔ اچھی طرح جمائی ہوئی گھاس میں جیلی فوراً نہیں دھنستی تھی۔ وہ پہلے اسے کونچ کونچ کر جیلی کرتی' جیلی کو اس میں دھنساتی اور پھر ایک تیز پھرتیلی حرکت سے اپنے بدن کا سارا زور اس پر ڈالتی اور فال پنکھ میں کسی ہوئی اپنی کمر کو مل دے کر فوراً سیدھی ہو جاتی اور سلیقہ کرنی کے اندر اپنی بھری بھری چھاتیوں کو تانتی اور جیلی کو بڑے سلیقے سے ہاتھوں پر اٹھاتی اور گھاس کے گٹھے کو چھ کے سے اوپر اٹھا کر گاڑی پر پہنچا دیتی۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ ایوان اپنی بیوی کو ایک منٹ کی بھی فالتو محنت سے بچانے کی کوشش میں رسیے جالنے والے گٹھے کو جلدی سے ہاتھ پھیلا کر لیتا اور اسے گاڑی میں پھیلا دیتا۔ گھاس کے آخری جتنے کو بھی دے کر عورت نے اپنی کمر تن پر سے گھاس کے گرے پڑے تنکوں کو صاف کیا اور لال رومال کو ٹھیک کیا جو کھسک کر اس کی سفید و محبوب سے ہنوز محفوظ پیشانی پر آ گیا تھا اور گھاس کے اوپر بندھنے کے لئے گاڑی کے نیچے تھس گئی۔ ایوان نے اسے بتایا کہ رسی کو کیسے باندھا جائے اور جواب میں اس کے کچھ کہنے پر زور سے ہنسا۔ دونوں چہروں کے تازہ میں بڑی گہری اور نوجوان محبت صاف نظر آ رہی تھی جو ابھی تھوڑے ہی دنوں پہلے بیدار ہوئی تھی۔

12

گاڑی پر گھاس کا ڈھیر بند ہو گیا۔ ایوان نے کود کر اور مضبوط ہوئے تازے گھوڑے کو لگام پکڑ کر لے چلا۔ عورت نے جیلی کو گاڑی کے اوپر پھینک دیا اور بیباکی سے چلتی ہوئی ان عورتوں کے پاس چلی گئی جو ایک جگہ اکٹھی ہوئی تھیں۔ ایوان سڑک پر آ کر دوسری گاڑیوں کی قطار میں شامل ہو گیا۔ عورتیں ہیبوں کو کندھے پر رکھے' صبح کپڑوں میں دلکش اور کھنکتی ہوئی آوازوں میں چہکتی ہنستی خوشی باتیں کرتی گاڑیوں کے پیچھے پیچھے چلیں۔ ایک بھونڈی اور بالکل کنواری آواز میں کسی عورت نے کوئی گیت چھیڑا اور اسے بڑی تک گائی گئی اور پھر اسی گیت کو کوئی پچاس آوازیں شروع سے گانے لگیں جن میں طرح طرح کی آوازیں تھیں' کچھ بھونڈی کچھ سہین لیکن سب صحت مند۔

گاتی ہوئی عورتیں یوین کے قریب آتی جا رہی تھیں اور اسے لگا کہ جیسے خوشی سے گرجتی ہوئی گھٹا اس کے اوپر پھیلتی جا رہی ہے۔ گھٹا چھا گئی اور اس نے یوین کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور گھاس کے جس ڈھیر پر وہ بیٹھا ہوا تھا وہ اور دوسرے ڈھیر اور گاڑیاں اور ساری چراگاہ اور دور کے میدان سب پاس آ گئے اور اس پر مسرت گیت کی کل پر جھومنے لگے۔ ہچکیوں' سیٹیوں اور تانوں کے ساتھ گایا جا رہا تھا۔ یوین کو اس صحت مند خوشی پر رشک آنے لگا اور اس کا جی چاہا کہ زندگی کی مسرت کے اس اظہار میں وہ بھی شریک ہو جائے۔ لیکن وہ کچھ بھی نہ کر سکتا اور بس لیٹا ہوا سنتا اور دیکھتا رہا۔ جب گاتے ہوئے لوگ آنکھ سے اوجھل ہو گئے اور ان کی آواز بھی بند ہو گئی تو یوین پر اپنی خدائی' اپنی جسمانی کاہلی اور اس دنیا سے اپنی مغائرت پر رنج و غم کا شدید احساس طاری ہو گیا۔

جن کسانوں نے گھاس کے سلسلے میں اس سے سب سے زیادہ بحث اور تکرار کی تھی جس کو اس نے بے وقوف سمجھا تھا یا جو اسے دھوکا دینا چاہتے تھے انھیں میں سے کئی ایک نے بڑی خوشی کے ساتھ اسے سلام کیا تھا اور صاف

ظاہر ہو رہا تھا کہ اس کی طرف سے ان کے دل میں کوئی بدی نہیں تھی اور وہ دل میں بدی رکھ بھی نہ سکتے تھے اور انہیں صرف یہی نہیں کہ کوئی بچھتاوا نہ تھا بلکہ یاد بھی نہ رہا تھا کہ وہ اسے دھوکا دینا چاہتے تھے۔ یہ سب ہی سب سے مشترکہ محنت کے سمندر میں غرق ہو چکا تھا۔ خدا نے دن دیا تھا' خدا نے قوت دی تھی' اور دن اور قوت محنت کے لئے وقف کر دیئے گئے تھے اور یہی بذات خود انعام تھا۔ اور کس کے لئے محنت کی گئی تھی؟ محنت کا پھل کیا اور کیسا ہو گا؟ یہ سب غیر متعلق اور حقیر تصورات تھے۔

لیوین اکثر دل ہی دل میں اس زندگی کو سراہتا تھا اور ان لوگوں کے لئے اکثر رشک محسوس کرتا تھا جو یہ زندگی بسر کرتے تھے لیکن آج پہلی بار' خاص طور سے اس نے ایوان پار میونوف اور اس کی خاندان بیوی کے رشتے میں جو کچھ دیکھا تھا اس کے زیر اثر لیوین کو پہلی بار یہ خیال ہوا کہ اس کا وہم اور آدرش یہ ہے کہ وہ اس قدر بوجھل' کاہلی کی مصنوعی اور ذاتی زندگی کو بدل دے جو وہ بسر کر رہا تھا اور اس محنتی' پاک صاف اور مشترکہ خوبصورت زندگی کو اپنا لے۔

اس کے ساتھ بہت ڈھابیٹھا ہوا تھا وہ بھی بیدار ہوئے مگر جانا نہیں چاہتا تھا۔ لوگ سب تھکے ہوئے تھے۔ وہ پاس کے تھے وہ اپنے گھر چلے گئے تھے اور وہ دور والے رات کے کھانے اور رخصتی کی تیاریوں میں رات بسر کرنے کی تیاریاں کر رہے تھے۔ لیوین کی طرف لوگوں نے کوئی دھیان نہ دیا تھا اور وہ گھاس کے ڈھیر پر لیٹا ہوا ستاروں کو دیکھتا اور سنتا رہا۔ وہ لوگ جو آگ میں رات بسر کرنے کو رہ گئے تھے وہ گرمیوں کی مختصر رات میں بالکل نہیں سوئے۔ پہلے وہ کھانے کے وقت کی عام پُرمسرت بات چیت اور قہقہوں کی آوازیں آتی رہیں اور پھر سے گیت اور قہقہے سنائی دینے لگے۔

محنت کے پورے طویل دن کا تھکن اور اثر ان پر نہیں رہ گیا تھا سوائے خوشی کے۔ تڑکا ہونے سے پہلے ہر طرف سناٹا ہو گیا۔ بس صرف رات کی آوازیں' دلدل میں مینڈکوں کی مسلسل ٹراہٹ اور چراگاہ میں گھوڑوں کے پھپھارنے کی آواز سوائے سوہرے زمین سے اٹھنے والے کہرے میں سناٹا رچ رہا۔ لیوین کی آنکھ کھلی تو وہ گھاس کے ڈھیر سے اتر اور ستاروں کو دیکھ کر اس نے سمجھا کہ رات گزر گئی۔

"تو اب میں کیا کروں گا؟" اس نے اپنے آپ سے کہا اور خود اپنے لئے اس نے ہر اس شخص کا اظہار لفظوں میں کرنے کی کوشش کی جو اس نے اس مختصر رات میں سوچا اور محسوس کیا تھا۔ اس نے وہ کچھ سوچا اور محسوس کیا تھا وہ سب خیال کی تین الگ الگ راہوں میں بٹ گیا تھا۔ اول — یہ کہ اپنی پرانی زندگی کو' اپنے بے فائدہ علم کو اور اپنی اس تعلیم کو چھوڑنے کا خیال تھا جس کی ضرورت کسی کو بھی نہ تھی۔ اس تیاگ سے اسے خوشی حاصل ہوئی اور اس کے لئے یہ بہت آسان اور سادہ تھا۔ دوسرے خیالات اور تصورات کا تعلق اس زندگی سے تھا جو وہ اب جینا چاہتا تھا' اس زندگی کی سادگی' پاکیزگی اور اصول پسندی کو وہ صاف محسوس کرتا تھا اور اسے یقین تھا کہ اس میں اسے وہ طمانیت' سکون اور وقار مل جائے گا جس کی عدم موجودگی کو وہ اتنے درد کے ساتھ محسوس کرتا تھا۔ لیکن خیالات کی تیسری راہ اس سوال کے گرد گھومتی تھی کہ پرانی زندگی سے نئی کی طرف یہ عبور کس طرح عمل میں لایا جائے۔ اور اس معاملے میں کوئی چیز واضح طور سے اس کے ذہن میں نہ آتی تھی۔ "شادی کرنا؟ کام کرنا اور کام کی ضرورت پیدا کرنا؟ یہ کہ طبیعت کو چھوڑ دینا؟ دہقان خرید لینا؟ عام کسانوں کی برادری میں شامل ہو جانا؟ کسان لڑکی سے شادی کرنا؟ یہ میں کیسے کروں گا؟" اس نے پھر اپنے آپ سے سوال کیا اور اسے کوئی جواب نہیں ملا۔ "مگر آج تو میں ساری رات سویا نہیں ہوں اور میں چیزوں کو صاف

دور سے سوچ سمجھ نہیں سکتا۔" اس نے اپنے آپ سے کہا۔ "میں بعد کو اس سب کو صاف کروں گا۔ صرف ایک چیز یقینی ہے" کہ اس رات نے میرے مقدر کا فیصلہ کر دیا ہے۔ بیل بچھا دینے والی زندگی کے بارے میں پہلے کے میرے سارے خواب غلط تھے۔ "اصل چیز نہیں تھے۔" اس نے اپنے آپ سے کہا۔ "یہ سب کہیں زیادہ سادہ اور بہت بہتر ہے۔"

"کس قدر خوبصورت ہے!" اس نے اپنے سر کے اوپر بیچ آسمان میں گھورے ہوئے سفید اون کے گالوں جیسے عجیب بادل کو دیکھ کر کہا جو بالکل یہی کی طرح لگ رہا تھا۔ "اس دلکش رات کی ہر چیز کس قدر دلکش ہے اور یہ یہی کس وقت بن گئی؟ ابھی ابھی پہلے تو میں نے آسمان کی طرف دیکھا تھا اور تب وہاں کچھ بھی نہ تھا۔ بس دو سفید دھبے تھے۔ ہاں اسی طرح تو زندگی کے بارے میں میرا ذہنی نظریہ بھی بدل گیا!"

وہ چراگاہ سے نکل گیا اور بڑی سڑک پر ہو کر گاؤں کی طرف چلا۔ ہوا تیز ہو گئی اور سرمئی اداسی سی چھا گئی۔ بھیگا وقت ہو گیا اور وہ بے کلی محسوس ہوئی جو تڑکا ہونے سے پہلے عام طور سے ہو جاتی ہے۔

سناٹے سے سنتا سکوتا ہوا لیوین تیز تیز چلنے لگا۔ اس کی نگاہیں زمین پر لگی ہوئی تھیں۔ "یہ کیا ہے؟ کوئی گا رہا ہے؟" اس نے گھنٹیوں کی آواز سن کر کہا اور سر اٹھا کر دیکھا۔ اس سے کوئی چالیس قدم پر اس کی طرف اسی سڑک سے جس پر وہ جا رہا تھا چار گھوڑوں کی ایک ٹکمی چلی آ رہی تھی جس کے اوپر سامان لدا ہوا تھا۔ پچھواڑی کی دائیں کے دونوں گھوڑے ہم سے لگے لگے چلنے کی کوشش کر رہے تھے لیکن ہوشیار کوچوان اپنے ٹکمی پر ایک طرف کو ہو کر بیٹھا تھا اور بڑی مہارت سے ہم کو لگے کے اوپر کئے ہوئے تھا تاکہ گھوڑے ہموار زمین پر دوڑ سکیں۔

لیوین نے بس اتنا ہی دیکھا اور یہ سوچا بھی نہیں کہ ٹکمی میں کون جا رہا ہو گا۔ اس نے ٹکمی کو بس گھوڑے گھوڑے اور اندر بیٹھے ہوئے لوگوں کو دیکھا تھا۔

ٹکمی میں ایک کونے میں ایک بوڑھا بیٹھا اونگھ رہا تھا اور کھڑکی کے پاس ایک نوجوان لڑکی بیٹھی تھی جو بالکل ابھی ابھی جاگی تھی وہ اپنی رات کو پہننے والی سفید فراک کے فیتوں کو دونوں ہاتھوں سے پکڑے ہوئے تھی۔ نورانی اور گلابی صبح کی نازک اور وسیع و عمیق روشنی میں داخل ہوئی جس سے لیوین کا کوئی تعلق ہی نہ تھا' وہ اس سے بے پہنچنے کے مقدر کو دیکھ رہی تھی۔

یہ منظر نگاہوں سے غائب ہونے ہی والا تھا کہ اسی لمحے اس کی صاف بھی آنکھوں نے لیوین کو دیکھا۔ اس نے پہچان لیا کہ یہ لیوین ہی ہے اور اس کا چہرہ تعجب آمیز خوشی سے دمک اٹھا۔

وہ غلطی کر ہی نہیں سکتا تھا۔ یہ آنکھیں دنیا میں اور تو ہو ہی نہیں سکتیں۔ دنیا بھر میں بس ایک ہستی تھی جو اس کے لئے زندگی کی ساری روشنی اور مفہوم کو مرکوز کر لینے کی صلاحیت رکھتی تھی۔ یہ ہستی تھی کیٹی۔ وہ سمجھ گیا کہ کیٹی ریلوے اسٹیشن سے برگوشود جا رہی ہو گی۔ اور وہ تمام چیزیں جنہوں نے اس پہلے خواب رات کو اسے پریشان کیا تھا' وہ سارے فیصلے جو اس نے کئے تھے' سب کچھ اچانک غائب ہو گیا۔ اس نے کسی کسان لڑکی سے شادی کرنے کے اپنے خواب کو تنافر کے ساتھ یاد کیا۔ بس وہیں' اس ٹکمی میں جو سڑک کی دوسری طرف سے گزر کر تیزی سے دور ہوتی چلی جا رہی تھی' اسی میں اس کی زندگی کی اس پہیلی کو حل کرنے کا امکان تھا جو پچھلے دنوں اس کے لئے اس قدر اذیت ناک بن گئی تھی۔

کیٹی نے پھر اس طرف نظر نہیں کی۔ ٹکمی کی کمانیوں کی آواز آنی بند ہو گئی اور گھنٹیوں کی آواز بہت ہی

ہلکی ہلکی سنائی دے رہی تھی۔ کتوں کے بھونکنے سے پتہ چلتا تھا کہ بستی گاؤں میں داخل ہو گئی ہے — اور بس رکنے تو چاروں طرف سنسان کھیت، سامنے گاؤں اور خود وہ اکیلا اور ہر ایک سے الگ تھلگ، جو اپنا ڈسٹرک پر تھا چلا رہا تھا۔

اس نے آسمان کی طرف اس امید سے دیکھا کہ وہاں وہ بیچی مل جائے گی جو اسے اتنی اچھی لگی تھی اور جو اس کے لئے آج کی رات کے سارے حیالات و احساسات کا پیکر بن گئی تھی۔ آسمان پر اب بیچی کی طرح کی کوئی چیز نہ رہ گئی تھی۔ وہاں ناقابل رسائی بلندی پر ایک پراسرار تنہائی ہو چکا تھا۔ بیچی کا تو نام و نشان بھی نہ تھا۔ اس کی جگہ سارے آدھے آسمان پر اون کے گالوں جیسے لمحوں کی جو برابر چھوٹے ہوتے جا رہے تھے ایک چالیس سی پھیلی تھی۔ آسمان نیلا اور روشن ہو گیا تھا اور اس کی سوالیہ نظروں کا جواب اسی شفقت لیکن اس بار سائی کے ساتھ دے رہا تھا۔

"نہیں" اس نے اپنے آپ سے کہا "سادگی اور محنت کی یہ زندگی چاہے کتنی ہی اچھی کیوں نہ ہو میں اس کی طرف واپس نہیں جا سکتا۔ میں ان سے محبت کرتا ہوں۔"

13

جو لوگ الکسینی الکسانڈرووچ سے بہت قریب تھے ان کے علاوہ کوئی بھی یہ نہ جانتا تھا کہ اس دیکھنے میں انتہائی سرد اور حقیقت پسند شخص میں ایک کمزوری ہے جو اس کے کردار کے عام رجحان کی ضد ہے۔ الکسینی الکسانڈرووچ کسی سے بھی عورت کو روتے ہوئے بے نیازی سے دیکھ اور سن نہیں سکتے تھے۔ آنسو دیکھ کر وہ سخت الجھن میں پڑ جاتے تھے اور غور و فکر کی صلاحیت سے بالکل محروم ہو جاتے تھے۔ ان کے شعبے کے محکمہ اور سیکرٹری اس بات کو جانتے تھے اور درخواستیں لے کر آنے والیوں کو پہلے سے خبردار کر دیتے تھے کہ اگر وہ اپنے سامنے کو گڑگڑانا نہیں چاہتے تو روئیں ہرگز نہیں۔ وہ کہہ دیتے تھے کہ "وہ خفا ہو جائیں گے اور آپ کی بات ہی نہیں سنیں گے" اور درحقیقت ان صورتوں میں الکسینی الکسانڈرووچ میں پیدا ہو کر رہتے تھے اس کا اظہار فوری غصے کی شکل میں ہوتا۔ "میں نہیں کر سکتا، کچھ نہیں کر سکتا، مہربانی کر کے آپ چلے جائیے!" وہ ایسی صورتوں میں عام طور سے چلا پڑتے۔

جب ریس کورس سے واپس آتے ہوئے آنا نے انہیں درد و شکستگی کے ساتھ اپنے تعلق کے بارے میں بتایا اور اس کے بعد خود اور وہ ہاتھوں سے منہ ڈھانپ کر رونے لگیں تو الکسینی الکسانڈرووچ کو ان پر جو غصہ آیا تھا اس کے بارے خود انہوں نے اس کے ساتھ ہی اس دو حالی خفگی کی شدت کو بھی محسوس کیا اور ان میں آنسو دیکھ کر پیدا ہو جاتا تھا۔ وہ اس بات کو جانتے تھے اور یہ بھی جانتے تھے کہ اس وقت اپنے جذبات کا اظہار صورت حال سے مطابقت ہو گا چنانچہ انہوں نے اپنے اندر زندگی کی ہر نمود کو دبا دینے کی کوشش کی اور اسی لئے وہ جلے ڈھلے نہ انہوں نے آنا کی طرف دیکھا۔ اسی سے ان کے چہرے پر مہربانی کا وہ عجیب و غریب تاثر پیدا ہو گیا تھا جو آنا کو اس قدر حیرت انگیز لگا تھا۔

جب وہ گھر پہنچ گئے تو الکسینی الکسانڈرووچ نے آنا کو بھی سے اتارا اور اپنے اوپر جبر کر کے "اپنے دستور کے مطابق بڑے اخلاق کے ساتھ ان سے رخصت ہوئے اور وہ الفاظ کہے جو ان پر کوئی ذمہ داری نہ عائد کرتے تھے۔ انہوں نے کہا تھا کہ کل وہ اپنے فیصلے سے انہیں مطلع کر دیں گے۔

بیوی کے الفاظ نے ان کے بدترین شبہات کی تصدیق کر دی تھی اور ان کے دل کو بڑی بے رحمی سے زخمی کر رہا تھا۔ اس زخم کو انسانی رحم کے اس عجیب احساس نے اور بھی گہرا کر دیا تھا جو ان میں بیوی کے آنسوؤں کو دیکھ کر پیدا ہوا تھا۔ لیکن جب وہ تنہا میں اکیلے رہ گئے تو الکسینی الکسانڈرووچ کو اس بات پر حیرت بھی ہوئی اور خوشی بھی کہ وہ خود کو اس رحم سے بھی بالکل آزاد محسوس کر رہے تھے اور ان شبہات اور رشک و رقابت کی ان تکلیفوں سے بھی جو پچھلے دنوں ان کے لئے اذیت کا باعث تھے۔

انہیں ایک ایسے شخص کے احساسات کا تجربہ ہو رہا تھا جس کا بدن دانتوں سے درد کرنے والا دانت نکال دیا گیا ہو اور پھر بھیانک درد کے ختم ہونے پر اور اس احساس کے بعد کہ کوئی بہت بڑی اس کے سر سے بھی بڑی چیز جبڑے میں سے نکال دی گئی ہے اس مریض کو اپنی طرف عجیبی کا تلیں نہیں ہوتا اور وہ محسوس کر رہا ہے کہ اب اس چیز کا وجود نہیں رہ گیا جو اتنی طویل مدت تک اس کی زندگی کو زہر آلود کئے ہوئے تھی، ساری توجہ کو اپنی طرف مبذول کرائے ہوئے تھی اور یہ کہ اب بھی وہ اپنے ایک دانت کے علاوہ دوسری چیزوں سے بھی دلچسپی لے سکتا ہے، سوچ سکتا ہے اور جی سکتا ہے۔ یہی احساس الکسینی الکسانڈرووچ کو بھی ہو رہا تھا۔ درد بہت عجیب اور بھیانک تھا لیکن اب وہ ختم ہو چکا تھا۔ اور وہ محسوس کر رہے تھے کہ اب بھی وہ اپنی بیوی کے علاوہ دوسری چیزوں کے بارے میں بھی سوچ سکتے ہیں اور جی سکتے ہیں۔

"یہ آہ" یہ درد" یہ بدن" بدچلن عورت" یہ میں بیشہ سے جانتا تھا اور ہمیشہ دیکھتا تھا حالانکہ اس پر ترس کھانے کی اور خود کو دھوکا دینے کی کوشش کرتا تھا" انہوں نے اپنے سے کہا۔ اور درحقیقت انہیں یہ لگتا تھا کہ وہ اس بات کو ہمیشہ دیکھتے تھے۔ وہ اپنی سابق زندگی کی تفصیلات کو یاد کرتے جو پہلے انہیں کسی طرح سے بری نہ لگتی تھیں لیکن اب یہ تفصیلات صاف صاف دکھائی دیتیں کہ وہ ہمیشہ سے بدچلن تھی "میں نے اپنی زندگی کو اس سے وابستہ کر کے غلطی کی لیکن میری غلطی میں کوئی برائی نہیں ہے اور اس لئے میں دکھی نہیں ہوں گا۔ قصوروار میں نہیں ہوں" انہوں نے اپنے آپ سے کہا "بلکہ وہ ہے۔ لیکن مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں۔ میرے لئے اس کا کوئی وجود ہی نہیں ہے۔"

اس سب سے ان کی دلچسپی بالکل ختم ہو گئی کہ بیوی کا اور بچے کا کیا مشرب ہو گا۔ بیٹے کی طرف بھی ان کے جذبات ویسے ہی بدل گئے تھے جیسے بیوی کی طرف۔ اب جس چیز سے انہیں دلچسپی تھی وہ صرف یہ سوال تھا کہ وہ کس طرح بہترین، سب سے زیادہ شائستہ، اپنے لئے سب سے زیادہ آرام دہ اور اس لئے سب سے زیادہ انصاف پسندانہ طریقے سے اس کیچڑ سے چھٹکارا حاصل کر لیں، جو اس نے خود گرد کر ان پر اچھالا تھا اور اپنی سرگرم، باعزت اور کارآمد زندگی کے راستے پر آگے چلتے جائیں۔

"میں اس بارے میں کبھی نہیں سوچ سکتا کہ ایک قابل حقارت عورت نے جرم کیا ہے۔ مجھے صرف اس تکلیف دہ صورت حال سے نکلنے کی بہترین راہ تلاش کرنی چاہئے جس میں اس نے مجھے پہنچایا ہے۔ اور اس راہ کو میں تلاش کر لوں گا" انہوں نے اپنی بھویں زیادہ سے زیادہ ترشکیڑتے ہوئے اپنے آپ سے کہا "میں پہلا نہیں ہوں اور آخری بھی نہیں۔" اور تاریخی مثالوں کا تو ذکر ہی کیا جب بادشاہ ڈرائے ہیں [illegible] صورت حال" (6) سے شروع ہوتی ہیں جس کی یاد سب کے ذہن میں تازہ ہے، شوہروں کے ساتھ بیویوں کی بے وفائی کے معاصر واقعات کا پورا سلسلہ الکسینی الکسانڈرووچ کے ذہن میں نمودار ہو گیا۔ "ڈارلی وف [illegible] کرنالوف" گاؤسٹ [illegible] ورام [illegible] ایسا عورت دار اور لائق آدمی [illegible] چاہیں"

بیگونن" ۔ گسینی الکساندرووچ نے یاد کیا۔ "یہ تسلیم ہے کہ ان لوگوں کو ایک طرح کے ہسٹیریا (Hysteria) کا شکار تو ہونا پڑتا ہے لیکن مجھ کو اس میں سوائے بد تمیزی کے اور کچھ نظر نہیں آیا اور ان لوگوں سے لکھنے پڑھنے والے بھی بہت بد دل ہو رہے ہیں۔" گسینی الکساندرووچ نے اپنے آپ سے کہا حالانکہ یہ سچ نہیں تھا اور انہوں نے کبھی اس قسم کے لوگوں سے ہمدردی نہیں کی بلکہ اپنے شوہر کے علاوہ دوسرے سے محبت کرنے والوں کی مثالیں بھی زیادہ ہونے کی اتنا ہی وہ خود کو زیادہ اہمیت دیتے تھے۔ "یہ تو ایسی بد تمیزی ہے جس میں کوئی بھی مبتلا ہو سکتا ہے۔ اور بد تمیزی نے مجھے بھی آلیا۔ بات صرف اتنی ہے کہ کس بہترین طریقے سے اس صورت حال کو برداشت کیا جائے۔" اور انہوں نے ان لوگوں کے طریقہ عمل کی تفصیلات کا جائزہ لینا شروع کیا جو اسی طرح کی صورت حال میں مبتلا ہوئے تھے جس میں وہ خود تھے۔

"وہ ایوانوف سے تو زیادہ کمزور تھا۔"

ہوائی میں گسینی الکساندرووچ کو ژوکل کا خیال خاص طور سے دلکش لگتا تھا صرف اس لئے کہ وہ جسمانی طور پر بزدل آدمی تھے اور اس بات کو اچھی طرح جانتے تھے۔ گسینی الکساندرووچ بے انتہا خوف کے بغیر اپنی طرف بڑھتے ہوئے پستول کے بارے میں سوچ بھی نہ سکتے تھے۔ اور انہوں نے اپنی زندگی میں کبھی کوئی ہتھیار استعمال نہیں کیا تھا۔ اس طرف نے ہوائی میں انہیں اکثر ژوکل کے بارے میں سوچتے پر اور خود کو ایسی حالت میں تصور کرنے پر مجبور کیا تھا جس میں ان کے لئے اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالنا ضروری ہو۔ زندگی میں کامیابی اور پائیدار حیثیت حاصل کرنے کے بعد بہت دنوں پہلے وہ اس احساس کو بھول چکے تھے لیکن اس احساس کی عادت غالب آگئی اور اب بھی اپنی بزدلی سے خوف اتنا زبردست تھا جتنا کہ گسینی الکساندرووچ نے دیر تک اور ہر پہلو سے ژوکل کے سوال پر غور و فکر کیا اور دل ہی دل میں اس سے کھیلتے رہے حالانکہ وہ پہلے سے جانتے تھے کہ وہ کسی صورت میں بھی لڑیں گے نہیں۔

"بلاشبہ ہمارا معاشرہ ابھی تک انارکی و حشیانہ سے (ویسا ہے ہی نہیں جیسا انگلستان میں ہے) کہ بہت سے لوگ" ۔ اور ان بہت سے لوگوں کی تعداد میں وہ بھی تھے جن کی رائے کی گسینی الکساندرووچ بڑی قدر کرتے تھے۔ "ژوکل کو اچھی نظر سے دیکھتے ہیں۔ لیکن نتیجہ کیا نکلے گا؟ فرض کر لیجئے کہ میں نے ژوکل کے لئے للکارا۔" گسینی الکساندرووچ نے اپنے آپ سے باتیں کرنا جاری رکھا اور للکارنے کے بعد جس طرح وہ رات بسر کریں گے اس کا اور اپنی سمت اٹھے ہوئے پستول کا تصور کر کے وہ کانپ گئے اور سمجھ گئے کہ وہ یہ کبھی نہیں کریں گے۔ "فرض کیجئے کہ میں نے ژوکل کے لئے للکارا' فرض کیجئے میں نے پستول چلا بھی لیا۔" وہ سوچتے رہے "مجھے کھڑا کر دیا گیا' میں نے پستول کی نلی دبائی۔" انہوں نے آنکھیں بند کر کے اپنے آپ سے کہا "اور گلا کر میں نے اسے مار دیا۔" گسینی الکساندرووچ نے اپنے آپ سے کہا اور سر کو جھٹکا تاکہ ان احمقانہ خیالات کو دماغ سے نکال دیں۔ "کسی شخص کو اس لئے قتل کر دینے میں کون سی دانائی ہے کہ جرم کا مرتکب کسی دوسرے کی بیوی اور بیٹے کے ساتھ اپنے رشتے لانہیں کیا جائے؟ یہ فیصلہ تو پھر بھی پہلے ہی کی طرح مجھے کرنا ہی پڑے گا کہ اس عورت کے ساتھ کیا کروں؟ لیکن اس سے بھی زیادہ امکان یہ ہے جو بلاشبہ ہو گا بھی کہ — میں خود ہی قتل ہو جاؤں گا۔ میں جو یہ تصور محض ہوں للکاروں گا۔ قتل یا زخمی ہونے کی بھی یہ ممکنی بات ہو گی۔ اور اتنا ہی نہیں بلکہ میری طرف سے ژوکل کے لئے للکارنا ذمہ داری کا بہرحال نہیں ہو گا۔ کیا میں پہلے ہی سے جانتا نہیں ہوں کہ میرے دوست مجھے ژوکل لڑنے نہیں دیں گے۔ یہ نہیں ہونے دیں گے کہ ایک ایسے ریاستی

کارکن کی زندگی خطرے میں پڑے جو روس کے لئے ضروری ہے؟ تو پھر کیا ہو گا؟ ہو گا یہ کہ میں پہلے سے جانتے ہوئے کہ معاملہ خطرے کی حد تک بھی نہیں پہنچے گا' خود کو اس للکار سے صرف ایک طرح کی جھوٹی شان و شوکت دینا چاہتا تھا۔ یہ دکھاوا ہے اور اپنے آپ کو اور دوسروں کو دھوکا دینا ہے۔ ژوکل فضول چیز ہے اور مجھ میں کوئی بھی اس کی توقع نہیں کرتا۔ میرا مقصد یہ ہے کہ اپنی عزت کو برقرار رکھوں جس کی ضرورت مجھے اپنی سرکاری کو کسی رکاوٹ کے بغیر جاری رکھنے کے لئے ہے۔" "ملازمتی سرگرمی" گسینی الکساندرووچ کے لئے پہلے بھی بڑی اہمیت رکھتی تھی لیکن اب تو ان کے نزدیک خاص طور سے اہم ہو گئی تھی۔

ژوکل کے بارے میں غور و فکر کرنے اور اسے رد کر دینے کے بعد گسینی الکساندرووچ نے طلاق کے بارے میں سوچنا شروع کیا۔ یہ دوسرا چارہ تھا جس کا انتخاب ان میں سے کسی شوہر نے کیا تھا جن کا انہیں خیال آیا تھا۔ طلاق کے سارے متعلقہ اثبات کو (جو اس اعلیٰ معاشرے میں بہت زیادہ تھے جس سے وہ اچھی طرح واقف تھے) جب گسینی الکساندرووچ نے یاد کیا اور ان کا جائزہ لیا تو ان میں سے ایک بھی انہیں اثبات ملا جس میں طلاق کا مقصد رہا ہو جو ان کے پیش نظر تھا۔ ان سارے واقعات میں شوہر نے بیوی کو پھر دریا فت کر لیا اور اسی طریق نے جو اپنے تصور کی ماہر شادی کرنے کا کوئی حق نہ رکھتی تھی نئے ربط کے ساتھ فرضی' تقریباً جائز رشتہ قائم کر لیا۔ اپنے واقعے میں گسینی الکساندرووچ نے دیکھا کہ قانوناً یہ طلاق حاصل کرنا ممکن نہیں ہے جس میں تصور و اداری کو رد کر دیا جائے۔ وہ دیکھتے تھے کہ زندگی کے جن وسیع حالات میں وہ تھے ان میں ایسے غیر شائستہ ثبوت فراہم کرنا ممکن نہیں تھا جن کا بیوی کے جرم کو بے نقاب کرنے کے لئے قانون مطالبہ کرتا تھا۔ وہ یہ بھی دیکھتے تھے کہ اگر یہ ثبوت ہوتے تو بھی اس زندگی کے ممکنہ آداب ان کو پیش کرنے کے روادار نہ تھے اور ان ثبوتوں کو پیش کرنے سے معاشرے کی نظر میں بیوی سے زیادہ وہ خود گر جائیں گے۔

طلاق کی کوشش صرف ایسی شرمناک رسوائی کا باعث بن سکتی تھی جس سے دشمنوں کے معاشرے میں ان کی بالادست حیثیت کو پست کرنے اور انہیں بدنام کرنے کا موقع مل جائے گا۔ خاص مقصد — کم سے کم گڑبڑ کے ساتھ صورت حال کو ٹھیک کرنا — طلاق کے ذریعے بھی نہ حاصل ہو گا۔ اس کے علاوہ طلاق کی صورت میں بلکہ طلاق کی کوششوں کی صورت میں بھی یہ صاف ظاہر تھا کہ بیوی اپنے شوہر سے تعلقات منقطع کر لے اور اپنے عاشق کے ساتھ جا ملے۔ لیکن گسینی الکساندرووچ کے دل میں "وہ خود بیوی سے' جیسا کہ انہیں لگتا تھا' پوری حقارت آمیز بے نیازی کے اس سلسلے میں صرف ایک جذبہ باقی تھا۔ وہ یہ ہرگز نہ چاہتے تھے کہ ان کی بیوی بھی کسی رکاوٹ کے دوستی سے جا ملے کہ اس کا جرم اس کے لئے فائدہ مند ہو۔ اس کا صرف خیال ہی گسینی الکساندرووچ کو اتنا جھنجھوڑ دیتا کہ اس کا تصور کرتے ہی وہ اندر ہی اندر رونے سے تڑپ اٹھے' سیدھے ہو کر بیٹھ گئے' کمبخی میں انہوں نے جگہ بدلی اور اس کے بعد دیر تک تیوریاں چڑھائے ہوئے اپنے منہ اور بڑے بڑے ہاتھوں پر مردانہ بناؤ سنگھار پھیرتے رہے۔

"باقاعدہ طلاق کے علاوہ کریالوف' ہسکورین اور اس ٹیک وراہم کی طرح کا پرتاؤ کرنا بھی ممکن تھا یعنی بیوی سے علیحدگی اختیار کر لینا۔" انہوں نے ذرا پر سکون ہو کر سوچنا جاری رکھا۔ لیکن اس قدام کا مطلب بھی رسوائی کی وہی ناپسندیدگی تھا جو طلاق میں ہو گی اور خاص بات یہ ہے کہ یہ بھی بالکل باقاعدہ طلاق ہی جیسا تھا۔ اپنی بیوی کو دوستی کی باہنوں میں دھکیل دینے کے برابر ہو گا۔ "نہیں' یہ ناممکن ہے' ناممکن!" اپنے کمبل کو پھر سے

بولنا شروع کرتے ہوئے انہوں نے زور سے کہا۔ "میں دیکھی نہیں ہو سکتا لیکن ان دونوں کو بھی دیکھی نہیں ہونا چاہئے۔"

وکٹر دراکاب کا وہ جذبہ' جو اس زمانے میں ان کے لئے اس قدر اہم تھا جب انہیں یقینی طور پر پتہ نہ معلوم تھا' اسی وقت ختم ہو گیا جب ان کی بیوی کے لفظوں نے ان کے رد کرنے والے واقعہ کو اکھاڑ دیا تھا۔ لیکن اس چیز کی جگہ ایک دوسرے جذبہ نے لے لی تھی۔ اس خواہش نے کہ صرف یہ کہ بیوی کی بیوفائی ہونی چاہئے بلکہ اسے اس کے جرم کی سزا ملنی چاہئے۔ وہ اس جذبہ کا اعتراف نہ کرتے تھے لیکن دل کی گہرائی میں ان کا دل چاہتا تھا کہ وہ اسے ان کی سکون اور عزت کو برباد کرنے کے بدلے میں دکھ اٹھائے دیکھے۔ اور پھر سے ذلیل' طلاق اور طیطہ گی کے حالات کا اندازہ لے کر اور پھر سے انہیں رد کر کے لیسبی الکساندر روڈج توہین ہو گیا کہ اس صورت حال سے نکلنے کی راہ صرف ایک تھی۔ بیوی کو اپنے ہی ساتھ رکھنا' جو کچھ ہوا ہے اسے سماشرے سے چھپائے رکھنا اور اس تعلق کو ختم کرنے کے لئے اور سب سے بڑھ کر — جس کا وہ اپنے آپ سے بھی اعتراف نہ کرتے تھے — بیوی کو سزا دینے کے لئے اپنے بس بھر سارے اقدام کرنے۔ "مجھے اپنے اس فیصلے سے مطلع کرنا چاہئے کہ اس مشکل صورت حال کو دیکھتے ہوئے جس میں انہوں نے خاندان کو پہنچایا ہے' دوسری ساری راہ چاروں طرفوں کے لئے پہلے والی ظاہری صورت حال سے بدتر ہوں گی۔ اور میں اس کو برقرار رکھنے پر رضامند ہوں بشرطیکہ اس کی طرف سے میری مرضی' یعنی عاشق کے ساتھ تعلقات منقطع کرنے کی تعمیل کرنے کی شرط ہے۔" جب یہ فیصلہ قطعی طور پر کیا جا چکا تب اس کی تائید میں لیسبی الکساندر روڈج کو ایک اور اہم دلیل سوجھی آئی۔ انہوں نے اپنے آپ سے کہا۔ "محض اس فیصلے کے مطابق میرا عمل مذہب کے مطابق بھی ہو گا۔ محض اسی فیصلے کے مطابق میں ایک مجرم بیوی کو اپنے مکان سے نکال نہیں رہا ہوں بلکہ اسے راہ راست پر لانے کا موقع دے رہا ہوں بلکہ چاہے یہ میرے لئے کتنا ہی مشکل کیوں نہ ہو' میں کوشش کروں گا اور راست پر لانے اور گناہ سے بچانے کے لئے اپنی توانائی کا ایک حصہ بھی وقف کروں گا۔" اگرچہ لیسبی الکساندر روڈج جانتے تھے کہ وہ بیوی پر کسی طرح کا اخلاقی اثر نہیں ڈال سکتے کہ راہ راست پر لانے کی ان ساری کوششوں کا نتیجہ کچھ نہیں نکلے گا سوائے جھوٹ کے۔ اگرچہ ان کٹھن لمحوں کو جھیلتے کے دوران میں انہوں نے ایک بار بھی یہ سوچا تھا کہ مذہب سے رہنمائی حاصل کریں پھر بھی اب جبکہ ان کا فیصلہ' جیسا کہ انہیں لگتا تھا' مذہب کے مطابق تھا سے مطابقت رکھتا تھا' انہیں اپنے فیصلے کی اس مذہبی تائید سے پوری طمانیت اور قدرے تسکین حاصل ہو گئی۔ انہیں یہ سوچ کر خوشی ہوئی کہ زندگی کے اس قدر اہم معاملے میں بھی کوئی ان پر یہ الزام نہ لگا سکے گا کہ ان کا عمل اس مذہب کے اصولوں کے مطابق نہ تھا جس کے علم کو انہوں نے عام سرسری اور بے تیاری سے بار ہا بڑے بلند رکھا۔ مزید تفصیلات پر غور کرتے ہوئے لیسبی الکساندر روڈج کو اس کی بھی کوئی وجہ نظر نہ آئی کہ بیوی کے ساتھ ان کے تعلقات کیوں تقریباً ویسے ہی نہیں رہ سکتے جیسے پہلے تھے۔ بیشک وہ اس حالت میں تو کبھی نہ ہوں گے کہ پھر سے ویسے ہی بیوی کا احترام کرنے لگیں لیکن اس کی کوئی وجہ نہ تھی اور ہو بھی نہ سکتی تھی کہ وہ اپنی زندگی اور رہن سہن کو درہم برہم کر دیں اور اس لئے کہ وہ سمجھتے کہ وہ بیوی اور بیوفا بیوی تھی۔ "کافی وقت گزر جائے گا' ہر چیز کو درست کر دینے والا وقت' اور رشتہ پھر پہلے ہی کی طرح بحال ہو جائے گا۔" لیسبی الکساندر روڈج نے اپنے آپ سے کہا۔ یعنی اس حد تک بحال ہو جائے گا کہ میں اپنی زندگی کی روش میں کوئی گڑبڑ محسوس کروں گا۔ وہ تو صورت دیکھی ہوں گی لیکن میں قصوروار نہیں ہوں اور اس لئے میں دیکھی نہیں ہو سکتا۔"

14

بیتیرز برگ پہنچنے پہنچنے لیسبی الکساندر روڈج نہ صرف یہ کہ اس فیصلے پر پوری طرح قائم ہو گئے بلکہ انہوں نے اپنے ذہن میں وہ خط بھی مرتب کر لیا جو وہ اپنی بیوی کو لکھیں گے۔ سوروہان کے گھر میں جا کر انہوں نے ان کاغذات اور خطوں پر ایک نظر ڈالی جو وزارت سے بھیجے گئے تھے اور حکم دیا کہ وہ سب ان کے دفتر میں لائے جائیں۔

"یہ سب رکھ دو اور اب میں کسی سے نہیں ملوں گا" انہوں نے دربان کے سوال پر کسی قدر خوشی کے ساتھ الفاظ "نہیں ملوں گا" پر زور دے کر کہا اور یہ ان کی اچھی مزاجی کیفیت کی علامت تھی۔

اپنے دفتر میں لیسبی الکساندر روڈج ایک سرے سے دوسرے سرے تک دو بار ٹہلے اور پھر گھنٹے کی بڑی سی میز کے سامنے رک گئے جس پر چھ شمعیں خدمتگار نے ان سے پہلے آکر روشن کر دی تھیں۔ انہوں نے اپنی انگلیاں پھنسائیں اور پنڈلیاں پھیلنے کی چیزیں ٹھیک ٹھاک کرنے لگے۔ پھر اپنی کہنیاں میز پر ٹکا کر انہوں نے سر کو ایک طرف جھکایا' آرام سے سوچا اور لکھنا شروع کر دیا۔ لکھنے میں وہ ایک سیکنڈ بھی رکے نہیں۔ انہوں نے بیوی کو کسی طرح کا مخاطب کئے بغیر فرانسیسی میں لکھا اور ضمیر "آپ" کا استعمال کیا جو فرانسیسی میں سوہری کا لہجہ نہیں رکھتی جو روسی زبان میں اس سے مخصوص ہے۔

"ہماری پچھلی بات چیت میں میں نے آپ سے اپنے اس ارادے کا اظہار کیا تھا کہ میں اس بات چیت کے موضوع کے سلسلے میں اپنے فیصلے سے آپ کو مطلع کروں گا۔ ساری چیزوں پر بخوبی غور کرنے کے میں اب اس وعدے کو پورا کرنے کے مقصد سے لکھ رہا ہوں۔ میرا فیصلہ حسب ذیل ہے۔ آپ کا عمل جو کچھ بھی رہا ہو میں خود کو وہ بدھن توڑنے کا حق دار نہیں سمجھتا جس میں ہمیں اللہ اور انسانی نے باندھا ہے۔ ان میں سے کسی ایک کی نگاہ میں مزاحی' خود دولی بلکہ جرم سے بھی خاندان تباہ و برباد نہیں ہو سکتا اور ہماری زندگی کو ویسے ہی چلانا چاہئے جیسے وہ پہلے چلتی تھی۔ یہ میرے لئے' آپ کے لئے' اور سب کے لئے ضروری ہے۔ مجھے پورا یقین ہے کہ آپ اس بات پر پچھتائیں گی اور پچھتا رہی ہیں جو اس خط کا سبب ہے اور یہ کہ اس بات میں آپ میرے ساتھ تعاون کریں گی کہ ہمارے درمیان ہوا جانی ہوئی ہے اس کی وجہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں اور' کچھ ہو چکا ہے اسے بھول جائیں۔ اس کے برعکس صورت میں آپ خود یہ تصور کر سکتی ہیں کہ آپ کو اور آپ کے بچے کو کن چیزوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ذاتی ملاقات کے وقت ان سب باتوں کے بارے میں زیادہ تفصیل کے ساتھ باتیں کرنے کی امید رکھتا ہوں۔ چونکہ مضافاتی بنگلے میں رہنے کا موسم ختم ہو رہا ہے اس لئے میں آپ سے درخواست کروں گا کہ جتنی جلد ممکن ہو آپ پیٹرز برگ منتقل ہو جائیں' زیادہ سے زیادہ منگل تک۔ آپ کے آنے کے سلسلے میں سارے ضروری بندوبست کر دیئے جائیں گے۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس بات کو خاطر میں رکھیں کہ میں اپنی اس انتہائی تکمیل کو خاص اہمیت دیتا ہوں۔ ا۔ کارسینن

مکرر یہ کہ اس خط کے ساتھ رقم بھی ہے جس کی شاید آپ کے اخراجات کے لئے ضرورت ہو۔"

انہوں نے خط کو پڑھا اور مطمئن ہو گئے' خاص طور سے اس بات سے کہ انہیں اس میں رقم رکھنے کا خیال آگیا۔ اس میں کوئی سخت لفظ نہیں تھا' نہ تادیب تھی لیکن ملامت بھی۔ تھا۔ خاص بات تو یہ تھی کہ یہ

واپسی کے لئے ایک سفرایلی تھا۔ خدا کو سوڈکر اور اس کی لکھوں کو باقی دانت کے بیٹے سے کاغذ تراش سے برابر کر کے انہوں نے اسے رقم کے ساتھ لفافے میں رکھا اور بڑی خوشی کے ساتھ "جوان کو اپنی لکھنے کی ایکی طرح منظم کی ہوئی چیزوں کو دیکھ کر پہنچ ہوتی تھی" خدمتگار کو بلایا۔

"یہ ہرکارے کو دے کر کل مضافاتی پنگلے جا کر آنا اور کل یہاں کو دے آئے" انہوں نے کہا اور کھڑے ہو گئے۔

"چھ حکم حضور والا۔ جائے دفتری میں بلائی جائے؟"

ا کلیسی الکساندر روح نے حکم دیا کہ جائے دفتری میں لائی جائے اور بیٹے سے کاغذ تراش سے کھینچتے ہوئے وہ آرام کرسی کی طرف گئے جس کے پاس لیمپ اور مرحوم کوپنی کتابت (10) کے بارے میں ایک فرانسیسی کتاب رکھ دی گئی تھی جسے وہ آج کل پڑھ رہے تھے۔ آرام کرسی کے اوپر ایک سنہرے فریم میں آتما کی جلوی تصویر لگی تھی جو ایک مشہور فنکار نے بنائی تھی۔ ا کلیسی الکساندر روح اسے دیکھنے لگے۔ تصویر سے ایسی آنکھوں نے جن کے اندر جھانکنا ممکن نہیں تھا' انہیں مذاق اڑانے کے ہوا کا۔ انداز میں دیکھا جیسے ان کی وضاحت اور صفائی کی اس آخری شام کو دیکھا تھا۔ فنکار نے سر پر سیاہ لیس' سیاہ بال اور خوبصورت سفید ہاتھ جس کی چوتھی انگلی انگوٹھیوں سے اٹکی ہوئی تھی' بڑی خوبی سے بنائے تھے اور انہوں نے ا کلیسی الکساندر روح پر ناقابل برداشت دباؤ سے فنکار نے کام مکمل کیا۔ اور اپنی تصویر کو تکتے رہنے کے بعد انہوں نے ایسی بھرپور ہی کہ ان کے ہونٹ کپکپانے لگے اور ان سے کچھ "سرسراہٹ سی آواز نکلی۔ انہوں نے منہ موڑ لیا اور جلدی سے آرام کرسی پر بیٹھ گئے اور کتاب کھول لی۔ انہوں نے پڑھنے کی کوشش کی لیکن اپنے آپ میں کھو گئے۔ کتابت سے پہلے والی جیالی دلچسپی کسی طرح دوبارہ نہ پیدا کر سکے۔ وہ کتاب کو دیکھ رہے تھے اور سوچ کچھ اور رہے تھے۔ وہ اپنی کے بارے میں نہیں بلکہ اپنے روحانی کام کی ایک چیز کے بارے میں سوچ رہے تھے جو پچھلے دنوں پیدا ہو گئی تھی اور ان دنوں ان کی ملازمت کی خاص دلچسپی بن گئی تھی۔ وہ محسوس کر رہے تھے کہ اس وقت وہ اس چیز یعنی معاملے میں بیٹھ سے زیادہ گہرائی تک پہنچ گئے تھے اور ان کے ذہن میں بڑے مزے کا خیال آیا تھا۔ یہ بات وہ اپنی تعریف آپ کئے بغیر کہہ سکتے تھے۔ — بنیادی طور پر اس سارے معاملے کو سلجھا رہے تھے" انہیں اپنی ملازمتی زندگی میں بلند تر کر دے گا' ان کے دشمنوں کو تباہ کر دے گا اور اس لئے ریاست کے لئے انتہائی فائدے کا باعث ہو گا۔ جو شخص جائے لے کر آیا تھا وہ جیسے ہی کمرے سے باہر گیا ویسے ہی ا کلیسی الکساندر روح کمرے ہوئے اور لکھنے کی میز کے پاس چلے گئے۔ وہ اس امور والے پورٹ فولیو کو بیچ میں رکھ کر بڑی طمانیت اور خوشی کی خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ انہوں نے اسٹینڈ پر سے بنسل اٹھائی اور اس الجھے ہوئے معاملے سے متعلق ان پیچیدہ فائلوں کو پڑھنے میں جت گئے جنہیں انہوں نے منگوایا تھا۔ یہ چیز کی حسب ذیل تھی۔ روحانی شخصیت کی حیثیت سے ا کلیسی الکساندر روح کی خصوصیت "صرف ایک انہیں کی وہ انفرادی کرداری خصوصیت ہو ہر آگے بڑھنے والے عہدیدار میں موجود ہوتی ہے" وہ خصوصیت جس نے ان کی استوار جادہ طلبی' نظم و ضبط' دیانتداری اور خود انحصاری کے ساتھ مل کر ان کی ملازمتی زندگی کی تشکیل کی تھی' یہ تھی کہ وہ کاندی افسر شاہی کو نظر انداز کرتے تھے' انہوں نے محاذ کتابت میں بڑی کمزوری تھی' اور جہاں تک ممکن ہوتا اصل معاملے سے براہ راست تعلق پیدا کرتے اور کفایت شعاری سے کام لیتے۔ ہوا یہ کہ جوان والے مشہور و معروف کیشن میں درا سٹایا صوبے کے کھیتوں میں سینچائی کے بارے میں مقدمہ چلایا گیا۔ یہ معاملہ ا کلیسی الکساندر روح کی وزارت کے تحت تھا اور اس کا حاصل افراجات کی نیز معاملے کے بارے میں کاغذی رویہ اختیار کرنے کی نمایاں مثال تھا۔ ا کلیسی الکساندر روح جانتے تھے کہ یہ حق بجانب تھا۔ درا سٹایا صوبے کے کھیتوں کی سینچائی کا معاملہ ا کلیسی الکساندر روح کے پیش رو عہدیدار کے پیش رو نے شروع کیا تھا اور درحقیقت اس معاملے پر بہت زیادہ رقم خرچ کی گئی اور ضائع ہوئی اور بالکل بے فائدہ اور بظاہر اس سارے معاملے سے کچھ بھی حاصل نہیں ہو سکتا تھا۔ ا کلیسی الکساندر روح نے جیسے ہی عہدہ سنبھالا ویسے ہی انہوں نے اس بات کو سمجھ لیا اور اس معاملے کو وہ ہاتھ میں لینا چاہتے تھے۔ لیکن شروع ہی میں جب وہ خود کو بیحد محکم محسوس کرتے تھے کبھی کبھی وہ جان گئے کہ اس سے بہت سے لوگوں کے معاملات وابستہ تھے اور اسے ہاتھ لگانا بھی کھی ہو گی۔ بعد کو وہ دوسرے معاملات میں مصروف ہو گئے اور اس معاملے کو بس بھول ہی گئے۔ وہ دوسرے سارے معاملات کی طرح اپنی بے عملی کی قوت سے چلتا رہا۔ (بہت سے لوگوں کو اس سے روزی ملتی تھی' خاص طور سے ایک باخلاق سوسیٹی نواز خاندان کو جس کی ساری بیٹیاں ماروں والے سار بھائی تھیں۔ ا کلیسی الکساندر روح اس خاندان کو جانتے تھے اور بڑی بیٹیوں میں سے ایک کے دیتی باپ بھی رہے تھے۔) ایک معاندانہ وزارت کی طرف سے اس معاملے کا اٹھایا جانا' ا کلیسی الکساندر روح کی رائے میں' بدنیتی کی بات تھی اس لئے کہ ہر وزارت میں اس سے بھی بدتر معاملات تھے جنہیں معمول طلب سنجیدگی کے مطابق کوئی بھی نہیں اٹھاتا تھا۔ اب جب انہیں فکار ہی دیا گیا تھا تو انہوں نے بہت کے ساتھ فیصلہ کر لیا اور معاملہ کیا کہ ایک خاص کمیشن مقرر کیا جائے جو درا سٹایا صوبے میں کھیتوں کی سینچائی کے کام کا معائنہ اور جانچ کرے۔ لیکن یوں انہوں نے ان حقارت کو بھی کوئی رعایت نہیں دی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایک اور خاص کمیشن بھی مقرر کیا جائے جو پھولی تومیتوں کی تنظیم کے معاملے (11) کی تفتیش کرے۔ پھولی تومیتوں کی تنظیم کے معاملے کو جوان والے کمیشن میں اتفاق سے اٹھایا بھی جا چکا تھا اور ا کلیسی الکساندر روح نے اس کی پرزور حمایت کی تھی کہ یہ پھولی تومیتوں کی افسوس ناک حالت کو دیکھتے ہوئے انتہائی فوری عمل طلب معاملہ ہے۔ کمیشن میں یہ معاملہ کل وزارتوں کے درمیان بحث و تکرار کا سبب بن گیا۔ ا کلیسی الکساندر روح سے متاثر رکھنے والی وزارت نے یہ دکھایا کہ پھولی تومیتوں کی حالت خوب پھلنے پھولنے کی ہے اور جو زور تنظیم نو ان کے پھلنے پھولنے کو ظلم کر سکتی ہے اور اگر کچھ فراہیاں ہیں تو وہ اس وجہ سے پیدا ہوئی ہیں کہ ا کلیسی الکساندر روح کی وزارت نے قانون میں درج شدہ اقدامات کی تکمیل نہیں کی۔ اب ا کلیسی الکساندر روح کا ارادہ یہ مطالبہ کرنے کا تھا: اول یہ کہ ایک یا کمیشن بنایا جائے جس کے سپرد یہ کام ہو کہ وہ کل وقوع پر جا کر پھولی تومیتوں کی حالت کی تفتیش کرے۔ دوم یہ کہ اگر یہ پتے کہ پھولی تومیتوں کی حالت درحقیقت ویسی ہی ہے جیسی کہ کمیٹی کے ہاتھ میں دی جانے والی سرکاری اطلاعات سے ظاہر ہوتی ہے تو ایک اور سائنسی کمیشن مقرر کیا جائے جو (الف) سیاسی (ب) انتظامی (ج) سماجی (د) نسلیاتی (ر) مذہبی اور (س) مذہبی نقطہ نظر سے پھولی تومیتوں کی اس افسوس ناک حالت کے اسباب کی تحقیق کرے۔ سوم یہ کہ "معاندانہ وزارت سے ان اقدامات کے بارے میں شہادت طلب کی جائے جو اس وزارت نے پچھلے دس برسوں میں ان نقصان دہ حالات کے ازالہ عمل کے لئے کئے ہوں جن میں پھولی تومیتیں اس وقت ہیں۔ اور چہارم و اختتامی یہ کہ وزارت سے اس بارے میں وضاحت طلب کی جائے کہ اس نے کیوں' جیسا کہ کمیٹی میں پیش کی جانے والی شہادت نمبر ۱۷۵ اور ۱۸۳۰۸ مورخہ ۵ دسمبر ۱۸۷۳ء اور ۷ جون ۱۸۷۴ء سے ظاہر ہوتا ہے' "بیماری' اور ترجمی قانون جلد قانون صفحہ ۱۸ کے اور دفعہ ۳۶

کے حاشیے کے مفہوم کے معین خلاف عمل کیا۔ گیبریل الکسانڈر روسیٹی نے جب جلدی جلدی ان خیالات کا ایک خلاصہ اپنے لئے لکھا تو ان کے چہرے پر بیالے پن کی سرخی چھا گئی۔ ایک صفحہ کاغذ سیاہ کر کے وہ اٹھے انہوں نے کھڑکی بھائی اور اپنے نتیجے کے حصول کے لئے ایک رقعہ دیا کہ انہیں کچھ ضروری حوالے فراہم کئے جائیں۔ کمرے میں ٹہلتے ہوئے ان کی نظر پھر آتما کی تصویر پر پڑی اور وہ تیوری چڑھا کر خفیف سے مسکرائے۔ یہ گوتینی کتابوں سے متعلق کتاب کو پھر پڑھنے اور ان میں اپنی دلچسپی کو بحال کرنے کے بعد گیبریل الکسانڈر روسیٹی گیارہ بجے سونے گئے اور جب وہ استرا لیتے اور انہوں نے بیوی کے ساتھ ہونے والے حادثے کو یاد کیا تو اب وہ انہیں انتقام، خفگی اور تاریکی نہیں نظر آیا۔

15

درد شکی نے جب آتما سے یہ کہا تھا کہ ان کی صورت حال ناقابل برداشت ہے اور یہ سمجھانے کی کوشش کی تھی کہ وہ سب کچھ شوہر سے صاف صاف بتا دیں تو انہوں نے ہمت حیرانی سے یہ کہا کہ اس کی بات کو رد کر دیا تھا لیکن اپنے دل کی گہرائی میں وہ اپنی حالت کو جھوٹ اور بددیانتی پر مبنی نہیں سمجھتی تھیں اور دل سے چاہتی تھیں کہ اسے بدل دیں۔ گذرے ڈیڑھ شوہر کے ساتھ واپس آتے ہوئے انہوں نے ایک بھیانک لمحے میں شوہر سے سب کچھ کہہ دینا چاہا تھا۔ اس میں انہیں جتنی تکلیف برداشت کرنی پڑی اس کے بعد وہ اس سے خوش تھیں۔ جب ان کے شوہر انہیں چھوڑ کر چلے گئے تو انہوں نے اپنے آپ سے کہا کہ وہ خوش ہیں کہ اب سب کچھ طے ہو جائے گا اور کم سے کم جھوٹ اور فریب تو نہ ہوگا۔ انہیں یہ بات قبیلی لگتی تھی کہ اب ان کی صورت حال پیچیدہ کے لئے مطمئن ہو جائے گی۔ یہ تلخ صورت حال ہو سکتا ہے بری ہو لیکن مطمئن ہوگی اس میں ابہام اور جھوٹ نہ ہوگا۔ انہوں نے سوچا کہ یہ الفاظ کہہ کر خود کو اور شوہر کو درد پہنچایا اس کا صلہ اب یہ ملے گا کہ سب کچھ مطمئن ہو جائے گا۔ اسی رات کو درد شکی سے ملیں لیکن اسے انہوں نے اس کے بارے میں کچھ نہیں بتایا وہ ان کے اور شوہر کے درمیان ہوا تھا حالانکہ اس سے اس لئے کہنا ضروری تھا کہ صورت حال مطمئن ہو جائے۔

اگلی صبح کو جب ان کی آنکھ کھلی تو سب سے پہلے انہیں جس چیز کا خیال آیا وہ الفاظ تھے جو انہوں نے شوہر سے کہے تھے اور یہ الفاظ انہیں اتنے بھیانک لگے کہ اب وہ سمجھ ہی نہ سکتی تھیں کہ وہ کیسے یہ عجیب اور بھونڈے الفاظ اپنی زبان سے ادا کر سکیں اور وہ یہ بھی تصور نہ کر سکتی تھیں کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا۔ لیکن الفاظ تو کہے جا چکے تھے اور گیبریل الکسانڈر روسیٹی کچھ کے بغیر چلے گئے تھے۔ انہیں درد شکی سے ملی اور اس کو بتایا انہیں سراسر اس وقت جب وہ جانے والا تھا تب میں نے اسے رائے دی تھی لیکن پھر میں نے اپنی رائے بدل دی اس لئے کہ یہ عجیب لگتا کہ میں نے اس سے شوہر کی بابت کیوں نہیں کہا۔ جب میں چاہتی تھی تو آخر کس وجہ سے میں نے اس سے نہیں کہا؟" اور اس سوال کے جواب میں شرم کی گرم سرخی ان کے چہرے پر چھا گئی۔ وہ سمجھ گئیں کہ کس چیز نے انہیں اس سے باز رکھا تھا۔ وہ سمجھ گئیں کہ یہ انہیں شرم کی بات لگی تھی۔ کل شام کو ان کی صورت حال انہیں بالکل صاف لگ رہی تھی لیکن اب انہیں نہ صرف یہ کہ غیر واضح بلکہ ایسی لگی جس سے نکلنے کی کوئی راہ نہ تھی۔ انہیں رسوائی سے ڈر لگنے لگا جس کے بارے میں پہلے انہوں نے سوچا بھی نہ تھا۔ انہوں نے یہ سوچنا شروع ہی کیا تھا کہ ان کے شوہر کیا کریں گے کہ ان کے دل میں اچانک بڑھاوے نے خیالات آنے لگے۔ انہیں یہ خیال ہوا کہ بس ابھی خصرم آ جائیں گے اور انہیں گھر سے نکال دیں گے اور ساری دنیا میں ان کی رسوائی کا مطلق دراپٹ جائے گا۔ انہوں نے اپنے آپ سے سوال کیا کہ جب انہیں گھر سے نکال دیا جائے گا تو وہ کہاں جائیں گی۔ اور کوئی جواب ان کی سمجھ میں نہیں آیا۔

جب انہوں نے درد شکی کے بارے میں سوچا تو انہیں یہ لگا کہ وہ ان سے محبت نہیں کرتا کہ اس نے ان کو ایک بوجھ سمجھنا شروع کر دیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو اس کی نذر نہیں کر سکتیں اور اس کے لئے انہوں نے اس سے معافی محسوس کی۔ انہیں لگا کہ وہ الفاظ جو انہوں نے شوہر سے کہے تھے اور جنہیں وہ اپنے تصور میں بار بار دوہراتی تھیں، وہ تو انہوں نے سب سے کہے تھے اور سب نے انہیں سن لیا ہے۔ وہ ان لوگوں سے آنکھیں ملانے کی جرأت نہ کر سکتی تھیں جو ان کے ساتھ رہتے تھے۔ وہ اس کی بھی جرأت نہ کر سکیں کہ خادمہ کو بلائیں اور اس سے بھی کہ اس کی کہ بچے جائیں اور بیٹے اور اس کی گورنس سے ملیں۔

خادمہ دیر سے ان کے دروازے کے پاس کان لگائے کھڑی تھی۔ وہ خود ہی کمرے میں ان کے پاس آ گئی۔ آتما نے سوالیہ انداز میں اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا اور سہم کر سرخ ہو گئیں۔ خادمہ نے سلام کیا کہ اندر آ گئی اور اس نے کہا کہ اسے لگا کہ انہوں نے اسے بلایا ہے۔ وہ ان کے لئے گاؤن اور ایک رقعہ لائی۔ رقعہ جیشی کاتھا جنہوں نے انہیں بلوایا تھا کہ آج ان کے ہاں لیزا میرکالووا اور یوجنی اشٹ حسن اپنے پرستاروں کا ڈوئٹ اور پروڈیوسر اسٹریمووف کے ساتھ کریکٹ پارٹی کے لئے آئیں گی۔ آخر میں انہوں نے لکھا تھا "آپ چاہے دیکھنے ہی کے لئے، اخلاق و آداب کے مطابق کے طور پر۔ میں آپ کا انتظار کروں گی۔"

آتما نے رقعہ پڑھا اور خادمہ سے کہا۔

"کچھ نہیں، مجھے کچھ نہیں چاہئے" انہوں نے آنکھوں سے کہا جو سنگار میز پر شیشیوں اور برشوں کو ادھر ادھر سرکا رہی تھی "تم چلو میں ابھی کپڑے بدل کر آتی ہوں۔ کچھ نہیں، مجھے کچھ نہیں چاہئے۔"

آخر خادمہ چلی گئی لیکن آتما نے کپڑے بدلے نہیں شروع کئے بلکہ اسی حالت میں ہاتھ اٹھائے سر جھکائے کھڑی رہیں اور کبھی کبھی ہونٹوں سے بھرے ہوئے بدن سے بھری ہوئی باتیں جیسے کچھ حرکت کرتا، کچھ کہنا چاہتی ہوں اور پھر ویسے ہی ساکت ہو جاتیں۔ وہ مسلسل دوہرائے جا رہی تھیں "اف میرے خدا، میرے خدا!" لیکن ان کے لئے "میرے" میں کوئی معنی تھے نہ "خدا" میں۔ اس کے باوجود کہ انہوں نے جس مذہب میں پرورش پائی تھی اس میں کبھی شک نہ کیا تھا، اپنی حالت میں مذہب سے مدد تلاش کرنے کا خیال ان کے لئے بالکل ویسا ہی مغائر تھا جیسا کہ خود گیبریل الکسانڈر روسیٹی سے مدد لینے کا۔ وہ پہلے سے جانتی تھیں کہ مذہب کی مدد اسی شرط پر ممکن ہے کہ وہ اسی چیز کو ترک کر دیں جو ان کے لئے زندگی کا سارا مفہوم بن گئی تھی۔ وہ صرف پریشان ہی نہیں تھیں بلکہ انہیں اس نئی روحانی حالت سے "جس کا تجربہ انہیں پہلے کبھی نہ ہوا تھا" خوف کا احساس ہونے لگا۔ انہیں محسوس ہوا کہ جیسے کبھی کبھی تھکی آنکھوں کے سامنے چیز ایک کی دو نظر آنے لگتی ہے ویسے ہی ان کے دل میں ہر چیز ایک کی دو ہوتی شروع ہو گئی ہے۔ کبھی کبھی ان کی سمجھ میں نہ آتا کہ وہ کس چیز سے ڈر رہی ہیں، کیا چاہتی ہیں۔ وہ اس سے ڈر رہی ہیں یا اس کو چاہتی ہیں جو ہو چکا یا ہونے والا ہے اور وہ چاہتی کیا ہیں یہ وہ نہ جانتی تھیں

"اف، یہ میں کر کیا رہی ہوں!" انہوں نے اچانک سر کے دونوں طرف دو تھوس کر کے اپنے آپ سے کہا۔ جب وہ چونکیں تو انہوں نے دیکھا کہ وہ دونوں ہاتھوں سے اپنی کنپٹیوں پر کے بال پکڑے انہیں کھینچ رہی

ہیں۔ وہ یکبارگی کھڑی ہو گئیں اور چلنے لگیں۔

"کافی تیار ہے اور ماسٹرل اور سرو ڈا انتظار کر رہے ہیں" آنٹو نٹا نے پھر واپس آکر اور آنٹا کو پھر اسی حالت میں پا کر کہا۔

"سرو ڈا؟ سرو ڈا کو کیا ہوا؟" آنٹا نے اچانک بیٹے کے ساتھ پر بھلا۔ صبح بھر میں پہلی بار انہیں اپنے بیٹے کے وجود کا خیال آیا تھا۔

"لگتا ہے اس نے کچھ شرارت کی ہے" آنٹو نٹا نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"کیسی شرارت کی ہے؟"

"آپ کے کوٹ والے کمرے میں آلو کے چھلکے لگتا ہے انہوں نے چھپا کر ایک کھایا۔"

بیٹے کا خیال آجانے سے آنٹا اچانک بیچارگی کی اس حالت سے نکل آئیں جس میں وہ پھنس گئی تھیں۔ انہیں ماں کا وہ روپ یاد آیا 'ایک حد تک مخلصانہ طور پر لیکن بہت کچھ سہارنے کے ساتھ' جو بیٹے کے لئے زندہ رہتی ہے۔ انہوں نے پچھلے برسوں میں اپنے لئے یہ رول اختیار کر لیا تھا اور طوعی کے ساتھ محسوس کیا کہ جس حالت میں وہ ہیں اس میں ان کے لئے ایک سہارا ہے' جس کا انحصار اس صورت حال پر نہیں ہے کہ شوہر سے ان کے تعلقات کیسے ہیں' اور دوستی سے کیسے ہیں۔ یہ سہارا — وہ سمجھتا تھا — وہ کسی بھی صورت حال میں کیوں نہ ہوں وہ بیٹے کو تو نہیں چھوڑ سکتیں۔ شوہر اگر ان کو رسوا کرتے ہیں اور نکال دیتے ہیں تو کریں اور نکال دیں' دوستی ان سے سرد مہری برتتا ہے تو برتے اور اپنی آزادانہ زندگی بسر کرتا ہے (انہوں نے پھر اس کے بارے میں سوچا اور تاسف کے ساتھ سوچا) وہ بیٹے کو نہیں چھوڑ سکتیں۔ ان کی زندگی کا مقصد ہے۔ اور انہیں عمل کرنا چاہئے' عمل کرنا چاہئے تاکہ بیٹے کے ساتھ اس حیثیت کو جتلا دیں' تاکہ اسے ان سے نہ لے لیا جائے۔ بلکہ جلدی' جتنی جلدی ممکن ہو عمل کرنا چاہئے' اس سے پہلے کہ اسے ان سے لے لیا جائے۔ بیٹے کو لے کر چلا جانا چاہئے۔ یہ ہے ایک بیوہ انہیں اب کرنا چاہئے۔ انہیں پر سکون ہو جانا چاہئے اور اس المناک صورت حال سے نکل جانا چاہئے۔ براہ راست عمل کے طوفان نے' جس کا تعلق ان کے بیٹے سے تھا' یہ کہ انہیں اس کے ساتھ اکیلی نہیں۔ کہیں چلے جانا چاہئے' انہیں یہ سکون فراہم کر دیا

انہوں نے جلدی سے کپڑے بدلے' چلنے لگیں اور فیصلہ کن قدموں کے ساتھ راہداری سے داخل ہوئیں جہاں مقامی کے مطابق کافی سرو ڈا اور گورنس ان کے منتظر تھے۔ سرو ڈا سفید کپڑے پہنے میز کے پاس کھڑکی کے پیچھے کھڑا تھا اور سر اور کمر جھکائے ہوئے' نگاہ بھری توجہ کے انکسار کے ساتھ' جس کو وہ اس کی عادت کے طور پر جانتی تھیں اور جس میں وہ اپنے باپ سے ملتا جلتا تھا' ان پھولوں سے کچھ کر رہا تھا جو وہ لایا تھا

گورنس خاص طور سے تنگ صورت بنائے ہوئے تھی۔ سرو ڈا نے' جیسا کہ وہ اکثر کرتا تھا' مسین آواز میں چیخ کر کہا "ماما" اور کچھ پس و پیش کے ساتھ رک گیا کہ پھولوں کو بھینک کر ماں کے پاس جا کر انہیں سلام کرے یا پھر پھولوں کے ساتھ جائے۔

گورنس نے سلام کیا اور بڑے طویل اور قطعی انداز میں اس حرکت کو بیان کیا جو سرو ڈا نے کی تھی لیکن آنٹا نے اس کی بات نہیں سنی۔ وہ یہ سوچ رہی تھیں کہ وہ گورنس کو لے جائیں گی یا نہیں۔ "نہیں' میں لے جاؤں گی" انہوں نے فیصلہ کیا "میں اکیلی جاؤں گی' بیٹے کے ساتھ۔"

"ہاں' یہ بہت بڑی حرکت تھی" آنٹا نے کہا اور بیٹے کے کندھے پکڑ کر تحسین کی نظروں سے نہیں بلکہ شرمائی

ہوئی نظروں سے 'جس سے وہ گھبرا گیا اور خوش ہو گیا' اسے دیکھا اور پیار کیا۔ "اے میرے پاس چھوڑ دیجئے" انہوں نے جیرمن گورنس سے کہا اور بیٹے کے ہاتھ چھوڑے بغیر میز کے پاس بیٹھ گئیں' جس پر کافی لگی تھی۔

"ماما' میں... نہیں..." اس نے ان کے چہرے کے تاثر سے یہ سمجھنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا کہ آخر کے لئے اسے کس بات کی توقع کرنی چاہئے۔

"سرو ڈا" انہوں نے کہہ سے گورنس کے جاتے ہی کہا "یہ بری بات تھی لیکن تم اب تو اب نہیں کرو گے نہ؟ تم مجھ سے پیار کرتے ہو؟"

انہوں نے محسوس کیا کہ ان کی آنکھیں باہر نکل رہی ہیں۔ "میں واقعی میں یہ کر سکتی ہوں کہ اس سے پیار نہ کروں؟" اس کی سہمی ہوئی لیکن اس کے ساتھ ہی خوش خوش آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھتے ہوئے انہوں نے اپنے آپ سے کہا۔ "اور کیا پتا کہ وہ مجھے سزا دینے کے لئے باپ کے ساتھ مل جائے گا؟ کیا وہ مجھ پر رحم نہ کرے گا؟" آنسو حلقے کر ان کے گالوں پر آگئے اور انہیں چھپانے کے لئے وہ اچھل کر کھڑی ہو گئیں اور تقریباً دوڑ کر کمرے میں چلی گئیں۔

پچھلے دنوں کی گھن گرج والی بارشوں کے بعد موسم صاف ہو گیا تھا اور ٹھنڈک ہو گئی تھی۔ دھلی ہوئی پتیوں میں سے جھانکتی ہوئی سورج کی روشنی آرہی تھی اور فضا میں خنکی تھی۔

وہ ٹھنڈک سے بھی اور اندرونی خوف سے بھی جس نے کھل صاف ہوا میں انہیں جکڑ لیا تھا کانپ رہی تھیں۔

"جاؤ' جاؤ تمہارا ملاقات کے پاس" انہوں نے سرو ڈا سے کہا جو ان کے پیچھے پیچھے باہر نکل آیا تھا۔ وہ برآمدے پر بچھی ہوئی چٹائی پر پھسلنے لگیں اور انہوں نے اپنے آپ سے کہا "ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ یہ لوگ مجھے معاف نہ کریں' یہ سمجھیں ہی نہیں کہ یہ سب کسی اور طرح سے ہو ہی نہیں سکتا تھا؟"

وہ وہاں کھڑی ہوئی ان ملتی ہوئی' سہمی ہوئی ہستیوں کو دیکھتی رہیں جن کی پیشانیاں بارش میں دھل کر ٹھنڈی دھوپ میں چمک رہی تھیں اور ان کی سمجھ میں آگیا کہ یہ لوگ معاف نہیں کریں گے' کہ سب چیزیں اور سب لوگ ان کے ساتھ اب بیرحمی سے پیش آئیں گے جیسے یہ آسمان' جیسے یہ ہریالی پیش آرہے تھے۔ اور انہوں نے پھر محسوس کیا کہ ان کے دل میں ہر چیز ایک گرہ ہوئی جا رہی ہے۔ "کوئی ضرورت نہیں' سوچنے کی کوئی ضرورت نہیں" انہوں نے اپنے آپ سے کہا۔ "ضرورت تیاری کرنے کی ہے۔ کہاں جانے کی؟ کب؟ اپنے ساتھ کیسے لے جانا ہے؟ ہاں' ناسکو' شام والی گاڑی سے۔ آنٹو نٹا اور سرو ڈا اور انتہائی ضروری چیزیں' لیکن اس سے پہلے لکھنا ضروری ہے ان دونوں کو۔" وہ تیز تیز گھر کے اندر آگئیں اور اپنے کمرے میں جا کر میز کے پاس بیٹھ گئیں اور شوہر کو لکھنے لگیں:

"جو کچھ ہو چکا ہے اس کے بعد میں آپ کے گھر میں اب اور نہیں ٹھہر سکتی۔ میں جا رہی ہوں اور اپنے ساتھ بیٹے کو لے جا رہی ہوں۔ مجھے قوانین کا پتہ نہیں اور اس لئے میں نہیں جانتی کہ بیٹے کو ان دنوں میں سے کس کے ساتھ رہنا چاہئے' لیکن میں اسے اپنے ساتھ لے جا رہی ہوں اس لئے کہ اس کے بغیر میں زندہ نہیں رہ سکتی۔ فیاضی سے کام لیجئے اور اسے میرے ساتھ رہنے دیجئے۔"

یہاں تک انہوں نے تیزی سے اور قدرتی انداز میں لکھا لیکن ان کی پیاسی سے رجوع کرنے نے' جو انہوں نے شوہر میں کبھی دیکھی ہی۔ تھی' اور خط کو کسی متاثر کن بات پر ختم کرنے کی ضرورت نے انہیں روکے

پر مجبور کر دیا۔

"اپنے تصور اور اپنے پچھتانے کے بارے میں میں بات نہیں کر سکتی اس لئے کہ۔۔۔"

وہ رک گئیں۔ وہ اپنے خیالات میں مسلسل نہیں رہ پا رہی تھیں۔ "نہیں" انہوں نے اپنے آپ سے کہا "کچھ بھی لکھنے کی ضرورت نہیں۔" اور اس خط کو جلا ڈالنے کے بارے میں سوچا۔ اس میں غلط فہمی کی گنجائش نہیں کی اور بہتر کہ کسی کے ہاتھ نہ لگے۔

دوسرا خط روشنی کو لکھنا ضروری تھا۔ انہوں نے لکھا۔ "میں نے شوہر کو سب کچھ بتا دیا ہے۔" اور وہ رک گئیں۔ ان میں آگے لکھنے کی قوت ہی نہ تھی۔ یہ اتنی بھونڈی اور اتنی غیر نسوانی بات لگتی تھی۔ "اور پھر میں اسے لکھ کیا سکتی ہوں؟" انہوں نے اپنے آپ سے کہا۔ ان کے چہرے پر شرم کی سرخی پھر جاگی تو انہیں اس کا سکون یاد آیا اور اس پر جھنجھلاہٹ میں انہوں نے اس کاغذ کے پرزے پرزے کر دیئے جس پر یہ نقش لکھا تھا۔ "کچھ بھی نہیں لکھنا ہے۔" انہوں نے اپنے آپ سے کہا اور اپنے بالوں کو جھٹک کر کھڑی ہو گئیں۔ انہوں نے گورنس اور نوکروں سے کہا کہ وہ آج ہی جا سکو جائیں گے اور وہ اپنی چیزوں کو رکھنے سنبھالنے میں لگ گئیں۔

16

مضافاتی پلیٹ کے سارے کمروں میں دیوان، باطمان اور خدمتگار آ جا رہے تھے اور چیزیں لے جا رہے تھے۔ الماریوں اور درازیں کھلی ہوئی تھیں۔ سیاہ کوٹ کان پر گیا اور وہاں جانے کے لئے۔ فرش پر اخبار بچھے ہوئے تھے۔ وہ صندوق جن میں کپڑے اور بستر بھرے ہوئے کمبلوں کے گٹھر کو باندھنے کے لئے رسیوں میں لے جایا گیا۔ بگھی اور کرائے کی وہ گاڑیاں برساتی کے پاس کھڑی تھیں۔ آنا سامان باندھنے کے کام میں اپنی امدادی تشریف کو بھول گئی تھیں اور اپنے کمرے میں بستر کے پاس کھڑی اپنے سفری بکس میں چیزیں رکھ رہی تھیں کہ آنجہانی نے ایک آنے والی بگھی کی کھڑکھڑاہٹ کی طرف انہیں متوجہ کیا۔ آنا نے کھڑکی سے باہر دیکھا اور برساتی کے پاس ایک گھسیٹی اکسانہ رودیچ کے ہرکارے کو دیکھا جو صدر دروازے کی گھنٹی بجا رہا تھا۔

"جاؤ معلوم کرو کیا بات ہے" انہوں نے کہا اور وہ کچھ بھی ہو اس سب کے لئے تیار ہو کر دونوں ہاتھ رکھ کر آرام کرسی پر بیٹھ گئیں۔ خدمتگار ایک موٹا سا پیکٹ لایا جس پر الیکسی اکسانہ رودیچ کی تحریر میں پتہ لکھا تھا۔

"ہرکارے کو جواب لے کر آنے کا حکم ہے" اس نے کہا۔

"اچھا" انہوں نے کہا اور جیسے ہی خدمتگار باہر گیا وہ بے چینی سے کانپتی انگلیوں سے لفافہ چاک کیا۔ اس میں سے کاغذ میں لپٹے ہوئے ان مزے نوٹوں کا ایک پیکٹ گر پڑا۔ انہوں نے خط نکالا اور آخر سے پڑھنا شروع کیا۔ "آپ کے آنے کے سلسلے میں سارے ضروری بندوبست کر دیئے جائیں گے۔" "میں اپنی اس استدعا کی تکمیل کو خاص اہمیت دیتا ہوں" انہوں نے پڑھا۔ انہوں نے جلدی جلدی اور آگے پڑھا' آخر سے شروع کی طرف' اور پھر ایک بار خط کو شروع سے پڑھا۔ جب ختم کیا تو انہوں نے محسوس کیا کہ انہیں سردی لگ رہی ہے اور یہ کہ ان پر ایک ایسی بھیانک مصیبت آ پڑی ہے جس کی وہ توقع بھی نہ کر سکی تھیں۔

صبح کو وہ اس بات پر پچھتا رہی تھیں کہ انہوں نے شوہر کو سب بتا دیا اور صرف ایک بات چاہتی تھیں کہ

انہوں نے جو کچھ کہا تھا وہ کسی طرح سے ان کہا ہو جائے۔ اور اب اس خط نے ان کے الفاظ کو ان کے قرار دے دیا اور انہیں دفن دے دیا جو وہ چاہتی تھیں۔ لیکن اب یہ خط انہیں ہر چیز سے زیادہ بھیانک لگ رہا تھا جس کا وہ تصور کر سکتی تھیں۔

"لفظ! لفظ!" وہ بڑبڑائیں "ظاہر ہے کہ وہ ہمیشہ لفظ ہی ہوتے ہیں۔ وہ بیساکی ہیں' وہ لنگڑے ہیں' اندھے' شرمناک لفظ اور اس بات کو میرے علاوہ کوئی نہیں سمجھتا اور نہ سمجھے گا" اور میں کسی کو سمجھا نہ سکوں گی۔ لوگ کہتے ہیں — مذہبی 'اخلاق کے پابند' 'دیانتدار' 'سمجھدار انسان۔ لیکن لوگ تو وہ نہیں دیکھتے جو میں نے دیکھا ہے۔ لوگ تو نہیں جانتے کہ آٹھ سال انہوں نے میری زندگی کا لگا کھوٹا ہے' ہر چیز کا لگا کھوٹا ہے' اور مجھ میں جانور تھی کہ انہوں نے ایک بار بھی تو یہ نہ سوچا کہ میں جیتی جاگتی عورت ہوں' جس کو محبت کی ضرورت ہے۔ لوگ تو نہیں جانتے کہ کیسے ہر قدم پر انہوں نے میری توہین کی اور اپنے آپ سے خوب مطمئن رہے۔ کیا میں نے کوشش نہیں کی' پوری قوت سے کوشش کی کہ اپنی زندگی کا ہر انداز خاص کروں' کیا میں نے کوشش نہیں کی ان سے محبت کرنے کی' اور جب شوہر سے محبت کرنا ناممکن ہو گیا تو بیٹے سے محبت کرنے کی؟ لیکن وقت گزرتا گیا یہاں تک کہ میں نے سمجھ لیا کہ میں خود کو اب اور دھوکا نہیں دے سکتی کہ میں زندہ جان ہوں' کہ یہ میرا قصور نہیں ہے کہ خدا نے مجھے ایسا ہی بنایا ہے کہ محبت کرنا اور زندہ رہنا میرے لئے ضروری ہے۔ اور اب کیا؟ اگر وہ مجھے مار ڈالتے' اس کو مار ڈالتے تو میں سب برداشت کر لیتی' میں سب معاف کر دیتی۔ لیکن نہیں' نہیں۔"

"کیسے میں نے قیاس نہیں کیا کہ وہ کیا کریں گے؟ وہ ضرور کریں گے' ان کے بس کی بات ہے۔ وہ خصوصی وکیل بنے رہیں گے اور مجھ جاہ شدہ کو اور بھی بری طرح' اور بھی پست طریقے سے تباہ کریں گے۔" "آپ ضرور تصور کر سکتی ہیں کہ آپ کو اور آپ کے بیٹے کو کن چیزوں کا سامنا کرنا پڑے گا" — انہیں خط کے الفاظ یاد آئے۔ "یہ ممکن ہے کہ وہ بیٹے کو لے لیں گے اور عدالتِ ان کے اعتقاد قانون کی رو سے یہ ممکن بھی ہے۔ لیکن کیا میں جانتی نہیں کہ وہ اس کی بات کس لئے کر رہے ہیں؟ وہ بیٹے سے بھی میری محبت کا یقین نہیں کرتے یا اسے حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں (جیسے وہ بیشہ ڈاتی (ڈاکے) میرے اس جذبہ کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں لیکن جانتے ہیں کہ میں بیٹے کو نہیں چھوڑوں گی' بیٹے کو چھوڑ ہی نہیں سکتی۔ کہ بیٹے کے بغیر میرے لئے اس کے ساتھ بھی زندگی نہیں ہو سکتی جس سے میں محبت کرتی ہوں۔ لیکن اگر میں بیٹے کو چھوڑ کر چلی جاؤں تو میرا عمل سب سے شرمناک اور گری ہوئی عورت کا ہو گا۔ وہ یہ جانتے ہیں اور جانتے ہیں کہ یہ کہنا میرے بس کی بات نہیں۔"

انہیں خط کا وہ سرا نظر آیا "تمہاری زندگی تو پہلے ہی ایسے ناک تھی' اور آخری دنوں میں انتہائی بھیانک ہو گئی تھی۔ تو اب وہ کیسی ہو گی؟" اور وہ یہ سب جانتے ہیں' جانتے ہیں کہ میں اس بات پر پچھتا نہیں سکتی کہ میں سانس لیتی ہوں' کہ میں محبت کرتی ہوں' جانتے ہیں کہ اس سے سوائے جھوٹ اور فریب کے اور کچھ حاصل نہیں ہو گا۔ لیکن مجھے اپنے جھوٹ اور فریب کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ میں ان کو جانتی ہوں' میں جانتی ہوں کہ وہ جھوٹ میں اس طرح تیرتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں جیسے پانی میں مچھلی۔ لیکن نہیں' میں انہیں یہ خوشی نہ حاصل ہونے دوں گی۔ میں ان کے اس جھوٹ کے جائے کو توڑ ڈالوں گی' جس میں وہ مجھے پکڑنا چاہتے ہیں' جو بھی ہو رہا ہے ہو۔ جھوٹ اور فریب سے تو ہر چیز بہتر ہو گی!"

"لیکن کیسے؟ اُف میرے خدا' میرے خدا! کیا کبھی کوئی اور بھی ایسی عورت اتنی دکھی ہوئی ہے جیسی میں

ہوں؟۔"

"نہیں مخوچ! ہوں گی' نوچ! ہوں گی۔" وہ اچھل کر کھڑی ہو گئیں اور اپنے آنسوؤں کو پی کر چلائیں۔ اور گھنٹے کی سمت کے پاس گئیں کہ انہیں دو سرا غلط لگیں۔ لیکن اپنے دل کی گہرائی میں اس وقت بھی وہ محسوس کر رہی تھیں کہ کچھ بھی نوچ! انسان کے بس میں نہ ہو گا' اس پہلے والی صورت حال سے نکلنا ان کے بس میں ہے۔ ہو گا وہ کتنی ہی بھوئی اور بے آبروئی کی کیوں نہ ہو۔

وہ گھنٹے کی سمت کے پاس بیٹھ گئیں لیکن گھنٹے کی بجائے میز پر ہاتھ اور ان پر سر رکھ کر رونے لگیں سسکیاں لے لے کر اور پر سے وہ عرصے بیتے ہوئے جیسے بچے روتے ہیں سو اس لئے رو رہی تھیں کہ اپنی صورت حال کو واضح کرنے اور سمجھنے کرنے کے بارے میں ان کا خواب بیٹھ کے لئے چکنا چور ہو گیا۔ وہ پہلے سے جانتی تھیں کہ سب کچھ پہلے ہی کی طرح رہے گا بلکہ پہلے سے کہیں بدتر ہو گا۔ انہوں نے محسوس کیا کہ معاشرے میں وہ حیثیت جو انہیں حاصل تھی اور جس کو وہ اتنی کم اہم لگ رہی تھی' وہ حیثیت انہیں عزیز ہے اور یہ کہ ان میں اتنی قوت نہ ہو گی کہ وہ اس کی بجائے ایسی عورت کی شرمناک حیثیت کو اپنا لیں جو اپنے شوہر اور بیٹے کو چھوڑ کر اپنے عاشق سے جا ملی ہو۔ کہ وہ چاہے کتنی ہی کوشش کیوں نہ کریں وہ اپنے آپ سے قوی تر نہ ہو سکیں گی۔ انہیں آزاد اور محبت کرنے کا تجربہ کبھی نہ ہو گا اور وہ ہمیشہ مجرم ہی رہیں گی' ہر لمحہ ہمارے پکڑے جانے کے خوف کے ساتھ شوہر کو دھوکا دینے والی ماں کا ایک ایسے میرا اور آرام دہ گھر کے ساتھ شرمناک تعلق قائم رکھ سکیں جس کے ساتھ وہ مشترکہ زندگی کبھی نہ بسر کر سکیں گی۔ وہ جانتی تھیں کہ یہ سب ایسے ہی ہو گا اور اس کے ساتھ ہی یہ اچانک خیال کہ وہ یہ تصور بھی نہ کر سکتی تھیں کہ اس کا انجام کیا ہو گا۔ اور وہ روتی تھیں بلند بلند کر' جیسے وہ بچے روتے ہیں جنہیں سزا دی گئی ہو۔

خدمت گار کے قدموں کی چاپ نے انہیں اپنے آپ کو سنبھالنے پر مجبور کیا اور اس سے اپنے چہرے کو چھپاتے ہوئے انہوں نے اپنے کو ظاہر کیا جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔

خدمت گار نے عرض کیا "ہز کارہ خواب کی دوا تیار کر رہا ہے۔"

"اچھا اب؟ ہاں" انہوں نے کہا "کہو کہ ذرا دیر انتظار کرے۔ میں تمہیں بلا لوں گی۔"

"میں کیا کچھ ملتی ہوں؟" انہوں نے سوچا۔ "میں اکیلی کیا فیصلہ کر سکتی ہوں؟ میں کیا جانتی ہوں؟ میں کیا جانتی کیا ہوں؟ میں کس چیز سے محبت کرتی ہوں؟" انہوں نے پھر محسوس کیا کہ ان کے دل میں ہر چیز ایک کی دو ہوتی جا رہی ہے۔ سو پھر اس احساس سے ڈر گئیں اور انہوں نے عمل کی سب سے پہلے ذہن میں آنے والی تجویز کو جھپٹ لیا جو اپنے بارے میں سوچنے سے ان کی توجہ کو ہٹا سکتی ہو۔ "مجھے ایسی سے ملنا چاہئے" (وہ اپنے دل میں دردشکی کو اسی نام سے پکارتی تھیں) "وہی ایک ہے جو مجھے بتا سکتی ہے کہ مجھے کیا کرنا چاہئے۔ ایسی کے ہاں جاتی ہوں' ہو سکتا ہے وہاں اس سے ملاقات ہو جائے۔" انہوں نے اپنے آپ سے کہا اور وہ بالکل بھول گئیں کہ کل ہی جب انہوں نے اس سے کہا تھا کہ وہ پرنس تورسکایا کے ہاں نہیں جائیں گی تو اس نے کہا تھا کہ پھر بھی نہیں جائے گا۔ وہ میز کے پاس گئیں اور شوہر کو لکھا "مجھے آپ کا خط مل گیا ہے۔" اور یاد کرتے ہوئے خدمت گار کو بھیجا۔

آخر شکا آئی تو انہوں نے اس سے کہا "ہم نہیں جائیں گے۔"

"بالکل نہیں جائیں گے؟"

"نہیں' کل تک سامان نہ کھولنا اور گاڑی کھڑی رکھنا۔ میں پرنس کے ہاں جاؤں گی۔"

"تمہارا کون سا تیار کروں؟"

17

جس کرکیٹ پارٹی میں پرنس تورسکایا نے آنا کو مدعو کیا تھا اسے وہ خواتین اور ان کے پرستاروں پر مشتمل ہونا چاہئے تھا۔ یہ دونوں خواتین پیٹرس برگ کے اعلیٰ سوسائٹی کے نئے حلقے کی خاص نمائندگان تھیں اور انہیں کسی نقل کی نقل میں لے بیت میسنہ ائی دیو مونڈ (12) کہا جاتا تھا۔ یہ توقع ہے کہ ان خواتین کا تعلق بھی اعلیٰ حلقے سے تھا لیکن وہ اس سے بالکل مختلف اور معاندانہ تھا جس میں آنا کا آنا جاتا تھا۔ اس کے علاوہ اسپرموف' جو پیٹرس برگ کے سب سے بااثر لوگوں میں تھے اور لیزا میرکالووا کے پرستار تھے' ملازمت میں گھسیبی اکسلسیر روبوچ کے رکن تھے۔ انہیں سب مصلحتوں کی بنا پر آنا اس پارٹی میں نہ جانا چاہتی تھیں اور ان کے اسی انکار سے پرنس تورسکایا کے رتبے کے آخری فرق کا تعلق تھا۔ اب آنا کا اس امید میں وہاں جانا چاہتی تھیں کہ وہ دشکی سے ملاقات ہو جائے گی۔

آنا وہ پہلے مہمانوں سے پہلے ہی پرنس تورسکایا کے ہاں پہنچ گئیں۔

جس وقت وہ پہنچیں اسی وقت وہ دشکی کا خدمت گار بھی داخل ہوا اور گل گچھوں میں گھنٹی کے ہوئے شاہی خادم خاص کی طرح لگ رہا تھا۔ وہ دروازے کے پاس رک گیا اور اس نے ٹوپی اتار کر آنا کو اندر جانے کا راستہ دیا۔ آنا نے اسے پہچان لیا اور سمجھی' اسے یاد آیا کہ کل وہ دشکی نے کہا تھا کہ وہ نیس آئے گا۔ تالباسی کے بارے میں اس نے رقعہ بھیجا ہے۔

انہوں نے بیٹھ رہا ان میں کوٹ اتارتے ہوئے سنا کہ خدمت گار نے کہا "ہز" کا لفظ بھی شاہی خادم خاص کی طرح ادا کرتے ہوئے کہ "کاؤنٹ کے پاس سے پرنس کی خدمت میں۔"

ان کا جی چاہا کہ پوچھیں کاؤنٹ کہاں ہیں۔ ان کا بھی چاہا کہ رقعہ پھاڑ ڈالیں اور اسے خط بھیجیں کہ وہ ان کے ہاں آ جائے' یا خود ہی اس کے ہاں چلی جائیں۔ لیکن نہ پہلا کرنا ممکن تھا' نہ دوسرا اور تیسرا سامنے سے ان کی آمد کی اطلاع دینے کے لئے گھنٹی بجتی سنائی دینے لگی اور پرنس تورسکایا کا خدمت گار دھاری دار اگلے دروازے کے سامنے کھڑا تھا اور انتظار کر رہا تھا کہ وہ اندر کے کمروں میں چلی جائیں۔

"پرنس باغ میں ہیں' ابھی انہیں اطلاع ہوتی ہے۔ کیا آپ باغ میں تشریف لانے کی زحمت فرمائیں گی؟" دوسرے خدمت گار نے دوسرے کمرے میں اطلاع دی۔

بے چینی اور ہر چیز کے بہم ہونے کی صورت حل ہو رہی تھی' گھر پر تھی' بلکہ بدتر اس لئے کہ کوئی اقدام کرنا ممکن نہ تھا' دشکی سے ملنا ممکن نہ تھا اور یہاں ضرورت ضروری تھا' نامانوس اور نا سازگار معاشرے میں۔ لیکن وہ ایسے سنگار اور لباس میں تھیں جو وہ جانتی تھیں کہ ان پر پھبتا ہے' وہ اکیلی نہیں تھیں' چاروں طرف کا ماحول کا یہ عادی' جشن کا سا ماحول تھا اور ان کے لئے گھر سے بہتر تھا۔ یہاں انہیں یہ سوچتے رہنے کی کوئی ضرورت نہ تھی کہ وہ کیا کریں۔ سب کچھ اپنے آپ ہی ہو جاتا تھا۔ میٹھی سفید لباس پہنے ہوئے ان کی طرف آ رہی تھیں اور ان کے سنگار اور خوش دلی پر وہ دنگ رہ گئیں۔ آنا انہیں دیکھ کر بیٹھ کی طرح مسکرائیں پرنس تورسکایا کے ساتھ تو بھیج تھے اور مفصل کی ایک رشتہ دار نوجوان لڑکی جس کے والدین کو اس بات کی بے انتہا خوشی تھی کہ وہ گرمیوں میں مشہور و معروف پرنس کے ساتھ رہے گی۔

غالباً آنا کے انداز میں کوئی نہ کوئی خاص بات تھی اس لئے کہ جیسی نے فوراً اسے دیکھ لیا۔

"میں بہت بری طرح سوئی" آنا نے جواب دیا اور خط نگار کی طرف دیکھا جو انہیں لوگوں کی طرف آ رہا تھا اور ان کے خیال کے مطابق وہ دوستی کا رشتہ بنا رہا تھا۔

"مجھے کتنی خوشی ہے کہ آپ آ گئیں" جیسی نے کہا۔ "میں تھک گئی ہوں اور ابھی ابھی ان لوگوں کے آنے سے پہلے میرا جائے پینے کا ارادہ تھا" اور وہ تجویز سے فائدہ اٹھا کر بیٹھ گئی۔ "اور آپ ماشا کے ساتھ جا کر کوکیٹ گراؤنڈ کو دیکھ آئیے جہاں اس کی کٹائی کی گئی ہے" اور پھر آنا سے مخاطب ہو گئیں اور مسکرا کر ان کا ہاتھ دباتے ہوئے جس میں وہ چائے کی پیالی لئے تھیں انہوں نے کہا "اور چائے پر ہم اور آپ مل کی باتیں کریں گے' وہی دل پسند موضوع (13) ٹھیک ہے نہ؟"

"اس لئے اور بھی کہ میں آپ کے پاس دیر تک نہیں ٹھہر سکتی۔ مجھے بڑی بلاورید کے پاس جانا ہے۔ میں ان سے سویرے سے وعدہ کر رہی ہوں" آنا نے کہا جن کے لئے جھوٹ 'جو ان کی فطرت کے منافی تھا' معاشرے میں نہ صرف سادہ اور قدرتی ہو گیا تھا بلکہ انہیں اس سے خوشی بھی حاصل ہوتی تھی۔

وہ اس بات کی بالکل کوئی وضاحت نہ کر سکتی تھیں کہ انہوں نے کس لئے یہ کہہ دیا تھا انہوں نے ایک سیکنڈ پہلے سوچا بھی نہ تھا۔ انہوں نے یہ صرف اس خیال سے کہہ دیا تھا کہ یہ کہہ دوستی تو ہو گا نہیں اس لئے انہیں اپنے پٹھارے کو جتنی جلد ہو سکے اور کسی طرح اس سے ملنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ لیکن انہوں نے بڑھی دانش ورید ہی کا ذکر کیوں کیا جن کے پاس انہیں جانا تھا جیسے کہ اور لوگوں کے پاس جانا تھا' اس کی وضاحت وہ نہ کر سکتی تھیں' لیکن اس کے ساتھ ہی جیسا کہ بعد کو یہ چلا وہ دوستی سے ملاقات کا سب سے ہموار راستہ ذہن میں سوچتے ہوئے اس سے بہتر کوئی راستہ وہ نہ سوچ سکتی تھیں۔

"نہیں میں آپ کو کسی حالت میں بھی نہ جانے دوں گی" جیسی نے آنا کے چہرے کو غور سے دیکھتے ہوئے کہا "میں سچ کہتی ہوں اگر آپ سے محبت نہ ہوتی تو میں برا مان جاتی۔ جیسے آپ ڈرتی ہوں کہ میرا معاشرہ آپ کے لئے بدمزگی کا باعث بن جائے گا۔ صبر کر کے ہمارے لئے چائے لے آئیے ورانگ روم میں جائے" انہوں نے خط نگار سے مخاطب ہوتے وقت بیٹھ کی طرح آنکھیں بچا کر کہا۔ اس سے رقعہ لے کر انہوں نے پڑھا اور پڑھا نہیں میں بولیں "اور کیسی ہمارے ساتھ دغا کر گیا" اس نے لکھا ہے کہ وہ نہیں آ سکتا" انہوں نے اسے قدرتی اور سادہ لہجے میں اضافہ کیا جیسے انہیں کبھی یہ خیال ہی نہ ہو سکتا تھا کہ آنا کے لئے دوستی کی کوئی اور بھی اہمیت ہو سکتی ہے سوائے کروکیٹ کے ایک کھلاڑی کے۔

آنا جانتی تھیں کہ جیسی سب کچھ جانتی ہیں لیکن جس طرح وہ دوستی کے بارے میں بات کرتی تھیں اس سے آنا کو یہ شبہ اور یقین ہو جاتا تھا کہ وہ کچھ بھی نہیں جانتیں۔

"اچھا" آنا نے بے تاری سے کہا جیسے انہیں اس سے کوئی خاص دلچسپی نہ ہو اور مسکراتے ہوئے اپنی بات جاری رکھی "آپ کا معاشرہ کسی کے لئے بدمزگی کا باعث کیسے بن سکتا ہے؟" لفظوں کا یہ کھیل 'راز کو یوں چھپانا آنا کے لئے بیزار کن تھا جیسے کہ سبھی عورتوں کے لئے ہوتا ہے اور چھپانے کی ضرورت نہیں 'نہ وہ مقصد جس کے لئے اسے چھپانا تھا' بلکہ چھپانے کا خود یہ عمل ہی دلکش معلوم ہوتا تھا۔ "میں پوچھ سے بڑھ کر کیتو لک تو نہیں ہو سکتی" انہوں نے کہا۔ "اسٹریموف اور لیزا میرکالووا یہ تو معاشرے کی بالائی کی بھی بالائی ہیں۔ پھر ان کا تو ہر جگہ خیر مقدم کیا جاتا ہے' اور میں تو" انہوں نے "میں" پر خاص طور پر زور دیا کہ "کبھی

خفا اور غیر روادار نہیں تھی۔ میں مجھے فرصت ہی نہیں ہوتی۔"

"نہیں' ہو سکتا ہے آپ اسٹریموف سے ملنا نہ چاہتی ہوں" انہیں اور اکسینیا الکساندروونا کو کھیل میں ایک دوسرے سے لڑے کرانے دیجئے' ہم سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ لیکن معاشرے میں تو یہ سب سے نمایاں شخص ہے جتنے میں جانتی ہوں اور بلاشبہ کروکیٹ کے پر لطف کھلاڑی ہیں۔ آپ خود ہی دیکھ لیجئے گا اور باوجود اس کے کہ لیزا کے عشق میں مبتلا ہو چکے تھے اور اب ان کی حیثیت مضحکہ خیز ہے' دیکھنا چاہئے کہ اس مضحکہ خیز صورت حال میں کیسے وہ اپنا راستہ نکال لیتے ہیں اور مضحکہ پیدا کرتے ہیں۔ سانولا شہ قسم کو آپ کیسے جانتی ہیں؟ یہ بھی بالکل ہی نیا رنگ ہے۔"

جیسی یہ سب کہہ رہی تھیں اور اس دوران میں ان کی پر مسرت اور ذہین نظر سے آنا نے محسوس کیا کہ جیسی ایک حد تک ان کی صورت حال کو سمجھ رہی ہیں اور کچھ انتظار کر رہی ہیں۔ وہ دونوں چلنے کمرے میں تھیں۔

"لیکن مجھے اکسینیا کو لکھنا چاہئے" اور جیسی میز کے پاس بیٹھ گئیں' چند سطریں انہوں نے لکھیں اور لفافہ کو فاتے میں رکھ کر کہا "میں لکھ رہی ہوں کہ وہ کھانے کے لئے نہ آ جائے۔ میرے ہاں کھانے کے وقت ایک خاتون اکیلی آ رہی ہیں' ان کے ساتھ کے لئے کوئی مرد ہونا چاہئے۔ دیکھئے ورانسکی کا فون کر دینے کے لئے کہنا چاہئے نہیں؟ مجھے معاف کیجئے گا' ایک منٹ کے لئے آپ کو اکیلی چھوڑ رہی ہوں۔ آپ مہربانی کر کے اس پر مہر لگا دیجئے اور بھجوا دیجئے" انہوں نے دروازے پر سے کہا "مجھے ذرا بات کرنا ہے۔"

آنا ایک منٹ بھی سوچے بغیر جیسی کا خط لے کر میز کے پاس بیٹھ گئیں اور اسے پڑھے بغیر آخر میں لکھا۔ "مجھے آپ سے فوراً ضروری بات کرنا ہے۔ میں باغ میں آ رہی ہے۔ میں وہاں چھ بجے پہنچ جاؤں گی۔" انہوں نے مہر لگا دی اور جیسی واپس آ گئیں تو ان کے سامنے خط نگار کو دے دیا۔

ان لوگوں کے لئے چائے کی پیالی میز پر جم سو چھوڑ کر انہوں نے ورانگ روم میں چائے نکالی گئی تو واقعی دونوں عورتوں میں اسے کوئی دلچسپی نہ تھی جس کا دعویٰ پرنس تورسکایا نے مہمانوں کے آنے سے پہلے تک کے لئے کیا تھا۔ ان دونوں نے انہیں لوگوں کے بارے میں باتیں کیں جن کے آنے کا انتظار کر رہی تھیں اور باتوں میں لیزا میرکالووا کا ذکر چھڑ گیا۔

"وہ مضحکہ پیدا کر رہی ہیں اور مجھے تو بہت مضحکہ خیز بھی لگتی تھیں" آنا نے کہا۔

"آپ تو ضرور ہی ان سے محبت کرنے لگی ہوں گی۔ وہ تو آپ کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتیں۔ کل دو دن کے بعد میرے پاس آئیں اور بہت ہی ناامید ہو گئی کہ آپ انہیں نہیں ملیں۔ وہ تو کہتی ہیں کہ آپ تو بالکل کسی نادل کی ہیروئن ہیں اور یہ کہ اگر وہ سو ہوتیں تو آپ کے لئے وہ ہزاروں بیوقوفیاں کر گزرتیں۔ اسٹریموف ان سے کہتے ہیں کہ یہ بیوقوفیاں تو وہ ویسے ہی کرتی ہیں۔"

"لیکن مہربانی کر کے آپ مجھے یہ بتائیے" آنا نے کچھ دیر چپ رہنے کے بعد اس لہجے میں کہا جس سے صاف ظاہر ہوتا تھا کہ یہ سوال وہ محض یوں ہی نہیں کر رہی ہیں بلکہ یہ کہ جو کچھ وہ پوچھنے والی ہیں وہ ان کے لئے اس سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے جتنی اسے ہونی چاہئے "میں کبھی یہ نہیں سمجھ پائی' مجھے بتائیے مہربانی کر کے پرنس کالووسکی سے 'جنہیں سب میشا کہتے ہیں' ان کے تعلقات کیسے ہیں؟ میں تو ان لوگوں سے کم ہی ملی ہوں یہ قصہ کیا ہے؟"

18

قدموں کی چاپ اور ایک مرد کی آواز سنائی دی' پھر عورت کی آواز اور قہقہہ' اور اس کے بعد وہ مہمان داخل ہوئے جن کا انتظار تھا۔ سافو شہ حسن اور دلکشا ہوا صحت مند سی سے بھرپور نوجوان شخص جسے سب لوگ واسکا کہتے تھے۔ صاف دکھائی دے رہا تھا کہ ریشم' لیس اور ترپ کل کی قبا اور کڑھائی دار ٹائی اسے خوب راس آئی ہے۔ واسکا نے جھک کر خواتین کو تعظیم کی اور ان پر نظر ڈالی لیکن بس صرف پلک جھپکنے کے لئے۔ وہ دراصل کمرے میں سافو کے پیچھے پیچھے داخل ہوا تھا اور وہ ڈرائنگ روم میں سارے وقت انہیں کے پیچھے پیچھے رہا جیسے ان سے بندھا ہوا ہو اور اس نے ایک سیکنڈ کے لئے ان پر سے نظریں نہیں ہٹائیں جیسے انہیں کھا جانا چاہتا ہو۔ سافو شہ حسن سنہرے بالوں اور سیاہ آنکھوں والی خاتون تھیں اور ادھیڑ عمر والے ہوتے پتلے دبلے سے تیز نیلی قدموں سے چل رہی تھیں۔ انہوں نے عورتوں سے بڑے پرزور طریقے سے دھیرے دھیرے سروں کی طرح ہاتھ ملایا۔

آنا اس نئی مشہور و معروف ہستی سے پہلے کبھی نہ ملی تھیں اور وہ سافو شہ حسن کی خوبصورتی اور اس انتہا پر حیران رہ گئیں جہاں تک ان کا بناؤ سنگار اور ان کے انداز کی بیباکی پہنچی ہوئی تھی۔ ان کے سر اپنے اور مصنوعی لطیف سنہرے بالوں کا ایسا بالائی ڈھانچا بنا ہوا تھا کہ ان کا سر ہوا میں سڈول' خوب بھرے ہوئے اور سامنے سے بہت زیادہ کھلے ہوئے نیم تن کے برابر لگ رہا تھا۔ آگے بڑھنے میں وہ ایسے ناز و غمزہ سے کام لیتی تھیں کہ ہر حرکت کے ساتھ لباس کے نیچے گھٹنوں اور ٹانگوں کے اوپری حصے کے خطوط نمایاں ہو جاتے تھے اور ان میں بیزارانہ طور پر یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ پیچھے سے اس ابھارے ہوئے نکلتے ہوئے پٹھوں کا اصل' ٹانسا اور سڈول تموج سے اس قدر بہتر اور پیچھے سے اور پیچھے سے اس قدر ڈھکا ہوا جسم کہاں ختم ہوتا ہے۔

بیٹسی نے جلدی سے ان کا اور آنا کا تعارف کروایا۔

"آپ بھلا یہ تصور بھی کر سکتی ہیں کہ ہم نے وہ سیاہیوں کو تقریباً کل ہی ڈالا تھا" انہوں نے فوراً ہی آنکھیں چمکا کر مسکراتے ہوئے اور اپنے لباس کے پچھلے حصے کو جھٹکتے ہوئے' جسے انہوں نے پھر فوراً ہی ایک طرف کو زیادہ کر کے ڈال لیا' بیان کرنا شروع کر دیا۔ "میں واسکا کے ساتھ آرہی تھی۔ ارے ہاں' آپ ان سے متعارف نہیں ہیں" اور انہوں نے اس نوجوان شخص کا خاندانی نام بتا کر اس کا تعارف کرایا اور سرخ ہو کر خاصی ندامت سے اپنی غلطی پر ہنسیں یعنی اس بات پر کہ انہوں نے ایک غیر متعارف شخص کے سامنے اسے واسکا کہہ دیا۔

واسکا نے ایک بار اور آنا کو تعظیم کی لیکن ان سے کچھ کہا نہیں۔ وہ سافو سے مخاطب ہوا:

"شروع آپ ہی کریں۔ ہم یہاں پہلے پہنچ گئے۔ اب آپ ادا کیجئے" اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔

سافو اور بھی خوش ہو کر ہنسیں۔

"ابھی اسی وقت تو نہیں" انہوں نے کہا۔

"کوئی بات نہیں میں پھر کر لوں گا۔"

"اچھا اچھا' ارے ہاں!" اچانک وہ خاتون خانہ سے مخاطب ہو گئیں "میں بھی کیا خوب ہوں۔ میں تو بھول ہی گئی۔ میں آپ کے ہاں ایک مہمان لائی ہوں۔ یہ ہیں وہ۔"

بیٹسی آنکھوں ہی آنکھوں میں مسکرائیں اور بڑے غور سے انہوں نے آنا کو دیکھا۔

"یہ نئے طور طریقے ہیں" انہوں نے کہا۔ "بھئی نئے ہی طور طریقے اپنا لئے ہیں۔ الفاظ اور عزت کے پرانے تصورات کو بھاڑ میں جھونک دیا ہے۔ لیکن اس کے اپنے طور طریقے ہیں کہ بھاڑ میں کیسے جھونکا جائے۔"

"وہ تو ٹھیک ہے لیکن کالو ڈ سکی سے ان کے تعلقات کیسے ہیں؟"

بیٹسی نے بالکل غیر متوقع طور پر مسرت اور ناقابل ضبط قہقہہ لگایا۔ وہ بہت ہی کم کرتی تھیں۔

"یہ تو آپ پرنسس ماریا کالو ڈ سکی کی خدمت پر چھاپہ مار رہی ہیں۔ یہ تو انتہائی خراب قسم کے چائے کا سوال ہے۔ ضرور بیٹسی بلا ہر جا ہستی تو نہیں ضبط کر سکتیں اور انہوں نے دو سروں کو بھی ہنسا دینے والا ایسا قہقہہ لگایا جو صرف کبھی کبھار ہی قہقہہ لگانے والے لگاتے ہیں۔" ان سے پوچھنا چاہئے" انہوں نے قہقہے سے آنکھوں میں بھر آنے والے آنسوؤں کے بیچ میں کہا۔

"نہیں" آپ تو ہنس رہی ہیں" آنا نے بھی غیر ارادی طور پر ہنسی کے چھوت سے متاثر ہوتے ہوئے کہا "لیکن میں تو کبھی۔ سمجھ سکی۔ اس میں شوہر کا دل بہلانے کی کیا بات ہے؟"

"شوہر؟ لیزا میر کانوا کے شوہر تو ان کے پیچھے پیچھے کھیل لئے گھومتے ہیں اور ہر وقت ان کی خدمت کے لئے حاضر رہتے ہیں۔ اور اس سے آگے وہاں در اصل کیا ہے یہ کوئی بھی جاننا نہیں چاہتا۔ آپ تو جانتی ہیں کہ اچھے معاشرے میں بناؤ سنگار کی بعض تفصیلات کے بارے میں باتیں نہیں کی جاتیں بلکہ سوچا بھی نہیں جاتا۔ یہی اس معاملے کے بارے میں بھی ہے۔"

"آپ رولانوائی کے ہاں کے جشن میں جائیں گی؟" آنا نے بات کا موضوع بدلنے کے خیال سے پوچھا۔

"میرے خیال میں تو نہیں" بیٹسی نے جواب دیا اور اپنی دوست کی طرف دیکھے بغیر احتیاط کے ساتھ تارک اور شفاف پیالی میں خوشبودار چائے انڈیلنی شروع کر دی۔ پھر انہوں نے شکر دانی اور اسے چاندی کے ہولڈر میں لگا کر سلگایا۔

"اب یوں دیکھئے کہ میں تو بہت سخی حالت میں ہوں" بیٹسی نے انہوں نے چائے کی پیالی ہاتھ میں لے کر کہنا شروع کیا "میں آپ کی بات سمجھتی ہوں اور لیزا کو بھی سمجھتی ہوں۔ لیزا ان بھولی بھالی ہستیوں میں سے ہیں جو بچوں کی طرح یہ سمجھتی ہی نہیں کہ اچھا کیا ہے اور برا کیا ہے۔ کم سے کم اس وقت نہیں سمجھتی تھیں جب بالکل نوجوان تھیں۔ اور اب شاید وہ جانتی ہیں کہ یہ ناسمجھی ان کو زیب دیتی ہے۔ اب وہ ہو سکتا ہے جان بوجھ کر نہ سمجھتی ہوں" بیٹسی نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "اور سر حال یہ انہیں زیب دیتی ہے۔ آپ جانتے کہ ایک ہی چیز کو الیے کی طرح دیکھا اور اس سے لذت سمجھی جا سکتی ہے اور اسے سیدھے سادے بلکہ مسرت بخش طریقے سے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے آپ چیزوں کو بہت زیادہ الیے کے طور پر دیکھنے کا رجحان رکھتی ہوں۔

"میرا کس قدر جی چاہتا ہے کہ دو سروں کو میں اس طرح جانتی جس طرح خود کو جانتی ہوں" آنا نے سنجیدگی سے فکر مند انہ انداز میں کہا "میں دو سروں سے بہتر تو ہوں یا بہتر آپ کے خیال میں تو بدتر۔"

"بالکل بچہ' بالکل بچہ" بیٹسی نے پھر کہا "تو وہ لوگ آگئے۔"

ساتو جس غیر متوقع نوجوان مہمان کو لائی تھیں اور جو اب بھی تھیں وہ ہر حال اتنا اہم مہمان تھا کہ باقی ہر اس کی کم عمری کے دونوں خواتین اس سے ملنے کے لئے کنڈی ہو گئیں۔

یہ ساتو کا نیا ہیرو ستارہ تھا۔ اب وہ اسکا بھی ہر طرح سے پیچھے پیچھے نگاہ رکھتا تھا۔

جلد ہی پرنس کالوٹو سکی اور لیزا میر کالوا اور استریبوف بھی آ گئے۔ لیزا میر کالوا ادھیڑ عمر کی سیاہ فام والی عالون تھیں۔ ان کے چہرے پر مشرقی انداز کی آکس تھی اور بہت ہی دلکش آنکھیں تھیں جنہیں سب پراسرار کہتے تھے۔ ان کے گہرے رنگ کے لباس اور سلیقہ کا دلکش آنانے فوراً دیکھ لیا تھا اور وہ انہیں بہت ہی اچھا لگا تھا) انداز ان کے حسن سے بہت میل کھاتا تھا۔ ساتو جتنی خلقہ اور کمسن سالی ہوئی تھیں اتنی ہی لیزا رم اور بکری بکری سی تھیں۔

لیکن آنا کے روپ کے مطابق لیزا میں کہیں زیادہ کشش تھی۔ بیشی نے ان کے بارے میں آنانے کہا تھا کہ لیزا نے اپنی جوانی کا انداز جان بوجھ کر اختیار کر لیا ہے لیکن جب انہیں آنانے دیکھا تو محسوس کیا کہ یہ سچ نہیں تھا۔ وہ سچ مچ جوان تھکی ہوئی لیکن پیاری اور دلکش عورت تھیں۔ یہ سچ ہے کہ انداز ان کا بھی وہی تھا جیسا ساتو کا تھا۔ ساتو کی طرح ان کے پیچھے پیچھے بھی دو ستارے رہتے تھے جیسے ساتھ ہی ناچ رہے ہوں اور وہ آنکھوں ہی آنکھوں میں انہیں لگے جاتے تھے۔ ان میں ایک نوجوان تھا اور وہ مراد زادہ تھا۔ لیکن لیزا میں کوئی ایسی بات تھی جو ان کے اور گرد کی ہر چیز سے بلند تر تھی۔ ان میں شیشے کے ٹکڑوں کے بجائے ہیرے کی چمک تھی۔ یہ چمک ان کی دلکش اور پر حیثیت پراسرار آنکھوں سے پیدا ہوتی تھی۔ ان سیاہ ملگجوں میں گہری آنکھوں کی تھکی تھکی سی لیکن ساتھ ہی بہت سے بھری ہوئی ناچیں اپنے پورے طلوس سے لوگوں کو حیران کر دیتی تھیں۔ ان آنکھوں سے آنکھیں چار کر کے ہر شخص کو لگتا کہ اس نے انہیں جان لیا اور جاننے کے بعد ان سے محبت کر لیا اس کے بس ہی میں نہ تھا۔ آنا کو دیکھ کر ان کا چہرہ اچانک خوشی کی مسکراہٹ سے دمک اٹھا

"اے آپ سے مل کر مجھے کتنی خوشی ہوئی!" انہوں نے آنا کے پاس آ کر کہا۔ "کل رلیس کورس میں آپ کے بارے میں باتیں ہو رہی تھیں کہ آپ چلی گئیں۔ کل خاص طور سے آپ سے ملنے کا میرا بہت جی چاہتا تھا۔ یہ سچ ہے۔ لیکن یہ صبا تک تھا؟" انہوں نے آنا کو اپنی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "لگتا تھا تمہاری روح کو بے نقاب کر دیں گی۔"

آنا نے گھبرائی ہوتے ہوئے جواب دیا "ہاں! مجھے بالکل توقع نہیں تھی کہ اتنا پریشان ہو گا۔"

اسی وقت سب لوگ باغ میں جانے کے لئے اٹھے۔

"میں کہیں جاؤں گی" لیزا نے مسکراتے ہوئے آنا کے پاس بیٹھ کر کہا۔ "آپ بھی نہیں جائیں گے؟ کہ کیٹ کھیلنے کا کیسے ایسا شوق ہے!"

"نہیں، مجھے تو بہت پسند ہے" آنا نے کہا۔

"اچھا یہ بتائیے کہ آپ جیسے یہ کرتی ہیں کہ آپ کو اکتاہٹ نہیں ہوتی؟ کوئی بھی آپ کو دیکھے — ہر وقت خوش و خرم۔ آپ زندہ دل رہتی ہیں اور میں آتا جاتی ہوں۔"

"کیسے آتا جاتی ہیں؟ آپ کا معاشرہ تو پیٹرس برگ میں سب سے زیادہ خوش و خرم لوگوں کا ہے" آنا نے کہا۔

"ہو سکتا ہے ہو لوگ ہمارے معاشرے میں نہیں ہیں ان کو اور بھی اکتاہٹ ہوتی ہو۔ لیکن ہم لوگوں میں تو

جیسی طور پر خوش و خرم تو نہیں ہیں بلکہ بے انتہا بے انتہا اکتاہٹ ہوتی ہے۔"

ساتو بار بار بوس سنگا کر دونوں نوجوانوں کے ساتھ باغ میں چلی گئیں۔ بیشی اور استریبوف چائے پینے لگے۔

"اکتاہٹ کیسے ہوتی ہے؟" بیشی نے کہا۔ "ساتو کہہ رہی تھیں کہ ان لوگوں نے آپ کے ہاں طوب فی ذوق کیا۔"

"ہوں" کیسی بے کیفی تھی لیزا میر کالوا نے کہا۔ "دو دنوں کے بعد سب لوگ میرے ہاں آ گئے۔ اور سب وہی 'سب بالکل وہی' بالکل ایک ہی جیسا۔ ساری شام سوئیوں پر ایڈتے رہے۔ تو اس میں دلچسپی مذاق کی کون سی بات ہو لی؟ نہیں آپ کیا کرتی ہیں جو آپ کو اکتاہٹ نہیں ہوتی؟" وہ پھر آنا سے مخاطب ہو گئیں۔ "آپ کو دیکھنے ہی صاف نظر آتا ہے کہ یہ ہے عورت جو ہو سکتا ہے سکھی ہو ہو سکتا ہے دکھی ہو لیکن اکتاتی تو نہیں۔ ہمیں بھی سکھائیے کہ آپ کیسے یہ کرتی ہیں۔"

"کسی طرح نہیں کرتی" آنا نے ان بامعنی لہجے والے سوالوں سے صرف ہو کر کہا۔

"بس یہی سب سے اچھا طریقہ ہے" ان لوگوں کی بات میں استریبوف نے لقمہ اٹھا کر کہا۔

استریبوف کوئی پچاس سال کے آدمی تھے۔ بال کھچڑی ہو گئے تھے لیکن ابھی تازہ دم تھے۔ بہت ہی وجیہ شکل تھے لیکن چہرے سے کردار اور ذہانت کا اظہار ہوتا تھا۔ لیزا میر کالوا ان کی بیوی کی بھتیجی تھیں اور وہ اپنا فرصت کا سارا وقت انہیں کے ساتھ بسر کرتے تھے۔ آنا کا رجحان سے ملنے تو ملازمت میں انکسی الکساندر وچ کے دشمن ہونے کے باوجود، وہ اعلیٰ معاشرے کے ذہین شخص کی طرح ان سے "اپنے دشمن کی بیوی سے" خاص خلقہ عقیدت سے پیش آنے کی کوشش کر رہے تھے۔

"کسی طرح نہیں" انہوں نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ دوبارہ "یہی بہترین طریقہ ہے۔ میں آپ سے ایک زمانے سے کہہ رہا ہوں" وہ لیزا میر کالوا سے مخاطب ہو گئے "کہ اگر آدمی یہ چاہتا ہے کہ اکتاہٹ نہ ہو تو اس کے بارے میں سوچنا ہی نہ چاہئے کہ اکتاہٹ ہو گی۔ یہ بالکل ویسے ہی ہے جیسے اگر آدمی بے خوابی سے ڈرتا ہو تو اسے یہ نہ ڈرنا چاہئے کہ وہ سو نہ پائے گا۔ یہی آنا نارینا نے کہا ہے۔"

"اگر میں نے یہ کہا ہو تا تو مجھے بڑی خوشی ہوتی اس لئے کہ یہ صرف ذہانت کی ہی نہیں سچ بات بھی ہے" آنا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"نہیں آپ بتائیے کہ نیند آنا کیوں ناممکن ہو جاتا ہے اور نہ آنا کیوں ناممکن ہو جاتا ہے۔"

"نیند آنے کے لئے کام کرنا چاہئے اور خوش و خرم رہنے کے لئے بھی کام کرنا چاہئے۔"

"کام میں کیوں کروں گی جب میرے کام کی کسی کو ضرورت نہیں؟ اور سوچ سمجھ کر دکھاوے کے لئے میں کر نہیں سکتی اور چاہتی بھی نہیں۔"

"آپ کو ٹھیک کرنا ناممکن ہے" استریبوف نے ان کی طرف دیکھے بغیر کہا اور پھر آنا سے باتیں کرنے لگے۔

آنا سے ان کی ملاقات بہت ہی کم ہوتی تھی اس لئے وہ گھسی پٹی باتوں کے علاوہ ان سے کچھ کہہ تو نہ سکتے تھے لیکن یہ گھسی پٹی باتیں بھی کہ وہ پیٹرس برگ کب آئیں گی اور یہ کہ کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا سے کتنی محبت کرتی تھیں "انہوں نے ایسے انداز سے کیں جس سے یہ ظاہر ہو گیا کہ وہ ان سے چاہتے ہیں کہ ان کے ساتھ

خوشگواری سے پیش آئیں اور انہیں دکھادیں کہ وہ ان کا احترام کرتے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ۔

تو کچھ بچ یہ کہنے کے لئے آئے کہ سارے لوگ کرکٹ کھیلنے والوں کا انتظار کر رہے ہیں۔

"نہیں" آپ معافی کر کے نہ جائیے" لیزا میرکاوا نے گزارش کی جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ کتنا جاری ہیں۔ استعمال بھی ان سے مل گئے۔

"یہ تو بہت ہی زبردست تصادم ہے" انہوں نے کہا" اس محفل کے بعد یہ میاں بیوی کے پاس جانا اور ان کے لئے تو آپ دونوں کی قربت کرنے کا موقع ہوں گی بلکہ یہاں آپ میں احساس بیدار کریں گی بہت ہی اچھا اور قربت کے احساسات کے لیں معافی ہو گا" انہوں نے کہا سے کہا۔

کتنا نے ذرا دیر بے چینی کی حالت میں سوچا۔ اس ان شخص کی دلچسپ بات چیت' بھولی بھالی بچگانہ اور روی جوان کی طرف لیزا میرکاوا نے ظاہر کی تھی اور اعلیٰ معاشرے کا عادی ماحول — یہ سب اتنا آسان تھا اور گھریلو انہیں ان مشکلات کا سامنا کرنا تھا کہ ایک عرصے کے لئے تو وہ خوف زدہ ہو گئیں کہ وہ گھبرا نہ جائیں' صفائی اور وضاحت کی کٹھن گھڑی کو پکھ اور دور کردیں۔ لیکن یہ یاد کر کے کہ گھر میں اگر انہوں نے کوئی فیصلہ کیا تو تمالی میں انہیں کسی چیز کا انتظار ہو گا اس حرکت کو یاد کر کے جس کے بارے میں سوچنا بھی بھیانک تھا جب دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اپنے بال نوچ رہی تھیں' انہوں نے رخصت لی اور چلی گئیں۔

19

وردشکی دیکھنے میں اپنی لاپروائی کی معاشرتی زندگی بسر کرنے کے باوجود ایک شخص تھا جسے بدقسمتی سے نفرت تھی۔ نوجوانی ہی میں جب وہ کورٹ آف چانسری میں تھا تبھی اسے رقم قرض مانگنے پر انکار کی اہمیت برداشت کرنے کا تجربہ ہو چکا تھا اور تب سے اس نے ایک بار بھی خود کو ایسی حالت میں نہیں پھنسنے دیا تھا۔

اپنے امور کو ہمیشہ نظم وضبط کے ساتھ چلانے کے لئے وہ سال میں کوئی پانچ بار اپنی حالت کا جائزہ لیتا تھا اور اکیلے رہ کر اپنے معاملات کو ٹھیک ٹھاک کرتا تھا۔ وہ اسے اپنے حساب کتاب کا دن کہتا تھا یا لیزرلا لیمبرو (10) کہتا تھا۔

دونوں کے دوسرے دن وردشکی جب بستر سے اٹھا تو اس نے ناشتہ نہیں منگایا۔ وردی کا کوٹ پہن کر اس نے میز پر رقم' بل اور خطوط پھیلائے اور اپنے کام میں لگ گیا۔ بہتر تھی یہ جانتا تھا کہ ایسی صورت حال میں وہ خفا ہو جاتا تھا چنانچہ جب وہ جاگا اور اس نے اپنے ساتھی کو لکھنے کی میز کے پاس بیٹھے دیکھا تو چپکے سے کپڑے پہنے اور اس کے کام میں مخل ہوئے بغیر چلا گیا۔

کوئی بھی شخص جو حالات کی پیچیدگی اور اپنے ہاتھوں کی بھلوٹی سے بھلوٹی تفصیلات کو جانتا ہے یہ فرض کرتا ہے کہ ان حالات کی پیچیدگی اور ان کو سلجھانے کی مشکلیں محض اس کی ذاتی اور اخلاقی خصوصیتیں ہیں اور وہ کسی طرح سوچتا ہی نہیں کہ دوسرے لوگ بھی اپنے ذاتی حالات کی اسی قسم کی پیچیدگیوں میں گھرے ہوئے ہیں جیسے کہ وہ خود۔ وردشکی کو بھی ایسا ہی لگتا تھا۔ یہ سوچنے میں وہ اندرونی فخر محسوس کئے بغیر نہ رہ سکا اور یہ بے فائدہ بھی نہ تھا کہ دوسرا کوئی شخص اگر خود کو ایسے ہی مشکل حالات میں پاتا تو اب تک کب کا بوکھلا جاتا اور بیوقوفی حرکتیں کرنے پر مجبور ہو جاتا۔ لیکن وردشکی یہ محسوس کرتا تھا کہ خاص طور سے اس وقت اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے حالات کا اچھی طرح جائزہ لے اور انہیں سلجھالے تاکہ وہ بوکھلائے اور بھٹکے نہیں۔

اس نے سب سے پہلے جس چیز کو سب سے آسان معاملے کی طرح لیا وہ اس کے مالی معاملات تھے۔ اپنی بھولی بھولی تحریر میں فلاڈلفیا کے ایک کاغذ بیچ سے پہلے اس نے لکھا کہ وہ کتنے کا مقروض ہے اور میزان کرنے کے بعد اسے پتہ چلا کہ وہ سترہ ہزار روبل اور کچھ سو کا مقروض ہے جو اس نے حساب کی آسانی کے لئے چھوڑ دیا۔ رقم گن کر اور چیک کی کتاب دیکھ کر اس نے دیکھا کہ اس کے پاس ایک ہزار آٹھ سو روبل بچے ہیں اور اگلے سال تک کوئی اور رقم حاصل نہ ہو گی۔ قرضوں کی فہرست کو پھر سے پڑھ کر اس نے انہیں پھر سے تین خانوں میں تقسیم کر کے دیکھا۔ پہلے خانے میں وہ قرضے درج کئے گئے جنہیں فوراً ادا کرنا تھا یا بہرحال جنہیں ادا کرنے کے لئے رقم تیار رکھنی تھی تاکہ مطالبہ کئے جانے پر ذرا بھی تاخیر کے بغیر ادائیگی کی جا سکے۔ اس طرح کے قرض تقریباً چار ہزار تھے۔ پندرہ سو روبل بھگتانے کے لئے اور دو ہزار پانچ سو روبل نوجوان ساتھی وہ میتھسکی کی ضمانت کے طور پر وردشکی کی موجودگی میں ایک بیچ ہارنے پر رقم ہار گیا تھا۔ وردشکی اسی وقت رقم ادا کرنا چاہتا تھا (اس کے پاس رقم تھی) لیکن وہ میتھسکی اور باقیوں سے اس بات پر اصرار کیا کہ وردشکی نہیں بلکہ وہ خود ادا کریں گے اس لئے کہ وردشکی تو کھیلا بھی نہ تھا۔ یہ سب تو بہت اچھا تھا لیکن وردشکی جانتا تھا کہ اس گندے معاملے میں جس میں اس نے صرف اس طرح حصہ لیا تھا کہ وہ میتھسکی کے لئے ذاتی ضمانت دی تھی' اس کے لئے یہ بھی ہزار اپنے پاس رکھنا ضروری ہے تاکہ اس جھمیلے کے منہ پر مار سکے اور اس سے اور کوئی بات چیت نہ کرے۔ چنانچہ اس پہلے سب سے ضروری حصے کے لئے چار ہزار روبل ہونے چاہئے تھے۔ دوسرے حصے میں آٹھ ہزار کم ضروری قرض تھے۔ اس میں زیادہ تر رقمیں کورس کے اصطبل کے سلسلے کے بقایا اور سوکھی گھاس کے لئے "اگریرٹیز" دین سادہ فیبو کو دینے تھے۔ ان میں سے بھی دو ہزار ادا کرنا ضروری تھا تاکہ وہ بالکل سکون سے رہ سکے۔ قرضوں کا آخری حصہ — سودکاروں' ہوٹلوں اور دوستوں کو ادا کرنے کا — ایسا تھا جس کے بارے میں کچھ سوچنے کی ضرورت نہ تھی۔ تین کم سے کم چھ ہزار کی ضرورت تھی اور دوسرے اخراجات کے لئے کل ملے ایک ہزار آٹھ سو۔ جس کمپنی کی آمدنی ایک لاکھ ہو' جتنی کہ سارے لوگ وردشکی کی حیثیت کا تعین کرتے تھے' ایسے قرض لگتا تو یہ تھا کہ مشکل پیدا کرنے والے نہیں ہو سکتے تھے۔ لیکن بات یہ تھی کہ اس کے پاس یہ ایک لاکھ کبھی تھے ہی نہیں۔ باپ کی بے احتیاطی جائیداد کا' جو اکیلی ہی دو لاکھ سالانہ کی آمدنی کی تھی' لعنتیوں کے درمیان بٹوارا نہیں ہوا تھا۔ جس وقت بڑے بھائی نے' جو بہت زیادہ مقروض تھے' پرنس وارینا چیز کو اسے شادی کی' جو ایک دوشیزہ لڑکی (15) کی بچی تھیں اور ان کے پاس کسی طرح کی جائیداد نہ تھی' تو کلیسی باپ کی جائیداد سے حاصل ہونے والی ساری آمدنی سے بڑے بھائی کے حق میں دستبردار ہو گیا اور اپنے لئے اس نے صرف ۲۵ ہزار سالانہ رکھ لئے۔ تب کلیسی نے بڑے بھائی سے کہا تھا کہ جب تک وہ شادی نہیں کرتا' جو کہ غالباً کبھی نہیں کرے گا' یہ رقم اس کے لئے کافی ہو گی۔ بھائی ایک بہت ہی خوش طلب رحمدل کے کمانڈر تھے اور دوسروں نے ابھی ابھی شادی کی تھی۔ وہ یہ نہ کر سکے کہ اس چھوٹے کو قبول نہ کریں۔ ماں کے پاس اپنی الگ جائیداد تھی اور وہ اس ۲۵ ہزار کی مخصوص کردہ رقم کے علاوہ کلیسی کو ۲۰ ہزار سالانہ اور دے دیتی تھیں۔ اور کلیسی اس سب کو خرچ کر لیتا تھا۔ پچھلے دنوں ماں اس کے تعلق اور ساکھ سے اس کے چلے آنے کے سلسلے میں اس سے ناراض ہو گئیں اور انہوں نے اسے رقم بھیجنی بند کر دی۔ اور اس کے نتیجے میں وردشکی کو جس کی حالت ۳۵ ہزار سالانہ کے خرچ کی مدد کی بسر کرنے کی پڑ چکی تھی' اس سال چھبیس ہی ہزار ملے اور اب وہ مشکل میں پڑ گیا۔ اس مشکل سے نکلنے کے لئے وہاں سے رقم نہ مانگ سکتا تھا۔ ان کے آخری خط سے' جو اسے کل ہی

ملا تھا' وہ خاص طور سے اس بات پر جھنجلا گیا تھا کہ اس میں اس بات کا اشارہ تھا کہ وہ معاشرے میں اور ملازمت میں کامیابی کے لئے اس کی مدد کرنے کے واسطے تو تیار ہیں لیکن ایسی زندگی کے لئے نہیں جو سارے ایسے معاشرے کے لئے باعث رسوائی ہو۔ ماں کی اس کو غیرت دلانے کی خواہش سے اسے دلی توہین کا احساس ہوا تھا اور وہ اس کی طرف سے اور بھی سرد ہو گیا تھا لیکن وہ اپنے دیئے ہوئے دیانتدارانہ قول سے بھی نہ پھر سکتا تھا حالانکہ اس وقت وہ کار۔ٹینا کے ساتھ اپنے تعلق کی مبہم سہم پیش بینی کر کے یہ محسوس کر رہا تھا کہ یہ قول اس نے لاپروائی میں دے دیا تھا اور اسے شادی کئے بغیر ہی ایک لاکھ کی ساری آمدنی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ لیکن قول سے پھر جانا ناممکن تھا۔ وہ بس اپنے بھائی کی بیوی کا خیال کرتا' یاد کرتا کہ کیسے پیاری اور مستعد اچھی سی وارما کو جب بھی کوئی مناسب موقع مل جاتا تو اسے یاد دلا دیتیں کہ اس کی دیانتی انہیں یاد ہے اور وہ اس کی بڑی قدر کرتی ہیں' اور وہ سمجھ جاتا کہ بچہ کو دودھ پلانا ہے اسے واپس لوٹانا ناممکن ہے۔ یہ انکاری ناممکن تھا جتنا عورت کو بیٹا چوری کرنا یا جھوٹ بولنا۔ بس ایک ہی چیز ممکن تھی اور وہی اسے کرنی چاہئے تھی جسے کرنے کا فیصلہ ورونسکی نے ایک لمحہ کے بھی تذبذب کے بغیر کر لیا۔ کسی ساہوکار سے دس ہزار قرض لے لینا' جس میں کوئی مشکل نہ ہوگی' عام طور سے اپنے خرچوں کو کم کر دینا اور ولیس کے گھوڑوں کو بیچ دینا۔ اس کا فیصلہ کر کے اس نے فوراً ہی روسانداکی کو رقعہ لکھا جسوں نے کئی بار اس کے گھوڑے خرید لینے کی تجویز اس کے پاس بھجوائی تھی۔ پھر اس نے انگریز کو اور ساہوکار کو بلوایا اور جو رقم اس کے پاس تھی اس کو حساب کے مطابق الگ الگ رکھ دیا۔ اس کام کو ختم کر کے اس نے ماں کے خط کا ایک مبہم اور نخیلا جواب لکھا۔ بعد کو اس نے اپنے ہوٹے سے آنا کے تین رقعے نکالے' انہیں پڑھا اور جلا دیا اور ان کے ساتھ اپنی مل کی بابت بیت کو یاد کر کے سوچنے لگا۔

20

ورونسکی کی زندگی خاص کر اس اعتبار سے سخی تھی کہ اس کے اپنے اصول تھے جو بغیر کسی شک و شبہ کے یہ متعین کر دیتے تھے کہ کیا کرنا چاہئے اور کیا نہ کرنا چاہئے۔ ان اصولوں کا ضابطہ حالات کے ایک بہت ہی چھوٹے دائرے کا احاطہ کرتا تھا لیکن پھر یہ اصول قطعی تھے اور ورونسکی چونکہ اس دائرے سے باہر کبھی نکلتا نہ تھا اس لئے اسے جو کرنا چاہئے اس کی تعمیل میں اس نے کبھی ایک منٹ کے لئے بھی تذبذب نہیں کیا۔ یہ اصول بغیر کسی شک و شبہ کے یہ متعین کر دیتے تھے کہ بیتے ہار کو ادا کرنا ضروری ہے لیکن قرض کی ضروری نہیں' کہ عورت جھوٹ نہیں بولنا چاہئے لیکن عورت سے ممکن ہے' کہ کسی کو بھی دھوکا نہ دینا چاہئے لیکن شوہر کو ممکن ہے' کہ تو ہین کو معاف کرنا ناممکن ہے لیکن تو ہین کرنا ممکن ہے وغیرہ وغیرہ۔ سارے اصول غیر معقول اور بُرے ہو سکتے تھے لیکن وہ قطعی تھے اور ان کی تعمیل کر کے ورونسکی سکون محسوس کرتا تھا اور سر اٹھا کر چل سکتا تھا۔ بس ادھر کچھ دنوں سے آنا کے ساتھ اپنے تعلق کے سلسلے میں ورونسکی یہ محسوس کرنے لگا تھا کہ اس کے اصولوں کا ضابطہ پوری طرح سارے حالات کا تعین نہ کرتا تھا اور مستقبل میں ایسی مشکلوں کا اور شکوک کا خیال ہونے لگا تھا جن میں ورونسکی کو بھی سے رہنمائی کی کوئی بنیاد نہ ملتی تھی۔

اس وقت آنا اور ان کے شوہر کے ساتھ اس کا جو رشتہ تھا وہ اس کے لئے سادہ اور صاف تھا۔ اصولوں کے جس ضابطے کو رہنمائے عمل بنا کر وہ زندگی بسر کرتا تھا اس میں یہ رشتہ صاف اور صحیح طور پر متعین تھا۔

وہ معزز اور معزز عورت ہیں جو اس سے محبت کرتی ہیں اور وہ ان سے محبت کرتا ہے۔ اس لئے اس کے سلسلے وہ ایسی عورت ہیں جو اتنے ہی بلکہ اس سے زیادہ احترام کی مستحق ہیں جتنے کی مستحق قانونی بیوی ہوتی ہے۔ سے اپنا ہاتھ کھینچنا زیادہ گوارا تھا بہ نسبت اس کے کہ لفظ سے یا اشارے کنایے سے ان کی توہین ہی نہیں بلکہ یہ کے لئے وہ احترام ظاہر نہ کرنے کو روا رکھے جس کی توقع کوئی بھی عورت کر سکتی ہے۔

معاشرے کے بارے میں رویہ بھی صاف تھا۔ سب جان سکتے ہیں' اس کا شبہ کر سکتے ہیں لیکن کسی کو بھی اس کی بات کرنے کی جسارت نہ کرنی چاہئے۔ اگر اس کے برعکس ہوا تو وہ بات کرنے والے کو چپ کر دینے اور جس عورت سے وہ محبت کرتا تھا اس کی غیر موجودگی عزت کا احترام کروانے کے لئے تیار تھا۔

شوہر کے بارے میں اس کا رویہ اور بھی زیادہ صاف تھا۔ جس وقت سے آنا نے ورونسکی سے محبت کی تھی اسی سے وہ ان پر صرف اپنے حق کو کامل سمجھتا تھا۔ شوہر صرف ایک فالتو اور خلل ہونے والا شخص تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کی صورت حال المناک تھی لیکن اب کیا کیا جائے؟ شوہر کو صرف ایک حق حاصل تھا کہ وہ مبارزت میں جتنیارے کر بلاک کی مطابقت کا مطالبہ کرے اور اس کے لئے ورونسکی شروع ہی سے تیار تھا۔

لیکن پچھلے دنوں اس کے اور آنا کے درمیان نئے اندرونی رشتے پیدا ہو گئے تھے جو غیر متعین ہونے کی بنا پر ورونسکی کے لئے خوف کا باعث تھے۔ کل ہی انہوں نے اسے مطلع کیا تھا کہ وہ حاملہ ہیں۔ اور اس نے محسوس کیا کہ یہ خبر اور انہیں اس سے ہونے والے تھے وہ کسی ایسی چیز کی متقاضی تھیں جس کا اس کی طرح تعین اصولوں کے اس ضابطے میں نہیں کیا گیا تھا جس کو اس نے زندگی میں رہنمائے عمل بنایا تھا۔ اور درحقیقت وہ اچانک میں پڑ گیا تھا اور جب انہوں نے اپنی صورت حال سے باخبر کیا تو اولین لمحوں میں اس کے دل نے کہا کہ وہ شوہر کو چھوڑ دینے کا مطالبہ کرے۔ اس نے یہ کہہ تو دیا لیکن اب وہ صاف طور سے دیکھ رہا تھا کہ اگر اس کے بغیر کام چل سکتا ہو تو بہتر تھا اور اس کے ساتھ ہی اپنے آپ سے یہ کہنے کے بعد اسے ڈر ہوا کہ کیا یہ بری بات نہیں ہے؟

"اگر میں نے شوہر کو چھوڑ دینے کے لئے کہا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مجھ سے ملیں گی۔ میں اس کے لئے تیار ہوں؟ اس وقت میں کیسے' کہیں وہاں سے لا سکتا ہوں جب میرے پاس رقم ہے ہی نہیں؟ فرض کیا کہ میں اس کا بندوبست کر لیتا ہوں۔ تو میں انہیں لاؤں گا کیسے جب تک فوجی ملازمت میں ہوں؟ اگر میں نے یہ کہا ہے تو اس کے لئے تیار ہونا چاہئے یعنی رقم ہونی چاہئے اور فوجی ملازمت سے سبکدوش ہو جانا چاہئے"

اور وہ سوچتا رہا۔ فوجی ملازمت سے سبکدوش ہونا' اس سوال سے وہ دوسرے سوال پر آیا جس کا تعلق شاید اس کی ساری زندگی کی خاص اور ذاتی دلچسپی سے تھا جس کے بارے میں صرف وہی جانتا تھا۔

جاوداکرام کی ہوس اس کے بچپن اور جوانی کا پرانا خواب تھا' ایسا خواب جس کا اعتراف وہ خود بھی نہ کرتا تھا لیکن جو اتنا قوی تھا کہ یہ جذبہ اس وقت بھی اس کی محبت سے جدوجہد کر رہا تھا۔ معاشرے اور ملازمت میں اس کے اولین قدم کامیاب تھے لیکن دو سال پہلے اس نے ایک بڑی بھونڈی غلطی کی۔ اپنی آزادی کا اظہار کرنے اور آگے بڑھنے کی خواہش کے تحت اس نے ایک عہدے سے انکار کر دیا جو اسے پیش کیا گیا تھا۔ اسے یہ امید تھی کہ یہ انکار اس کی وقعت میں بہت اضافہ کر دے گا۔ لیکن پتہ یہ چلا کہ اس نے ضرورت سے زیادہ جسارت سے کام لیا تھا اور اسے چھوڑ دیا گیا۔ اور خواہی نخواہی آزاد انسان کی حیثیت اختیار کر کے اس نے اسے نبھایا' خود کو بڑی مناسبت اور سمجھداری سے لئے دیئے رہا' ایسے جیسے اسے کسی پر غصہ ہو اور کسی کی طرف سے اسے توہین کا کوئی احساس نہ ہو اور صرف یہ چاہتا ہو کہ اسے چین اور سکون سے رہنے دیا جائے اس لئے کہ وہ بہت خوش و خرم ہے۔ لیکن دراصل وہ پچھلے سال جب سے سکو گیا تھا تب بھی خوش و خرم نہیں تھا۔ وہ یہ محسوس کر

رہا تھا کہ یہ ایسے آزاد شخص کی حیثیت سے جو سب کچھ ہو سکتا تھا لیکن چاہتا نہیں تھا، ختم ہوتی جا رہی ہے اور ہر سے لوگ یہ سوچتے ہیں کہ وہ کچھ ہو ہی نہیں سکتا تھا سوائے اس کے کہ ریاست دار اور نیک شخص رہے۔ کار۔ جینا سے اس کے تعلق نے اتنا ہنگامہ مچایا اور وہ عام توجہ کا مرکز بن گیا اور اس سے اسے بڑی چمک دمک مل گئی لوقتی طور پر اس کا جاہ و اکرام پسندی کا گمن ساکت ہو گیا لیکن ایک بلند پہلے اس گمن کا کیڑا ابھرے بڑی قوت کے ساتھ جاگ اٹھا اس کا بچپن کا ساتھی "ایک ہی ملتے کا" ایک ہی سادہ لوح متدار اور کور اف تھا میں بھی اس کا ساتھی میریو خو لنکوئی اس کے ساتھ ہی فارغ التحصیل ہوا تھا جس کے ساتھ وہ مجاعت میں بھی مقابلہ کرتا تھا' جن تنگ میں بھی' شرارتوں میں بھی اور جاہ و اکرام کے خوابوں میں بھی۔ وہ چند ہی دن ہوئے وسط ایشیا سے لوٹا تھا جہاں اسے دو تو قیاں ملیں اور ایسا ایتار جو اسے کم عمر جنرل کو کہی دیا جاتا تھا۔

جیسے ہی وہ بیٹرس برگ پہنچا ویسے ہی اس کے بارے میں باتیں ہونے لگیں کہ یہ روشن ترین قوت کا نیا ستارہ طلوع ہوا ہے۔ وردشکی ہی کا ہم عمر اور ہم جماعت وہ توجرنل ہو گیا تھا اور ایسے تقرر کی توقع کر رہا تھا جو ریاستی امور پر اثر انداز ہو سکتا تھا اور وردشکی آزاد بھی تھا اور ذہین و نمایندہ بھی اور ایک حسینہ کا محبوب بھی لیکن تھا اس رجمنٹ میں پتلون جسے پوری چھوٹ دے دی گئی تھی کہ جتنا چاہے آزاد رہے۔ "ظاہر ہے کہ میں میریو خو لنکوئی پر رشک نہیں کر سکتا اور کر بھی نہیں سکتا لیکن اس کے ترقی کرنے سے بھی مجھ میں یہ آتا ہے کہ وقت کے انتظار میں رہنا چاہئے اور میرے جیسے شخص کی خاطر تھی زندگی بہت جلدی ہی بن سکتی ہے۔ تین سال پہلے وہ بھی اسی صورت حال میں تھا جس میں میں ہوں۔ ملازمت سے بیکدوش ہو کر تو میں اپنی کشتیاں جلا دوں گا۔ کوئی ملازمت میں رہ کر میں گنواؤں گا تو کچھ نہیں۔ آگاتے تو خود ہی کہا تھا کہ وہ اپنی حیثیت کو بدلنا نہیں چاہتیں اور مجھے جب اس کی محبت حاصل ہے تو میں میریو خو لنکوئی پر رشک کیسے کر سکتا ہوں۔" اور آہستہ آہستہ پی سو چھوں پر تاؤ دیتا ہوا وہ میز کے پاس سے اٹھ کھڑا ہوا اور کمرے میں ٹہلنے لگا۔ اس کی آنکھیں خاص طور سے تابندگی کے ساتھ چمک رہی تھیں اور اسے روح کی اس تکمیل پر سکون اور پر مسرت حالت کا احساس ہو رہا تھا جو اس میں ہمیشہ اپنی صورت حال کو واضح طور سے سمجھ لینے کے بعد پیدا ہو جاتی تھی۔ سب کچھ ویسے ہی صاف اور روشن تھا جیسا پہلے کے دنوں کے حساب کتاب کے بعد ہوا کرتا تھا۔ اس نے داڑھی بنائی، غسل سے پانی سے نہایا، کپڑے بدلے اور باہر آ گیا۔

۲

"میں تو تمہیں لینے آیا تھا آج تو تمہاری "دعلائی" بڑی دیر تک چلتی رہی" پیتر نسکی نے کہا۔ "تو پھر" ختم ہو گئی؟"

"ختم ہو گئی" وردشکی نے صرف آنکھوں سے مسکراتے ہوئے اور اپنی مونچھوں کو ایسی احتیاط سے تاؤ دیتے ہوئے کہا جیسے اس تنظیم و ترتیب کے بعد جو اس نے اپنے امور میں پیدا کی تھی کوئی بھی جلدی اور تیز حرکت اسے درہم برہم کر سکتی ہو۔

"اس کے بعد تم بیٹھ ایسے لگتے ہو جیسے گرم حمام سے نکل کر آ رہے ہو" پیتر نسکی نے کہا۔ "میں گرجا کے ہاں سے آ رہا ہوں" (اس طرح وہ لوگ اپنے رجمنٹ کمانڈر کا نام لیتے تھے) "وہاں تمہارا انتظار کیا

وردشکی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس نے اپنے ساتھی کی طرف دیکھا حالانکہ سوچ وہ کچھ اور ہی رہا تھا۔

"اچھا تو یہ سوسیتی ان کے ہاں ناچ رہی ہے؟" اس نے اپنے کانوں تک آئی ہوئی پوکاروں کی وحشی جھالروں کو ہلاتے ہوئے اور اس چیز کی جانی پہچانی آواز سن کر کہا۔ "اور یہ جشن کس سلسلے میں ہے؟"

"میریو خو لنکوئی آیا ہے۔"

"اوہ" وردشکی نے کہا "مجھے معلوم ہی نہیں تھا۔"

اس کی آنکھوں کی مسکراہٹ اور بھی روشن ہو گئی۔

جب ایک بار اس نے اپنے آپ سے طے کر لیا کہ وہ اپنی محبت میں سکھی ہے اور اس پر اس نے اپنی جاہ و اکرام کی ہوس کو قربان کر دیا — کم سے کم اپنے لئے یہ حل اختیار کر لیا — تو پھر وردشکی میریو خو لنکوئی سے کوئی حسد نہ محسوس کر سکتا تھا اور نہ اسے اس بات کا صدمہ ہو سکتا تھا کہ وہ رجمنٹ میں آیا تو سب سے پہلے اس کے پاس کیوں نہیں آیا۔ میریو خو لنکوئی بہت اچھا دوست تھا اور اس کے آنے سے وہ خوش تھا۔

"یہ تو بڑی خوشی کی بات ہے۔"

رجمنٹ کمانڈر دکن ایک بڑے سے زمیندار اداکے گھر میں رہتا تھا۔ سارے لوگ پیچھے کی کشادہ بالکنی پر جمع تھے۔ صحن میں وردشکی کی نظر جس چیز پر سب سے پہلے پڑی وہ گانے والوں کی ٹولی تھی اور وردی کے کوٹ پہنے وداکا کے ایک پیپے کے پاس کھڑے تھے اور رجمنٹ کمانڈر کا صحت مند پر مسرت ڈیل تھا جسے افسران چاروں طرف سے گھیرے ہوئے تھے۔ وہ بالکنی کے پہلے زینے پر چلا گیا تھا اور بینڈ کی آواز سے 'جو اوفین مارچ' کی کارڈیل بجا رہا تھا' اونچی آواز میں چلا کر ایک طرف کھڑے ہوئے سپاہیوں کو کچھ حکم دے رہا تھا اور ہاتھ سے اشارے کر رہا تھا۔ سپاہیوں کی ایک ٹولی' ایک کوارٹر ماسٹر اور چند نوجوان افسران وردشکی کے ساتھ ہی بالکنی پر پہنچے۔ میز کے پاس واپس آ کر رجمنٹ کمانڈر نے ایک گلاس لیا اور پھر سے برسالی میں آ گیا اور اس نے بلند آواز میں ٹوسٹ تجویز کیا — "ہمارے سابق ساتھی اور ہمارے جنرل پرنس میریو خو لنکوئی کی صحت کا جام 'ہرا!'"

رجمنٹ کمانڈر کے پیچھے پیچھے ہاتھ میں گلاس لئے مسکراتا ہوا میریو خو لنکوئی بھی نکل آیا۔

وہ بالکل اپنے سامنے کھڑے ہوئے کوارٹر ماسٹر سے مخاطب ہوا اور دوسری بار نوجی خدمت انجام دے رہا تھا اور لال گالوں والا جیالا آدمی تھا "یوندار بچو ختم تو وردزیادہ جوان ہوتے جا رہے ہو۔"

وردشکی نے تین سال سے میریو خو لنکوئی کو نہ دیکھا تھا۔ وہ زیادہ بات ہو گیا تھا اور اس نے اپنے گل چھرے بڑھا لئے تھے لیکن وہ سیاسی سڈول تھا اور وہ اکا اپنی وجاہت کی بنا پر لمحوں میں لگتا تھا جیسا اپنی شفیق اور شریف صورت اور طور طریق کی بنا پر۔ وردشکی نے اس میں جو واحد تبدیلی دیکھی وہ ایک مستقل ہلکی سی چمک تھی جو ان لوگوں کے چہروں پر ہوتی ہے جنہوں نے کامیابی حاصل کر لی ہے اور جنہیں یقین ہوتا ہے کہ اس کامیابی کو ہر شخص تسلیم کرتا ہے۔ وردشکی اس چمک کو جانتا تھا اور اس نے میریو خو لنکوئی کے چہرے پر اسے فوراً دیکھ لیا

سیڑھیوں سے اترتے ہوئے میریو خو لنکوئی نے وردشکی کو دیکھا۔ میریو خو لنکوئی کا چہرہ خوشی کی مسکراہٹ سے کھل اٹھا۔ اس نے سر کا اشارہ کر کے اپنا گلاس اٹھا کر وردشکی کو سلام کیا اور اس اشارے سے یہ دکھا دیا کہ اسے مجبوراً پہلے کوارٹر ماسٹر کے پاس جانا پڑ رہا ہے جو تن کر کھڑا ہو گیا تھا اور بوسہ دینے کے لئے اپنے ہونٹوں کو تیار کر رہا تھا۔

"تو وہ بھی آ گیا" رجمنٹ کمانڈر نے پکار کر کہا۔ "اور ریاضتوں نے مجھ سے کہا کہ تم پر اداسی ڈالا اور وہ پڑا

ہے۔"

سیریو خ شکوئی نے جیالے کو اس سفر کے تم اور تازہ ہونٹوں کو سہلایا اور رومال سے منہ پونچھتے ہوئے وردشکی کے پاس آیا۔

"بڑی خوشی ہوئی مجھے۔" اس نے وردشکی سے ہاتھ ملاتے ہوئے اور اسے ایک طرف کو لے جاتے ہوئے کہا۔

رحمت کاوڈر سے پار کرتا ہوا میں سے کہا "تم اس کا خیال رکھنا" اور وردشکی کی طرف اشارہ کرکے بچے سیاہوں کے پاس چلا گیا۔

"کل تم دریس کورٹ میں کیوں نہیں آئے؟ میں نے سوچا تھا کہ وہیں تم سے ملاقات ہوگی۔" وردشکی نے سیریو خ شکوئی کو اپنے سے بچے تکیہ کھتے ہوئے کہا۔

"میں کیا کرتا کہ میں فضول دار ہوں۔" اس نے اعتراف کیا اور اپنے ہوٹ سے مخاطب ہو کر وہ سیاہی کرکے میری طرف سے تقسیم کرنے کا حکم دے دیجئے۔" حصہ رسدی۔"

اور اس نے جلدی سے منہ سے سوہ دل کے تین ٹوٹ نکالے اور اس کا پہرہ سرخ ہو گیا۔

"وردشکی! کچھ کھانا چاہتے ہو کہ کیا؟" شوین نے پوچھا۔ "اسے سفر اور سرکاوٹ کے لئے کھانے کو کچھ لاؤ" اور پوچھنے کو۔"

رحمت کاوڈر کے ہاں جشن ہو تک جاری رہا۔

لوگوں نے خوب شراب پی۔ سیریو خ شکوئی کو اٹھا کر ہوا میں اچھالا اور لوکا۔ پھر رحمت کاوڈر کو اچھالا گیا پھر خود رحمت کاوڈر اور بیتر تنکی نے گانے والوں کے سامنے ناچ کیا۔ پھر رحمت کاوڈر بھی بیٹھ گیا تھا' محفل میں ایک ناچ رہ گیا اور وہ شوین پر اس نے غلبہ کرنا شروع کیا کہ یہ تنہا رہ دس کو رقص حاصل ہے' خاص طور سے سوار لوگ کے مقابلے میں' اور سش دراز پر لوگ ہم پڑ گیا۔ سیریو خ شکوئی گھر کے اندر دالان میں ہاتھ دھونے گیا تو وہاں اسے وردشکی مل گیا جو اپنے سر پانی کا تریڑا دے رہا تھا۔ اس نے اپنا وردی کا کوٹ اتار دیا تھا اور بالوں سے ڈھکی ہوئی ہاں کر اپنا ہاتھ منہ کے برتن کی طرف لے گئے اسے اور سر کو ہاتھوں سے رگڑ رہا تھا۔ یہ منظر دیکھ کر وہ سیریو خ شکوئی کے پاس آکر بیٹھ گیا۔ وردشکی نے ایک بھولے سے سوال پر بیٹھے تھے اور ان میں بیٹھتے ہوئے گی بوڑھوں کے لئے سوچ رہا تھا۔

"مجھے تمہارے بارے میں سب کچھ اپنی بیوی کے ذریعے معلوم ہوتا رہا۔" سیریو خ شکوئی نے کہا۔ "مجھے خوشی ہے کہ تم اس سے اکثر ملتے رہے۔"

"وہ اپنی دوست میں اور پیٹرس برگ میں بس یہی عورتیں ہیں جن سے مل کر خوشی ہوتی ہے۔" وردشکی نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ مسکرایا وہ اس بات پر کہ پہلے ہی سے اس نے اس موضوع کا اندازہ لگا لیا تھا جس پر بات چیت ہونے والی تھی اور یہ اسے اچھا لگا۔

"بس یہی؟" سیریو خ شکوئی نے مسکراتے ہوئے سوال کیا۔

"اور مجھے بھی تمہارے بارے میں معلوم ہوتا رہا لیکن صرف تمہاری بیوی ہی کے ذریعے نہیں۔" وردشکی نے چہرے پر تندی کا اظہار کرکے اس کے کنایے کو رد کرتے ہوئے کہا۔ "مجھے تمہاری کامیابی پر بڑی خوشی ہوئی لیکن اس پر کوئی تعجب نہیں ہوا۔ میں اس سے زیادہ کی توقع کرتا تھا۔"

سیریو خ شکوئی مسکرایا۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ اپنے بارے میں یہ رائے اسے اچھی لگی اور وہ اس بات کو چھپانے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھتا۔

"میں اس کے برعکس 'صاف اعتراف کرتا ہوں کہ اس سے کم کی توقع کر رہا تھا۔ لیکن میں خوش ہوں' بہت خوش۔ مجھے جاہ و اکرام کی ہوس ہے' یہ میری کمزوری ہے اور میں اس کا اعتراف کرتا ہوں۔"

"ہو سکتا ہے تم کو اگر کامیابی نہ حاصل ہوتی تو تم یہ اعتراف نہ کرتے" وردشکی نے کہا۔

"نہیں میرے خیال میں ایسا نہیں ہے" سیریو خ شکوئی نے پھر مسکراتے ہوئے کہا۔ "یہ تو میں نہیں کہوں گا کہ اس کے بغیر زندگی بے معنی ہوتی لیکن بے کیف ضرور ہوتی۔ ظاہر ہے' اور ہو سکتا ہے میں غلطی کر رہا ہوں لیکن مجھے لگتا ہے کہ مجھ میں سرگرمیوں کے اس دائرے کے لئے جس کا میں نے انتخاب کیا ہے' کچھ صلاحیت ہے اور اگر طاقت' وہ چاہے جیسی بھی ہو' میرے ہاتھ میں ہوگی تو بہتر ہوگا۔ بہ نسبت ان بہت سے لوگوں کے ہاتھ میں ہونے کے جنہیں میں جانتا ہوں" سیریو خ شکوئی نے کامیابی کے دیکھتے ہوئے احساس کے ساتھ کہا۔ "اور اسی لئے میں اس سے بتنا قریب تر آتا جاتا ہوں اتنا ہی زیادہ مجھے خوشی ہوتی ہے۔"

"ہو سکتا ہے تمہارے لئے ایسا ہو لیکن سب کے لئے یہ صحیح نہیں ہے۔ میں بھی یہی سمجھتا تھا لیکن اب تو زندگی بسر کر رہا ہوں اور دیکھ رہا ہوں کہ صرف اس کے لئے جینا بے معنی ہے" وردشکی نے کہا۔

"اور دیکھ لو' یہ روی" سیریو خ شکوئی نے چڑتے ہوئے کہا۔ "میں نے تو اس سے بات شروع کی تھی کہ میں نے تمہارے بارے میں سنا' تمہارے اثار کے بارے میں... ظاہر ہے کہ میں نے تمہارے فیصلے کی تائید کی۔ لیکن ہر چیز کا ایک طریقہ ہوتا ہے۔ اور میں یہ کہتا ہوں کہ تمہارا عمل (اچھا تھا لیکن تم نے اسے ایسے نہیں کیا جیسے کہ کرنا چاہئے تھا۔"

"ہو سکتا ہو پہلا اور تم جانتے ہو کہ میں ہو کچھ کر چکتا ہوں اس پر پچھتاتا کبھی نہیں اور پھر یہ کہ میں بہت مزے میں ہوں۔"

"مزے میں ہو ... وقتی طور پر۔ لیکن تم اس پر مطمئن نہیں رہ سکتے۔ میں تمہارے بھائی کے بارے میں یہ کہوں گا۔ وہ اچھا بچہ ہے' جیسے یہ ہے ویسا ہی ہوں۔" اور وہ رکا۔ "اس نے" ہرا" کا قصہ سن کر اعتراف کیا" اور وہ بہت خوش ہے۔ لیکن تم اس پر مطمئن نہیں رہ سکتے۔"

"میں یہ نہیں کہتا کہ اس سے میں مطمئن ہوں۔"

"اور صرف یہی ایک بات نہیں ہے۔ تم جیسے لوگوں کی ضرورت ہے۔"

"کس کو؟"

"کس کو؟ سارے کو روس کو لوگوں کی ضرورت ہے' پارٹی کی ضرورت ہے' نہیں تو سب کچھ چوپٹ ہو رہا ہے اور چوپٹ ہو جائے گا۔"

"یعنی کیا اور سی گیدڑوں کے مقابلے میں بیر جنیسٹ کی پارٹی؟"

"نہیں" اس بات سے جھنجھلا کر کہ اس پر ایسی بیوقوفی کا شبہ کیا جاتا ہے' سیریو خ شکوئی نے تیوری چڑھاتے ہوئے کہا۔ "تو سالے (ورکن بلاگ (16) ہو بیٹھ رہی ہے اور رہے گی۔ کیونکہ نہیں ہیں ہی نہیں لیکن سارشی لوگوں کے لئے ہمیشہ ضروری ہوتا ہے کہ کوئی نقصان دہ اور خطرناک پارٹی گھڑلیں۔ یہ پرانی چیز ہے نہیں" آزاد لوگوں کی جیسے تم ہو اور میں ہوں" ایک طاقتور پارٹی کی ضرورت ہے۔"

"لیکن کس لئے؟" دوستوفسکی نے کئی لوگوں کے نام لئے جن کے ہاتھ میں طاقت تھی۔ "لیکن یہ لوگ کیوں آزاد نہیں ہیں؟"

"صرف اس لئے کہ ان کے پاس آزادانہ حیثیت نہیں ہے یا پیدائش سے نہیں تھی' جائیداد نہیں تھی یا موروثی نہیں تھی' سورج سے اتنی قربت نہیں تھی جس میں ہم نے جنم لیا ہے۔ انہیں خریدا جا سکتا ہے' ترقی سے یا عنایات سے۔ اور یہ عہدوں پر قائم رہنے کے لئے انہیں کوئی۔ کوئی رجحان گھڑنا پڑتی ہے۔ اور وہ کوئی سے کوئی حیران رجحان پیش کرتے ہیں جس پر انہیں خود یقین نہیں ہوتا اور پھر بدی کا ہاتھ بڑھتا ہے۔ اور یہ سارا رجحان دراصل ہوتا ہے سرکاری مکان' اور تمغے' گواہ حاصل کرنے کا ذریعہ۔ میں نے پانچویں فین کے سال (17) میں ان کے ہاتھ کے جوتوں کو دیکھا تو۔ ہو سکتا ہے میں ان سے بھی برا ہوں' یہ قول ہوں' حالانکہ میں نہیں سمجھتا کہ کیوں میں ان سے بدتر ہوں گا لیکن مجھ میں اور تم میں ایک توضیحی اہم فرق ہے ہی۔ کہ ہمیں خود مختار زندگی مشکل ہے۔ اور ایسے لوگوں کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔"

دوستوفسکی بڑے غور سے سن رہا تھا لیکن اس کی توجہ کو اس کے القاء کے باطنیہ نے اتنا زیادہ اپنے پر مرکوز نہیں رکھا تھا سامنے کی طرف۔ سیریوخو نکولائی کے روپ نے جو صاحبان اقتدار و اختیار سے گھر جانے کی سوچ رہا تھا اور اس دنیا میں اس نے اپنی پسند اور ناپسند کا تعین کر لیا تھا جبکہ اس کے لئے قومی ملازمت میں صرف اپنے اسکوارن کے سادات تھے۔ دوستوفسکی یہ بھی سمجھ گیا کہ سیریوخو نکولائی اپنے فکری چیزوں کو سمجھنے کی صلاحیت کی بنا پر 'اپنی ذہانت اور چرب زبانی کی بنا پر' ہر اس ماحول میں اتنی کم نظر آتی ہے جس میں وہ رہتا تھا اتنا طاقتور ہو سکتا تھا۔ اور اسے سیریوخو نکولائی پر رشک آیا جو اپنے اس کاشمیر اس کی کتنی ہی ملامت کیوں نہ کرے۔

"پھر بھی اس کے لئے مجھ میں ایک سب سے خاص چیز کی کمی ہے" اس نے اپنے آپ سے "طاقت کی طرف اصل ہے۔ پہلے تھی لیکن اب جاتی رہی۔"

"تم مجھے معاف کرنا لیکن یہ سچ نہیں ہے" سیریوخو نکولائی نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"نہیں 'سچ ہے' کہہ رہا ہوں میں اب" دوستوفسکی نے بالکل سچی بات کہنے کے لئے اضافہ کیا۔

"ہاں' سچ ہے کہ اب نہیں ہے' یہ اور بات ہے' لیکن یہ اب ہمیشہ تو نہیں رہے گا۔"

"شاید" دوستوفسکی نے اپنے آپ سے۔

"تم کہتے ہو شاید" سیریوخو نکولائی نے اپنی بات جاری رکھی جیسے اس نے دوستوفسکی کے خیالات کو بھانپ لیا ہو "اور میں تم سے کہتا ہوں یقیناً۔ اور اسی لئے میں تم سے ملنا چاہتا ہوں۔ تم نے اس طرح عمل کیا جس طرح کرنا چاہئے تھا اس کو میں سمجھتا ہوں لیکن اب تمہیں اسی پر ٹکے نہ رہنا چاہئے۔ میں تم سے صرف کارت بلانش (18) مانگتا ہوں۔ میں تمہاری سرپرستی کر رہا ہوں۔ حالانکہ میں تمہاری سرپرستی کیوں نہ کروں؟ تم نے کتنی بار میری سرپرستی کی ہے اس امید کرتا ہوں کہ ہماری دوستی اس چیزوں سے بلند تر رہے گی۔" اس نے شفقت سے 'بالکل کسی عورت کی طرح' مسکراتے ہوئے اس سے کہا "مجھے کارت بلانش دے دو' رجسٹ کو بھول جاؤ اور میں ان دیکھے ان جانے طور پر تمہیں بھیج لوں گا۔"

"مگر تم سمجھو اس بات کو کہ مجھے کچھ نہیں چاہئے" دوستوفسکی نے کہا "بس صرف یہ کہ سب کچھ جیسا ہے ویسا ہی رہے۔"

سیریوخو نکولائی اٹھ کر اس کے سامنے کھڑا ہو گیا۔

"تم نے کہا سب کچھ جیسا ہے ویسا ہی رہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے معنی کیا ہیں۔ لیکن میری بات سنو ہم ایک ہی عمر کے ہیں' ہو سکتا ہے تم نے مجھ سے زیادہ عورتوں کو جانا ہو" سیریوخو نکولائی کی مسکراہٹ اور اشارے نے بتایا کہ دوستوفسکی کو اس کی کھلی ضرورت نہیں کہ سیریوخو نکولائی شفقت و احتیاط کے ساتھ رکھتی رگ کو ہاتھ لگائے گا۔ "لیکن میں شادی شدہ ہوں اور تم یقین جانو کہ ایک اپنی بیوی کو جان کر (جیسا کہ کسی نے لکھا ہے) جس سے تم محبت کرتے ہو 'تم ساری عورتوں کو اس سے زیادہ اچھی طرح سمجھ سکتے ہو جتنا ہزاروں عورتوں کو جان کر۔"

"ابھی آتے ہیں!" دوستوفسکی نے کمرے میں جو سنتے ہوئے افسر سے پکار کر کہا جو یہ کہنے آیا تھا کہ ان لوگوں کو رخصت کا انتظار ہے ہیں۔

دوستوفسکی اب سیریوخو نکولائی کی بات آخر تک سننا اور جاننا چاہتا تھا کہ وہ اس سے کہتا کیا ہے۔

"اور یہ ہے تمہارے لئے میری راہ۔ عورت — کسی بھی شخص کی سرگرمی کی راہ میں رکاوٹ کا سب سے بڑا پتھر ہوتی ہے۔ عورت سے محبت کرنا اور کچھ اور بھی کرنا بہت مشکل ہے۔ اس کے لئے صرف ایک ہی راہ ہے' سہولت سے بغیر رکاوٹ کے محبت کرنے کا — اور وہ ہے شادی۔ کس طرح' کس طرح میں تم سے کہوں کہ میں کیا سوچتا ہوں" سیریوخو نکولائی نے کہا جسے تشبیہیں بہت پسند تھیں "فضول' فضولیات جیسے فائدہ (19) لے کر جانا اور ساتھ ہی ہاتھوں سے کچھ کرتے رہنا اسی وقت ممکن ہے جب فائدہ بانچھ پر بند ہو۔ اور کسی شادی ہے۔ اور یہ میں نے محسوس کیا شادی کر کے۔ ایک مجھے ہاتھ خالی ہو گئے۔ لیکن شادی کے بغیر اس فائدہ کو اپنے پیچھے گھسیٹنے چلنے میں ہاتھ اتنے بھرے ہوں گے کہ کچھ بھی کرنا ناممکن ہو گا۔ مزاکوف کو اگر دیکھو۔ ان لوگوں نے عورتوں کی خاطر اپنی طاقتور زندگی برباد کر لی۔"

"لیکن کیسی عورتوں کی خاطر!" دوستوفسکی نے فرانسیسی عورت اور اداکارہ کو یاد کر کے کہا جن سے ان دونوں شخصوں کا تعلق تھا۔

"معاشرے میں عورت کی حیثیت بھلی بری ہو اتنا ہی برا ہے' زیادہ برا ہے۔ یہ تو ویسے ہی ہے جیسے صرف بوجھ کو ہاتھوں پر اٹھا کر چلنا ہی نہیں بلکہ اسے دوسرے سے بچانا بھی۔"

"تم نے محبت کبھی کی ہی نہیں" دوستوفسکی نے اپنے سامنے دیکھتے ہوئے اور آنا کے بارے میں سوچتے ہوئے دھیرے سے کہا۔

"ہو سکتا ہے۔ لیکن ہو سکتا ہے میں نے کہا ہے اسے یاد رکھنا اور یہ بھی کہ عورتیں سب مردوں سے زیادہ ذہانت پسند ہوتی ہیں۔ ہم محبت کو کوئی بہت بڑی چیز بنا دیتے ہیں اور عورتیں بڑے ہلکے (20) "

"بس ابھی آتے ہیں' ابھی!" اس نے خدمتگار سے کہا جو ادھر آیا تھا لیکن خدمتگار ان لوگوں کو بھلانے نہیں آیا تھا جیسا اس نے سمجھا تھا۔ خدمتگار تو دوستوفسکی کے لئے رقعہ لایا تھا۔

"آپ کے لئے ایک۔ آدمی یہ نفیس تحریر سکایا کے ہاں سے لایا ہے۔"

دوستوفسکی نے خط کی مہر توڑی اور اس کے محل سرخ ہو گئے۔

"میرے مرنے سے دو ہفتے پہلے میں گھر جاؤں گا" اس نے سیریوخو نکولائی سے کہا۔

"اچھا تو اوہ۔ تو کارت بلانش دے رہے ہو؟"

"ہم کو بات کریں گے میں تم کو بیس روگ میں ڈھونڈ لوں گا۔"

22

پانچ بج چکے تھے اور اس خیال سے کہ وہ وقت پر پہنچ بھی جائے اور اس کے ساتھ ہی اپنے گھوڑوں پر نہ جائے جنہیں سبھی جانتے تھے 'ورد شکی آکسفورڈ اسٹریٹ کی کرائے کی بگھی پر بیٹھا اور اسے جتنا ممکن ہو تیز چلنے کا حکم دیا۔ کرائے کی یہ پرانی بگھی چار لوگوں کے لئے تھی اور اس میں چک بہت تھی۔ وہ ایک کونے میں بیٹھ گیا اور سامنے کی نشستوں پر پاؤں پھیلا کر سوچنے لگا۔

اس کے سماعت جس طرح صفائی کے ساتھ سلجھ گئے تھے اس کا مبہم سا احساس 'میسرز طوطسکی کی دوستی اور اس کی چاپلوسی کی مبہم سی یاد بھی اس نے اسے ضروری فضول شمار کر کے کی تھی اور سب سے بڑھ کر یہ متوقع ملاقات — سب چیزیں مل کر زندگی کے خوش آئند احساس کا عام تاثر بن گئیں۔ یہ احساس اتنا شدید تھا کہ وہ غیر ارادی طور پر مسکرانے لگا۔ اس نے اپنے پاؤں نشست پر سے ہٹا لئے اور ایک کے گھٹنے پر دوسرا پاؤں رکھ کر اسے ہاتھوں سے پکڑ کر بیٹھ کے اس پچھلے کونے کو دیکھا جو دور ڈیم گرنے پر چھل گیا تھا اور پھر نشست کی پشت سے ٹیک لگا کر کئی بار گہری گہری سانس لی۔

"اچھا ہے 'بہت ہی اچھا ہے!" اس نے اپنے آپ سے کہا۔ اس کو پہلے بھی اپنے جسم کے مسرت بخش احساس کا تجربہ ہوا تھا لیکن پہلے کبھی اس نے اپنے آپ سے 'اپنے جسم سے اتنی محبت نہ کی تھی جتنی اب کرنے لگا تھا۔ اسے طاقتور پٹھوں میں بے پناہ سادہ محسوس کرنا اچھا لگتا تھا اور سانس لینے میں اپنے سینے کے ابھار پھیلاؤ کی حرکت کا احساس بھی اچھا لگتا تھا۔ اگست کا وہی صاف اور سرد دن 'جس نے آنا کو ناامیدی اور بیمارگی کا اتنا شدید احساس دلایا تھا 'وہی اس کو اتنا بیدار کن اور جیالا بنا دے والا لگ رہا تھا اور اس کی گردن اور چہرے پر تازگی پیدا کر رہا تھا جو چلنے کی وجہ سے اب تک تپ رہا تھا۔ اس کی مونچھوں سے برفیلا سین کی مہک اس تازہ ہوا میں اسے خاص طور سے اچھی لگ رہی تھی۔ بگھی کی کھڑکی سے اسے جو کچھ نظر آ رہا تھا وہ سب اس سرد صاف فضا میں 'دن ڈھلے کی اس زردی مائل روشنی میں ویسے ہی تازہ 'خوش رنگ اور پرکشش لگ رہا تھا جیسے وہ طلوع ہوتے سورج کی کرنوں میں چمکتی ہوئی چھتیں 'باڑوں اور مکانوں کے کونے کے صاف نمایاں خطوط بھی اور کبھی کبھار ملنے والے راہ گیروں کے قد و قامت اور پگڈیاں بھی 'پیڑوں اور کھاس کی سرسبزی اور آلو کے پودوں کی سیدھی سینڈوں والے کھیت بھی 'اور مکانوں کی 'پیڑوں 'مچھاڑیوں اور آلو کے پودوں کی سنڈیروں کی ترچھی ترچھی پرچھائیاں بھی۔ سب کچھ خوبصورت تھا جیسے کوئی بہت اچھی تصویر ہو جسے فنکار نے ابھی ابھی مکمل کیا ہو اور اس پر روغن پھیرا ہو۔

"تیز چلو 'اور تیز!" اس نے کوچوان سے کہا اور سر کھڑکی سے باہر کر کے اور تین روبل کا نوٹ نکال کر اس نے کوچوان کے ہاتھ میں تھمایا جو ادھر سر موڑ کر دیکھنے لگا تھا۔ کوچوان کے ہاتھ نے بگھی کی لگامیں کھینچ کر اس کے پاس کچھ ٹھہرا 'چابک سڑکانے کی آواز سنائی دی اور بگھی تیزی سے دوڑنے لگی۔

"کچھ نہیں 'مجھے کچھ نہیں چاہئے سوائے اسی خوشی کے" اس نے کھڑکیوں کی دو سیاہی جگہ میں گھنٹی بجانے کی ہاتھی دانت کی موٹھ کو دیکھتے ہوئے اور آنا کے اس روپ کا تصور کرتے ہوئے سوچا جس میں اس نے انہیں پچھلی بار دیکھا تھا۔ "اور میں جتنا آگے بڑھتا جاتا ہوں اتنا ہی ان سے زیادہ محبت کرتا ہوں۔ اور یہ کیا ورینے کے سرکاری حفاظتی بنگلے کا باغ۔ اس وقت وہ کہاں ہیں؟ کہاں؟ کیسے؟ کس لئے انہوں نے یہاں ملنے

کی جگہ مقرر کی اور بیٹسی کے خط میں کیوں لکھا؟" یہ سب اس نے اب سوچنا شروع کیا لیکن اب سوچنے کا وقت ہی نہیں رہ گیا تھا۔ اس نے روش تک پہنچنے سے پہلے ہی کوچوان کو روکنے کے لئے کہا اور گاڑی ابھی رکی بھی نہ تھی کہ دروازہ کھول کر باہر کود آیا اور مکان کی طرف جانے والی روش پر پیدل ہی چل پڑا۔ روش پر کوئی بھی نہ تھا۔ لیکن جب اس نے دائیں کونے والی قنات میں دیکھ لیا۔ ان کا چہرہ سامنے سے ڈھکا ہوا تھا لیکن اس نے پر مسرت آنکھوں سے اس خاص چال کو جو صرف انہیں سے مخصوص تھی اور کندھوں کے ڈھلاؤ اور سر کے بانکپن کو دیکھ لیا اور جیسے بجلی کی لہری اس کے سارے بدن میں دوڑ گئی۔ اس نے ٹانگوں کی کمانیوں جیسی پھرتیلی حرکت سے لے کر سانس لینے میں پھیپھڑوں کی حرکت تک خود اپنے وجود کو نئی شدت کے ساتھ محسوس کیا اور یہ نہیں جیسے اس کے ہونٹ کپکپانے لگے۔

اس کے پاس آ کر انہوں نے بڑی مضبوطی سے اس کے ہاتھ کو دبایا۔

"تمہارا خط تو نہیں ہو کہ میں نے تمہیں بلایا؟ تم سے ملنا میرے لئے بہت ضروری تھا" انہوں نے کہا اور ہونٹوں کے اس تبسم اور نگاہ سے جو اس نے ان کی نقاب کے پیچھے دیکھا نور اس کے دل کی حالت کچھ اور ہی ہو گئی۔

"میں ناراض ہو سکتی تھی تم یہاں آئیں کیسے؟ کب؟ کہاں؟"

"کیا فرق پڑتا ہے" انہوں نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے کہا "چلو 'تم سے بات کرنا بہت ضروری ہے۔"

وہ سمجھ گیا کہ کچھ ہو گیا ہے اور یہ ملاقات مسرت بخش نہ ہو گی۔ ان کی موجودگی میں اس کی اپنی مرضی رہ ہی نہ جاتی تھی — ان کی تشویش کی وجہ نہ جاننے کے باوجود وہ محسوس کر رہا تھا کہ یہ تشویش غیر ارادی طور پر خود اسے بھی ہوتی جا رہی ہے۔

"کیا؟ کون سی بات؟" اس نے ہاتھ سے ان کی کمسن کو دباتے ہوئے اور ان کے خیالات کو ان کے چہرے پر پڑھنے کی کوشش کرتے ہوئے پوچھا۔

وہ چند قدم چپ چاپ چلیں جیسے اپنے دل کو مضبوط کر رہی ہوں اور اچانک رک گئیں۔

"کل میں نے تمہیں تار نہیں" انہوں نے تیز تیز اور گہری سانسیں لیتے ہوئے کہنا شروع کیا "کہ الیکسی الکسانڈرووچ کے ساتھ گھر واپس آتے ہوئے میں نے انہیں سب بتا دیا۔ کہہ دیا کہ میں ان کی بیوی نہیں رہ سکتی۔ اور سب کہہ دیا۔"

وہ سن رہا تھا 'غیر ارادی طور پر اپنے پورے جسم کو ان کی طرف جھکائے ہوئے جیسے اس طرح وہ ان کی صورت حال کو ان کے لئے آسان تر بنانا چاہتا ہو۔ لیکن جیسے ہی انہوں نے یہ کہا ویسے ہی وہ سیدھا ہو گیا اور اس کے چہرے پر فکر اور تلخی کا تاثر پیدا ہو گیا۔

"ہاں 'ہاں" یہ بہتر ہے 'ہزار گنا بہتر ہے 'میں سمجھتا ہوں کہ یہ کتنا تکلیف دہ رہا ہو گا" اس نے کہا۔

لیکن انہوں نے اس کے الفاظ نہیں سنے "وہ اس کے چہرے کے تاثر سے اس کے خیالات پڑھ رہی تھیں۔ وہ نہ جان سکتی تھیں کہ اس کے چہرے کے تاثر کا تعلق اس پہلے تیز سے تھا جو اس کے ذہن میں آیا تھا — کہ اب وہ کل ناگزیر ہے۔ آنا کے دہن میں وہ کل کا خیال کبھی آیا ہی نہ تھا اس لئے انہوں نے تلخی کے اس گزرے تاثر کے معنی کچھ اور ہی سمجھے۔

شوہر کا خط پانے کے بعد وہ اپنے دل کی گہرائی میں پہلے ہی سے جانتی تھیں کہ سب کچھ پہلے ہی کی طرح ہے گا کہ اپنی صورت حال کو بکسوں دینا' بچے کو چھوڑنا اور عاشق سے جاملنا ان کے بس میں نہ ہو گا۔ دن میں جب وہ نرس تو پر سکاٹ کے ہاں تھیں تو انہیں اس کا اور زیادہ یقین ہو گیا تھا۔ پھر بھی یہ ملاقات ان کے لئے بہرحال غیر معمولی طور پر اہم تھی۔ انہیں امید تھی کہ یہ ملاقات ان کی صورت حال کو بدل دے گی اور انہیں بچا لے گی۔ اگر وہ یہ خبر سن کر اور فیصلہ کن اور پر جوش انداز میں ورا بھی بس دو بچوں کے ہمراہ ان سے کہے کہ "سب کچھ چھوڑ دو اور میرے ساتھ بھاگ چلو" تو وہ بچے کو اس کے ساتھ چلی جائیں گی۔ لیکن اس خبر کو سن کر اس کا ردعمل ویسا ہو گا جس کی انہیں توقع تھی۔ وہ تو ایسا لگا جیسے کسی بات پر توہین محسوس کر رہا ہو۔

"میرے لئے ذرا بھی مشکل نہیں تھا۔ یہ تو خود بخود ہی ہو گیا" انہوں نے جھنجھلا کر کہا "اور یہ دیکھو۔" انہوں نے دستانے میں سے شوہر کا خط نکالا۔

"میں سمجھتا ہوں" کہتا ہوں" اس نے ان کی بات کاٹ کر ان سے خط لے لیا لیکن اسے پڑھا نہیں بلکہ انہیں تسکین دینے کی کوشش کی "میں صرف ایک بات چاہتا ہوں' میں نے صرف ایک ہی گزارش کی تھی۔ اس صورتحال کو ختم کر دینا ہے تاکہ اپنی زندگی میں تمہاری خوشی کے لئے وقف کر دوں۔"

"تم مجھ سے یہ کہہ کیوں رہے ہو؟" انہوں نے کہا۔ "کیا میں اس میں شک کر سکتی ہوں؟ اگر مجھے شک ہوتا۔"

"یہ کون آ رہا ہے؟" اچانک ورونسکی نے کہا اور انہیں لوگوں کی طرف آتی ہوئی دو خواتین کی طرف اشارہ کیا" ہو سکتا ہے' ہمیں پہچان لیں" اور وہ انہیں اپنے پیچھے کھینچتے ہوئے بغل والے راستے کی طرف ہو لیا۔

"وہ' میرے لئے سب برابر ہے" انہوں نے کہا۔ ان کے ہونٹ کپکپا رہے تھے۔ اور اسے لگا کہ ان کی آنکھوں نے طاب کے پیچھے سے اسے ایک عجیب غصے کے ساتھ دیکھا۔ "میں یہی تو کہہ رہی ہوں کہ اصل بات یہ نہیں ہے" میں اس میں شک نہیں کر سکتی۔ لیکن یہ دیکھو کہ انہوں نے کیا لکھا ہے۔ پڑھو۔" وہ پھر رک گئیں۔

اولیں لمحوں کی طرح جب انہوں نے شوہر سے ملنے کی خوشی تھی تو ورونسکی کے چہرے پر پھر غیر ارادی طور پر وہی قدرتی تاثر آ گیا جو اس کے اندر ایک ایسے شوہر کے سلسلے میں پیدا ہوا تھا جس کی توہین کی گئی تھی۔ اب جب وہ اپنے ہاتھ میں اس شوہر کا خط لئے تھا تو اس نے غیر ارادی طور پر اس کردار کا تصور کیا جو عنقریب آج ہی یا کل اسے ادا کرنا ہو گا' اور پھر خود اس کا خیال آیا جس کے دوران میں وہ اسی سرد اور پر غرور تاثر کے ساتھ' اس وقت اس کے چہرے پر تھا' وہ اس گولی چلانے کے بعد توہین شدہ شوہر کی گولی کی زد میں کھڑا ہو گا۔ اور غیر ارادی اس کے ذہن میں وہ خیال آیا جو میرو خوتسکوئی نے اس سے ابھی ابھی کہا تھا اور جو اس نے خود صبح کو سوچا تھا۔ کہ اپنے "آپ کو۔ بدنامی بہتر ہے۔" اور وہ جانتا تھا کہ اس خیال کا اظہار وہ ان کے سامنے نہ کر سکتا تھا۔

خط پڑھ کر اس نے ان کی طرف دیکھا اور اس کی نظر میں کوئی تپش۔ تھا۔ وہ فوراً ہی سمجھ گئیں کہ اس نے اپنے "آپ" ہی کے بارے میں پہلے سوچا تھا۔ اور وہ جانتی تھیں کہ وہ ان سے چاہے کچھ بھی کیوں نہ کہے تمام سب ہر گز۔ کے بارے میں سوچ رہا ہے۔ اور وہ سمجھ گئیں کہ ان کی آخری امید بھی ایک فریب ثابت ہوئی۔ یہ وہ نہیں تھا جس کی انہیں توقع تھی۔

"تم دیکھتے ہو کہ یہ کس طرح کا انسان ہے" انہوں نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا "وہ۔"

"تم مجھے معاف کرنا لیکن مجھے اس سے خوشی ہوئی" ورونسکی نے اضافہ کیا۔ "خدا کے واسطے' مجھے پوری بات کہہ لینے دو" اس نے اضافہ کیا اور آنکھوں ہی آنکھوں میں ان سے منت کی کہ وہ اسے اپنی بات کی وضاحت کرنے کا وقت دیں۔ "مجھے خوشی ہے اس لئے کہ یہ اس طرح نہیں رہ سکتا' کسی صورت میں بھی نہیں رہ سکتا جس طرح یہ ہو رہا ہے۔"

"کیوں نہیں رہ سکتا؟" آنسو ضبط کرتے ہوئے وہ بڑبڑائیں۔ صاف ظاہر تھا کہ اب جو کچھ ورونسکی کہہ رہا تھا اس کو وہ کوئی اہمیت نہیں دے رہی تھیں۔ وہ محسوس کر رہی تھیں کہ ان کی قسمت کا فیصلہ ہو چکا۔

ورونسکی یہ کہنا چاہتا تھا کہ ڈویل کے بعد' جو اس کی رائے میں اب ناگزیر تھا' یہ جاری نہیں رہ سکتا' لیکن اس نے کہا کچھ اور ہی۔

"اس طرح چلتا نہیں رہ سکتا۔ میں امید کرتا ہوں کہ تم اب انہیں چھوڑ دو گی۔ میں امید کرتا ہوں کہ" وہ گڑبڑا گیا اور اس کا چہرہ سرخ ہو گیا" تم اب مجھے اجازت دو گی کہ میں اپنی دونوں کی زندگی کے بارے میں سوچوں اور اس کا بندوبست کروں۔ کل۔" اس نے شروع کیا۔

لیکن انہوں نے اس کو اپنی بات پوری نہیں کرنے دی۔

"اور بچے کو؟" وہ چلا پڑیں۔ "تم دیکھتے ہو کہ انہوں نے کیا لکھا ہے؟ بچے کو بھی چھوڑنا پڑے گا اور میں یہ نہیں کرنا چاہتی اور کر بھی نہیں سکتی۔"

"لیکن خدا کے واسطے یہ بتاؤ کہ کیا بہتر ہے؟ بچے کو چھوڑنا یا اس بات کی حالت میں رہنے جاؤ؟"

"الت کی حالت کس کے لئے؟"

"سب کے لئے اور سب سے زیادہ تمہارے لئے۔"

"تم کہتے ہو الت کی... یہ مت کہو۔ میرے لئے اب ان لفظوں میں کوئی معنی نہیں رہے" انہوں نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ اب وہ نہیں چاہتی تھیں کہ ورونسکی ان سے جھوٹ بات کہے۔ ان کے لئے اب صرف اس کی محبت رہ گئی تھی اور وہ اس سے محبت کرنا چاہتی تھیں۔ "تم اس بات کو سمجھو کہ جس دن سے میں نے تم سے محبت کی اس دن سے سب کچھ' سب کچھ بدل گیا۔ میرے لئے صرف ایک چیز ہے جس کی قیمت ہے تمہاری محبت۔ اگر وہ میری ہے تو میں خود کو اتنی بلند' اتنی مضبوط محسوس کرتی ہوں کہ میرے لئے کوئی بھی چیز الت کی نہیں ہو سکتی۔ مجھے اپنی حالت پر فخر ہے اس لئے کہ۔ اس بات پر فخر ہے..." فخر..." انہوں نے یہ سنا یا کہ کس بات پر فخر ہے۔ شرم اور ناامیدی کے آنسوؤں سے ان کی آواز گھٹ کر رہ گئی۔ وہ ٹھہر گئیں اور سسکیاں لینے لگیں۔

اس نے بھی محسوس کیا کہ اس کا گلا بند ہو رہا ہے' ناک میں سرسراہٹ ہو رہی ہے' اور زندگی میں پہلی بار اس نے محسوس کیا کہ وہ بس رونے ہی والا ہے۔ وہ یہ تو نہیں کہہ سکتا تھا کہ کس چیز نے اسے اس قدر متاثر کیا ہے' اسے ان پر ترس آ رہا تھا' اور وہ محسوس کر رہا تھا کہ وہ ان کی کوئی مدد۔ کر سکتا تھا اور اس کے ساتھ ہی وہ جانتا تھا کہ ان کی مدد کے لئے خود اس کا وقار ہی ضروری ہے۔ اس نے کچھ برا کیا ہے۔

"کیا سچ مچ طلاق ممکن نہیں ہے؟" اس نے کمزور سی آواز میں کہا۔ انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا' بس سر ہلا دیا۔ "کیا بچے کو لے لینا اور انہیں سرمال چھوڑ دینا واقعی ناممکن ہے؟"

"ہاں' لیکن اس سب کا دارومدار خود ان پر ہے۔ اب مجھے ان کے پاس جانا ہے" انہوں نے روکھے پن

سے کہا۔ ان کے اس احساس بالعمل نے انہیں دھوکا نہیں دیا تھا کہ سب کچھ پہلے ہی کی طرح رہے گا۔

"منگل کو میں پینرس برگ جاؤں گا اور سب کچھ طے ہو جائے گا۔"

"ہاں" انہوں نے کہا۔ "لیکن اب ہم اس کی بات نہ کریں گے۔"

آنا کی بگھی جسے انہوں نے واپس کر دیا تھا اور بعد کو دروازے باغ کے چھوٹے پھاٹک پر آنے کو کہا تھا' وہاں آ گئی۔ آنا اس سے رخصت ہوئیں اور گھر چلی گئیں۔

23

پیر کو دوسری جون والے کمیشن کا حسب معمول اجلاس تھا۔ الکسی الکساندروویچ اجلاس کے ہال میں داخل ہوئے۔ انہوں نے دستور کے مطابق کمیشن کے ممبران اور صدر سے صاحب سلامت کی اور اپنی جگہ پر بیٹھ گئے اور ان کاغذات پر ہاتھ رکھ لئے جو ان کے سامنے تیار رکھے ٹھہرے تھے۔ انہیں کاغذات میں وہ حوالے تھے جن کی انہیں ضرورت تھی اور اس بیان کا خلاصہ جو وہ دینے کا ارادہ رکھتے تھے۔ ویسے اب انہیں حوالوں کی ضرورت نہیں رہ گئی تھی۔ انہیں سب یاد تھا اور اپنے ذہن میں وہ ان چیزوں کو دہرانے کی ضرورت بھی نہ سمجھتے تھے جو وہ کہیں گے۔ وہ جانتے تھے کہ جب وقت آئے گا اور وہ اپنے سامنے اپنے مخالف کی صورت دیکھیں گے' جو بے یاری کا اظہار کرنے کی لاحاصل کوشش کر رہا ہو گا' تو ان کی تقریر خود بخود اس سے بہتر انداز سے رواں ہو جائے گی جتنی وہ اب تیار کر سکتے تھے۔ وہ محسوس کر رہے تھے کہ ان کی تقریر کا باقیہ اہم تعلیم ہے کہ اس کا ایک ایک لفظ بامعنی ہو گا۔ تب تک حسب معمول رپورٹ سننے میں انہوں نے بالکل ہی فضول' سیدھی سادی صورت بنائے رکھی۔ ان کی بھری ہوئی رگوں والے سفید ہاتھوں کو جس کی لمبی بھی انگلیاں بڑی نرمی سے ان کے سامنے پڑے ہوئے سفید کاغذ کے دو رقوں کے دونوں سروں کو چھو رہی تھیں' اور ان کے شکن سے ایک طرف کو جھکے ہوئے سر کو دیکھ کر کوئی بھی یہ سوچ نہ سکتا تھا کہ بس ابھی ان کے منہ سے ایسی تقریر نکلے گی جو ایک بھیانک طوفان اٹھا دے گی' ممبروں کو چیخنے پر مجبور کر دے گی' وہ ایک دوسرے کی بات کاٹنے لگیں گے اور صدر کو نظم و ضبط رکھنے کا مطالبہ کرنا پڑے گا۔ جب رپورٹ ختم ہو گئی تو الکسی الکساندروویچ نے اپنی سہمی سہمی آواز میں اطلاع دی کہ چھوٹی قومیتوں کی تنظیم کے امور کے متعلق وہ اپنے کچھ خیالات سے مطلع کرنا چاہتے ہیں۔ سارے لوگ ان کی طرف متوجہ ہو گئے۔ الکسی الکساندروویچ نے کھانس کھنکھار کر گلا صاف کیا اور اپنے مخالف کی طرف دیکھے بغیر لیکن' جیسا کہ تقریر کرتے وقت وہ ہمیشہ کرتے تھے' اپنے سامنے بیٹھے ہوئے پہلے آدمی کے چہرے کا انتخاب کر کے' جو ایک چھوٹا سا صلیب پہنے بڑھا تھا اور کمیشن میں کبھی اپنی رائے کا اظہار نہ کرتا تھا' اپنے خیالات پیش کرنے شروع کئے۔ بات جب بنیادی اور ترکھی قانون تک پہنچی تو مخالف اچھل کر کھڑا ہو گیا اور اس نے اعتراض کرنا شروع کیا۔ اسٹریلوف بھی کمیشن کے ممبر تھے اور وہ تک انہیں بھی لگا تھا اس لئے انہوں نے بھی صفائی دینی شروع کی اور اجلاس بالعموم طوفانی ہو گیا۔ لیکن الکسی الکساندروویچ کی جیت ہوئی اور ان کی تجویز منظور کر لی گئی۔ تین نئے کمیشن مقرر کئے گئے اور اگلے دن پینرس برگ کے ایک مصروف حلقے میں بس اسی اجلاس ہی کے بارے میں باتیں ہو رہی تھیں۔ الکسی الکساندروویچ کی کامیابی اس سے بھی زیادہ تھی جتنی کی انہیں توقع تھی۔

اگلی صبح کو منگل کے دن الکسی الکساندروویچ کی جب آنکھ کھلی تو انہوں نے طمانیت اور خوشی کے ساتھ کل کی فتح کو یاد کیا اور جب ان کے گلے کے مصرعہ نے ان کی خوشامد کرنے کی خواہش کے تحت انہیں کمیشن میں جو کچھ ہوا تھا ان افواہوں کے بارے میں بتایا جو اس تک پہنچی تھیں تو وہ مسکرائے بغیر نہ رہ سکے' حالانکہ چاہتے تو یہ تھے کہ بے نیاز لگیں۔

وہ گلے کے مصرعہ کے ساتھ مصروف ہو گئے اور بالکل ہی بھول گئے کہ آج منگل تھا جب انہوں نے آنا کارینینا کی واپسی کے لئے مقرر کیا تھا۔ اور جب خدمت گار نے آ کر ان کے پہنچنے کی اطلاع دی تو الکسی الکساندروویچ کو خیال ہوئی اور بالکل غلط فہمی کا شدید احساس ہوا۔

آنا صبح سویرے ہی پینرس برگ پہنچ گئیں۔ ان کے لئے ان کے تار کے مطابق بگھی بھیجی گئی تھی اور اس لئے ان کے پہنچنے کے بارے میں الکسی الکساندروویچ کو معلوم ہونا چاہئے تھا۔ لیکن جب وہ پہنچیں تو انہوں نے ان کا استقبال نہیں کیا۔ آنا کو بتایا گیا کہ ابھی تک وہ اپنے کمرے سے نہیں نکلے ہیں اور گلے کے مصرعہ کے ساتھ مصروف ہیں۔ آنا نے حکم دیا کہ شوہر کو خبر کر دی جائے کہ وہ آ گئی ہیں۔ وہ اپنے کمرے میں چلی گئیں اور اپنی چیزیں کھولنے رکھنے لگیں اور انتظار کرنے لگیں کہ ان کے شوہر آئیں۔ لیکن ایک گھنٹہ گزر گیا اور وہ نہیں آئے۔ وہ کچھ انتظامات کرنے کے سلسلے سے کھانے کے کمرے میں گئیں اور جان بوجھ کر انہوں نے اونچی آواز میں باتیں کیں اس توقع میں کہ ان کے شوہر یہاں آ جائیں گے۔ لیکن وہ یہاں بھی نہیں آئے حالانکہ آنا نے سنا کہ وہ مصرعہ کو بھانجے اپنے کمرے کے دروازے تک آئے' وہ جانتی تھیں کہ الکسی الکساندروویچ اپنے معمول کے مطابق جلد ہی دفتر چلے جائیں گے اور وہ اس سے پہلے ان سے مل لینا چاہتی تھیں تاکہ ان کے تعلقات متعین ہو جائیں۔

وہ ڈرائنگ روم کو پار کر کے پرعزم طریقے سے ان کے پاس چلیں۔ جب وہ ان کے کمرے میں داخل ہوئیں تو وہ اپنی سرکاری وردی پہنے ہوئے باہر جانے کے لئے تیار چمڑی ہیٹ کے پاس بیٹھے اس پر کھیاں لگائے لگے کھنکھنے انداز میں سامنے تک رہے تھے۔ وہ آنا کو نہیں دیکھ پائے تھے کہ آنا نے انہیں دیکھ لیا اور سمجھ گئیں کہ وہ انہیں کے بارے میں سوچ رہے تھے۔

آنا کو دیکھ کر انہوں نے اٹھنا چاہا پھر انہوں نے اس شے کو ترک کر دیا اور ان کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ جو آنا نے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا' اور وہ جلدی سے اٹھ کر اور ان سے آنکھیں چار کر کے نہیں بلکہ کن سے اوپر کی پیشانی اور بالوں کو دیکھتے ہوئے ان کی طرف بڑھے۔ وہ ان کے پاس آئے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر ان سے بیٹھنے کو کہا۔

"مجھے بڑی خوشی ہے کہ آپ آ گئیں" انہوں نے آنا کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا اور صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ کچھ کہنا چاہتے تھے لیکن گڑبڑا گئے۔ کئی بار انہوں نے بات شروع کرنی چاہی لیکن رک گئے باوجود اس کے کہ اس ملاقات کے لئے اپنے آپ کو تیار کرنے میں آنا نے ان سے حقارت کرنے اور ان کو الزام دینے کا وعدہ کیا تھا' اب ان کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ ان سے کیا کہیں اور انہیں اب شوہر پر رحم آ رہا تھا۔ چنانچہ خوشی خاصی دیر تک طاری رہی۔ الکسی الکساندروویچ نے کہا "ریوژ، ٹھیک ہے؟" اور جواب کا انتظار کئے بغیر اضافہ کیا "میں آج شام کو کھانا گھر پر نہیں کھاؤں گا اور ابھی مجھے جانا ہے۔"

"میں ماسکو چلی جانا چاہتی تھی" آنا نے کہا۔

"نہیں" آپ نے بہت اچھا کیا کہ آ گئیں" الکسی الکساندروویچ نے کہا اور پھر چپ ہو گئے۔ یہ دیکھ کر کہ بات شروع کرنا شوہر کے بس میں نہیں ہے انہوں نے خود ہی شروع کیا۔

"الکسی الکساندرووچ" آنا نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے اور اپنے بالوں پر ہنسی ان کی الجھن کی وجہ سے بھی نگاہیں نیچی کیے بغیر کہا "میں مجرم عورت ہوں' میں بری عورت ہوں لیکن میں وہی ہوں جو تھی' جو میں نے آپ سے تب کہا تھا' جس کے بارے میں آپ سے یہ کہنے آئی ہوں کہ میں کسی چیز میں بھی تبدیلی نہیں کر سکتی۔"

"میں نے اس کے بارے میں آپ سے یہ پوچھا نہیں" الکسی نے پر عزم طریقے سے اور ان کی آنکھوں میں حقارت آمیز الجھن ڈال کر کہا "یہ تو میں نے فرض کر لیا تھا۔" لیکن جیسا کہ تب میں نے آپ سے کہا تھا اور آپ کو لکھا تھا" انہوں نے تیز سی آواز میں کہنا شروع کیا "میں اس وقت بھی دوہرا رہا ہوں کہ اس کے بارے میں جاننا میرے لئے ضروری نہیں ہے' میں اس کو نظر انداز کر رہا ہوں' ساری وہ باتیں اتنی نیک نہیں ہوتیں' جتنی آپ ہیں کہ اپنے شوہر کو ایسی خوفناک رسوائی میں اتنی جلدی کریں" انہوں نے لفظ "خوفناک" پر خاص طور سے زور دیا۔ "میں اس وقت تک اسے نظر انداز کرتا رہوں گا جب تک معاشرے کو اس کے بارے میں نہ معلوم ہو' جب تک میرے نام کو نقصان نہ پہنچے اور اس لئے میں آپ کو صرف اس بات سے خبردار کرتا ہوں کہ ہمارے تعلقات ویسے ہی ہونے چاہئیں جیسے وہ ہمیشہ تھے اور صرف اسی صورت میں کہ اگر آپ نے خود کو مشتبہ بنایا' میں اپنی عزت کو محفوظ رکھنے کے اقدامات کرنے پر مجبور ہوں گا۔"

"لیکن ہمارے تعلقات ویسے ہو ہی نہیں سکتے جیسے ہمیشہ تھے" آنا نے سہمی ہوئی نظروں سے انہیں دیکھتے ہوئے کہا' جس میں ہوئی کو اور میں کہا۔

جب انہوں نے شوہر کے ان پر سکون حوصلہ مند مکتا ہٹ کو پھر سے دیکھا جس کی وہ اتنی عین اور جذباتی وفاداری کے ساتھ دل کو پھر سے کسی تو ان سے تاثر لینے والے ترس کو ختم کر دیا اور حالانکہ انہیں مارا لگ رہا تھا لیکن چاہے کچھ بھی ہو جائے وہ اپنی حالت کو واضح کر دینا چاہتی تھیں۔

"میں آپ کی بیوی تو نہیں رہ سکتی جبکہ میں ــــ" انہوں نے کہنا شروع کیا۔

وہ بیت دراں کی ہنسی میں بدی اور سبھاوری تھی۔

"آپ نے کس قسم کی روکی کا انتخاب اپنے لئے کیا ہے' اس کا عکس آپ کی سمجھ پر بھی ضرور پڑا ہے۔ میں اس قدر عزت کرتا ہوں یا حقارت کرتا ہوں' دونوں ــــ میں آپ کے ماضی کی عزت کرتا ہوں اور حال سے حقارت کرتا ہوں۔ کہ میرے الفاظ میں دوہرا بھی وہ معنی نہیں تھے جو آپ نے انہیں پہنائے ہیں۔"

آنا نے تھوڑی سانس بھری اور سر جھکا لیا۔

"پھر بھی میں یہ نہیں سمجھتا کہ اتنی آزادی برتنے کے بعد بھی جتنی آپ نے برتی اور اپنے شوہر کو براہ راست اپنی بے وفائی سے مطلع کر دیا' اور اس کو کسی طرح قابل ملامت نہیں سمجھا' ایسا لگتا ہے کہ آپ شوہر کے مسئلے میں بیوی کے فرائض ادا کرنے کو قابل ملامت سمجھتی ہیں؟"

"الکسی الکساندرووچ" آپ مجھ سے چاہتے کیا ہیں؟"

"میں چاہتا یہ ہوں کہ میں یہاں اس شخص سے نہ ملوں اور آپ خود کو اس طرح لئے دیئے رہیں کہ نہ معاشرے کو لوگوں کو آپ پر انگلی اٹھانے کا موقع ملے۔ کہ آپ اس سے نہ ملیں۔ لگتا ہے کہ یہ بہت زیادہ نہیں ہے' اور اس کے عوض میں آپ ایک باعزت عورت کے سارے حقوق سے فائدہ اٹھائیں گی' اس کے فرائض ادا کئے بغیر۔ اس لئے آپ سے کہنا ہے' اب میرے جانے کا وقت ہو گیا' کھانا میں گھر نہیں کھاؤں گا۔"

وہ کھڑے ہو گئے اور دروازے کی طرف چلے' آنا بھی کھڑی ہو گئیں۔ الکسی الکساندرووچ نے بغیر کچھ کہے ہوئے سر جھکا کر تعظیم کی اور انہیں آگے جانے دیا۔

۲۴

لیوین نے جو رات کھاس کے ڈھیر پر بسر کی تھی وہ اس کے لئے رائیگاں نہیں گئی۔ جس طرح وہ اپنی کھیتی باڑی چلا رہا تھا اس سے اس کا جی پھر گیا اور اس کی ساری دلچسپی ختم ہو گئی۔ سے سے ہی موجودہ فصل کے باوجود کبھی اتنی ناکامیاں نہیں ہوئی تھیں اور نہ اس کے اور کسانوں کے درمیان تعلقات اتنے ناخوشگوار ہوئے تھے جتنے اس سال' یا کم سے کم اسے لگتا یہی تھا کہ ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔ اور ان ناکامیوں اور معاندت کا سبب اب اس کی سمجھ میں اچھی طرح آ گیا تھا۔ خود کام میں دلچسپی محسوس کرنا تھا اور اس کے نتیجے میں کسانوں سے حاصل ہونے والی قریب قریب اور اس کے ان پر اور ان کی زندگی پر آتا تھا' اس زندگی کو اختیار کر لینے کی خواہش' جو اس رات کو خواب نہیں رہ گئی تھی بلکہ ایک ارادہ بن چکی تھی جس کی تکمیل کی تفصیلات کے بارے میں اس نے سوچ لیا تھا۔ ان ساری چیزوں نے کھیتی باڑی کے بارے میں اس کے نقطہ نظر کو تبدیل دیا کہ اس سے اب وہ پہلی جیسی دلچسپی لے ہی نہ سکتا تھا اور مزدوروں کے ساتھ اپنے ان ناخوشگوار تعلقات کو دیکھے اختیار ہی نہ سکتا تھا جو سارے معاملے کی بنیاد تھے۔ بادا بھی بہتر فصل کی گایوں کا دودھ' "ساری کھادوں ہوئی اور جتی ہوئی زمین' نو ہموار کھیت جن کے چاروں طرف بید جھاڑوں کی باڑھ لگی تھی' کافی گہرائی تک کھاد ڈالی ہوئی نوے دو سو ایکڑ زمین' کو ہونے کی تھیں وغیرہ ــــ یہ سب بہت ہی اچھا ہوتا اگر اس نے خود کیا ہوتا' اپنے ساتھیوں کے ساتھ کیا ہوتا اور اس سے بہت دور رکھنے والے لوگ ہوتے۔ لیکن اب وہ سالہا سال دیکھ رہا تھا اور زراعت کے بارے میں اپنی کتاب پر کام کر کے' جس کے مطابق زراعت کا خاص عنصر کام کرنے والے کو ہونا چاہئے' یہ سمجھنے میں بہت دیر لگی کہ کھیتی باڑی' جس طرح وہ چلا رہا تھا' محض ایک شیطانی اور گھناؤنا مذاق تھی' اس کے اور کام کرنے والوں کے درمیان' جس میں ایک طرف تو یہ مستقل اور بنا بھری کوشش تھی کہ ہر چیز کو بدل کر اس طرح کی کر دے جس کو بہتر سمجھتا ہے' لیکن دوسری طرف چیزوں کا قدیم رسمی رنگ' منگ تھا اور اس جدوجہد میں اس نے دیکھا تھا کہ اس کی طرف سے انتہائی تناؤ بھری قوت صرف کرنے اور دوسری طرف سے کسی کوشش بلکہ اس کی بہت تھک نہ ہونے کی وجہ سے حاصل یہ ہوتا تھا کہ زراعت کسی کے فائدے کے مطابق بھی نہ ہوتی تھی اور بہت ہی اچھا سارا سامان' بہت ہی اچھے مویشی اور زمین بالکل بیکار ہی خراب ہوتے۔ خاص چیز یہ تھی کہ اس کام میں لگائی جانے والی توانائی۔ صرف یہ کہ بالکل سمت میں بیکار ہوتی تھی بلکہ اب جبکہ اس کے لئے اس کی کھیتی باڑی کا مفہوم بالکل واضح ہو گیا تھا' وہ یہ محسوس کئے بغیر نہ رہ سکتا تھا کہ اس کی توانائی کے صرف کا مقصد ہی بالکل پیچ تھا۔ وہ اصل' جدوجہد کس چیز کے لئے تھی' وہ اپنی ایک ایک کوڈی کے لئے لڑتا تھا' اور اسے بغیر نہ رہ سکتا تھا اس لئے کہ وہ اپنی توانائی کے روز کو زراعم کر دیتا تو اس کے پاس اتنی رقم بھی نہ ہوتی کہ وہ کام کرنے والوں کی مزدوری چکا سکے)' اور وہ لوگ صرف اس لئے لڑتے تھے کہ وہ چین سے اور مزے سے کام کر سکیں جیسے کرنے کے وہ عادی ہو چکے تھے۔ اس کے علاوہ تو یہ تھا کہ ہر مزدور جہاں تک ہو سکے زیادہ کام کرے اور ایسا کرنے میں دھیان لگائے اور کوشش کرے کہ جیسا کہ تھوڑے سے چلائے جانے والے لمبا چوڑا

گانے کی شخصیں نوٹس نہیں اور وہ جو کام کرے اسے سوچ سمجھ کر کرے۔ کام کرنے والوں کا جی چاہتا تھا کہ جہاں تک ہو سکے مزے سے آرام کر کے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ بغیر حیران لگائے اور لاپروائی سے سوچے سمجھے بغیر کام کریں۔ اب کے گرمیوں میں لیوین نے قدم قدم پر اس بات کو دیکھا۔ اس نے کلور گھاس کاٹنے کے لئے لوگوں کو بھیجا سب سے خراب قطعے چھانٹ کر جن میں جھاڑ جھنکاڑ بہت تھا اور جو ہموار کے لئے بیکار تھی اور ہر بار ان لوگوں نے وہ گھاس کافی ہونے کے لئے سب سے اچھی تھی اور اپنے دوستوں پر کہ اکر نثار نے کی حکم دیا تھا اور اسے یہ کہہ کر تسکین دی کہ یہاں کی سوکھی گھاس بہت ہی عمدہ ہوگی۔ لیکن وہ جانتا تھا کہ اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ ان قطعوں کی گھاس کاٹنا آسان تھا۔ اس نے کئی گھاس کو پھیلانے گھمانے کی مشین بھیجی اور اسے ان لوگوں نے پہلی ہی باری میں توڑ دیا اس لئے کہ کسان کو یہ اچھا نہیں لگتا کہ وہ سامنے سیدھے پر بیٹھا رہے اور اس کے سر کے اوپر بگلا چلتے رہیں۔ اور اس سے کہا گیا کہ "آپ بالکل پریشان نہ ہوں، ہم خود ہی ساری گھاس بڑی تیزی سے پھیلا کر سکھا دیں گی۔" "وہ بالکل بیکار ثابت ہوئے اس لئے کہ جو چلانے والوں کو یہ خیال ہی نہیں آیا کہ مل کی اٹھی ہوئی چھاؤنی کو نیچا کر دیں اور انہوں نے گھوڑوں کو مجبور کیا کہ پورا زور لگا کر اس کو زمین میں دھنسے دھنسے موڑیں اور ریں کو بھی خراب کر دیں۔ اور اس سے ان لوگوں نے یہی کہا کہ آپ گھبرائیں نہیں۔ گھوڑوں کو گیئوں میں کھس جانے دیا گیا اس لئے کہ کوئی بھی آدمی رات کو سوہنے پر تیار نہ تھا اور صبح کرنے کے باوجود ان لوگوں نے باری باری سوہنے کا فیصلہ کر لیا۔ وانکا سارا دن محنت کرنے کے بعد سو گیا اور اپنے قصور کا اعتراف کرتے ہوئے اس نے کہا "آپ جو چاہیں سزا دیں۔" اس کی تین سب سے اچھی گائیں روزہ کھانے کی وجہ سے مر گئیں اس لئے کہ ان کے لئے پانی کا بندوبست کئے بغیر اس قطعے میں چھوڑ دیا گیا جہاں کلور گھاس کاٹی گئی تھی اور کسی طرح یہ مانا ہی نہ جا چکتے تھے کہ کلور سے ان کے پیٹ پھول گئے تھے بلکہ اسے تسلیں دینے کے لئے ان لوگوں نے بتایا کہ کیسے ایک بڑھئی کے تو تین دن میں ایک سو بارہ راس مویشی ختم ہو گئے۔ یہ سب اس لئے نہیں ہوتا تھا کہ کوئی لیوین کے ساتھ دانستہ کی بھیجی بازی کے ساتھ بدی کرنا چاہتا تھا۔ اس کے برعکس وہ جانتا تھا کہ لوگ اس سے محبت کرتے ہیں، اس کو سیدھا سادہ زمیندار سمجھتے ہیں (جو سب سے بڑی تعریف تھی) بلکہ یہ سب صرف اس لئے ہوتا تھا کہ وہ لوگ ایسی طرح اور بغیر سوچے سمجھے کام کرنا چاہتے تھے اور اس کے معاملات ان لوگوں کے لئے نہ صرف ملازمت بلکہ ان کے اخلاقی حق بجانب معاملات کے اول طور پر خلاف تھے۔ لیوین ایک مدت سے بھیجی بازی سے اپنے تعلق کی طرف سے بڑا طمینانی محسوس کرتا تھا اور دیکھ رہا تھا کہ اس کی ناؤ میں پانی آ رہا ہے لیکن اس نے سوراخ کو تلاش نہیں کیا اور وہ اسے نہیں ملا۔ ہو سکتا ہے اس نے جان بوجھ کر خود کو دھوکا دیا ہو لیکن اب وہ اور زیادہ خود کو دھوکا نہ دے سکتا تھا۔ جس طرح بھیجی بازی کو چلا رہا تھا وہ اس کے لئے نہ صرف یہ کہ دلچسپ نہیں رہ گئی بلکہ اس سے اس کا جی پھر گیا اور اب اور زیادہ اس میں مصروف نہیں رہ سکتا تھا۔

اور اسی کے ساتھ ہی ساتھ ہو گیا اس سے صرف تین درست کے فاصلے پر کیٹی شیربا سکایا کی موجودگی کا جس سے وہ ملنا چاہتا تھا لیکن اس کی ہمت نہیں پڑتی تھی۔ جب وہ اور ڈیا الکساندرونا ابلوخونسکایا کے پاس گیا تھا تو انہوں نے اس سے آنے کو کہا تھا، اس لئے آنے کو کہ وہ اور سرگوان کی بہن سے خواستگاری کرے، جیسا کہ انہوں نے اسے محسوس کرایا تھا، اب اسے قبول کر لیں گی۔ خود لیوین بھی کیٹی شیربا سکایا کو دیکھ کر سمجھ گیا تھا کہ وہ اب بھی اس سے محبت کرتا ہے۔ لیکن وہ جانتے ہوئے کہ کیٹی وہاں ہے، ابلوخونسکی کے ہاں نہیں جا سکتا تھا۔

اس بات نے کہ اس نے خواستگاری کی تھی اور کیٹی نے اسے ٹھکرا دیا تھا اس کے اور کیٹی کے درمیان ایک ناقابل عبور رکاوٹ پیدا کر دی تھی۔ "میں اب صرف اس لئے تو ان سے اپنی بیوی بننے کی درخواست نہیں کر سکتا کہ وہ اس کی بیوی نہیں بن سکتیں جس کی بنا چاہتی تھیں۔" اس نے اپنے آپ سے کہا۔ اس خیال نے اسے کیٹی کی طرف سے بالکل سرد اور معاندانہ بنا دیا۔ "ان کو قصوروار سمجھے بغیر ان سے بات کرنا، قصے کے بغیر انہیں دیکھنا میرے بس ہی میں نہیں ہوگا اور وہ مجھ سے اور زیادہ نفرت کرنے لگیں گی جیسا کہ ہونا چاہئے۔ اور پھر مجھ سے جو کچھ ڈیا الکساندرونا نے بتایا ہے اس کے بعد میں کیسے ان لوگوں کے ہاں جا سکتا ہوں؟ کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ میں یہ نہ ظاہر کروں کہ جو کچھ انہوں نے بتایا ہے وہ میں جانتا ہوں؟ اور میں وہاں پہنچوں بڑی دلداری کے ساتھ انہیں معاف کر دینے اور ان سے شفقت کے ساتھ پیش آنے کے لئے۔ میں ان کے سامنے جا کر معاف کر دینے والے اور انہیں اپنی محبت عطا کرنے والے کا رول ادا کروں۔ مجھ سے ڈیا الکساندرونا نے یہ بتایا کیوں؟ ہو سکتا تھا اتفاقاً۔ میری ان کی ملاقات ہو جاتی اور تب سب کچھ خود بخود ہی ہو جاتا لیکن اب تو یہ ناممکن ہے، ناممکن ہے۔"

ڈیا الکساندرونا نے اسے ایک رقعہ بھیجا تھا جس میں اس سے کیٹی کے لئے زنانی زین مانگی تھی۔ انہوں نے اسے لکھا تھا "مجھے لوگوں نے بتایا کہ آپ کے پاس زین ہے۔ مجھے امید ہے کہ اسے لے کر آپ خود ہی آئیں گے۔"

اور یہ وہ کسی طرح برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ کیسے ایک ذہین اور حساس عورت خود اپنی بہن کی یوں توہین کر سکتی تھی؟ اس نے رسیوں رقعے بھیجے اور سب کو پھاڑ ڈالا اور زین بغیر کسی جواب ہی کے بھجوا دی۔ وہ لکھنا چاہتا تھا کہ وہ کسی دن آئے گا اس لئے کہ وہ جا نہیں سکتا تھا۔ اور یہ لکھنا کہ وہ نہیں آ سکتا اس لئے کہ اسے فرصت نہیں، وہ کہیں جانا چاہتا ہے "اس سے بھی بدتر ہوتا۔" اس نے جواب کے لئے زین بھجوا دی اور اس احساس کے ساتھ کہ اس نے کچھ شرمناک حرکت کی ہے، دوسرے دن وہ بھیجی بازی کے سارے ناپسندیدہ کاموں کو ملتوی کے سپرد کر کے ایک دورے کی تعمیل میں اپنے دوست سویاژسکی کے ہاں چلا گیا جس کے پڑوس میں دلدل تھی جہاں چاہی کا بڑا اچھا شکار ہوتا تھا۔ سویاژسکی نے تھوڑے ہی دنوں پہلے اسے لکھا تھا اور درخواست کی تھی کہ وہ اس کے ہاں آنے کا اپنا ارادہ پورا کرے۔ سودہ فسکی تعمیل میں چاہیوں والی دلدل پر شکار کے لئے جانے کا بہت چاہتا تھا لیکن لیوین بھیجی بازی کے کاموں کی وجہ سے اس سفر کو ٹالتا رہا۔ اب وہ اس بات سے خوش تھا کہ شیربا سکی خاندان کے پڑوس سے بھی چلا جائے گا اور سب سے خاص بات یہ تھی کہ بھیجی بازی سے دور شکار پر جائے گا جہاں ہر بھیجی قسم میں پیشہ اس کے لئے بہترین تسکین فراہم کرتا تھا

25

سودہ فسکی اوریوں میں ریلوے لائن تھی۔ گھوڑوں کی ڈاک چوکی۔ لیوین اپنی ہی گاڑی اور گھوڑے لے گیا۔

گھوڑے راستے پر وہ گھوڑوں کو چارا پانی دینے کے لئے ایک مالدار کسان کے ہاں رکا جس نے پچھلے سال بیٹھے بٹھائے چھ بچھنا کھولا جس کی سرخی مائل داڑھی بڑی چمکدار تھی اور گالوں کے پاس سفید ہو چلی تھی۔ تینوں گھوڑوں کو اندر آنے دینے کے لئے وہ بچھنا کے ستون سے بالکل چپک کر لگ گیا۔ کوچوان کو ایک بڑے سے صاف

تھرے نے صحن میں جس میں جلے ہوئے بل رکھے تھے "سائیبان کے نیچے جگہ دکھا کر بڈھے نے لیوین کو گھر میں چلنے کے لئے کہا۔ صاف۔ ستھرے کپڑے پہنے ہوئے ایک نوجوان عورت ننگے پاؤں پر پاپوش چڑھائے بھلی ہوئی سے باہری کمرے میں فرش کو پرچھا کر رہی تھی۔ لیوین کے پیچھے پیچھے آئی ہوئی کتیا سے وہ دار کھی اور بچہ پڑی لیکن جب اسے پتہ چلا کہ کتیا نہیں کاٹے گی تو اپنے ڈر پر وہ خود ہی اور اپنے لگی۔ آستین چڑھی بانہہ سے لیوین کو اندر جانے کا ورد اور ہو کھاتے ہوئے وہ پھر جھک گئی اور اس نے اپنا خوبصورت چہرہ چھپا لیا اور پر پھر کا کام جاری رکھا۔

"کیا سامان لایا جائے؟" اس نے پوچھا۔

"ہاں، صفائی ہوگی۔"

اندرونی کمرہ بہت بڑا تھا جس میں ایک بالینڈی خود تھا اور بیچ میں لکڑی کی دیوار تھی۔ مقدس شبیہوں کے پیچھے ایک میز تھی جس پر رنگ سے نقش و نگار بنے تھے "ایک صاف تھی اور دو کرسیاں تھیں سرورانے کے پاس ہی برتنوں کی ایک الماری تھی۔ کھڑکیوں کے پٹ بند تھے "مکھیاں بہت کم تھیں اور اتنی صفائی تھی کہ لیوین کو یہ فکر ہو گئی کہ نا سامان جو راستے بھر دو ڈلی اور بچہ یوں میں سمائی تھی "فرش کو گندہ نہ کر دے اور اس نے دروازے کے پاس لوٹنے میں ایک جگہ کی طرف اشارہ کر کے اس سے بیٹھنے کو کہا۔ اندرونی کمرے پر نظر ڈال کر لیوین پچھلے صحن میں نکل گیا۔ پاپوش والی لمبی صورت نوجوان عورت اس کے آگے آگے بھلی سے خشک خالی باقیوں کو اپنا لی ہوئی لانے کے لئے کنویں کی طرف بھاگی جا رہی تھی۔

"جلدی کر!" بڈھے نے اس کو دیکھ کر اونچی آواز میں خوش دلی سے کہا اور لیوین کے پاس آ گیا۔ "تو سرکار، کولائی جا رہے ہیں؟ وہ بھی ہمارے ہی ہاں رکتے ہیں" اس نے باتونی انداز میں شروع کیا اور اپنی کمیاں بر سائی کے ڈنگلے پر ٹکا لیں۔

بڈھا سویا ژسکی سے اپنی رقابت کے بارے میں جانتا تھا کہ بھاگ پھر سے چرچائے اور مزدوروں اور سرداروں سے ملے ہوئے کھیت سے آ گئے ہیں اور سرداروں میں مقابلہ ہوتے کھڑے مضبوط اور طوب کھائے ہوئے تھے۔ دو نوجوان مزدور، جو بظاہر گھر ہی کے لگ رہے تھے پیشنٹ کی قمیصیں پہنے اور لپیاں لگائے تھے اور باقی دو کرائے کے مزدور تھے "ان میں ایک بوڑھا تھا اور ایک لڑکا۔ دونوں کھلے کپڑے کی قمیصیں پہنے تھے۔ بڈھا برسائی سے چل کر گھوڑوں کے پاس پہنچ گیا اور ان کے ساج کھولنے لگا۔

"یہ لوگ کیا ہوت رہے ہیں؟"

"آلو کی کھدائی کر رہے ہیں۔ تھوڑی سی زمین ہم بھی لگان پر لیتے ہیں۔ فیودت تیمو فیا کو سونپ دیا تھا اس کو چھ ہی پر لے جاؤ، دوسرے کو ہو سکتا ہے دیں گے۔"

"تو یا نہیں نے ہاں کے لیے جو چالیاں لینے کو کہی تھیں وہ آ گئیں کیا؟" ایک لمبے سے قد کے صحت مند نوجوان نے پوچھا جو بڈھے کا بیٹا لگ رہا تھا۔

"ہاں... وہ اسپیچ گاڑی میں ہیں" بوڑھے نے لگام اتار کر اسے گول گول لپیٹتے اور زمین پر ڈالتے ہوئے جواب دیا۔ "جب تک یہ لوگ کھا رہے ہیں تم انہیں چڑھاؤ۔"

گوں صورت نوجوان عورت بھری بالٹیاں لئے ہوئے باہری کمرے میں سے گزری۔ بھلی سے اس کا کندھا دبا جا رہا تھا "کہیں سے اور عورتیں نمودار ہو گئیں — نوجوان خوبصورت "دوشیزاور بوڑھی بدشکل" بچوں سمیت اور مرغیاں بچوں کے۔

سلوار کی چٹنی میں سینکی سی پھیلنے لگی۔ مزدور اور گھر کے لوگ گھوڑوں کو چارا پانی دے کر کھانے بیٹھ گئے۔ لیوین اپنی گاڑی میں سے اپنا زاد اور اطالیا اور اس نے اپنے ساتھ چائے پینے کے لئے بڈھے کو دعوت دی۔

"چائے تو آج ہم پی چکے" بڈھے نے کہا۔ ظاہر اس کو اس دعوت سے بڑی خوشی ہوئی تھی۔ "تھوڑا ساتھ کے لئے پی لیتا ہوں۔"

چائے پینے کے دوران میں لیوین نے بڈھے کی کھیتی باڑی کی تفصیلات معلوم کر لیں۔ دس سال سے بڈھا ایک زمیندار سے ایک سو بیس دسیاتین زمین لگان پر لیتا تھا۔ پچھلے سال اس نے اس کو تھرا لیا اور پڑوس کے زمیندار سے تین سو دسیاتین زمین اور لگان پر لے لی۔ زمین کا تھوڑا حصہ جو سب سے خراب تھا وہ لگان پر دے دیتا تھا اور چالیس دسیاتین کاشت کی زمین وہ خود جوتتا تھا اپنے گھر کے لوگوں اور دو مزدوروں کی مدد سے۔ بڈھے نے شکایت کی کہ کھیتی باڑی اچھی نہیں تھی۔ لیکن لیوین سمجھ گیا کہ وہ شکایت محض ایک دستور کے طور پر کر رہا تھا ورنہ اس کی کھیتی باڑی تو پھل پھول رہی تھی۔ اگر اس کی حالت بری ہوتی تو اس نے ایک ہزار روبل فی دسیاتین کے حساب سے زمین نہ خریدی ہوتی "تین ہل اور ایک بھیجے فالیاند کیا ہوتا" آگ میں گھر جل جانے کے بعد دو بار نیا اور ہر بار پہلے سے بہتر گھر بنا چکا تھا۔ بڈھے کی شکایتوں کے باوجود صاف ظاہر تھا کہ اسے اپنی خوش حالی پر بھاطور سے فخر ہے "اپنے جیاں" بھیجے "بیوی" گھوڑوں "گایوں پر اور خاص طور سے اس بات پر فخر تھا کہ وہ اس ساری کھیتی باڑی کو سنبھالے ہوئے تھا۔ بڈھے کے ساتھ بات چیت کر کے لیوین کو یہ پتہ چلا کہ وہ سے طریقوں کے بھی خلاف نہیں تھا۔ وہ بہت آلو بوتا تھا اور اس کے آلو میں لیوین نے آگے ہوئے پودے دیکھا تھا پھول آ گئے تھے اور بھور نے لگے تھے جبکہ لیوین کے ہاں آلو میں ابھی پھول آنے شروع ہوئے تھے۔ وہ اپنے کھاد کی کھدائی ایک نئی قسم کے ہل سے کرتا تھا جو اس نے ایک زمیندار سے مانگ کر لیا تھا۔ اس نے گیہوں بویا تھا۔ لیوین کو اس کے بارے میں ایک پھوہڑ سی بات بہت عجیب لگی کہ کاٹنے گیہوں کی صفائی سے ہر گھاس نکلتی تھی اسے بڈھا گھوڑوں کو کھلا رہا تھا۔ لیوین کئی بار یہ دیکھ کر کہ "اتنا اچھا چارہ بیکار جا رہا ہے" اسے منع کرنا چاہتا تھا لیکن ہر بار ناممکن ثابت ہوا۔ بڈھا کسان یہ کہتا تھا اور وہ اس چارے کی بہت تعریف کرتا تھا۔

"ارے عورتوں کو کہاں کیا ہوتا ہے؟ اچھا یاں اٹھا کر سڑک تک وہ لاتی ہیں اور وہاں سے ریڑھی اٹھا لاتی ہے۔"

"اور ہم زمینداروں کے ہاں مزدوروں سے کام کروانے میں سب بگڑ جاتا ہے" لیوین نے اسے ایک گلاس چائے اور دیتے ہوئے کہا۔

"شکریہ بہت بہت" بڈھے نے جواب دیا گلاس لے لیا لیکن شکر کی ڈلی لینے سے انکار کر دیا اور دکھا کر اس کے پاس ذرا سی کتری ہوئی ڈلی پڑی تھی۔ "مزدوروں سے کہاں کام چل سکتا ہے؟" اس نے کہا "بس بربادی ہوتی ہے۔ اب سویا ژسکی ہی کو لے لیجئے ہم جانتے ہیں کہ کیسی زمین ہے، آلو اور بھری جیسے پتے کے رانے اور تب بھی فصل کی کوئی بہت ٹھیک توقعیں نہیں رکھتے سب محنتی نہ ہونے کی وجہ سے!"

"مگر تم بھی تو آخر مزدوروں ہی کی مدد سے کھیتی باڑی کرتے ہو؟"

"ہمارا معاملہ تو کسانوں کا ہے۔ ہم تو کبھی خود کرتے ہیں، خواب کام کرتا ہے۔ تو جائے ہم خود ٹھیک کر لیں گے۔"

"ہا! مخمور کن کچھ تازہ جان ناک رہا ہے" پاپوش والی عورت نے اندر جھانک کر کہا

"تو یہ ہے سرکار" بڑھئی نے اٹھتے ہوئے کہا "دیر سے اپنے اور صلیب کا نشان بنا رہے ہیں کافر، کیا اور رہا ہو گیا۔"

جب لیون اپنے کوچوان کو آواز دینے کے لئے بگھیا کے پچھلے حصے میں گیا تو اس نے کسان کے پورے خاندان کو کھانا کھاتے دیکھا۔ عورتیں کمزری ہوئی مردوں کو کھانا کھلا رہی تھیں۔ نوزائیدہ صحت مند بچہ لکڑے سے بھرے منہ سے کوئی ناقابل بیان بات بتا رہا تھا اور سب لوگ ہنس رہے تھے اور خاص طور سے خوشی کے ساتھ باتونی بڑی عورت ہنس رہی تھی اور پیالے میں کرم کلے کا شوربہ ڈال رہی تھی۔

بہت ممکن ہے کہ باتونی بڑی عورت کے خوش شکل چہرے نے خوش اخلاقی کا جو تاثر پیدا کیا ہو لیون کے دل پر اس کسان گھرانے سے ہوا تھا لیکن یہ تاثر اتنا گہرا تھا کہ وہ کسی طرح اس کو نکال نہ سکا۔ اور بڑھئی کے گھر سے سوباڈنسکی کے ہاں تک سارے راستے اسے رہ رہ کر اس کسان گھرانے کا خیال آتا رہا جیسے اس تاثر میں کوئی چیز خاص طور سے اس کی توجہ کی طالب تھی۔

26

سوباڈنسکی اپنے اوپر رہیں طبقہ امرا کا مارشل تھا۔ وہ لیون سے پانچ سال بڑا تھا اور بہت خوبی سے شادی شدہ تھا۔ اسی کے گھر میں اس کی نوجوان سالی بھی رہتی تھی جو لیون کو بہت پسند تھی۔ اور لیون جانتا تھا کہ سوباڈنسکی اور اس کی بیوی بہت چاہتے تھے کہ اس لڑکی کی شادی اس سے کرا دیں۔ یہ بات یقینی طور پر جانتا تھا' جیسے کہ وہ بھی لوگوں کو جان جاتے ہیں جیسیں اچھا کہا جاتا ہے' حالانکہ کبھی کسی سے اس کی بات کرنے پر وہ کبھی نہ آمادہ ہوتا۔ اور وہ یہ بھی جانتا تھا کہ اس کے باوجود کہ وہ شادی کرنا چاہتا تھا اور اس کے باوجود کہ ساری چیزوں سے یہی لگتا تھا کہ یہ بہت ہی مکمل لڑکی صرور اس کے لئے بہت ہی اچھی بیوی ہوتی' وہ اس سے شادی کرنی نہیں سکتا تھا' چاہے اسے کیتی نیرا جتنا بھی محبت سے ہی ہوتی' بالکل اسی طرح جیسے وہ آسمان پر اڑ نہیں سکتا تھا۔ اور یہ جان کر اس کی وہ خوشی کم ہو گئی تھی جو اسے امید تھی کہ سوباڈنسکی کے ہاں جا کر ہو گی۔

لیون کو جب سوباڈنسکی کا خط ملا تھا جس میں اسے شکار کے لئے آنے کی دعوت دی گئی تھی تو اس نے بھی اس کے بارے میں سوچا تھا لیکن اس کے باوجود اس نے طے کیا کہ اس کے بارے میں سوباڈنسکی کے اس طرح کے خیالات تو اس کے محض مفروضے ہیں جن کی کوئی بنیاد نہیں اور اس لئے وہ بے معنی جائے گا۔ اس کے علاوہ اپنے دل کی گہرائی میں وہ خود کو آزمانا بھی چاہتا تھا' اس لڑکی کو بیاہ کر وہ خود کو پانا چاہتا تھا۔ سوباڈنسکی میاں بیوی کی گھریلو زندگی صد درجہ خوشگوار تھی اور خود سوباڈنسکی زمستوہ کے بہترین کارکنوں میں سے تھا جن سے لیون واقف تھا اور لیون کو وہ ہمیشہ بہت ہی دلچسپ لگتا تھا۔

سوباڈنسکی ان لوگوں میں سے تھا جنہیں دیکھ کر لیون کو ہمیشہ تعجب ہوتا تھا' جن کے اصول ہمیشہ بہت ہی منطقی ہوتے ہیں حالانکہ ان کے اپنے کبھی نہیں ہوتے اور وہ اپنے آپ کارفرما ہوتے ہیں اور زندگی اپنے آپ ہی چلتی جاتی ہے غیر معمولی طور پر ایک معین سمت میں اور اس پر استواری کے ساتھ قائم رہتے ہوئے ان اصولوں سے بالکل آزاد اور تقریباً ہمیشہ انہیں بالکل کاٹتے ہوئے۔ سوباڈنسکی غیر معمولی طور پر لبرل آدمی تھا۔ وہ طبقہ امراء کو حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا اور سمجھتا تھا کہ زیادہ تر امراء طبقہ جاہل میں کھیت نکالی کے حق میں تھے اور صرف شرمندگی کی وجہ سے اس کا اظہار نہیں کرتے تھے۔ وہ روس کو 'ترکی کی قسم کا' تباہ شدہ ملک [illegible]

کی حکومت کو اتنی بری سمجھتا تھا کہ سنجیدگی سے حکومت کی سرگرمیوں کی تنقید کرنا بھی گوارا نہ کرتا تھا لیکن اس کے ساتھ ہی وہ طبقہ امراء کے مارشل کی حیثیت سے کام کرتا تھا اور مثالی مارشل تھا اور جب بھی باہر نکلتا تو بیشہ ناکیڈ اور اعلیٰ جینے والی فوجی (ZIL) ہنکتا تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ انسان کی طرح زندگی بسر کرنا صرف پردیس میں ممکن ہے اور جب بھی ممکن ہو تو وہ پردیس میں رہنے چلا جاتا لیکن اس کے ساتھ ہی روس میں بہت ہی پیچیدہ اور بہتر طریقے کی زراعت بھی کرتا تھا اور غیر معمولی دلچسپی کے ساتھ ہر چیز پر نظر رکھتا تھا اور روس میں جو کچھ بھی ہو رہا اس سے باخبر رہتا تھا۔ وہ روسی کسان کو بہت سمجھتا تھا کہ یہ بندر اور انسان کے بیچ میں ارتقا کے کسی درمیانی زینے پر رہ گیا تھا لیکن اس کے ساتھ ہی زمستوہ کے انتخابات میں سب سے زیادہ اشتیاق کے ساتھ کسانوں سے ہاتھ ملاتا اور ان کی دائیں دھیان سے سنتا تھا۔ وہ خدا کو مانتا تھا نہ روز حساب کو لیکن اسے مذہبی رہنماؤں کے حالات زندگی کو بہتر بنانے کی بڑی فکر رہتی تھی اور اس کے ساتھ ہی وہ خاص طور سے کوشاں رہتا تھا کہ گرجا گھر اسی کے قابو میں رہے۔

عورتوں کے سوال پر وہ عورتوں کی پوری آزادی اور خاص کر ان کے لئے کام کرنے کے حق کے انتہا پسند طرفداروں کا حامی تھا لیکن اپنی بیوی کے ساتھ اس طرح رہتا تھا کہ سبھی لوگ ان کی بن بیوں کی خالی زندگی کو سراہتے تھے اور اس نے اپنی بیوی کی زندگی کا انتظام یوں کیا تھا کہ وہ کچھ بھی نہ کرتی تھی اور کر بھی نہ سکتی تھی سوائے شوہر کے ساتھ فخر کرنے کے کہ وقت کیسے زیادہ اچھی طرح اور ہنسی خوشی گزارا جائے۔

اگر لیون میں لوگوں کو سب سے اچھے پہلو سے دیکھنے کی صلاحیت اور عادت نہ ہوتی تو سوباڈنسکی کا کردار اس کے لئے کسی طرح کی مشکل یا سوالات نہ پیش کرتا۔ اس نے اپنے دل میں کہہ لیا ہوتا — یہ قوف ہے یا لفنگا ہے "اور سب کچھ حال ہو جاتا۔ لیکن وہ "یہ قوف" نہ کہہ سکتا تھا اس لئے کہ سوباڈنسکی بالکل نہ صرف بہت سمجھدار بلکہ بہت ہی تعلیم یافتہ شخص تھا اور اپنے علم کو بڑی سادگی سے سنبھالے رہتا تھا۔ کوئی ایسا موضوع نہ تھا جسے وہ نہ جانتا ہو لیکن اپنے علم کا مظاہرہ کبھی کرتا تھا جب اس پر مجبور ہو جاتا تھا۔ اور یہ لیون اور بھی کم کہہ سکتا تھا کہ وہ لفنگا تھا اس لئے کہ سوباڈنسکی بالکل دیانتدار' نیک اور سمجھدار شخص تھا جو خوشی خوشی اور فراوانی کے ساتھ برادرانہ کام کرتا تھا جیسیں اس کے اردگرد کے سبھی لوگ بڑی قدر کی نظر سے دیکھتے تھے اور وہ غالباً کبھی جان بوجھ کر کوئی بری حرکت نہ کرتا تھا اور کر سکتا ہی نہیں تھا۔

لیون سمجھنے کی کوشش کرتا اور نہ سمجھ پاتا اور ہمیشہ اس کو اور اس کی زندگی کو ایسے دیکھتا جیسے یہ کوئی جیتی جاگتی پہیلی ہو۔

وہ اور لیون دوست تھے اسی لئے لیون اپنے دماغ میں اس بات کو روا رکھتا کہ سوباڈنسکی کو آزمائے پرکھے اور زندگی کے بارے میں اس کے زاویہ نظر کی اصل بنیاد تک پہنچنے کی کوشش کرے۔ لیکن یہ بیشہ بے سود ہوتا۔ سوباڈنسکی کے ذہن کے جن خانوں کے دروازے سب کے لئے کھلے تھے ان سے آگے اور اندر جانے کی لیون جب بھی کوشش کرتا تو دیکھتا کہ سوباڈنسکی ذرا گھبرا سا جاتا' اس کی نظروں سے ذرا اور انظر آنے والا خوف ظاہر ہونے لگتا جیسے وہ ڈرتا ہو کہ لیون اسے سمجھ جائے گا اور وہ بڑی نیک دل اور خوش مزاجی سے اس کی کوشش کو ناکام بنا دیتا۔

اب جب بھیتی باڑی کی طرف سے اس کی خوشی فہمی کا ازالہ ہو گیا تھا' لیون کو سوباڈنسکی کے ہاں جانا خاص طور سے اچھا لگ رہا تھا۔ نہ صرف یہ کہ ان سبھی 'اپنے آپ' سے مطمئن اور بالکل کوتوں کے جوڑے

جیسے بھتی لوگوں اور ان کے اچھی طرح بنائے سنوارے آشیانے کو دیکھنے ہی سے اس کا جی خوش ہو جاتا تھا' بلکہ اب وہ خود اپنی زندگی سے اتنا غیر مطمئن محسوس کرتا تھا کہ سوا ٹسکی میں وہ رار معلوم کرنے کا جی چاہتا تھا جس کی وجہ سے اسے زندگی میں اتنی وضاحت' سمت کا تعین اور خوش مزاجی حاصل تھی۔ اس کے علاوہ لیون جانتا تھا کہ سوا ٹسکی کے پڑوسی زمینداروں سے بھی اس کی ملاقات ہو گی اور اب اسے کھیل بازی کے بارے میں مکمل کے بارے میں 'مزدوروں کی مزدوری کے بارے میں وہی بات کرنا اور سننا اچھا لگتا تھا جو لیون جانتا تھا کہ 'کچھ بہت ہی گھٹیا باتیں' کہی جاتی ہیں لیکن جو اب لیون کو واحد اہم بات لگتی تھی۔ "یہ ہو سکتا ہے کہ کھیت خانگی کے قوانین کے زمانے میں اہم نہ رہی ہو یا انگلستان میں اہم نہ ہو۔ دونوں صورتوں میں خود حالات' سمین اور قطعی تھے۔ لیکن ہمارے ہاں جب سب کچھ تبدیل ہو چکا ہے اور اس ابھی کچھ ٹھیک ہونا شروع ہوا ہے تو یہ سوال روس میں واحد اہم سوال ہے کہ یہ حالات کیا شکل اختیار کریں گے" لیون نے سوچا۔

شکار لیون کی توقع سے بڑھ کر ثابت ہوا۔ دلدل سونگھ چکی تھی اور چڑیاں بالکل ہی نہ رہ گئی تھیں۔ وہ دن بھر مارا مارا پھرتا رہا اور صرف تین چڑیاں لایا۔ البتہ جیسا کہ شکار میں ہوتا ہے' وہ طرب انگیز احساس کے ساتھ اور بڑی اچھی مزاجی کیفیت کے ساتھ اور ذہنی حالت کی اس بیداری کے ساتھ واپس آیا جو قوت استدلال نقل و حرکت کی بدولت اس میں ہمیشہ ہو جاتی تھی۔ اور شکار پر آسی وقت جب کتا تم پہ تھا کہ وہ کسی چیز کے بارے میں نہیں سوچ رہا ہے' بار بار پھر سے اسے بوڑھا کسان اور اس کا خاندان یاد آجاتا اور یہ تاثر ہوتا ہے کہ اپنی طرف توجہ کا بلکہ اس سے متعلق کسی چیز کے حل کا بھی طالب ہوتا۔

شام کو چائے کے وقت وہ زمینداروں کی موجودگی میں 'جو قربت کے کسی معاملے کے سلسلے میں آئے تھے' وہی دلچسپ بات چیت چھڑ گئی جس کا لیون کو انتظار تھا۔

چائے کی میز کے پاس لیون خاتون خانہ کے برابر بیٹھا تھا اور اس کا فرض تھا کہ وہ ان سے اور ان کی بہن سے باتیں کرے۔ خاتون خانہ گول چہرے' ہلکے سنہرے بالوں والی اور رسیلے قد کی خاتون تھیں اور ہر وقت مسکراتی رہتی تھیں جس سے ان کے گالوں میں گڑھے پڑ جاتے تھے۔ لیون کو شش کر رہا تھا کہ ان کے توسط سے اس پہیلی کا حل تلاش کرے جو ان کے شوہر سے متعلق تھی اور لیون کے لئے اس قدر اہم تھی۔ لیکن وہ پوری آزادی سے سوچ نہیں پا رہا تھا اس لئے کہ وہ تکلیف دہ حد تک اس بات کا محسوس کر رہا تھا۔ تکلیف دہ حد تک اس بنا پر اس وجہ سے محسوس کر رہا تھا کہ اس کے عین سامنے سوا ٹسکی کی ساری بیٹھی تھی اور اسے یہ لگ رہا تھا کہ اس نے خاص طور سے اس کے لئے خاص لباس پہنا تھا جس کا مرجع تعرف کی شکل کا لگا خاص طور سے بنوایا گیا ہوا تھا اور اس کا سفید سینہ نظر آ رہا تھا۔ اس مرجع تعرف کے علاوہ نے' باوجود اس کے کہ سینہ بہت سفید تھا' یا خاص کر اسی لئے کہ وہ بہت سفید تھا لیون کو خیال کی آزادی سے محروم کر دیا تھا۔ وہ یہ تصور کر رہا تھا' تقریباً قطعی کر رہا تھا کہ یہ کاٹ خاص طور سے اس کے سلسلے میں کی گئی ہے اور وہ سمجھتا تھا کہ اس کو دیکھنے کا کوئی حق نہیں ہے اور اسے یہ دیکھنے کی کوشش کرنا تھا۔ وہ یہ محسوس کر رہا تھا کہ ایک چیز کا تصور دار تو وہ یہ ہی کہ یہ کاٹ کی گئی۔ لیون کو لگ رہا تھا کہ وہ کسی کو دھوکا دے رہا تھا کہ اسے کچھ وضاحت کرنی چاہئے' لیکن یہ وضاحت کرنا بالکل ہی ناممکن ہے اور اسی لئے بار بار اس کا جی بوجھل ہو جاتا' وہ پریشان تھا اور اسے محسوس کر رہا تھا۔ اس کا اسے پانچ سو ٹسکی کی خوبصورت سماعی پر بھی اثر کر گیا۔ لیکن لگتا تھا خاتون خانہ نے اس کی طرف دھیان نہیں دیا اور جان بوجھ کر اپنی بہن کو بات چیت میں شریک کر لیا۔

"آپ کہتے ہیں" خاتون خانہ نے بات چیت کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا "کہ میرے شوہر کسی بھی روسی چیز سے کوئی دلچسپی نہیں لے سکتے۔ اس کے برعکس پولس میں وہ خوش تو رہتے ہیں لیکن انا نہیں جتنا یہاں۔ یہاں وہ خود کو اپنے دائرے میں محسوس کرتے ہیں۔ انہیں اچھے کام رہتے ہیں اور وہ ہر چیز میں دلچسپی لینے کی فطری صلاحیت رکھتے ہیں۔ بچے "آپ ہمارے اسکول میں نہیں گئے؟"

سمین نے کہا تھا یہ وہ عشق جو یاں سے ادھی ہوئی پھولی سی عمارت ہے' وہی نہ؟"

"ہاں' وہ اسٹیبل کا کام ہے" لیون نے اپنی بہن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"آپ خود پڑھاتی ہیں؟" لیون نے اس نے گریبان کی کاٹ کے آس پاس کہیں دیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے پوچھا لیکن اس نے محسوس کیا کہ وہ اس سمت میں جا ہے کہیں بھی دیکھے اسے وہ کاٹ ضرور دکھائی دے گی۔

"ہاں میں خود ہی پڑھاتی تھی اور اب بھی پڑھاتی ہوں لیکن ہمارے ہاں بہت ہی اچھی استانی بھی ہیں۔ اور ہم نے جرمنا ٹک بھی رائج کر دی ہے۔"

"نہیں' شکریہ' آپ بھلے اور چاہے نہیں چاہئے" لیون نے کہا اور اس نے محسوس کیا کہ وہ اخلاقی برتر رہا ہے لیکن اب اس میں اس بات چیت کو اور چلانے کا دم نہیں رہ گیا تھا۔ وہ کھڑا ہو گیا "میں بڑی پیاری بات سن رہا ہوں" اس نے اضافہ کیا اور میز کے دوسرے سرے پر پہنچ گیا جہاں صاحب خانہ دونوں زمینداروں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ سوا ٹسکی میز کی طرف پہلو کے بل جھکی ہوئی کہنی رکھے ہاتھ سے چائے کی پیالی کو گھما رہا تھا اور دوسرے ہاتھ سے اپنی داڑھی کو منھ میں سمیٹ کر چبا لے جاتا اور پھر جیسے اسے سونگھ کر پھوڑ رہا تھا۔ وہ چمکتی ہوئی کاجل لگی آنکھوں سے کھڑکی سے جھانکتے ہوئے گرم ہوتے ہوئے زمیندار کو دیکھ رہا تھا اور ظاہر ہے اس کی تقریر بڑی سنسنی انگیز لگ رہی تھی۔ زمیندار عام لوگوں کی شکایتیں کر رہا تھا۔ لیون صاف سمجھ رہا تھا کہ سوا ٹسکی اس زمیندار کی شکایتوں کا ایسا جواب دے سکتا ہے جو اس کی تقریر کے سارے مفہوم کو درہم برہم کر دے لیکن اس کی حیثیت ایسی تھی کہ وہ جواب نہیں دے سکتا چنانچہ زمیندار کی مزاحیہ تقریر کو سن رہا ہے اور دل ہی دل میں خوش ہو رہا ہے۔

ظاہر ہے کھڑکی سے جھانکنے والا زمیندار کھیت غلامی کا کٹر حامی' زمانے کا پرانا باشندہ اور پرلے درجے کا زراعت پیشہ تھا۔ اس کی ساری باتیں لیون نے لباس میں بھی دیکھیں۔ یہ اس کی وضع کاٹ حال کوٹ پہننے کی زمیندار کی بظاہر عادت نہ تھی اور اس کی ذہین پیلی ہوئی آنکھوں میں بھی اور شائستہ روسی زبان میں بھی اور مخملیانہ لہجے میں بھی یہ صاف دکھائی دے رہا تھا کہ وہ بات بن کہا ہے اور بڑے سے خوبصورت سنولائے ہوئے ہاتھ کی قطعی حرکت میں بھی جس کی چوتھی انگلی میں شادی کی پرانی انگوٹھی تھی۔

27

"جو کچھ کیا جا چکا ہے اس سب کو چھوڑ دینے کا کتنا افسوس ہوتا ہے اپنی نکالی ہوئی محنت کو۔ تم میں سب کو ہاتھ کے ایک اشارے سے مدد اور کتنا پیسہ اور کوئی ایوانوویچ کی طرح چل دیتا۔ کہ "تیس کوسے" زمیندار نے کہا اور اس کا چوڑا ہموار چہرہ ایک خوشگوار مسکراہٹ سے دمک اٹھا۔

"ہاں مگر دیکھئے آپ بھولئے تو نہیں" کولائی ایلوچ سوا ڈسکی نے کہا "مطلب یہ کہ کچھ تو قانونی اور مصلحتیں ہیں۔"

"فائدہ صرف ایک ہے کہ اپنے گھر میں رہتا ہوں' جو خریدا ہوا ہے نہ کرائے پر لیا ہوا۔ اور پھر امید بھی لگی رہتی ہے کہ لوگ ٹھیک ہو جائیں گے۔ ورنہ تو آپ یقین کیجئے — یہ شراب کی لت اور کچ روی جسم کے کچھ کا کچھ ہو گیا' نہ گھوڑے ہیں نہ گائیں۔ بھوک سے مرا جا رہا ہے لیکن مزدوری پر کام میں لگا لیجئے — تو سب (۲۲) کے چوبیٹ کر کے رکھ دے گا اور اوپر سے جسٹس آف پیس کے سامنے بھی جا کر کھڑا ہو جائے گا۔"

"اوے جسٹس آف پیس کے ہاں مقدمے تو آپ بھی دائر کرتے ہیں" سوا ڈسکی نے کہا۔

"میں مقدمہ دائر کرتا ہوں؟ کسی حالت میں بھی نہیں! جو کچھ سننے میں آتا ہے اس کے بعد تو لگتا ہے کہ مقدمہ نہ چلانے ہی میں خیریت ہے! اب وہ کارخانے دار والے معاملے کو دیکھ لیجئے۔ دیوالی لے لی اور چلتے بنے۔ جسٹس آف پیس نے کیا کیا؟ انہیں کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ انہیں تو بس مدد دوست کی عدالت اور فورمین (۲۳) قابو میں رکھ سکتا ہے۔ وہ پرانے طریقے سے ان کی مرمت کرتا ہے۔ اور یہ نہ ہو — تب تو سب بھوڑ پھاڑ کے دنیا کے اس سرے پر چلے جاؤ!"

صاف دکھائی دے رہا تھا کہ زمیندار سوا ڈسکی پر جوش کر رہا تھا لیکن سوا ڈسکی نہ صرف یہ کہ خاموش تھا بلکہ بظاہر وہ اس سے لطف اندوز بھی ہو رہا تھا۔

"لیکن اگر ہم تو اپنی کھیتی باڑی فن اقدامات کے ذخیرے چلا رہے ہیں" اس نے مسکراتے ہوئے کہا "میں لیوین اور یہ صاحب" اس نے دوسرے زمیندار کی طرف اشارہ کیا۔

"ہاں 'نیقائیل پتروچ' کا کام تو چل رہا ہے مگر ذرا پوچھئے کہ کیسے؟ کیا یہ کچھ مستقل زراعت ہے؟" زمیندار بولا۔ اس نے لفظ "مستقل" کو صریحی طور پر بڑی ادا سے کہا تھا۔

"میری کھیتی باڑی تو سیدھی سادی ہے" نیقائیل پتروچ نے کہا "خدا کا شکر ادا کرتا ہوں۔ میری کھیتی باڑی صرف اتنی ہے کہ خزاں میں لگان ادا کرنے کے لئے رقم تیار ہے۔ کسان آتے ہیں — 'بابا جی! ہمارے اوپر رحم کیجئے!' تو اب کسان تو ہمارے اپنے پڑوسی ہیں' ان پر ترس آتا ہے۔ تو بس دے دیتا ہوں پہلی فصل پر مگر کہہ دیتا ہوں کہ "یاد رکھنا یارو' میں نے تمہاری مدد کی ہے' تم میری مدد کرنا جب ضرورت پڑے تو" — جئی کی بوائی ہو' گھاس کی کٹائی ہو یا فصل کی کٹائی ہو — تو بس ملے کر لیتا ہوں کہ گھرانے پیچھے کتنا کام کرنا پڑے گا۔ اب یہ توقع ہے کہ ان میں بھی کچھ تو ہوتے ہیں ہے ایمان۔"

لیوین ان پرانی نظام والے طریقوں سے بخوبی واقف تھا۔ اس نے سوا ڈسکی سے آنکھیں چار کیں اور نیقائیل پتروچ کی بات کاٹ کر وہ کھچڑی مونچھوں والے زمیندار سے مخاطب ہوا۔

"تو آپ کیا عمل کرتے ہیں؟" اس نے پوچھا "اب کھیتی باڑی کس طرح چلانی چاہئے؟"

"بس اسی طرح چلانی چاہئے جس طرح نیقائیل پتروچ چلاتے ہیں' یا تو پیداوار پر دے دیجئے یا لگان پر کسانوں کو دے دیجئے۔ یہ ٹھیک تو ہے لیکن اسی سے تو ریاست کی عام دولت برباد ہو رہی ہے۔ جہاں میری زمین کھیت غلاموں کی محنت اور اچھے انتظام سے تو گنا پیداوار دیتی تھی تو پیداوار پر دینے میں بس تین گنا ملتا ہے۔ کھیت غلاموں کی آزادی نے تو روس کو برباد کر دیا!"

سوا ڈسکی نے مسکراتی ہوئی آنکھوں سے لیوین کو دیکھا تاکہ اسے مذاق اڑانے والا جیسا خفیف سا اشارہ بھی کیا لیکن لیوین کو اس زمیندار کے الفاظ مضحکہ انگیز نہیں لگے۔ یہ باتیں اس سے زیادہ اس کی سمجھ میں آئیں جتنی سوا ڈسکی کی باتیں آتی تھیں۔ جو کچھ اس زمیندار نے اس بات کے ثبوت میں کہا کہ کھیت غلاموں کی آزادی سے روس کیوں برباد ہو گیا اس میں بہت کچھ لیوین کو قابل یقین' اس کے لئے بداہۃ قابل انکار بھی تھا۔ صاف دکھائی دے رہا تھا کہ زمیندار اپنے ذاتی خیالات کا اظہار کر رہا تھا جو کہ بہت ہی کمیاب چیز ہے' اور یہ خیالات ایسے تھے جن تک وہ صرف اس وجہ سے نہیں پہنچا تھا کہ اس نے اپنے کامل وقت کو کسی نہ کسی چیز میں مصروف رکھا تھا بلکہ اس کے خیالات زندگی سے پیدا ہوئے تھے' جن پر اس نے اپنی ریاضات کی تنہائی میں سر کھپایا تھا اور ان پر بہت سوچ سے غور کیا تھا۔

"آپ دیکھئے تو سہی بات یہ ہے کہ ہر قسم کی ترقی صرف طاقت اور اقتدار سے وجود پذیر ہوتی ہے" صاف دکھائی دے رہا تھا کہ اس نے یہ دکھانے کی خواہش کے تحت کہا کہ وہ تعلیم سے بیگانہ نہیں ہے۔ "پیٹر اول' یا کیتھرین' انکساء کی اصلاحات (۲۴) کو لے لیجئے۔ یورپ کی تاریخ کو لے لیجئے۔ اور زراعت کی ترقی تو اور بھی زیادہ — وہ چاہے آلو ہو — جو ہمارے ہاں پر جبراً رائج کیا گیا۔ آخر جنتائی بھی تو ہمیشہ لکڑی کے ہل سے کی جاتی تھی۔ اسے بھی تاتاریا تحمیل تاریخ میں طاقت ہی کے بل پر رائج کیا گیا۔ اب ہمارے زمانے میں ہم زمیندار کھیت غلامی کے حالات میں بہتر طریقوں سے کھیتی باڑی چلاتے تھے' 'اناج سکھانے کی بھٹیاں' 'گھاس کاٹنے والے کی گاڑیاں' 'بھی سازوسامان۔ سب کچھ ہم نے اپنی طاقت سے رائج کیا اور کسانوں نے شروع میں مزاحمت کی لیکن بعد کو ہماری نقل کی۔ اب کھیت غلامی کا نظام تو برباد ہو گیا' طاقت ہم سے لے لی گئی اور ہماری زراعت' جو کہ بلند سطح تک پہنچ گئی تھی' عملی طور پر بالکل وحشی 'ابتدائی قدیمی حالت میں پہنچ جائے گی۔ میں تو ایسا ہی سمجھتا ہوں۔"

"لیکن اگر کیوں؟ اگر زراعت مستقل طریقے سے کی جا رہی ہے تو آپ مزدور لگا کر اسے چلا سکتے ہیں" سوا ڈسکی نے کہا۔

"طاقت اور اقتدار نہیں ہے۔ تو میں اسے چلاؤں گا کس چیز سے؟ مجھے بتایئے تو سہی۔"

"یہ ہے وہ چیز — مزدور کی طاقت' زراعت کا خاص عنصر" لیوین نے سوچا۔

"مزدوروں سے۔"

"مزدور اچھی طرح اور اچھے سازوسامان سے کام نہیں کرنا چاہتے۔ ہمارا مزدور صرف ایک چیز جانتا ہے — شراب پینا' سور کی طرح سے' اور شراب میں دعوت ہو کر ہر اس چیز کو خراب کر دیتا ہے' آپ اسے دیں کچھ دنوں کو ضرورت سے زیادہ پیسا دے دیں گا' کمائی کی مشین میں ڈھیری اس دے گا کہ ٹوٹ جائے۔ جو چیز اس کے معمول کے مطابق نہیں ہے' اسے وہ بیزاری سے دیکھتا ہے۔ اسی کی بدولت زراعت کی پوری سطح پست ہو گئی ہے۔ زمین پرتی پڑی رہ گئی' 'بھاڑ جھنکا ڈاگ' آئے یا کسانوں کو دے دی گئی اور جہاں دسیوں لاکھ کوارٹر اناج پیدا ہونا چاہئے وہاں چند لاکھ ہو رہا ہے۔ ملک کی دولت کم ہو گئی۔ اگر میں کیا جا سکتا ہے تو یہی سوچ سمجھ کر۔"

اور اس نے کسانوں کی آزادی کے بارے میں اپنا منصوبہ بیان کرنا شروع کیا جس کے تحت ان خامیوں سے بچا جا سکتا تھا۔

لیوین کو اس سے کوئی دلچسپی نہ تھی لیکن جب اس نے اپنی بات ختم کی تو لیوین نے پھر سے اس کی پہلی تجویز کا ذکر چھیڑا اور سوا ڈسکی سے مخاطب ہو کر اور اسے اپنی مجیدہ رائے ظاہر کرنے پر اکسانے کی کوشش

کرتے ہوئے کہا:

"یہ تو بالکل سچ ہے کہ زراعت کی سمت پست ہوتی جارہی ہے اور یہ بھی کہ مزدوروں کے ساتھ ہمارے تعلقات کی نوعیت ہے اس میں فائدہ مند معقول طریقے کی کھیتی باڑی چلانا ممکن نہیں ہے۔"

"مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے" سوباڈ سکی نے سنجیدگی سے اعتراض کیا "میں تو صرف یہ دیکھتا ہوں کہ ہم کو کھیتی باڑی چلانا خود نہیں آتا اور یہ کہ اس کے برعکس جو کھیتی باڑی ہم کھیت غلامی کے دنوں میں چلاتے تھے وہ یہ نہیں کہ بہت بلند تھی بلکہ بہت پست تھی۔ ہمارے پاس اچھی مشینیں ہیں نہ کھیتی باڑی کے کام کے اچھے سمجھ بوجھ والے صحیح معنوں میں ہدایت کاری ہے اور نہ ہم حساب کتاب رکھنا جانتے ہیں۔ کسی بھی زمیندار سے پوچھ لیجئے وہ جانتا بھی نہیں کہ اس کے لئے کون سی چیز فائدہ مند ہے کون سی نہیں ہے۔"

"آگے والوں کی طرح حساب کتاب رکھنا" زمیندار نے حقارت سے کہا۔ "حساب کتاب جیسے چاہیں رکھ لیجئے لیکن جب وہ لوگ ہر چیز تو ڈالیں گے ہی تو کوئی مضائقہ نہ ہوگا۔"

"تو کیوں ڈالیں گے؟ آپ کی کھیا گمائی مشین یا دیسی کولمی مشین تو ڈالیں گے لیکن میرے دخانی ہل کو نہیں ڈالیں گے۔ آپ کے معمولی نسل کے گھوڑے کو بھی کھینچ لیتے ہیں اسے ہلکے دم ہو کر چلا پاتے ہیں' خراب کردیں گے لیکن آپ اچھے فن لینڈی ہارس گھوڑے یا گاڑی میں جوتے ہوئے گھوڑے کھینچ لیتے ہیں نہیں خراب کریں گے۔ اور یہی ہر چیز کے بارے میں سچ ہے۔ ہمیں زراعت کو بالکل تر سیم لے جانا ہے۔"

"ہاں اگر ایسا کرنے کا سامان ہو تا" کولائی ایوانووچ آپ کے لئے ٹھیک ہے لیکن میں تو ایک بیٹے کو یونیورسٹی میں پڑھاتا ہوں' لوگوں کو ہائی اسکول میں تربیت دلاتا ہوں — تو میں تو فن لینڈی ہارس گھوڑے نہیں رکھ سکتا۔"

"لیکن اس کے لئے تو بینک ہیں۔"

"تاکہ ہو کچھ رہا سا ہے وہ بھی نیلام ہو جائے؟ نہیں "آپ کا بہت بہت شکریہ۔"

"مجھے اس بات سے اتفاق نہیں ہے کہ زراعت کی سمت گر اور بھی پست کرنا ضروری اور ممکن ہے" لیوین نے کہا۔ "میں اسی میں مصروف رہتا ہوں اور میرے پاس اس کے ذرائع بھی ہیں لیکن میں یہ کبھی نہیں کرسکتا۔ مجھے پتہ نہیں کہ بینک کس کے لئے مفید ہیں۔ کم سے کم میں نے تو چاہے کسی بھی چیز پر رقم کیوں نہ خرچ کی ہو' سب میں نقصان ہی ہوا — سو میں سے ننانوے معاملوں میں تو نقصان۔"

"اب یہ ہوئی — سچ بات" گھنی سرخ مونچھوں والے زمیندار نے خوشی کے ساتھ چلتے ہوئے تائید کی۔

"اور میں ایسا بھی نہیں ہوں" لیوین نے اپنی بات جاری رکھی "میں سارے زمینداروں کا ذکر کرتا ہوں جو معقول طریقے سے اپنا کاروبار چلاتے ہیں ہمت ہی کم ہے اشتہار کے ساتھ بھی نقصان کے ساتھ کاروبار چلاتے ہیں لیکن آپ بتائیے کیا آپ کی زراعت فائدہ بخش ہے؟" لیوین نے کہا اور لورا اس نے سوباڈ سکی کی نظر میں زیادہ گراں اقتدار دیکھا جو اسے ہمیشہ اس وقت دکھائی دیتا تھا جب وہ سوباڈ سکی کے دہن کے خانوں کے کھلے دروازوں سے آگے اور اندر جانا چاہتا تھا۔

اس کے علاوہ لیوین کی طرف سے یہ سوال بالکل صاف دلی سے نہیں کیا گیا تھا۔ چائے کے وقت خانون خانہ نے ابھی ابھی اسے بتایا تھا کہ انہیں گرمیوں میں ان لوگوں سے ایک جرمن کو دعوت کیا تھا جو بہت مشہور محاسب تھا۔ اس نے پانچ سو روبل روسفارشہ سے کر ان کی زراعت کا مطالعہ کیا اور یہ بتایا کہ اس میں

تین ہزار کا روبل کا نقصان ہو رہا ہے۔ انہیں ٹھیک سے تو یاد نہیں تھی لیکن لگتا ہے کہ جرمن نے چوتھائی کوپیک تک صحیح صحیح حساب لگایا تھا۔

سوباڈ سکی کی زراعت کے فائدہ بخش ہونے کے دکھر زمیندار کو ہنسی آگئی۔ ظاہر ہے وہ جانتا تھا کہ اس کے پڑوسی اور طبقہ امرا کے ممبر شمل کو کتنا فائدہ ہو سکتا ہے۔

"ہو سکتا ہے فائدہ بخش نہ ہو" سوباڈ سکی نے جواب دیا "لیکن اس سے صرف یہ ثابت ہوتا ہے کہ یا تو میں بیوقوف شخص ہوں یا پھر لگان بڑھانے کے لئے اپنا سارا صرف کر رہا ہوں۔"

"اے لگان" لیوین نے اختیار چیخ اٹھا۔ "ہو سکتا ہے یورپ میں لگان ہو تا جہاں محنت صرف کرنے سے زمین بہتر ہو گئی ہے لیکن ہمارے ہاں تو محنت صرف کرنے سے زمین بدتر ہی ہو رہی ہے یعنی یہ کہ اس کو لیز پر لیتے ہیں — مطلب یہ کہ لگان ہوتا ہی نہیں۔"

"لگان کیسے نہیں آپ تو قانون ہے۔"

"تو پھر ہم قانون سے باہر ہیں۔ لگان سے ہمارے لئے کسی بھی چیز کی وضاحت نہیں ہوتی بلکہ اس کے برعکس سب گڈمڈ ہو جاتا ہے۔ نہیں "آپ بتائیے کہ لگان کا نظریہ کیسے..."

"آپ دہی بلیں گے؟ ماشا' ذرا دہی یا گودبیاں ادھر بھجوا دو" سوباڈ سکی نے اپنی بیوی سے کہا۔ "اس سال گودبیاں تو بہت ہی خوب چل رہی ہیں۔"

اور سوباڈ سکی بہت ہی خوشگوار مزاجی کیفیت کے ساتھ اٹھا اور چلا گیا۔ ظاہر اس نے یہ سمجھا کہ بات چیت اسی جگہ پر ختم ہو گئی جہاں لیوین کو یہ لگتا تھا کہ ابھی بس شروع ہی ہوئی ہے۔

اپنے ہم کلام سے محروم ہو کر لیوین نے زمیندار کے ساتھ بات چیت جاری رکھی اور اسے یہ دکھانے کی کوشش کی کہ ساری مشکل اس چیز سے پیدا ہوتی ہے کہ ہم اپنے مزدور کی خصوصیات اور عادتوں کو جانتا نہیں چاہتے۔ لیکن زمیندار' ان تمام لوگوں کی طرح جو آزادانہ طور پر اور تمثالی سوچنے کے عادی ہوتے ہیں' ابھی اور بالکل نئے خیال کو قبول کرنے میں سست اور اپنے خیال پر خاص طور سے اڑ رہنے والا آدمی تھا۔ وہ اصرار کرتا رہا کہ دیسی کسان سور ہوتا ہے اور سور پن سے محبت کرتا ہے اور اسے سور پن سے نکالنے کے لئے طاقت اور اقتدار چاہئے اور وہ نہیں ہے "ہمیں چاہئے اور ہم اسے لیول ہو گئے ہیں کہ ہم نے ہزاروں سال پرانے ڈھرے کی جگہ پر نہیں کیسے دکیل اور جنل خانے رائج کردیے ہیں کہ لفظ سوشل کسانوں کو اچھا شور بہ کھلایا جاتا ہے اور حساب لگایا جاتا ہے کہ کتنی آوی اسے کھب شدہ ہونا چاہئے۔"

"کس وجہ سے آپ یہ سوچتے ہیں" لیوین نے سوال کی طرف واپس آنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا "کہ مزدور قوت کے ساتھ ایسا رشتہ تلاش کرنا ممکن ہے جس کے تحت کام پیداوار بخش ہو؟"

"یہ دیسی عام لوگوں کے ساتھ غلامی کے بغیر ہونے کے کبھی نہ ہو گا طاقت اور اقتدار نہیں ہے" زمیندار نے جواب دیا۔

"کون سے نئے حالات تلاش کئے جاسکتے ہیں؟" سوباڈ سکی نے دہی کھانے کے بعد پائپ پیتے ہوئے بحث میں مصروف لوگوں کی طرف واپس آتے ہوئے کہا۔ "مزدور قوت کے ساتھ سارے رشتے معین ہیں اور ان کا مطالعہ کیا جاچکا ہے" اس نے کہا۔ "یورپ کی باقیات یعنی ابتدائی قدیمی برادری جس میں سب کے لئے چھ طرح خانت ہوتی تھی (24) اپنے آپ ہی ختم ہوتی جارہی ہے' کھیت غلامی کا نظام برباد کردیا گیا' اب باقی رہ گئی

آرائش محنت اور اس کی شکلیں بھی معین اور تیار ہیں تو ہمیں وہیں سے اٹھانا چاہئے۔ کھیت مزدور، دھاڑی کا مزدور، اپنے کھیت کا مالک کسان۔ اس سے آپ بچ نہیں سکتے۔"

"لیکن یہ ریپ تو ان شکلوں سے مطمئن نہیں ہے۔"

"مطمئن نہیں ہے اور نئی شکلیں تلاش کر رہا ہے۔ اور غالباً تلاش کر بھی لے گا۔"

"میں اسی کی تو بات کر رہا ہوں۔" لیوین نے جواب دیا۔ "آخر ہم اپنی طرف سے کیوں نہ تلاش کریں؟"

"اس لئے کہ یہ تو بالکل ویسا ہی ہے جیسا ملے لائن بنانے کے نئے طریقے ایجاد کرنے والے ایجاد کئے جا چکے ہیں۔"

"لیکن اگر وہ ہمارے لئے سودمند نہیں ہیں، اگر وہ اعتقاد ہیں تو؟" لیوین نے کہا۔

اور اس نے سوباڈسکی کی آنکھوں میں خوف کا اظہار پھر دیکھا۔

"ہاں، ہاں، یہی۔ کہ ہم لیوین اچھالیں گے کہ ہم نے وہ تلاش کر لیا جو ریپ تلاش کر رہا ہے۔ یہ سب جانتا ہوں، لیکن مجھے معاف کیجئے گا کیا ریپ میں مزدوروں کی تنظیم کے سوال پر جو کچھ کیا جا چکا ہے وہ سب آپ جانتے ہیں؟"

"نہیں بہت کم جانتا ہوں۔"

"اس سوال پر غور و فکر کرنے میں اس وقت ریپ کے بہترین دماغ لگے ہوئے ہیں۔ ان میں سے ملے (25) تحریک ہے۔ پھر مزدور سوال سے متعلق تحریروں کا انبار ہے۔ آخری لیوں لا سال (26) تحریک ہے۔ میلانڈ ین کی تنظیم ہے۔ یہ سب چیزیں اس وقت وہ دور رکھتی ہیں۔ آپ جانتا جانتے ہوں گے۔"

"میں نے اس کے بارے میں سنا ہے لیکن بہت ہی کم طور سے۔"

"نہیں، یہ تو آپ یوں ہی کہتے ہیں۔ غالباً اس سب کے بارے میں آپ مجھ سے کم تو نہ جانتے ہوں گے۔ ظاہر ہے کہ میں سماجیات کا پروفیسر تو نہیں ہوں البتہ مجھے اس سے دلچسپی تھی۔ اور واقعی اگر آپ کو دلچسپی ہو تو آپ بھی معاملہ سمجھئے۔"

"لیکن وہ لوگ کس نتیجے پر پہنچے؟"

"میں اب اجازت چاہتا ہوں۔۔۔"

دونوں زمیندار کھڑے ہو گئے اور سوباڈسکی نے پھر لیوین کو اس پر نظر ڈالنے کی ماہرانہ مہارت سے روک دیا جو اس کے ذہن کے کھلے خانوں کے پرے تھا اور وہ اپنے مہمانوں کو رخصت کرنے چلا گیا۔

۷

اس شام کو خواتین کے ساتھ لیوین کو بڑی ہی اکتاہٹ ہوئی۔ اسے پہلے سے کہیں زیادہ یہ خیال پریشان کر رہا تھا کہ اسے اب اپنی کھیتی باڑی سے بے اطمینانی کا جو احساس ہونے لگا تھا وہ کسی طرح بھی صرف اسی کی مخصوص صورت حال نہ تھی بلکہ یہ عام حالات تھے جن میں روس کے معاملات پہنچ گئے تھے کہ مزدور کے ساتھ کوئی ایسا رشتہ قائم کر لینا محض خواب نہیں ہے جس کے تحت وہ اس طرح کام کریں جیسے اس کسان کے ہاں کام کرتے تھے جس سے وہ آدھے راستے پر ملا تھا۔ یہ ایک ایسا فریضہ ہے جسے انجام دینا ضروری ہے۔ اور اسے لگ رہا تھا کہ اس فریضے کو انجام دینا ممکن ہے اور اس کی کوشش کرنی چاہئے۔

خواتین سے رخصت ہو کر اور اگلے دن پورے دن رہنے کا وعدہ کر کے، تاکہ سب ساتھ گھوڑوں پر جا کر شاہی جنگلات میں وہ دلچسپ جگہ دیکھیں جہاں زمین کا یہ اتنا سا ٹکڑا چھوڑ کر نیچے چلا گیا تھا، لیوین سونے سے پہلے صاحب خانہ کے کمرے میں چلا گیا تاکہ مزدوروں کے سوال سے متعلق وہ کتابیں لے لے جن کی پیش کش سوباڈسکی نے اسے کی تھی۔ سوباڈسکی کا کمرہ بہت بڑا تھا جس میں دیواروں کے سہارے سہارے کتابوں کی الماریاں تھیں اور دو میزیں تھیں — ایک تو بہت بڑی سی لکھنے کی میز تھی جو بیچ کمرے میں رکھی تھی اور دوسری ایک گول میز تھی جس پر ریپ کے گرد مضامین کی نوکوں کی شکل میں مختلف زبانوں کے اخباروں اور رسالوں کے تازہ ترین شمارے رکھے تھے۔ لکھنے کی میز کے پاس دراڑوں کی ایک الماری تھی جس کی دراڑوں پر سرسری حروف میں مختلف قسم کی کتابوں کی نشاندہی کی ہوئی تھی۔

سوباڈسکی نے لیوین کے لئے کتابیں نکالیں اور رائٹنگ چیئر پر بیٹھ گیا۔

"کیا دیکھ رہے ہیں آپ؟" اس نے لیوین سے کہا جو گول میز کے پاس کھڑے ہو کر رسالوں پر سرسری نظر ڈال رہا تھا۔

"ارے ہاں، اس میں ایک بڑا دلچسپ مضمون ہے" سوباڈسکی نے اس رسالے کے بارے میں کہا جو لیوین ہاتھ میں پکڑے ہوئے تھا۔ "معلوم ہوا؟" اس نے خوش ہو کر خاصے جیالے انداز میں کہا "کہ پولینڈ کی تقسیم کا خاص قصوروار فریڈرک نہیں (27)۔ معلوم ہوا کہ۔۔۔"

اور اپنی خصوصی دماغیت کے ساتھ اس نے نظر ڈالنے میں جو نئی بحث، اہم اور دلچسپ روشنی کے بارے میں بیان کیا۔ اس کے بارے کہ لیوین اس وقت سب سے زیادہ دلچسپی سے متعلق خیالات میں الجھا ہوا تھا، اس نے صاحب خانہ کی باتیں سن کر اپنے آپ سے سوال کیا "اس کے دماغ میں کیا چیز چبھی ہوئی ہے؟ اور کیوں اسے پولینڈ کی تقسیم سے دلچسپی ہے؟" جب سوباڈسکی نے اپنی بات ختم کی تو لیوین نے بیزاری کی طور پر پوچھا "تو پھر؟" لیکن پھر بھی نہیں، دلچسپ بات صرف یہ تھی کہ "معلوم یہ ہوا ہے۔" اور سوباڈسکی نے نہیں سمجھا یا اور اس کے خیال میں سمجھانے کی ضرورت بھی نہ تھی کہ یہ چیز اس کے لئے کیوں دلچسپ تھی۔

"لیکن مجھے تو وہ خصوصی دلچسپ لگا" لیوین نے ابھر کر سانس لیتے ہوئے کہا "آدمی وہ ذہین ہے اور اس نے بہت سی باتیں پڑھ لیں۔"

"ارے ہاں بھی ایک چیز ملاحی کا پتا چھپا ہوا ہے، جیسے کہ وہ سمجھی ہیں" سوباڈسکی نے کہا۔

"جن کے آپ سرپرست ہیں۔"

"ہاں، بس یہ کہ میں سرپرست کی حیثیت سے نہیں، دوسری طرف سے جانتا ہوں" سوباڈسکی نے ہنستے ہوئے کہا۔

"میں جس چیز میں الجھا ہوا ہوں وہ یہ ہے کہ" لیوین نے کہا "دیکھتا ہے کہ ہمارا معاملہ بیس سفتوں طریقے سے کھیتی کا کام تو نہیں چل رہا ہے۔ چل رہی ہے تو ساجھے کاری والی کھیتی باڑی جیسے اس بالکل چپ رہنے والے محض کی، یا پھر بالکل سادہ قسم کی کھیتی باڑی۔ اس میں قصور کس کا ہے؟"

"ظاہر ہے کہ خود ہمارا اور پھر بھی بچ نہیں ہے کہ ہمارا کام چل نہیں رہا ہے۔ وہ سیلسکوک کا تو چل رہا ہے۔"

"کارخانہ۔۔۔"

"پھر بھی میری تو کسی طرح سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کو تعجب کس بات پر ہے؟ عام لوگ ارتقا کے 'ا
ارتقا کے بھی اور اخلاقی ارتقا کے بھی' سے نیچے پر کھڑے ہیں کہ بالکل کھا جا رہے کہ انہیں ہر اس چیز کی
حفاظت کرنی چاہئے جو ان کے لئے اجنبی ہو۔ یورپ میں مستقل طریقے سے کھیتی اس لئے چل رہی ہے کہ عام
لوگ تعلیم یافتہ ہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ ہمارے ہاں عام لوگوں کو تعلیم دینے کی ضرورت ہے — یہ ہے ساری
بات۔"

"لیکن عام لوگوں کو تعلیم کیسے دی جائے؟"

"عام لوگوں کو تعلیم دینے کے لئے تین چیزیں ضروری ہیں — اسکول' اسکول اور اسکول۔"

"لیکن آپ نے تو خود ہی کہا کہ عام لوگ مادی ارتقا کے نچلے زینے پر کھڑے ہیں۔ اس میں اسکول کس
طرح مدد کریں گے؟"

"پتہ ہے آپ کو' آپ کی باتیں سن کر مجھے ایک لطیفہ یاد آتا ہے کہ کسی مریض کو مشورہ دیا گیا" "آپ
طبیعی ورزشیں کیا کیجئے" — "وہ کیا ہوتی ہیں" "ہو سکے تو لکھ کر دیکھئے" — "دیکھا' حالت اور
خراب ہو گئی" "تو پھر تو اب بس خدا سے دعا کیجئے" — "وہ بھی کی — حالت اور خراب ہو گئی۔" "ویسے ہی آپ
کی اور ہماری بات ہے۔ میں کہتا ہوں' سیاسی معاشیات۔ آپ کہتے ہیں "حالت اور خراب ہو جائے گی" میں کہتا
ہوں' سوشلزم۔ آپ کہتے ہیں "حالت اور خراب ہو جائے گی۔" "اچھا تعلیم — "حالت اور خراب ہو جائے
گی۔"

"ہاں مگر اسکول کس طرح مدد کریں گے؟"

"لوگوں کے ذہن میں دوسری چیزوں کی مانگ پیدا کریں گے۔"

"اور یہی تو کبھی میری سمجھ میں نہیں آیا" لیوین نے جوش میں آکر اعتراض کیا۔ "اسکول کس طرح سے
لوگوں کی مادی حالت کو بہتر بنانے میں ان کی مدد کریں گے؟ آپ کہتے ہیں کہ اسکول اور تعلیم ان کے ذہن میں
دوسری چیزوں کی مانگ پیدا کریں گے۔ یہ اور بھی برا ہو گا اس لئے کہ ان مانگوں کو پورا کرنا ان کے بس میں نہیں
ہو گا۔ صحیح طریق اور بنیادی اصولوں کا علم کس طرح سے ان کی مادی حالت کو بہتر بنانے میں مدد کرے گا' یہ میں
کبھی نہیں سمجھ پایا۔ ابھی پرسوں میں ایک کسان عورت سے ملا جس کی گود میں بچہ تھا۔ میں نے پوچھا کہ لڑکا یا
لڑکی بیمار ہے۔ اس نے بتایا کہ وہ ایک سیانی کے پاس جا رہی ہے' بچے کو تشنج کے دورے پڑتے ہیں تو اسی کا علاج
کروانے جا رہی ہے۔ میں نے پوچھا' یہ سیانی کیسے علاج کرتی ہے۔ اس نے بتایا "وہ بچے کو انڈے سینے والی مرغی
کے ساتھ بٹھا دیتی ہے اور کچھ پڑھ دیتی ہے۔"

"لیجئے' آپ نے ضروری کہہ دیا تاکہ وہ تشنج کا علاج کروانے کے لئے مرغی کے ذریعے میں نہ لے جائے'
بس اسی لئے ضروری ہے۔" خوش ہو کر سویاژسکی نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"ارے نہیں" لیوین نے چڑ کر کہا۔ "یہ علاج میرے خیال میں ویسا ہی ہے جیسا اسکول کے ذریعے عام
لوگوں کا علاج کرنا۔ عام لوگ غریب ہیں اور جاہل ہیں۔ اس بات کو ہم ویسے ٹھیٹی طور پر دیکھتے ہیں جیسے وہ
عورت تشنج کو دیکھتی تھی اس لئے کہ بچہ تو چلا تا ہے۔ لیکن اس معیشت میں' عربی اور جہالت میں' اسکول کس
طرح مدد کریں گے یہ ویسے ہی سمجھ میں نہیں آتا جیسے یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ انڈے سینے والی مرغی تشنج میں مدد
کرتی ہے۔ مدد تو اس چیز میں کرنی چاہئے جس کی بدولت مدد غریب ہے۔"

"کم سے کم اس میں تو آپ اسپنسر (28) کے قریب پہنچ جاتے ہیں جو آپ کو اس قدر نہیں پسند ہے۔ وہ
بھی اسی طرح کہتا ہے کہ تعلیم و تہذیب زیادہ خوشحالی اور زندگی کی آسائش کا' جیسا کہ وہ کہتا ہے' زیادہ سامنے
رکھنے کا نتیجہ تو ہو سکتی ہے لیکن بڑھنے اور حساب کر لینے کا نہیں۔"

"مجھے بڑی خوشی ہے یا بڑا افسوس ہے کہ اسپنسر کے قریب پہنچ گیا لیکن یہ بات میں بہت دنوں سے جانتا
ہوں کہ اسکولوں سے مدد نہیں ملے گی' مدد ملے گی تو ایسے سماجی نظام سے جس کے تحت عام لوگ زیادہ مالدار
ہوں گے اور ان کے پاس فرصت کا وقت زیادہ ہو گا — تب اسکول بھی ہو جائیں گے۔"

"بہرحال یورپ میں تو اب اسکول جا رہی ہیں۔"

"اور کیا آپ خود اس معاملے میں اسپنسر سے متفق ہیں؟" لیوین نے پوچھا۔

لیکن سویاژسکی کی آنکھوں میں خوف کے انکار کی ایک جھلک نمودار ہوئی اور وہ مسکرا کر بولے:

"ہاں' تشنج کا یہ علاج تو اب ہے' کیا واقعی آپ نے اپنے کانوں سے سنا ہے؟"

لیوین نے دیکھا کہ اس شخص کی زندگی اور اس کے خیالات کے درمیان جو تعلق ہے اسے وہ کبھی نہیں
تلاش کر سکتا۔ صاف دکھائی دے رہا تھا کہ اس کے لئے اس بات سے کوئی فرق ہی نہیں پڑتا کہ اس کی بحث کا
نتیجہ کیا نکلتا ہے' اسے تو صرف بحث کے عمل کی ضرورت تھی۔ اور جب بحث کا عمل اسے کسی اندھی گلی میں
پہنچا دیتا تھا تو اسے اچھا نہیں لگتا تھا۔ یہ اس کو بالکل پسند نہیں تھا اور اس سے وہ احتراز کرتا تھا اور بات چیت کا
رخ کسی خوشگوار اور دل خوش کن چیز کی طرف موڑ دیتا تھا۔

اوھے راستے پر جس کسان سے ملاقات ہوئی تھی' اور آج کے دوسرے سارے تاثرات و خیالات کی
اصل بنیاد میں کیا تھا اس سے لے کر آج کے سارے تاثرات سے لیوین بڑے اجاڑ میں مبتلا تھا۔ یہ اس کھوکھلے
شعار سویاژسکی' اور صرف معاشرتی استعمال کے لئے اپنے پاس کچھ خیالات رکھتا تھا اور جس کی زندگی کی بنیاد کچھ
اور ہی تھی' جو لیوین کے لئے ایک راز سربستہ تھی' جبکہ بھیڑیے کے ساتھ' جس کا نام ہم غفیر ہے' وہ دائمی عامہ کی
رہنمائی ان خیالات کے ذریعے کرنا تھا جن سے خود زندگی میں پرہیز کرتا تھا' یہ فلسفہ' رسیدار حس کی دلیلیں
سب صحیح تھیں جو زندگی کی جڑوں پر نہ تھیں لیکن پورے بلبلے پر اور روس کے سب سے اونچے بلبلے پر اس کا فلسفہ
بالکل صحیح نہ تھا؟ خود اپنی سرگرمیوں سے اس کی بے اطمینانی اور اس سب کا علاج تلاش کر لینے کی مبہم سی
امید — ان سب چیزوں نے مل کر ایک اندرونی تشویش کا احساس اور اس امید کی شکل اختیار کر لی تھی کہ اس کا
حل قریب ہی ہے۔

اپنے کمرے میں جب وہ اکیلا رہ گیا تو کتابوں پر اور گھر سے پرلطف اور خوبصورت چیزوں کے پاؤں اور باغوں
کو غیر متوقع طور پر اوپر اچھالتا تھا' لیوین دیر تک نہیں سویا۔ لیوین کو سویاژسکی کی کسی ایک بات سے بھی کوئی
دلچسپی نہ رہ گئی تھی حالانکہ اس نے ذہانت کی بہت سی باتیں کی تھیں۔ لیکن زمیندار کے اندر کروٹ لیتے ہوئے
خوش کرنے کی ضرورت تھی۔ لیوین کو غیر ارادی طور پر اس کے سامنے الفاظ یاد آگئے اور اپنے تصور میں اس
نے اپنے جوابوں میں ترمیمیں کیں۔

"ہاں مجھے اس سے کہنا چاہئے تھا کہ آپ کہتے ہیں کہ ہماری زراعت اس لئے نہیں چلتی کہ کسان ان
تمام چیزوں سے محروم کر دیا گیا ہے جو حالت کو بہتر بنانے کے لئے کی جاتی ہیں' اور یہ کہ ان سدھاروں کو طاقت اور
اقتدار کے ذریعے رائج کرنا چاہئے۔ لیکن اگر ان سدھاروں کے بغیر زراعت بالکل ہی — چلتی تو آپ کی بات

ٹھیک ہوتی، لیکن وہ چلتی تو ہے بلکہ صرف وہیں چلتی ہے جہاں مزدور اپنی عادتوں کے مطابق کام کرتے ہیں جیسے اس آدھے راستے والے بڑھئے کے ہاں۔ زراعت سے آپ کی اور ہماری مشترکہ بے اطمینانی یہ ثابت کرتی ہے کہ قصور وار ہم ہیں یا مزدور۔ ہم بہت دنوں سے اپنے طور پر یورپی طریقے سے سوچ رہے ہیں اور مزدور قوت کی خصوصیتوں کے بارے میں سوچتے ہیں نہ سوال کرتے ہیں۔ تو آیئے یہ مان لیں کہ مزدور قوت کو 'مشاقی قوت' کو نہیں بلکہ روسی کسان کو اس کی جبلت سمیت تسلیم کریں اور اس کے مطابق زراعت کا بندوبست کریں۔ مجھے اس سے کہنا چاہئے تھا کہ "ذرا یہ تصور کیجئے کہ آپ کے ہاں بھی زراعت ویسے ہی چلنے لگے جیسے اس بڑھئے کے ہاں چلتی ہے اور آپ نے مزدور کو محنت کی کامیابی سے دلچسپی پیدا کرانے کا ذریعہ ڈھونڈ لیا اور آپ نے بھی سدھاروں کا وہ اوسط تلاش کر لیا جسے وہ تسلیم کرتے ہیں ۔۔۔ اور آپ دیکھیں کہ کمزور کے بغیر پہلے سے دوگنی مالی پیداوار حاصل کریں گے۔ تو آدھا آدھا بانٹ لیجئے' آدھا مزدور قوت کو دے دیجئے تو بھی وہ اضافہ جو آپ کے پاس رہ جائے گا دوگنا ہو گا اور مزدور قوت کو بھی زیادہ ملے گا۔ اور ایسا کرنے کے لئے زراعت کی سطح کو یا کسان اور مزدوروں کے لئے زراعت کی کامیابی میں دلچسپی پیدا کرنی ہوگی۔ یہ کیسے کیا جائے ۔۔۔ یہ تفصیلات کا سوال ہے لیکن اس میں شک نہیں کہ یہ ممکن ہے۔"

اس خیال سے یوین میں شدید ہیجان پیدا کر دیا۔ وہ آدھی رات تک نہیں سویا اور اس خیال کو عملی جامہ پہنانے کی تفصیلات پر غور کرتا رہا۔ دوسرے دن اس کا جانے کا ارادہ تھا لیکن اب اس نے فیصلہ کیا کہ وہ صبح سویرے ہی گھر چلا جائے گا۔ اس کے علاوہ سویا ژنسکی کی سالی اور اس کے گرجیان کی کاٹ نے بھی اس میں ایسا احساس پیدا کیا جو کسی بہت ہی بری حرکت پر شرمندگی اور پچھتاوے کا ساتھا۔ سب سے خاص بات یہ تھی کہ وہ تاخیر کئے بغیر گھر جانا چاہتا تھا ضروری تھا کہ وہ اپنے نئے منصوبے کو کسانوں کے سامنے پیش کرے' جاڑوں کے لئے بوائی سے پہلے' تاکہ اس کی بوائی نئی بنیادوں ہی پر کی جائے۔ اس نے پہلے والی ساری کھیتی باڑی کو بالکل ہی بدل دینے کا فیصلہ کیا۔

29

یوین کے منصوبے کی تکمیل میں بہت سی مشکلیں پیش آئیں لیکن وہ جدوجہد کرتا رہا' جہاں تک اس سے ہو سکا اور اگر چہ وہ خاتمہ نہیں حاصل کر سکا جتنا چاہتا تھا پھر بھی اس نے اتنا حاصل کر لیا کہ وہ خود کو مزدور کے بغیر یقین کر سکتا تھا کہ یہ معاملہ اس لائق ہے کہ اس کے لئے محنت کی جائے۔ خاص مشکلوں میں ایک یہ تھی کہ کھیتی باڑی کا کام چل رہا تھا اور ساری چیزوں کو روک دینا اور سب کچھ نئے سرے سے شروع کرنا ناممکن تھا۔ مشین کو چلتے ہی میں بالکل ٹکوں کر پوری طرح سے ٹھیک ٹھاک کرنا ضروری تھا۔

جس شام کو وہ گھر پہنچا ہی شام کو جب اس نے مزدور کو اپنے منصوبوں سے مطلع کیا تو مزدور نے اس کی بات کے اس حصے کو ظاہر بظاہر طمانیت اور خوشی کے ساتھ خاموشی سے یہ غایت ہوتا تھا کہ لب تک ہو گیا تھا اور سب بیکار اور غیر فائدہ بخش تھا۔ مزدور نے کہا کہ وہ تو بہت دنوں سے یہ کہہ رہا تھا لیکن اس کی بات کوئی سننا ہی نہ چاہتا تھا جہاں تک یوین کی پیش کردہ تجویز کا ۔۔۔ زراعت کے سارے شعبوں میں مزدوروں کے ساتھ حصہ داروں کی طرح شریک ہونے کا ۔۔۔ تعلق تھا تو مزدور نے اس پر بس بڑی بیدلی ظاہر کی اور کوئی قطعی رائے نہیں دی اور نہ ہی اس نے کالے گیسوں کے قطعوں کے باقی حصے کو کل ہی اٹھانے کی اور دوبارہ بنائی کے لئے آدمی بھیجنے کی بات شروع کر دی۔ چنانچہ یوین نے محسوس کیا کہ ابھی منصوبے کے اس حصے کی بات کرنے کا وقت نہیں ہے۔

اس کے بارے میں کسانوں سے بات کرنے اور انہیں نئی شرطوں پر رضامند کرنے کی بھی اسے اسی خاص مشکل کا سامنا کرنا پڑا کہ وہ سب روز مرہ کے رواں کاموں میں اتنے مصروف تھے کہ انہیں تنظیم کے فائدے اور نقصان کے بارے میں سوچنے کی صلاحیت ہی نہ تھی۔

ایسا لگا کہ ایک بھولے بھالے کسان' سویٹی کے نگراں ایوان نے یوین کی تجویز کو پوری طرح سے سمجھا۔۔۔ کہ وہ اپنے بال بچوں سمیت فائدہ بخش سویٹی باڑے کا حصہ دار بن جائے۔ اور اسے اس بندوبست سے پوری طرح ہمدردی ہو گئی۔ لیکن جب یوین اس طرف اشارہ کرتا کہ تاکہ فائدہ مستقبل میں ہو گا تو ایوان کے چہرے سے تشویش اور الجھن ظاہر ہونے لگتا کہ وہ پوری بات سن ہی نہیں سکتا اور وہ اپنے لئے کوئی نہ کوئی مفہوم نکالتا جس میں دیر نہیں کی جا سکتی تھی' یا تو دن کے بارے سے سوکھی گھاس بنانے کے لئے میلی سویٹیوں کے لئے پانی اٹھا چلنے لگتا یا گوبر گھسانے لگتا۔

دوسری مشکل یہ تھی کہ کسانوں کی اس بے اعتباری کو کسی طرح دور ہی نہ کیا جا سکتا تھا کہ رینٹ دار کا اصل مقصد کچھ اور بھی ہو سکتا ہے سوائے اس کے کہ جتنا بھی ہو سکے انہیں نچوڑا جائے۔ انہیں یقین تھا کہ یوین کا اصل مقصد (جیسا کہ وہ ان سے کچھ بھی کہے) ہمیشہ وہی رہے گا جو وہ ان سے نہیں کہے گا۔ اور خود کسان بھی اپنی رائے دیتے وقت باتیں تو بہت کرتے تھے لیکن وہ ہر گز نہ کہتے تھے جو ان کا اصل مقصد تھا۔ اس کے علاوہ (یوین محسوس کرتا تھا کہ چرچرا رینٹ دار لفظ ہی کہتا تھا) معاہدہ چاہے کچھ بھی ہو کسانوں کی پہل اور ناقابل تغیر شرارہ داہتی تھی کہ انہیں کھیتی باڑی کے کوئی بھی نئے طریقے اپنانے اور نیا سادہ سامان استعمال کرنے پر مجبور نہ کیا جائے۔ وہ یہ بات مانتے تھے کہ نئے ہل زیادہ اچھی نالی کرتے تھے' کہ سخی کو توڑنے اور باریک خالی کرنے والی چھالیاں اچھی طرح کام کرتی ہیں لیکن وہ ہمیشہ اور ہمیں بھروسہ لیتے تھے کہ ان دونوں کو استعمال کرنا کیوں ممکن نہیں ہے۔ اور اگر چہ وہ یقین تھا کہ زراعت کی سطح کو بلند رکھنا ضروری ہے پھر بھی بہتر سارا سامان کے استعمال سے انکار کرنے پر وہ افسوس ہوتا تھا اس لئے کہ ان کے فوائد اس قدر صریحی تھے۔ ان ساری مشکلوں کے باوجود وہ اپنی بات پر اڑا رہا اور خزاں تک میں کام آگے بڑھنے لگا کم سے کم اسے یہی لگا

شروع میں یوین نے سوچا کہ ساری کھیتی باڑی جیسی تھی ویسی ہی کسانوں' مزدوروں اور کنٹریکٹر کو بھی شرکت داری کی شرطوں پر دے دے لیکن بہت جلد اسے یقین ہو گیا کہ یہ نہیں ہو سکتا اور اس نے کھیتی باڑی کو مختلف حصوں میں بانٹ دیا۔ سویٹی باڑا' باغ' سبزیوں کے کھیت' گھاس کے میدان' کھیت کی فصلوں میں بانٹ دیئے گئے اور وہ الگ قطعے رہے۔ یوین کو یہ لگا کہ سویٹی کے نگراں بھولے ایوان نے معاملے کو سب سے زیادہ اچھی طرح سمجھا ہے۔ اس نے زیادہ تر اپنے بال بچوں کے ساتھ ایک آرٹل بنا لیا اور سویٹی باڑے کا حصہ دار بن گیا۔ سود پر واقع کھیت آٹھ سال سے پڑی پڑا تھا اسے محمد اریخی لیدور بردونوف کی مدد سے کسانوں کے چھ خاندانوں نے نئی مشترکہ شرطوں پر لے لیا اور کسان شوراییف نے انہیں شرطوں پر سبزیوں کے سارے کھیت لے لئے۔ باقی سب ابھی پرانے ہی حال پر رہا لیکن یہ تین قطعے بندوبست کی بنا سے اور یوین ان میں پوری طرح مصروف ہو گیا۔

یہ توقع تھا کہ سویٹی باڑے میں ابھی تک کام میں پہلے سے بہتری نہیں آئی تھی اور ایوان نے اس بات کی سخت مخالفت کی کہ گوشالے کو گرم رکھا جائے اور کریم سے مکھن نکالا جائے۔ وہ اس بات پر زور دیتا تھا کہ محض

میں رکھنے سے گائیں چار گنا کھاتی ہیں اور کھلی کرم سے نکالا ہوا کھس زیادہ زود ہضم ہوتا ہے اور اس نے پرانے طریقے کے مطابق تنخواہ کا مطالبہ کیا اور اس نے اس بات سے کوئی دلچسپی نہیں ظاہر کی کہ اسے جو رقم ملنی تھی وہ تنخواہ نہیں تھی بلکہ منافع میں جو اس کا حصہ ہوگا اس میں سے اسے پیشگی مل رہی تھی۔

یہ سچ تھا کہ ٹھوڈر ریزنوف کی کمپنی نے پہلی سے پہلے اپنی زمین کو زرخیز نہیں بنایا تھا جیسا کہ ملے ہوا تھا' اور اس کے بجائے میں یہ کہا کہ وقت کم تھا۔ یہ بھی سچ تھا کہ اس کمپنی کے کسانوں نے یہ شرط مان تو لی تھی کہ یہ کام فی میدان پر کریں گے لیکن وہ اس زمین کو مشترکہ نہیں بلکہ نجی ملکیت کہتے تھے اور اس کا عمل کے کسانوں اور ٹھوڈر ریزنوف نے کئی بار بحثوں سے یہ کہا کہ "آپ تو زمین کے لئے مقدمہ لڑ لیتے تو آپ کو بھی سکون ہو جاتا اور ہم پر بھی بوجھ نہ ہوتا۔" اس کے علاوہ ان کسانوں نے اس زمین پر نیا سوئیٹی باڑا اور کھتا بنانے کا جو معاہدہ کیا تھا اسے طرح طرح کے بہانے کر کے جاڑے تک ٹالتے رہے۔

یہ بھی سچ تھا کہ شوابسف نے جو جریبیں کے حصے لئے تھے وہ ان کے چھوٹے چھوٹے قطعے کسانوں کو لگان پر دینا چاہتا تھا۔ اس کو جن شرطوں پر زمین دی گئی تھی انہیں وہ بظاہر بالکل ہی نظر انداز کرتا تھا کہ جہاں جو چاہے کاشت کرتا تھا

یہ بھی سچ تھا کہ انگریزی کسانوں کے ساتھ باتیں کرتے اور انہیں اس بندوبست کے سارے فائدے سمجھاتے وقت یہ محسوس کرتا تھا کہ ایسے وقت کسان صرف اس کی آواز سنتے رہتے ہیں اور اچھی طرح جانتے ہوتے ہیں کہ وہ جو کچھ کہہ رہا ہے اس کو وہ خود اپنے ہی لئے کہہ رہے ہیں گے۔ یہ بات لیوین خاص طور سے اس وقت محسوس کرتا تھا جب وہ سب سے کھلے دماغ کسان ریزنوف سے بات کرتا اور ریزنوف کی آنکھوں میں ایسا کھیل جیسا لیوین سے اپنی ہی کسی کو بھی سمجھتا اور اس حکم عدولی کو بھی کہ اگر کوئی دھوکا کھائے گا بھی تو وہ محض ریزنوف تو نہیں ہوگا۔

لیکن اس سب کے باوجود لیوین کو یہ تھا کہ کام چل پڑا اور یہ کہ اگر وہ محنت کے ساتھ حساب رکھے اور اپنی بات پر قائم رہے تو دوسرے لوگوں پر اس طرح کے بندوبست کے فوائد ثابت کرے گا اور تب کام اپنے آپ ہی چلنے لگے گا۔

اس کام اور اس کے ساتھ اس باغی کھیتی باڑی میں جو لیوین کے ہاتھ میں رہ گئی تھی اور پھر گھر پر اپنی کتاب پر کام کرنے میں ساری گرمیاں لیوین انا مصروف رہا کہ وہ شکار پر بھی تقریباً نہیں گیا۔ اگست کے آخر میں اسے اچانک فکر ہوئی کہ اسے ایک ملازم سے کہہ کر بندوقیں واپس بلوا لینا چاہئے معلوم ہوا کہ وہ لوگ ماسکو چلے گئے۔ اس نے محسوس کیا کہ وارنکا اور اس کا بچہ روسا کے خط کا جواب نہ دے کر اپنی بداخلاقی سے جس کے بارے میں وہ شرم سے سرخ ہو سکتا تھا' اس نے اپنی کتابیں جلا ڈالی ہیں اور اب وہ بھی ان کے ہاں نہ جا سکے گا۔ اس نے محسوس کیا کہ وہ بالکل اسی طرح ناپسندیدہ سوئیٹوسلاوسکی میاں بیوی کے ساتھ بھی کیا تھا لیکن وہ ان کے ہاں بھی کبھی نہیں جا سکے گا۔ اب اس کے لئے سب برابر تھا۔ اپنی کھیتی باڑی کے نئے بندوبست میں وہ اس قدر مصروف تھا جس قدر اب تک کسی چیز میں نہ ہوا تھا۔ اس نے ان کتابوں کو پڑھا جو اسے سوئیٹوسلاوسکی نے دی تھیں اور جو کتابیں اس کے پاس پہلے تھیں ان کے لئے آرڈر دے دیا کہ اس نے اس موضوع پر بیاسی سماجیاتی اور سوشلسٹ کتابیں پڑھیں اور جیسی کہ اسے توقع تھی اسے کوئی ایسی چیز نہیں ملی جو اس معاملے سے تعلق رکھتی ہو جسے اس نے ہاتھ میں لیا تھا۔ سماجی سماجیاتی کتابوں میں 'مثالی' کے ہاں اس نے بڑے شوق کے

ساتھ سب سے پہلے پڑھا تھا اور اسے یہ امید تھی کہ کسی بھی لمحے اسے ان سوالوں کے حل مل جائیں گے جن میں وہ الجھا ہوا تھا۔ اسے یورپی زراعت کی حالت سے اتنے کچے ہوئے قوانین ملے لیکن یہ کسی طرح اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ ان قوانین کو 'جنہیں روس پر عائد نہیں کیا جا سکتا' عام اور آفاقی کیوں ہونا چاہئے۔ یہی چیز اس نے سوشلسٹ کتابوں میں بھی دیکھی جو یا تو بیدار اور عقل قیاس آرائیاں تھیں لیکن ان کا اطلاق کسی طرح۔ کیا جا سکتا تھا حالانکہ اسے اپنی طالب علمی کے زمانے میں وہ بڑی دلکش معلوم ہوتی تھیں' یا پھر معاملے کی اس حالت کی بھونڈی اور بیہودہ نکاری کی کوشش تھی جس میں یورپ پہنچ گیا تھا اور جس میں اور روس کے زراعتی معاملے میں کوئی بھی چیز مشترک نہ تھی۔ سیاسی معیشت کہتی تھی کہ جن قوانین کے مطابق یورپ کی دولت نے ترقی کی تھی اور ترقی کر رہی تھی ان کا جابرانہ اور آفاقی اور ناقابل شک و شبہ تھا۔ سوشلسٹ تعلیمات کا کہنا تھا کہ ان قوانین کے مطابق ارتقا کی طرف لے جاتا ہے۔ اور دونوں میں سے کوئی اس بات کا جواب دینا تو کیا اس کی طرف اشارہ تک نہ کرتی تھیں کہ لیوین اور سارے روسی کسان اور مالکان اپنے کروڑوں ایکڑوں اور بے شمار دستیاب زمین کو کس طرح استعمال کریں کہ وہ عام بہبود کی خاطر زیادہ سے زیادہ بار آور ہوں۔

ایک بار جب اس نے اس معاملے کو ہاتھ میں لے لیا تو اس نے انتہائی ذمہ داری کے ساتھ وہ تمام چیزیں پڑھ ڈالیں جن کا تعلق اس کے موضوع سے تھا اور اس نے یہ ارادہ کیا کہ خزاں میں پرنس جا کر اس معاملے کا جو مطالعہ وہیں اصلی جگہ پر کرے گا تاکہ اس کے ساتھ اس معاملے میں بھی بھروسی نہ ہو۔ اگرچہ مختلف سوالوں کے سلسلے میں ہو چکا تھا۔ اگرچہ ہوا کہ جیسے وہ اپنے ہم کلام کے خیالات سمجھنے لگا اور اپنے خیالات پیش کرنے لگا ویسے ہی ایک اس سے کہا جاتا "اور کاؤلمان" اور جوکس "اور ریڈ آ" اور تکلیل□(29)□ انہیں آپ نے نہیں پڑھا۔ پہلے آپ انہیں پڑھ لیجئے" انہوں نے اس سوال سے میرا حاصل بحث کی ہے۔"

اب وہ صاف دیکھ رہا تھا کہ کاؤلمان اور تکلیل اسے کچھ نہیں بتا سکتے۔ وہ جانتا تھا کہ وہ کیا چاہتا تھا۔ وہ دیکھ رہا تھا کہ روس کے پاس بہت اچھی زمین ہے اور بہترین کام کرنے والے ہیں اور بعض صورتوں میں' جیسے اس کسان کے ہاں جس سے وہ گوبھے راستے پر ملا تھا' کام کرنے والے اور زمین بہت پیدا کرتے تھے' لیکن زیادہ تر صورتوں میں' جب یورپی طریقے سے سرمایہ لگایا جاتا ہے تو وہ کم پیدا کرتے ہیں' اور یہ کہ اب صرف اس وجہ سے ہوتا ہے کہ کام کرنے والے اس اپنے ہی مخصوص طریقے سے کام کرنا چاہتے ہیں اور اچھی طرح کام کرتے ہیں' اور یہ مزاحمت اتفاقی نہیں بلکہ مستقل ہے اور اس کی بنیاد عام لوگوں کی روح میں ہے۔ اس نے سوچا کہ روسی عام لوگوں کے میدان پر کام تھا کہ وہ بندوبست غیر مقبوضہ وسعت زمین پر شعوری طور سے آباد ہوں اور اسے کام میں لائیں۔ جب تک کوئی غیر مقبوضہ زمین رہی تب تک انہوں نے اپنے طریقے اپنائے رکھے جو اس کے لئے ضروری تھے اور یہ کہ یہ طریقے اتنے برے نہیں ہیں جتنا انہیں عام طور سے بیان کیا جاتا ہے۔ اور اس بات کو وہ نظری طور پر کتاب میں اور عملی طور پر اپنی کھیتی باڑی میں ثابت کرنا چاہتا تھا۔

30

جنوری کے آخر تک میں اس زمین پر جو آرٹل کو دی گئی تھی سوئیٹی باڑا بنانے کے لئے لکڑی ڈھو کر پہنچا دی گئی اور گایوں سے حاصل ہونے والا کھس بیچ دیا گیا اور منافع حصہ رسدی تقسیم کر دیا گیا۔ کھیتی باڑی کے عمل میں کام بہت ہی اچھا چل رہا تھا یا کم سے کم لیوین کو یہی لگ رہا تھا۔ اس کے وسیلے کو نظری طور پر سارے معاملے

کی وضاحت کی جائے اور تضحیف کو ختم کیا جائے' نولیوں کے خوابوں کے مطابق نہ صرف یہ کہ سیاسی معاشیات میں ایک انقلاب برپا کردے گی بلکہ اس سائنس کو بالکل ہی تبدیل کردے گی اور ایک نئی سائنس' جس سے عام لوگوں کے تعلق کی سائنس کی ابتدا کرے گی' بس یہ کرنا تھا کہ وہ پردیس جا کر ساری چیزوں کا بہ موقع مطالعہ کرے کہ وہاں اس سمت میں کیا کیا گیا ہے اور اس بات کے قائل کن خوبیوں تلاش کرے کہ وہاں جو کچھ کیا گیا ہے وہ سب وہ نہیں ہے جس کی ضرورت ہے۔ لیوین صرف یہ انتظار کر رہا تھا کہ گیسوں پہنچا دیا جائے تاکہ وہ رقم حاصل کرلے اور پردیس چلا جائے۔ لیکن بارش شروع ہو گئی جس کی وجہ سے اناج اور آلو ابھی تک کھیت میں تھا اسے اٹھانے کی مہلت ہی۔ ملی تھی۔ سارا کام رک گیا مگر گیسوں کا پہنچنا بھی بند ہو گیا راستوں پر ناگزار کیچڑ تھی۔ دو پگڈنڈیاں ہاڈھ میں بہہ گئیں اور موسم روز بروز خراب ہوتا گیا۔

۳۰ ستمبر کو صبح ہی سے سورج نکل آیا اور اگلے موسم کی امید کرکے لیوین نے فیصلہ کن اقدام میں سفر روانہ ہونے کی تیاریاں کرنے لگا۔ اس نے گیسوں کو بوروں میں بھرنے کا حکم دیا' انتظار کو رقم ادا کرنے کے لئے سوداگر کے پاس بھیجا اور خود کھیتی باڑی کے کاموں میں لگ گیا تاکہ سفر جانے سے پہلے آخری بندوبست کردے۔

سرمائی سارے کام ختم کرکے اور بارش کی تڑپیوں سے تر' جو اس کے چہرے کے جیکٹ کے پیچھے بھی گھروں پر ہتھیں تو کبھی اس کی کرانچوں کی گیلس کے اوپر' لیکن اس کی انتہائی خوش و فرحم اور جیالی حالت میں لیوین شام کو گھر واپس آیا۔ شام کے قریب خراب موسم ہوتر ہو گیا۔ پیڑی دار برف پوری تڑتڑاہٹ اور کالوں اور سرکو تھپتھپاتی ہوئی گھوڑی پر اڑتے دوروں میں پڑ رہی تھی کہ وہ آزمی آزمی چل رہی تھی لیکن کشتوپ پہنے لیوین تڑے میں تھا اور اپنے چاروں طرف گدلی بالیوں کو دیکھتا ہوا پہیوں کے ساتھ بھاگ رہی تھیں۔ کبھی کبھی ہر نگی نسلی سے تعلق اولی بوندوں کو کبھی پتی کے کٹتے پر پڑی ہوئی کسی برف کو جو ابھی تک پگھلی نہ تھی' کبھی انور و بیلی اور دیہاتیوں کو جو ایک لگے ہو جانے والے بیڑے کے چاروں طرف ایک موٹی پرت کی شکل میں جا جمع ہو گئی تھیں۔ اور گرد کی عظمت کی اور کبھی کے بارے میں لیوین کو خاص طور سے بتایا تھا۔ وہ اس سے ہو رہا تھا۔ دور کے گاؤں میں اس نے کسانوں کے ساتھ جو بات چیت کی تھی اس سے صاف ہو رہا تھا کہ وہ اپنے نئے رفتوں کے عادی ہونے لگے تھے۔ ایک بوڑھے مد ستگار کے ہاں وہ کپڑے تبدیل کرنے کے لئے چلا گیا تھا' بظاہر اس نے لیوین کے منصوبے کی تائید کی اور طور سے بالکل کی کہ وہ سوسائٹی خریدنے کے لئے شرکت داری میں شامل ہو جائے گا۔

لیوین سوچ رہا تھا' اس میں یہ ضرورت ہے کہ مستقل ہی کے ساتھ اپنے نصب العین کی طرف بڑھتا رہوں تو میں سوچتا ہوں وہ حاصل کرلوں گا اور یہ اس لائق ہے کہ اس کے لئے کام اور محنت کی جائے۔ یہ معاملہ میرا ذاتی نہیں ہے بلکہ یہاں عام سو[illegible] ساری رعایت کو اور خاص کر سارے عام لوگوں کی حالت کو بالکل بدل دینا چاہئے۔ مصنفی کی جائے۔ عام دولت اور عنایت عطا کی جائے۔ اتفاق رائے اور مساوات کا تعلق محض۔ انقلاب لیکن خواہ کے لیکن روسی انقلاب' شروع میں ہمارے اوپر کے چھوٹے سے طبقے پر گھومتا ہوا ہمارے دیہاتیوں میں سارے دیہاتیوں کے لئے کہ انصاف پسند خاں کبھی بے ثمر ہوئی نہیں ہوا[illegible] ہے کہ اس سے لئے کام لیا جائے۔ اور اس بات سے کچھ بھی ثابت نہیں ہوتا[illegible] میں لیوین کا ہے' اسی کا جہاں ناچ میں سیاہ بالی بادہ کر گیا تھا (30) اور جسے ثمر یا سلسلے بطلہ[illegible] اپنی نظر میں اتنا کامل رحم اور حقیر ہے۔ مجھے یقین ہے کہ فرسٹکن (30) نے اپنے بارے میں سب کچھ[illegible] کے بعد خود کو اتنا ہی حقیر محسوس کیا ہوگا اور اسی طرح اپنے اوپر بھروسا نہ کیا ہوگا۔ اس سے کچھ نہیں ہوگا۔ اور اس کے پاس خالی اپنی اکانیا نیکا کیلوداری ہوں گی جس کو وہ اپنے منصوبوں کا راز دار بنا رہا ہوگا۔"

یہی سب سوچتے ہوئے لیوین اندر جا کر ہونے کے بعد گھر پہنچا۔

انتظار' جو سوداگر کے پاس گیا تھا' واپس آیا اور اپنے ساتھ گیسوں کی رقم کا ایک حصہ لے آیا۔ بوڑھے خدمتگار کے ساتھ مصاحبہ ہو گیا تھا اور راستے میں انتظار کو معلوم ہوا تھا کہ ہر جگہ اناج کھیتوں ہی میں کٹ رہا تھا اس لئے ابھی تک اس کے ہوا ایک سو ساٹھ گٹھے نہیں کٹے تھے وہ اس نقصان کے مقابلے میں کچھ نہیں تھے جو سوسوں کو اٹھانا پڑ رہا تھا۔

کھانے کے بعد لیوین اپنی عادت کے مطابق کتاب لے کر آرام کرسی پر بیٹھ گیا اور پڑھتے پڑھتے اپنی کتاب کے سلسلے میں اپنے آئندہ سفر کے بارے میں سوچنے لگا۔ آج اپنے کام کی ساری اہمیت کو وہ واضح طور سے سمجھ گیا اور اس کے ذہن میں اپنے آپ ہی پورے پورے سلسلے آنے لگے جو اس کے خیالات کے جوہر کا اظہار کرتے تھے۔ اس نے سوچا "اسے لکھنا چاہئے۔ اس کو ضرور ایک مختصر سا مقدمہ ہونا چاہئے جس میں پہلے میں ضروری سمجھتا تھا۔" وہ لکھنے کی میز کی طرف جانے کے لئے کھڑا ہو گیا اور اس کے پاؤں کے پاس لیٹی ہوئی لاسکا بھی کھڑی ہو کر اس کی طرف دیکھنے لگی جیسے پوچھ رہی ہو کہ کہاں جا رہا ہے۔ لیکن لکھنے کا وقت ہی۔ ملا اس نے کہ اگلے دن کے کام کی بات کرنے کے لئے کسانوں کے گھر اس آگئے اور لیوین بیٹھ دالان میں چلا گیا۔

چار بجے دیہاتی کل کے واسطے کام کا بندوبست کرکے اور ان سارے کسانوں سے ملنے کے بعد جس میں سے کام تھا' لیوین اپنے کمرے میں چلا گیا اور کام کرنے میں لگا سکا ہوئے پیچھے لیٹ گئی اور اگلا پاؤں پورا اپنی ٹانگ پر بیٹھ کر جماہیاں لینے لگیں۔

کچھ دیر لکھنے کے بعد لیوین نے اپنا مقدمہ غیر معمولی صاحبت کے ساتھ لکھا جس میں اس کے انتظار اور آخری ملاقات کا خیال آگیا۔ وہ کھڑا ہو کر کمرے میں ٹہلنے لگا۔

"کوئی ضرورت نہیں اور نے اکانیا نیکا" اکانیا نیکا نے اس سے کہا "آپ آپ گھر میں کس سے پہلے ہوئے ہیں اگر پانی کے پیشوں پر چلے جاتے انتظام تو سارا کر ہی لیا۔"

"میں نہ اکانیا نیکا کیلوداری ہوں جاری رہا ہوں۔ کام ختم کرنا ضروری ہے۔"

"ارے آپ کا کام بھی کیا ہے یہ واقعی آپ نے کسانوں کو کم بخش دیا ہے" لوگ تو یہی کہتے ہیں کہ تمہارے مالک کو اس کے بدلے میں زیادہ رقم عنایت حاصل ہوگی۔ اور اچھا ہوا اس پر ہے کہ آپ کو کسانوں کی فکر کرنے کی کیا ضرورت ہے؟"

"میں ان کی فکر نہیں کر رہا ہوں اپنے لئے کر رہا ہوں۔"

اکانیا نیکا کیلوداری کو سمجھنی بازی کے سلسلے میں لیوین کے منصوبوں کی ساری تفصیلات معلوم نہیں تھیں لیوین اکثر اپنے خیالات ان کی ساری باریکیوں سمیت ان کے سامنے پیش کرتا اور اس سے بات بھی کرتا اور ان کی وضاحتوں سے کبھی کبھی مستفید ہوتا لیکن اس وقت اس نے یہ سوچا کہ اس سے وہ بالکل کچھ نہ کہی سمجھیں۔

"اپنی روح کے بارے میں" یہ تو سبھی جانتے ہیں "ہر چیز سے پہلے سوچنا چاہئے" انہوں نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا "آپ پار ہیں ر[illegible] ذہنی کو دیکھئے" یہ تو اوپر والے کی مرضی کہ پڑھتے تھے۔ تھے لیکن موت ایسی پائی کہ

خدا ہر ایک کو دے" انہوں نے ایک خدمتگار کے بارے میں کہا جس کی موت کچھ ہی دن پہلے ہوئی تھی۔ "توبہ کر لی' ساری پاک رسمیں ادا کر لیں۔"

"میں اس کی بات نہیں کر رہا ہوں" اس نے کہا۔ "میں یہ کہہ رہا ہوں کہ میں اپنے فائدے کے لئے کر رہا ہوں۔ اگر کسان اچھی طرح کام کریں تو میرے لئے زیادہ فائدہ مند ہے۔"

"اوہ آپ چاہے کچھ کریں اگر وہ پکا کافر ہے تو سب کچھ لوندا حاصد جاتی رہے گا۔ اگر دین دھرم ہے تو کام کرے گا اور نہیں ہے تو آپ کچھ نہیں کر سکتے۔"

"واہ! آپ خود ہی کہتی ہیں کہ ایمان تو سوئیٹوں کی دیکھ بھال زیادہ اچھی کرے گا۔"

"میں تو ایک ہی بات کہتی ہوں" اگافیا میٹرینا کیلوونا نے کہا اور صاف ظاہر تھا کہ انہوں نے یہ بات اتفاقاً نہیں بلکہ خیالات کے پورے تسلسل اور تواتر کے ساتھ کہی "آپ کو شادی کر لینی چاہئے' بس یہ ہے ساری بات۔"

اسی بات کی طرف اگافیا میٹرینا کیلوونا کے دھیان دلانے پر' جس کے بارے میں وہ خود ہی ابھی ابھی سوچ رہا تھا' اسے پھر بھی لگا اور اپنی توہین کا احساس بھی ہوا۔ لیوین نے اپنی بھویں سکیڑیں اور ان کو جواب دینے کیلئے پھر سے اپنے کام میں لگ گیا اور خود اس میں اس سب کو بھلا دے لگا جو اس نے اس کام کی اہمیت کے بارے میں سوچا تھا۔ بس کبھی کبھار خاموشی میں اس کے کانوں میں اگافیا میٹرینا کیلوونا کی بھائی کی سلائیوں کی آواز آتی اور اسے وہ باتیں یاد آتیں جنہیں وہ یاد نہیں کرنا چاہتا تھا اور پھر بھویں سکیڑ لیتا۔

لوہے کھٹیوں کی آواز اور کیچڑ میں کسی گاڑی کے مشکل سے چلنے اور انجن کے کھانسنے کی دبی دبی آواز سنائی دی۔

"لیجئے' آپ کے ہاں مہمان آ گئے' اب جی نہیں اٹھائے گا" اگافیا میٹرینا کیلوونا نے کہا اور کھڑکی ہو کر دروازے کی طرف چلیں۔ لیکن لیوین لپک کر ان سے آگے نکل گیا۔ اب اس کا کام آگے نہیں بڑھ سکتا تھا اور اسے مہمان کے آنے کی خوشی ہوئی چاہے کوئی بھی ہو۔

31

وہ ڈکر جب وہ آدھی سیڑھیاں طے کر چکا تو لیوین نے ہال والان میں کھانسنے کی جانی پہچانی آواز سنی۔ لیکن اس نے خود اپنے پاؤں کی چاپ میں یہ آواز صاف نہیں سنی تھی اور وہ امید کر رہا تھا کہ اس سے غلطی ہوئی ہو۔ پھر اس نے سر اور بالکل ڈیلا ڈیل دیکھا جس سے وہ اچھی طرح واقف تھا اور لگا کہ اب تو اپنے آپ کو دھوکا دینا ناممکن ہے۔ پھر بھی وہ امید کر رہا تھا کہ اس نے غلطی کی ہو اور یہ وہ راز فہ شخص ہو جو اپنا فر کوٹ اتار رہے تھے اور کھانس رہے تھے اس کے بھائی کونسٹائن نہیں تھے۔

لیوین اپنے بھائی سے محبت کرتا تھا لیکن ان کے ساتھ رہنا اس کے لئے ہمیشہ اذیت ناک ہوتا تھا۔ اور اب جبکہ وہ اپنے ذہن میں آئے ہوئے خیالات اور اگافیا میٹرینا کیلوونا کے دہرانے کے زیر اثر ایک خیر خواہ اور مہم سی حالت میں تھا' اس کے لئے اپنے بھائی سے یہ ملاقات خاص طور سے گراں گزری۔ وہ توقع کر رہا تھا کہ کوئی خوش باش صحت مند غیر شخص مہمان آیا ہوگا جو اس کے روحانی خیر خواہ یعنی کی طرف سے اس کی توجہ بٹا دے گا مگر اس کی بجائے اسے ملاقات کرنی پڑ رہی تھی اپنے بھائی سے جو اسے اچھی طرح سمجھتے تھے' جو اس کے اندرونی اور دلی خیالات کا اظہار کروا لیں گے اور اسے ساری بات کہہ دینے پر مجبور کر دیں گے۔ اور یہ اس کے لئے ناگوار تھا۔

ایسے شرمناک احساس پر خود اپنے اوپر غصہ کرتے ہوئے لیوین روڈ کر چیش والان میں گیا۔ جیسے ہی اس نے بھائی کو قریب سے دیکھا ویسے ہی ذاتی خوشی فہمی کے دور ہو جانے کا یہ جذبہ فوراً ہی غائب ہو گیا اور اس کی جگہ ترس نے لے لی۔ بھائی کونسٹائن اپنے دبلے پن اور بیماری کی وجہ سے پہلے ہی ایسے تھے کہ دیکھ کر ڈر لگتا تھا لیکن اب تو وہ اور بھی دبلے ہو گئے تھے' اور بھی زیادہ گھل گئے تھے۔ اب تو بس ایک ڈھانچہ رہ گیا تھا جس پر کھال چڑھی ہوئی تھی۔

وہ چیش والان میں کھڑے اپنی لمبی دبلی پتلی انگلیوں کو جھٹک رہے تھے اور اس پر سے نظر ہٹا رہے تھے اور بہت ہی عجیب قابل رحم انداز میں مسکرا رہے تھے۔ اس صلح جویانہ اور تابعدارانہ مسکراہٹ کو دیکھ کر لیوین کو لگا کہ اس کے گلے میں پھندا پڑ رہا ہے۔

"سو' میں آ گیا تمہارے پاس" کونسٹائن نے ہماری آواز میں' بھائی کے چہرے کو بغور تکتے ہوئے کہا۔ "چاہتا تو میں بہت دنوں سے تھا لیکن طبیعت بیشتر ہی خراب رہی۔ اب میں بہت ٹھیک ہو گیا ہوں" انہوں نے اپنی بڑی سی سوکھی دبلی انگلیوں سے داڑھی کو پیچھے ہٹاتے ہوئے کہا۔

"ہاں' ہاں" لیوین نے جواب دیا۔ اور جب اس نے ان کو پیار کرتے ہوئے ہونٹوں سے بھائی کے جسم کے سوکھے پن کو محسوس کیا اور ان کی بڑی بڑی عجیب طرح سے چمکتی ہوئی آنکھوں کو اور بھی قریب سے دیکھا تو اسے پہلے سے بھی زیادہ ڈر لگا۔

لیوین نے کئی پہلے پہلے بھائی کو لکھا تھا کہ گھر میں ہر چھوٹی سی جائیداد غیر منقسم شدہ رہی تھی اس کی فروخت سے انہیں ان کے حصے کا کوئی دو ہزار روبل مل سکتا ہے۔

کونسٹائن نے بتایا کہ اب وہ یہ رقم لے لیں اور خاص بات یہ تھی کہ اپنے 'شیانے میں رہنے' اپنی دھرتی کو چھوڑ کر ایسے زمانے کے سوداگروں کی طرح آنکھ سرگرمی کے لئے طاقت حاصل کرنے آئے ہیں۔ ان کے کندھے اب پہلے سے بھی زیادہ جھک گئے تھے اور ان کے لمبے قد پر اتنا دبلا پن' آدمی کو حیرت میں ڈال دیتا تھا مگر اس کے باوجود ان کی حرکات و سکنات حسب دستور تیز اور جھٹکے دار تھیں۔ لیوین انہیں اب پڑھنے لکھنے کے کمرے میں لے گیا۔

بھائی نے بڑی کوشش اور احتیاط کے ساتھ کپڑے بدلے' ہو پہلے کبھی نہ ہوتا تھا' اپنے سیدھے بالوں میں بہت ہی تھوڑے سے کنگھے کئے' انکھلی کی اور مسکراتے ہوئے اوپر آئے۔

وہ بہت ہی خوش اور مشتاقانہ مزاجی کیفیت میں تھے جیسے وہ بچپن میں اکثر ہوتے تھے اور لیوین کو اس کی یاد آئی تھی۔ انہوں نے سرگئی ایوانووچ کا ذکر کئے بغیر کسی تصفے کے کیا۔ اگافیا میٹرینا کیلوونا سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کچھ نجی سوال کیا اور پرانے خدمتگاروں کے بارے میں پوچھا۔ لیوین کی موت کی خبر سے ان پر اثر ہوا۔ ان کے چہرے سے خوف ظاہر ہونے لگا لیکن فوراً ہی وہ سنبھل گئے۔

"آخر وہ بوڑھے تو تھے ہی" انہوں نے کہا اور بات کا موضوع بدل دیا۔ "ہاں تو اب تمہارے پاس ہے۔ وہ جیسے رہوں گا اور پھر ماسکو چلا جاؤں گا۔ تمہیں پتہ ہے کہ میرا خلاف نے مجھے جگہ دینے کا وعدہ کیا ہے اور میں ملازمت کرنے لگوں گا۔ اب میں اپنی زندگی کو بالکل ہی دوسری طرح ڈھالوں گا" انہوں نے اپنی بات جاری

رکھی۔ "پتہ ہے تمہیں میں نے اس عورت سے یہاں چھڑائی۔"

"ماریا کولائیوا نا سے؟ کیسے؟ آخر کس لئے؟"

"ارے وہ گھٹیا عورت تھی' اس نے میرے ساتھ بہت سی ناگوار حرکتیں کیں۔" لیکن انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ یہ ناگوار حرکتیں کیا تھیں۔ وہ یہ نہیں بتا سکتے تھے کہ ماریا کولائیوا نا کو انہوں نے اس لئے چھڑایا تھا کہ وہ چائے بہت بھی بناتی تھیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ ان کی دیکھ بھال اس طرح کرتی تھیں جیسے تیمار کی کی جاتی ہے۔ "پھر یہ کہ میں ویسے بھی اپنی زندگی کو پوری طرح بدلنا چاہتا ہوں۔ ظاہر ہے کہ میں نے بہت سی بیوقوفیاں کیں جیسے کہ شمی کرتے ہیں' لیکن دولت اور حیثیت کی مجھے کوئی پروا نہیں' اس کی اہمیت سب سے کم ہے۔ صحت اچھی ہونی چاہئے اور صحت 'نہ' کا شکر ہے 'ٹھیک ہو گئی۔"

لیوین سنتا رہا اور سوچتا رہا لیکن کسی طرح نہ سوچ پایا کہ کیا کہے۔ سکولائی بھی یہی محسوس کر رہے تھے۔ انہوں نے لیوین سے اس کے معاملات کے بارے میں پوچھنا شروع کر دیا۔ لیوین کو اپنے بارے میں باتیں کرکے خوشی ہوئی اس سے کہ وہ بغیر کسی تصنع کے باتیں کر سکتا تھا۔ اس نے بھائی کو اپنے منصوبوں اور سرگرمیوں کے بارے میں بتایا۔

بھائی سن تو رہے تھے لیکن صاف ظاہر تھا کہ انہیں اس سے دلچسپی نہیں تھی۔

یہ دو انسان' ایک دوسرے سے اتنے قریب تھے اور اتنی محبت کرتے تھے کہ وہ ادنیٰ حرکت' آواز کا لہجہ دونوں کو اس سے زیادہ اور کیا بتا سکتا تھا جتنا لفظوں میں کہا جا سکتا تھا۔

اس وقت ان دونوں کے ذہن میں ایک ہی خیال تھا' سکولائی کی بیماری اور قریب تر آتی ہوئی موت۔ جس نے باقی سارے خیالات کو دبا رکھا تھا۔ لیکن دونوں میں سے کوئی بھی اس کی بات کرنے کی ہمت نہ کر سکتا تھا اور اس لئے وہ چاہے کچھ بھی بات کریں' چونکہ وہ اس کا انتظار نہیں کر رہے تھے جو ان کے دل میں تھا' سب جھوٹ ہی تھا۔ لیوین کبھی کسی دوسری بات سے خاموش نہ ہوا تھا جتنا اس سے کہ شام ختم ہو گئی اور سونے کے لئے جانے کا وقت ہو گیا۔ وہ کبھی کسی بھی باہری آواز یا سرکاری عہدیدار کی آمد پر اتنا غیر فطری اور بناوٹی نہیں ہوا تھا جتنا آج تھا اور اس غیر فطری پن کے علم اور اس پر پچھتاوے نے اسے اور بھی غیر فطری بنا دیا۔ اس کا جی چاہتا تھا کہ وہ اپنے قریب مرگ بھائی پر روئے لیکن اس کو اس کی باتیں سنانی ضروری تھیں اور اس بات کو جاری رکھنا پڑتا تھا کہ وہ کسی طرح زندگی بسر کریں گے۔

یہ نکتہ کہ میں سیاست تھی اور صرف ایک کمرہ گرم کیا جاتا تھا اس لئے لیوین نے بھائی کو اپنے ہی سونے کے کمرے میں لکڑی کی دیوار کی دوسری طرف منتقل کر لیا۔

بھائی رات کے اور سو نہیں پائے تھے لیکن وہ مریض کی طرح کروٹیں بدلتے اور کھانستے رہے اور جب کبھی اس کو بھی گلا صاف ہو جاتا وہ بڑبڑاتے۔ کبھی کبھی جب وہ ہماری ہماری سانسیں لیتے تو کتنے گھنٹے صاف میرے ذہن میں کبھی بھی جب بلغم گلے میں پھنس جاتا تو وہ جھنجلا کر کہتے [illegible] لیوین بستر پر تک نہیں سویا اور اسی کی طرف کان لگائے رہا۔ لیوین کو مختلف طرح کے خیالات ستا رہے تھے لیکن سارے خیالات کا سلسلہ ایک ہی بات پر ٹوٹتا تھا — موت۔

موت ہر چیز کا ناگزیر انجام' اس کو پہلی بار ناقابل مزاحمت قوت کے ساتھ نظر آیا۔ اور یہ موت' یہاں اس محبوب بھائی میں' جو سونے میں کراہ رہا تھا اور عادت کی بنا پر بغیر کسی امتیاز کے کبھی خدا کو آواز دیتا اور کبھی شیطان کو' اتنی دور نہیں تھی جتنی اسے ہونی چاہئے تھی۔ وہ خود اس کے اندر بھی تھی۔ اس کو وہ محسوس کر رہا تھا۔ آج نہیں تو کل' کل نہیں تو تیس سال بعد' کیا واقعی سب برابر نہیں ہے؟ اور یہ چیز کیا تھی یہ ناگزیر موت۔ یہ صرف یہی نہیں کہ وہ جانتا نہ تھا' صرف یہی نہیں کہ اس نے اس کے بارے میں کبھی سوچا نہ تھا بلکہ اس کے بارے میں وہ سوچ بھی نہ سکتا تھا' سوچنے کی ہمت بھی نہ کر سکتا تھا۔

"میں کام کر رہا ہوں' میں کچھ کرنا چاہتا ہوں اور میں یہ بھول ہی گیا کہ سب کچھ ختم ہو جاتا ہے' کہ موت بھی ہے۔"

وہ اندھیرے میں پلنگ پر بیٹھ گیا اور جھک کر اس نے اپنے ہاتھ گھٹنوں کے گرد باندھ لئے اور خیالات کے تانتے سے سانس روک کر سوچنے لگا۔ لیکن خیالات میں اس نے جتنا زیادہ تناؤ پیدا کیا' قابل یہ بات زیادہ واضح ہوتی گئی کہ یہ بالکل ایسا ہی ہے' کہ وہ زندگی میں ایک پھپھوندی حقیقت کو دیکھنا بھول ہی گیا تھا۔ یہ کہ موت آئے گی اور سب کچھ ختم ہو جائے گا' کہ کوئی چیز اس لائق بھی نہیں ہے کہ اسے شروع کیا جائے اور یہ کہ اس میں کسی طرح کی دھوکا دہی ممکن ہے۔ ہاں' یہ بہت بھیانک ہے' لیکن یہ ایسا ہی ہے۔

"ہاں' مگر ابھی تو میں زندہ ہوں' تو اب میں کیا کروں؟" اس نے اضطرابی ناامیدی سے کہا۔ اس نے موم بتی جلائی اور بڑی احتیاط کے ساتھ اٹھ کر آئینے کے پاس گیا اور اپنی صورت اور بالوں کو دیکھنے لگا۔ ہاں کنپٹیوں پر سفید بال تھے۔ اس نے اپنا منہ کھولا۔ نیچے والے دانت خراب ہونے لگے تھے۔ اس نے اپنے بھاری بازوؤں پر سے آستینیں چڑھائیں۔ ہاں' قوت تو بہت ہے۔ لیکن یہ ہو گا کہ بھائی اپنے عضلات کی پوری قوت سے سانس لے رہے ہیں ان کا جسم بھی محنت سے تھا۔ اور وہ جانتا تھا کہ پھیپھڑوں کی پوری قوت سے سانس لینے کے لئے وہ اس انتظار میں رہتے تھے کہ جیسے ہی لیوین کہیں اور دیکھے وہ [illegible] ایک دوسرے پر بھینچے بھینچے کر قہقہے لگائیں کہ [illegible] اور اب یہ [illegible] سوچ کر لیوین کو اپنی ہی موت پر ہنسی آ گئی۔ "اور اب یہ [illegible] میں' یہ بھی نہیں کہ میرے ساتھ کیا ہو گا اور کیوں۔"

"کیوں کیوں کیوں؟ اف محبت! یہ تم اور ہم اور [illegible] ہو تم [illegible]؟" بھائی [illegible]

"ہیں ہاں ہی' پتہ نہیں [illegible] آ رہی ہے۔"

"لیکن میں تو اچھی طرح سویا۔ اب مجھے پسینہ نہیں آ رہا ہے۔ دیکھو' [illegible] ہے؟"

لیوین نے چھو کر دیکھا اور لکڑی کی دیوار کی دوسری طرف جا [illegible] تکلف نہیں ہوا۔ یہ سوال اس کے ذہن میں [illegible] سوال پیدا ہو گیا [illegible] موت

"لیکن وہ تو [illegible] کیسے ان کی مدد کی جائے؟ میں اس سے کیا کہہ سکتا ہوں جس کے بارے میں [illegible] یہ بھی ہو سکتا ہے۔"

22

لیوین نے [illegible] کی طرف [illegible] کہ سب لوگ ضرورت سے زیادہ [illegible] باتیں

مانے اور خودداری کی وجہ سے اب تک پائیں محسوس کرنے لگتے ہیں تو بہت جلد ہی ان کا ضرورت سے زیادہ سطحی کرنا اور جھگڑالو ہو جانا ناقابل برداشت ہو جاتا ہے۔ اس نے محسوس کیا کہ یہی اس کے بھائی کے ساتھ بھی ہو گا۔ اور واقعی بھائی کولائی کی صلح جولی اور نیکی برداشت نہیں چلی۔ اگلی ہی صبح کولائی کے اور جنیوا نے اور اس سے الجھنے لگے اور اس کی سب سے دکھتی رگوں کو کریدنے لگے۔

لیوین سے خود کو قصوروار محسوس کیا اور وہ اسے درست نہیں کر سکا۔ وہ محسوس کر رہا تھا کہ اگر وہ دونوں فصیح سے کام لیں اور اس طرح بات کریں جیسے دل کھول کر بات کرنا کہا جاتا ہے یعنی بس وہی بات کریں جو وہ سوچتے اور محسوس کرتے ہیں تو وہ دونوں بس ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھتے اور کشتن تن کہتا "تم مرد ہے ہو" "تم مرد ہے ہو" اور کولائی نے صرف یہ جواب دیتا "میں جانتا ہوں کہ میں مرجاؤں گا کیوں میں مارتا ہوں مارتا ہوں" اور اس سے زیادہ انہوں نے کوئی بات نہ کی ہوتی جو طبیعت کی بات کرنا چاہتے۔ لیکن اس طرح وہ رہنا ناممکن ہو جاتا اس لئے لیوین وہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا جو اس سے ساری رہنمائی کرنے کی کوشش کی تھی اور کبھی نہ کر پایا تھا اور وہ اس کے مشاہدے کے مطابق بہت سے لوگ اسی طرح کرتے تھے اور جس کے بغیر زندہ رہنا ناممکن تھا۔ وہ کوشش کر رہا تھا کہ وہ سوچتا تھا اس کی بات نہ کرے اور برا بھلا محسوس کر رہا تھا کہ یہ بات جھوٹی تھی اور اس کے بھائی اسی بات کو پکڑ لیتے اور اس سے جھگڑا جاتے تھے۔

تیسرے دن کولائی نے اپنے بھائی سے کہا کہ وہ پھر سے اپنا منصوبہ بیان کرے اور نہ صرف یہ کہ اس نے اس پر اعتراضات کئے بلکہ سوچ سمجھ کر اس کو اور کمزور کرنا شروع کر دیا۔

"تم نے بس کسی اور کے ملیوں کو لے لیا لیکن اسے مسخ کر دیا اور اس کا اطلاق ناقابل اطلاق کرنا چاہتے ہو۔"

"لیکن میں تو تم سے کہہ رہا ہوں کہ ان میں کوئی بھی چیز مشترک نہیں ہے اور لوگ جائیداد کو 'سرمائے کو' وراثت کے روا رہنے کو نہیں تسلیم کرتے' لیکن میں اس اشتمال (32) کو رد کئے بغیر صرف محنت کو ناقابل تعطل بنانا چاہتا ہوں" (لیوین کو یہ بات بالکل ناپسند تھی کہ وہ ایسے الفاظ استعمال کرے لیکن جب سے وہ اپنی کتاب میں مصروف ہوا تھا تب سے جبراً ادای طور پر روز بروز زیادہ غیر روسی الفاظ استعمال کرنے لگا تھا)

"یہی تو بات ہے تم نے کسی اور کے ملیوں کو لے لیا اس میں سے وہ سب نکال دیا جو اس کی اصل قوت تھی اور تم نہیں کرنا چاہتے ہو کہ یہ تو کوئی چیز ہے" کولائی نے اپنی ناک کو غصے سے کھینچتے ہوئے کہا۔

"لیکن میرے خیال میں کوئی بھی چیز مشترک نہیں ہے۔"

"وہاں" غصے میں آنکھیں چمکاتے ہوئے اور طنزیہ انداز میں مسکراتے ہوئے کولائی نے کہا "وہاں کم سے کم کیسے کہا جائے 'تکلیدی' وکالش تو ہے 'صداقت ہے' تعین ہے۔ ہو سکتا ہے یہ بری نہ ہو۔ لیکن فرض کرو کہ یہ ہر وہ سی کو ناپسند (33) ہو نا ممکن ہو' یا یہ دوسرے یا ہم خاندان رہ جائے تو محنت منظم ہو جائے گی لیکن تمہارے ہاں وہ نہ بھی کہیں ہے۔"

"آخر آپ یہ گندگی کس لئے کر رہے ہیں' کیونکہ تو میں کبھی نہیں۔"

"لیکن میں تمہارے دیکھ رہا ہوں کہ یہ کل اور وقت لیکن معقول چیز ہے اور اس کا مستقبل ہے جیسے کہ اوئس صدی میں عیسائیت کا تھا۔"

"میں تو صرف یہ کہتا ہوں کہ مزدور قوت کو قدرتی تجارتی نقطہ نظر سے دیکھنا چاہئے' یعنی اس کا مطالعہ کرنا چاہئے' اس کے خواص کا اعتراف کرنا چاہئے اور۔"

"لیکن یہ بالکل بیکار ہے۔ یہ قوت اپنے ارتقا کے زینے کے مطابق خود ہی سرگرمی کی جانب بھی مثل تلاش کر لیتی ہے۔ ہر جگہ غلام تھے' اس کے بعد میٹیرس (34) اور ہمارے ہاں کسان کی تحلیل کرنے والی محنت ہے' کسان کا نظام ہے اور کچھ مزدوری کا نظام ہے۔ تو تم تلاش کیا کر رہے ہو؟"

لیوین ان آخری لفظوں پر 'چابک گرم ہو گیا اس لئے کہ اپنے دل کی گہرائی میں اسے اندیشہ تھا کہ یہ سچ تھا۔ سچ یہ تھا کہ وہ کمیونزم اور معین شکلوں کے درمیان توازن قائم کرنے کی کوشش کر رہا تھا اور یہ مشکل ہی ممکن تھا۔

اس نے گرم ہو کر جواب دیا "میں پیداوار مختلف طریقے سے کام کرنے کا ذریعہ تلاش کر رہا ہوں' اپنے لئے بھی اور مزدور کے لئے بھی۔ میں منظم کرنا چاہتا ہوں۔"

"منظم تم کچھ بھی نہیں کرنا چاہتے۔ بس یہ کہ جیسے تم نے ساری زندگی بسر کی ہے 'تم چاہتے ہو طبع زاد رہنا' یہ دکھانا کہ تم کسانوں کا فائدہ اٹھا نہیں رہے بلکہ ایک خیال کے تحت کر رہے ہو۔"

"اچھا تو آپ یوں سوچتے ہیں تو چھوڑ دیجئے!" لیوین نے کہا اور محسوس کیا کہ اس کے ماتھے کی رگیں اختیار پھڑک رہی ہیں۔

"تم میں یقین کبھی نہیں تھا اور اب بھی نہیں ہے' تم کو تو بس اپنی خود پسندی کو تسکین پہنچانا ہے۔"

"تو ٹھیک ہے ہمیشہ ایسا ہے' اب چھوڑ دیجئے میری جان!"

"چھوڑ ہی رہا ہوں ہمیشہ پہلے ہی چھوڑ دینا چاہئے تھا' جاؤ تم جہنم میں' اور مجھے صرف افسوس ہے کہ میں یہاں آیا۔"

جب کولیوین نے بھائی کو منانے کی پوری کوشش کی لیکن کولائی کچھ سننا ہی نہ چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ الگ ہو جانا ہی کہیں بہتر ہے اور کشتن تن دیکھ رہا تھا کہ اصل بات صرف یہ ہے کہ بھائی کے لئے رہنا ناقابل برداشت ہو گئی ہے۔

جب کشتن تن دوسری مرتبہ ان کے پاس آیا اور ظاہر داری کے لئے اس نے ان سے کہا کہ اگر اس نے کسی بھی طرح ان کی توہین کی ہو تو وہ اسے معاف کر دیں تب تک کولائی چلے جانے کی تیاری کر چکے تھے۔

"ارے واہ' کیا ایسی ہے!" کولائی نے کہا اور مسکرائے۔ "اگر تم یہ سمجھنا چاہتے ہو کہ تم ٹھیک تھے تو میں تم کو یہ طمانیت فراہم کر سکتا ہوں۔ تم ٹھیک تھے' لیکن میں بہرحال جا رہا ہوں۔"

روانگی سے بس ٹھیک پہلے کولائی نے اس کو پیار کیا اور اچانک بھائی کو ایک عجیب عقیدت کی سے دیکھتے ہوئے کہا:

"پھر بھی کونستیا جیسے بارے میں بہت برا بھلا سوچنا!" اور ان کی آواز بھرا گئی۔

صرف یہی الفاظ تھے جو خلوص کے ساتھ کہے گئے تھے۔ لیوین سمجھ گیا کہ اس الفاظ کی تہہ میں معلوم یہ تھا کہ "تم دیکھ رہے ہو اور جانتے ہو کہ میری حالت بری ہے اور ہو سکتا ہے اب ہم پھر کبھی نہ ملیں۔" لیوین یہ سمجھ گیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ اس نے ایک بار پھر بھائی کو پیار کیا لیکن وہ کچھ کہہ نہ سکا کیا ہی نہیں۔

بھائی کے جانے کے تیسرے دن خود یوں بھی واپس چلا گیا۔ ریلوے اسٹیشن پر اس کی ملاقات کیتھی کے چچیرے بھائی شیریا تنکی سے ہو گئی جسے لیویں کی بے انتہا اداسی پر بڑا تعجب ہوا۔

"تمہیں ہوا کیا ہے؟" شیریا تنکی نے اس سے پوچھا۔

"ارے کچھ نہیں، خوشی کی چیزیں دنیا میں بہت کم ہیں۔"

"تم کہاں ہیں؟ کسی پرائے دیس اور دیس جانے کی بجائے تم میرے ساتھ ہی چلو۔ پھر یکسیں کے کھیتوں میں۔"

"نہیں نہیں، ختم کرنا اب تو مرنے کا وقت ہے۔"

"وہ کیا بات ہوئی بھلا؟" شیریا تنکی نے ہنستے ہوئے کہا۔ "اور میں نے تو ابھی بس شروع کرنے کی تیاری کی ہے۔"

"ہاں، تھوڑے دن پہلے میں بھی یہی سوچتا تھا لیکن اب میں جانتا ہوں کہ جلد ہی مرنے والا ہوں۔"

لیویں نے وہی کہا تھا جو وہ کئی ہفتوں سے سوچتا رہا تھا۔ اسے ساری چیزوں میں صرف موت ہی اس سے قریب نظر آتی تھی۔ موت اس سے جو کام چاہتا تھا اس میں وہ اور زیادہ مصروف ہو گیا تھا۔ جب تک موت نہیں آتی تب تک کسی نہ کسی طرح زندگی تو کاٹنی ہی تھی۔ اس کے لئے ہر چیز پر اندھیرا چھا گیا تھا لیکن اسی اندھیرے ہی سے بیچ میں وہ محسوس کر رہا تھا کہ اس اندھیرے میں رہنمائی کرنے والا واحد سہارا اس کا کام تھا جسے اس نے ساری آخری قوت اکٹھا کر کے پکڑ لیا تھا اور پکڑے ہوئے تھا۔

حصہ چہارم

۱

کارسینن میاں بیوی ایک ہی گھر میں رہتے رہے، ہر روز وہ ملتے تھے لیکن ایک دوسرے کے لئے بالکل اجنبی ہو گئے تھے۔ الیکسی الکساندرووچ نے بیوی سے روز ملنے کا قاعدہ بنا لیا تھا تاکہ نوکروں کو قیاس آرائیاں کرنے کا موقع نہ ملے۔ لیکن گھر پر کھانا کھانے سے وہ گریز کرتے تھے۔ الیکسی الکساندرووچ کے گھر میں روشنی کبھی نہیں آتا تھا لیکن گھر سے باہر آنا اس سے ملتی نہیں اور شوہر اس بات کو جانتے تھے۔

صورت حال تینوں کے لئے اذیت ناک تھی اور اگر ان میں سے ہر ایک کو یہ توقع نہ ہوتی کہ یہ صورت حال بدل جائے گی اور یہ صرف ایک وقتی المناک مشکل ہے جو گزر جائے تو اسے برداشت کرنا کسی کے بھی بس میں نہ ہوتا۔ الیکسی الکساندرووچ یہ انتظار کر رہے تھے کہ یہ دن گزر جائے گا جیسے کہ ہر چیز گزر جاتی ہے اور سب لوگ اس کے بارے میں بھول جائیں گے اور ان کے نام کو نہ لگنا لگے گا۔ اس صورت حال کا ذمہ دار کارنامہ تھا اور انیس کے لئے یہ سب سے زیادہ اذیت ناک بھی تھی، وہ اسے اس لئے برداشت کر رہی تھیں کہ انہیں اس کا نہ صرف انتظار بلکہ یقین تھا کہ یہ سب بہت جلد ہی سمجھ جائے گا اور سب کچھ واضح ہو جائے گا۔ وہ یہ تو ہرگز نہ جانتی تھیں کہ اس مخمصے کو کون سی چیز سلجھائے گی لیکن انہیں پورا یقین تھا کہ یہ چیز اب جلد ہی نمودار ہونے والی ہے۔ وروشکی غیر ارادی طور پر ان کی تابعداری کر رہا تھا اور وہ بھی اپنے سے الگ اور آزاد کسی چیز کی توقع کر رہا تھا۔ لاشعوری طور پر اس ساری مشکل کو وروا دور کر دے گی۔

چھ ماہ دنوں میں وروشکی نے ایک بہت ہی بے کیف زندگی گزاری۔ اسے ایک بیرونی پرنس کے ساتھ تعینات کر دیا گیا جو پیٹرس برگ آئے ہوئے تھے۔ وروشکی کا فرض انہیں پیٹرس برگ کی قابل دید جگہیں دکھانا تھا۔ وروشکی خود بھی یہ چاہتا تھا اس کے علاوہ اسے طور کو عزت و احترام کے ساتھ لئے دیئے رہنے کا فن بھی آتا تھا اور اسے ایسی شخصیتوں سے ملنے باتیں کرنے کی عادت بھی تھی۔ اسی لئے پرنس سوموف کے ساتھ اس کی تعینات کیا گیا۔ لیکن اس کی ذمہ داریاں اسے بہت گراں معلوم ہوئیں۔ پرنس کوئی بھی ایسی چیز چھونا نہیں چاہتے تھے جس کے بارے میں دعوے سے ان سے سوا کیا جا سکتا ہو کہ روس میں یہ دیکھا ہے یا نہیں۔ اور پھر جہاں تک ہو سکے وہ خود روسی شہروں سے بھی لطف اندوز ہونا چاہتے تھے۔ ان دونوں دلچسپیوں میں ان کی رہنمائی کرنا وروشکی کا فرض تھا۔ صبح کو وہ قابل دید مقامات دیکھنے جاتے اور شام کو قومی تہواروں میں حصہ لیتے۔ پرنس کی صحت پر تھوں کے درمیان بھی میر معمولی طور پر اچھی تھی۔ وروشکی اور اپنے جسم کی اچھی دیکھ بھال کی بدولت وہ اچھی قوت رکھتے تھے کہ ان زیادتیوں کے باوجود جن سے نفرتوں میں کام لیتے تھے وہ دیر سے چلنے پھرنے بالیندی کھیرے کی طرح تر و تازہ رہتے تھے۔ پرنس نے بہت سیر و سفر کیا تھا اور انہوں نے یہ دریافت کیا تھا کہ لفظ

دراصل کے ورائع کی موجودہ سہولت کا ایک خاص فائدہ یہ تھا کہ قومی تقریبات دستیاب ہو گئی تھیں۔ وہ انہیں پا چکے تھے جہاں انہوں نے سڑکوں پر گانے بجانے میں حصہ لیا تھا اور ایک انگلی لڑکی سے قربت حاصل کی تھی جو گیٹار بجاتی تھی۔ سوئٹزرلینڈ میں انہوں نے گیسرا (2) کا شکار کیا تھا۔ انگلستان میں انہوں نے سرخ فراک کوٹ پہن کر گھوڑے کو شیوں پر سے بھگایا تھا اور شرلاٹا کرو سو بھڑیلوں کا شکار کیا تھا۔ ترکی میں وہ ایک حرم میں گھسے تھے ہندوستان میں انہوں نے ہاتھی پر سواری کی تھی اور اب روس میں سب خاص روسی تفریحوں کا مزہ چکھنا چاہتے تھے۔

درووشکی کو انہوں کے خاص ممبر تفریحات ہونے کی حیثیت سے ان ساری روسی تفریحات کا اہتمام کرنے میں جس کا مشورہ مختلف لوگوں نے پرنس کو دیا تھا بڑی مشکل ہوئی۔ گھڑدوڑیں بھی تھیں اور لیسی (2) بھی' ریچھ کا شکار بھی' اور نیم گھوڑوں کی گاڑی پر سواری بھی' جپسی ناچ گانے بھی تھے اور بکر بھوتے بھی جن کے ساتھ روسی طریقے سے برتن توڑنے تھے۔ اور پرنس بہت ہی غیر معمولی آسانی سے روسی روح کے مالک بن گئے' انہوں نے کشتی بھر برتن توڑے' راہ پر چپسی لڑکیوں کو بھایا اور گلتا تھا جیسے پوچھ رہے ہوں کہ — اور کیا ہے' یا بس اسی میں ساری روسی روح ہے؟

دراصل ساری روسی تفریحات میں پرنس کو سب سے زیادہ پسند آئیں فرانسیسی اداکارائیں' بیلے ناچنے والی ایک لڑکی اور مفید سوالی شاہین۔ درووشکی پر نسوں کا عادی تھا لیکن یہ نہیں اس وجہ سے کہ پچھلے دنوں وہ طوائفوں کیا تھا یا اس پرنس سے بہت زیادہ قربت کی وجہ سے یہ بلکہ اس کے لئے یہ انتہا گراں ہو گیا۔ اس پورے ہفتے میں اسے سارے وقت ایک احساس ہوتا رہا' اس شخص کی طرح کا احساس جسے کسی خطرناک کیڑے کو بالکل کے ساتھ رکھ دیا گیا ہو اور جو اس بالکل سے بھی ڈر رہا ہو اور اس سے انتہا قریب ہونے کی وجہ سے اسے خود اپنی عقل گنوا بیٹھنے کا ڈر ہو۔ درووشکی برابر اس ضرورت کو محسوس کرتا تھا کہ پوری طرح سے عہدیدارانہ احترام کے لہجے میں کوئی فرق نہ آنے پائے تاکہ توہین کا شکار نہ ہو جائے۔ انہیں لوگوں کے ساتھ ہو' درووشکی یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ پرنس کے لئے روسی تفریحات فراہم کرنے کے لئے اپنی کھال سے باہر نکل آئے تھے' پرنس کا رویہ حقارت آمیز تھا۔ پرنس روسی عورتوں کا مطالعہ کرنا چاہتے تھے اور ان عورتوں کے بارے میں ان کی رائے پر درووشکی متعدد بار تنفر سے سرخ ہو گیا۔ لیکن خاص سبب جس کی بنا پر درووشکی کے لئے پرنس بہت گراں ہو گئے تھے یہ تھا کہ اس نے ان میں اپنے آپ کو دیکھا اور اس آئینے میں اس نے جو کچھ دیکھا وہ اس کی طور پسندی کو اچھا نہیں لگا۔ یہ ایک بہت ہی بیوقوف' بہت ہی خود اعتماد' بہت ہی تندرست اور بہت ہی خوش پوش انسان تھا اور بس اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ وہ شریف تھے یہ سچ تھا اور درووشکی اس سے انکار نہ کر سکتا تھا۔ بلکہ تو لوگوں کے ساتھ وہ برابری سے 'خوشامد کے بغیر پیش آتے تھے اور برابروالوں کے ساتھ بغیر کسی بدتمیزی کے اور سادگی سے' اور ماتحتوں کے ساتھ حقارت آمیز نیک دلی کا برتاؤ کرتے تھے۔ درووشکی خود بھی ایسا ہی تھا اور اسے اپنی بڑی خوبی سمجھتا تھا۔ لیکن پرنس کے ساتھ معاشرت میں وہ تحت تھا اور خود اس کے ساتھ یہ حقارت آمیز نیک دلی کا برتاؤ اس کے لئے اذیت بن گیا۔

"یہ تو قوف حیوان کیا واقعی میں بھی ایسا ہی ہوں؟" اس نے سوچا۔

چاہے یہ کچھ بھی کیوں نہ رہا ہو' جب وہ ساتویں دن پرنس کے ماسکو جانے سے پہلے اس سے رخصت ہوا اور انہوں نے اس کا شکریہ ادا کیا تو اسے بڑی خوشی ہوئی کہ اس اٹ پٹی صورت حال اور ناگوار آئینے سے اسے

بات لی۔ ریچھ کے شکار سے واپس آکر' جس میں ساری رات روسی محفل عیش و طرب گرم رہی تھی' انیشن پراس نے پرنس سے رخصت لی۔

۱۰

گھر واپس آیا تو درووشکی کو اپنے کمرے میں آتا کارتسف ملا۔ انہوں نے لکھا تھا "میں بیمار اور بہت دکھی ہوں۔ میں باہر نہیں جا سکتی لیکن اب آپ سے ملے بغیر بھی نہیں رہ سکتی۔ شام کو آئیے۔ سات بجے۔ الیکسی الیگزینڈرووچ کو نہیں چلے جائیں گے اور دس بجے تک وہیں رہیں گے۔" ایک منٹ اس بات کے عجیب ہونے کے بارے میں سوچنے کے بعد کہ وہ اسے سیدھے اپنے پاس بلا رہی ہیں شوہر کے اس معاملے کے بارے میں کہ اس سے نہ ملیں' اس نے یہ فیصلہ کیا کہ وہ جائے گا۔

درووشکی ان جانوروں میں تبدیل ہو کر کامل ہو گیا تھا اور وہ رہبت کو چھوڑ کر لگ رہنے لگا تھا۔ ناشتہ کر کے وہ اور ای سونے پر لیٹ گیا اور پانچ منٹ میں ان بیہودہ سا تھرکی یادیں' جو اس نے پچھلے دنوں میں دیکھی تھیں' گڈمڈ ہو گئیں اور آنا کے اور بانا کرنے والے ایک کسان کے تصورات سے مل گئیں جس سے ریچھ کے شکار میں یہ اہم رول ادا کیا تھا۔ اور درووشکی کی آنکھ لگ گئی۔ جب اس کی آنکھ کھلی تو اندھیرا ہو چکا تھا اور دروازے سے آپ رہا تھا۔ اس نے جلدی سے سوم حق جھاڑی۔ "کیا ہوا؟ کیا؟ میں نے خواب میں کوں سی ایسی عجیب چیز دیکھی؟ ہاں' ہاں۔ بانا کرنے والا کسان' چھوٹا سا گندہ آدمی جس کی داڑھی لٹ دار اور پتلی تھی' جھک کر کچھ کر رہا تھا اور اچانک اس نے فرانسیسی میں کچھ عجیب سے الفاظ کہے۔ ہاں' خواب میں اس سے زیادہ تو کچھ نہیں تھا۔" اس نے اپنے آپ سے کہا۔ "لیکن یہ اتنا بھیانک کس وجہ سے تھا؟" اس نے پھر سے پیتے جاگتے کسان کو یاد کیا اور اس ناقابل فہم فرانسیسی الفاظ کو بھی جو اس کسان نے کہے تھے' اور اس کی ریڑھ کی ہڈی' خوف کی ٹھنڈی لہری دوڑ گئی۔

"کیا یہ قرین ہے؟" درووشکی نے سوچا اور گھڑی پر نظر ڈالی۔

ساڑھے آٹھ بج چکے تھے۔ اس نے خدمتگار کو آواز دی' جلدی جلدی کپڑے بدلے اور برساتی میں نکل آیا۔ وہ خواب کو بالکل بھول چکا تھا اور اب اسے صرف اس بات کی فکر تھی کہ اسے دیر ہو گئی۔ کارسین خاندان کی برساتی کے پاس پہنچ کر اس نے پھر گھڑی پر نظر ڈالی اور دیکھا کہ لوٹنے میں دس منٹ باقی تھے۔ صدر دروازے کے پاس اوپلی اور تنگ سی بگھی کھڑی تھی جس میں سرمئی جوڑی جتی ہوئی تھی۔ اس نے آنا کی گاڑی کو بلایا۔ "وہ میرے پاس آرہی ہیں" درووشکی کو خیال ہوا" اور یہ بہتری ہوتا۔ مجھے اس گھر میں جانا اچھا نہیں لگتا۔ لیکن اب کیا فرق پڑتا ہے۔ میں چھپ تو سکتا نہیں" اس نے اپنے آپ سے کہا اور ایک ایسے شخص کے انداز سے جسے کسی چیز پر شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں' اس نے بچپن سے اپنے آپ میں پیدا کیا تھا' درووشکی اپنی برف گاڑی میں سے نکل آیا اور دروازے کی طرف چلا۔ دروازہ کھلا اور ایک دربان ہاتھ پر کمبل ڈالے نکلا اور اس نے بگھی کو قریب لانے کے لئے کہا۔ درووشکی کو تفصیلات کی طرف دھیان دینے کی عادت تو نہیں تھی لیکن اس وقت اس نے تعجب کے اس اظہار کو دیکھ لیا جس کے ساتھ دربان نے اس پر نظر ڈالی تھی۔ بالکل دروازے میں درووشکی الیکسی الیگزینڈرووچ سے تقریباً ٹکرا گیا۔ جیس کی مشعل نے ان کی سیاہ ہیٹ اور سفید جلد سمیت ہونٹ بھورے کے اوور کوٹ کی وجہ سے اور چمک رہی تھی' ان کے ستے ہوئے تھکے تھکے چہرے کو اجال دیا۔

گارڈ سٹین کی بے حس و حرکت گدلی آنکھیں ورونسکی کے چہرے پر گڑ گئیں۔ ورونسکی نے سر جھکا کر تعظیم کی اور الیکسی الیگزانڈروویچ نے دھیرے سے ہاتھ بہت تک اٹھایا اور چلنے لگے۔ ورونسکی نے دیکھا کہ کیسے وہ پیچھے مڑ کر دیکھے بغیر بگھی میں بیٹھ گئے اور انہوں نے کھڑکی میں سے کیپل اور دوربین نکالی اور آنکھ سے لگا لی اور ورونسکی پیش دالان میں داخل ہوا۔ اس کی بھویں سکڑی ہوئی تھیں اور آنکھوں میں غصے اور غرور کی چمک تھی۔

"یہ بھی کیا صورت حال ہے!" اس نے سوچا۔ "اگر وہ لوگ پہلی آواز کی مدافعت کرتے تو میں سمجھ سکتا تھا، اپنے احساسات کا اظہار کر سکتا تھا۔ لیکن یہ کمزوری یا لاتعلقہ۔ وہ تو مجھے ایک طرح کی حالت میں پہنچا دیتے ہیں جب کہ میں ایسا ہونا پسند بھی نہیں چاہتا تھا اور اب بھی نہیں چاہتا۔"

وریدہ سے باغ میں آنا کے ساتھ اپنی صفائی اور وضاحت والی بات چیت کے بعد سے ورونسکی کے خیالات بہت بدل چکے تھے۔ غیر ارادی طور پر آنا کی کمزوری کی تابعداری کرتے ہوئے جنہوں نے اسے سب کچھ دے دیا تھا اور جس سے صرف یہ توقع رکھی تھی کہ وہ ان کے متعلق فیصلہ کر دے اور پہلے ہی سے سب کچھ قبول کر لینے پر تیار تھیں، ورونسکی نے بہت دیر سے یہ سوچنا ہی چھوڑ دیا تھا کہ یہ تعلق ختم ہو سکتا ہے جیسا کہ وہ سب سوچتا تھا۔ اس کے جاوداں کرنے کی مسلسل کوشش میں پہلے گئے اور یہ محسوس کر کے کہ اب وہ سرگرمی کے اس حلقے سے باہر نکل آیا ہے جس میں سب کچھ طے شدہ تھا، اس نے اپنے آپ کو پوری طرح سے اپنے جذبات کے حوالے کر دیا تھا اور یہ جذبات اسے روز بروز زیادہ مضبوطی سے آنا کے ساتھ باندھتے چلے جا رہے تھے۔

ہیش، الان ہی میں اس نے آنا کے دور جاتے ہوئے قدموں کی چاپ سنی۔ وہ سمجھ گیا کہ آنا اس کا انتظار کر رہی تھیں، اس کی آہٹ پر کان لگائے تھیں اور اب وہ اندھیرے کمرے میں واپس جا رہی تھیں۔

"نہیں!" اسے دیکھ کر وہ چیخ پڑیں اور ان کی آواز کی پہلی ہی گونج پر ان کی آنکھوں میں الجھن بڑھ گئی۔ "نہیں، اگر یہ اسی طرح چلتا رہے گا تو پھر یہ اور بھی زیادہ پہلے ہو جائے گا۔"

"کیا میری دوست؟"

"کیا؟ میں انتظار کر رہی ہوں، بھگت رہی ہوں، گھنٹہ، دو گھنٹے۔ نہیں، میں نہیں کروں گی۔ میں تم سے جھگڑا تو نہیں کر سکتی۔ یا پھر تم آ نہیں سکتے تھے۔ نہیں، میں نہیں کروں گی۔"

انہوں نے دونوں ہاتھ اس کے کندھوں پر رکھ لئے اور دیر تک اسے گہری، پر مسرت لیکن ساتھ ہی آزمانے والی نظروں سے دیکھتی رہیں۔ وہ اس کے چہرے کو، ورے کران دنوں کی بھی کی پوری کر رہی تھیں جب انہوں نے اسے نہ دیکھا تھا۔ وہ ہر ملاقات کی طرح اس وقت بھی اس کے بارے میں اپنے تخیل کی تصویر کا (جو ناقابل سوار طور پر بہتر اور حقیقت میں ناممکن تھی) سوار اس سے کر رہی تھیں جیسا وہ واقعی تھا۔

3

"تم ملے ان سے؟" انہوں نے اس سے پوچھا۔ وہ دونوں بیسپ کے پیچھے میز کے پاس بیٹھ گئے تھے۔ "یہ ہے تمہاری سزا دیر کرنے کی۔"

"ہاں، لیکن یہ ہوا کیسے؟ نہیں تو کو نسل میں ہونا چاہئے تھا؟"

"گئے تھے اور واپس آ گئے اور اب پھر کہیں گئے ہیں۔ لیکن یہ کچھ نہیں۔ اس کی بات مت کرو۔ تم کہاں

رہے؟ ہمارے وقت پر نس کے ساتھ؟"

وہ اس کی زندگی کی ساری تفصیلات جانتی تھیں۔ وہ کہنا چاہتا تھا کہ ساری رات نہیں سویا تھا اور اس کی آنکھ لگ گئی تھی لیکن ان کے بیگانے اور خوش و خرم چہرے کو دیکھ کر اس کا ضمیر ملامت کرنے لگا اور اس نے کہا کہ اسے پرنس کی روانگی کی رپورٹ دینے کے لئے جانا ضروری تھا۔

"تو اب تو ختم ہو گیا؟ وہ چلے گئے؟"

"شکر ہے خدا کا کہ ختم ہو گیا۔ تم یقین نہیں کرو گی کہ میرے لئے یہ سب کس قدر ناقابل برداشت تھا۔"

"کس وجہ سے؟ آخر یہ تو تم ہمیشہ لوگوں کی، مردوں کی پیشہ ہی کی زندگی ہے۔" انہوں نے بھویں سکیڑ کر کہا اور کندھے کی بناوٹ نے کر، جو میں پڑی ہوئی تھی، ورونسکی کی طرف دیکھے بغیر اس میں سے پک نکالنے لگیں۔

"میں نے بہت دنوں سے یہ زندگی چھوڑ دی۔" اس نے ان کے چہرے کے تاثر کو بدل جانے پر حیران ہو کر اور اس کے معنی سمجھنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔ "اور میں اعتراف کرتا ہوں۔" اس نے مسکرا کر اپنے ہموار سفید دانت دکھاتے ہوئے کہا، "کہ اس پلیٹ بھر میں سے خود کو جیتے جاگتے میں دیکھ کر مجھے اچھا نہیں لگا۔"

وہ ہاتھ میں کرنہ سنبھالے ہوئے تھیں لیکن بن نہیں رہی تھیں بلکہ اسے عجیب، جھکتی ہوئی اور میرہ سا نگاہوں سے دیکھ رہی تھیں۔

"آج صبح لیزا میرے پاس آئی تھی۔ وہ ابھی تک کاؤنٹس ویرونسکایا کے ہاں سے میرے پاس آنے سے باز نہیں آئی۔" انہوں نے اضافہ کیا۔ "اور انہوں نے آپ کی، مخلص جیسی شام کا حال خاصا کس قدر مزاحیہ!"

"میں صرف یہ کہنا چاہتا تھا۔۔۔"

انہوں نے اس کی بات کاٹ دی۔

"یہ تھیٹر تھی وہاں جسے تم پہلے جانتے تھے؟"

"میں کہنا چاہتا تھا۔۔۔"

"تم سب مرد کتنے دہل ہوتے ہو! کیسے تم لوگ یہ تصور ہی نہیں کر سکتے کہ عورت اس بات کو ہوں ہی نہیں سکتی۔" انہوں نے اور بھی برہم ہوتے ہوئے کہا اور اس طرح اس پر اپنی جھنجلاہٹ کے سبب کو ظاہر کر دیا۔ "خاص طور سے ایسی عورت جو تمہاری زندگی کو نہیں جان سکتی۔ میں کیا جانتی ہوں؟ پہلے میں کیا جانتی تھی؟" انہوں نے کہا۔ "وہی جو تم نے مجھے بتایا۔ اور میں کیا جانوں کہ تم نے مجھ سے جو بتایا کہ۔۔۔"

"آنا! تم میری توہین کر رہی ہو۔ کیا تم کو مجھ پر یقین نہیں ہے؟ کیا میں نے تم سے کہا نہیں کہ میرے دل میں ایسے خیالات ہیں ہی نہیں جنہیں میں تم پر ظاہر نہ کر سکوں؟"

"ہاں، ہاں۔" انہوں نے کہا۔ صاف ظاہر تھا کہ وہ رشک و رقابت کے جذبات کو دل سے نکالنے کی کوشش کر رہی تھیں۔ "لیکن کاش تمہیں معلوم ہو کہ میرے لئے کتنا مشکل ہے! میں یقین کرتی ہوں، ہم پر یقین کرتی ہوں۔ ہاں تو تم کیا کہہ رہے تھے؟"

لیکن یکدم دم بدم نہ کر سکا کہ وہ کیا کہنا چاہتا تھا۔ رشک و رقابت کے جو دورے پچھلے دنوں ان پر اکثر و بیشتر پڑنے لگے تھے، ان دونوں سے وہ ڈر جاتا تھا اور چھپانے کی وہ کتنی ہی کوشش کیوں نہ کرتا ہو لیکن ان کی طرف

سے مرعوب ہو جاتا تھا باوجود اس کے کہ جانتا تھا کہ رشک و رقابت کی وجہ تو یہی تھی کہ وہ اس سے محبت کرتی تھیں۔ جانے کتنی بار اس نے اپنے آپ سے کہا تھا کہ ان کی محبت تو سکھ ہے اور وہ تو اس سے اس طرح محبت کرتی تھیں جیسے صرف وہ عورت محبت کر سکتی ہے جس کے لئے محبت زندگی کی ہر برکت سے زیادہ گراں قدر ہو۔۔۔ اور اب وہ اس وقت کے مقابلے میں سکھ سے کہیں زیادہ دور تھا جب ان کے پیچھے پیچھے سکھ سے چلا آیا تھا۔ تب سے وہ خود کو بہت دکھی سمجھتا تھا لیکن سکھ نصیب ہونے ہی والا تھا۔ اب وہ محسوس کرتا تھا کہ وہ سکھ اور اس کے درمیان کچھ تھا۔ وہ اب سکھ کی بالکل نہ رہ گئی تھیں جیسی اس نے انہیں پہلی بار دیکھا تھا۔ وہ اخلاقی اور جسمانی دونوں اعتبار سے بدل گئی تھیں اور بری ہی ہو گئی تھیں۔ وہ سارے بدن سے پھیل گئی تھیں اور ان کے چہرے پر اس وقت جب وہ اداکارہ کی بات کر رہی تھیں 'بڑی' کا ایک تاثر تھا جس نے ان کے چہرے کو مسخ کر دیا تھا۔ وہ انہیں اس طرح دیکھ رہا تھا جیسے کوئی اپنے توڑے ہوئے اور مرجھا جانے والے پھول کو دیکھے جس میں اسے وہ حسن مشکل سے نظر آتا ہے جس کی بنا پر اس نے اسے توڑا اور پسند کیا تھا۔ لیکن اس کے باوجود وہ محسوس کرتا تھا کہ جب اس کی محبت قوی تر تھی تو اگر وہ شدت کے ساتھ چاہتا تو اس محبت کو اپنے دل سے نوچ کر پھینک سکتا تھا لیکن اب جب اس وقت کی طرح اسے لگتا تھا کہ اسے ان سے محبت نہیں رہ گئی تو وہ جانتا تھا کہ ان سے قطع تعلق نہیں کیا جا سکتا۔

"اچھا تو بتاؤ تو سہی تم پرنس کے بارے میں کچھ کیا کہنا چاہتے تھے؟" اس نے پوچھا تھا۔ "اس نے اضافہ کیا "وہ لوگ رشک و رقابت کے بہ سبب کہتے تھے۔" "ہاں تو تم نے پرنس کے بارے میں بات کرنی شروع کی تھی؟ تمہارے لئے اتنی مشکل کیوں تھی؟"

"اف' ناقابل برداشت!" اس نے کھوئے ہوئے خیال کا سر اپکڑنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔ "قریب سے جانے میں ان کی محبت نہیں ہوتی۔ اگر ان کی صحیح تعریف جان لی جائے تو وہ خوب اچھی طرح سے بھلائے جا رہے ہوتے ہیں' جیسوں کو لمحاتوں میں اور عام ملتے ہیں' بس اور کچھ نہیں" اس نے جھنجلاہٹ کے ساتھ کہا۔ "انہیں بڑی دلچسپ لگی۔

"نہیں' کیوں؟" اس نے اعتراض کیا "بہرحال انہوں نے بہت کچھ دیکھا ہے' تعلیم یافتہ ہیں؟"

"یہ تعلیم بالکل دوسری ہے۔۔۔ ان لوگوں کی تعلیم وہ ظاہر ہے تعلیم یافتہ صرف اس لئے ہیں تاکہ تعلیم کو حقارت سے دیکھنے کا حق حاصل ہو جائے جیسے کہ یہ لوگ ہر چیز کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں سوائے وحشیانہ نفرتوں کے۔"

"آخر تم بھی کو وحشیانہ نفرتیں تو اچھی لگتی ہیں" اس نے کہا اور اس نے پھر وہ اداس نظریں دیکھیں جو اس سے کترائی تھیں۔

"یہ تم ان کی اتنی طرفداری کیوں لے رہی ہو؟" اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"میں طرفداری نہیں لے رہی ہوں' میرے لئے بالکل کوئی فرق نہیں پڑتا۔ لیکن میں سوچتی ہوں کہ اگر یہ تفریحات تمہیں خوبصورت نہ ہوتیں تو تم انکار کر سکتے تھے۔ لیکن تیریا کو حوا کے لباس میں دیکھ کر تمہیں بھی تو مزہ آتا ہے۔"

"پھر وہی دیوا!" اس نے ان کا ہاتھ جو انہوں نے میز پر رکھ لیا تھا اپنے ہاتھ میں لے کر اسے چومتے ہوئے کہا۔

"ہاں' لیکن مجھ سے نہیں رہا جاتا! تم نہیں جانتے کہ میں نے تمہارے انتظار میں کتنی اذیت جھیلی ہے! میرے خیال میں میں جلتی نہیں ہوں۔ میں جلتی نہیں ہوں' جب تم یہاں ہوتے ہو' میرے پاس تو مجھے تمہارے اوپر یقین ہوتا ہے' لیکن جب کہیں اور تم اپنی الگ زندگی بسر کرتے ہو تو میرے لئے ناقابل فہم ہوتی ہے۔"

وہ اس سے دور ہٹ گئیں اور آخر کار انہوں نے کرسٹے کی پیالی میں سے بک نکال لیا اور عجزی سے شہادت کی انگلی سے لیپ کی روشنی میں چمکتے ہوئے سفید اون کے پھندے پھندے والے گالے اور اپنی کترنی ہوئی آستین کے اندر ریشمی سی کلائی کو جلدی جلدی اصابعی انداز میں گھمانے لگیں۔

"اچھا تو یہ بتاؤ کہ کیسی اکسانڈر روڈج سے تمہاری ملاقات کہاں ہوئی؟" اچانک غیر فطری انداز میں ان کی آواز گونجی۔

"وہ انقلاب میں ہم آپس میں ٹکرا گئے۔"

"اور انہوں نے اس طرح تمہاری تعلیم کی؟"

انہوں نے منہ بنا کر اور آنکھوں کو نیم بند کر کے اپنے چہرے کے تاثر کو بدل لیا اور روڈنگی نے ان کے خوبصورت چہرے پر ارادے کے لئے چہرے کا وہی تاثر دیکھا جس کے ساتھ اکسانڈر روڈج نے اس کی تعلیم کی تھی۔ وہ مسکرایا اور اچانک شناسائی کی اس کے ساتھ انہیں ہوا ان کی خاص دلکشیوں میں تھی۔

"میں تو انہیں ہرگز نہیں سمجھتا" روڈنگی نے کہا۔ "اگر مفاہمانی بنگلے میں تمہارے صاف صاف انداز کے بعد وہ تم سے قطع تعلق کر لیتے' اگر وہ مجھے اور کل کے لئے للکارتے۔ لیکن یہ تو میں نہیں سمجھتا کہ کیسے وہ اس طرح کی صورت حال کو گوارا کر سکتے ہیں' آپ تو دکھائی دیتا ہے کہ وہ بھی بھگت رہے ہیں۔"

"وہ؟" انہوں نے دراز لہجے والے انداز میں کہا۔ "وہ بالکل مطمئن ہیں۔"

"آخر کس لئے ہم سب اتنا جھیل رہے ہیں' بلکہ سب کچھ اتنا چاہ سکتا تھا؟"

"سوائے ان کے۔ کیا میں انہیں جانتی نہیں' اس جھوٹ کو' جس میں وہ سر سے پیر تک ڈوبے ہوئے ہیں۔ کیا واقعی اگر آدمی کچھ بھی محسوس کرتا ہو تو وہ اس طرح زندگی بسر کر سکتا ہے جیسے وہ میرے ساتھ کرتے ہیں؟ وہ کچھ نہیں سمجھتے' کچھ نہیں محسوس کرتے۔ کیا واقعی وہ شخص کچھ بھی محسوس کرتا ہو اپنی محرم راز ہی کے ساتھ ایک ہی گھر میں رہ سکتا ہے' کیا وہ اس سے بات کر سکتا ہے؟" اس نے "تم" کہہ کر مخاطب کر سکتا ہے؟"

اور پھر غیر ارادی طور پر ان کے ذہن میں ان کا خیال آیا تھا "تمہارا شیر ہے' تم آنٹا"

"وہ سوچتے ہیں' انسان نہیں ہیں' کچھ چلتی پھرتی اکوئی نہیں جانتی لیکن میں جانتی ہوں۔ اف! اگر میں ان کی جگہ پر ہوتی اکوئی بھی ان کی جگہ پر ہوتا تو میں نے کب کا قتل کر دیا ہوتا' میں نے اس بیوی کے گلے گھونٹ کر دبے ہوتے' ایسی کے جیسی میں ہوں' یہ دیکھ سکتی اس سے "ماشیرے' آنٹا' وہ انسان نہیں ہیں' وہ ورلڈ مشین ہیں۔ وہ سمجھتے ہی نہیں کہ میں تمہاری بیوی ہوں' کہ وہ غیر ہیں' کہ وہ فاضل ہیں۔۔۔ نہیں کریں گے' ان کی بات ہی نہیں کریں گے۔"

"تم ٹھیک نہیں کہہ رہی ہو' ٹھیک نہیں کہہ رہی ہو میری دوست" روڈنگی نے انہیں لعنت ملامت کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔ "لیکن بہرحال ان کے بارے میں ہم بات نہیں کریں گے۔ تم مجھے بتاؤ' تم کیا کرتی رہیں' کیا ہوا ہے تمہیں؟ یہ بیماری کیا ہے؟" روڈنگی نے کہا کہا؟"

انہوں نے اس کو شرارت آمیز خوشی کے ساتھ دیکھا۔ بظاہر انہوں نے شوہر میں کچھ اور مضحکہ خیز اور

سے کے پہلو اور سر کو لئے تھے اور انتظار میں تھیں کہ وقت لے تو کہا ئیں۔

اس نے اپنی بات جاری رکھی:

"مجھے ایسا لگتا ہے کہ یہ بیماری نہیں بلکہ تمہاری صورت حال ہے۔ کب سے ہو گا؟"

ان کی آنکھوں کی مذاق اڑانے والی چمک ماند پڑ گئی لیکن ایک دوسری سنکر اہٹ نے کسی ایسی چیز کے علم نے جس سے وہ واقف نہیں تھا اور ایک بوڑھے کے چہرے کے پہلو والے تاثر کی جگہ لے لی۔

"جلدی' جلدی' تم نے کہا کہ تمہاری صورت حال ایسی ہے کہ اسے سلجھانے کی ضرورت ہے۔ کاش تم کو یہ معلوم ہو تا کہ میرے لئے وہ کتنی تکلیف دہ ہے' میں کیا کچھ نہ دے ڈالتی اس کے لئے کہ تم سے آزادانہ اور کھل کر محبت کر سکوں' تم میں اور اپنی جلن سے تم کو ان سے بچا لوں۔ اور یہ ہو تو جائے گا جلدی' لیکن ایسے نہیں جیسے ہم سوچتے ہیں۔"

اور یہ خیال کرنے کہ یہ کیسے ہو گا خود اپنے آپ کو اس قدر کامل رحم نکلیں کہ ان کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور وہ اپنی بات جاری نہ رکھ سکیں۔ انہوں نے بسپ کی روشنی میں چمکتی انگوٹھیوں والا اپنا خوبصورت سفید ہاتھ اس کی آستین پر رکھ دیا۔

"یہ ایسے نہیں ہو گا جیسے ہم سوچتے ہیں۔ میں تم سے یہ کہنا نہیں چاہتی تھی لیکن تم نے مجھے مجبور کر دیا۔ جلدی' جلدی سب سلجھ جائے گا اور ہم سب کو' سب کو چین مل جائے گا اور پھر ہم کوئی اذیت نہیں جھیلیں گے۔"

"میں سمجھا نہیں۔" اس نے کھچتے ہوئے کہا۔

"تم نے پوچھا کب؟ جلدی۔ اور میں اس میں زندہ نہ بچوں گی۔ میری بات مت کاٹنا" اور انہوں نے سب صبری سے کہا "میں جانتی ہوں' اور یقینی طور پر جانتی ہوں۔ میں مر جاؤں گی اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ مر جاؤں گی' مجھے بھی چھٹکارا مل جائے گا اور تم لوگوں کو بھی۔"

ان کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ وہ ان کے ہاتھ پر جھک کر اسے چومنے لگا اس کوشش میں کہ اپنی پریشانی کو چھپا لے جس کی وہ سوچتا تھا کہ کوئی بہانہ تھی لیکن وہ اس پر قابو نہ پا سکتا تھا۔

"تو اس نے یہ اور یہی بہتر ہے۔" انہوں نے بڑی شدت کے ساتھ اس کے ہاتھ کو دباتے ہوئے کہا۔ "بس یہی ایک "ایک ہی راستہ ہمارے لئے رہ گیا ہے۔"

وہ سنبھل گیا اور اس نے سر اٹھایا۔

"کیا یہ قوی ہے اتم کیسی مکمل طور پر بالکل خالی وہ قوی کی باتیں کر رہی ہو۔"

"نہیں' ہو چکا ہے۔"

"کیا ہو گیا ہے؟"

"کہ میں مر رہی ہوں۔ میں نے خواب دیکھا ہے۔"

"خواب؟" وہ ہنسی نے دہرایا اور یکدم سے اپنے خواب والا کسان یاد آ گیا۔

"ہاں خواب" انہوں نے کہا۔ "بہت دن ہوئے میں نے یہ خواب دیکھا تھا۔ میں نے دیکھا تھا کہ میں دو دن سونے کے کمرے میں گئی کہ مجھے وہاں سے کچھ لینا تھا یا کچھ معلوم کرنا تھا۔ تم تو جانتے ہو خواب میں کیسے ہوتا ہے" انہوں نے خواب سے آنکھیں چھاڑ کر کہا "اور سونے کے کمرے میں گھومنے میں کچھ کھڑا تھا۔"

"سوفہ گیا یہ قوی ہے ایسے کوئی یقین کر سکتا ہے۔"

لیکن انہوں نے اپنا قطع کلام کرنے نہیں دیا۔ جو کچھ وہ کہہ رہی تھیں وہ ان کے لئے بہت ہی اہم تھا۔

"اور یہ کچھ جو تھا وہ مڑا اور میں نے دیکھا کہ وہ ایک کسان تھا' ناٹا سا' اور توانا اور اس کی داڑھی لمبی اور بھوری تھی۔ میں چلانا چاہتی تھی لیکن وہ ایک بورے پر جھکا اور اس میں ہاتھ ڈال کر کچھ ٹٹولنے لگا۔"

انہیں یاد آیا کہ وہ کیسے بورے میں ٹٹول رہا تھا۔ ان کے چہرے پر ہلکا خوف چھایا ہوا تھا۔ اور وہ ہنسی کو بھی اپنا خواب یاد آ گیا اور اس نے بھی ایسا ہی خوف محسوس کیا۔

"وہ ٹٹولے جا رہا تھا اور ساتھ ہی خرخراتی میں کچھ بڑبڑاتا جا رہا تھا' تیز تیز' اور پھر یہ تھیں وہ "ریکی آواز بہت کھول کر کے بول رہا تھا۔ "اپنی ٹولے ہاتھ نکالے' "اے بورے سے' "اے پیتری... (3) اور مارے ڈر کے میں جاگ پڑنا چاہتی تھی' تو جاگ پڑی۔ لیکن میں خواب ہی میں جاگی تھی اور میں خود سے دیکھنے لگی کہ اس کے معنی کیا ہیں۔ اور کورنیلی نے مجھ سے کہا کہ "زندگی میں' زندگی میں مر جائے گا' زندگی میں' ماں جی۔" اور میری آنکھ کھل گئی۔"

"کیسی بد قوی ہے' کیسی بد قوی ہے!" وہ ہنسی نے کہا جس اس نے خود محسوس کیا کہ اس کی آواز میں ذرا سی بھی تیزی ہے۔ تھا۔

"میرے ہم اس کی بات نہیں کریں گے۔ ذرا محنتی جہاد میں جانے والے کو کہوں گی ہاں' تھوڑا صبر جاؤ آپ میں زیادہ دن تو۔"

لیکن اچانک وہ رک گئیں۔ ان کے چہرے کا تاثر یکبارگی بدل گیا۔ خوف اور پریشانی کی جگہ اچانک پر سکون' سنجیدہ اور بارعب توجہ نے لے لی۔ وہ اس تبدیلی کی وجہ نہیں سمجھ سکا۔ انہوں نے اپنے اندر کی زندگی کی حرکت کو محسوس کیا تھا۔

۴

کلیسی الکساندرووچ اپنے ہاں برسائی میں ہنسی سے ملاقات ہونے کے بعد اطالوی آپرا سیزن چلے گئے جیسا کہ ان کا ارادہ تھا۔ وہاں وہ دو ہفتے ختم ہونے تک بیٹھے اور ان سب لوگوں سے مل لئے جن سے ان کو ملنا تھا۔ مگر واپس آ کر انہوں نے کوت انیفہ کا بڑے غور سے جائزہ لیا اور یہ دیکھ کر کہ وہاں خوفی نہ رکو۔ نہیں تھا وہ اپنے معمول کے مطابق اپنے کمرے میں چلے گئے۔ لیکن اپنے معمول کے خلاف وہ سونے کے لئے نہیں لیٹے اور تین بجے رات تک اپنے کمرے میں ٹہلتے رہے۔ وہ اپنی بیوی پر غصے کے احساس سے بے چین تھے جو تانگی برتنا اور ان کی عائد کی ہوئی واحد شرط کو پورا کرنا نہ چاہتی تھیں۔ کہ وہ اپنے عاشق سے اپنے کو ملیں۔ بیوی نے ان کا مطالبہ پورا نہیں کیا تھا اور ان کے بے سود کی تھا کہ وہ بیوی کو سزا دیں اور اپنی اصلی پر عمل کریں۔ - طلاق کا مطالبہ کریں اور بیٹے کو لے لیں۔ وہ اس معاملے سے متعلق ساری مشکل کو جانتے تھے لیکن انہوں نے کہہ دیا تھا کہ وہ یہ کریں گے اور اب انہیں ہنسی کو پورا کرنا چاہیئے۔ کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا نے اشارتاً ان سے کہا تھا کہ یہ' کی صورت حال سے نکلنے کی بہترین راہ ہو گی اور پچھلے دنوں طلاق کے دستور نے اس معاملے کو انتہائی آسان بنا دیا تھا کہ کلیسی الکساندرووچ کو یہ امکان نظر آنے لگا تھا کہ وہ رسمی مشکلات پر عبور حاصل کر سکیں۔ اس کے علاوہ صحبت بھی اکیلی تو آتی تھیں اور پھوٹی توسنوں کی عظیم دوڑ' سک گھڑیوں میں

سپرنڈنٹ کے معاملے نے لیکن الکساندروویچ کی ملازمت میں ایسے ناخوشگوار حالات پیدا کر دیئے تھے کہ ان پچھلے دنوں میں وہ سارے وقت اضطرابی تناؤ کی کیفیت میں رہے تھے۔

وہ ساری رات نہیں سوئے اور ان کا غصہ کسی بھی لمحے دوست ضرب مرکب کے عذاب سے دوچار ہوا صبح تک انتظار کو نہیں کیا۔ انہوں نے جلدی جلدی کپڑے بدلے اور بغیر غصے کے لبریز پیالے کو ہاتھ میں لئے ہوئے اور یہ ڈرتے ہوئے کہ وہ چھلک نہ جائے اور اس بات سے ڈرتے ہوئے کہ غصے کے ساتھ ہی وہ تواضع بھی ضائع ہو جائے گی جو بیوی سے صاف صاف بات کرنے کے لئے ضروری تھی' جیسے ہی انہیں معلوم ہوا کہ آنا اٹھ گئی ہیں وہ ان کے کمرے میں پہنچ گئے۔

جب وہ ان کے کمرے میں داخل ہوئے تو آنا' جو یہ سوچتی تھیں کہ اپنے شوہر کو بہت اچھی طرح سمجھتی تھیں' ان کی صورت شکل دیکھ کر بوکھلا گئیں۔ ان کی پیشانی پر بل تھے اور آنکھیں روکھے پن کے ساتھ سامنے تکے رہی تھیں اور آنا سے آنکھیں چار کرنے سے کترا رہی تھیں۔ مذہبیت ملی سے اور حقارت کے انداز میں بھنچا ہوا تھا۔ ان کی چال میں' حرکات و سکنات میں' آواز میں ایسا عزم اور استحکام تھا جیسا وہ پہلے ان میں کبھی نہ دیکھ سکا تھا۔ وہ کمرے میں داخل ہوئے اور ان سے حال چال پوچھے بغیر سیدھے ان کی گھڑکھ کی میز کی طرف گئے اور کنجی نکال کر انہوں نے اس کی دراز کھولی۔

"کیا چاہئے آپ کو؟" وہ چلائیں۔

"آپ کے عاشق کے خط" انہوں نے کہا۔

"وہ یہاں نہیں ہیں" آنا نے دراز بند کرتے ہوئے کہا۔ لیکن اس حرکت ہی سے وہ سمجھ گئے کہ ان کا اندازہ صحیح تھا اور انہوں نے بڑی درشتی سے آنا کا ہاتھ جھٹک دیا' جلدی سے دو پورٹ فولیو بھیت لیا جس میں وہ جانتے تھے کہ آنا سب سے ضروری کاغذات رکھتی تھیں۔ آنا نے پورٹ فولیو چھین لینا چاہا لیکن انہوں نے آنا کو ایک طرف دھکیل دیا۔

"اور اپنے جائیے مجھے آپ سے بات کرنا ہے" انہوں نے کہا اور پورٹ فولیو کو بغل میں دبا کر کنجی سے اتنے زور دار سے دبایا کہ ان کا کندھا اوپر اٹھ آیا۔

وہ حیرانی اور خوف کے ساتھ چپ چاپ ان کو تکتی رہیں۔

"میں نے آپ سے کہا تھا کہ میں اپنے گھر میں آپ کو آپ کے عاشق سے ملنے کی اجازت نہ دوں گا۔"

"مجھے ان سے ملنا ضروری تھا تاکہ۔۔۔"

کوئی بہانہ ان کی سمجھ میں نہ آیا تو وہ رک گئیں۔

"میں ان تفصیلات میں نہیں جاؤں گا کہ عورت کو اپنے عاشق سے ملنے کی ضرورت کس لئے ہوتی ہے۔"

"میں چاہتی تھی' میں صرف۔۔۔" انہوں نے کہا اور ان کے چہرے کا رنگ سرخ ہو گیا۔ شوہر کی اس بدتمیزی پر انہیں غصہ آ گیا اور ان کی ہمت بندھ گئی۔ "کیا آپ یہ محسوس نہیں کرتے کہ میری توہین کرنا آپ کے لئے کس قدر آسان ہو گیا ہے؟" انہوں نے کہا۔

"توہین کرنا ممکن ہوتا ہے صرف ایماندار آدمی کی اور ایماندار عورت کی' لیکن چور سے کہنا کہ وہ چور ہے' یہ صرف بلا کا لتا تا سیوں دیں نے (4) ہوتا ہے۔"

"آپ کی اس بیحد خصوصیت کا مجھے پتہ نہیں تھا۔"

"آپ اس کو سنگدلی کہتی ہیں کہ شوہر اپنی بیوی کو آزادی دے دیتا ہے' اسے اپنے نام کی عزت عطا کرتا ہے صرف اس شرط پر کہ وہ شائستگی رکھنے سے سنگدلی ہے؟"

"یہ سنگدلی سے بھی بدتر ہے' یہ لاقانونیت ہے' اگر آپ جاننا ہی چاہتے ہیں تو" آنا نے غصے سے بھڑک کر کہا اور اٹھ کھڑی ہوئیں۔ وہ بھی سیدھی ہو کر چل جانا چاہتی تھیں۔

"نہیں" وہ اپنی سہمی آواز میں چیخے' جو اس وقت معمول سے زیادہ ہی تیز ہو گئی تھی' اور اپنی بیوی کی انگلیوں سے ان کا ہاتھ اتنے زور سے پکڑ کر کہ نگن کا' جسے انہوں نے دبایا تھا' سرخ نشان پڑ گیا' انہوں نے زبردستی آنا کو ان کی جگہ پر بٹھا دیا۔ "لاقانونیت؟ اگر آپ یہ لفظ استعمال ہی کرنا چاہتی ہیں تو واقعی ہے عاشق کی خاطر اپنے شوہر کو' بیٹے کو چھوڑ دینا اور شوہر کی روٹی کھانا؟"

آنا نے سر جھکا لیا۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ وہ نہیں کہا جو کل اپنے عاشق سے کہا تھا کہ ان کا شوہر تو وہ ہے جو شوہر فاضل ہے' بلکہ انہیں اس کا خیال بھی نہیں آیا۔ انہوں نے شوہر کے الفاظ کے حق بجانب ہونے کو پوری طرح محسوس کیا اور پھٹکے سے بس اتنا ہی کہا:

"آپ میری صورت حال کو اس سے بدتر نہیں جان کر سکتے جتنا میں خود سمجھتی ہوں' لیکن یہ سب آپ کس لئے کہہ رہے ہیں؟"

"کس لئے میں یہ سب کہہ رہا ہوں؟ کس لئے؟" انہوں نے دوبارہ غصے میں اپنی بات جاری رکھی۔ "تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ چونکہ آپ نے شائستگی کی پابندی کرنے کے سلسلے میں میری مرضی کی تعمیل نہیں کی اس لئے میں ایسے اقدامات کروں گا کہ یہ صورت حال ختم ہو جائے۔"

"جلد ہی' بہت ہی جلد وہ پہلے ہی ختم ہو جائے گی" دوبارہ ہائیں اور موت کے قریب ہونے کے خیال سے جس کی آپ وہ طلب بھی خواہاں تھیں' ان کی آنکھوں میں پھر آنسو آ گئے۔

"وہ اس سے جلد تر ختم ہو جائے گی جتنی آپ نے اپنے عاشق کے ساتھ مل کر سوچا ہو گا' آپ کو ضرورت ہے میری ہونے والی بیوی بات کی تسکین کی خاطر۔"

الکساندروویچ' میں یہ نہیں کہتی کہ یہ سنگدلی ہے لیکن یہ شرافت نہیں ہے گرے ہوئے پن کا۔"

"ہاں' آپ کو صرف اپنا خیال رہتا ہے' لیکن اس شخص پر کیا گزر رہی ہے جو آپ کا شوہر تھا' اس سے آپ کو کوئی دلچسپی نہیں۔ آپ کے لئے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اس کی ساری زندگی تباہ ہو گئی ہے کہ وہ بلک بلک کر۔۔۔ بلکہ جیل رہا ہے۔"

الکساندروویچ اتنی تیزی سے بول رہے تھے کہ وہ گڑبڑا گئے اور یہ الفاظ کسی طرح ان سے کہے ہی نہیں گئے۔ اور آخر میں انہوں نے "بلکہ جیل رہا ہے" ہی کہہ دیا۔ آنا کو بھی اپنی اور اپنی شرمندگی بھی ہوئی کہ ان کے لئے ایسے وقت میں بھی کوئی چیز مضحکہ خیز ہو سکتی ہے۔ اور انہیں پہلی مرتبہ ایک لمحے کے لئے شوہر کے لئے ہمدردی کا احساس ہوا۔ انہوں نے شوہر کے نقطہ نظر سے دیکھا اور انہیں شوہر پر ترس آیا۔ لیکن وہ کہہ کیا سکتی تھیں یا کر کیا سکتی تھیں؟ انہوں نے سر جھکا لیا اور چپ رہیں۔ انہوں نے وہ بھی چپ رہے۔ وہ لمحہ کہ جس میں انہیں اور سہ آوازیں بولنے اور بغیر سوچے سمجھے ایسے لفظوں پر دوبارہ جو کسی حاصل اہمیت کے حامل نہ

تھے

"میں آپ سے یہ کہنے آیا تھا۔" انہوں نے کہا۔

آناٹے ان کے چہرے پر نظر ڈالی۔ "نہیں" یہ تو مجھے صرف لگا تھا" انہوں نے شوہر کے چہرے کے اس وقت کے تاثرات کو یاد کرتے ہوئے سوچا جب وہ لفظ "بکواس" چبا رہا ہے" پر گزیدا گئے تھے۔ "نہیں" بھلا ان گدلی آنکھوں اور ایسی خود اطمینانی کے ساتھ کوئی شخص کچھ محسوس بھی کر سکتا ہے؟"

"میں کچھ بھی بول نہیں سکتی" انہوں نے دھیمی زبان سے کہا۔

"میں آپ سے یہ کہنے آیا ہوں کہ کل میں اسکو چلا جاؤں گا اور اب اس گھر میں نہیں آؤں گا۔ اور آپ کو میرے فیصلے کے بارے میں وکیل سے معلوم ہو جائے گا جس کے ذریعہ میں طلاق کا مقدمہ کروں گا۔ میرا بیٹا میری ماں کے پاس چلا جائے گا۔" کلیسی الکساندرووچ نے کوشش کر کے رکتے ہوئے کہا کہ وہ بیٹے کے بارے میں کیا کہنا چاہتے تھے

"آپ کو سروژا کی ضرورت اس لئے ہے کہ آپ مجھے ذلیل کرنا چاہتے ہیں" آناٹے شوہر کو غصے میں دیکھتے ہوئے کہا "آپ اس سے پیار نہیں کرتے۔ سروژا کو میرے پاس ہی رہنے دیجئے۔"

"ہاں اب مجھے اپنے بیٹے سے بھی محبت نہیں رہی اس لئے کہ آپ سے مجھے اس قدر نفرت ہے وہ اس سے بھی وابستہ ہو گئی ہے۔ لیکن بہرحال میں اسے لے لوں گا۔ الوداع۔"

اور وہ چلے جانا چاہتے تھے لیکن اب کے آناٹے انہیں روک لیا۔

"کلیسی الکساندرووچ' سروژا کو میرے پاس رہنے دیجئے۔" انہوں نے ایک بار پھر سرگوشی میں کہا۔

"مجھے اور کچھ نہیں کہنا۔ سروژا کو رہنے دیجئے میری۔۔۔ جلد ہی مجھے پتہ ہونے والا ہے آپ رہنے دیجئے۔"

کلیسی الکساندرووچ کا چہرہ سرخ ہو گیا اور آناٹے ہاتھ چھڑا کر وہ کچھ کہے بغیر کمرے سے چلے گئے۔

5

جب کلیسی الکساندرووچ وہاں پہنچے تو ویٹنگ ہال کے مشہور و معروف وکیل پہلے ہی سے موجود تھے۔ ہال خواتین ایک بوڑھی ایک جواں اور ایک سوداگر کی بیوی' تین حضرات۔ ایک جرمن بینکر جو انگلی میں انگوٹھی پہنے تھا' ایک داڑھی والا سوداگر اور ایک خصہ دار عہدیدار جو وردی پہنے تھا اور جس کی گردن سے ایک کرائس لٹک رہا تھا' بظاہر دھیرے سے انتظار کر رہے تھے۔ دو معاون میز کے پاس بیٹھے ہوئے پرچوں کے گٹھوں سے کچھ لکھ رہے تھے۔ لکھنے کی یہ آواز سارے سکوت میں جس کا خود کلیسی الکساندرووچ کو بڑا شوق تھا بہت ہی اچھا تھا اور کلیسی الکساندرووچ کی نظر اور ہی چیزوں پر پڑ گئی۔ ایک معاون اپنی جگہ سے اٹھے بغیر تیزی چڑھا کر غصے میں کلیسی الکساندرووچ سے مخاطب ہوا

"آپ کو کیا چاہئے؟"

"مجھے وکیل صاحب سے کام ہے۔"

"وکیل صاحب مصروف ہیں" معاون نے درشتی سے جواب دیا اور انتظار کرنے والوں کی طرف قلم سے اشارہ کر کے پھر سے لکھنے لگا۔

"کیا وہ کچھ بھی وقت نہیں نکال سکتے؟" کلیسی الکساندرووچ نے کہا۔

"ان کو ذرا بھی فرصت نہیں ہے" وہ بیٹھے بیٹھے مصروف رہتے ہیں۔۔۔ آپ انتظار کیجئے۔"

"تو پھر کیا آپ اتنی زحمت نہ کریں گے کہ انہیں میرا کارڈ دے دیں" کلیسی الکساندرووچ نے وقار کے ساتھ کہا۔ انہوں نے کہہ دیا تھا کہ اپنا نام اور شخصیت ظاہر کئے بغیر کام نہیں چلے گا۔

معاون نے کارڈ لیا اور اس کی تحریر کو سرسری طور پر ناپسندیدگی سے دیکھتے ہوئے کمرے میں چلا گیا۔

کلیسی الکساندرووچ اصولی طور پر کھلی عدالت سے ہمدردی رکھتے تھے لیکن ابھی وہ اس کا اطلاق جس طرح اعلیٰ سرکاری امور پر کیا جاتا تھا جن سے وہ واقف تھے' اس سے وہ پوری طرح متفق نہ تھے اور جس حد تک وہ بلند ترین اقتدار کی قائم کی ہوئی کسی چیز پر تنقید کر سکتے تھے' اس کی تنقید بھی کرتے تھے۔ ان کی ساری زندگی انتظامی سرگرمیوں میں گزری تھی اس لئے جب وہ کسی چیز سے متفق۔ بھی ہوتے تھے تو ان کی ناانفاقی ان باتوں کو سوچ کر تبدیل ہو جاتی تھی کہ غلطیاں ہوتی ضروری ہیں اور ہر معاملے کو درست کرنے کا امکان بھی ہے۔ نئی عدالتی تنظیموں میں وہ ان پابندیوں کو پسند کرتے تھے جو وکیلوں پر عائد کی گئی تھیں لیکن ابھی تک انہیں وکیلوں سے کوئی کام نہ پڑا تھا اس لئے ان کی ناپسندیدگی صرف نظری تھی۔ اب ان ناخوشگوار تاثرات کی بنا پر' جو انہیں وکیل موصوف کے ملاقاتی کمرے میں حاصل ہوئے' ان کی ناپسندیدگی اور بھی بڑھ گئی۔

"ابھی آتے ہیں" معاون نے کہا اور درحقیقت دو ہی منٹ میں ایک بوڑھے قانون داں کا رار قد ذلیل' جو وکیل کے ساتھ مشورہ کر رہا تھا اور جو وکیل دروازے میں نمودار ہوئے۔

وکیل پست قد' گٹھے جسم کا گنجا آدمی تھا۔ اس کی داڑھی سیاہی مائل سرخ' بھویں ہلکے رنگ کی گھنی اور پیشانی آگے ابھری ہوئی تھی۔ وہ ٹائی اور گھڑی کی دوسری زنجیروں سے لے کر بیٹ بیدر کے جوتوں تک مگنیٹزم کی طرح چاق و چوبند تھا۔ اس کا چہرہ ذہین' کسیالوں جیسا تھا لیکن آرائش و کھوں کی کمی اور روق بڑھا تھا۔

"تشریف لائیے" وکیل نے کلیسی الکساندرووچ سے مخاطب ہو کر کہا۔ اس نے اداسی کے ساتھ کارپٹ کو اپنے پیروں سے گزر کر پہلے کمرے میں داخل ہوئے دوسرا دروازہ بند کر لیا۔

"تشریف رکھئے۔" اس نے کاغذات سے بھری لکھنے کی میز کے پاس آرام کرسی کی طرف اشارہ کر کے کہا اور خود صدر مقام پر بیٹھ گیا۔ وہ اپنے پھولے پھولے ہاتھوں کو ملنے لگا جس کی نفیس نفیس انگلیاں سفید بالوں سے ڈھکی ہوئی تھیں اور اس نے اپنا سر ایک طرف جھکا لیا۔ لیکن وہ اپنے اس انداز نشست سے مطمئن ہوا ہی تھا کہ میز کے اوپر (زخم) ہوا ایک پتنگا آ گیا۔ وکیل نے ایسی پھرتی سے جس کی توقع بھی اس سے نہ کی جا سکتی تھی' ہاتھ مار کر پتنگے کو پکڑ لیا اور پھر پہلے ہی والے انداز میں بیٹھ گیا۔

"اپنے معاملے کی بات شروع کرنے سے پہلے" کلیسی الکساندرووچ نے وکیل کی حرکت پر حیرت سے نظر ڈالتے ہوئے کہا "میں یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ معاملہ' جس کے بارے میں مجھے آپ سے بات کرنی ہے' راز داری چاہتا ہے۔"

وکیل کی سرخی مائل گھنی مونچھوں میں مشکل سے نظر آنے والی مسکراہٹ دوڑ گئی۔

"جن رازوں کے لئے مجھ پر بھروسا کیا گیا ہے' اگر انہیں راز نہ رکھ سکتا تو میں وکیل ہی نہ ہوتا۔ لیکن اگر آپ خود تصدیق چاہتے ہوں تو۔۔۔"

کلیسی الکساندرووچ نے وکیل کے چہرے پر نظر ڈالی اور دیکھا کہ سرخی دیں آنکھیں ہنس رہی ہیں اور وہ سب کچھ پہلے ہی سے جانتی ہیں۔

"آپ میرے نام سے تو واقف ہیں؟" ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ نے اپنی بات جاری رکھی۔

"میں آپ کو جانتا ہوں اور آپ کی سعید" اس نے پھر ایک پتنگا پکڑا "سرگرمیوں کو بھی جیسے کہ ہر روسی جانتا ہے" وکیل نے تعظیم کے ساتھ سر جھکا کر کہا۔

کمیسی الکساندر روویچ نے اپنی مسند سنبھالنے کے لئے کرسی سائس لی۔ لیکن جب ایک بار انہوں نے فیصلہ کر لیا تو اپنی بات اپنی مہین آواز میں بغیر کسی جھجک اور پس و پیش کے 'بیک الفاظ' زور دیتے ہوئے جاری رکھی۔

"یہ میری بد قسمتی ہے" ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ نے کہنا شروع کیا "کہ میں ایسا شوہر ہوں جس کے ساتھ دغا کی گئی ہے اور اپنی بیوی سے قانونی قطع تعلق کرنا چاہتا ہوں یعنی طلاق لینا چاہتا ہوں لیکن اس طرح سے کہ بیٹا اپنی ماں کے پاس نہ رہے۔"

وکیل کی سرمئی آنکھیں۔ چشمے کی کو شش کر رہی تھیں لیکن ناکام خفیہ خوشی سے باہر نکل رہی تھیں اور ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ نے دیکھا کہ اس میں صرف ایسے شخص کی خوشی نہ تھی جسے ایک مؤکل مفت میں مل گیا تھا۔۔۔ اس میں فتح مندی کی خوشی تھی' اس میں وہ بھی شامل تھی جسے کمیسی الکساندر روویچ نے اپنی بیوی کی آنکھوں میں دیکھی تھی۔

"آپ طلاق کی تکمیل کے لئے میری مدد چاہتے ہیں؟"

"جی ہاں' لیکن میں آپ کو خبردار کر دینا چاہتا ہوں" ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ نے کہا "کہ میں آپ کی توجہ کا یا طالب بننے کا خطرہ مول لے رہا ہوں۔ میں آپ کے پاس صرف ابتدائی مشورہ کرنے کے لئے آیا ہوں۔ میں طلاق چاہتا ہوں لیکن میرے لئے وہ طریقے بڑی اہمیت رکھتے ہیں جن سے وہ ممکن ہے۔ ممکن ہے کہ اگر طریقہ میرے مطالبوں سے مطابقت رکھتا ہو تو میں قانونی چارہ جوئی سے انکار کر دوں۔"

"ہمارے لئے تو یہ بڑی ایسا ہوتا ہے" وکیل نے کہا "اور یہ بیشہ آپ کی مرضی پر ہے۔"

وکیل نے محسوس کیا کہ ہو سکتا ہے اس کی آنکھوں کی ناقابل خطہ خوشی اس کے مؤکل کو بری لگے اور ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ کے پاؤں کو بھٹکنے لگا' پھر اس نے اپنی ناک کے سامنے اڑتے ہوئے پتنگے کو دیکھا اور ہاتھ بڑھایا لیکن ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ کی صورت حال کا لحاظ کر کے اسے پکڑ لیا۔

"حالانکہ اس موضوع پر ہماری قانونی صورت حال کے عام خطوط سے میں واقف ہوں" ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ نے اپنی بات جاری رکھی "میں تفصیلاً ان طریقوں کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں جن سے عمل میں اس طرح کے مقدمات طے پاتے ہیں۔"

"آپ چاہتے ہیں" وکیل نے نظریں اٹھائے بغیر اپنے مؤکل کے لیے کوٹ پر مطمئن ہو کر کہا "کہ میں آپ کو وہ راستے بتاؤں جن پر آپ کی خواہشات کی تکمیل ممکن ہو۔"

(۲) ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ کے سر کے تائیدی اشارے پر بس جلدی سے کبھی کبھار ان کے چہرے پر نظر ڈالتے ہوئے جس پر سرخ سن خوردہ سے نمودار ہو رہے تھے' اس نے اپنی بات جاری رکھی۔

"طلاق ہمارے قانون کے مطابق" اس نے ہمارے قانون کے لئے ناپسندیدگی کی خفیف سی جھلک کے ساتھ کہا "جیسا کہ آپ جانتے ہیں' حسب ذیل صورتوں میں ممکن ہے۔ گو کہ انتظار کریں!" اس نے دروازے میں سے جھانکتے ہوئے ساون سے کہا پھر بھی کھڑا ہو گیا' اس سے چند الفاظ کہے اور پھر بیٹھ گیا "حسب

ذیل صورتوں میں۔۔۔ روبین میں جسمانی نقص' پھر کوئی خیر ہے بغیر پانچ سال کی مدت میں" اس نے بالوں سے ڈھکی ہوئی ایک چھوٹی سی انگلی کو موڑتے ہوئے کہا "اور پھر زنا کاری" (یہ لفظ اس نے صریحی خوشی اور طمانیت کے ساتھ ادا کیا)۔ "ان کی تقسیم مزید حسب ذیل ہے" (اس نے اپنی سونی سونی انگلیوں کو موڑنا جاری رکھا حالانکہ پہلی تین صورتوں اور تقسیم مزید کو ایک ہی ترتیب میں رکھنا ظاہراً ممکن تھا) "شوہر یا بیوی میں جسمانی نقص' پھر شوہر یا بیوی کا ارتکاب زنا" ۔۔۔ اب چونکہ ساری انگلیاں مڑ چکی تھیں اس لئے اس نے انہیں کھول لیا اور اپنی بات جاری رکھی: "یہ تو اصلی نقطہ نظر ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے مجھ سے رجوع کرنے کا شرف مجھے اس لئے عطا کیا ہے کہ عمل طلاق کے بارے میں معلوم کر سکیں۔ چنانچہ نظیروں کی روشنی میں آپ کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ طلاق پیشہ حسب ذیل صورتوں میں عمل میں آتا ہے ۔۔۔ جسمانی نقص تو نہیں ہے' جہاں تک میں سمجھ سکتا ہوں؟" اور اسی طرح کوئی خیر ہے بغیر حاضری بھی نہیں ہے؟"

کمیسی الکساندر روویچ نے اثباتی انداز میں سر ہلایا۔

"تو اب حسب ذیل صورت رہ جاتی ہے۔ روبین میں ایک کی طرف سے ارتکاب زنا اور مرتکب فریق کا باہمی رضامندی سے حالت جرم میں پکڑا جانا اور ایسی رضامندی نہ ہونے کی صورت میں 'رضامندی کے بغیر حالت جرم میں پکڑا جانا' یہ کہنا ضروری ہے کہ آخری صورت عمل میں بہت کم دیکھنے میں آئی ہے" وکیل نے کہا اور ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ پر ایک سرسری نظر ڈال کر چپ ہو گیا جیسے پستول پھینکنے والا کوئی اور مختلف قسم کے پستولوں کے فوائد بتانے کے بعد اپنے گاہک کے انتخاب کا انتظار کر رہا ہو لیکن ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ چپ رہے اس لئے وکیل نے اپنی بات جاری رکھی "سب سے عام اور سادہ اور معقول طریقہ میں باہمی رضامندی سے ارتکاب زنا کو سمجھتا ہوں۔ میں اگر کسی ہیر ترقی یافتہ شخص سے بات کرتا ہو تو اس طرح بات کرنا ہرگز روا نہ رکھتا لیکن میرا خیال ہے کہ آپ میری بات سمجھ رہے ہیں۔"

لیکن ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ اس قدر پراگندہ ذہن تھے کہ باہمی رضامندی سے ارتکاب زنا کی معقولیت اور ان کی سمجھ میں نہیں آئی اور انہوں نے اپنی نظر سے اپنی ناسمجھی کا اظہار بھی کر دیا لیکن وکیل نے جلدی ان کی مدد کی:

"دو لوگ ایک ساتھ اور زیادہ نہیں رہ سکتے۔۔۔ یہ ایک حقیقت ہے۔۔۔ اور اگر دونوں اس پر راضی ہیں تو پھر تفصیلات اور رکی باتیں خود بخود فیصلہ ہو جاتی ہیں۔ اور اس کے ساتھ ہی یہ سب سے سادہ اور سب سے یقینی طریقہ ہے۔"

اب ۔۔۔ کمیسی الکساندر روویچ بھی طرح سمجھ گئے لیکن ان کے مذہبی معاملات بھی تھے جو ان اقدامات کے راستے میں حائل تھے۔

"موجودہ معاملے میں اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا" انہوں نے کہا "یہاں صرف ایک صورت ممکن ہے' رضامندی کے بغیر حالت جرم میں پکڑا جانا جس کی تائید خطوں سے ہوتی ہے جو میرے پاس ہیں۔"

خطوں کے ذکر پر وکیل نے اپنے ہونٹ بھینچے اور حقارت کی ہلکی سی آواز نکالی۔

"آپ یہ دیکھنے کی زحمت کیجئے" اس نے شروع کیا "اس طرح کے معاملے کا فیصلہ جیسا کہ آپ جانتے ہیں روحانی مجاز کے تحت ہوتا ہے اس قسم کے معاملوں میں لائق صد احترام پادری حضرات چھوٹی چھوٹی تفصیلات تک جاننے کے خواہاں ہوتے ہیں" اس نے مسکرا کر کہا جس سے لائق صد احترام پادریوں کے ذوق

سے اس کی ہمدردی ظاہر ہوتی تھی۔ "غلطیوں سے بالکل ایک حد تک تائید ہو سکتی ہے لیکن شاید تمہیں بلاواسطہ طریقے سے حاصل کیے ہوئے ہوں یا ہمیں یعنی یقینی گواہوں کے ذریعے۔ سو یہ اگر آپ مجھ کو اپنے اختیار کا اہل سمجھنے کا شرف عطا کرتے ہیں تو مجھے ان اقدامات کا انتخاب کرنے کا حق بھی دیجئے جن کا استعمال کرنا ضروری ہے۔ جسے نتیجہ چاہئے اسے ذریعے کو نظرانداز کر دینا چاہئے۔"

"اگر ایسا ہے۔۔۔" کمیسی الکساندر رودیچ نے شروع کیا اور ان کا چہرہ بکھرنے لگا۔ لیکن اسی وقت وکیل کھڑا ہو گیا اور پھر وہ دروازے تک معاون کے پاس گیا جو ان لوگوں کی ہدایت میں مشغول ہوا۔

"ان سے کہہ دیجئے کہ ہم مستانہ نہیں کرتے۔" اس نے کہا اور کمیسی الکساندر رودیچ کے پاس واپس آ گیا۔

اپنی جگہ پر واپس آ کر اس نے آنکھ بچا کر پھر ایک پنسل اٹھا لیا اور تیزی چڑھا کر سوچا "اگر میں تک میرے مریض کا ذہن اچھا حال ہو جائے گا۔"

"ہاں تو آپ کچھ کہہ رہے تھے۔" اس نے کہا۔

"میں نشہ کے دوران آپ کو اپنے فیصلے سے مطلع کروں گا۔" کمیسی الکساندر رودیچ نے کھڑے ہو کر میز کو پکڑتے ہوئے کہا۔ "اور یہ میں کھڑے رہنے کے بعد انہوں نے کہا۔" آپ کی باتوں سے میں یہ نتیجہ نکال سکتا ہوں کہ طلاق کی تکمیل ممکن ہے۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اسی طرح آپ مجھے اپنی شرطوں سے مطلع کر دیں۔"

"بالکل ممکن ہے بشرطیکہ آپ مجھے عمل کرنے کی پوری آزادی سونپ دیں۔" وکیل نے سوال کا جواب سب بتلیے کہا۔ "میں سب تک آپ سے خرچے کی توقع کرتا ہوں؟" وکیل نے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے اور اپنی آنکھیں اوپر اٹھاتے ہوئے پوچھا۔

"ایک ہفتے بعد۔ اور آپ عنایت کر کے مجھے مطلع کر دیجئے گا کہ آپ اس مقدمے کی پیروی اپنے ذمے لیں گے یا نہیں اور کن شرطوں پر۔"

"بہت اچھا۔"

وکیل نے بڑے احترام کے ساتھ تعظیم کی اور موکل کو دروازے سے نکل جانے دیا اور جب وہ اکیلا رہ گیا تو اس کا جی خوش ہو گیا۔ اسے اتنی خوشی ہو رہی تھی کہ اس نے اپنے قاعدے کے خلاف مول بھاؤ کرنے والی عادتوں کے لیے میں کی سزا اور پنسل پکڑنا بھی بند کر دیا۔ اس نے قطعی طور پر طے کر لیا کہ اگلے ہفتوں میں وہ اپنے فریضہ پر عمل چڑھوائے گا جیسا کہ میکولین کے ہاں ہے۔

6

کمیسی الکساندر رودیچ نے اگست والے کمیشن کے اجلاس میں بڑی نمایاں فتح حاصل کی تھی لیکن اس فتح کے نتیجے سے انہیں بالکل برباد کر دیا۔ پھوٹی تو میٹوں کی زندگی کی تحقیق پر پھلے سے کرنے کے لئے نیا کمیشن مقرر کر دیا گیا اور کمیسی الکساندر رودیچ کی پیدا کی ہوئی میر معمول تیزی اور توانائی کے ساتھ اپنے کام کی جگہ پر روانہ کر دیا گیا۔ تین مہینے بعد رپورٹ پیش کر دی گئی۔ پھوٹی تو میٹوں کی زندگی کی تحقیق سیاسی "انتظامی" سماجی "مادی اور مذہبی پہلوؤں سے کی گئی۔ سارے سوالوں کے جوابات بہت محرکی سے مرتب کئے گئے تھے اور جوابات میں کسی طرح کے شک و شبہ کی گنجائش نہ تھی اس لئے کہ وہ انسانی خیالات کی پیداوار نہ تھے جن میں ہمیشہ غلطیوں کا امکان ہوتا ہے بلکہ وہ سب سرکاری کارکنوں کے پیدا کردہ تھے۔ سارے جوابات سرکاری اعداد و شمار کا نتیجہ تھے جو گورنروں اور بڑے پادریوں نے فراہم کئے تھے جو اپنے کے عہدیداروں اور صدر پادریوں کی فراہم کردہ معلومات پر مبنی تھے اور ان معلومات کی بنیاد دوست کے حکام اور مقامی پادریوں کی اطلاعات پر تھی۔ اس لئے ان سارے جوابات پر کسی طرح کا شک کیا ہی نہ جا سکتا تھا۔ مثلاً ان سارے سوالوں کے کہ قحط فصلیں کیوں ہوتی ہیں کہ باشندے اپنے مذہبی عقیدوں پر کیوں قائم ہیں وغیرہ ایسے سوالوں کے جو سرکاری مشین کی سہولت کے بغیر حل نہیں ہو سکتے اور صدیوں تک حل نہیں ہو سکتے بہت ہی واضح اور یقینی حل پیش کئے گئے تھے۔ اور فیصلہ کمیسی الکساندر رودیچ کے حق میں ہوا۔ لیکن استریموف نے یہ محسوس کر کے کہ پچھلے اجلاس میں انہیں مدد کی کمانی پڑی تھی کمیشن کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد ایسا طریق کار استعمال کیا جس کی کوئی توقع کمیسی الکساندر رودیچ کو نہ تھی۔ استریموف نے کمیشن کے چند اور ارکین کو اپنے ساتھ ملا لیا اور چالاک کمیسی الکساندر رودیچ کے طرفدار ہو گئے اور۔ صرف یہ کہ ان اقدامات کی پرزور مخالفت کی جو کئے جا چکے تھے جن کی تجویز کارمشین نے پیش کی تھی بلکہ اسی نوعیت کے دوسرے اقدامات بھی تجویز کئے جو زیادہ انتہا پسندانہ تھے۔ یہ اقدامات جو اس بات کے مقابلے میں شدید تر تھے جس پر کمیسی الکساندر رودیچ کے حیات تھی منظور کر لئے گئے اور تب استریموف کا طریق کار عیاں ہوا۔ یہ اقدامات جو انتہا تک پہنچا دیئے گئے تھے چالاک اس قدر اشتعال انگیز لگتے تھے کہ سرکاری لوگ 'رائے عامہ' متمول مندر خواتین اور اخبارات سب کے سب ایک ساتھ ہی ان اقدامات پر برس پڑے اور خود ان اقدامات کے خلاف بھی اپنے غصے کا اظہار کیا اور ان کے نام رکھے۔ کمیسی الکساندر رودیچ کے خلاف بھی۔ استریموف تو ایک طرف ہو گئے اور ایسے بن گئے جیسے سوں نے تکمیل اندھے پن سے کارمشین کے منصوبوں پر عمل کیا تھا اور جو کچھ ہو گیا اس پر سب وہ خود حیران اور بے حد پشیمان ہیں۔ اس چیز نے کمیسی الکساندر رودیچ کو بیمار کر دیا۔ لیکن خراب ہوتی ہوئی صحت کے باوجود انہوں نے کمیسی الکساندر رودیچ کے باوجود کمیسی الکساندر رودیچ نے ہار نہیں مانی۔ کمیشن میں پھوٹ پڑ گئی۔ کچھ ممبروں نے استریموف کے ساتھ مل کر اپنی غلطی کا جواز پیش کیا کہ انہوں نے کمیسی الکساندر رودیچ کی رہنمائی میں نظرثانی کرنے والے کمیشن پر بھروسا کیا تھا جس نے رپورٹ پیش کی تھی۔ اور اب وہ لوگ یہ کہتے تھے کہ اس کمیشن کی رپورٹ بالکل احمقانہ ہے اور بس کالا سیاہ کیا گیا ہے۔ کمیسی الکساندر رودیچ اور ان کے ساتھ کچھ لوگ جو فاتحہ کے حملے میں ایسے انقلابی رویے کے خطرے کو دیکھ رہے تھے 'ان اعداد و شمار کی حمایت کرتا جاری رکھا جو نظرثانی کرنے والے کمیشن نے مرتب کئے تھے۔ اس کے نتیجے میں بلند ترین حلقوں میں بلکہ معاشرے میں بھی حاسی گز پڑ گئی اور اس کے باوجود کہ اس سے سب کو پہلے سے زیادہ تھی بار بھی کوئی بے۔ مجھ تاکہ پھوٹی تو میں درحقیقت زیادہ مفلس ہوتی جا رہی ہیں اور تباہ ہو رہی ہیں یا پھل پھول رہی ہیں۔ اس کے نتیجے میں اور اب تک ان کی بیوی کی برائی کی بنا پر اس سے کی جانے والی تجارت کے نتیجے میں کمیسی الکساندر رودیچ کی صورت حال بہت ہی نازک ہو گئی۔ اور اسی صورت حال میں کمیسی الکساندر رودیچ نے ایک اہم فیصلہ کیا۔ کمیشن کو بڑی حیرت ہوئی جب انہوں نے اعلان کیا کہ وہ معاملے کی تحقیق کے لئے خود موقع پر جانے کی اجازت نہیں گے۔ اور اجازت حاصل کر کے کمیسی الکساندر رودیچ دور دراز گھریلو اس کے لئے روانہ ہو گئے۔

کمیسی الکساندر رودیچ کی روانگی پر ہوا شور و غل مچا اس لئے اور بھی کہ روانگی سے ٹھیک پہلے انہوں نے

بالکل طور پر وہ رقم واپس کر دی جائیں گی جو اس حوالے سے جانے کے لئے بارہ گھوڑوں کی قیمت کے طور پر ادا کی گئی تھی۔

پرنس ہیلی نے اس کے بارے میں پرنس سما ٹاؤ سے کہا "میں تو اسے بہت ہی فریفتہ دل محسوس ہوں۔ ڈاک چوکی کے گھوڑوں کے لئے کیوں رقم ادا کی جائے جب کہ ہمیں معلوم ہے کہ اب ہر جگہ ریل گاڑی چلتی ہے؟"

لیکن پرنس سما ٹاؤ اس سے متفق نہیں تھے لیکن پرنس ہیلی کی رائے پر خاموش ہی رہے۔

"آپ کے لئے یہ کہنا بہت اچھا ہے جب آپ کے پاس لگے بندھے نہیں کتنے ہی" انہوں نے کہا "لیکن مجھے تو بہت اچھا لگتا ہے جب میرے شہر کے ہر گھر میں مہمانوں کے کمرے بن جاتے ہیں۔ سفر کرنا بہت اچھا ہے اور مجھے بہت پسند بھی ہے اور میرے لئے ایسا بندوبست ہو جاتا ہے کہ اس رقم سے میں کچھ اور کچھ ان رکھ سکتا ہوں۔"

دونوں کھڑکیوں کے قریب جا کھڑے ہوئے اور لیسبی الکساندر روڈیچ نیچے دیکھنے لگے۔

اپنی آمد کے دوسرے دن وہ کورنیل سے چلے گئے۔ گرینٹی کو پہنچ (5) کے چوراہے پر جہاں ہمیشہ گھوڑوں اور گاڑیوں کا ہجوم لگا رہتا ہے، لیسبی الکساندر روڈیچ نے اپنا نام بتا کر اپنی آمد کی اطلاع کرائی۔ وہ بہت کم وقت میں پار آ گیا تھا کہ وہ مزید کچھ دیر ہاتھ کے کرتب پر فیشن ایبل اور اچھا دکھائی دینے کی فیشن ایبل بیوی کی فیشن ایبل بیوی کے ساتھ ہونے کے لئے سرخ ہونٹوں کے بیچ میں سفید دانتوں کو مسکراہٹ سے چمکاتے ہوئے، خوش خرم ہوا میں دیکھتے ہوئے اسی یان ارکاڈیچ کا انتظار کرتے رہے اور بڑے جوش و اصرار کے ساتھ چلائے جا رہے تھے اور سے ہلا رہے تھے۔ وہ ایک ہاتھ سے لوہے پر کی ہوئی گاڑی کی کھڑکی پکڑے تھے۔ گاڑی کی اگلی سے بیٹھی عورت کے سر پر ٹوپل کی ٹوپی پہنے تھی اور دو بچوں کے سر نکلے ہوئے تھے۔ دوسرے ہاتھ سے وہ اسی یان ارکاڈیچ کو اشارہ کر رہے تھے۔ خاتون بھی نیک دلی سے مسکرائیں اور لیسبی الکساندر روڈیچ سے ہاتھ ہلا دیا۔ اسی یان ارکاڈیچ کے پیچھے تھے

لیسبی الکساندر روڈیچ، جو کسی سے بھی ملنا چاہتے تھے اور سب سے کم اپنی بیوی کے بھائی سے۔ انہوں نے سلام سے لے کر بھائی تک آگے بڑھ جانا چاہتے تھے لیکن اسی یان ارکاڈیچ نے ان کے کوچ ان سے روکنے کو کہا اور پرنس ہیلی کو ڈگران کی طرف بڑھے۔

"اگر یہ کہا جائے کہ تم نے ہم لوگوں کو کھلوا بھی نہ بھیجا" اسی یان ارکاڈیچ نے ہنستے ہوئے کہا "اور میں کل رات سوئے ہوئے ہاں گھوڑا ہاں گھنٹے پر لکھا ہوا ایک اشتہار دیکھا۔ لیکن مجھے خیال بھی نہیں ہوا کہ یہ تم ہو گے" اسی یان ارکاڈیچ نے گاڑی کی کھڑکی کے اندر مسکراتے ہوئے کہا "ورنہ تو میں اور ڈولی کو آجاتا تم سے مل کر کس قدر خوشی ہوتی!" انہوں نے برف سنبھالنے کے لئے ایک پاؤں سے دوسرے کو رگڑتے ہوئے کہا۔ "ہمیں خبر تک نہ کرنا گناہ نہیں ہے تو کیا ہے!" انہوں نے دوہرایا۔

"مجھے فرصت ہی نہیں تھی میں بہت مصروف ہوں" لیسبی الکساندر روڈیچ نے روکھے پن سے جواب دیا

"چلو میری بیوی کے پاس تک تو چلو وہ تم سے ملنا چاہتی ہیں۔"

لیسبی الکساندر روڈیچ نے کمبل بنانے میں ان کی مہارت کی تعریفیں کیں ہوئی تھیں اور گاڑی سے اتر کر برف میں ہو کر ڈولی کے پاس چلے۔

"یہ کیا بات ہے" لیسبی الکساندر روڈیچ "آخر کس لئے آپ ہم لوگوں سے ایسا کترا رہے ہیں؟" ڈولی نے اداس مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

"میں بہت مصروف تھا۔ بڑی خوشی ہوئی آپ سے مل کر" انہوں نے ایسے لہجے میں کہا جس سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ ان لوگوں سے ناراض ہیں۔ "صحت کیسی ہے آپ کی؟"

"اور میری بیماری آنا کیسی ہیں؟"

لیسبی الکساندر روڈیچ نے کچھ زیر لب کہا اور چاہا کہ چلے جائیں۔ لیکن اسی یان ارکاڈیچ نے انہیں روک لیا۔

"میں بتاؤں کل ہم کیا کریں گے۔ ڈولی کل انہیں کھانے پر بلا لو۔ ہم کو نیشبت اور مسٹروسکی کو بھی بلا لیں گے تاکہ اسکوے کے ڈائرکٹر ریلیٹے سے ان کی توسیع کریں۔"

"تو آپ مہربانی کر کے کل تشریف لائیے" ڈولی نے کہا "ہم آپ کا انتظار کریں گے بلائیے یا آپ چاہیں تو چھپ لے۔ لیکن میری بیماری آنا کیسی ہیں؟ کتنے دن ہو گئے۔"

"وہ بھی ہیں" لیسبی الکساندر روڈیچ بھویں سکیڑ کر بولے۔ "بڑی خوشی ہوئی" اور وہ اپنی گاڑی کی طرف چلے۔

"آپ نے گانا" ڈولی نے پکار کر کہا۔

لیسبی الکساندر روڈیچ نے کچھ کہا جسے ڈولی آتی جاتی گاڑیوں کے شور میں نہ سن پائیں۔

"میں کل تمہارے پاس آؤں گا" اسی یان ارکاڈیچ نے پکار کر ان سے کہا۔

لیسبی الکساندر روڈیچ گاڑی میں بیٹھ گئے اور اس میں اس طرح اندر کو دھنس گئے کہ نہ خود کچھ دیکھیں سوائے کوچ کے انہیں دیکھ سکے۔

"عجیب کودی ہے" اسی یان ارکاڈیچ نے اپنی بیوی سے کہا گھڑی پر نظر ڈالی "ہنہ کے سامنے ہاتھ سے اپنا اشارہ کیا جس کا مقصد بیوی اور بچوں کے لئے پیار ظاہر کرنا تھا اور پھر تیلی چال سے نشے ہاتھ پر چل دیئے۔

"اسٹیپ! اسٹیپ!" ڈولی نے پکار کر سائس کے چہرے کا رنگ سرخ ہو گیا۔

انہوں نے مڑ کر دیکھا۔

"آخر مجھے کریمیا کے لئے اور کوٹ خریدنا ہے اور بچوں کے لئے بھی۔ مجھے رقم تو دے دو۔"

"کوئی بات نہیں" وہ وہاں کھڑے ہوئے کہ میں اداکروں گا" اور پاس سے گزرتے ہوئے ایک واقف کار کو سر کے اشارے سے خوش خوش سلام کرتے ہوئے وہ آگے سے اوجھل ہو گئے۔

7

اگلے دن اتوار تھا۔ اسی یان ارکاڈیچ نے بیلے کے ریہرسل میں باشوئی تھیٹر گئے اور خوبصورت اور ان کی سرپرستی میں نئی نئی آنے والی رقاصہ ماشا خیسنووا کو سونگے کی بالا دی جس کا وعدہ انہوں نے کل شام کو کیا تھا اور بچی پردوں کی آڑ میں تھیٹر کی دن والی دھندلی روشنی میں اس کے خوبصورت اور نخرے سے دمکتے ہوئے چہرے کو بوسہ بھی دے لیا۔ سونگے کی بالا کا تحفہ دینے کے علاوہ انہیں بیلے کے بعد ملاقات بھی طے کرنی تھی۔ انہوں نے

اسے سمجھا کر چلے کے شروع میں ان کا ہونا ممکن نہیں ہے لیکن وعدہ کیا کہ وہ آخری ہفتہ میں آجائیں گے تو اسے رات کے کھانے کے لئے لے جائیں گے۔ پھر سے استی پان ارکاد سنگ نگاری بازار گئے اور دعوت کے لئے خود مچھلی اور ایسی چیزیں پسند کی اور بار بار سوچ سوچ کے جہاں انہیں تین لوگوں سے ملنا تھا ان کی فہرست سے تینوں ایک ہی ہوٹل میں ٹھہرے تھے۔۔۔ لیون سے دو دن ٹھہرا تھا اور تھوڑے ان بن ہونے پر لیٹر سے آیا تھا' اپنے نئے حاکم اعلیٰ سے جو حال ہی میں اس بلند عہدے پر فائز ہوئے تھے اور معائنے کے دورے پر ماسکو آئے تھے اور اپنے ہموطن کاروباریوں سے تاکہ انہیں کھانے کے لئے صورلے جائیں۔

استی پان ارکاد سنگ کو اچھا کھانا پسند تھا لیکن دعوت دینا انہیں اس سے بھی زیادہ پسند تھا بہت بڑی نہیں لیکن بہت ہی مخصوص۔۔ کھانے کے اعتبار سے بھی' شراب کے اعتبار سے بھی اور مہمانوں کے انتخاب کے اعتبار سے بھی۔ آج کی دعوت کا پروگرام انہیں بہت پسند تھا۔ زندہ پرچ مچھلی' ابھی ابھی مکس اور لائی ہوئی ریزستانس (6)۔ بہت ہی عمدہ لیکن بالکل سادہ طور کا پکا ہوا گوشت اور اس کے ساتھ کے لئے موروں شربتیں۔ یہ تو کھانوں اور شرابوں کی بابت۔ اور مہمانوں میں کیٹی اور لیون اور اس خیال سے کہ یہ بہت اچھا نہ لگے ایک بچہ ہی سن اور نوجوان شیرا تسکی بھی ہوں گے' اور مہمانوں میں لائی ہوئی ریزستانس ہوں گے سرکیسی کور یشیف اور ا لیکسی الکساندروچ۔ سرکیسی ایوانووچ ماسکو والے اور شلی' ا لیکسی الکساندروچ پیٹرس برگ والے اور محلی انسان۔ اور پھر انہوں نے مشہور و معروف سنگی' پرنس لیول' بالزنی' موسیقار' سورخ اور سب سے پیارے بلاس سالہ نوجوان جو مشہور کو بھی بلایا تھا جو کوریشیف اور کارسنین کے ساتھ جانی پہچانی سے ہوں گے۔ وہ ان دونوں کو اشتعال دلائیں گے اور ایک دوسرے سے بھڑا دیں گے۔

استی پان ارکاد سنگ نے جو جنگل بیچا تھا اس کی رقم کی دوسری قسط سوداگر سے مل چکی تھی اور ابھی تک سب خرچ نہیں ہوئی تھی۔ ادھر کچھ دنوں سے اپنی بہت سستی اور تھکن ہو گئی تھی اور استی پان ارکاد سنگ اس دعوت کے خیال سے ہر اعتبار سے خوش تھے۔ وہ انتظامی خوش دلی کی حالت میں تھے۔ صرف دو چیزیں ذرا ناخوشگوار تھیں لیکن یہ دونوں چیزیں بھی تھکن دلی کی مسرت کے اس سمندر میں غرق ہو گئی تھیں جو استی پان ارکاد سنگ کے دل میں موجزن تھا یہ دو چیزیں تھیں۔ ایک تو یہ کہ کل راستے میں جب ان کی ملاقات ا لیکسی الکساندروچ سے ہوئی تو انہوں نے دیکھا کہ ا لیکسی الکساندروچ ان کے ساتھ روکھے اور درشت تھے۔ اور ا لیکسی الکساندروچ کے چہرے کے اس تاثر کو اور اس حقیقت کو کہ وہ نہ ان لوگوں کے ہاں آئے اور نہ اپنے آنے کی اطلاع دی' ان افواہوں کے ساتھ ملا کر جو انہوں نے آنا اور دوستی کے بارے میں سنی تھیں' استی پان ارکاد سنگ نے یہ قیاس کیا کہ شہر اور دیہی کے درمیان ضرور کچھ گڑبڑ ہے۔

یہ تو ایک ناخوشگوار چیز تھی۔ دوسری بڑی ناخوشگوار چیز یہ تھی کہ نئے حاکم اعلیٰ کو' سارے نئے حاکمان اعلیٰ کی طرح' ابھی سے یہ شہرت حاصل ہو گئی تھی کہ وہ بڑے خطرناک شخص ہیں' سچ مچ پیسے اینٹھتے ہیں' بھوڑے کی طرح جب تک کام کرتے ہیں اور اپنے محکموں سے بھی اسی طرح کے کام کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ نئے حاکم اعلیٰ کو یہ شہرت حاصل تھی کہ ان کے طور طریقے بھالوؤں جیسے ہیں اور سنا یہ گیا تھا کہ وہ اس سے بالکل ہی مختلف قسم کے آدمی ہیں جس کے سابق حاکم اعلیٰ تھے اور جس کے اب تک خود استی پان ارکاد سنگ تھے۔ کل استی پان ارکاد سنگ وردی پہن کر اپنی ملازمت پر گئے تھے اور نئے حاکم اعلیٰ بڑی مہمانی سے پیش آئے اور انہوں نے ابلد شکی سے اس طرح بات چیت کی جیسے وہ پرانے شناسا ہوں۔ اسی لئے استی پان ارکاد سنگ اپنا فرض سمجھتے تھے کہ وہ غیر رسمی کپڑوں میں ان سے ملنے جائیں۔ یہ خیال کہ ہو سکتا ہے نئے حاکم اعلیٰ ان سے اچھی طرح نہ پیش آئیں دوسری ناخوشگوار چیز تھا۔ لیکن استی پان ارکاد سنگ جبلی طور پر محسوس کر رہے تھے کہ سب کچھ بہت اچھی طرح سے ٹھیک ہو جائے گا۔ انہوں نے ہوٹل میں داخل ہوتے ہوئے سوچا "سارے لوگ' سارے انسان ہماری ہی طرح گنہگار ہیں۔ تو پھر کس لئے خفا ہونا اور جھگڑا کرنا؟"

"کہو کیسے ہو' وا سیلی" انہوں نے اپنی ہیٹ کچ کئے ہوئے راہداری میں داخل ہو کر ایک جانے پہچانے خدمتگار سے مخاطب ہو کر کہا "تم نے تو اپنے گل چھرے بسا لئے ہیں لیون۔۔ سات نمبر میں ہیں؟ مجھے ذرا لے چلو اور معلوم کرو کہ کاؤنٹ ا لیکسی" ۔۔۔ یہ تھے حاکم اعلیٰ تھے۔۔ "ملاقات کر سکتے ہیں؟"

"جو حکم" مسکراتے ہوئے وا سیلی نے جواب دیا۔ "بہت دنوں سے آپ ہمارے ہاں تشریف نہیں لائے۔"

"کل میں آیا تھا لیکن وہ صبح صبح دورے سے واپس آئے ہیں؟"

جب استی پان ارکاد سنگ داخل ہوئے تو لیون بیٹھا کرے میں تو پر کے ایک کسان کے ساتھ کھڑا بچھ کی ایک کھال ناپ رہا تھا۔

"ارے' مار لیا؟" استی پان ارکاد سنگ نے کہا۔ "بڑی شاندار چیز ہے۔ ر بخشی؟ کیا حال چال ہیں آپ کے؟"

انہوں نے کسان سے ہاتھ ملایا اور اوور کوٹ اور ہیٹ اتارے بغیر کرسی پر بیٹھ گئے۔

لیون نے ان کی بات سنتے ہوئے کہا "ارے نہیں تو' بیٹھو ذرا دیر"

"نہیں' مجھے فرصت نہیں ہے' میں بس تھکنے بھر کے لئے آیا ہوں" استی پان ارکاد سنگ نے جواب دیا۔ انہوں نے اپنے اوور کوٹ کے بٹن کھول دیئے' پھر اسے اتار دیا اور پھر بے گھٹنے بھر جینے اور لیون سے شکار کے بارے میں اور بالکل ذاتی معاملوں کے بارے میں باتیں کرتے رہے۔

"اچھا' اب تو بتاؤ کہ پرنس میں کیا کیا؟ کہاں گئے تھے؟" استی پان ارکاد سنگ نے کسان کے جانے کے بعد کہا۔

"میں تو سنی گیا' پرشیا' فرانس' انگلستان' لیکن کسی دارالسلطنت میں نہیں بلکہ کارخانوں والے شہروں میں اور بہت سی نئی چیزیں دیکھیں۔ اور میں خوش ہوں کہ وہاں گیا۔"

"ہاں میں مزدوروں کی تنظیم کے بارے میں تمہارے خیالات جانتا ہوں۔"

"بالکل نہیں۔ روس میں مزدور کا سوال ہی نہیں پیدا ہو سکتا۔ روس میں تو سوال ہے زمین کے ساتھ بہت سے لوگوں کے تعلق کا یہ سوال وہاں بھی ہے لیکن وہاں جو سنگل چلا ہے اس کی پیوند کاری کا سوال ہے جبکہ ہمارے ہاں۔"

استی پان ارکاد سنگ لیون کی بات سنتے ہوئے حیران سے مسکرا رہے تھے۔

"ہاں ہاں" وہ کہتے رہے۔ "بہت ممکن ہے کہ تم ٹھیک کہہ رہے ہو" انہوں نے کہا۔ "لیکن مجھے خوشی ہے کہ تمہارے حوصلے بہت بلند ہیں۔ ریچھ کے شکار پر بھی جاتے ہو' کام بھی کرتے ہو اور خوش سے بھرے ہوئے ہو۔ ورنہ تو شیرا تسکی نے مجھے بتایا تھا کہ تم کچھ غمگین اور اداس سے ہو اور سارے وقت

موت کی باتیں کرتے ہو۔"

"تو پھر کیا ہوا' موت کے بارے میں ہر وقت ہی سوچتا رہتا ہوں" لیوین نے کہا۔ "سچ یہ ہے کہ مرنے کا وقت آگیا۔ اور یہ کہ یہ سب بیوقوفی ہے۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں — میں اپنے خیالات کو اور اپنے کام کو بہت اہم سمجھتا ہوں لیکن دراصل — تم ذرا یہ سوچو کہ آخر ہماری یہ ساری دنیا بس ناپسندیدگی کا ایک بھورا سا ہو ایک بہت ہی چھوٹے سے سیارے پر اگ آیا ہے۔ اور ہم سوچتے ہیں کہ ہمارے پاس شاید کوئی بہت ہی عظیم چیز ہے — خیالات' مصلحت' یہ سب دھول کے ذرے ہیں۔"

مگر میرے بھائی یہ باتیں بھی اتنی ہی پرانی ہیں جتنی دنیا۔"

"پرانی ہیں لیکن پتہ ہے تمہیں' جب آدمی اسے صاف صاف سمجھ لیتا ہے تو سب کچھ جیسے ہلکا ہو جاتا ہے۔ جیسے سمجھ میں آجاتا ہے کہ آج نہیں تو کل ہم مر جائیں گے اور کچھ بھی باقی نہ رہ جائے گا تو پھر سب کچھ ہلکا معلوم ہوتا ہے۔ میں تو اپنے خیالات کو، جو اہم سمجھتا ہوں اور پتہ یہ چلتا ہے کہ اگر ان کو عمل کا روپ بھی دے دوں تو بھی وہ اتنے ہی ناچیز ہیں جتنا اس رنگینی کو نکال لینا۔ تو آدمی زندگی بسر کرتا ہے' افکار سے اور علم سے اپنا جی بہلاتا ہے — آگے بس موت کے بارے میں نہ سوچے۔"

لیوین کی باتیں سن کر اسٹی پان ارکادیچ کے چہرے پر خفیف سی محبت آمیز مسکراہٹ آگئی۔

"یہ تو ظاہر ہے! اور یوں تم میرے ہم خیال ہو گئے۔ یاد ہے تمہیں' تم نے کبھی پر برس پڑے تھے کہ میں زندگی میں لطف اور مسرت تلاش کرتا ہوں؟"

واقعہ' اناکارینینا (۲)

"ہیں' زندگی میں بہرحال اچھائی ہے۔" لیوین گڑبڑا گیا۔ "مگر میں نہیں جانتا۔ میں تو صرف یہ جانتا ہوں کہ جلد ہی مر جاؤں گا۔"

"جلد کس لئے؟"

"اور پتہ ہے تمہیں' اگر موت کے بارے میں سوچو تو زندگی میں دلکشی کم تر ہو جاتی ہے۔ لیکن سکون زیادہ ہو جاتا ہے۔"

"اس کے برعکس' انتظام کے قریب مسرت اور زیادہ ہوتی ہے۔ خیر اب مجھے چلنا چاہئے" اسٹی پان ارکادیچ نے دسویں بار اٹھتے ہوئے کہا۔

"ارے نہیں' بیٹھو بھی!" لیوین نے انہیں روکتے ہوئے کہا۔ "اب کب ملاقات ہوگی؟ میں تو کل چلا جاؤں گا۔"

"میں بھی کیا خوب آدمی ہوں! میں اسی لئے تھا کہ آج کھانے پر میرے ہاں ضرور آؤ۔ تمہارے بھائی ہوں گے' میرے بہنوئی کار منچن ہوں گے۔"

"اچھا کیا وہ یہاں ہیں؟" لیوین نے کہا اور کیٹی کے بارے میں پوچھنا چاہا۔ اس نے سنا تھا کہ شروع جاڑوں میں وہ بیڑس برگ میں اپنی بہن کے ہاں تھیں جو سفیر کی بیوی ہیں اور اسے معلوم نہیں تھا کہ وہ واپس آگئیں یا نہیں۔ لیکن پھر اس نے سوال کرنے کا ارادہ ترک کر دیا۔ "ہوں' نہ ہوں' سب برابر ہے۔"

"تو آؤ گے نہ؟"

"ہاں' ظاہر ہے۔"

"تو بجے کے بعد' اور لباس فیر رسمی۔"

اور اسٹی پان ارکادیچ گھوڑے پر بیٹھ کر چلے گئے اور لیوین نے حاکم اعلیٰ کے ہاں چلے گئے۔ اسٹی پان ارکادیچ کی بدولت انہیں دعوت نامہ نہیں ملا تھا۔ نئے خوفناک حاکم اعلیٰ بہت ہی خشمگیں آدمی نکلے اور اسٹی پان ارکادیچ نے ان کے ساتھ حاشیہ کیا اور اتنی دیر بیٹھے کہ کہیں تین بجے کے بعد الکسینی الکسانڈرووچ کے ہاں پہنچ سکے۔

۷

الکسینی الکسانڈرووچ گھر جا کر گھر سے واپس آکر ساری صبح ہوٹل میں اپنے کمروں ہی میں رہے۔ اس صبح کو انہیں بہت کام کرنے تھے۔ ایک تو پارسوئی توسینتوں کے ایک وفد سے ملنا اور اسے پیٹرس برگ کے لئے روانہ کرنا اور اس وقت پیٹرس برگ جاتے ہوئے ماسکو میں تھا۔ دوسرے وکیل کو خط لکھنا جس کا انہوں نے اس سے وعدہ کیا تھا۔ یہ وفد حالانکہ الکسینی الکسانڈرووچ ہی کی پیش قدمی پر بلایا گیا تھا پھر بھی اس میں مشکلیں تھیں بلکہ کچھ خطرے بھی تھے۔ چنانچہ الکسینی الکسانڈرووچ بہت خوش تھے کہ یہ وفد انہیں ماسکو میں مل گیا۔ اس وفد کے اراکین کو اپنے رول اور اپنی ذمہ داریوں کی رتی بھر بھی سمجھ نہ تھی۔ انہیں بڑی سادہ لوحی کے ساتھ یقین تھا کہ ان کا کام صرف اتنا ہے کہ اپنی ضرورتیں اور اصل صورت حال بیان کر دیں اور حکومت سے مدد کی درخواست کریں۔ وہ اس بات کو بالکل نہیں سمجھتے تھے کہ ان کی کئی درخواستوں اور مطالبات سے مخالف فریق کی تائید ہوتی تھی اور اس طرح سارا معاملہ چوپٹ ہو جاتا تھا۔ الکسینی الکسانڈرووچ ان کے ساتھ دیر تک ہوتے رہے انہوں نے ان کے لئے پروگرام لکھا جس سے انہیں کسی صورت میں بھی انحراف نہ کرنا چاہئے تھا اور ان لوگوں کو رخصت کرنے کے بعد پیٹرس برگ ایک خط لکھا جس میں وفد کے سلسلے میں ہدایات درج کیں۔ اس کام میں خاص معاون کاؤنٹس لیدیا ایوانووا کو ہونا تھا۔ وہ وفدوں کے امور کی ماہر تھیں اور وفد کی رہنمائی اور اس کے لئے صحیح سمت کا تعین کرنے کا کام کوئی بھی ایسا نہ کر سکتا تھا جیسا وہ کر سکتی تھیں۔ اس کام کو ختم کر کے الکسینی الکسانڈرووچ نے وکیل کو بھی خط لکھا۔ ذرا سے بھی پس و پیش کے بغیر انہوں نے وکیل کو اپنی بعض سمجھ کے مطابق عمل کرنے کی پوری آزادی دے دی۔ خط کے ساتھ انہوں نے وکیل کے تین رقعے بھی رکھ دیئے جو انہیں اس رپورٹ فولیو میں ملے تھے جسے انہوں نے آتما سے بھیجا تھا۔

اس وقت سے جب سے الکسینی الکسانڈرووچ اس ارادے سے گھر سے نکلے تھے کہ اب بیوی بچے کے پاس واپس نہیں آئیں گے اور جب سے وہ وکیل کے پاس گئے تھے اور "ایک ہی آدمی سے سہی" اپنے ارادے کے بارے میں بات کر چکے تھے اور خاص طور سے جب سے انہوں نے زندگی کے اس معاملے کو کاغذ کا معاملہ بنا دیا تھا جب سے وہ اپنے ارادے سے روز بروز زیادہ مانوس ہوتے گئے تھے اور اب اس کی تکمیل کے امکان کو صاف صاف دیکھ رہے تھے۔

وکیل کے نام والے لفافے پر انہوں نے مرقاکائی ہی تھی کہ اسٹی پان ارکادیچ کی آواز کی بلند گونج سنائی دی۔ اسٹی پان ارکادیچ سے ملنا چاہتے تھے اور اصرار کر رہے تھے کہ ان کے آنے کی اطلاع کر دی جائے۔

"کیا فرق پڑتا ہے" الکسینی الکسانڈرووچ نے سوچا "اچھا ہی ہے۔ میں ابھی ان کی بہن کے سلسلے میں اپنی صورت حال سے مطلع کر دوں گا اور روٹ طے کر دوں گا کہ کیوں میں ان کے گھر میں کھانا نہیں کھا سکتا۔"

انہوں نے کاغذات اکٹھے کر کے انہیں بستے میں رکھتے ہوئے اونچی آواز میں کہا "اندر آنے کی درخواست کروں؟"

"دیکھا تم نے" صاف جھوٹ بول رہے تھے کہ صاحب نہیں ہیں!" اسٹی پان ارکاڈ تیچ کی آواز نے غدہ نگار کو جو اب دروازے تک پہنچ چکا تھا۔ چلتے چلتے الوشکی نے اوور کوٹ اتارا اور کمرے میں داخل ہو گئے۔ "مجھے بڑی خوشی ہے کہ تم مل گئے! تو مجھے امید ہے کہ..." اسٹی پان ارکاڈ تیچ نے خوشی خوشی بات شروع کی۔

"میں نہیں آسکتا!" الیکسی الکساندرووچ نے کھڑے کھڑے اور مہمان سے بھی بیٹھنے کو کہے بغیر سرد مہری سے کہا۔

الیکسی الکساندرووچ نے اسی وقت سرد مہری سے پیش آنے کے بارے میں سوچا تھا جو انہیں اپنی بیوی کے بھائی کے ساتھ برتنی چاہئے تھی جس کے خلاف انہوں نے طلاق کا مقدمہ شروع کر دیا تھا۔ لیکن انہوں نے نیک دلی کے اس سمندر کو فراموش نہیں رکھا تھا جو اسٹی پان ارکاڈ تیچ کے دل سے امڈا پڑ رہا تھا۔

اسٹی پان ارکاڈ تیچ نے اپنی چمکتی ہوئی صاف آنکھیں بھاڑ کر دیکھا۔

"کس وجہ سے تم نہیں آسکتے؟ تم کہنا کیا چاہتے ہو؟" انہوں نے حیرانی کے ساتھ فرانسیسی میں کہا۔

"نہیں! اس کا تو تم وعدہ کر چکے ہو۔ اور ہم سب تمہاری راہ دیکھ رہے ہیں۔"

"میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میں آپ کے ہاں نہیں آسکتا اس لئے کہ رشتہ داری کے وہ تعلقات جو ہمارے درمیان تھے انہیں اب ختم ہو جانا چاہئے۔"

"کیسے؟ کیوں؟ کیسے؟" اسٹی پان ارکاڈ تیچ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"اس لئے کہ میں آپ کی بہن سے اپنی بیوی سے طلاق لینے کا مقدمہ شروع کر رہا ہوں۔ مجھے چاہئے تھا۔"

لیکن الیکسی الکساندرووچ ابھی اپنی بات ختم بھی نہ کرپائے تھے کہ اسٹی پان ارکاڈ تیچ کا چہرہ ایسا ہو گیا جس کی انہیں بالکل توقع نہ تھی۔ اسٹی پان ارکاڈ تیچ نے ٹھنڈی سانس بھری اور آرام کرسی پر بیٹھ گئے۔

"نہیں! الیکسی الکساندرووچ، تم کہہ کیا رہے ہو؟" الوشکی نے اٹھنے اور ان کے چہرے پر دکھ کے تاثرات دیکھ ہو گئے۔

"ایسا ہی ہے۔"

"مجھے معاف کرنا میں اس کا یقین نہیں کر سکتا، کسی طرح نہیں کر سکتا۔"

الیکسی الکساندرووچ یہ محسوس کر کے بیٹھ گئے کہ ان کے الفاظ نے وہ عمل نہیں کیا جس کی انہیں توقع تھی اور یہ کہ انہیں ضرور وضاحت کرنی پڑے گی اور یہ کہ ان کی وضاحت چاہے کیسی بھی کیوں نہ ہو ان کے سالے کے ساتھ ان کے تعلقات ویسے ہی رہیں گے جیسے تھے۔

"ہاں، میرے لئے یہ ایک تکلیف دہ ضرورت بنا دی گئی ہے کہ میں طلاق کا مطالبہ کروں" انہوں نے کہا۔

"الیکسی الکساندرووچ، میں صرف ایک بات کہتا ہوں۔ میں تمہیں ایک بہت عمدہ انصاف پسند شخص کی حیثیت سے جانتا ہوں، آنا کو بھی جانتا ہوں، مجھے معاف کرنا میں ان کے بارے میں اپنی رائے نہیں بدل سکتا، کہ وہ بہت ہی اچھی اور عمدہ عورت ہیں۔ اس لئے مجھے معاف کرنا کہ میں اس کا یقین نہیں کر سکتا۔ اس میں کوئی

غلط فہمی ہے" انہوں نے کہا۔

"ہاں شاید یہ صرف غلط فہمی ہو۔"

"معاف کرنا، میں سمجھتا ہوں" اسٹی پان ارکاڈ تیچ نے قطع کلام کیا "لیکن معقول بات یہ ہے۔ صرف ایک 'جلدی نہ کرنی چاہئے۔ ہرگز ہرگز جلدی نہ کرنی چاہئے!"

"میں نے جلدی نہیں کی!" الیکسی الکساندرووچ نے سرد مہری سے کہا "اور ایسے معاملے میں کسی سے مشورہ تو کیا نہیں جا سکتا۔ میں نے پکا فیصلہ کر لیا ہے۔"

"بہت ہی بھیانک بات ہے!" اسٹی پان ارکاڈ تیچ نے گہری سانس لے کر کہا "میں سمجھا الیکسی الکساندرووچ ایک کام تو کیا ہوتا۔ میں تم سے منت کرتا ہوں، تم بھی کرو!" انہوں نے کہا "جہاں تک میں نے سمجھا ہے مقدمہ ابھی شروع نہیں ہوا۔ مقدمہ شروع کرنے سے پہلے میری بیوی سے مل لو، ان سے بات کرلو۔ وہ آنا کو پیار کرتی ہیں، جس کی طرح تم کو پیار کرتی ہیں، وہ وہ حیرت انگیز عورت ہیں۔ خدا کے واسطے ان سے بات کرلو، میرے ساتھ اتنی دوستی برتو جتنی میں تم سے اتنا پیار کرتا ہوں۔"

الیکسی الکساندرووچ سوچنے لگے اور اسٹی پان ارکاڈ تیچ انہیں ہمدردی سے دیکھتے رہے اور اس کی خاموشی میں خلل نہیں ہوئے۔

"تو تم ان کے پاس آؤ گے؟"

"مجھے یقین نہیں، اس لئے نہیں کہ میں نے ان کے ہاں نہیں آنا، میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے تعلقات کو بدل جانا چاہئے۔"

"کس لئے؟ میری تو سمجھ میں نہیں آتا۔ تم روا رکھو تو میں تو یہ سوچتا ہوں کہ ہمارے رشتہ دارانہ تعلقات کے ساتھ ہی تم میرے لئے بھی ایک 'ایک حد تک ہی سہی' ذاتی دوستانہ جذبات رکھتے ہو جو تمہارے لئے بیشتر سے میرے دل میں ہیں۔" اور سہما، احترام" اسٹی پان ارکاڈ تیچ نے ان کا ہاتھ دباتے ہوئے کہا۔ "اگر تمہارے بدترین مفروضات بھی صحیح ہوں، جب کہ میں ایک فیصد بھی ایسا نہیں مانتا اور بھی۔ یوں کہ اور مجھے کوئی سبب نہیں نظر آتا کہ کیوں ہمارے تعلقات کو بدل جانا چاہئے۔ چلو ابھی تو تم یہ کہو کہ 'کے میری بیوی سے ملو۔"

"مگر ہم اس معاملے کو بالکل مختلف طرح سے دیکھتے ہیں" الیکسی الکساندرووچ نے سرد مہری سے کہا "اور بہرحال ہم اس کی بات نہیں کریں گے۔"

"نہیں، تمہارے یہ آنے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟ آج کھانے پر بھی سہی؟ میری بیوی تمہارا انتظار کریں گی۔ مہربانی کر کے آجانا۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ان سے بات کرنا۔ وہ حیرت انگیز عورت ہیں۔ خدا کے واسطے میں گھنٹوں کے بل بیٹھ کر تم سے منت کرتا ہوں!"

"اگر آپ اصرار ہی چاہتے ہیں تو میں آؤں گا" الیکسی الکساندرووچ نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا اور بات چیت کا موضوع بدلنے کی خواہش کے تحت انہوں نے اس کے بارے میں پوچھا جس سے دونوں کو دلچسپی تھی۔ اسٹی پان ارکاڈ تیچ کے نئے حاکم اعلیٰ کے بارے میں "ابھی معمر آدمی نہیں تھا لیکن جس نے اچانک اپنا بلند عہدہ حاصل کر لیا تھا

کاؤنٹ ایچکن کو الیکسی الکساندرووچ پسند تو پہلے بھی کرتے تھے اور ان کی رائے میں کاؤنٹ سے

ہمیشہ اختلاف رہتا تھا، لیکن اب تو دونوں کے اس جملے کو داد ہی نہیں سکتے جسے ملازمت پیشہ لوگ اچھی طرح سمجھتے ہیں 'نوکری ملازمت میں ناکام ہونے والے کے دل میں اس شخص کے لئے ہوتی ہے جس کو ترقی ملی ہو۔

"تو کیا تم نے ان سے ۳۲ کیسی اکلسانڈر روچ نے زہرخند کے ساتھ کہا۔

"کیوں نہیں، کل وہ ہمارے ہاں عدالت میں آئے تھے لگتا ہے وہ کام کو اچھی طرح جانتے ہیں اور بہت کارگزار ہیں۔"

"ہاں لیکن اس کارگزاری کا رخ کس طرف ہوتا ہے؟" کیسی اکلسانڈر روچ نے کہا۔ "اس طرف کہ کام کیا جائے یا اس طرف کہ جو ہو چکا ہے اسے پھر سے کیا جائے؟ ہماری ریاست کی بدقسمتی ہے یہ کاغذی انقلاب جس کے وہ بڑے قائل نظر آتے ہیں۔"

"مجھے یہ کہ میں نہیں جانتا کہ ان پر کس چیز کے سلسلے میں اعتراض کیا جا سکتا ہے۔ ان کے رنگ ڈھنگ مجھے پسند نہیں لیکن ایک بات ہے۔ آدمی بہت شاندار ہے" اسٹی پان ارکاڈ ہیچ نے کہا۔ "میں ابھی ان کے پاس سے کیا تھا اور سچ کہتا ہوں شاندار آدمی ہے۔ ہم نے ساتھ ناشتہ کیا اور میں نے انہیں پہ مشروب مایا سکھایا۔ پتہ ہے کیسی 'سنترے' اور شراب کو ملا کر بڑی لطف کی چیز بناتی ہے اور تعجب کی بات ہے کہ انہیں اس کے بارے میں معلوم نہیں تھا۔ انہیں بہت پسند آئی۔ لیکن ہیچ 'وہ بہت ہی عمدہ آدمی ہیں۔"

اسٹی پان ارکاڈ ہیچ نے گھڑی دیکھی۔

"ارے بھائی، مجھے چار تو بج چلے، ذرا بھی لطف نہ آیا۔ کیسی کے پاس بھی جانا ہے۔ تم ضرور آنا، تم تصور نہیں کر سکتے کہ وہ کتنے اچھے ہیں اور بیوی کو کتنا درج ہو گا۔"

کیسی اکلسانڈر روچ نے سالے کو اس طرح بالکل نہیں، رخصت کیا جیسے استقبال کیا تھا۔

"میں نے وعدہ کر لیا ہے اور آؤں گا" انہوں نے غمگین لہجے میں جواب دیا۔

"چلیں جانے دیں، میں اس کی بڑی قدر کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ تم بھی پچھتاؤ گے نہیں" اسٹی پان ارکاڈ ہیچ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

اور چلتے میں اوور کوٹ پہنتے ہوئے انہوں نے اتفاق سے خدمتگار کے سر پر ہاتھ پھیرا، ہنسے اور چلے گئے۔

دروازے پر پہنچ کر انہوں نے ایک بار اور پکار کر کہا "پانچ بجے اور خبردار کپڑے تبدیل کر کے!"

۶

پانچ بج چکے تھے اور کئی منٹ اوپر بھی ہو چکے تھے تب کہیں جا کر صاحب خانہ گھر پہنچے۔ وہ سر کیسی ایوانووچ کوریشنف اور جیسوف کے ساتھ ہی داخل ہوئے جو صدر دروازے میں ایک ہی وقت پہنچے تھے۔ یہ بھول اور شکی بالکل کے دشمن جگتے تھے، وہ خاص عقیدت سے تھے۔ اپنے مزاج اور اپنی عادت کی بنا پر دونوں کا یہ احترام کیا جاتا تھا۔ دونوں ایک دوسرے کی بھی عزت کرتے تھے لیکن اس میں تقریباً ہر چیز میں بالکل ایک دوسرے سے متضاد رہتے تھے اور عام رائے ہونے کی بھی امید بھی۔ کبھی اس لئے نہیں کہ ان کا تعلق مختلف اندار فکر سے تھا بلکہ اس لئے کہ وہ ایک ہی سیب میں سے دو آدھے لے لیتے، جس انہیں گڈمڈ کر کے ایک ہی سمجھتے تھے) لیکن اس کیمپ میں سے ہر ایک فائٹنگ تھا اور چونکہ اتفاق رائے کے لئے تم تجویزی چیزوں میں اختلاف رائے کے کارگر ہونے چیز نہیں ہوتی اس لئے دونوں نے صرف یہ کہ کبھی ہم رائے نہیں ہوتے تھے بلکہ ایک

دوسرے کی ناقابل تحمل کج فہمی پر بغیر کسی غصے کے مذاق اڑانے کے عادی ہو گئے تھے۔

وہ موسم کی باتیں کرتے ہوئے دروازے میں داخل ہو رہے تھے کہ اسٹی پان ارکاڈ ہیچ نے انہیں دیکھا۔ ڈرائنگ روم میں ایوانووچ کے خسر نس اکلسانڈر دمیتریوچ شیربا ٹسکی، ان کا بھتیجا نوجوان شیربا ٹسکی، ڈوروتھیسی، کیسی اور کارمینوف پہلے ہی سے بیٹھے تھے۔

اسٹی پان ارکاڈ ہیچ نے غور سے دیکھ لیا کہ ڈرائنگ روم میں ان کے بغیر معاملہ گرم ہو رہا ہے۔ دراصل اکلسانڈر روچ اپنے خاص موضوعوں والے سرسری، یعنی سیاسی میں موجود تھیں لیکن وہ اس وجہ سے بھی فکرمند تھیں کہ بچوں کو ان کے کمرے میں اکیلے کھانا کھانا پڑ رہا تھا اور اس وجہ سے بھی کہ شوہر ابھی تک نہیں آئے تھے اور وہ ان کے بغیر اس معاشرے میں اچھی طرح رہا ضبط نہیں پیدا کر پا رہی تھیں۔ سب اس طرح بیٹھے ہوئے تھے جیسے پارلیمنٹ کی بیٹیاں کسی کے ہاں ملنے آئی ہوں (جیسا کہ بوڑھے پرنس نے کہا) بظاہر ان کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ لوگ یہاں کیوں پہنچ گئے ہیں اور سب کو شش کر کے بچکانہ بنا رہے تھے تاکہ چپ رہیں۔ ایک دل توڑ قسم صریحی طور پر خود کو اپنے ہاتھوں میں نہیں محسوس کر رہے تھے اور موٹے موٹے ہونٹوں کی مسکراہٹ نے جس سے انہوں نے اسٹی پان ارکاڈ ہیچ کا آخیر مقدم کیا 'بالکل جیسے الفاظ میں کہا "کیوں بھائی، تم نے مجھے ذہین لوگوں کے ساتھ بٹھایا ہے یا بیوقوفوں کے ساتھ؟" شائستگی کی خاطر "میں ہوتے تو میرے چہرے پر یہ بات ہوتی۔ بوڑھے پرنس چپ بیٹھے تھے اور کبھی کبھی اپنی پھٹکتی ہوئی آنکھوں سے مہمان کو دیکھ لیتے تھے۔ اسٹی پان ارکاڈ ہیچ سمجھ گئے کہ پرنس نے کوئی نہ کوئی طنزیہ جواب سوچ لیا تھا جس سے اس سرکاری شخصیت پر نہایت کاٹ جائے جس سے ملنے کے لئے لوگوں کو اس طرح بلایا گیا ہے جیسے اسٹیج میں بچھلی کی دعوت ہو۔ کیسی رومانے کی طرف دیکھ رہی تھی اور اپنی ساری قوت یکجا کئے ہوئے تھی کہ کنسٹن ٹن ہوین جب داخل ہو تو اس کا پیچھا نہ چھوڑے۔ نوجوان شیربا ٹسکی کا تعارف کارمینوف سے نہیں کرایا گیا تھا اور وہ یہ کھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ اس سے دوستانہ بھی نہ لگے۔ کارمینوف پہلے ہی سے بیٹھا تھا۔ وہ اس معاشرے کے دستور کے مطابق کہ جب دعوت میں خواتین بھی ہوں تو فراک کوٹ اور سفید ٹائی پہن کر آنا چاہئے اسی طرح آئے تھے اور اس سے آئے تھے کہ رہائش دی ہے تو وعدہ پورا کرنا چاہئے اور وہ اس معاشرے میں موجود رہ کر ایک تکلیف دہ فرض ادا کر رہے تھے۔ وہی اس سوسائٹی کے سب سے بڑے عہدیدار تھے جس نے اسٹی پان ارکاڈ ہیچ کے پہنچنے سے پہلے سارے مہمانوں کو جمع کر لیا تھا۔

ڈرائنگ روم میں داخل ہوتے ہی اسٹی پان ارکاڈ ہیچ نے معافی مانگی اور وضاحت کی کہ انہیں فلاں شخص نے روک لیا تھا جو ان کے لئے بہت ساری تجویزیں اور غیر حاضریوں کا کاغذ بنائے جا رہے تھے۔ ایک منٹ میں انہوں نے سب سے سب کا تعارف کرا دیا اور کیسی اکلسانڈر روچ اور لاوینشیف کو بلیارڈ کے پویلین کے روسی بنائے جانے کا موضوع چھیڑ دیا جس میں ان لوگوں نے فوراً ہی جیسوف کو بھی الجھا لیا تو ڈوروتھیسی کے گھٹنے سے ہاتھ مار کر اس کے ہاں میں کوئی بہانے دی بات کہی اور انہیں اپنی بیوی اور بچوں سے پاس بلا لیا۔ پھر انہوں نے کیسی سے کہا کہ وہ آج بڑی خوبصورت لگ رہی ہیں اور نوجوان شیربا ٹسکی کا مذاق اڑانے کا موقع دیا۔ ایک منٹ میں انہوں نے اس سوسائٹی نے کو ایسا بنا دیا کہ ڈرائنگ روم میں باتیں چیت اور ہنسی اور بات چیت کی آوازیں گونجنے لگیں۔ صرف کنسٹن ٹن ہوین ابھی تک نہیں آیا تھا۔ انہیں یہ اچھا نہیں لگا تھا کہ کھانے کے کمرے میں اسٹی پان ارکاڈ ہیچ یہ دیکھ کر بوکھلا گئے کہ پورٹ اور جیرس کی بوتلیں سامنے ہیں

بلکہ دیوے کے ہاں سے لائی گئی تھی وہ یہ انتظام کر کے کہ کوچوان کو جتنی جلد ممکن ہو لیوے کے ہاں بھیجا جائے پھر سے ذرا انگلے روم کی طرف چلے۔

کھانے کے کمرے کے دروازے پر ان کی ملاقات کنسٹنس تن لیوین سے ہو گئی۔

"کچھ دیر تو نہیں ہوئی؟"

"کیا واقعی تم ہر شے بغیر سیں بیچ سکتے ہو؟" اتی پان ارکاد تچ نے اس کا ہاتھ لے کر بغل میں دباتے ہوئے کہا۔

"تمہارے ہاں تو بہت لوگ ہیں؟ کون کون ہے؟" لیوین سے دستانوں سے ٹوپی کی برف جھاڑتے ہوئے پوچھا اور اس کا چہرہ بے اختیار سرخ ہو گیا۔

"سب اپنے ہی ہیں۔ کیٹی بھی ہیں۔ چلو میں تمہیں کارسٹن سے ملا دوں۔"

اتی پان ارکاد تچ اپنے لبس خیالات کے باہو جا رہے تھے کہ یہ ہوی نہیں سکتا کہ کارسٹن سے تعارف کسی کے لیے بھی پسندیدہ ہو۔ اس سے وہ اپنے بہترین دوستوں کو اس شرف سے نوازتے تھے لیکن کنسٹنس لیوین اس وقت اس حالت میں نہیں تھا کہ اس تعارف کی ساری خوشی اور طمانیت کو محسوس کر سکے۔ وہ کیٹی سے اس شام کے بعد سے ملا تھا جو اس کے دل میں الفت ہو گئی تھی۔ جب وہ دروازے کی طرف سے اس سے ملا تھا۔۔ اگر اس منظر کو شمار نہ کیا جائے جب اس نے کیٹی کو بوڑھی سرب پر دیکھا تھا۔ وہ اپنے دل کی گہرائی میں جانتا تھا کہ آج یہاں وہ بیٹی سے ملے گا نہیں اپنے دل کی حالت پر کسی طرح کی آرائی برقرار رکھتے ہوئے وہ اپنے آپ کو یقین دلانے کی کوشش کر رہا تھا کہ وہ یہ نہیں جانتا۔ اب جو اس سے یہ ہو سکا کہ وہ یہاں ہے تو اچانک اسے ایسی خوشی اور اس کے ساتھ ہی ایسے خوف کا احساس ہوا کہ اس کی اپنی سانس اوپر اور نیچے ہی پھنس رہ گئی اور اس کی زبان سے وہ الفاظ ہی نہیں جو وہ کہنا چاہتا تھا۔

"یہی ہیں وہ کیسی ہیں؟ وہی ہی جیسی پہلے تھیں یا وہی جیسی کبھی میں نظر آئی تھیں؟ اور جو وارٹا الکساندروونا نے کہا تھا وہ سچ ہو تو؟ اور سچ آخر کیوں نہ ہو گا؟" اس نے سوچا۔

"ہاں" مہربانی کر کے مجھے کارسٹن سے ملا دو" اس نے بہ مشکل کہا اور نا امیدانہ عزم کے ساتھ وہ ذرا انگلے روم میں داخل ہوا اور اس نے کیٹی کو دیکھا۔

وہ ویسی نہیں تھی جیسی پہلے تھی اور نہ ویسی جیسی کبھی میں نظر آئی تھی وہ بالکل ہی مختلف تھی۔

وہ کسی ہوئی خفیف سی ہوئی شرمندہ سی تھی اور اسی لئے اور بھی دلکش لگ رہی تھی۔ اس نے لیوین کو اسی وقت دیکھ لیا جس وقت وہ کمرے میں داخل ہوا وہ اسی کا انتظار کر رہی تھی۔ وہ خوش ہو گئی اور اپنی خوشی سے اس قدر مغلوب ہو گئی کہ ایک منٹ بھر کا وقفہ ایسا آیا کہ اب لیوین خاتون خانہ کے پاس گیا اور اس نے پھر کیٹی پر نظر ڈالی تو اسے اتی پان ارکاد تچ کا یہ کہنا کہ کیٹی کو ایسا لگا کہ جیسے وہ صبر نہ کر پائے گی اور رو پڑے گی۔ اس کے چہرے کا رنگ سرخ ہو، بالکل سفید ہوا اور پھر سے سرخ ہوا اور وہ ساکت و صامت ہو گئی۔ بس اس کے ہونٹ ذرا ذرا کانپ رہے تھے وہ لیوین کے آنے کا انتظار کر رہی تھی وہ اس کے پاس گیا، تعظیم میں سر جھکا کر بغیر کچھ کہے ہوئے اس نے اپنا ہاتھ بڑھا دیا۔ کیٹی کے ہونٹ اور ذرا ذرا کانپ رہے ہوتے اور آنکھوں میں بھی۔ ہوتی جس سے اس کی چمک اور بڑھ گئی تھی تو اس کی مسکراہٹ کو پر سکون کہا جا سکتا تھا جب اس نے کہا:

"کتنے دن ہو گئے ملے ہوئے!" اور اس نے نا امیدانہ عزم کے ساتھ اپنے ننھے سے ہاتھ سے اس کا ہاتھ

لا۔

"آپ نے مجھے نہیں دیکھا لیکن میں نے آپ کو دیکھا تھا" لیوین نے خوشی سے دمکتی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "میں نے آپ کو دیکھا تھا جب آپ ریلوے اسٹیشن سے برگشودہ جا رہی تھیں۔"

"کب؟" کیٹی نے تعجب سے پوچھا۔

"آپ برگشودہ جا رہی تھیں" لیوین نے کہا اور محسوس کیا کہ اس کا دل خوشی سے اس قدر لبریز ہے کہ وہ سسکیاں لینے لگے گا۔ وہ سوچ رہا تھا "اور کیسے میں نے یہ ہمت کی کہ اس دل کو محسوس ہونے والی ہستی کے ساتھ کسی طرح کی مخصوصیت کا امکان وابستہ کیا اور لگتا ہے جو کچھ وارٹا الکساندروونا نے کہا تھا وہ سچ ہی ہے۔"

اتی پان ارکاد تچ نے لیوین کا ہاتھ پکڑا اور اسے کارسٹن کے پاس لے گئے۔

"تعارف کرانے کی اجازت دیجئے" اور انھوں نے دونوں کے نام لئے۔

"بڑی خوشی ہوئی دوبارہ مل کر" کنسٹنس الکساندروونا نے لیوین سے ہاتھ ملاتے ہوئے مسکراہٹ سے کہا۔

"آپ ایک دوسرے کو جانتے ہیں؟" اتی پان ارکاد تچ نے تعجب سے پوچھا۔

"ہم تین گھنٹے ریل گاڑی کے ڈبے میں ساتھ رہے ہیں" لیوین نے مسکراتے ہوئے کہا "اور پھر چلے گئے جیسے لوگ عالم بوکھلاہٹ میں سے جاتے ہیں۔۔ دل میں یہ کہہ لیتے ہوئے کہ دوسرا کون تھا کم سے کم میں تو اس طرح کیا تھا۔"

"اچھا تو اب ناشتہ کے لئے تشریف لے چلئے!" اتی پان ارکاد تچ نے کھانے کے کمرے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

سب مرد کھانے کے کمرے میں گئے اور میز کی طرف آئے جس پر نقل و گزک لگی تھی انواع قسم کا وارکا اتی ہی قسم کی پیر خن میں بکھ کے ساتھ چاندی کی کفگیریاں تھیں اور بکھ کے ساتھ نہیں تھیں، سیر تک چلی تھی، مختلف قسم کے نوچے اور مربے اور فرانسیسی ڈبل روٹی کے پتلے پتلے سلاسوں کی طشتریاں۔

سارے مرد خوشبودار وارکا اور نقل و گزک کے پاس کھڑے تھے اور سرگئی ایوانوچ کوریشیف اور کارسٹن وہ جنسوف کے درمیان پولینڈ کو روسی بنانے کے بارے میں بات چیت کھانے کے انتظار میں ملتوی ہو گئی تھی۔

سرگئی ایوانوچ اس فن میں سب سے بڑے ماہر تھے کہ انتہائی تجریدی اور مجردہ بحث کو بھی کسی بہت ہی ٹھیکے اور پھبتے ہوئے فقرے سے تمام کر دیں اور اس طرح ہم کلام لوگوں کی مزاجی کیفیت کو بالکل بدل دیں۔ انھوں نے اس وقت بھی یہی کیا۔

کنسٹنس الکساندروونا نے یہ ثابت کیا تھا کہ پولینڈ کو روسی بنانے کا عمل صرف بلند تر حصوں کے نیچے ہی یہ عمل تکمیل تک پہنچایا جا سکتا ہے جیسے روسی انتظامیہ کو بوڑھے کارلوڈا چاہئے۔

جنسوف اس بات پر اصرار کر رہے تھے کہ ایک قوم دوسری کو کبھی اپنے آپ میں ضم کر سکتی ہے جب وہ دوسرا وحشیان ہو۔

کوریشیف کو بعض شرائط کے ساتھ ان سے بھی اتفاق تھا اور ان سے بھی لیکن بس جزوی طور پر۔ جب وہ ڈائننگ روم سے گزر رہے تھے تو بات چیت کو ختم کرنے کے لئے کوریشیف نے مسکراتے ہوئے کہا:

"اس لئے وہ دوسری قوموں کو روندنے کا بس ایک ہی ارادہ ہے' جہاں تک ہو سکے زیادہ سے زیادہ پیسہ کمانا تو میرا اور میرے بھائی کا مکمل قومی فریضہ ہے' اور آپ شادی شدہ حضرات' اور خاص طور سے آپ اسی یاں اور کاتھ کی طرح سے دشمن دوستی کا ثبوت دے رہے ہیں۔ کتنے بچے ہیں آپ کے؟" وہ مشکلانہ مسکراہٹ کے ساتھ صاحب خانہ سے مخاطب ہوئے اور اپنا شراب کا بھرا ہوا جام ان کی طرف بڑھایا۔

سب لوگ ہنس پڑے اور سب سے زیادہ خوش دلی کے ساتھ اسی یان ہار گلا تھے۔

"ہاں' ہاں یہی سب سے اچھا رہے گا" انہوں نے پنیر کا ایک ٹکڑا اپنا تے ہوئے اور ان کی طرف جام بڑھاتا کیا تھا اس میں کوئی خاص دلکا پن محسوس ہوئے کہا۔ اس مذاق پر بات چیت ختم ہو گئی۔

"یہ پیروی نہیں ہے' اجارت ہے؟" صاحب خانہ نے کہا "کیا تم نے پھر جنسانک شروع کر دی؟" وہ لیوین سے مخاطب ہوئے اور دائیں ہاتھ سے اس کے بازو کے پٹھوں کو دبایا۔ لیوین نے مسکرا کر اپنا ہاتھ موڑ لیا اور اسی یاں اور کاتھ کی لڑکیوں کے پیچھے گول پیڑ کی طرح کی گھومتی پھلی پھلکی سوتی کپڑے کے جیکٹ کے نیچے ابھر تی ہوئی۔

"کیا وہیں! بالکل یہیں!(۱)"

"میرے خیال میں ریچھ کے شکار کے لئے بڑی طاقت کی ضرورت ہوتی ہو گی" کلیسی الکساندرووچ نے کلیسی کے شکار کے بارے میں بہت ہی معمولی سا اندازہ لگاتا ہوا کہا' جیسے باریک سا کانس پر بیٹھ لگاتے ہوئے کہا۔

لیوین مسکرا دیا۔

"بالکل نہیں۔ اس کے لئے کوئی خاص بھی ریچھ کو مار سکتا ہے" اس نے کہا اور خواتین کے لئے ورا ہی تعظیم سے ایک طرف ہو گیا وہ صاحب خانہ کے ساتھ قفل و گرک کی میز کی طرف آ رہی تھیں۔

"اور لوگوں سے مجھے بتاؤ کہ آپ نے ریچھ کا شکار کیا؟" کیٹی نے کہا۔ وہ کانٹے سے ایک کھمبی کو اٹھانے کی کوشش کر رہی تھی جس سے اس کی آستین کی لیس کی جھالر الجھ رہی تھی لیکن کھمبی پھسل جاتی تھی۔ "کیا واقعی ریچھ ہیں آپ کے علاقے میں؟" اس نے اپنا خوبصورت سر ہلکی سی طرف اس کی طرف موڑ کر مسکراتے ہوئے اضافہ کیا۔

لگتا تو یہ تھا کہ اس نے وہ کچھ کہا تھا اس میں کوئی بھی غیر معمولی بات نہ تھی لیکن جب اس نے یہ کہا تو لیوین کے لئے 'ہاں کی ہر گونج میں' کلیسی کی 'باتوں کی ہر جنبش سے اپنے معنی تھے جن کا اظہار الفاظ میں کیا ہی جا سکتا تھا۔ اس میں معاف کر دینے کی درخواست بھی تھی اور اس پر اعتماد اور پیار لطیف شرمایا ہوا پیار بھی وعدہ بھی اور امید بھی' اور اس کے لئے محبت بھی جس پر تھیں۔ کہ اب اس کے لئے خلش ہی نہ تھا اور جس کی خوشی سے اس کا دل گھٹا جا رہا تھا

"نہیں ہم نوبر صوبے میں گئے تھے۔ وہیں سے دیس آتے ہوئے ریل گاڑی کے ڈبے میں میں آپ کے برادر بڑی بلند بردار سختی سے ہنوئی سے ملا تھا" اس نے مسکراتے ہوئے کہا "بڑی ہی مضحکہ خیز ملاقات تھی۔"

اور اس نے بہت ہی خوش خوش اور پرمذاق انداز میں بیان کیا کہ کیسے وہ ساری رات نہیں سویا تھا اور پوتیں کا کو سے پیے ہوئے کلیسی الکساندرووچ کے اپنا نصف میں مجمس کیا۔

"تنہ کرنے کہاوت کے بر عکس میرا لباس دیکھ کر مجھے وہاں سے باہر نکال دینا چاہا لیکن میں نے فوراً ہی سونے لفظوں کا استعمال کرنا شروع کر دیا اور۔ آپ بھی" اس نے کار سنین سے مخاطب ہو کر کہا جن کا نام اور ولدیت وہ بھول گیا تھا "شروع میں تو یہ سنین کے کوٹ کی بیاہ پر مجھے بھگا دینا چاہتے تھے لیکن پھر آپ نے میری طرفداری کی جس کے لئے میں بہت شکر گزار ہوں۔"

"ویسے بھی جگہ کے انتخاب کے سلسلے میں مسافروں کے حقوق بالکل غیر متعین ہیں" الکسی الکساندرووچ نے رومال سے اپنی انگلیوں کے پوروں کو پونچھتے ہوئے کہا

"میں نے دیکھا کہ آپ میرے سلسلے میں کچھ طے نہیں کر پا رہے ہیں" لیوین نے ٹیڑھی سے مسکراتے ہوئے کہا "اس لئے میں نے بڑی جلدی سے اشارہ بات شروع کر دی تاکہ اپنے پر سنین کے کوٹ کی ملائی کر سکوں۔"

سرگئی ایوانووچ خاتون خانہ سے باتیں کر رہے تھے اور ایک کان سے بھائی کی باتیں سن رہے تھے انہوں نے تعجب سے اسے دیکھا۔ "یہ آج اسے ہو کیا گیا ہے؟ ایسا خاموش ہوا ہے" انہوں نے سوچا وہ نہیں جانتے تھے کہ لیوین کو ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے اس کے پر نکل آئے ہوں لیوین جانتا تھا کہ کیٹی اس کی باتیں سن رہی ہے اور اسے سننا اچھا لگ رہا ہے اور اسے اس کی چاہت تھا صرف اس کمرے میں نہیں بلکہ ساری دنیا میں اس کے لئے صرف وہ تھا' اب اپنی نظروں میں بہت اہم اور وقیع ہو گیا تھا اور وہ خود کو ایسی بلندی پر محسوس کر رہا تھا جہاں سر چکرا رہا تھا اور کہیں نیچے بہت دور پر سب ٹیک اور اچھے لوگ کار سنین' الا سنکی تھے اور باقی پوری دنیا تھی۔

بالکل اس طرح کہ کسی نے اس کی طرف دھیان بھی نہیں دیا' ان دونوں کی طرف بھی دیکھے بغیر جیسے اب اور کہیں بھاگنے کی جلدی ہے۔ وہی ہوا' آنچ پان اور کاتھ نے لیوین اور کیٹی کو پاس بلا لیا

"اچھا تم یہیں بیٹھ جاؤ" انہوں نے لیوین سے کہا۔

کھانا بھی اتنا ہی اچھا تھا جتنے کہ برتن' جس کا شیاں اور کاتھ کو بڑا شوق تھا شوربہ "ماری لویز" بہت ہی کامیاب رہا' سوسے بہت ہی خستہ تھے' آپ کے منہ میں رکھتے ہی گھل جائیں اور بڑی مہارت سے بنائے گئے تھے دو خدمتگار اور ماتویئ' سفید ٹائیاں لگائے ہوئے' کھانے اور شرابیں پیش کرنے کا کام بڑی حاسوشی اور عرق ریزی سے کر رہے تھے۔ خوراک' ماری پیلو سے بھی کامیاب تھی اور شیمپین سے بھی۔ بات چیت بھی عام بھی' دلچسپ موضوعات پر ہوتی رہی اور چھیل سیس پڑی اور کھانا ختم ہونے ہوتے اتنی جان ہو گئی کہ مرد باتیں کرنے ہی ہوئے میز کے پاس سے اٹھے' یہاں تک کہ کلیسی الکساندرووچ بھی ہوش میں آ گئے تھے۔

10

سرگئی ایوانووچ کو آخر تک بحث کرنے رہنا پسند تھا اور وہ سرگئی ایوانووچ کے نقطے سے مطمئن نہیں ہوئے تھے اس لئے اور بھی کہ وہ خود اپنی رائے کی بالادستی کو محسوس کر رہے تھے۔

"میرا بھی یہ مطلب نہیں تھا" انہوں نے شوربہ کے دوران میں کلیسی الکساندرووچ سے کہا "کہ صرف آبادی کے گنجان ہونے کے ذریعے بلکہ جائیدادوں کو ایک کر کے نہ کہ اصولوں کے ذریعے۔"

"مجھے لگتا ہے" کلیسی الکساندرووچ نے بغیر کسی جلدی کے بیدلی سے جواب دیا "یہ ایک ہی بات ہے

محض رائے میں دوسری قوم پر وہی قوم اثر انداز ہو سکتی ہے جو زیادہ ترقی یافتہ ہو۔"

"یہی تو سوال ہے" جسٹسوف نے اپنی بھاری آواز سے ان کی بات کاٹ دی۔ وہ ہمیشہ بولنے کی جلدی میں رہتے تھے اور لگتا تھا کہ جو کچھ وہ کہہ رہے تھے دل و جان سے کہہ رہے تھے "زیادہ ترقی یافتہ ہونے کو کس چیز میں فرض کیا جا سکتا ہے؟ انگریز، فرانسیسی، جرمن، کون ان قوتوں کے بلند ترین زینے پر ہے؟ کون ان میں سے دوسرے کو ہموار سے گا؟ ہم دیکھتے ہیں کہ روس فرانسیسی بن گیا لیکن جرمن قوم کم ترقی یافتہ تو نہیں ہے! وہ جنگ اس میں دوسرا ہی قانون ہے!"

"مجھے لگتا ہے کہ اثر پذیری تعلیم و تہذیب کا ہوتا ہے" کلیسی الکساندرووچ نے دراساھوں چڑھا کر کہا

"لیکن ہمیں کن چیزوں کو اپنی تعلیم و تہذیب کی علامتیں فرض کرنا چاہئے؟" جسٹسوف نے کہا

"میں سمجھتا ہوں کہ یہ علامتیں بہت معروف ہیں" کلیسی الکساندرووچ نے کہا۔

"کیا پوری طرح معروف ہیں یہ علامتیں؟" سرگئی ایوانووچ نے خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔ "اب یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ اصلی تعلیم و تہذیب صرف خالص کلاسیکی ہو سکتی ہے۔ لیکن ہم دونوں طرف سے گواہ گزر بھگتیں سنتے ہیں اور کسی سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ خالص کیمپ کے پاس بھی اپنی بات کے حق میں قوی دلیلیں ہیں۔"

"سرگئی ایوانووچ" یہ تو کلاسیکی عالم ہیں۔ سرخ شراب کا ایک گلاس لیں گے؟" اسٹی پان ارکادیچ نے کہا۔

"میں اس بات میں تعلیم و تہذیب کے بارے میں اپنی رائے نہیں بیان کر رہا ہوں" سرگئی ایوانووچ نے نہایت تیز مسکراہٹ کے ساتھ کہا جیسے کسی بچے کو جواب دے رہے ہوں "اور اپنا گلاس بڑھایا۔ "میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ دونوں فریقوں کے پاس قوی دلیلیں ہیں" انہوں نے کلیسی الکساندرووچ سے مخاطب ہو کر اپنی بات جاری رکھی۔ "تعلیم کے اظہار سے میں مائل ہوں لیکن اس بحث میں ذاتی طور پر میں اپنی چمک نہیں اخذ نہ کر سکتا مجھے لوں، طبعی، کیمیکل سبھی کی کلاسیکی علوم کو سائنسی علوم پر کیوں ترجیح دی جاتی ہے۔"

"یہ بھی ماننا پڑے گی اس قدر تعلیمی ارتقائی اثر رکھتی ہیں" جسٹسوف نے بحث میں شامل ہوتے ہوئے کہا۔ "ایک طالب علم کو لے لیجئے ستارہ کو سے لیجئے یا میسر بات کو، وہ اس کے عام قوانین کے کلام کو!"

"میں اس سے پوری طرح متفق نہیں ہو سکتا" کلیسی الکساندرووچ نے جواب دیا۔ "مجھے لگتا ہے کہ اس بات کا اعتراف کرنا ناممکن ہے کہ زبانوں کی قواعد اور تحلیل و ساخت کا علم حاصل کرنے کا عمل ہی روحانی ارتقاء خاص طور سے مفید اور خوشگوار اثر ڈالتا ہے۔ اس کے علاوہ اس بات سے انکار کرنا بھی ناممکن ہے کہ کلاسیکی زبانوں کا بہت ہی اعلیٰ درجے کا اخلاقی اثر ہوتا ہے بلکہ فلسفی سے پچری سائنسوں کی تعلیم کے ساتھ وہ نقصان دہ اور بھونڈی تعلیمیں ہیں جو ہمارے عہد کے ناسور کی حیثیت رکھتے ہیں۔"

سرگئی ایوانووچ کچھ کہنا چاہتے تھے لیکن جسٹسوف نے اپنی اپنی بھاری آواز سے انہیں بولنے کا موقع ہی نہیں دیا اور بڑے جوش و خروش کے ساتھ اس رائے کی اور تیز کو ثابت کرنا شروع کر دیا۔ سرگئی ایوانووچ اطمینان سے انتظار کرتے رہے کہ جسٹسوف اپنی بات کہہ چکیں۔ ظاہر تھا کہ وہ سب کو بات کر دینے کا موقع دینا چاہ رہے تھے۔

"لیکن" سرگئی ایوانووچ نے خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ مسکراتے ہوئے مخاطب ہو کر کہا "اس بات سے متفق نہ ہونا ناممکن ہے کہ ان اور دوسرے علوم کے فوائد اور نقصانات کا موازنہ کرنا مشکل ہے اور یہ سوال کہ کس کو ترجیح دی جائے اتنی جلد اور تقلیل طور پر طے نہ ہو سکے اگر کلاسیکی تعلیم و تہذیب کو وہ برتری حاصل ہوتی جس کا بھی بھی آپ نے ذکر کیا یعنی اخلاقی [illegible] دوسروں (9) [illegible] تو شاید [illegible]"

"اگر یہ میسر نہ ہو تو اثر (10) کی برتری کلاسیکی علوم کو حاصل ہوتی تو ہم سے زیادہ عمر رسیدہ لوگ دونوں طرفوں کی دلیلوں کا موازنہ کیا ہوتا" خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ سرگئی ایوانووچ نے کہا" اور ہم نے دونوں سمتوں کو جانچ لیا ہوتا۔ لیکن اب ہم جانتے ہیں کہ کلاسیکی تعلیم و تہذیب کی ان کوششوں میں جو منفی بخش قوت مضمر ہے اور ہم بڑی حد کے ساتھ اسے اپنے مریضوں اور بچوں پر آزما رہے ہیں۔ لیکن اگر یہ شفا بخش قوت ان میں نہ ہو تو؟" انہوں نے ایک تیکھے اور بھیدی ہوئے نقطے پر اپنی بات ختم کر دی

سرگئی ایوانووچ کی کوششوں والی بات پر سب لوگ ہنس پڑے اور خاص طور سے دوسرے بڑی خوشی کے ساتھ قہقہہ لگا کر ہنسیں جیسے ہنسیں بڑے انتظار کے بعد وہ مشکل نہ بات حل کی گئی جس سے انتظار میں وہ پوری بات چیت سن رہے تھے۔

اسٹی پان ارکادیچ نے جسٹسوف کو مدعو کرنے کے لئے نہیں کی تھی جسٹسوف کے ہوتے ہوئے دانشورانہ بات چیت ایک حد تک کو بھی پھیلی۔ پڑ سکتی تھی۔ سرگئی ایوانووچ نے اپنے ذہانت سے بات چیت کو ختم کیا جو تھا جسٹسوف نے نئے سرے سے شروع کر دیا۔

"اس سے بھی متفق ہونا ناممکن ہے کہ حکومت کا مقصد بھی پیش نظر رکھتی ہے" انہوں نے کہا "یہ بھی بات ہے کہ حکومت تمام مضامین کی رہنمائی میں عمل کرتی ہے اور وہ [illegible] بات سے بالکل ہے بار رہتی ہے اس کے لئے ہوئے، تضادات کا ہو سکتا ہے۔ مثلاً عورتوں کی تعلیم کو مضر سمجھا جانا چاہیے لیکن عورتوں کے لئے نصاب اور اعلیٰ درجہ کے نئے دروازے کھول دیئے ہیں۔"

اس بات چیت کو فوراً ایک کر عورتوں کی تعلیم کے نئے موضوع پر پہنچ گئی۔

کلیسی الکساندرووچ نے اس بیان کا اظہار کیا کہ عورتوں کی تعلیم ہی عورتوں کی آزادی سے ساتھ ساتھ گندھ ہو جاتی ہے اور صرف اسی لئے اسے مضر سمجھا جا سکتا ہے۔

جسٹسوف نے اس کے برعکس میں یہ عرض کیا کہ ان دونوں سوالوں کو الگ الگ بھی جانچا جا سکتا ہے تو کہیں چلے ہے عورتوں کو تعلیم دینے کا حق ہے کی بات سے انکار کیا جاتا ہے [illegible] تعلیم کی اس لئے ہے کہ انہیں حقوق حاصل نہیں ہیں [illegible] ناچاہیے کہ عورتوں کی تعلیم کی [illegible] شدید اور [illegible] ہے کہ ہم [illegible] خلیج کو سمجھا ہی نہیں جا سکتا [illegible] ہے [illegible] حاصل ہے۔"

"آپ نے کہا "حقوق"" سرگئی ایوانووچ نے [illegible] ہوئے انتظار کرنے [illegible] "میرے خیال میں عورتوں کے "حقوق" کا مطلب ہے [illegible] ہے کہ عورتیں [illegible] ہیں [illegible] ہے [illegible] ہے [illegible] ہے

کہ بہتری کے عمل میں شہری کو سول کے رکن بنانے گراف فلرک کے مراحل وار کر کے ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم
[illegible] ذمہ داری پوری کر رہے ہیں چنانچہ یہ کہنا بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے کہ عورتیں ذمہ داریاں تلاش کر
رہی ہیں اور یہ بالکل جائز ہے اور ان کی اس خواہش سے بھرپور ہی کی جا سکتی ہے کہ وہ عام حوالہ محنت میں
مدد کرنا چاہتی ہیں۔"

"بالکل درست" لکسیس الگساندروویچ سے ساہدی کی "میں سمجھتا ہوں سوال صرف یہ رہ جاتا ہے کہ
عورتیں اس ذمہ داری کی اہل بھی ہیں یا نہیں۔"

"ہاں وہ اس کی بہت اہل ہوں گی" اتی یاں ارکاد یچ بولے "جب ان میں تعلیم پوری طرح عام ہو
جائے تب۔ ہم دیکھتے ہیں کہ..."

"کہاں کہا؟" جس سے کہا جا رہا تھا بات چیت جس رہے تھے اور اپنی چھوٹی چھوٹی ذہین
آنکھیں پھاڑ رہے تھے "جیسوں نے سے تو زیادہ بہتر ملتا ہوں تمہارے سے سمجھا تھا زیادہ"

"لوگوں کے [illegible] سے پہلے بالکل اسی طرح ان کے بارے میں بھی سوچا جاتا تھا" حسنوف
نے کہا۔

مجھے صرف یہ بات عجیب لگتی ہے کہ عورتیں ہی ذمہ داریاں تلاش کر رہی ہیں" سرگئی ایوانووچ نے کہا
"یہ [illegible] سے دیکھئے تو عورتوں سے کہلواتے ہیں"

"وہ [illegible] عورتیں ہیں" [illegible] "عورتیں ہیں وہ چیزیں محسوس عورتیں
[illegible] ہیں" حسنوف نے کہا۔

"یہ بالکل درست ہے لیکن میں [illegible] اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ لوگ عورتوں کو تو اتنا
رکھ کر کھواتے ہیں اور لکھے نہیں رکھنا چاہتے" بوڑھے پرنس نے کہا۔

[illegible] افسوس کا اظہار کیا اور سرگئی ایوانووچ کو محسوس ہوا کہ یہ بات انہوں نے کیوں نہ
کہی۔ یہاں تک کہ لکسیس الگساندروویچ بھی مسکرا دیے۔

"ہاں مگر عورتوں کا تو نہیں ہو سکتا" حسنوف نے کہا "بلکہ عورتوں کا..."

لکسیس الگساندروویچ سے [illegible] بوڑھے پرنس نے اپنی بیٹیوں کی موجودگی
میں بھی بات چیت کی اس آزادی کو روا رکھتے ہوئے کہا۔

"[illegible] طرح سے تحریر ہوں گے [illegible] عورتیں بھی عہدیدار بننے کے لائق ہوں گی" سرگئی
ایوانووچ نے کہا۔

"[illegible] کے کچھ اور رشتہ دار ہیں؟" اتی یاں ارکاد یچ نے حسنوف کو یاد کر
[illegible] سے اخلاق [illegible] ان کی [illegible] میں [illegible] وقت ان کے ذہن میں تھی۔

"[illegible] زندگی کا [illegible] طرح جانچ لیا جائے تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ اس لڑکی نے
[illegible] اپنے [illegible] کے گھریلو کام کو خوشی چھوڑ دیا ہے جہاں وہ عورتوں کے کام کاج کر سکتی تھی" نیز
[illegible] شریک ہوتے ہوئے [illegible] الگساندروویچ نے جتایا کہ [illegible] انہوں نے ابھی [illegible]
[illegible] مراحل [illegible] سے گزرنا ہے۔

"میں تم سے متفق ہوں بات [illegible] تاریخ بردار بھاری آواز میں حسنوف نے اعتراف

یا۔ "عورت آزاد ہونے کا، تعلیم یافتہ ہونے کا حق حاصل کرنا چاہتی ہے۔ اور اس کے مالکن ہونے کے
احساس کی بنیاد پر وہ بھی ہوتی نکلی ہے۔"

"اور میں دبا ہوا اور کچلا ہوا ہوں اس سے کہ مجھے پرورش گھر میں اتنا کی طرح ملازم نہیں رکھا جاتا"
بوڑھے پرنس نے پھر کہا جس پر تو دو لکسین کو بڑی خوشی ہوئی اور چبتے چبتے اسوں سے اسپیچ لکس کے موٹے
والے سرے کو ہاس میں ڈبو دیا۔

۱۱

اس عام بات چیت میں کبھی حصہ لے رہے تھے سوائے کیٹی اور لیوین کے شروع میں جب لوگ ایک
قوم پر دوسرے کے اثر کی بات کر رہے تھے تو لیوین بے اختیاری سوچ رہا تھا کہ اس موضوع پر وہ بھی کچھ کہہ سکتا
تھا۔ لیکن یہ خیالات جو پہلے اس کے ذہن میں بہم تھے اب اس کے ذہن میں خوب کی طرح جھلک
رہے تھے اور ان میں اسے ذرا بھی دلچسپی۔ فکر آئی تھا کہ اسے تو یہ بھی عجیب لگا کہ یوں یہ لوگ ایسی
بات کے بارے میں باتیں کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس کی ضرورت کسی کو بھی نہیں اسی طرح کیٹی کے
لئے بھی بھلا بتانا ہو گا تھا کہ یہ لوگ عورتوں کی تعلیم اور حقوق کے بارے میں باتیں کر رہے تھے وہ اچھا
ہونا چاہئے تھیں۔ جانے کتنی بار اس نے اس کے بارے میں سوچا تھا اپنی پر ویس والی دوست ورنکا کو اور اس
کے شدید انحصار اور اضطراب کو یاد کیا تھا کتنی بار اپنے بارے میں سوچا تھا کہ اس سے شادی۔ کی تو اس کا بیاہ ہو گا
اور کتنی بار اس پر ہنس کے ساتھ غصہ کی تھی لیکن اس وقت سے اس سے ذرا بھی دلچسپی۔ تھی وہ لیوین سے
ساتھ اپنی الگ بات چیت کر رہی تھی بات چیت نہیں بلکہ کوئی خفیہ دل سے دل کی بات جو ہر لحہ انہیں ایک
دوسرے سے قریب تر کر رہی تھی اور وہ دونوں میں اس ایمان اور نامعلوم حالت سے پر مسرت خوف کا احساس پیدا
کر رہی تھی جس میں وہ دونوں پہنچ رہے تھے۔

شروع میں باتوں سے کیٹی کے اس سوال کے جواب میں کہ کیسے وہ پچھلے سال اسے بھی میں کچھ سکا تھا'
بتایا کہ کیسے وہ گھاس کی کٹائی کے قطعے سے بڑی سڑک پر آ رہا تھا اور کیسے اس نے [illegible] دیکھ لیا تھا

"یہ صبح بہت سویرے کی بات ہے آپ کی مامتا اس وقت آنکھ کھلی تھی۔ آپ کی ماں سونے میں مصروف
تھیں بہت ہی خوبصورت صبح تھی میں سوچتا جا رہا تھا کہ چار گھوڑوں کی اس ٹیم میں کون ہو سکتا ہے؟
بہت سی عمدہ چار گھوڑے اور گھنٹیاں اور ایک سے کے لئے آپ کی جھلک دکھائی دی اور میں نے گاڑی میں
جھانکا۔ آپ یوں بیٹھی ہوئی تھیں اور دونوں ہاتھوں سے اپنی ٹوپی کے پھیتے پکڑے کچھ بڑے خوش ہو رہی
تھیں" اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "میرا جی چاہا کہ کسی طرح یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کیا سوچ رہی
تھیں۔ کسی اہم چیز کے بارے میں؟"

"میں کیسی سہانی نہ ہو رہی تھی؟" کیٹی نے سوچا لیکن یہ تفصیلات بیان کرتے وقت
[illegible] کے چہرے پر جو دلی مسرت کی مسکراہٹ تھی اسے دیکھ کر کیٹی نے محسوس کیا کہ اس کے بر عکس اس وقت
لیوین پر جو اثر ہوا تھا وہ توقعات اچھا تھا کیٹی کا چہرہ گلابی ہو گیا اور وہ خوش ہو کر ہنسی

"[illegible] مجھے یاد نہیں"

[illegible] قسمیں کی تم آنکھیں اور ملتے جسم کو تو یاد نظر آ

سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"آپ انہیں بہت دنوں سے جانتے ہیں؟" کیٹی نے پوچھا۔

"اس کو بھلا کون نہیں جانتا؟"

"اور میں دیکھ رہی ہوں کہ آپ سوچتے ہیں کہ وہ بے قوف ہیں؟"

"بے وقوف نہیں، پاگل۔"

"مگر یہ سچ نہیں ہے، اور آپ جلدی ہی اپنی رائے بدل دیجئے گا" کیٹی نے کہا "ان کے بارے میں میری رائے بھی بہت خراب تھی لیکن یہ تو بہت ہی پیارے اور حیرت انگیز حد تک نیک آدمی ہیں۔ دل تو ان کا سونے کا ہے۔"

"یہ آپ کو اس کے بارے میں کیسے معلوم ہو گیا؟"

"ہماری بہت ہی اچھی دوستی ہے۔ میں انہیں بہت اچھی طرح جانتی ہوں۔ پچھلے جاڑوں میں، اس کے تھوڑے ہی دنوں بعد۔ جب آپ ادھر ہی آئے تھے" کیٹی نے قصور وار سے لہجے میں لیکن پراعتماد مسکراہٹ کے ساتھ کہا "ڈنی کے سارے بچوں کو لال بخار ہوا اور وہ ایک ان دیکھا دیسے ہی آ گئے۔ اور آپ تصور کر سکتے ہیں" اس نے سرگوشی میں کہا "انہیں ڈنی پر اتنا ترس آیا کہ وہ وہیں ٹھہر گئے اور انہوں نے بچوں کی دیکھ بھال میں ڈنی کی مدد کی۔ تین ہفتے وہ ان لوگوں کے گھر میں رہے اور بالکل آیا کی طرح بچوں کی دیکھ بھال کرتے رہے۔"

پھر اس نے اس کی طرف جھک کر کہا "میں کنسٹن ٹن ہیتریج کو کتاب دی ہوں کہ لال بخار کے دنوں میں تو وہ تھیوڈور نے کیسے مدد کی۔"

"ارے وہ تو حیرت انگیز چیز تھی، بہت ہی شاندار آدمی ہیں وہ" آلی نے تو وہ تھیوڈور پر نظر ڈالتے ہوئے کہا جو یہ محسوس کر رہے تھے کہ انہیں کے بارے میں باتیں ہو رہی ہیں۔ ان کی طرف دیکھ کر وہ ذرا سا مسکرائے۔ لیوین نے ایک بار پھر تو وہ تھیوڈور کو دیکھا اور اسے تعجب ہوا کہ اس نے اس شخص کی ساری داستان کو پہلے کیسے نہیں سمجھا۔

"مجھ سے غلطی ہوئی، میں معافی چاہتا ہوں" اور اب کبھی لوگوں کے بارے میں برا خیال دل میں نہ لاؤں گا" اس نے خوشی خوشی لیکن سچائی سے دل کہا اور اس وقت وہ سوچ رہا تھا۔

۱۲

عورتوں کے حقوق کے بارے میں طویل بات چیت میں شادی کے سلسلے میں عورتوں کے غیر مساوی حقوق کے سوال تھے جس نے اکثر خواتین کے سامنے گرما گرم مسئلہ تھا۔ کھانے کے دوران میں مستوف کئی مرتبہ انہیں سوالوں پر پہنچے لیکن سرگئی ایوانووچ اور اسٹیپان ارکاڈیوچ نے بڑی احتیاط سے ان کی توجہ دوسری طرف مبذول کرا دی۔

جب سب لوگ میز کے پاس سے اٹھے اور خواتین چلی گئیں تو مستوف ان کے پیچھے نہیں گئے بلکہ وہ لیکسی الکساندروچ سے مخاطب ہوئے اور انہیں عدم مساوات کا خاص سبب بتانے لگے۔ ان کی رائے میں دوسروں کی نابرابری اس میں تھی کہ شوہر کی بیوفائی اور بیوی کی بیوفائی کی سزا برابر نہیں دی جاتی۔ قانون میں یہ

سماشرے کی رائے میں۔

اسٹیپان ارکاڈیوچ کمرا لیکسی الکساندروچ کے پاس آ گئے اور انہوں نے سگار پیش کیا

"میں سگار نہیں پیتا" لیکسی الکساندروچ نے سکون کے ساتھ جواب دیا اور جیسے، آہستہ طور پر یہ دکھانا چاہتے ہوں کہ وہ یہ بات کرنے سے ڈرتے ہیں، وہ سرد مسکراہٹ کے ساتھ مستوف سے مخاطب ہوئے:

"میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس طرح کے نقطہ نظر کی بنیاد خود چیزوں کی نوعیت ہی میں ہے" انہوں نے کہا اور چاہا کہ ڈرائنگ روم میں چلے جائیں لیکن اسی وقت تو وہ تھیوڈور بالکل غیر متوقع طور پر بول پڑے اور لیکسی الکساندروچ سے مخاطب ہوئے۔

"اور آپ نے پرنس چیکوف کے بارے میں سنا؟" تو وہ تھیوڈور نے کہا جو شاید پی کر خاصے دماغ ہو گئے تھے اور بڑی دیر سے انتظار کر رہے تھے کہ انہیں اپنی خاموشی کو توڑنے کا موقع ملے جس سے وہ عاجز آ چکے تھے "وہ بڑا بدتمیز چیکوف" انہوں نے اپنے نرم اور سرخ ہونٹوں والی ایک مسکراہٹ کے ساتھ خاص طور سے مہمان خصوصی، لیکسی الکساندروچ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "آج ہی مجھے لوگوں نے بتایا کہ وہ تم میں کو مشتی کے ساتھ ڈوئل میں لڑے اور اسے قتل کر دیا۔"

جیسا پیش گئی ہے کہ کوئی جان بوجھ کر، بھتی ہی جگہ پر تھیس لگا دیتا ہے ویسے ہی اس وقت اسٹیپان ارکاڈیوچ نے محسوس کیا کہ آج دوستی سے ہر لمحہ بات چیت، لیکسی الکساندروچ کی دلچسپی کی رگ کو چھیڑ رہی ہے۔ انہوں نے پھر اپنے سوال کو وہاں سے بنائے جانا چاہا لیکن خود لیکسی الکساندروچ نے تھیس کے ساتھ پوچھا:

"پرنس چیکوف لڑے کس لئے تھے؟"

"بیوی کی خاطر۔ بہت ہی قابل تعریف بات کی، ڈوئل کے لئے للکارا اور مار دیا!"

"اچھا!" لیکسی الکساندروچ نے بے زاری سے کہا اور تیزی سے ڈرائنگ روم میں چلے گئے

"کتنی مجھے خوشی ہے کہ آپ آ گئے" ان سے ڈالی نے کسی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ ڈرائنگ روم کے بیچ ہال میں کہا "مجھے آپ سے بات کرنی ہے۔ آیئے یہیں بیٹھتے ہیں۔"

لیکسی الکساندروچ بے زاری کے اسی تاثر کے ساتھ، جو ان کے چہرے پر چڑھی تیزی سے پیدا ہو جاتا تھا، ڈالی الکساندروونا کے پاس بیٹھ گئے اور تضحیک کے ساتھ مسکرائے۔

"اس لئے اور بھی" انہوں نے کہا "کہ میں آپ سے معافی مانگنا اور اور اپنی رخصت کی اجازت لینا چاہتا تھا۔ کل مجھے جانا ہے۔"

ڈالی الکساندروونا کو آنا کے بے قصور ہونے کا یقین تھا اور انہوں نے محسوس کیا کہ ان کا چہرہ سفید پڑ گیا اور اس مرد سے جس شخص پر بھے کے بارے ان کے ہوش کھپا رہے ہیں، جو اتنے سکون سے ساتھ ان کی بے قصور دوست کو برباد کر دینے کا ارادہ کر چکا ہے

"لیکسی الکساندروچ" انہوں نے نا امیدانہ عزم کے ساتھ، لیکسی الکساندروچ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا "میں نے آپ سے آنا کے بارے میں پوچھا تھا، آپ نے میری بات کا جواب نہیں دیا۔ کیسی ہیں وہ؟"

"وہ، میرا خیال ہے کہ ٹھیک ہیں، ڈاریا الکساندروونا" لیکسی الکساندروچ نے ان کی طرف دیکھے بغیر

"لیسی الکساندر روڈج' میں معافی چاہتی ہوں' مجھے حق تو نہیں ہے۔ لیکن میں کتنا ہے بس کی طرح بیمار اور ان کی عزت کرتی ہوں۔ میں آپ سے درخواست کرتی ہوں' صاف کرتی ہوں' مجھے بتایئے کہ یہ آپ لوگوں کے درمیان کیا ہو رہا ہے؟ آپ ان کو کس چیز کا قصوروار قرار دے رہے ہیں؟"

لیسی الکساندر روڈج نے ہونٹ بھینچ لیے اور آنکھیں تقریباً بند کر کے سر جھکا لیا۔

"میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے شوہر نے آپ کو وہ سب بھی بتا دی ہوں گی کہ میں کیوں انتظار کارینا کے ساتھ اپنے سابق رشتے کو بحال ضروری سمجھتا ہوں" اسوں نے داریا الکساندر روڈا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا اور ناپسندیدگی کی نظروں سے شیریا حکی کو دیکھا جو ذرا فاصلے پر کھڑا تھا۔

"میں نہیں یقین کرتی' نہیں کرتی' اس کا یقین میں کبھی نہیں کر سکتی" ڈالی نے بڑی شدت کے ساتھ اپنے سوکھے پتے ہاتھ اپنے سامنے باندھتے ہوئے کہا۔ وہ تیزی سے اٹھیں اور اپنا ہاتھ لیسی الکساندر روڈج کی آستین پر رکھ کر بولیں "یہاں لوگ آ جا رہے ہیں' مہمان گھر کے اور گھر آ جا رہے ہیں۔"

داریا الکساندر روڈا کے بچاؤ سے لیسی الکساندر روڈج پر بھی اثر کیا۔ وہ اٹھے اور خاموشی سے ان کے پیچھے پیچھے بچوں کے جمنے سے کمرے میں چلے گئے۔ دونوں ایک میز کے پاس بیٹھ گئے جس پر موم جامہ بچھا ہوا تھا اور جگہ جگہ سے قلم تراش سے کٹا ہوا تھا۔

"میں نہیں یقین کرتی' اس کا یقین نہیں کرتی" ڈالی نے ان کی کھڑائی ہوئی آنکھوں سے آنکھیں چار کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

"داریا الکساندر روڈا حقیقت کا یقین کرنا ممکن ہے۔" اسوں نے لفظ "حقیقت" پر زور دیتے ہوئے کہا۔

"تو کیا کیا ہے انہوں نے؟ کیا؟" داریا الکساندر روڈا بول پڑیں "کیا کیا انہوں نے؟"

"اسوں سے اپنی ذمہ داری کی تحقیر کی اور دوسرے مرد سے تعلقات قائم کر لئے یہ کیا انہوں نے" انہوں نے کہا۔

"نہیں نہیں ہو نہیں سکتا' نہیں' خدا کے واسطے" آپ سے غلطی ہوئی" ڈالی نے اپنے ہاتھ کنپٹیوں پر رکھ کر اور آنکھیں بند کر لیں۔

لیسی الکساندر روڈج سر جھکائے بس ہونٹوں سے مسکرائے اور یہ چاہا کہ اپنے مغموم یقین کو ڈالی پر بھی ظاہر کر دیں اور اپنے آپ پر بھی لیکن اس پر دورہ الفت سے وہ مذبذب میں تو نہیں مبتلا ہوئے لیکن ان کا رنج پھر سے ہرا ہو گیا۔ داریا الکساندر روڈا کے ساتھ بات کرنے لگے۔

"جب بیوی کو اس کے بارے میں شوہر کو مطلع کرنے پر غلطی کرنا بہت ہی مشکل ہے۔ اسوں نے مطلع کیا کہ زندگی کے آٹھ سال اور بیا کہ یہ سب غلطی تھی اور وہ نئے سرے سے زندگی شروع کرنا چاہتی ہیں" اسوں نے جملے میں چھانٹتے ہوئے کہا۔

"کتنا اور چلی۔ میں دونوں کو ایک تصور میں نہیں کر سکتی میں اس کا یقین نہیں کر سکتی"

"داریا الکساندر روڈا" اسوں نے ڈالی کے نیک اور پریشان چہرے پر نظریں گڑ کر اور یہ محسوس کرتے ہوئے کہ ان کی زبان بے اختیار کھل گئی ہے کہا "میں کیا کہہ کر تلافی کے لئے کہ تلافی کی اب بھی ممکن ہو؟

جب مجھے شک تھا تو میرے لئے بہت تکلیف دہ تھا لیکن اب سے پھر بھی آسان تھا۔ جب مجھے شک تھا تو امید بھی تھی۔ لیکن اب کوئی امید نہیں اور میں پھر بھی ہر چیز پر شک کرتا ہوں۔ میں ہر چیز پر شک کرتا ہوں' مجھے اپنے آپ سے نفرت ہو گئی' کبھی کسی مجھے یقین نہیں ہو تا کہ یہ میرا بیٹا ہے' میں بہت دکھی ہوں۔"

انہیں یہ کہنے کی ضرورت نہ تھی۔ داریا الکساندر روڈا نے جیسے ہی ان کے چہرے پر نظر ڈالی ویسے ہی وہ سمجھ گئیں اور انہیں لیسی الکساندر روڈج پر ترس آنے لگا اور ان کے اندر اپنی دوست کے بے قصور ہونے کا یقین جاگ گیا۔

"اف اس قدر بھیانک ہے یہ' بھیانک لیکن کیا واقعی ہو چکا ہے کہ آپ نے طلاق کا فیصلہ کر لیا ہے؟"

"میں نے آخری اقدام کا فیصلہ کر لیا ہے۔ میرے لئے اب اور کچھ کرنے کو رہا نہیں گیا۔"

"رہا نہیں گیا' رہا نہیں گیا۔" دہرائیں۔ ان کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے تھے۔ "نہیں' نہ نہ کہئے کہ اور کچھ رہا نہیں گیا۔"

"اس قسم کے غم میں یہی تو بھیانک چیز ہوتی ہے کہ وہ سرے سے فوں جیسے نقصان' موت یا قیدو کی طرح آدمی اپنی صلیب اٹھائے نہیں پھر سکتا۔ یہاں عمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے" انہوں نے داریا الکساندر روڈا کے نیلاہٹ کا اندازہ لگاتے ہوئے کہا۔ "اس دلیل کن صورت حال سے نکلنے کی ضرورت ہوتی ہے' جس میں آپ کو مبتلا کر دیا گیا ہے۔ تجزیہ ایک ساتھ تو نہیں رہ سکتے۔"

"میں سمجھتی ہوں' میں اسے بہت اچھی طرح سمجھتی ہوں" ڈالی نے کہا اور مرجھا گیا۔ وہ اپنے بارے میں' اپنے اندوہناک غم کے بارے میں سوچ کر چپ ہو گئیں۔ لیکن پھر اچانک ایک لغت حرکت کے ساتھ انہوں نے سر اٹھایا اور صاف کرنے کے انداز میں ہاتھ ہلا کر کہا "لیکن تصور کیجئے آپ جیسا کہ ہیں۔ ان کے بارے میں بھی تو سوچئے ان کا کیا ہو گا اگر آپ نے انہیں کھو دیا تو؟"

"میں نے سوچا داریا الکساندر روڈا اور بہت سوچا" لیسی الکساندر روڈج نے کہا۔ ان کے چہرے پر لال لال دھبے ابھر آئے اور ان کی دھندلائی ہوئی آنکھیں داریا الکساندر روڈا کے چہرے پر جم گئیں۔ داریا الکساندر روڈا کو اب ان پر بے دلی سے ترس آ رہا تھا۔ جب انہوں نے خود میری تذلیل کے بارے میں مجھے مطلع کیا تو اس کے بعد میں نے یہی کیا۔ میں نے سب کچھ پہلے ہی جیسا رہنے دیا۔ میں نے ان کے لئے اپنی اصلاح کرنے کا موقع دیا' میں نے انہیں بچانے کی کوشش کی۔ اور پھر؟ انہوں نے آسان ترین مطالبہ بھی۔ پورا کیا کہ شائستگی برقرار رکھی" انہوں نے گرم ہوتے ہوئے کہا۔ "بچانا اس شخص کو ممکن ہوتا ہے جو خود بچنا نہ چاہتا ہو۔ لیکن اگر نظر بے حسی ساری ایسی خراب ہو گئی ہو' اتنی بد اخلاق ہو گئی ہو کہ اسے بیماری میں اپنی لمحات نظر آتی ہو تو پھر کیا کیا جا سکتا ہے؟"

"کچھ بھی نہیں لیکن طلاق نہیں" داریا الکساندر روڈا نے جواب دیا۔

"لیکن کچھ بھی کیا؟"

"نہیں' یہ تو بہت ہی بھیانک ہے۔ وہ کسی کی بھی بیوی نہ ہوں گی' نہ تو تنہا رہ جائیں گی۔"

"تو میں کیا کر سکتا ہوں؟" کندھے اچکا کر اور بھویں چڑھا کر لیسی الکساندر روڈج نے کہا۔ بیوی کے آخری برتاؤ کو یاد کر کے انہیں اتنا غصہ آیا تھا کہ وہ پھر ویسے ہی سرد ہو گئے جیسے بات چیت کے شروع میں تھے۔ "میں آپ کی ہمدردی کے لئے بہت شکر گزار ہوں لیکن اب میرے جانے کا وقت ہو گیا" اسوں نے اٹھتے ہوئے

ں کو اس سے ذرا بھی دلچسپی نہ تھی کہ وہ خود کیا کہہ رہا ہے اور اس سے بھی کم دلچسپی اس سے تھی جو وہ لوگ کہہ رہے تھے۔ وہ تو بس یہ چاہتا تھا کہ سب لوگ خوش رہیں اور سب کو اچھا لگے۔ اب تو وہ یہ جانتا تھا کہ بس ایک ہی چیز اہم ہے اور یہ اہم چیز پہلے وہاں ہار، تنگ روم میں تھی اور پھر حرکت کرنے لگی اور دروازے کے پاس آکر رک گئی۔ اس نے مڑ کر دیکھے بغیر محسوس کیا کہ مسکراتی ہوئی آنکھیں اسی پر لگی ہیں اور اس سے مزے لیتے رہا گیا۔ کیٹی دروازے کے پاس شیرباتسکی کے ساتھ کھڑی لیوین کو دیکھ رہی تھی۔

"میں سوچ رہا تھا کہ آپ فورتے پیانو کے پاس جائیں گی" اس نے کیٹی کے پاس آتے ہوئے کہا "بس کی ایک چیز ہے جو مجھے گاؤں میں نہیں ملتی — موسیقی۔"

"نہیں، ہم تو صرف آپ کو بلانے آئے تھے اور میں شکریہ ادا کرتی ہوں" اس نے تھکے تھکے سی مسکراہٹ سے لیوین کو نوازتے ہوئے کہا "کہ آپ آگئے۔ اتنے روپوں میں بحث کس لئے ہو رہی ہے؟ آخر کبھی کوئی دوسرے کو قائل تو نہیں کر سکتا۔"

"ہاں یہ تو سچ ہے" لیوین نے کہا "زیادہ تر تو یہ ہوتا ہے کہ آدمی بحث صرف اس لئے کرتا ہے کہ یہ کسی طرح سمجھ ہی نہیں پاتا کہ مخالف آخر ثابت کیا کرنا چاہتا ہے۔"

لیوین نے اکثر اتفاقی دوستوں کے درمیان بحث میں دیکھا تھا کہ زبردست کوششوں اور منطقی نکتوں اور الفاظ کی بڑی افراط کے بعد لوگوں کو آخر کار یہ احساس ہوتا تھا کہ جس چیز کو وہ ایک دوسرے پر ثابت کرنے کی شدید کوشش کر رہے تھے وہ تو انہیں بڑی دیر سے، بحث کی ابتدا ہی سے معلوم تھی لیکن انہیں مختلف چیزیں پسند تھیں اور وہ چیز انہیں پسند ہے اس کا کام اس لئے نہیں بولا چاہتے کہ وہ دوسرے بحث نہ آئے۔ اس کو اکثر یہ تجربہ ہوا تھا کہ اثنائے بحث کے وقت وہ چیز سمجھ میں آجاتی ہے جو مخالف کو پسند ہے اور اچانک آدمی کو خود بھی یہ چیز پسند آجاتی ہے اور وہ فوراً مشتعل ہو جاتا ہے اور تب ساری دلیلیں غیر ضروری ہو کر رہ جاتی ہیں۔ اور کبھی کبھی اسے اس کے برعکس بھی تجربہ ہوا — کہ آخر کار اس نے خود کہہ دیا کہ اسے کیا پسند ہے اور جس کے لئے وہ دلیلیں گھڑ رہا تھا لیکن ہوا یہ کہ جب اس نے بات ایسی طرح اور سچائی سے کہہ دی تو اچانک مخالف مشتعل ہو جاتا ہے اور بحث کرنا ختم کر دیتا ہے۔ یہی اس نے کہنا چاہا۔

کیٹی نے اس کی بات کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہوئے بھویں سکیڑ لیں۔ لیکن جیسے ہی لیوین نے وضاحت کرنی شروع کی وہ پہلے ہی وہ سمجھ گئی۔

"میں سمجھ گئی۔ ضروری یہ ہے کہ آدمی معلوم کرے کہ وہ کس لئے بحث کر رہا ہے، اسے کیا پسند ہے اور کبھی یہ ممکن ہے کہ —"

اس نے لیوین کے بھونڈے طریقے سے ادا کئے ہوئے خیال کو پوری طرح سمجھ لیا اور اس کا اظہار کر دیا لیوین خوشی سے مسکرا اٹھا۔ اپنے بھائی اور جیسنوف کے ساتھ اس کی ابھی ہوئی لمبی چوڑی بحث سے اس ابتدائی پیچیدہ خیال کو اتنے مختصر اور واضح طور پر تقریباً الفاظ کے بغیر ادا کر دینے کی طرف معمور اس کے لئے بے حد حیرت انگیز تھا۔

شیرباتسکی ان لوگوں کے پاس سے چلا گیا اور کیٹی تاش کھیلنے کی میز کے پاس آکر بیٹھ گئی اور ہاتھ میں کھڑیا لی لے کر میز کے سبز کپڑے پر ایک دوسرے کو کاٹتے ہوئے دائرے بنانے لگی۔

ان لوگوں سے وہی بات پھر سے چھیڑی جو کھانے کے دوران میں چل رہی تھی۔ عورتوں کی تعلیم اور

کی۔

"وہ آنا کے بارے میں کیا سوچتا ہے' کیا محسوس کرتا ہے' اس کی سمجھ کے مطابق ورد شکی میں استعداد تھی اور خاص چیز یہ تھی کہ تعلیم تھی ہی نہیں' فن کے بارے میں بلند نظر عطا کرتی ہے۔ ورد شکی کی استعداد کے بارے میں گیبیشیف کے یقین کو اس بات سے بھی تقویت پہنچی تھی کہ اپنے مضامین اور خیالات کے لئے اسے ورد شکی کی ہمدردی اور تعریف کی ضرورت تھی اور وہ محسوس کرتا تھا کہ تعریف و حمایت کو دو طرفہ ہونا چاہئے۔

ایک اجنبی کے لئے جو خاص طور سے ورد شکی سے ہاں بیلا کیلوف میں سے بالکل دوسرا ہی انسان لگتا تھا جسے وہ پہلے ہاں اسٹوڈیو میں تھا۔ وہ معاندانہ اخلاق کے ساتھ پیش آتا تھا جیسے ایسے لوگوں کی قربت سے ڈرتا ہو جس کا وہ احترام نہیں کرتا۔ وہ ورد شکی کو عالی مرتبت کہہ کر مخاطب کرتا اور آنا اور ورد شکی کے مدعو کرنے کے باوجود کھانے کے لئے بھی نہیں رکا اور تصویر بنانے کی نشستوں کے علاوہ ان کے ہاں کبھی نہیں آیا۔ آنا اس کے ساتھ دوسروں سے زیادہ شفقت برتتی اور اپنی شبیہ کے لئے وہ اس کی شکر گزار تھیں۔ ورد شکی اس کے ساتھ صورت سے زیادہ اخلاق کا سلوک کرتا اور صاف ظاہر تھا کہ وہ اپنی تصویروں کے بارے میں فنکار کی رائے جاننا چاہتا تھا۔ گیبیشیف فنکار کو فن کی حقیقی سمجھ سے آشنا کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے دیتا تھا۔ لیکن بیلا کیلوف سب کی طرف سے یکساں سرد مہری برتتا رہا۔ آنا نے اس کی نظروں سے محسوس کیا کہ اسے ان کو دیکھنا اچھا لگتا ہے لیکن ان سے باتیں کرنے سے وہ احتراز کرتا تھا۔ ورد شکی جب اس کی تصویروں کے بارے میں باتیں کرتا تو وہ بڑی ہٹ دھرمی سے چپ رہتا اور اسی ہٹ دھرمی سے وہ اس وقت بھی چپ رہا جب اسے ورد شکی کی تصویر دکھائی گئی اور صاف ظاہر تھا کہ گیبیشیف کی باتیں اسے گراں گزریں لیکن اس نے ان پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔

ویسے بھی ان لوگوں نے جب بیلا کیلوف کو زیادہ قریب سے جانا تو وہ اپنے رد کے پھیکے اور بناوٹی بلکہ ایک حد تک معاندانہ رد یئے کی وجہ سے ان لوگوں کو بالکل پسند نہیں آیا اور جب نشستیں ختم ہو گئیں ان کے ہاتھ میں مستقل بھی شبیہ بھی اور بیلا کیلوف نے آنا بند کر دیا تو وہ لوگ خوش ہوئے۔

سب سے پہلے گیبیشیف نے اس خیال کا اظہار کیا جو سب کے دلوں میں تھا۔ یہ کہ بیلا کیلوف کو ورد شکی سے رشک و حسد تھا۔

"یوں کہنا چاہئے کہ رشک و حسد تو نہیں تھا اس لئے کہ اس میں استعداد ہے لیکن وہ اس بات سے چڑتا تھا کہ عظیم آدمی کا ایک بااثر آدمی جو لاتعلق بھی ہے (آخر خطاب سے تو ایسے لوگ بھی پگھلتے ہیں) بغیر کسی خاص محنت کے اگر اس سے بہتر نہیں تو ویسی تو لیتا ہے جو وہ خود کرتا ہے جس نے اپنی ساری زندگی اس کے لئے وقف کر دی ہے۔ خاص بچتی کہ تعلیم ہے جو اس کے پاس نہیں ہے۔"

ورد شکی نے بیلا کیلوف کی مداحت کی لیکن اپنے دل کی گہرائی میں اسے گیبیشیف کی اس بات پر یقین تھا اس لئے کہ اس کی سمجھ کے مطابق دوسری اور بہت زیادہ کے لئے رشک و حسد کرنا لازمی تھا۔

آنا کی شبیہوں کو دیکھ کر جس بات کا موضوع ایک ہی تھا اور اصل ہونے کو دیکھ کر جس کی تصویر اس نے بھی بنائی تھی اور بیلا کیلوف نے بھی' ورد شکی پر وہ فرق واضح ہو جانا چاہئے تھا اس میں اور بیلا کیلوف میں تھا لیکن اس کو یہ فرق نہیں نظر آیا۔ بیلا کیلوف کی بنائی ہوئی شبیہ کے بعد اس نے آنا کی اس شبیہ کو جو وہ خود بنا رہا تھا صرف اس لئے ترک کر دیا کہ اب وہ غیر ضروری ہو گئی تھی۔ لیکن اپنی ذہنی و جسمانی کی زندگی والی تصویر کو بنانا اس نے جاری رکھا۔ اور وہ خود اور گیبیشیف اور خاص طور سے آنا نے یہ محسوس کیا کہ وہ بہت اچھی ہے اس لئے کہ وہ بیلا کیلوف کی تصویروں کے مقابلے میں مشہور و معروف تصویروں سے زیادہ ملتی جلتی ہوئی تھی

دوسری طرف بیلا کیلوف کو بار ہا دیکھ کر کہ اسے آنا کی شبیہ بنانے سے بہت دلچسپی تھی' جب نشستیں ختم ہو گئیں اور اسے فن کے بارے میں گیبیشیف کی توضیحات سننے کی کوئی ضرورت نہ رہ گئی اور یہ ممکن ہو گیا کہ وہ ورد شکی کی معصومی کو بھول جائے تو ان لوگوں سے بھی زیادہ خوشی ہوئی' وہ جانتا تھا کہ ورد شکی کو معصومی سے متصف کرنے سے بار رکھنا ناممکن تھا۔ وہ جانتا تھا کہ ورد شکی اور سارے تعریفی اناڑیوں کو جس چیز کی بھی چاہیں تصویریں بنانے کا پورا حق ہے لیکن اسے یہ ناگوار گزرتا تھا۔ کسی بھی آدمی کو موسم کی بڑی سی گڑیا بنا لینے اور اسے پیار کرنے سے باز رکھنا ناممکن ہے۔ لیکن اگر یہ شخص اپنی موسم کی گڑیا کو لے کر کسی ایسے شخص کے سامنے جا بیٹھے جو محبت کرتا ہو اور وہ گڑیا سے اس طرح پیار کرنے لگے جیسے محبت کرنے والا اپنی محبوبہ سے کرتا ہو تو محبت کرنے والے کو یہ ضرور ناگوار گزرے گا۔ اسی طرح کی ناگواری کا احساس ورد شکی کی معصومی پر بیلا کیلوف کو ہوا۔ اسے ہنسی بھی آئی' جھنجھلاہٹ بھی ہوئی' محسوس بھی ہوا اور توہین بھی محسوس ہوئی۔

معصومی سے اور ارتقائے سلسلے سے ورد شکی کی دلچسپی زیادہ دنوں نہیں چلی۔ اس میں معصومی کا امتیاز تو تھا

آنے والے ہیں اور جہاں تک اس سے ہو سکا اس نے اپنے نقش کو ٹھیک ٹھاک کیا اور بیک وقت جلدی جلدی ٹھیک کرنے کی بھی کوشش کی اور یہ سیکھنے کی بھی کہ یہ کیسے کیا جاتا ہے۔

پھولی پھولی چیزوں کے بارے میں کیٹی کی یہ فکر مندی جو بلند و برتر سکھ کے لیوین کے پہلے والے آدرش کے اس قدر خلاف تھی ان باتوں میں سے ایک تھی جس سے اور اپنی زندگی کے بارے میں اس کے تصورات کا جادو ٹوٹا اور وہ پیاری فکر مندی جس کا مفہوم اس کی سمجھ سے باہر تھا لیکن جس سے پیار کرنا اس کے بس میں نہیں تھا ان نئی چیزوں میں تھی جنہوں نے اسے مسحور کیا۔

وہ سری مایوس کن اور دل شکن چیز تھی شکوے۔ لیوین کبھی تصور ہی نہ کر سکتا تھا کہ اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان شفقت، احترام اور محبت رشتوں کے علاوہ کسی دوسری طرح کے رشتے بھی ہو سکتے ہیں۔ اور اچانک پہلے ہی دنوں میں ان میں اس طرح شکر رنجی ہو گیا کہ کیٹی نے اس سے کہہ دیا کہ وہ اس سے محبت ہی نہیں کرتا 'صرف اپنے آپ سے محبت کرتا ہے' وہ رونے اور ہاتھ چلا چلا کر باتیں کرنے لگی۔

ان کا یہ پہلا جھگڑا اس بات پر ہوا کہ لیوین فارم کی ایک نئی عمارت کو دیکھنے گیا اور آدھ گھنٹہ دیر میں آیا اس لئے کہ اس نے چلتے چلتے سے آنا چاہا اور بھٹک گیا۔ وہ صرف کیٹی کے بارے میں اس کی محبت 'اپنی خوشی کے بارے میں سوچتا ہوا گھر آ رہا تھا اور جیسے جیسے قریب پہنچتا جا رہا تھا ویسے ویسے اس میں کیٹی کے لئے محبت اور شفقت بڑھتی جا رہی تھی وہ اپنی جگہ اس سے بھی زیادہ شدید احساس کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا جس سے وہ تھوڑی دیر پہلے ہی گھر میں خوشگواری لے کر گیا تھا۔ اور اچانک اس کا سامنا ایسی ادا سی صورت سے ہوا جیسی اس نے پہلے کبھی بھی نہ دیکھی تھی اس نے کیٹی کو پیار کرنا چاہا تو اس نے اسے پرے ہٹا دیا۔

"یہ کیسیں ہوا ہے؟"

"تم تو خوش ہو" کیٹی نے شروع کیا وہ چاہتی تھی کہ بہت اطمینان کے ساتھ کوئی چبھتی ہوئی بات کہہ دے۔

لیکن اس نے سب کچھ بھلا دیا تھا کہ یہ کسی جن کے تحت الفاظ اور وہ ساری باتیں نکل پڑیں جس کی نوبت اس سے آدھ گھنٹے تک علیحدگی سے پہلے سالمیت و صحت یہ کبھی تھی۔ اس وقت پہلی بار لیوین کی سمجھ میں وہ بات آئی جو اب نہیں سمجھا تھا جب پہلی بار عقد کے بعد وہ کیٹی کو لے کر گرجے سے باہر آیا تھا۔ وہ سمجھ گیا کہ اب کیٹی نہ صرف یہ کہ اس سے قریب ہے بلکہ اب وہ جدا ہی نہیں کہ کیٹی کہاں ختم ہوتی ہے اور وہ کہاں سے شروع ہوتا ہے یہ بات دوری کے اس کرب ناک احساس سے سمجھا جا سکتا ہے اس وقت ہوا۔ پہلے لمحے میں تو اسے تعجب ہوا لیکن اسی لمحے اس نے محسوس کیا کہ وہ کیٹی کی بات کا یقین نہیں کر سکتا اس لئے کہ وہ اور کیٹی دو نہیں ہیں ایسا ہی ہیں پہلے لمحے میں اسے ایسا احساس ہوا جیسا ایسے شخص کو ہو سکتا ہے جسے جب پیچھے سے چابک سخت چوٹ لگتی ہے وہ جھنجلاہٹ اور انتقام لینے کی خواہش کے ساتھ مڑتا ہے کہ قصوروار کو دیکھے لیکن اسے پتہ چلتا ہے کہ یہ چوٹ تو اس نے خود ہی اپنے آپ کو نادانستہ لگائی ہے کہ کسی اور پر غصہ کرنا بیکار ہے اور اب تو درد کو برداشت کرنا ہے اور اس میں افاقے کی کوشش کرنی ہوگی۔

بعد کو اسے یہ احساس کبھی اتنی شدت کے ساتھ نہیں ہوا لیکن اس پہلی بار وہ بہت دیر تک سنبھل نہیں پایا قدرتی بات یہ اس سے تقاضا کر رہا تھا کہ وہ اپنا بوجھ پیش کرے اور کیٹی پر ثابت کرے کہ قصور اسی کا ہے لیکن اس پر اس کا قصور ثابت کرنے کا مطلب تھا اس کو اور زیادہ جھنجلا دینا اور اس دراڑ کو اور بڑھا دینا جو

ساری مصیبت کی وجہ تھی۔ ایک حسب عادت احساس تو اسے یہ ترغیب دے رہا تھا کہ وہ قصور کو اپنے اوپر سے ٹال کر اس پر ڈال دے اور دوسرا زیادہ قوی جذبہ یہ ترغیب دے رہا تھا کہ جو دراڑ پیدا ہو گئی تھی اسے بڑھنے سے اور جلد سے جلد پاٹ دے اس طرح کے بیجا الزام کو اپنے سر رہنے دینا اذیت دہ تھا لیکن اپنے کو حق بجانب ثابت کر کے کیٹی کو تکلیف پہنچانا اس سے بھی بدتر تھا وہ ایسے آدمی کی طرح تھا جو پکی نیند میں درد سے بدحواس ہو کر درد کرنے والی جگہ کو اپنے آپ سے الگ کر دینا چاہتا ہو اور پوری طرح جاگ کر یہ محسوس کرے کہ درد کرنے والی جگہ تو وہ خود تھا اس لئے صرف یہ کرنے کی ضرورت تھی کہ درد کرنے والی جگہ کی مدد کی جائے کہ وہ درد کو برداشت کر سکے اور اس نے یہی کرنے کی کوشش کی۔

ان میں میل ہو گیا۔ کیٹی نے اپنا قصور تسلیم کر لیا لیکن اس کا اعتراف کیے بغیر لیوین کے ساتھ زیادہ پیار اور ملائمت سے پیش آنے لگی اور انہیں محبت کے نئے سکھ کا تجربہ ہوا لیکن اس سے اس بات میں کوئی فرق نہیں پڑا کہ اس طرح کی جھڑپیں دوبارہ بلکہ اکثر اتفاقی غیر متوقع اور معمولی چیزوں کی بنا پر ہونے لگیں اکثر اس وجہ سے بھی ہوتی تھیں کہ وہ نہیں جانتے تھے کہ ہر ایک کے لئے کیا چیز اہم ہے اور اس سے بھی کہ اس شروع کے دنوں میں وہ دونوں اکثر خراب کیفیت میں ہوتے تھے جب ایک بھی اور دوسرا بھی کیفیت میں ہوتا تو کہیں میں امن قائم رہتا لیکن جب دونوں ہی کیفیت میں ہوتے تو جھڑپ اتنی معمولی باتوں پر ہو جاتی کہ سمجھ میں بھی نہ آتا بعد کو وہ یاد بھی نہ کر پاتے کہ اسوں سے جھگڑا کس بات پر لیا تھا تو یہ ہے کہ جب وہ دونوں اچھی مزاجی حالت میں ہوتے تو ان کی زندگی کی خوشی دوگنی ہو جاتی پھر بھی یہ شروع کے دن ان کے لئے بہت مشکل اور بھاری تھے۔

شروع کی اس ساری مدت میں وہ تناؤ کو خاص شدت کے ساتھ محسوس کرتے تھے جیسے جس بند حمام میں دو بند ملے ہوئے تھے وہ کبھی ایک طرف کو کھینچا جاتا کبھی دوسری طرف کو بظاہر وہ دونوں مکمل یعنی شادی کے بعد کا صیہ "جس سے لیوین کو روایت کی بنا پر اتنی زیادہ توقع تھی۔ صرف یہ کہ شہد جیسا میٹھا تھا بلکہ ان دونوں کو ان کی زندگی کے سب سے گراں اور ہنگ آمیز دنوں کی طرح بار بار ان دونوں نے پلٹ کر دیکھا اور زندگی میں ایک ہی جیسی کوشش کی کہ اپنی یاد سے اس مرصاب زمانے کے سارے بھدے اور شرمناک حالات کو مٹا دیں جسے وہ دونوں شادی اور ہنی مون کی اصلی کیفیت میں 'شادی اور ہنی مون اپنی اصلی حالت میں ہوتے تھے

اور اپنی زندگی کے صرف تیسرے مہینے میں 'جب وہ ماسکو سے واپس آ رہے تھے' جہاں وہ ایک عرصہ رہے تھے تب ان کی زندگی ہموار ہوئی۔

15

وہ ماسکو سے ابھی ابھی واپس آئے تھے اور اپنی تنہائی سے خوش تھے۔ لیوین اپنے کمرے میں لکھنے کی میز کے پاس بیٹھا ہوا لکھ رہا تھا۔ کیٹی دہی گہرے کاسنی رنگ کا لباس پہنے ہوئے اس نے شادی کے بعد کے پہلے دنوں میں پہنا تھا اور جو لیوین کو خاص طور سے بہت پسند تھا اور جس سے اس کی بہت سی یادیں وابستہ تھیں 'پنڈلی کے اسی پرانے سوئے پر بیٹھی ہوئی کمرے میں لیوین کے باپ اور دادا کے زمانے میں بھی رکھا ہوا تھا پرانی آنگریز (15) کشیدہ کاری کر رہی تھی۔ وہ سوچ رہا تھا اور لکھ رہا تھا لیکن سارے وقت اسے کیٹی کی موجودگی سے خوشی کا احساس بھی تھا کبھی بازی کے کاموں یا کتاب لکھنے میں 'جس میں اسے بڑی طرح کبھی بازی کے بیاہی

اصول پیش کرتے تھے' اپنی مصروفیتوں کو اس نے ترک نہیں کیا تھا لیکن یہ مصروفیتیں جیسے پہلے اس کمرے میں' جو ساری زندگی پر چھائی ہوئی تھی' چھوٹی اور حقیر معلوم ہوتی تھیں' بالکل ویسے ہی وہ اب بھی آسمان زندگی کی خوشی کی روشن جگمگاہٹ میں اتنی ہی چھوٹی اور حقیر معلوم ہوتی تھیں۔ اپنی مصروفیتیں تو اس نے جاری رکھیں لیکن اب وہ محسوس کرتا تھا کہ اس کی توجہ کا مرکز کشش دوسری چیز پر منتقل ہو گیا تھا اور اس کے نتیجے میں وہ کام کو بالکل مختلف اور واضح انداز میں دیکھنے لگا تھا۔ پہلے یہ کام اس کے لئے زندگی سے بچنے کا راستہ تھا۔ پہلے وہ محسوس کرتا تھا کہ اس کام کے بغیر اس کی زندگی بہت ہی اداس اور بے کیف ہو جائے گی۔ اب یہ مصروفیت اس کے لئے اس واسطے ضروری تھی کہ زندگی میں صرف اجالے ہی کا یک رنگا پن نہ رہے۔ پھر سے اپنے کاغذات کو اٹھا کر جو کچھ لکھا جا چکا تھا اسے اس نے پڑھا اور طمانیت کے ساتھ محسوس کیا کہ کام اس لائق ہے کہ اسے مکمل کر کیا جائے۔ کام نیا اور معید تھا۔ اس کے سابقہ خیالات میں سے بہت سے اب اسے بیکار اور اختراعانہ معلوم ہوئے لیکن اب جب اس نے پورے کام کو اپنے سامنے میں پھر سے تازہ کیا تو بہت سی خالی جگہیں اس کے نزدیک واضح ہو گئیں۔ اب وہ روس میں کاشتکاری کی غیر فائدہ بخش حالت کے اسباب کے بارے میں ایک نیا باب لکھ رہا تھا۔ وہ ثابت کر رہا تھا کہ روس کی مفلسی صرف زمین جائیداد کی غیر منصفانہ تقسیم اور اس کے برے انتظام ہی کی بنا پر نہیں ہے بلکہ یہ کہ اس میں پچھلے کچھ دنوں سے روس میں خلاف عادت لگائی جانے والی خارجی تہذیب کی غلم لائے جانے کا بھی ہاتھ تھا یعنی خصوصی طور پر کہا جائے تو رسل و رسائل کے راستوں اور ریلوے لائنوں کا جس کی بدولت شہروں میں ارتکاز پیدا ہو گیا' قفیز کا دور ہوا اور اس کے نتیجے میں زراعت کو نقصان پہنچا کر کارخانوں والی پیداوار کا' قرضوں اور اس کی دائمی شریک اور ساتھی سٹے بازی کا ارتکاز ہوا۔ اسے لگتا تھا کہ ریاست کی دولت کا ارتکاز اگر خطری طور پر ہو تو یہ ساری چیزیں بھی نمودار ہوتی ہیں جب کاشتکاری میں قابل لحاظ حد تک صرف کی جا چکی ہو' جب وہ کافی حد تک کم سے کم معین حالت پر پہنچ چکی ہو کہ ملک کی دولت کو تناسب کے ساتھ بڑھانے اور خاص طور سے اس طرح کی دولت کی دوسری شاخیں کاشتکاری سے آگے نہ بڑھنے پائیں' مگر رسل و رسائل کے راستے بھی کاشتکاری کی معروف حالت اور ضرورت کے مطابق ہی ہونے چاہئیں اور یہ کہ ہماری زمین کا صحیح استعمال نہ کئے جانے کے حالات میں ریلوے لائنیں' جو سماجی نہیں بلکہ سیاسی ضروریات کی بنا پر وجود میں لائی گئی ہیں' از وقت تھیں اور انہوں نے کاشتکاری کی مدد کرنے کی بجائے' جس کی ان سے توقع کی گئی تھی' کاشتکاری سے آگے بڑھ کر اور صنعت اور قرض کے ارتکاز کا سامان کر کے کاشتکاری کو پسماندہ بنا دیا ہے' اور یہ کہ اسی لئے جس طرح کسی جاندار کے جسم میں ایک حصہ کا یک طرفہ اور مکمل از وقت ارتکاز اس کے عام ارتکاز میں مخل ہوتا ہے اسی طرح قرض' رسل و رسائل کے راستوں' کارخانوں کی زبردستی کی سرگرمی نے' جو یورپ میں بلاشبہ ضروری ہیں جہاں وہ بروقت ہیں' ہمارے ہاں کاشتکاری کو منظم کرنے کے خاص اور فوری سوال کو پس پشت ڈال کر دولت کے عام ارتکاز کو نقصان ہی پہنچایا۔

جس عرصے میں لیوین اپنے خیالات کو قلمبند کر رہا تھا' کیٹی یہ سوچ رہی تھی کہ اس کا شوہر جو ان پر نس چارسکی کے ساتھ کتنی غیر معمولی توجہ کے ساتھ پیش آیا تھا جس نے ان لوگوں کی روانگی سے پہلے والی شام کو بڑے پھوہڑپن سے کیٹی کے ساتھ عشق بازی کی نمائش کی تھی۔ کیٹی نے سوچا "ضرور انہیں جلن ہوئی ہو گی۔ میرے خدا! وہ کس قدر بیاڑے اور بھولے ہیں۔ میرے سامنے میں جلتے ہیں! اگر انہیں معلوم ہو تا کہ میرے لئے وہ سب کے سب بیوقوف ہیں کی طرح ہیں" اس نے سوچا اور ایک عجیب احساس ملکیت کے ساتھ لیوین کی گدی اور سر کے گرد بالوں کو دیکھا۔ "کام سے ان کی توجہ ہٹاتے ہوئے افسوس تو ہوتا ہے (کام تو کبھی بھی لیں گے!) مگر مجھے ان کا چہرہ ضرور دیکھنا ہے۔ کیا وہ محسوس کرتے ہیں کہ میں انہیں دیکھ رہی ہوں؟ میں چاہتی ہوں کہ وہ ادھر مڑیں ——— چاہتی ہوں ——— مڑو!" اور اس نے اپنی آنکھیں پوری کھول دیں تاکہ اس طرح اس کی نگاہ کا عمل شدید تر ہو جائے۔

"ہاں' یہ چیزیں سارے رس کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہیں اور جھوٹی چمک دیتی ہیں" لیوین لکھنا بند کر کے اپنے آپ ہی بڑبڑایا اور اس نے محسوس کیا کہ کیٹی اس کی طرف دیکھ رہی ہے اور مسکرا رہی ہے۔ اس نے مڑ کر دیکھا۔

"کیا ہے؟" اس نے مسکراتے ہوئے اٹھ کر پوچھا۔

"دیکھ لیا میری طرف" کیٹی نے سوچا۔

"کچھ نہیں' بس میں چاہتی تھی کہ تم میری طرف دیکھ لو" اس نے کہا اور اسے غور سے دیکھتے ہوئے اندازہ لگانے کی کوشش کی کہ اس بات پر وہ جھنجلا رہا ہے یا نہیں کہ میں نے کام کی طرف سے اس کی توجہ ہٹا دی۔ لیکن ہم ہی دونوں ہوں تو کتنا اچھا لگتا ہے' ایسی لگے" اس نے کیٹی کے پاس آ کر خوشی کی مسکراہٹ سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"کچھ بھی نہیں' اچھا لگتا ہے' ابھی تو اب کہیں بھی۔ جاؤں گی' خاص طور سے سکو۔"

"تم کیا سوچ رہی تھیں؟"

"میں؟ ——— میں سوچ رہی تھی کہ ——— نہیں' نہیں' تم جاؤ لکھو' ادھر ادھر دھیان مت بٹاؤ" اس نے ہونٹ سکوڑتے ہوئے کہا" اور مجھے ابھی یہ چھوٹے چھوٹے پھیپھڑے کاٹنے ہیں' دیکھ رہے ہو؟"

اس نے قینچی اٹھائی اور پھیپھڑا کاٹنے لگی۔

"نہیں' تم بتاؤ کہ کیا سوچ رہی تھیں؟" لیوین نے اس کے پاس بیٹھتے ہوئے اور چھوٹی سی قینچی کی گول گول حرکت کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"ارے' میں کیا سوچ رہی تھی؟ میں ماسکو کے بارے میں سوچ رہی تھی اور تمہاری گدی کے بارے میں۔"

"آخر مجھے کس لئے اتنی خوشی نصیب ہوتی ہے؟ یہ تو غیر قدرتی بات ہے۔ بہت ہی اچھا ہے سب کچھ" اس نے کیٹی کے ہاتھ چومتے ہوئے کہا۔

"اس سے برعکس مجھے تو بہت زیادہ اچھا اور اتنا ہی قدرتی معلوم ہوتا ہے۔"

"اور تمہارے ایک چھوٹی سی لٹ ہے" اس نے احتیاط کے ساتھ کیٹی کے سر کو سہلاتے ہوئے کہا۔

"چھوٹی سی لٹ —— دیکھو' یہ رہی' مگر نہیں ہم لوگ تو کام کر رہے ہیں۔"

لیکن کام اس کے بعد نہیں ہوا' اور جب کوزما یہ اطلاع دینے کے لئے آیا کہ چائے لگا دی گئی ہے تو وہ دونوں فصہ دار کی طرح اچھل کر ایک دوسرے سے الگ ہو گئے۔

"اور وہ لوگ شہر سے آگئے؟" لیوین نے کوزما سے پوچھا۔

"ابھی ابھی پہنچے ہیں۔ سامان ٹھیک ٹھاک کر رہے ہیں۔"

"جلدی سے آؤ" کمرے سے جاتے ہوئے کیٹی نے لیوین سے کہا" میں تو تمہارے بغیر ہی پڑھ

لوں گی۔ اور اس کے بعد ہم ساتھ ساتھ یا تو بجائیں گے۔"

یوین جب اکیلا رہ گیا تو اس نے اپنی بیاضوں کو اس پورٹ فولیو میں رکھا جو کیٹی نے اس کے لئے ابھی کچھ ہی دنوں پہلے خریدا تھا۔ پھر اٹھ کر اس نے نئی سیلی میں ہاتھ دھوئے جس کا سارا عمدہ سازوسامان یا تو اور کیٹی کے آنے کے بعد ہی وجود پذیر ہوا تھا۔ یوین اپنے خیالات پر مسکرایا اور اس نے اس خیالات کی تائید نہ کرتے ہوئے سر ہلایا۔ اسے پچھتاوے کے سے ایک احساس سے دوچار ہونا پڑ رہا تھا۔ اس کی سابقہ زندگی میں کوئی چیز شرمناک سی، نسوانی سی اور جیسے کہ وہ دل میں اسے کہا کرتا تھا، رومی شہر کاپوا کے قحبہ خانے کی سی تھی۔ اس نے سوچا "اس طرح زندگی بسر کرنا اچھا نہیں ہے۔ جلد ہی تین مہینے ہو جائیں گے کہ میں نثر کا کچھ بھی نہیں کر رہا ہوں۔ آج غالباً پہلی بار میں نے سنجیدگی سے کام کرنا شروع کیا اور وہ بھی کیا؟ بس شروع کیا اور چھوڑ دیا۔ میں نے اپنے مقصد کے مطابق رہ رہے والے لوگوں کو بھی تقریباً چھوڑ دیا۔ کھیتی باڑی کا کام بھی میں نے نثر کا اور عادی نہیں کبھی سمجھے اس کو ایسے چھوڑتے ہوئے افسوس ہوتا ہے اور کبھی دیکھتا ہوں کہ وہ اچھا ہی ہے۔ کہیں میں تو سوچ رہا تھا کہ شادی سے پہلے زندگی بس یوں ہی رہتی ہے۔ کسی شاعر میں نہیں آتی اور اصل زندگی تو شادی کے بعد شروع ہوتی ہے۔ اور جلد ہی تین مہینے ہو جائیں گے اور میں نے کبھی اتنی کاہلی اور بیکاری میں وقت نہیں گزارا۔ نہیں یہ ناممکن ہے، شروع کرنا چاہئے۔ ظاہر ہے کہ وہ تو قصوروار نہیں ہے۔ اسے کسی بات کے لئے برا بھلا نہیں کہا جا سکتا۔ وہ مجھے ریوڑ کی طرح ہانکنا چاہتی ہے اور اپنی مرضی آزادی کو مسلم کروانا چاہئے۔ نہیں تو میں خود ہی کاہل ہو جاؤں گا اور اسے بھی یہی سکھاؤں گا۔۔۔۔ ظاہر کہ وہ تو قصوروار نہیں ہے۔"

لیکن جو شخص پیرِ مطمئن ہو اس کے لئے ناممکن ہے کہ وہ کسی چیز سے پیر مطمئن ہے اس کا الزام کسی نہ کسی دوسرے کو نہ دے۔ اور اسی لوجو اس سے سب سے زیادہ قریب ہو اور لیوین کو صدا دعندلا یہ خیال ہو اگر ایسا تو نہیں ہے کہ کیٹی خود قصوروار ہو (قصوروار تو وہ کسی چیز میں ہو ہی نہیں سکتی) لیکن قصور اس کی پرورش و تربیت کا ہے جو بہت ہی سطحی اور عقیدگی سے دانستہ عاری تھی ("یہ بیہودہ قول چا، سکی۔۔۔ میں جانتا ہوں کہ کیٹی اسے روکنا چاہتی تھی لیکن روک نہ سکی")۔ "ہاں، سوائے گھر سے دلچسپی کے (وہ تو اس میں تھی) سوائے اپنے مفاد کے اور سوائے بردباری کے گھر کے اس کی کوئی عقیدہ دلچسپی ہے؟ نہیں۔ میرے کام سے دلچسپی نہیں، کھیتی باڑی سے نہیں، کسانوں سے نہیں، موسیقی سے نہیں جس میں وہ کافی اچھی ہے، پڑھنے سے دلچسپی نہیں۔ وہ کچھ بھی نہیں کرتی اور بالکل مطمئن ہے۔" لیوین دل ہی دل میں یہ رائے قائم کر کے لیبل صادر کر رہا تھا اور وہ ابھی تک یہ نہیں سمجھتا تھا کہ کیٹی سرگرمی کے اس دور کے لئے تیاریاں کر رہی ہے جب وہ بیک وقت شوہر کے لئے بیوی ہو گی، خاتونِ خانہ ہو گی، امید سے رہے گی، بچوں کو پالے پوسے گی۔ وہ نہیں سمجھتا تھا کہ کیٹی اس بات کو اصل طور پر جانتی تھی اور اس خوفزدہ کر دینے والی محنت کے لئے تیاری کرتے ہوئے بھی وہ بے فکری کے اور محبت کی خوشی کے لمحوں کے لئے خود کو برا بھلا کہتی تھی جن سے وہ اس وقت اپنے آئندہ لیشن کو خوشی خوشی بناتے سنوارتے ہوئے لطف اندوز ہو رہی تھی۔

16

جب لیوین اوپر پہنچا تو اس کی بیوی چاندی کے نئے سماوار کے پاس چائے کا تیا سیٹ سامنے رکھے بیٹھے تھی

اور چھوٹی سی میز کے پاس اس نے اگافیا میٹا کیلووناکو بھی بٹھا لیا تھا اور چائے انڈیل کر انہیں دے رہی تھی۔ کیٹی ڈالی کا خط پڑھ رہی تھی جس سے ان لوگوں کی برابر خط و کتابت رہتی تھی۔

"دیکھا آپ نے" آپ کی مادام نے مجھے بٹھا لیا" حکم دیا کہ ان کے ساتھ بیٹھوں" اگافیا میٹا کیلووناکے پر شفقت مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

اگافیا میٹا کیلووناکے ان الفاظ سے لیوین نے یہ سمجھا کہ اس ڈرامے کی گتھی سلجھ گئی جو پچھلے دنوں اگافیا میٹا کیلووناکو اور کیٹی کے درمیان چل رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ نئی، لگن کے اپنے ہاتھ میں ممتاں حکومت کے لیے سے اگافیا میٹا کیلووناکو جو زچ پہنچا تھا اس کے باوجود کیٹی نے انہیں جیت لیا تھا اور اپنے سے محبت کرنے پر مجبور کر دیا تھا۔

"اور میں نے تو تمہارا خط پڑھ لیا" کیٹی نے کہا اور لیوین کو ایک کم پڑھے لکھے شخص کا سا خط دیتے ہوئے کہا۔ "یہ لگتا ہے اس عورت کا ہے" تمہارے بھائی والی۔۔۔ میں نے نہیں پڑھا۔ اور یہ میرے خاندان والوں کا اور ڈالی کا ہے۔ اور اسوچ ڈالی گریٹا اور تانیا کو لے کر سما شکی کے ہاں بچوں کے ہال میں گئی تھیں۔ تانیا فرانسیسی مارکیزنی تھی۔"

لیکن لیوین نے اس کی بات نہیں سنی۔ اس کا چہرہ سرخ ہو گیا اور اس نے بھائی کولائی کی سابق محبوبہ ماریا کولائیونا کا خط لے لیا اور اسے پڑھنے لگا۔ یہ ماریا کولائیونا کا دوسرا خط تھا۔ پہلے خط میں اس نے لکھا تھا کہ بھائی کولائی نے اسے کسی قصور کے بغیر ہی نکال دیا۔ اور اس کو دکھانے والی سادگی کے ساتھ لکھا تھا کہ وہ اگرچہ پھر فاقہ کشی کی حالت میں ہے لیکن اپنے لئے کچھ بھی نہیں مانگنا نہیں چاہتی۔ اسے تو بس یہ خیال کھائے جا رہا ہے کہ کولائی دمیتریچ اپنی محنت کی، جی توڑ محنت کی وجہ سے اس کے بغیر بالکل ہی برباد ہو جائیں گے اور اس نے لیوین سے درخواست کی تھی کہ وہ ان پر نظر رکھیں۔ اب اس نے دوسرا خط لکھا تھا۔ اس نے کولائی دمیتریچ کو اغوا کر لیا تھا اور اب بھاگ کر ان کے ساتھ ماسکو میں رہنے لگی اور انہیں کے ساتھ اس صوبائی شہر میں گئی جہاں انہیں ملازمت میں ایک عہدہ مل گیا تھا لیکن وہاں انہوں نے اپنے افسر اعلیٰ سے جھگڑا کر لیا اور ماسکو واپس چل پڑے۔ راستے میں ان کی طبیعت اتنی خراب ہو گئی کہ وہ یہ مشکل کھڑے ہو پاتے ہیں۔ اس نے لکھا تھا کہ "وہ سارے وقت آپ کو یاد کرتے رہے اور ہاں، رقم بھی اب نہیں رہ گئی۔"

"یہ پڑھو، ڈالی نے تمہارے بارے میں لکھا ہے" کیٹی نے مسکراتے ہوئے کہنا شروع کیا تھا لیکن شوہر کے چہرے کا بدلا ہوا تاثر دیکھ کر وہ اچانک رک گئی۔

"کیا ہوا؟ کیا بات ہے؟"

"اس نے مجھے لکھا ہے کہ بھائی کولائی قریب المرگ ہیں۔ میں جاؤں گا۔"

اچانک کیٹی کے چہرے کا تاثر بھی بدل گیا۔ ماریا کولائیونا کے اور ڈالی کے بارے میں سارے خیالات غائب ہو گئے

"تم کب جاؤ گے؟" اس نے کہا

"کل"

"اور میں تمہارے ساتھ چل سکتی ہوں؟" کیٹی نے کہا

"کیٹی :۔ آخر یہ ہے کیا؟" اس نے تادیبی انداز میں کہا

"کیا مطلب کیا؟" کیٹی کو یہ بات بری لگی کہ وہ اس کی تحریر کو جھنجلاہٹ اور بیزاری کے ساتھ دیکھ رہا ہے۔
"آخر میں کیوں نہ جاؤں؟ میں تمہاری کسی چیز میں مخل نہ ہوں گی۔ میں۔۔۔۔"
"میں تو اس لئے جا رہا ہوں کہ میرا بھائی مر رہا ہے" لیوین نے کہا۔ "تم کس لئے۔۔۔۔"
"کس لئے؟ جس لئے تم جا رہے ہو اس لئے"
لیوین نے سوچا "اور میرے لئے! اتنے اہم وقت میں بھی وہ صرف اس بارے میں سوچتی ہے کہ اکیلے وہ اکتائے گی یہاں۔" اور اتنے اہم معاملے میں اس طرح تھما پھرا کر بات کرنے پر اسے غصہ آگیا۔
"یہ ممکن نہیں ہے" اس نے تلخی کے ساتھ کہا۔
اگاپیا بلاؤ ہے، بچ کر کہ جھگڑے کی نوبت آنے والی ہے پیالے سے چائے کی پیالی رکھی اور وہاں سے چلی گئیں۔ کیٹی نے ان کی طرف دھیان بھی نہ دیا۔ شوہر نے جس لہجے میں آخری بات کہی تھی اس سے اسے بڑی ٹھیس پہنچی تھی خاص طور سے اس لئے کہ صاف ظاہر تھا کہ اس نے جو کچھ کہا تھا اس پر شوہر نے یقین ہی نہیں کیا تھا۔
"اور میں تم سے کہہ رہی ہوں کہ اگر تم جاؤ گے تو تمہارے ساتھ میں بھی جاؤں گی، ضرور جاؤں گی" اس نے جلدی جلدی غصے میں کہا۔ "ممکن کس لئے نہیں ہے؟ کس لئے تم کہہ رہے ہو کہ ممکن نہیں ہے؟"
"اس لئے کہ پتہ نہیں جانا کہاں ہوگا، کس راستے سے، کن ہوٹلوں میں۔ تم ساتھ ہوگی تو مجھے اتنا پتا محسوس ہوگا" لیوین نے غصے دل سے بات کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔
"بالکل نہیں۔ مجھے کچھ نہیں چاہئے۔ جہاں تم جا سکتے ہو، رہ سکتے ہو، وہاں میں بھی۔۔۔۔"
"اگر اور کچھ نہیں تو اس ایک وجہ سے کہ وہاں یہ عورت بھی ہے جس کے پاس تم نہیں جا سکتیں۔"
"میں کچھ نہیں جانتی اور جاننا چاہتی بھی نہیں کہ وہاں کون ہے اور کیا ہے۔ میں صرف یہ جانتی ہوں کہ میرے شوہر کے بھائی مر رہے ہیں اور وہ ان کے پاس جا رہا ہے اور میں اپنے شوہر کے ساتھ جاؤں گی تاکہ۔۔۔"
"کیٹی! غصہ مت کرو۔ لیکن تم ذرا سوچو کہ یہ معاملہ اتنا اہم ہے کہ مجھے یہ سوچ کر رکھ ہوتا ہے کہ تم اس میں اپنی کمزوری کے احساس سے مخل ہو رہی ہو صرف اس لئے کہ اکیلی نہیں رہنا چاہتیں۔ تو اگر اکیلے تم کو اتنا بھت ہوگی تو تم ماسکو چلی جاؤ۔"
"یہ ہے ساری بات، تم ہمیشہ برے اور شرمناک خیالات میرے سر منڈھ دیتے ہو" کیٹی نے دل برداشتہ اور غصے کے آنسوؤں کے ساتھ جواب دیا۔ "میرا ہرگز یہ مطلب نہیں تھا کوئی کمزوری نہیں، کچھ نہیں۔۔۔ میں محسوس کرتی ہوں کہ شوہر اگر رنج و غم میں ہو تو اس کے پاس رہنا میرا فرض ہے لیکن تم جان بوجھ کر مجھے دکھ دینا چاہتے ہو، جان بوجھ کر سمجھنا نہیں چاہتے۔۔۔"
"نہیں، یہ ناقابل برداشت ہے۔ بالکل غلام بن کے رہ جانا!" لیوین نے چیخ کر کہا اور اپنی جھنجلاہٹ کو سنبھالنا اس کے بس میں نہ رہ گیا۔ وہ کھڑا ہو گیا۔ لیکن اس لمحے اس نے محسوس کیا کہ وہ اپنے آپ کو ہیٹ رہا ہے۔
"تو پھر تم نے شادی کس لئے کی تھی؟ تار دار رہتے۔ کیوں کی تھی جو اب پچھتا رہے ہو؟" اس نے کہا، اچھل کر کھڑی ہو گئی اور لمبے لمبے ڈگ بھرتی کمرے میں چلی گئی۔

جب وہ اس کے پیچھے پیچھے گیا تو کیٹی سسکیاں لے لے کر رو رہی تھی۔
لیوین نے بات کرنے اور ایسے الفاظ تلاش کرنے کی کوشش کی جو یہ نہیں کہ کیٹی کو ساتھ نہ جانے کی سمجھداری کا یقین دلا دیں بلکہ کسی طرح اسے صرف چپ کرا دیں۔ لیکن کیٹی نے اس کی ایک نہ سنی اور کسی بات پر بھی رضامند نہ ہوئی۔ لیوین اس کی طرف جھکا اور اس کے مزاحمت کرتے ہوئے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ اس نے ہاتھ کو چوما، اس کے بالوں کو چوما، پھر ہاتھ کو چوما۔۔۔ کیٹی سارے وقت چپ ہی رہی۔ لیکن جب اس نے کیٹی کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں لے لیا اور کہا "کیٹی!" تو اچانک وہ سنبھل گئی، روئی، ہنسی اور پھر ان میں شامل ہو گئی۔

یہ طے ہوا کہ کل دونوں ساتھ جائیں گے۔ لیوین نے بیوی سے کہا کہ اسے یقین ہے کہ وہ صرف اس لئے جانا چاہتی ہے کہ وہ کار آمد بن سکے۔ اس نے یہ بات ان کی کہ ماریا بولائیونا شب بھائی کے پاس ہوں گی تو ان کی سرپرستی سے کوئی نہ کوئی فائدہ پہنچے گا۔ ہوگی لیکن وہ گیا تو دل کی گہرائی میں اپنے آپ سے مطمئن تھا۔ کیٹی سے وہ اس لئے ناخوش تھا کہ وہ خود کو اس بات پر تیار نہ کر سکی کہ اسے اکیلے جانے دے جبکہ یہ ضروری تھا اور اس کے لئے یہ سوچنا کتنا عجیب تھا کہ وہ جو ابھی تھوڑے دنوں پہلے اتنا خوش نصیب ہونے کا یقین کرنے کی بھی ہمت نہ کر سکتا تھا کیٹی اس سے محبت کرتی ہے، اب اس وجہ سے خود کو بھی محسوس کرتا تھا کہ وہ اس سے بہت زیادہ محبت کرنے لگا ہے! اور اپنے آپ سے وہ اس لئے ناخوش تھا کہ اس نے کردار کی مضبوطی کا ثبوت نہیں دیا۔ اپنے دل کی گہرائی میں وہ اس بات سے اور بھی زیادہ متفق نہیں تھا کہ کیٹی کو اس عورت سے کوئی مطلب نہیں ہو بھائی کے ساتھ تھی، اور وہ بڑے خوف کے ساتھ سوچتا تھا کہ پتہ نہیں کیسے کیسے تکلیف دہ مناظر کا پتہ لگ سکتا ہے۔ اسے اسی ایک بات کو سوچ کر تنا فراز اور خوف کا احساس ہوتا تھا کہ اس کی بیوی اس کی کیٹی ایک ہی کمرے میں اس عام عورت کے ساتھ ہوگی۔

17

جس صوبائی شہر میں کولائی لیوین پڑے ہوئے تھے وہاں کا ہوٹل ان ہوٹلوں میں تھا جو بننے اور بہتر ہونے پر فخر اور مظلم کئے جاتے ہیں، جن میں صفائی، آسائش اور یہاں تک کہ شان و شوکت کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے لیکن جو ان میں جو لوگ آکر قیام کرتے ہیں ان کی وجہ سے بہت ہی جلدی گندی سرائیں جیسے ہو جاتے ہیں جنہیں جدید ترین بہتریوں کا جامہ زیب تن ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے انہیں پرانے اور بیچ کے گندے ہوٹلوں سے بھی بدتر بنا دیتے ہیں۔ یہ ہوٹل اس حالت کو پہنچ چکا تھا۔ دروازے پر گندی وردی پہنے اور پاپوش پہنا ہوا دربان جس کی ڈیوٹی تھی کہ وہ ہال پورٹر کے فرائض انجام دے، ٹوٹے ہوئے جالی دار بند رنگ اور کریہہ صورت میلی گندہ فراک کوٹ پہنے ہوئے اون جلوں دیتا، عام ڈائننگ ہال جہاں میز پر موم کے پھولوں کا جھول بنا ہوا تھا، گندے سجا ہوا تھا، ہر جگہ گرد و غبار، گندگی اور پھوہڑپن اور پھر اس کے ساتھ ہی اس ہوٹل کی لے دینے والی ریلوے اسٹیشن جیسی، اپنے آپ سے مطمئن ہوا ہی۔ یہ ساری چیزیں لیوین میاں بیوی کو ان کی نوبیاہتا زندگی کے بعد بہت ہی گراں اور ناگوار گزریں، خاص طور سے اس لئے کہ ہوٹل کا پیدا کیا ہوا دکھاوے کا یہ بھدا تاثر اس چیز سے کوئی مطابقت نہ رکھتا تھا جو ان کے سامنے آنے والی تھی۔
پیش کی طرح اس سوال کے بعد کہ انہیں کس کرائے کا کمرہ چاہئے پتہ یہ چلا کہ کوئی اچھا کمرہ تھا ہی نہیں۔

ایک اچھے کمرے میں ریوے اسٹیکر ٹھہرے ہوئے تھے۔ دوسرے میں ماسکو کے ایک ایڈورکیٹ۔ تیسرے میں پرنس استالیسکی جو یہاں سے آئی تھیں۔ صرف ایک گندہ سا کمرہ باقی رہ گیا تھا لیکن ان لوگوں نے وعدہ کیا کہ شام کو اس کے پاس والا کمرہ خالی ہو جائے گا۔ لیون یہ بات سے جھنجلا گیا کہ وہی ہو گیا جس کی اسے توقع تھی۔ مگر اسے اس وقت جب اس جہاں سے اس کا دل ہٹ جا رہا تھا کہ بھائی کا پتہ نہیں کیا حال ہو گا' فوراً بھاگ کر بھائی کے پاس پہنچنے کی بجائے اسے بیوی کی فکر کرنی پڑ رہی ہے۔ وہ بیوی کو اس کمرے میں لے گیا جو انھیں دیا گیا تھا۔

"تم جاؤ' جاؤ۔" کیٹی نے بھیگی ہوئی تصور دار نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔

وہ چپ چاپ دروازے سے نکل گیا اور وہیں اس کا سامنا ماریا گولوئیونا سے ہو گیا جس کو اس کی آمد کے بارے میں معلوم ہو گیا تھا اور وہ آکر وہاں کھڑی تھی اس لئے کہ اندر جانے کی ہمت نہیں پڑ رہی تھی۔ وہ بھی وہی تھی جیسی لیون نے اسے ماسکو میں دیکھا تھا۔ وہی اونی لباس جس میں کف اور گلا سفید تھا اور وہی نیک دل والا' بھلائی کے دانوں سے بھرا ہوا چہرہ ابھر گیا تھا۔

"تو کیا حال ہے؟ کیسے ہیں وہ؟ بتائیے نا!"

"حالت بہت ہی خراب ہے۔ مجھے بھی نہیں ہو سکتے۔ آپ ہی کا انتظار کر رہے ہیں۔ وہ... آپ... بیوی کے ساتھ آئے ہیں۔"

ڈرا سا تو لیون کی سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ یہ گھبرائی ہوئی کیوں ہے لیکن اس نے فوری طور پر اور ضمناً محسوس کر لی۔

"میں چلی جاؤں گی۔ میں باہر والی خالی میں چلی جاؤں گی۔" اس نے کہا۔ "وہ خوش ہوں گے۔ انہوں نے آپ کی شادی کے بارے میں سنا تھا۔ وہ انہیں جانتے ہیں اور انہیں یاد ہے کہ پرنس میں دیکھا تھا۔"

لیون سمجھ گیا کہ اس کا مطلب اس کی بیوی سے تھا۔ اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ کیا جواب دے۔

"چلئے چلئے۔" اس نے کہا۔

لیکن اس نے قدم بڑھایا تھا کہ اس کے کمرے کا دروازہ کھلا اور کیٹی نے جھانک کر دیکھا۔ لیون کا چہرہ سرخ ہو گیا' شرم سے بھی اور اپنی بیوی پر جھنجلاہٹ کی وجہ سے بھی۔ جس نے خود کو اور اسے اس مشکل صورت حال میں ڈال دیا تھا۔ لیکن اس سے بھی زیادہ سرخ ماریا گولوئیونا ہو گئی۔ وہ بالکل دبک سی گئی اور اتنی شرمندہ ہوئی کہ اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور وہ دونوں ہاتھوں سے اپنے رومال کے سرے پکڑ کر انہیں انگلیوں سے مروڑنے لگی۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کرے اور کیا کہے۔

پہلے لمحے میں تو کیٹی کی ان نظروں میں جن سے اس نے کمرے میں نہ آنے والی اس بھیانک عورت کو دیکھا تھا' لیون نے شدید تجسس کا تاثر دیکھا لیکن وہ بس لمحے بھر رہا۔

"تو کیا حال ہے؟ وہ کیسے ہیں؟" کیٹی نے شوہر سے دوبارہ ماریا گولوئیونا سے مخاطب ہو کر پوچھا۔

"اب یوں راہداری میں تو باتیں کرنا ٹھیک نہیں!" لیون نے جھنجلا کر ان صاحب کو دیکھتے ہوئے کہا جو بڑے پھریرے انداز میں راہداری سے گزرے جیسے کسی اپنے کام سے جا رہے ہوں۔

"تو اندر آ جائیے۔" کیٹی نے ماریا گولوئیونا سے مخاطب ہو کر کہا جو اب ذرا سنبھل گئی تھی۔ لیکن پھر اس نے شوہر کا خوفزدہ چہرہ دیکھا تو بولی "یا آپ لوگ جائیے' جائیے پھر مجھے بلوا لیجئے گا۔" اور وہ کمرے میں واپس چلی

گئی۔ لیون بھائی کے پاس گیا۔

بھائی کے ہاں اس نے جو کچھ دیکھا اور محسوس کیا اس کی اسے ذرا بھی توقع نہ تھی۔ اسے یہ توقع تھی کہ اسے اپنے آپ کو قریب دینے کی وہی حالت دیکھنے کو ملے گی جو اس نے سنا تھا کہ وقت کے مریضوں میں اکثر ہوتی ہے اور جس کو دیکھ کر وہ بیمار میں اس قدر حیران رہ گیا تھا جب وہ اس کے ہاں آئے تھے۔ اسے توقع تھی کہ اسے موت کے قریب ہونے کی جسمانی علامتیں زیادہ قطعی طور پر نظر آئیں گی' وہ اور بھی کمزور' اور بھی دبلے ہو گئے ہوں گے لیکن پھر بھی حالت تقریباً ایسی ہی ہو گی۔ اسے توقع تھی کہ خود بھی وہ اپنے چہیتے بھائی سے محروم ہو جانے کے سلسلے میں ویسا ہی افسوس اور موت کو سامنے دیکھ کر خوف محسوس کرے گا جیسے اس نے تب محسوس کیا تھا' بس یہ کہ اس بار وہ زیادہ شدید ہو گا۔ اور اس کے لئے وہ تیار تھا۔ لیکن اس نے تو کچھ اور ہی دیکھا

ہر نئی کے چھوٹے سے گندے کمرے میں جس کی اداس تنگ رنگی ہوئی دیواروں پر تھوک کے دھبے تھے اور جس کی ہلکی سی لکڑی کی دیوار کے ادھر سے دوسرے کمرے کی بات چیت سنائی دیتی تھی' اور جہاں کی ہوا میں خراب ہوئی تمباکو والی مہک بھری تھی' دیوار سے ہٹا کر بچھائے ہوئے پلنگ پر لحاف سے ڈھکا ہوا' ایک تن پڑا تھا۔ تن کا ایک ہاتھ لحاف کے اوپر رکھا تھا اور اس ہاتھ کی نیلی جیسی بڑی سی نالی معلوم نہیں کس طرح پتلے سے ابزے جیسے لمبے پنجے سے جڑی تھی جو شروع سے لے کر بیچ تک بالکل دبلا اور ہموار تھا۔ سر ایک طرف کو تکیے پر ڈھکا ہوا تھا۔ لیون کو پسینے میں تر چھدرے بال اور کھینچی ہوئی بالکل شفاف پیشانی نظر آ رہے تھے۔

لیون نے سوچا "یہ تو نہیں ہو سکتا کہ یہ بھیانک تن بھائی نکولائی ہیں۔" لیکن وہ قریب آیا اور چہرہ دیکھا تو شک کرنا ممکن ہی نہ رہ گیا۔ چہرے میں جو بھیانک تبدیلی آ گئی تھی اس کے باوجود لیون نے ان آنکھوں کو دیکھا جو آنے والے کی طرف بڑی پھرتی سے اٹھی تھیں' پھیکی ہوئی مونچھوں کے نیچے مسکراہٹ کی ہلکی سی حرکت پر نظر ڈالی اور وہ اس بھیانک سچائی کو سمجھ گیا کہ یہ مردہ تن اس کے اپنے زندہ بھائی تھے۔

چبھتی ہوئی آنکھوں نے آنے والے بھائی کو تندہی کے ساتھ ڈانٹنے کے انداز میں دیکھا۔ اور فوراً ہی اس نظر نے دو زندہ ہستیوں میں ایک رشتہ قائم کر دیا۔ لیون نے اپنے اوپر لگی ہوئی اس نظر والے انداز کو محسوس کیا اور اسے اپنی طرف پر پچھتاوے کا احساس ہوا۔

جب مکسٹن تن نے ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا تو نکولائی مسکرائے۔ مسکراہٹ بڑی خفیف' بس دور ہی سے نظر آنے والی تھی اور مسکراہٹ کے باوجود آنکھوں میں تندہی کا تاثر نہیں بدلا۔

"تم کو یہ توقع۔ تھی کہ مجھے ایسا پاؤ گے۔" مشکل سے انہوں نے کہا۔

"ہاں... نہیں نہیں۔" لیون نے گڑبڑا کر کہا۔ "آپ نے پہلے کیوں نہیں خبر کرائی۔ میں میری شادی کے وقت انہیں نے ہر جگہ پوچھ گچھ کی۔"

باتیں کرنا ضروری تھا تاکہ چپ نہ رہے لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ کیا کہے۔ اس لئے اور بھی کہ بھائی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ وہ بس ایک ٹک اسے دیکھتے رہے اور بظاہر اس کے ہر لفظ کے معنی سمجھنے کی کوشش کرتے رہے۔ لیون نے بھائی کو اطلاع دی کہ اس کی بیوی اس کے ساتھ آئی ہے۔ نکولائی نے علامتی تاثر ظاہر کیا لیکن کہا کہ انہیں خوف ہے کہ وہ ان کی حالت دیکھ کر ڈر جائیں گی۔ پھر خاموشی طاری ہو گئی۔ اچانک نکولائی ہلے اور انہوں نے کچھ کہنا شروع کیا۔ لیون کو ان کے چہرے کے تاثر سے یہ توقع تھی کہ وہ کوئی خاص طور سے اہم اور معنی خیز بات کہیں گے لیکن نکولائی نے اپنی صحت کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے ڈاکٹر کو مصور دار

ٹھہرایا اور شکایت کی کہ اسکو کامشورہ اکثر نہیں مل سکا۔ اس سے لیوین یہ سمجھا کہ انہیں اب بھی امید ہے۔

جیسے ہی وہ پہل دار چپ ہوئے ویسے ہی لیوین کھڑا ہو گیا۔ وہ چاہتا تھا کہ کسی طرح چاہے تھوڑی دیر کے لئے سہی اس اذیت ناک احساس سے بچ نکلے۔ اس نے کہا کہ وہ جا رہا ہے کہ اپنی بیوی کو لے آئے۔

"اچھا، ٹھیک ہے، اور میں کہتا ہوں کہ یہاں ذرا صفائی کر دی جائے۔ یہاں گندگی اور بدبو ہے میرے خیال میں۔ ماشا یہاں صفائی کر دو۔" مریض نے بڑی مشکل سے کہا۔ "اور صفائی کر کے تم خود بھی چلی جاؤ۔" انہوں نے بھائی کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔

لیوین نے کوئی جواب نہیں دیا۔ دہلیز میں نکل کر وہ کھڑا ہو گیا۔ اس نے کہا تھا کہ وہ بیوی کو لینے کو جا رہا تھا لیکن اب اس نے جو کچھ محسوس کیا تھا اس کا جائزہ لیتے ہوئے اس نے فیصلہ کیا کہ اس کے بر عکس وہ کیٹی کو کھانے کھانے کی کوشش کرے گا کہ مریض کے پاس نہ آنا چاہئے۔ اس نے سوچا "جو کچھ میں نے سمجھا ہے وہ سب آخر کیوں جھگڑے؟"

"تو کیا حال ہے آپ کے بیوی؟" کیٹی نے خود ہی گفتگو کا آغاز کیا۔

"اب بہت ہی بھیانک ہے، بھیانک۔ تم کس لئے یہاں آئیں؟" لیوین نے کہا۔

کیٹی چند سیکنڈ چپ رہی اور شوہر کو غصے ہوئی رحم آمیز نظروں سے دیکھتی رہی، پھر دونوں ہاتھوں سے اس کی کہنی پکڑ کر بولی:

"کونسیا! مجھے اس کے پاس لے چلو، ہم دونوں ساتھ ہوں گے تو ہمارے لئے آسان ہو گا۔ تم مجھے بس وہاں تک لے چلو اور مہربانی کر کے پھر چلے جانا۔" اس نے کہا۔ "تم سمجھو اس بات کو کہ تمہیں اس حال میں دیکھنا اور تمہیں نہ دیکھنا میرے لئے زیادہ مشکل ہے۔ وہاں ہو سکتا ہے میں ان کے یا تمہارے کچھ کام آ سکوں۔ مہربانی کر کے انتظار دو۔" اس نے شوہر کی منت اس طرح کی جیسے اس کی زندگی کی خوشی کا دارومدار اسی پر ہو۔

لیوین کو رضامند ہونا ہی پڑا۔ اور اپنے آپ کو سنبھال کر اور ماریا کولائیونا کے بارے میں بالکل بھول کر وہ کیٹی کے ساتھ پھر بھائی کے پاس چلا۔

ہلکے قدم رکھتے ہوئے اپنے شوہر کی طرف یک ٹک دیکھتے ہوئے اور اپنی صورت سے ہمت اور ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے کیٹی مریض کے کمرے میں داخل ہوئی اور بغیر کسی جلدی کے اس نے مڑ کر آہستہ سے دروازہ بند کیا۔ بالکل ہی بے پروا وہ تیز تیز مریض کے سرہانے پاس گئی اور اس طرح سے جا کر کہ انہیں سر گھمانے کی ضرورت نہ پڑے اس نے فوراً اپنے نوجوان، نرم و تازہ ہاتھ میں ان کے بڑے سے ہاتھ کے حاذق کو لے لیا، اسے دبایا اور اس سے ساتھ اس بھید خیس پہنچائے ہوئے ہمدردانہ، نرم اور جیالی تدابیر میں باتیں کرنے لگی جو عورتوں سے مخصوص ہوتی ہے۔

"ہم سوا بار میں ملے تو تھے لیکن ہمارا تعارف نہیں ہوا تھا۔" اس نے کہا۔ "آپ نے تو سوچا بھی نہ ہو گا کہ میں آپ کی خواہر نسبتی بن جاؤں گی۔"

"آپ مجھے پہچان بھی نہ پائیں؟" کولائی نے اس کے آنے پر مسکرا ہٹ کے ساتھ کہا۔

"نہیں، میں پہچان لیتی۔ آپ نے کتنا اچھا کیا جو ہم لوگوں کو خبر کر دی۔ میں بالکل ہی نہیں جانتی تھی۔ جب کونسیا کو کہتے ہوں اور پریشان نہ ہوتے ہوں۔"

لیکن مریض کا بیمار پن زیادہ دیر تک نہیں چلا۔

کیٹی نے بات کرنی ختم بھی نہ کی تھی کہ کولائی کے چہرے پر وہی ہمدردی کا اور ڈانٹنے کا سا رشک و حسد کا تاثر طاری ہو گیا جو سہنے والے کو زمروں سے ہوتا ہے۔

"مجھے اندیشہ ہے کہ آپ کے لئے یہاں تو بالکل ٹھیک نہیں ہے۔" اس نے اس کی یک ٹک نظروں سے مزہ کر کمرے پر نظر ڈالتے ہوئے کہا۔ "ہوٹل کے مالک سے دوسرے کمرے کے لئے کہنا پڑے گا۔" اس نے شوہر سے کہا۔ "پھر اس لئے بھی کہ ہم پاس ہی رہیں۔"

18

لیوین اپنے بھائی کو سکون کے ساتھ نہ دیکھ سکتا تھا۔ ان کی موجودگی میں خود سکون سے اور فطری انداز میں نہ رہ سکتا تھا۔ جب وہ مریض کے کمرے میں آتا تو اس کی آنکھیں اور توجہ غیر شعوری طور پر جھک جاتیں اور وہ بھائی کی حالت کی تفصیلات کو نہ دیکھ سکتا تھا اور نہ ان میں تمیز کر سکتا تھا۔ وہ انتقالی ہاکوار بو کو سونگھتا تھا، گندگی، بدنظمی اور اذیت ناک حالت کو دیکھتا تھا اور کراہ سکتا تھا لیکن محسوس کرتا تھا کہ اس حالت میں کسی طرح کی مدد کرنا ناممکن ہے۔ اسے یہ سوچنے کا خیال تک نہ ہوا کہ مریض کی حالت کی ساری تفصیلات ناجائز لے اس کے بارے میں سوچے کہ لحاف کے نیچے یہ تن کیسے پڑا تھا کہ یہ سوکھ کر کانٹا ہو جانے والی ٹانگیں کولہے، پیٹھ کیسی بڑی ہوئی پڑی تھیں اور کیا انہیں بہتر طریقے سے سنبھالا ممکن تھا یا کیا کچھ ایسا نہیں کیا جا سکتا کہ چاہے بہتر ہوتا لیکن انتظار تو نہ رہ جاتا۔ جب اس نے ان ساری تفصیلات کے بارے میں سوچنا شروع کیا تو اس کی پیٹھ پر ٹھنڈی جھرجھری سی چھا گئی۔ اسے بلاشبہ یقین تھا کہ زندگی کو طول دینے کے لئے یا تکلیف کو کم کرنے کے لئے کچھ بھی کرنا ممکن نہیں ہے۔ لیکن مریض کو اس بات کا احساس تھا کہ اس کا بھائی یہ تسلیم کرتا ہے کہ کسی طرح کی بھی مدد کرنا ناممکن ہے اور اس احساس سے اسے سخت تکلیف ہوتی تھی اور وہ چڑ جاتا تھا۔ اسی وجہ سے لیوین کے لئے یہ سب اور زیادہ تکلیف دہ تھا۔ اس کے لئے مریض کے کمرے میں ہونا ایک اذیت تھی اور نہ ہونا اس سے بھی بدتر۔ اور وہ برابر مختلف بہانوں سے باہر جاتا اور پھر واپس آتا اس لئے کہ وہ اکیلے رہ ہی نہیں سکتا تھا۔

لیکن کیٹی بالکل اس طرح نہیں سوچتی تھی، نہ یوں محسوس کرتی اور عمل کرتی تھی۔ مریض کو دیکھ کر اسے ان پر بڑا ترس آیا۔ اور اس کے نسوانی دل میں ترس سے خوف اور کراہت کا وہ احساس نہیں ہوا جو اس کے شوہر کے دل میں پیدا ہوا تھا بلکہ عمل کرنے کا، ان کی حالت کی ساری تفصیلات جاننے کا اور ان کی مدد کرنے کا تقاضا پیدا ہوا۔ اور چونکہ اس کے دل میں اس بات میں ذرا بھی شبہ نہیں تھا کہ اسے ان کی مدد کرنی چاہئے اس لئے اس نے اس بات میں بھی شک نہیں کیا کہ یہ ممکن ہے اور وہ فوراً ہی کام میں لگ گئی۔ اس کی توجہ فوراً انہیں تفصیلات کی طرف گئی جس کے بارے میں سوچنے ہی سے اس کے شوہر پر خوف طاری ہو جاتا تھا۔ کسی کو ڈاکٹر بلانے بھیجا، دوا لانے کے لئے آدمی بھیجا، اپنے ساتھ جو خادمہ لائی تھی اسے ماریا کولائیونا کے ساتھ مل صاف کرنے اور دھونے پر لگایا، کچھ چیزیں خود دھوئیں اور نیچے زمین، لحاف کے نیچے کوئی چیز لگائی۔ اس کے انتظام کے مطابق مریض کے کمرے سے کچھ چیزیں لے جائی گئیں اور کچھ لائی گئیں۔ وہ خود کئی بار اپنے کمرے میں آئی اور جو لوگ اس کے سامنے پڑے ان کی طرف کوئی توجہ کئے بغیر چادریں، لحاف تولئے اور قمیص نکالیں اور لے گئیں۔

ہوٹل کا عملہ ستکار" جو عام طور پر ڈنگ ہال میں انجینئروں کے لئے کھانا لگا رہا تھا کبھی کبھار اس کے طلب کرنے پر ناراض صورت بنائے آیا اور اس کے احکامات کی تعمیل کئے بغیر۔ وہ سکا اس لئے کہ اس نے وہ احکامات اتنے عنایت "میز اصرار کے ساتھ دیئے کہ اس کی بات ٹال کر چلا جانا ممکن ہی نہ تھا۔ لیون کو یہ سب پسند نہیں آیا اسے یقین نہیں ہوا کہ اس سب سے مریض کو کوئی فائدہ پہنچے گا۔ سب سے زیادہ اسے یہ ڈر تھا کہ مریض کہیں ناراض نہ ہو جائیں لیکن مریض لگتا تو یہی تھا کہ اس سب سے بے زار تھے مگر وہ ناراض نہیں ہوئے انہیں صرف شرمندگی تھی اور بھونی طور پر نرسوں نے اس سے دلچسپی لی کہ بیٹی ان کے لئے کیا کر رہی ہے۔ ڈاکٹر کے پاس سے آکر جب اسے کیٹی نے بتایا تھا لیون نے دروازہ کھولا تو مریض کو اس حالت میں پایا جب کیٹی کے انتظام کے مطابق اس کی قمیص بدلی جا رہی تھی پتلے فاطویل سفید پلنگ بڑے بڑے پھوڑوں کی ہڈیاں پسلیاں اور ریڑھ کی گرہیں نکلی تھیں اور مارپا کولائیونا عملہ ستکار کے ساتھ قمیص کی آستین سے الجھ رہی تھی اور کسی طرح سے اس میں بیمار کے ہاتھ ڈال رہے تھے۔ کیٹی نے لیون کے آنے کے بعد جلدی سے دروازہ بند کر دیا وہ مریض کی طرف نہیں دیکھ رہی تھی لیکن مریض کراہے تو وہ تیزی سے ان کے پاس پہنچ گئی۔

"جلدی کیجئے" اس نے کہا۔

"اچھا آپ تو نہ آیئے" مریض نے خفا ہو کر کہا "میں خود ہی..."

"کیا کہا آپ نے؟" مارپا کولائیونا نے پوچھا۔

لیکن کیٹی نے سن لیا تھا اور سمجھ گئی تھی کہ انہیں اس کے سامنے ننگے بدن ہونے میں شرم آتی تھی اور اچھا نہیں لگتا تھا۔

"میں دیکھ نہیں رہی ہوں، دیکھوں گی نہیں!" اس نے آستین ٹھیک کرتے ہوئے کہا "مارپا کولائیونا آپ اس طرف چلی جایئے اور ٹھیک کر دیجئے" اس نے اضافہ کیا۔

پھر اس نے شوہر سے مخاطب ہو کر کہا "تم، راما، میرے پھونکنے پر تیز میں ایک شیشی ہے معلوم ہے اس کی پہلوان لی۔ یہ میں لے کر آتی ہوں تب تک میں یہاں سب ٹھیک ہو جائے گا"

لیون جب شیشی لے کر واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ مریض کو نہلایا جا چکا ہے اور ان کے ارد گرد سب کچھ بالکل بدل گیا ہے۔ کمرے کی تیز بو کی جگہ عطر اور سرکے کی ملی جلی بو تھی۔ کیٹی اپنے ہوٹ نکال کر اور گھنی بالوں کو پھر سے پھونی سی ٹوپی سے ڈھک کر پھونک کی بھوار نکال رہی تھی۔ دھوپ کہیں نظر نہیں آتی تھی۔ پلنگ کے نیچے قالین بچھ گیا تھا میز قاعدے سے شیشیاں اور بوتلوں کی سجاوٹ رکھی تھی اور اسی پر ضروری کپڑے اور کیٹی کی برساتی ٹوکری بھی رکھی تھی۔ مریض کے پلنگ کے پاس دوسری میز پر کوئی مشروب، سلوف کی پڑیاں اور سوم تلی رکھی تھی۔ خود مریض ہاتھ منہ دھوئے بال بنائے صاف چادر پر لیٹے تھے ان کے تکیے اونچے اٹھے ہوئے تھے وہ عیر قدرتی حد تک لمبی گردن پر سفید فالرولی قمیص پہنے تھے ان کے چہرے پر امید کا سایا نظر آتا تھا اور وہ ایک ٹک کیٹی کو دیکھے جا رہے تھے

لیون جس ڈاکٹر کو لایا تھا اور جو اسے کلب میں ملا تھا وہ ڈاکٹر نہیں تھا جو کولائی کا علاج کر رہا تھا اور جس سے وہ مطمئن نہیں تھے۔ نئے ڈاکٹر نے اسٹیتھ سکوپ نکالا اور اسے لگا کر مریض کے سینے اور پیٹھ کو سنا "سرپایا" دوائیں لکھیں اور خاص تفصیل کے ساتھ پہلے بتایا کہ دوا کس طرح کھانی ہے پھر یہ کہ کیا کیا اور کیسی ہونی چاہیئے۔ اس نے مشورہ دیا کہ کیا یا بالکل دوا سا ابالا ہوا انڈا کھائیں اور ایک خاص درجہ حرارت تک کے گھٹے

دودھ کے ساتھ سفید روٹی نہیں۔ جب ڈاکٹر چلا گیا تو مریض نے اپنے بھائی سے کچھ کہا لیکن یوں نے بس آخری الفاظ سنے "تمہاری کاتیا۔" جس نظر سے انہوں نے کیٹی کو دیکھا اس سے لیون سمجھ گیا کہ وہ اس کی تعریف کر رہے تھے۔ انہوں نے کاتیا کو بلایا وہ کیٹی کو اسی نام سے پکارتے تھے۔

"میں تو اس وقت بھی بہت بہتر ہو گیا" انہوں نے کہا "آپ کے ساتھ تو میں بہت پہلے صحت مند ہو گیا ہوتا۔ کتنا اچھا ہے!" انہوں نے کیٹی کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا اور اسے اپنے ہونٹوں کی طرف کھینچا لیکن پھیر دیا کہ اسے اچھا نہ لگے گا "اپنا ارادہ بدل دیا اور بس اسے تھپتھپا کر چھوڑ دیا۔ کیٹی نے اس ہاتھ کو اپنے دونوں ہاتھوں میں لے لیا اور اسے دبایا۔

"اب مجھے جانے دیں کروٹ لیں اور تم لوگ جا کر سو جاؤ" انہوں نے کہا۔

کسی نے نہیں سنا کہ انہوں نے کیا کہا صرف کیٹی سمجھ گئی۔ وہ سمجھ گئی اس لئے کہ وہ مسلسل اسی بارے میں سوچ رہی تھی کہ انہیں کس چیز کی ضرورت ہے۔

اس نے شوہر سے کہا "دوسری کروٹ وہ ہمیشہ اسی کروٹ سوتے ہیں۔ تم خود نہیں کر سکتے بدلو وہ تو ہر کہا ہے اچھا نہیں لگتا۔ کیا آپ نہیں کر سکتیں؟" اس نے مارپا کولائیونا سے مخاطب ہو کر کہا

"مجھے ڈر لگتا ہے" مارپا کولائیونا نے جواب دیا۔

اس بھیانک تن کو اپنے ہاتھوں میں لینا لحاف کے نیچے ان عضوں کو ہاتھ لگانا جنہیں وہ جانا بھی نہیں چاہتا تھا لیون کے لئے بہت ہی بھیانک تھا لیکن بیوی کے ہر کام میں دخل کرتے ہوئے اس نے اپنی مخصوص پر عزم صورت بنائی جس سے اس کی بیوی اچھی طرح واقف تھی اور باہر غالب ہے اندر اس کا رد بدل چاہی لیکن اپنی طاقت کے بارجود اس رہنے سہنے اعضا کے عجیب دوں پر حیران رہ گیا جتنی دیر میں یہ انہیں کروٹ بدلوائی اور اپنی گردن میں پڑے ہوئے بہت بڑے اور بالکل پتلے ہاتھ کو محسوس کیا اتنی دیر میں کیٹی نے جلدی سے بغیر کسی آواز کے تکیے نوالت کرائے بیٹھ کر پھلا دیا اور مریض کے سر کو احتیاط سے رکھ کر ان کے چھدرے بالوں کو درست کیا اور پھر کرسی سے چپک گئے تھے۔

مریض نے بھائی کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیا لیون نے محسوس کیا کہ وہ اس سے ہاتھ سے کچھ کرنا چاہتے ہیں اور اسے کسی طرف کھینچ رہے ہیں۔ لیون نے انہیں لے دیا اور وہ سانس روکے "ہاں، ہاں" وہ ہاتھ کو کھینچ کر اپنے منہ تک لے گئے اور انہوں نے اسے چوما۔ لیون کا سارا بدن سسکیوں سے کانپ اٹھا۔ اس سے کچھ بھی نہ کہا گیا اور کمرے سے باہر چلا گیا۔

۱۹

"تو نے چھپایا ان چیزوں کو دانا وں سے اور ظاہر کر دیا انہیں بچوں پر اور نادانوں پر" یہ لیون نے اس شام کو اپنی بیوی سے باتیں کرتے ہوئے اس کے بارے میں سوچا۔

لیون نے انجیل کی اس آیت کو اس لئے نہیں یاد کیا تھا کہ وہ خود کو دانا سمجھتا تھا وہ سمجھتا نہیں سمجھتا تھا لیکن بوجھے بغیر تو نہ رہ سکتا تھا کہ وہ اپنی بیوی سے اور اگنیشیا نیکولیونا سے زیادہ سمجھ رکھتا تھا اور یہ جانے بغیر بھی نہ رہ سکتا تھا کہ جب وہ موت کے بارے میں سوچتا تھا تو اپنے دل کی پوری قوت سے سوچتا تھا وہ یہ بھی جانتا تھا کہ بڑے بڑے مذہبی پیشواؤں نے جن کے خیالات اس کے بارے میں اس نے پڑھے تھے اس کے بارے میں

سوچا تھا لیکن وہ اس کا سواں حصہ بھی نہ جانتے تھے بتنا اس کے بارے میں اس کی بیوی اور اگستینا نیلووا جانتی تھیں۔ یہ عورتیں 'اگستینا نیلووا اور کانتا' جیسے کہ اس کے بھائی کیٹی کو کہتے تھے اور اب لیون کو بھی یہی کہنا خاص طور سے اچھا لگتا تھا' ایک دوسرے سے چاہے کتنی ہی مختلف کیوں نہ رہی ہوں' اس معاملے میں وہ بالکل ملتی جلتی تھیں۔ دونوں بلاشبہ جانتی تھیں کہ زندگی کیا ہوتی ہے اور موت کیا ہوتی ہے اور اگرچہ وہ ان سوالات کے 'جو لیون کے ذہن میں پیدا ہوتے تھے' جواب نہ دے سکتی تھیں بلکہ انہیں سمجھتیں بھی نہیں' پھر بھی دونوں کو اس منظر کے بارے میں کوئی شک نہیں تھا اور اس کو صرف وہی دونوں نہیں بلکہ اپنی اس نظریں کروڑوں لوگوں کے ساتھ شریک ہوتے ہوئے' بالکل ایک ہی طرح دیکھتی تھیں۔ اس بات کا ثبوت کہ وہ فعلی طور پر جانتی تھیں کہ موت کیا ہے' یہ تھا کہ وہ ایک منٹ کو بھی شک کئے بغیر جانتی تھیں کہ مرنے والوں کے ساتھ کس طرح عمل کرنا چاہئے' اور وہ اس سے ڈرتی نہیں تھیں۔ لیون اور دوسرے لوگ موت کے بارے میں کہہ تو بہت کچھ سکتے تھے لیکن صاف ظاہر تھا کہ وہ جانتے نہیں تھے' اسی لئے موت سے ڈرتے تھے اور بالکل ہی نہیں جانتے تھے کہ جب لوگ مریں تو کیا کرنا چاہئے۔ اب اگر لیون اپنے بھائی کے ساتھ اکیلا ہوتا تو وہ بے انتہا خوف کے ساتھ انہیں' بلکتا رہتا اور اس سے بھی زیادہ خوف کے ساتھ انتظار کرتا رہتا اور کچھ اور وہ کر ہی نہ پاتا۔

اس سے بھی بڑھ کر اسے یہ بھی نہ معلوم ہوتا کہ وہ کیا بات کرے' کیسے' کچھ کیسے چلے۔ ادھر ادھر کی بیروں کی باتیں کرنا اسے مریض کی توہین کرنے کی طرح ناممکن لگتا اور موت کی' رحم و غم کی باتیں کرنا بھی ناممکن لگتا۔ چپ رہنا بھی ناممکن ہوتا۔ 'انہیں' یکھتا رہتا تو وہ سمجھتے کہ میں ان کا مطالعہ کر رہا ہوں' اور پھر یہ کہ یکھتا تو سمجھتے کہ میں کچھ اور ہی سوچ رہا ہوں۔ باتوں کے بل آہستہ آہستہ چلتا تو بہتر تھا' اس پر ہوتے اور پھر یہ باتوں پر رکھ کر ٹھیک سے چلتا تو مجھے برا لگتا۔" کیٹی نے بھلا برا اپنے بارے میں سوچا ہی نہیں' اسے اس کے لئے وقت ہی نہیں ملا۔ اس نے اس کے بارے میں سوچا اس لئے کہ وہ کچھ۔ کچھ جانتی تھی اور سب کچھ ٹھیک ہو گیا۔ اس نے اپنے بارے میں اور اپنی شادی کے بارے میں بھی باتیں کیں' مسکرائی بھی' دکھ کا بھی اظہار کیا اور شفقت بھی برتی اور لوگوں سے محبت یاب ہو جانے کے' اتفاقات بھی بتائے اور سب کچھ ٹھیک رہا۔ مغلب یہ کہ وہ جانتی تھی۔ اس بات کا ثبوت کہ اس نے اور اگستینا نیلووا نے سرگرمیاں جبلی جانوروں کی سی 'بے عقلی کی سے نہیں' یہ تھا کہ کیٹی اور اگستینا نیلووا دونوں نے جسمانی دیکھ بھال اور تکلیف کو کم کرنے کے علاوہ مرنے والے کے لئے کسی اور چیز کا بھی مطالبہ کیا جو جسمانی دیکھ بھال سے زیادہ اہم تھی اور کسی ایسی چیز کا مطالبہ کیا جو جسمانی حالت سے بالکل ہی مختلف تھی۔ اگستینا نیلووا نے اس مرنے والے آدمی کے بارے میں کہا تھا "خیر اللہ کا شکر ہے کہ اس نے دعائے خیر پڑھ لی گناہوں سے توبہ کرلی' خدا اسے کو ایسی ہی موت دے۔" اسی طرح کانتا نے بھی چادر' غلاف اور تکیے کی 'پیٹھ اور کولہوں کے چھالوں' مشروب وغیرہ کی ساری فکروں کے علاوہ پہلے ہی دن مریض کو اس پر بھی راضی کر لیا کہ دعائے خیر پڑھ لے اور گناہوں سے توبہ کرنا بھی ضروری ہے۔

رات بھر کے لئے اپنے دونوں کمروں میں واپس آکر لیون سر تھامے بیٹھ گیا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیا کرے۔ رات کا کھانا کھانا' سونے کی تیاری کرنا' یہ سوچنا کہ وہ کیا کریں گے تو در کنار' وہ تو اپنی بیوی سے بات تک نہ کر سکتا تھا۔ اس کا ضمیر اسے ملامت کر رہا تھا۔ اس کے برعکس کیٹی اس سے بھی زیادہ سرگرم تھی جتنی وہ عام طور سے ہوتی تھی۔ اس نے کھانا لانے کا حکم دیا' خود اپنی چیزیں نکال کر رکھیں' خود بستر لگانے میں مدد کی اور اس پر جراثیم مارنے والا پوڈر چھڑکنا بھی نہیں بھولی۔ اس میں دیوانہ جیالا پن اور فکر و خیال کی تیزی آگئی تھی جو مردوں میں لڑائی میں' جدوجہد میں' اور زندگی کے خطرناک و فیصلہ کن لمحوں میں آجاتی ہے جب مرد ایک بار پھر کے لئے اپنی قوت کو ظاہر کرتا ہے اور اس بات کو کہ اس کا سارا ماضی بیکار نہیں بلکہ اس لمحے کی تیاری میں گزرا تھا۔

سارا کام وہ بڑی تیز جھٹکے کے ساتھ کر رہی تھی اور بارہا بھی۔ بھٹکتے پائے تھے کہ سب چیزیں صفائی سے ٹھیک ٹھیک' ایک طرح کے خاص انداز سے رکھ دکھائی گئیں کہ ہوٹل کے کمرے بکھ گھر کی طرح' اس کے اپنے کمرے کی طرح لگنے لگے۔ بستر لگا دیئے گئے' برش' کنگھیاں اور نوٹ والے' آئینے کھوں پر سلیقے سے رکھ دیئے گئے' ٹیکن بچھا دیئے گئے۔

لیون کو یہ لگ رہا تھا کہ کھانا' سونا بلکہ اس وقت تو بات کرنا بھی ناقابل معافی ہوگا' اور وہ محسوس کر رہا تھا کہ اس کی ہر حرکت کچھ ناشائستہ سی تھی۔ پھر بھی کیٹی نے اپنے برش تک ٹھیک ٹھاک کئے لیکن سب کچھ اس طرح کیا کہ اس میں بلک آمیز کوئی بات نہ تھی۔

البتہ وہ کھا کچھ نہیں سکے اور دیر تک سو بھی نہیں سکے بلکہ سونے کے لئے لیٹ بھی نہیں سکے۔

"مجھے بڑی خوشی ہے کہ میں نے انہیں کل' ہائے خیر و برکت لیتے پر اصرار کیا۔" کیٹی نے کہا جو اپنا ڈریسنگ جیکٹ پہنے آئینے کے سامنے بیٹھی تھی اور ایک باریک کنگھی سے اپنے نرم اور خوشبودار بال سنوار رہی تھی۔ "میں نے یہ ہوتے تو کبھی نہیں دیکھا لیکن ماں نے مجھے بتایا تھا کہ اس میں ثواب ہوتے کے لئے دعا کی جاتی ہے۔"

"کیا واقعی تم یہ سمجھتی ہو کہ وہ صحت مند ہو سکتے ہیں؟" لیون نے مسلسل اس کے سر کے پچھلے حصے پر چمکتی سی مانگ کو تکتے ہوئے کہا جو ہر بار کیٹی جب آگے کو کنگھی کرتی تو غائب ہو جاتی تھی۔

"میں نے ڈاکٹر سے پوچھا تھا۔ اس نے تو کہا کہ تین دن سے زیادہ نہیں ہی سکتے۔ لیکن کیا پتا وہ لوگ جان سکتے ہیں؟ پھر بھی مجھے بڑی خوشی ہے کہ میں نے انہیں راضی کر لیا۔" اس نے شوہر کو اپنے بالوں کی اوٹ سے جھانک کر دیکھتے ہوئے کہا۔ "سب کچھ ممکن ہے۔" اس نے اسی حاس' کسی قدر عیارانہ ناز کے ساتھ کہا جو اس کے چہرے پر ظاہر اس وقت ہوتا تھا جب مذہب کے بارے میں بات کرتی تھی۔

جب وہ دونوں منگیتر تھے تب ان میں مذہب کے بارے میں کوئی بات چیت ہوئی تھی اس کے بعد ان میں سے کسی نے بھی اس موضوع کے بارے میں بات نہ چھیڑی تھی لیکن کیٹی گرجے جانے کی اور بیشہ صرف ایک اس پر سکون علم کے ساتھ دعا کرنے کی رسم باقاعدگی سے پوری کرتی تھی کہ ایسا کرنا ضروری ہے۔ لیون کے پر خلوص مقائد کے اقرار کرنے کے باوجود کیٹی کو پورا یقین تھا کہ وہ اسی کی طرح بلکہ اس سے بہتر عیسائی ہے اور جو کچھ وہ کہتا ہے وہ سب اس کی مردوں والی بحوجہ باتوں میں سے ہے جیسے وہ جو بردباری کے بارے میں اس نے کہا تھا کہ بھلے لوگ تو چھیدوں کی مرمت کرتے ہیں اور وہ جاں بوجھ کر چھید بناتی ہے اور اسی طرح کی دوسری باتیں۔

"ہاں' اب یہ عورت' ماریا کولاسیوا تو یہ سب نہیں کر سکتی تھیں۔" لیون نے کہا۔ "اور یہ اعتراف کرنا میرا فرض ہے کہ مجھے بڑی خوشی ہے' بہت زیادہ' کہ تم آئیں۔ تم ایسی پاکیزگی ہو کہ۔" اس نے کیٹی کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا لیکن پوچھا نہیں (موت سے اتنی قربت کے حالات میں ہاتھ چومنا اسے نازیبا لگا) صرف ایک قصوروارانہ انداز میں ہونٹ اور اس کی چمک اٹھنے والی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا۔

"اکیلے تمہارے لئے یہ سب اتنا اذیت ناک ہوتا" اس نے کہا اور ہاتھوں کو اوپر اٹھا کر جنہوں نے اس کے خوش اور طمانیت سے سرخ ہو جانے والے گالوں کو چھو لیا اس نے چوٹی کو گدی پر پھینکا اور اس میں پن لگائیں۔ "نہیں" اس نے اپنی بات جاری رکھی "وہ نہیں جانتیں... میں نے خوش قسمتی سے سوئیوں میں بہت کچھ سیکھ لیا تھا۔"

"کیا واقعی وہاں ایسے مریض بھی تھے؟"

"اس سے بدتر حالت والے بھی تھے۔"

"میرے لئے سب سے بھیانک چیز یہ ہے کہ میں سارے وقت انہیں اسی طرح دیکھتا ہوں جیسے وہ جوانی میں تھے۔ تمہیں تو یقین ہے آئے گا کہ وہ کیسے تھے، لیکن بوڑھوں تھے لیکن میں نے ان کو سمجھا ہی نہیں۔"

"مجھے پورا یقین ہے مجھے کس شدت سے یہ احساس ہوتا ہے کہ میں اور وہ بڑے اچھے دوست ہو سکتے تھے" اس نے کہا اور جو کچھ کہا تھا اس سے خود ہی ڈر گئی۔ اس نے شوہر کی طرف دیکھا اور اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

"ہاں ہو سکتے تھے" اس نے رنج کے ساتھ کہا "وہ تو ایسے لوگوں میں ہیں جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ اس دنیا کے لئے نہیں ہیں۔"

"لیکن ہمیں یہاں بہت سے دن گزارنا ہیں اب لیٹنا چاہئے" کیٹی نے اپنی چھوٹی سی گھڑی کو دیکھتے ہوئے کہا

20

موت

دوسرے دن مریض کو دعائے خیر و برکت دی گئی اور گناہوں سے توبہ کروائی گئی۔ اس رسم کے دوران میں گلوائی یوین نے بڑے جوش کے ساتھ دعائیں پڑھی اور بڑی بڑی آنکھوں میں بہتے پانی سے ڈھکی ہوئی تاش طشتری ایک میز پر رکھی مقدس شبیہ پر گڑی ہوئی تھیں بڑی گہری عقیدت کے ساتھ دعا مانگنے کا اور امید کا ایسا اظہار تھا کہ یوین کو لگا کہ یہ کیلے قرار لگے گا یوین جانتا تھا کہ یہ پر عقیدت دعا اور امید زندگی سے اس انہیں اتنی محبت تھی جو کہ گلوائی ان کے لئے اور بھی مشکل بنا دے گی یوین اپنے بھائی لوارن کے خیالات کی روش کو جانتا تھا وہ جانتا تھا کہ وہ بے دین اس لئے نہیں ہو گئے تھے کہ ان کے دماغ بے دین کے بغیر زندگی بسر کرنا آسان تھا بلکہ اس لئے کہ بیسویں صدی کے سائنسی تو ضیح نے قدم بہ قدم دینی عقائد کو ان کے ذہن سے خارج کر دیا تھا اور اس سے وہ جانتا تھا کہ اس وقت دین کی طرف ان کی واپسی ان خیالات کی راہ کی حسب اصول تخیل نہیں بلکہ صرف وقتی اور عرض تھی اور اس کا تعلق شفایابی کی مخالف عقل امید سے تھا یوین یہ بھی جانتا تھا کہ کیٹی سے مخالف معمولی شفایاب ہو جانے والوں کے سنے سنائے قصے بیان کر کے اس امید کو قوی کر رہا تھا یوین یہ سب جانتا تھا اور اس لئے ان سنت کرنے والی امید سے بھری ہوئی نظروں کو اور اس بے اختیار ہاتھ کو دیکھتا جو بڑی مشکل سے اٹھایا جاتا تھا اور کھینچ کر تی ہوئی جلد والی پیشانی پر صلیب کا نشان بناتا تھا ان چھوٹوں کی ابھری ہوئی ہڈیوں کو اور حالی خراٹے لیتے ہوئے سینے کو دیکھنا بہت ہی اذیت ناک تھا

جو اب اس زندگی کو اپنے اندر رکھ ہی نہ سکتا تھا جس کے لئے مریض منتظر التجا کر رہا تھا استغفار کے وقت یوین نے بھی دعائیں اور وہی کیا جو اس نے 'جو بے دین تھا' ہزاروں بار کیا تھا اس نے خدا سے مخاطب ہو کر کہا "اگر تیرا وجود ہے تو یہ کر کہ یہ شخص شفایاب ہو جائے (آخر یہ تو جانے کتنی بار ہو چکا ہے) اور تو اس کی حفاظت کر اور میری بھی۔"

تحرکات کے بعد مریض کی حالت بہت سدھر گئی گھنٹے بھر میں وہ ایک بار بھی نہیں کھانسے 'مسکرائے' انہوں نے کیٹی کے ہاتھ کو بوسہ دیا اور آنکھوں میں آنسو بھر کر اس کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ محسوس کر رہے ہیں کہ اچھے ہیں 'کمزوری نہیں ہے' انہیں بھوک لگ رہی ہے اور توانائی کا احساس ہو رہا ہے اور جب ان کے لئے شوربہ لایا گیا تو وہ خود سے اٹھ بیٹھے اور کھانے بھی لگا۔ ان کے لئے جا بے کوئی بھی امید نہ رہ گئی ہو' چاہے انہیں دیکھ کر یہ کتنا ہی صریحی کیوں نہ لگتا رہا ہو کہ وہ صحت مند نہیں ہو سکتے پھر بھی یوین اور کیٹی اس گھنٹے بھر تک اسی خوشی کے بیان میں اور سے سے رہے کہ کہیں وہ غلطی نہ کر رہے ہوں۔

"بہتر ہیں؟ ہاں بہت بہتر ہیں۔ حیرت کی تو کوئی بات نہیں پھر بھی بہتر تو ہیں" وہ دونوں سرگوشیوں میں ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکراتے ہوئے کہتے رہے۔

مرض میں افاقے کی یہ حالت رہا دو گھنٹے چلی۔ مریض اطمینان سے سو گئے لیکن آدھی گھنٹے میں کھانسی سے وہ جاگ پڑے۔ اور اچانک خود ان کی اور ان کے گرد کے سب لوگوں کی ساری امید غائب ہو گئی یوین کے لئے بھی اور کیٹی کے لئے بھی بلکہ خود مریض کے لئے بھی ان کی تکلیف کی حقیقت سے پہلے کی امیدوں کو بلکہ ان کی یاد تک کو پھاڑ کر رکھ دیا۔

مریض کو یہ یاد بھی نہیں تھا کہ آدھ گھنٹے پہلے ان کو کس چیز کا یقین تھا اور جب انہیں یاد آتے بھی شرمندگی ہوئی ہو' انہوں نے معاف کیا کہ انہیں جیسے ہی ناقابل سے خلی ہوئی نیم جان کی شیشی سونگھنے اور سانس لینے کے لئے دے دی جائے۔ یوین نے انہیں شیشی دے دی اور اس نے دیکھا کہ بھائی نے جس شدید امید کی نظر سے دعا کی تھی وہی اب یوین کے چہرے پر گزل ہوئی تھی اور اس سے ڈاکٹر کے ان لفافی مایوسی کے الفاظ کو سن رہی تھی کہ کیونکہ ان سونگھنے سے تکلیف ہو جائے گی۔

جب یوین نے بادل ناخواستہ ڈاکٹر کے الفاظ کی تائید کی تو انہوں نے کہہ کہہ کر اتنی ہوئی نظروں سے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے آہستہ سے کہا "کیا کوئی نہیں ہیں؟ نہیں تو کہا جا سکتا ہے۔ کاتھا کی عاطفیں سے یہ طریقہ اتار دیا۔ وہ واقعی پیاری اور نیک ہیں لیکن ہمیں اور تمہیں ایک دوسرے کو جھٹلانے کی صورت نہیں اس اس مجھے یقین ہے" انہوں نے کہا اور بڑھتے ہاتھ میں شیشی لے کر اس کو سونگھنے اور سانس لینے لگے

شام کو آٹھ بجے یوین اپنی بیوی کے ساتھ چائے پی رہا تھا کہ ماریا گلوائی ہوا اپنی ہوئی ان کے پاس آئی۔ اس کا چہرہ بالکل پیلا پڑ گیا تھا اور ہونٹ کپکپا رہے تھے۔

"وہ مر رہے ہیں" اس نے سرگوشی میں کہا۔ "مجھے ڈر ہے کہ بس ابھی ختم ہو جائیں گے۔"

دونوں بھاگ کر ان کے پاس گئے وہ بستر پر کہنیوں تک کر لئے ہوئے تھے ان کی بھی پیٹھ تکیے ہوئی تھی اور سر بالکل نیچے لٹکا ہوا تھا۔

یوین نے ذرا دیر چپ رہنے کے بعد آہستہ سے پوچھا "آپ کو کیسا لگ رہا ہے؟"

"لگ رہا ہے کہ جا رہا ہوں" گلوائی نے بڑی مشکل سے لیکن غیر معمولی قطعیت کے ساتھ لفظوں کو

اپنے منہ سے ٹھہر ٹھہر کر نکالتے ہوئے کہا۔ انہوں نے سر نہیں اٹھایا بس آنکھیں اوپر کی طرف کیں لیکن بھائی کے چہرے تک ان کی نظر نہیں پہنچی۔ "کافی تم جاؤ" انہوں نے کہا۔

یوین جلدی سے کھڑا ہو گیا اور تھکے تھکے انداز میں سر کو خمی میں اس سے کہا کہ وہ چلی جائے۔

"جا رہا ہوں" انہوں نے پھر کہا۔

"کیوں آپ ایسا سوچتے ہیں؟" یوین نے کچھ کہنے کی خاطر کہا۔

"اس لئے کہ جا رہا ہوں" انہوں نے اس طرح دہرایا جیسے انہیں یہ فقرہ بہت پسند آیا ہو۔ "بس حاضر۔"

ماریا کولائیونا ان کے پاس آ گئی۔

"آپ لیٹ جائیے تو آپ کو ذرا آرام ملتا" اس نے کہا۔

"جلد ہی یہیں سے لیٹ جاؤں گا" وہ بولے "مردہ ہو کر" انہوں نے ذرا سی اڑانے کے انداز میں خفگی کے ساتھ کہا۔ "خیر تم لوگ چاہتے ہو تو لٹا دو۔"

یوین نے بھائی کو بیٹھ کے بل لٹا دیا' ان کے پاس ہی بیٹھ گیا اور دم سادھے ہوئے ان کے چہرے کو تکتا رہا۔ مرنے والا آنکھیں بند کئے لیٹا تھا لیکن اس کی پیشانی پر کبھی کبھی عضلات یوں حرکت کرتے جیسے اس شخص کی پیشانی پر کرتے ہیں جو بڑے تناؤ کی حالت میں سوچ رہا ہو۔ ان کے ساتھ ہی نادانستہ طور پر یوین بھی سوچنے لگا کہ ان کے دل و دماغ میں اس وقت کیا ہو رہا ہے۔ لیکن ان کے ساتھ سوچنے اور محسوس کرنے کے لئے خیال کے پورے تناؤ کے باوجود اس نے اس پر سکون اور تمتمائے چہرے کے تاثر اور بھوؤں کے اوپر عضلات کی حرکت میں یہ دیکھا کہ مرنے والے کے ریک وہ سب کچھ واضح سے واضح تر ہوتا جا رہا ہے جو یوین کے لئے ابھی تک تاریک ہے۔

"ہاں ہاں' یوں ہی ہے" مرنے والے نے رک رک کر کہا۔ "لعنت تم لوگ۔" وہ پھر چپ ہو گئے۔ "یوں ہی ہے!" اچانک انہوں نے سکون کے ساتھ کھینچ کر کہا جیسے ان کے لئے سب کچھ طے ہو گیا ہو۔ "اے میرے مالک!" وہ بڑبڑائے اور انہوں نے ابھر کر۔ لمبی سی۔

ماریا کولائیونا نے ان کے پاؤں چھو کر دیکھے۔

"ٹھنڈے ہو رہے ہیں" انہوں نے سرگوشی میں کہا۔

دیر تک' جیسا کہ یوین کو لگا' بہت دیر تک مریض بے حس و حرکت لیٹے رہے۔ لیکن ان میں ابھی تک جان تھی اور کبھی کبھار وہ سانس بھی لیتے تھے۔ یوین تناؤ بھرے حیالات سے تھک چکا تھا۔ وہ محسوس کر رہا تھا کہ سارے تناؤ بھرے حیالات کے باوجود وہ کسی طرح۔ کچھ پایا تھا کہ کیا چیز "ہوں ہی ہے" وہ محسوس کر رہا تھا کہ وہ بہت پہلے مرنے والے سے پیچھے رہ گیا ہے۔ اب تو وہ موت کے سوال کے بارے میں بھی۔ سوچ سکتا تھا لیکن غیر ارادی طور پر اس کے دل میں یہ خیال آتے رہے کہ اب اسے کیا کرنا پڑے گا۔ آنکھیں بند کرنی پڑیں گی' لباس پہنانا پڑے گا اور تابوت کے لئے ترزر دینا پڑے گا۔ اور عجیب بات یہ تھی کہ وہ خود کو بالکل سراسیمہ محسوس کر رہا تھا۔ اسے رنج کا احساس تھا۔ غصہ کا اور بھائی کے لئے رحم اور افسوس تو اس سے بھی کم تھا۔ اب بھائی کے لئے مگر اس کے دل میں کوئی احساس نہ تھا تو وہ بس اس علم پر رشک کا تھا جو اب مرنے والے کو حاصل تھا لیکن جسے وہ نہیں حاصل کر سکتا تھا۔

وہ دیر تک ان کے پاس اسی طرح بیٹھا تکتے کا انتظار کرتا رہا۔ لیکن خاتمہ نہیں ہوا۔ دروازہ کھلا اور کیٹی نمودار ہوئی۔ یوین کھڑا ہو گیا کہ اسے آنے سے روک دے۔ لیکن جیسے ہی وہ کھڑا ہوا ویسے ہی اس نے مرنے والے کو حرکت کرتے دیکھا۔

"جاؤ مت" کولائی نے کہا اور ہاتھ بڑھایا۔ یوین نے اپنا ہاتھ ان کے ہاتھ میں دے دیا اور خفا ہو کر بیوی کو اشارہ کیا کہ وہ چلی جائے۔

مرنے والے کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے ہوئے وہ آدھ گھنٹے' ایک گھنٹے' پھر ایک گھنٹے اور بیٹھا رہا۔ اب وہ موت کے بارے میں بالکل ہی نہیں سوچ رہا تھا۔ وہ اس بارے میں سوچ رہا تھا کہ کیٹی کیا کرے گی' برابر والے کمرے میں کون رہتا ہے' ڈاکٹر کے پاس اپنا گھر ہے یا نہیں۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ کھائے اور سو جائے۔ اس نے احتیاط کے ساتھ اپنا ہاتھ چھڑایا اور بھائی کے پاؤں کو چھوا۔ پاؤں ٹھنڈے تھے لیکن مریض کی سانس چل رہی تھی۔ یوین نے پھر چاہا کہ پنجوں کے بل چپکے چپکے چلا جائے لیکن مریض نے پھر جھرجھری لی اور کہا:

"جاؤ مت۔"

. . . . . .

تڑکا ہو گیا۔ مریض کی حالت ویسی ہی تھی۔ یوین دھیرے سے ہاتھ چھڑا کر مریض کی طرف دیکھے بغیر اپنے کمرے میں چلا گیا اور سو گیا۔ جب اس کی آنکھ کھلی تو بھائی کی موت کی خبر کی بجائے' جس کی اسے توقع تھی' سے معلوم ہوا کہ مریض کی حالت پھر پہلے ہی جیسی ہو گئی ہے۔ انہوں نے پھر بیٹھنا اور کھانسنا شروع کر دیا ہے' پھر کھانے اور دوا پینے کرنے لگے ہیں' موت کی بات کرنا پھر بند کر دیا ہے' پھر صحت یاب ہونے کی امید کا اظہار کرنے لگے ہیں اور پہلے سے بھی زیادہ چڑچڑے اور اداس ہو گئے ہیں۔ انہیں کوئی بھی سکون نہ دلا سکا۔ نہ یوین۔ نہ کیٹی۔ وہ ہر ایک پر غصہ کرتے اور سب سے ناخوشگوار باتیں کرتے' سب کو اپنی تکلیف کے لئے برا بھلا کہتے اور مطالبہ کرتے کہ ان کے لئے ماسکو سے مشہور ڈاکٹر کو بلایا جائے۔ ان سے جو بھی سوال کئے جاتے کہ ان کی طبیعت کیسی ہے' ان کا جواب ہمیشہ غصے اور برا بھلا کہنے کے انداز میں ایک ہی ہوتا:

"بڑی تکلیف ہے' ہمت ہی ختم' ناقابل برداشت!"

مریض کی تکلیف برابر بڑھتی ہی جا رہی تھی' خاص طور سے بستر پڑے پڑے پیٹھ اور کولھوں پر چھالے پڑ گئے تھے اور جس کا علاج کرنا اب ممکن ہی نہ تھا۔ ان کی وجہ سے وہ اور گھر کے لوگوں پر اور زیادہ غصہ کرتے اور ہر چیز کے لئے' خاص طور سے اس کے لئے انہیں برا بھلا کہتے کہ ان کے لئے ماسکو سے ڈاکٹر نہیں بلایا گیا۔ کیٹی ہر طرح سے ان کی مدد کرنے کی اور انہیں تسکین دینے کی کوشش کرتی لیکن سب بیکار تھا اور یوین دیکھ رہا تھا کہ کیٹی خود جسمانی طور پر بھی اور اخلاقی طور پر بھی تھک کر چور ہو چکی تھی حالانکہ اس کا اعتراف نہ کرتی تھی۔ اس رات جب یوین کو بلایا گیا تھا اور اس کے بھائی نے زندگی سے رخصت لی تھی تو سب میں موت کا وہ احساس پیدا ہو گیا تھا وہ ختم ہو چکا تھا۔ سب جانتے تھے کہ کولائی ناگزیر طور پر اور جلد ہی مر جائیں گے کہ وہ بیم مردہ تو ہو ہی چکے ہیں۔ سب صرف ایک چیز کی خواہش کر رہے تھے کہ وہ جتنی جلد ہو سکے مر جائیں' اور سب اس کو چھپا کر انہیں ٹیشیوں سے دوائیں دیتے تھے' دوائیں اور ڈاکٹر تلاش کرتے تھے اور مریض کو' خود کو اور

ایک دوسرے کو دھوکا دیتے تھے۔ یہ سب جھوٹ تھا' شرمناک توہین کرنے والا اور ظالمانہ جھوٹ تھا۔ اور اس جھوٹ کی وجہ سے' اپنی کرداری خصوصیت کی بنا پر اور اس لئے کہ مرنے والے سے وہ سبھوں سے زیادہ محبت کرتا تھا لیون کو خاص طور سے رنج اور درد کا احساس تھا۔

لیون کو یہ خیال بہت دنوں سے تھا کہ بھائیوں سے میل کروا دے' چاہے وہ موت سے تین پہلے ہی کیوں نہ ہو چنانچہ اس نے بڑے بھائی سرگئی ایوانووچ کو خط لکھا تھا اور جب ان کا جواب ملا تو اسے پڑھ کر اس نے مریض کو سنایا۔ سرگئی ایوانووچ نے لکھا تھا کہ وہ نہیں آسکتے لیکن انہوں نے بہت ہی متاثر کن الفاظ میں کولائی سے معافی مانگی تھی۔

مریض نے کچھ نہیں کہا۔

"تو میں انہیں کیا لکھوں؟" لیون نے پوچھا "اب آپ ان سے ناراض تو نہیں ہیں؟"

"نہیں' ذرا بھی نہیں" اس سوال پر جھنجھلا کر کولائی نے جواب دیا "انہیں لکھ دو کہ میرے لئے ڈاکٹر بھیج دیں۔"

تین اور اذیت ناک دن گزر گئے۔ مریض کی حالت ویسی ہی رہی۔ جو لوگ بھی انہیں دیکھتے — ہوٹل کے خدمتگار' اس کا مالک' ہوٹل میں رہنے والے بھی لوگ' ڈاکٹر' ماریا کولائیونا' لیون اور کیٹی بھی کے دل میں یہی خواہش ہوتی کہ اب' جلد ہی جائیں اور ان کی مشکل آسان ہو۔ صرف مریض البتہ اس احساس کا بھی اظہار نہ کرتے تھے بلکہ اس کے برعکس اس بات پر خفا ہوتے کہ ماسکو سے ڈاکٹر کو نہیں بلایا گیا۔ وہ دوائیں پیتے اور روزمرہ کی باتیں کرتے رہتے۔ بس کبھی کبھار جب انہیں اچانک درد اور تکلیف کی طرف سے غافل کر جاتی تو وہ کبھی کبھی ہم خواب کی سی حالت میں رونما ہونے والے کے دل میں دوسرے سارے لوگوں سے روا رکھی تھی — "اف کاش اب تو بس خاتمہ ہو جاتا!" یا "کب یہ سب ختم ہوگا!"

ان کی تکلیفیں برابر بڑھتی گئیں' انہوں نے اپنا کام کیا اور مریض کو موت کے لئے تیار کر دیا۔ کوئی ایسی حالت نہ تھی جس میں انہیں تکلیف نہ ہوتی ہو' کوئی ایسا لمحہ نہ تھا جب وہ درد کو بھول سکتے ہوں' کوئی جگہ' تن کا کوئی عضو ایسا نہ تھا جہاں درد نہ ہوتا ہو اور انہیں اذیت نہ دیتا ہو۔ اس تن کے بارے میں یادیں' تاثرات' خیالات بھی اب ان میں ویسا ہی تحریر پیدا کرتے تھے جیسے کہ خود تن۔ دوسرے لوگوں کی صورتیں' ان کی باتیں' خود اپنی یادیں — یہ سب ان کے لئے صرف اذیت ناک تھیں۔ آس پاس کے لوگ اس کو محسوس کرتے تھے اور غیر شعوری طور پر ان کے سامنے۔ کوئی آزادانہ نقل و حرکت کرتے تھے' بات چیت کرتے تھے۔ اپنی خواہش کا اظہار کرتے تھے۔ مریض کی ساری زندگی' اب صرف درد و تکلیف اور اس سے نجات پانے کے ایک ہی احساس میں مدغم ہو گئی تھی۔

بظاہر ان میں ایسی تبدیلی آگئی تھی جو لازمی طور سے انہیں موت کو اس طرح دیکھنے پر مجبور کر رہی تھی جیسے کہ یہ ان کی خواہشوں کی تکمیل ہو جیسے اسی میں سکھ ہو۔ پہلے ہر الگ الگ خواہش جو تکلیف یا محرومی سے پیدا ہوتی تھی جیسے بھوک' تھکن' پیاس' جب اس کی تشفی ہو جاتی تو جسم کے فعل کو طمانیت ہوتی اور خوشی حاصل ہوتی لیکن اب محرومیوں اور تکلیفوں کی تشفی ہوتی ہی نہ تھی اور تشفی کی کوشش سے ہی تکلیف پیدا ہوتی تھی۔ اور اس لئے ساری خواہشیں بس ایک خواہش میں مدغم ہو گئی تھیں — کہ ہر تکلیف سے اور ان سب کے سرچشمے اس تن سے نجات ملے۔ لیکن نجات کی اس خواہش کا اظہار کرنے کے لئے ان کے پاس الفاظ

نہ تھے اس لئے اس کے بارے میں وہ بات ہی نہ کرتے تھے اور عادت کے مطابق ان خواہشوں کی تشفی کا مطالبہ کرتے تھے جن کو پورا کرنا اب ممکن ہی نہ تھا۔ "مجھے دوسری کروٹ سے لٹا دو" وہ کہتے اور اس کے بعد اور ہی مطالبہ کرتے کہ انہیں پہلے ہی کی طرح لٹا دیا جائے۔ "شوربہ دے دو۔ شوربہ نکالے جاؤ۔ کچھ بات کرو تم لوگ چپ کیوں ہو" اور جیسے ہی لوگ باتیں کرنا شروع کرتے ویسے ہی وہ آنکھیں بند کر لیتے اور تھکن کا' بے تیاری اور تاخیر کا اظہار کرتے۔

اس شہر میں آنے کے دسویں دن کیٹی کی طبیعت خراب ہو گئی۔ اس کے سر میں درد ہوا' متلی ہونے لگی اور ساری صبح وہ بستر سے اٹھ نہ سکی۔

ڈاکٹر نے سمجھایا کہ یہ بیماری تھکن اور پریشانی کی وجہ سے ہے اور اس نے اسے کچھ گولیوں کی ہدایت کی۔

دوپہر کے کھانے کے بعد کیٹی اٹھی اور ہمیشہ کی طرح مریض کے کاموں میں لگ گئی۔ جب وہ کمرے میں آئی تو مریض نے اسے تیزی کے ساتھ دیکھا اور جب اس نے کہا کہ اس کی طبیعت نہیں ٹھیک تھی تو وہ خفگی سے مسکرائے۔ اس دن وہ برابر ناک چڑھانے اور شکایت کے انداز میں آہیں بھرتے رہے۔

"کیسی طبیعت ہے آپ کی؟" کیٹی نے ان سے پوچھا۔

"زیادہ خراب ہے" انہوں نے بہت مشکل سے جواب دیا۔ "درد ہے۔"

"کہاں درد ہے؟"

"ہر جگہ۔"

"آج ختم ہو جائیں گے' دیکھ لیجئے گا" ماریا کولائیونا نے کہا تو سرگوشی ہی میں تھا لیکن مریض نے ضرور سن لیا ہوگا اس لئے کہ لیون نے یہ دیکھا تھا کہ مریض کی سماعت بہت تیز ہو گئی تھی۔ لیون نے اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا اور مریض پر نظر ڈالی۔ کولائی نے سن لیا تھا لیکن ان لفظوں نے ان پر کسی طرح کا اثر نہ کیا تھا۔ ان کی نظر کسی کی ملامت کرنے والی اور تاؤ بھری تھی۔

"آپ کس وجہ سے ایسا سوچتی ہیں؟" لیون نے ماریا کولائیونا سے پوچھا جب وہ اس کے پیچھے پیچھے راہداری میں نکل آئی تھی۔

"وہ خود کو نوچنے لگے ہیں" ماریا کولائیونا نے بتایا۔

"کیسے نوچنا؟"

"اس طرح" ماریا کولائیونا نے اپنے اونی لباس کی چنٹوں کو نوچتے ہوئے کہا۔ لیون نے دیکھا کہ واقعی اس سارے دن مریض اپنے آپ کو نوچتے اور نوچتے رہے جیسے کوئی چیز نوچ کر پھینک دینا چاہتے ہوں۔

ماریا کولائیونا کی پیشین گوئی کچھ صحیح تھی۔ رات تک میں مریض میں اتنی بھی قوت نہ رہی کہ ہاتھ اٹھا سکے' وہ بس اپنے سامنے دیکھے جا رہے تھے اور ان کی آنکھوں کے بہت توجہ سے مرورنے ہوئے اظہار میں یوں تبدیلی آئی تھی جب لیون یا کیٹی ان کے اوپر بالکل جھک آتے' اس طرح کہ وہ اسی' دیکھ سکیں' تب بھی وہ ویسے ہی دیکھتے رہتے۔ کیٹی نے پادری کو بلوا بھیجا کہ وہ آکر آخری دعائیں پڑھ دیں۔

جب تک پادری آخری دعائیں پڑھتے رہے تب تک مرنے والے نے رونے کی کوئی علامت نہیں ظاہر کی۔ آنکھیں بند تھیں۔ لیون' کیٹی اور ماریا کولائیونا بستر کے پاس ہی کھڑے تھے۔ پادری نے اپنی دعائیں پڑھنی ختم بھی نہ کی تھیں کہ مرنے والے نے پاؤں پھیلا دیئے' ابھر کر سانس لی اور آنکھیں کھول دیں۔ پادری

نے دھاڑ کر تھنڈی پیشانی پر صلیب رکھی' بکھرے بکھرے سے اسے اپنی رداہیں لپیٹا اور کوئی دو منٹ چپ چاپ کھڑے رہنے کے بعد اس نے تھنڈے پڑ جانے والے اور بالکل سفید پڑے سے ہاتھ کو چھوا۔

"ختم ہو گئے" پادری نے کہا اور جانا چاہا لیکن اچانک مرنے والے کی سوجھوں میں جنبش ہوئی اور سینے کی گہرائی سے قطعی اور جیتی آواز اس خاموشی میں بالکل صاف سنائی دی:

"ابھی تو نہیں۔۔۔ جلدی"

اور منٹ بھر بعد چہرے پر ایک دھک آ گئی' سوجھوں کے نیچے ایک مسکراہٹ نمودار ہو گئی اور جو عورتیں جمع ہو گئی تھیں انہوں نے میت کو اٹھانا اور ٹھیک سے رکھنا شروع کر دیا۔

اٹھائی کی صورت اور موت کی قربت نے لیزین کے دل میں موت کی انجان پہیلی اور اس کے ساتھ ہی موت کے قریب ہونے اور ناگزیر ہونے کے خوف کا جو احساس پھر سے پیدا کر دیا جو فراں کی اس شام کو ہوا تھا جب اس کے بھائی اس کے ہاں آئے تھے۔ وہ احساس اب پہلے سے بھی قوی تر تھا اور وہ خود کو پہلے سے بھی کم اس بات کا اہل محسوس کر رہا تھا کہ وہ موت کے مفہوم کو سمجھ سکے' اور اس کی ناگزیری اسے اور بھی بھیانک لگی لیکن اب بیوی کی موجودگی کی بدولت اس احساس نے اسے ہراساں نہیں کیا۔ موت کے باوجود وہ جینے اور محبت کرنے کی ضرورت محسوس کرتا تھا۔ وہ محسوس کر رہا تھا کہ اسے محبت نے انتہائی ناامیدی سے بچایا ہے اور یہ کہ ناامیدی کے نظریے کے سامنے اس کی یہ محبت شدید تر اور پاکیزہ تر ہو گئی ہے۔

موت ناقابل اہی اس کی نظروں کے سامنے پوری طرح انجام کو بھی۔ پہنچا تھا اور ناقابل فہم ہی رہ گیا تھا کہ وہ مرا تھا ہی ناقابل فہم رہ نمودار ہو گیا جس نے اسے محبت اور زندگی کی طرف کھینچ لایا تھا

اٹھائی نے بیٹی کے سلسلے میں اپنے مفروضے کی تصدیق کر دی۔ اس کی طبیعت کی خرابی کی وجہ یہ تھی کہ وہ امید سے تھی۔

21

جب سے لکسیس الکساندرووچ نے بیٹسی اور اسٹی یان ارکادیچ کی دھمکیوں سے یہ سمجھا کہ ان سے صرف یہ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ وہ اپنی بیوی کو ان کے حال پر چھوڑ دیں اور اپنی موجودگی سے ان کیلئے مشکلیں نہ پیدا کریں اور یہ کہ خود ان کی بیوی کی خواہش بھی یہی تھی' جبھی سے وہ اپنے کو اس قدر تنہا محسوس کرنے لگے کہ وہ خود کچھ بھی فیصلہ نہ کر سکتے تھے' خود نہیں جانتے تھے کہ وہ کیا چاہتے ہیں اور انہوں نے اپنے کو ان لوگوں کے ہاتھوں میں دے کر' جو ان کے امور میں اس قدر طمانیت کے ساتھ مصروف رہتے تھے' ساری چیزوں کا جواب ہاں میں دینے کا طریقہ اپنا لیا۔ البتہ جب آنا ان کے گھر سے چلی گئیں اور انگریز گورنس نے ان سے پوچھا کہ وہ ان کے ساتھ کھانا کھائے یا اکیلی' تب پہلی بار اپنی صورت حال واضح طور سے ان کی سمجھ میں آئی اور وہ انہیں بہت ہی بھیانک لگی۔

اس صورت حال میں مشکل یہ چیز تھی کہ وہ اپنے ماضی کو اس سے کسی طرح منقطع اور ہم آہنگ نہ کر سکتے تھے جو اب تھا۔ وہ ماضی جب وہ بیوی کے ساتھ سکھ کی زندگی بسر کر رہے تھے ان کے لئے باعث پریشانی نہ تھا۔ اس ماضی سے بیوی کی بیوفائی کا علم ہونے تک کے عہد کو وہ بڑی دلجمعی کوفت اور اذیت کے ساتھ جھیل چکے تھے۔ وہ حالت بہت تکلیف دہ تھی لیکن اسے وہ سمجھ سکتے تھے۔ ان کی بیوی اگر اس وقت اپنی بیوفائی کی اطلاع

دینے کے بعد ان کو چھوڑ کر چلی جاتیں تو انہیں رنج ہوتا' وہ بہت دکھی ہوتے لیکن وہ اپنی اس بالکل بے بسی اور ناامیدی کی صورت حال میں نہ ہوتے جس میں اب تھے۔ اب وہ ابھی تھوڑے دنوں پہلے کی اپنی معافی' اپنی نیکی' اپنی بیوی سے اور غیر کی اولاد سے اپنی محبت کو اس سے کسی طرح ہم آہنگ ہی نہ کر سکتے تھے جو اب تھا یعنی اس بات سے کہ جیسے اس سب کے سلسلے میں اقدام کے طور پر انہوں نے یہ پایا کہ وہ اکیلے ہیں' رسوا ہو چکے ہیں' لوگ ان پر ہنستے ہیں' کسی کو ان کی ضرورت نہیں اور سب انہیں حقارت سے دیکھتے ہیں۔

بیوی کے چلے جانے کے بعد کے پہلے دو دن تو لکسیس الکساندرووچ نے معمول کے مطابق آنے والوں سے ملاقات کی' اپنے سیکرٹری سے ملے' کمیٹی میں گئے اور کھانے کے لئے ڈائننگ روم میں آئے۔ انہوں نے خود یہ سمجھنے کی کوشش نہیں کی کہ یہ سب وہ کیوں کر رہے ہیں لیکن ان دو دنوں میں اپنی ساری روحانی قوت کو صرف اس بات پر صرف کیا کہ صورت سے پر سکوں بلکہ بے نیاز نظر آئیں۔ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ آتنا رکادیوٹا کی چیزوں اور کپڑوں کا کیا کیا جائے انہوں نے اپنے اوپر بڑا جبر کیا اور ایک ایسے شخص کی صورت بنائے رکھی جس کے لئے ہو واقعہ ہوا تھا وہ ایسا نہ تھا جس کا پہلے سے اندازہ نہ ہو اور اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جو اسے معمولی واقعات سے کسی طرح الگ کرتی ہو۔ اور انہوں نے اپنا مقصد حاصل کر لیا۔ ان میں ناامیدی کی علامتیں کسی کو بھی نظر۔ آ سکتی تھیں لیکن بیوی کے چلے جانے کے تیسرے دن جب کوریسی نے لکسیس الیکساندرووچ کو بل دکھایا جس کو رقم ادا کرنا تھا بھول گئی تھیں اور یہ اطلاع دی کہ عقار خود آیا ہے تو لکسیس الکساندرووچ نے عقار کو بلانے کا حکم دیا۔

"میں معافی چاہتا ہوں حضور عالی مرتبت کہ میں نے آپ کو پریشان کرنے کی جرأت کی لیکن اگر آپ علیا مرتبت مادام سے رجوع کرنے کا حکم دیں تو کیا آپ ارادہ عنایت ان کا پتہ نہ بتا دیں گے؟"

عقار کو یہ لگا کہ لکسیس الکساندرووچ سوچ میں پڑ گئے اور اچانک سر کو میز کے پاس جا بیٹھے سر کو ہاتھوں پر رکھ کر وہ بہت تک اسی حالت میں بیٹھے رہے۔ کئی بار انہوں نے بات کرنے کی کوشش کی لیکن رک گئے

مالک کے احساسات کو سمجھ کر کوریسی نے عقار سے درخواست کی کہ وہ دوسری بار آئے لکسیس الکساندرووچ جب بالکل اکیلے رہ گئے تب ان کی سمجھ میں آیا کہ اب قابو قدری اور سکون کا دل اپنائے رہنا ان کے بس میں نہیں رہ گیا۔ انہوں نے حکم دیا کہ جبھی جو ان کا انتظار کر رہی تھی بلوا دی جائے۔ حکم دیا کہ وہ کسی سے بھی نہیں ملیں گے اور کھانے کے لئے بھی وہ نہیں اٹھے

انہوں نے محسوس کیا کہ وہ عام حقارت اور تلخی دبے رنجی کے اس جذبے کی تاب نہیں لا سکتے تھے جو انہیں عقار کے چہرے پر بھی صاف نظر آئی تھی اور کوریسی کے اور بلکہ کسی استثنا کے سبھی کے چہروں پر بھی جن سے وہ ان دو دنوں میں ملے تھے۔ انہوں نے محسوس کیا کہ وہ اپنے آپ سے لوگوں کی اس نفرت کو اور نہیں کر سکتے اس لئے کہ یہ نفرت اس بنا پر نہیں تھی کہ وہ برے تھے (تب تو انہوں نے بہتر ہونے کی کوشش کی ہوتی) بلکہ اس بنا پر تھی کہ وہ شرمناک اور نکمے طور پر دکھی تھے۔ انہوں نے محسوس کیا کہ لوگ اسی لئے ان پر رحم نہیں کریں گے اسی لئے کہ ان کا دل رحمی ہو گیا تھا۔ انہوں نے محسوس کیا کہ لوگ انہیں تباہ اور ختم کر دیں گے جیسے کتے کسی لنگڑے ہو جانے والے اور درد سے روتے ہوئے کتے کو مار ڈالتے ہیں۔ وہ جانتے تھے کہ لوگوں سے بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ ان سے اپنے رحم کو چھپا جائے اور یہ غیر شعوری طور پر دو دن انہوں نے کرنے کی کوشش کی لیکن اب وہ محسوس کر رہے تھے کہ اس غیر مساوی جنگ کو جاری رکھنا ان کے بس میں نہیں ہے

ان کی ناامیدی یہ جاننے سے اور بھی بڑھ گئی کہ اپنے رنج میں وہ بالکل اکیلے ہیں۔ نہ صرف یہ کہ پیٹرس برگ میں کوئی ایک آدمی بھی ایسا نہ تھا جس سے وہ سب کچھ کہہ سکیں جو ان پر گزری تھی' جس نے ان کی حالت پر ایک بڑے حاکم کی حیثیت سے نہیں' اعلیٰ معاشرے کے ایک رکن کی حیثیت سے نہیں بلکہ محض ایک تکلیف میں مبتلا شخص کی طرح سے رحم اور ہمدردی کا سلوک کیا ہو تا' بلکہ ان کے لئے اس طرح کا آدمی کہیں نہ تھا۔

الکسی الکساندروویچ بچپن ہی میں یتیم ہو گئے تھے۔ دو بھائی تھے۔ اپنے باپ انہیں یاد نہیں تھے اور جب الکسی الکساندروویچ دس سال کے تھے تو ان کی ماں بھی مر گئیں۔ ان کی جائیداد بہت تھوڑی تھی۔ ماما کارسین' اہم محمد بیار تھے اور کسی رشتے میں مرحوم شہنشاہ کے منشور نگار تھے۔ انہوں نے ان دونوں بھائیوں کی پرورش و پرداخت کی۔

بڑی اسکول اور یونیورسٹی کی تعلیم تمغوں اور اعزاز کے ساتھ ختم کر کے الکسی الکساندروویچ نے چچا کی مدد سے مختار ملازمت کے راستے پر قدم رکھا اور تب سے اب تک انہوں نے خود کو ہر ری طرح سے ملازمت میں جاوہ قبال حاصل کرنے ہی کے لئے وقف کر دیا۔ بڑی اسکولوں میں نہ یونیورسٹی میں اور نہ بعد کو ملازمت میں الکسی الکساندروویچ نے کسی سے بھی دوستانہ تعلقات نہیں رکھے۔ بھائی ان کے لئے ذاتی اعتبار سے سب سے قریبی شخص تھے لیکن وہ وزارت خارجہ میں ملازم تھے' ہمیشہ پردیس میں رہتے تھے اور الکسی الکساندروویچ کی شادی کے جلد ہی بعد پردیس ہی میں ان کا انتقال ہو گیا۔

جس زمانے میں الکسی الکساندروویچ گورنر تھے تو آنا کی بچی نے' جو صوبے کی بااثر خاتون تھیں اس شخص پر جو انسان کی حیثیت سے تو ہوں۔ رہ گیا تعلیں گورنر ہونے کے لئے ہوں ہی تھا' اپنی جیتنے سے ملازمت اور الکسی الکساندروویچ کو ایسی صورت حال میں پہنچا دیا کہ یا تو وہ شادی کے لئے خواستگاری کریں یا پھر شہر سے چلے جائیں۔ الکسی الکساندروویچ الجھن میں پڑ گئے۔ تب یہ قدم اٹھانے کے حق میں بھی نہیں تھے' اتنی ہی اس سے خلاف تھے اور ایسی بیوقوف بیل گولی۔ تھی جو انہیں اپنا پہ اسوں تر کر دیے تھے۔ مجبور ہے کہ حسب شک و شبہ ہو تو الگ ہی رہنا چاہئے۔ لیکن آنا کی بچی سے ایک واقف کار کے ذریعے۔ سلسلہ ار ا الکسی الکساندروویچ نے یہ کی تو معاشرے کی نظریں مشتبہ ہو رہی ہے اور اب عورت اخلاقاً یہی ہے کہ وہ اس سے خواستگاری کریں۔ انہوں نے خواستگاری کی اور اپنی منگیتر اور بیوی کو انہوں نے وہ تمام جذبات دیے جس کے وہ اہل تھے

"تمام اسی جس نگار کا تحریر ہوا اس سے ان کے دل سے لوگوں کے ساتھ نیا تعلق قائم کرنے کے "تحریکی معاملے کو بھی خارج کر دیا اور اب ان کے جان پہچان کے سارے لوگوں میں ایک بھی قریبی دوست۔ تھا ایسے لوگ تو بہت تھے جنہیں "تعلقات" کہا جاتا ہے لیکن ان سے دوستانہ تعلقات۔ تھے الکسی الکساندروویچ کے حلقے میں ایسے بہت سے لوگ تھے جنہیں وہ دعوت میں اپنے ہاں بلا سکتے تھے' اپنی دلچسپی کے کاموں میں شریک ہونے کی درخواست ان سے کر سکتے تھے' کسی بھی درخواست کرنے والے کی سرپرستی کرنے کو کہہ سکتے تھے' جس کے ساتھ وہ دوسری شخصیتوں کی دربار تر حکومت کی سرگرمیوں پر کھل کر بحث کر سکتے تھے۔ لیکن ان لوگوں کے ساتھ جو تعلقات تھے وہ کسی ایک سختی کے ساتھ معین معمول اور عادات کے دائرے تک محدود تھے جس سے نکلنا ناممکن تھا۔ ان کا یونیورسٹی کلاس ایک ساتھی تھا جس سے وہ بعد کو قریب تر ہو گئے تھے۔ اس کے ساتھ وہ اپنے ذاتی رنج و غم کی بات کر سکتے تھے لیکن یہ ساتھی بہت دور کے علاقے میں منتقل تھا۔ جو لوگ

پیٹرس برگ میں تھے ان میں سب سے قریب ان کے محکمے کے سیکرٹری اور ڈاکٹر تھے۔

"بالکل واسیلیوچ سلیوین' محکمے کے سیکرٹری' "سمجھدار' نیک اور اخلاق کے پابند آدمی تھے اور الکسی الکساندروویچ محسوس کرتے تھے کہ انہیں ان کی صورت حال سے ذاتی دلچسپی تھی۔ لیکن ان کی پانچ سال کی ملازمتی سرگرمی نے ان کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی تھی جو ذاتی بات چیت میں حائل ہوتی تھی۔

کاغذات پر دستخط کر چکنے کے بعد الکسی الکساندروویچ دیر تک چپ رہے۔ بالکل واسیلیوچ کو دیکھتے رہے اور کئی بار کوشش کی لیکن بات نہ چھیڑ سکے۔ انہوں نے جملہ بھی تیار کر لیا "آپ نے میری مصیبت اور رنج کے بارے میں سنا؟" لیکن انجام یہ ہوا کہ انہوں نے معمول کے مطابق کہا "تو اب آپ یہ میرے لئے تیار کر دیجئے" اور رخصت ہو جانے دیا۔

دوسرے شخص تھے ڈاکٹر۔ وہ بھی ان کے بارے میں اچھی رائے رکھتے تھے لیکن ان کے درمیان ایک مدت سے ایک خاموش معاہدہ ہو چکا تھا کہ دونوں پر کام کا بار بہت ہے اور دونوں کو جلدی کرنے کی ضرورت ہے۔

الکسی الکساندروویچ نے اپنی خواتین دوستوں کے اور ان میں سب سے اہم کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا کے بارے میں نہیں سوچا۔ ان کے نزدیک ساری عورتیں' محض عورت ہونے ہی کی بنا پر بھیانک تھیں۔

22

الکسی الکساندروویچ تو کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا کو بھول گئے تھے لیکن وہ انہیں نہیں بھولی تھیں ناامیدی کی تمنا کے اسی سب سے تکلیف دہ وقت میں وہ ان کے پاس آئیں اور خبر کرائے بغیر ہی ان کے کمرے میں آ گئیں۔ انہوں نے الکسی الکساندروویچ کو اسی حالت میں پایا جس میں وہ بیٹھے تھے دونوں ہاتھوں پر سر رکھے ہوئے۔

"ڈیڑھ لاکھ سپاہی" (16) انہوں نے تیز تیز قدموں سے آتے ہوئے اور ایوان نیز تیز چلنے کی وجہ سے ہانپتے ہوئے کہا۔ "میں نے سب سنا!" الکسی الکساندروویچ! میرے دوست!" انہوں نے اپنی بات جاری رکھی اور اپنے دونوں ہاتھوں سے ان کے ہاتھ کو کس کے دبایا اور ان کی آنکھوں میں اپنی خوبصورت اور بندی نہیں ڈال کر دیکھا۔

الکسی الکساندروویچ بھویں سکیڑتے ہوئے کھڑے ہو گئے اور ان سے ہاتھ چھڑا کر انہوں نے ان کے لئے کرسی بڑھائی۔

"تشریف رکھئے' کاؤنٹس۔ میں کسی سے ملتا نہیں' کاؤنٹس' اس لئے کہ میں بیمار ہوں"۔ انہوں نے کہا اور ان کے ہونٹ کپکپانے لگے۔

"میرے دوست!" کاؤنٹس نے ان کے چہرے پر سے نظریں ہٹائے بغیر دہرایا اور اچانک ان کی بھوؤں کے اندرونی سرے اوپر اٹھ گئے کہ پیشانی پر ایک مثلث بن گیا۔ ان کا رد چہرہ جو خاصا بدصورت تھا اور بھی بدصورت ہو گیا۔ لیکن الکسی الکساندروویچ نے محسوس کیا کہ کاؤنٹس ان کی حالت پر رحم کر رہی ہیں اور وہ بس رونے ہی والی ہیں۔ الکسی الکساندروویچ بہت متاثر ہو گئے اور ان کا بدبا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر سے چومنے لگے۔

"میرے دوست" کلاڈس نے ہمدردی کے مارے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "آپ کو اس طرح رنج و غم میں مبتلا نہیں ہونا چاہیئے۔ آپ کا رنج بہت بڑا ہے لیکن آپ کو صبر و سکون کی کوئی نہ کوئی صورت پیدا کرنی ہی چاہیئے۔"

"میں تو چور چور ہو گیا' مجھے ختم کر دیا گیا' میں اب انسان ہی نہیں رہا۔" کلیسی الکساندرووچ نے ان کا ہاتھ چھوڑتے ہوئے لیکن اس کی آواز بھری' آنکھوں میں آنسو ڈالے ہوئے کہا۔ "میری صورت حال اس لئے اور بھی بھیانک ہے کہ مجھے نہیں لگتا کہ آپ میں بھی کوئی سارا نہیں مل رہا ہے۔"

"سارا' آپ کو مل جائے گا۔ اسے" آپ مجھ میں۔ اصولاً اپنے حالات میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ میری دوستی پر بھروسا کیجئے۔" انہوں نے اٹھ کر سانس لیتے ہوئے کہا۔ "ہمارا سارا ہے محبت' وہ محبت جس کو اس نے ہمارے لیے دوسرے میں چھوڑا ہے۔ اس کا بار ہلکا ہے۔" انہوں نے اس مسرت آمیز بھائی نظر کے ساتھ کہا جس سے کلیسی الکساندرووچ مست' بھی طرح واقف تھے۔ "وہ آپ کو سارا دے گا اور آپ کی مدد کرے گا۔"

باوجود اس کے کہ ان لفظوں میں خود اپنے بلند احساسات سے وہ تاثر پیدا ہوا تھا اور کلیسی الکساندرووچ کو لگا کہ وہ ضرورت سے زیادہ 'نی' اور خود رفتہ سویلیانہ مزاجی کیفیت تھی جو کچھ دنوں سے پیٹرس برگ میں مست عام تھی' پھر بھی اس وقت یہ الفاظ ان کو اچھا لگا۔

"میں مرد ہوں۔ میں برباد ہو گیا۔ میں سے کسی بھی چیز کی پیش بینی کی تھی اور اب کچھ بھی میری سمجھ میں نہیں آتا۔"

"میرے دوست" لیڈیا ایوانووانا نے دوہرایا۔

"تو اب کیسی ہے اس فاصلے ہو جانا کیسی اس کا کیسی" کلیسی الکساندرووچ نے اپنی بات جاری رکھی۔ "اس کا مجھے افسوس نہیں ہے۔ مگر میں جس صورت حال میں پہنچ گیا ہوں اس پر بھلا دوسروں کے سامنے شرمندہ کیسے نہ ہوں۔ یہ برا ہے لیکن مجھ سے نہیں ہو سکتا نہیں ہو سکتا۔"

"معاف کر دینے کا وہ بلند مسلک' جس کی میں نے اتنی قدر اور تعریف کی اور جسموں نے کی' آپ نے نہیں کیا تھا بلکہ اس سے جو آپ کے لئے ہی ہے۔" کلاڈس لیڈیا ایوانووانا نے بھائی مسرت کے ساتھ آنکھیں نچاتے ہوئے کہا' اور اس لئے "آپ پر اقدام پر شرمندہ نہیں ہو سکتے۔"

کلیسی الکساندرووچ نے بھویں سکیڑیں اور اپنے ہاتھ موڑ کر انگلیاں چٹخانے لگے۔

"ساری نفسیات جاننے کی ضرورت ہے۔" انہوں نے سنجیدہ آواز میں کہا۔ "انسان کی قوت کی بھی حدیں ہوتی ہیں' کلاڈس اور میں اپنی حد تک پہنچ گیا۔ آج سارا دن مجھے سب ٹھیک ٹھاک کرنا پڑا۔ گھر کے انتظامات کرنے پڑے۔ اس کی صورت پیدا ہوئی' انہوں نے" صورت پیدا ہوئی' پر زور دیا' میری ہی تحمل کی صورت حال ہے۔ لو کر گھوڑے بیچ لی۔ اس دردناک سی نے مجھ جلا دیا۔ کھانے کے وقت۔ کل میں کھانے پر سے اٹھے رہ گیا۔ جس طرح میرا جانا مجھے دیکھ رہا تھا وہ مجھ سے برداشت نہیں کیا گیا۔ اس نے مجھ سے اس سب کے معنی دلائل نہیں پوچھے لیکن وہ پوچھنا چاہتا تھا اور مجھ سے وہ نظر برداشت نہیں ہو سکی۔ وہ میری طرف دیکھتے ہوئے ڈرتا تھا لیکن اتنا ہی نہیں۔"

کلیسی الکساندرووچ اس بل کار کرنا چاہتے تھے جو اس کے پاس لایا گیا تھا مگر ان کی آواز بھرا گئی اور وہ رک گئے۔ ہمدرد اور فیتوں کے اس بل کو' جو نیلے کاغذ پر لکھا ہوا تھا' وہ اپنے آپ پر رحم کے بغیر پڑھ کر سکتے تھے۔

"میں سمجھتی ہوں' میرے دوست"۔ کلاڈس لیڈیا ایوانووانا نے کہا۔ "میں سب سمجھتی ہوں۔ مدد اور سارا آپ کو مجھ میں تو نہیں ملے گا پھر بھی اس لئے آگئی کہ اگر کر سکوں تو آپ کی مدد کروں۔ اگر میں ان چھوٹی چھوٹی اور تلخ آمیز لکڑوں کو آپ سے لے سکتی۔ میں سمجھتی ہوں کہ کسی عورت کے الفاظ کی' عورت کے انتظام اور مدد دست کی ضرورت ہے۔ کیا آپ میرے سپرد یہ کریں گے؟"

کلیسی الکساندرووچ نے چپ چاپ شکر گزاری کے ساتھ ان کا ہاتھ دبا دیا۔

"ہم مل کر سرجی ڈاکی دیکھ بھال کریں گے۔ عملی کاموں میں میں بہت اچھی تو نہیں ہوں۔ مگر میں سنبھال لوں گی میں آپ کی گھر دار بن جاؤں گی۔ میرا شکریہ مت ادا کیجئے۔ میں یہ خود سے نہیں کر رہی ہوں۔"

"میں کیسے شکریہ ادا کروں۔"

"لیکن' دوست میرے' اس احساس کو اپنے اوپر طاری مت ہونے دیجئے جس کی آپ بات کر رہے تھے۔ اس چیز کے لئے شرمندہ ہونے کا احساس جو بصیرت کا بلند ترین مقام ہے' اور مسکرا ہو گا۔ اور آپ میرا شکریہ نہیں ادا کر سکتے۔ شکریہ تو اس کا ادا کرنا ضروری ہے اور اسی سے مدد کی درخواست کرنی ہے۔ اسی ایک ذات میں ہمیں سکون' میرا تحمل' پناہ اور محبت ملے گی۔" انہوں نے کہا اور آسمان کی طرف نظریں اٹھا کر اس طرح دیکھنے لگیں کہ ان کی جاسوسی سے کلیسی الکساندرووچ کو لگے کہ وہ جاگ رہی ہیں۔

کلیسی الکساندرووچ نے اب ان کی باتیں نہیں سنیں' وہ سنے اور سمجھے' نہیں یہ تو نہیں کہ ناخوشگوار لیکن فضول معلوم ہوتے تھے' اب قدرتی اور تسکین بخش لگے۔ کلیسی الکساندرووچ کو یہ بھی پر مسرت بھائی دوستانہ پسند نہیں تھی۔ وہ دیندار آدمی تھے' انہیں مذہب سے زیادہ تر اس کے سیاسی مفہوم میں دلچسپی تھی اور جن تعلیم' انہوں نے کچھ جن تو سماجی رازدار سمجھتی تھیں انہیں صرف اسی لئے اصولی طور پر ناخوشگوار لگتی تھی کہ وہ بحث اور تجزیے کے دروازے کھول دیتی تھی۔ پہلے وہ اس جن تعلیم کے بارے میں سرد مہری کا بلکہ معاندانہ رویہ رکھتے تھے اور اس کی طرف مائل کلاڈس لیڈیا ایوانووانا سے انہوں نے کبھی بحث نہیں کی تھی اور ان کے انکار نے پر پیشہ کو خوش کر کے کھڑا جانے تھے۔ اب پہلی بار انہوں نے کلاڈس کی باتیں خوشی سے نہیں اور دل ہی دل میں ان پر اعتراض نہیں کیا۔

"میں آپ کا بہت بہت شکر گزار ہوں' عمل کے لئے بھی اور انتظار کے لئے بھی۔" انہوں نے کلاڈس کی دعا کے ختم ہونے پر کہا۔

کلاڈس لیڈیا ایوانووانا نے اپنے دوست کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر دبا لئے۔

"اب میں کام شروع کرتی ہوں۔" انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا اور چپ ہو کر جیب سے "سونے کے تار" کو صاف کیا۔ "میں سرجی ڈاکی پاس جا رہی ہوں۔ میں آپ کو اسی وقت تکلیف دوں گی جب کوئی بہت ہی بہت ضرورت اور مجبوری ہو گی۔" اور وہ اٹھ کر چلی گئیں۔

کلاڈس لیڈیا ایوانووانا کے سرجی ڈاکی دالے حصے میں گئیں اور سہمے ہوئے لڑکے کے گالوں کو اپنے آنسوؤں سے تر کرتے ہوئے اس بتایا کہ اس کے باپ تو دنیا میں رہے اور اس کی ماں مر گئیں۔

کلاڈس لیڈیا ایوانووانا نے اپنا وعدہ پورا کیا۔ انہوں نے کلیسی الکساندرووچ کے گھر کے انتظامات اور

اسے چلانے کے لئے سارے کام کو راقی اپنے ذمے لے لیا۔ لیکن جب انہوں نے کہا تھا کہ وہ عملی کاموں میں بہت اچھی نہیں ہیں تو انہوں نے کوئی مبالغہ نہ کیا تھا۔ ان کی ساری ہدایات کو بجا لاتا تھا اس لئے کہ وہ ناقابل تعمیل ہوتی تھیں اور انہیں پتہ تھا کہ کیسی الکساندرووچ کا خادم خاص ہے اب کار سنین کا سارا گھر چلاتا تھا اس طرح کہ کسی کو پتہ نہ چلتا تھا اور جب اس کے مالک کپڑے پہنتے ہوتے تھے تو اطمینان اور احتیاط کے ساتھ انہیں بتاتا تھا کہ کس چیز کی ضرورت ہے۔ لیکن لیدیا ایوانووا کی مدد اعلیٰ درجے پر حقیقی تھی۔ انہوں نے کیسی الکساندرووچ کو ان سے اپنی محبت اور احترام، اکرام اور خاص طور سے اس طرح سارا دیا کہ جیسا کہ وہ خود سوچ کر خوش ہوتی تھیں انہوں نے کیسی الکساندرووچ کو تقریباً عیسائیت کی طرف مائل کر دیا یعنی ان کو بے بنیاد اور بے عمل دیدار سے ہٹا کر جیسائی تعلیم کی اس نئی وضاحت کا پرجوش اور مخلص طرفدار بنا دیا جو پچھلے دلوں سے پیٹرس برگ میں پھیل تھی۔ اس کا حاصل ہو جانا کیسی الکساندرووچ کے لئے بہت آسان تھا۔ لیدیا ایوانووا اور ان کے ہم خیال دوسرے لوگوں کی طرح کیسی الکساندرووچ تعقل کی گہرائی سے اس روحانی صلاحیت سے بالکل محروم تھے جس کی بدولت تعقل کے پرے کے ہوئے تصورات اتنے حقیقی بن جاتے ہیں کہ وہ دوسرے تصورات اور حقیقتوں کے ساتھ مطابقت و ہم آہنگی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انہیں اس تصور میں کوئی چیز تاریک یا غیر تشفی بخش نظر نہیں آتی تھی کہ موت 'جو بے دینوں کے لئے دوزخ رکھتی ہے' ان کے لئے کوئی دوزخ نہیں رکھتی اور جو کہ وہ کامل زین دین رکھتے تھے' جس کے پیمانے کا فیصلہ وہ خود ہی کرتے تھے تو ان کی روح میں کوئی کھٹکا ہے ہی نہیں اور وہ یہیں اسی دنیا میں مکمل نجات کا تجربہ کرتے ہیں۔

ویسے یہ سچ ہے کہ کیسی الکساندرووچ اپنے عقیدے کے بارے میں اس تصور کی سہل پسندی اور فضل کو مبہم طریقے سے محسوس کرتے تھے اور جانتے تھے کہ جب اس کے بارے میں بالکل۔ سوچتے ہوئے کہ ان کی معالی بلند ترین طاقت کا عمل ہے' انہوں نے اس بنا پر اساس کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا تھا تو انہیں اس سے شکوہ کا تجربہ ہوا تھا جبکہ اس وقت ہوتا تھا جب وہ آپ کی طرح 'ہر معاملے سوچتے تھے کے جیسی ان کے دل میں بسے ہوئے ہیں کہ وہ کافروں پر رحم کر کے ان کی سرمدی کی تعمیل کرتے ہیں۔ لیکن کیسی الکساندرووچ کے لئے ایسا سوچنا ضروری تھا' ان کے لئے اپنی بات میں کسی نہ کسی بنیادی غلط ہونا ضروری تھا' چاہے وہ خیالی ہی کیوں نہ ہو جہاں سے وہ 'جو سارے لوگوں کی حقارت کا شکار تھے' دوسروں کو حقارت سے دیکھ سکیں کہ انہوں نے نجات کی حیثیت سے اس فرضی نجات کا سہارا لے لیا۔

23

کاؤنٹس لیدیا ایوانووا جب بالکل نوجوان اور تابناک لڑکی تھیں تبھی ان کی شادی ایک بہت ہی مالدار' نامور' بہت نیک دل' عیش پرست اور رنگ رلیاں منانے والے آدمی سے کر دی گئی۔ وہ سرے ہی سے یہ نہیں چھپاتا تھا اور انہوں نے جب اپنی محبت کا پرجوش اور بچکانہ یقین دلایا تو اس کا جواب صرف مذاق اڑا کر بلکہ سعادت کے ساتھ دلاسے دیتا تھا وہ لوگ کسی طرح سمجھ ہی نہ سکے جو کاؤنٹ کی نیک دلی کو بھی جانتے تھے اور بچکانی مسرت پر لیدیا میں بھی کوئی نقص نہ دیکھ سکتے تھے۔ تب سے وہ دونوں الگ الگ رہتے تھے حالانکہ ان میں طلاق نہ ہوئی تھی اور جب کبھی شوہر کی ملاقات بیوی سے ہو جاتی تو وہ ان کے ساتھ ہمیشہ وہی آلود تمسخری کے ساتھ پیش آتے جس کی کوئی وجہ سمجھنا ناممکن تھا۔

کاؤنٹس لیدیا ایوانووا اب ایک مدت سے شوہر کی محبت میں دلچسپی نہیں رہی تھیں لیکن تب سے اب تک کبھی ایسا نہیں ہوا کہ وہ کسی نہ کسی کی محبت میں دلچسپی نہ رہی ہوں۔ وہ بیک وقت کئی لوگوں کی محبت میں مبتلا رہ چکی تھیں جن میں مرد بھی تھے اور عورتیں بھی۔ وہ تقریباً ان تمام لوگوں کی محبت میں مبتلا رہ چکی تھیں جو کسی نہ کسی چیز میں خاص امتیاز رکھتے تھے۔ وہ ان سارے لیڈروں اور پرنسوں سے محبت کر چکی تھیں جن کے رشتہ دار کے خاندان میں ہو جاتے تھے' وہ بچپن کے ایک اسقف' ایک دیہاتی اور ایک پادری سے محبت کر چکی تھیں۔ ایک اخبار نویس' تین سلاف مردوں' کیساروف (17) ایک دوسرے' ایک ڈاکٹر' ایک انگریز مشنری اور کار سنین سے محبت کر چکی تھیں۔ ان کا دل ان ساری محبتوں سے مملو تھا جو بھی شدید ہو جاتیں تو بھی گزر کر پرے جاتیں۔ ان کی بدولت وہ معروف رہتی تھیں اور یہ اس بات میں حائل نہ ہوتی تھیں کہ دوسرا ہی حلقوں میں اور سماج میں انتہائی وسیع اور وسیع تعلقات رکھیں۔ لیکن جب سے انہوں نے کار سنین کے بارے میں سنا تھا کہ وہ کار سنین کو اپنی خاص سرپرستی میں لے لیا تھا' جب سے وہ کار سنین کے گھر میں اپنا وقت اور محنت صرف کرنے' ان کے آرام و آسائش کی فکر کرنے لگی تھیں تب سے وہ محسوس کرتی تھیں کہ باقی سبھی جھوٹی تھیں اب وہ در حقیقت بس ایک کار سنین سے محبت کرتی ہیں۔ اب وہ کار سنین کے لئے جو جوش محسوس کرتی تھیں وہ انہیں سارے پچھلے جذباتوں سے قوی تر لگتا تھا۔ اپنے تجربہ کا تجزیہ اور سابق جذباتوں سے ان کا موازنہ کر کے وہ صاف دیکھتی تھیں کہ کیساروف نے اگر ناراضی جان بچائی ہوتی تو انہیں اس سے محبت نہ ہوتی اگر سلافی سوامی نہ ہوتا تو وہ مسیح کو جیسی سے محبت نہ کرتیں (18) لیکن کار سنین سے محبت وہ خود انہیں کی خاطر' ان کی بلند ناقابل فہم روح کی بنا پر' ان کی سہمی آواز کی گونج اور لفظوں کو کھینچ کر ادا کرنے والے لہجے کی بنا پر ہوا انہیں بڑا پیارا لگتا تھا' ان کی جھکی جھکی نظروں' ان کے کردار' ان کے رحم و رحم سلیم ہاتھوں کی بنا پر کرتی تھیں جن پر پھولی پھولی رگیں تھیں۔ انہیں نہ صرف یہ کہ کار سنین سے مل کر خوشی ہوتی تھی بلکہ وہ ان کے چہرے پر ان باتاثرات کو بھی تلاش کرتی رہتی تھی جو ان کی موجودگی سے پیدا ہوتے تھے۔ وہ چاہتی تھیں کہ کار سنین کو صرف ان ہی باتیں نہیں بلکہ ان کی پوری ذات اچھی لگے۔ کار سنین کی خاطر اگر وہ شادی شدہ ہوتیں اور کار سنین آزاد ہوتے تو کیا ہوتا۔ کار سنین جب کمرے میں داخل ہوتے تو ان سے یہ کھلاہٹ کے لیدیا ایوانووا کا چہرہ سرخ ہو جاتا اور جب کار سنین ان سے کوئی خوشگوار بات کہتے تو وہ اختیاری مسرت کی مسکراہٹ کو روک نہ سکتیں۔

کئی دنوں سے کاؤنٹس لیدیا ایوانووا بہت زیادہ پریشان تھیں۔ انہیں معلوم ہو گیا تھا کہ آنا ورووشکی پیٹرس برگ میں ہیں۔ کیسی الکساندرووچ کو آنا سے ملاقات سے بچانا ضروری تھا بلکہ اس اذیت ناک علم سے بچانے کی بھی ضرورت تھی کہ وہ بھیانک عورت اسی شہر میں ہے اور کسی وقت اس سے ان کا آمنا سامنا ہو سکتا ہے۔

لیدیا ایوانووا نے اپنے جان پہچان کے لوگوں سے اس بات کا سراغ لگایا کہ یہ "گھناؤنے لوگ" جیسا کہ وہ آنا اور ورووشکی کو کہا کرتی تھیں کیا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور ان دنوں میں انہوں نے اپنے دوست کی ساری نقل و حرکت کی رہنمائی اس طرح کرنے کی کوشش کی کہ ان کی ملاقات ان لوگوں سے نہ ہو سکے۔ جس لمحہ ان پر یہ حقیقت اور ورووشکی کے دوست کے ذریعے انہوں نے اطلاعات حاصل کی تھیں اور یقین ہو گیا تھا کہ کاؤنٹس لیدیا ایوانووا کے ذریعے اسے مراعات حاصل ہو جائیں گی' اس نے انہیں بتایا کہ ان لوگوں سے آپ کا کام ختم کر لئے ہیں اور اگلے دن چلے جائیں گے۔ لیدیا ایوانووا کو اطمینان ہو چلا تھا لیکن دوسرے دن صبح ہی صبح

انہیں ایک رقعہ ملا جس کی تحریر کو انہوں نے پہچان لیا اور مسکرا دیئے۔ یہ تھا کارڈینل کی تحریر تھی۔ لفافہ کھولنے اور خط کا مطالعہ کرنے کے بعد ڈی آرٹاگنان نے ایک بار پھر اس تحریر کو غور سے پڑھا۔

"کون ہے؟"

"مجھے نہیں معلوم۔"

کاؤنٹس ڈی لا فیر کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتے تھے۔ صرف یہ خیال کی وجہ سے ان کو دیکھنے کا دعویٰ کیا جس کی وہ مرہونِ منت تھیں۔ جب انہیں ڈی آرٹاگنان نے فرانسیسی میں لکھا ہوا خط پڑھا۔

"ڈی آرٹاگنان کون ہے؟"

جیسا کہ ان کے بارے کی وجہ سے آپ کافی معلوم ہے میں یہ خط لکھنے کی جرأت کر رہی ہوں اس میں محسوس کرتی ہوں کہ کافی مناسب ہے۔ میں اپنے بچے سے جو ابھی کی ہوں اس سے بات کرنے سے پہلے ایک بار اسے کچھ کی اجازت کے لئے مشورہ کرتی ہوں۔ مجھے معاف کر دیجئے کہ میں آپ کو اپنے بارے میں بتا رہی ہوں۔ میں ایک فرانسیسی اشرافیہ خاتون سے نہیں ملکہ آپ سے مخاطب کر رہی ہوں صرف اس لئے کہ اپنے بارے میں بتا سکوں کہ میں ایک خوبصورت شخص کو دھوکہ دینے کی تکلیف میں مبتلا نہیں کرنا چاہتی۔ اس سے اپنی دوستی کو جاننے ہوئے آپ مجھے کہیں گے۔ آپ سرخ ڈاکو بھیجنے پاس بھیجیں گی یا وقت آپ مشورہ کریں اور مجھے خبر کریں اس پر مجھے کہ آیا وہ گیا آپ مجھے اطلاع دیں کہ میں کب اور کہاں کہ سے باہر اس سے مل سکتی ہوں اور جن پر اس کا اعتماد ہے اس کی نیکی اور اخلاص کو جانتے ہوئے میں یہ نہیں فرض کرتی ہوں آپ انکار نہیں کریں گے۔ آپ اس بات کا تصور نہیں کر سکتیں جب کوئی میں مجھے ہوں اور اس لئے آپ اس شکر گزاری کا بھی تصور نہیں کر سکتیں ہو جب سے مل جانے کے بعد سے ہو گی۔ کیتھرائن۔"

اس خط کی تحریر نے کاؤنٹس ڈی لا فیر کو غصہ دلا دیا۔ اس کی عبارت تخلیص کی طرف اشارہ اور خاص طور سے لہجہ انہیں بے چین کر رہا تھا۔

"کیا وہ کوئی ہے اب نہیں رہا ہے" کاؤنٹس ڈی لا فیر نے کہا اور فوراً ہی اپنا منہ بند کر لیا کیونکہ انہیں یاد آ گیا کہ انہیں لیڈی ونٹر کو بتانا ہے کہ وہ ایک بچے کی ماں ہے جو ان سے مل کر تقریب منعقد کے دوران ملیں گی۔

"مجھے آپ سے ایک اہم اور تکلیف دہ معاملے کے بارے میں بات کرنا ضروری ہے۔ وہاں ملنے کریں گے کہاں ملیں۔ سب سے اچھا وہ گا میرے ہاں 'جہاں میں آپ کی پسند کا کھانا تیار کرنے کا حکم دے دوں گی۔ ضروری ہے۔ اس کی بڑی ہوئی صلیب ہے 'وہی اٹھانے کی طاقت بھی رکھتا ہے" انہوں نے آخری فقرہ اس لئے پڑھا کہ ان کو تھوڑا بھی سکی تیار کر دیں۔

کاؤنٹس لیڈی ونٹر عام طور پر دن میں دو تین رقعے لکھتی تھیں۔ کیتھرائن ڈیوچ کو ضرور لکھتی تھیں۔ ان کے ساتھ تعلق رکھنے کا یہ طریقہ انہیں پسند تھا جس میں خوش اخلاقی بھی تھی اور رازداری بھی جو ان کی ذاتی حیثیت کے حوالے سے حاصل ہوتی تھی۔

تقریب عنایات ختم ہونے والی تھی۔ لوگ جاتے جاتے ایک دوسرے سے مل رہے تھے 'ان دنوں کی تازہ ترین خبروں' سننے سنانے والے انعامات اور اہم عہدیداروں کے تبادلوں اور تقرر کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔

"اگر کاؤنٹس ماریا برسودا کو وزیر جنگ بنا دیا جائے اور پرنس رانکو فنکاپا کو چیف آف اسٹاف تو کیسا رہے گا؟" ایک سفید بالوں والے اور سنہرے کام کی وردی پہنے ہوئے بوڑھے آدمی نے ایک دراز قامت خوبصورت مصاحب بلکہ مشیر سے کہا جنہوں نے ان سے عہدیداروں کے تبادلوں کے بارے میں پوچھا تھا۔

"میرے اچھے دوست مصاحب بلکہ مشیر نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"آپ کا تقرر تو کیا جا چکا ہے۔ آپ میرے شعبے میں ہوں گی اور آپ کے معاون ہوں گے۔ کارڈینل"۔

"ملاحظہ ہو" نرس ہوتے بوڑھے نے ایک شخص سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا جو ان لوگوں کے پاس آ گئے تھے۔

"آپ نے کارڈینل کے بارے میں کیا کہا؟" پرنس نے پوچھا۔

"ان کو اور ویٹیکن کو آرڈر آف الکسانڈر نیوسکی (20) ملا ہے"۔

"میرا خیال تھا کہ انہیں پہلے ہی مل چکا ہے"۔

"نہیں۔ آپ ذرا انہیں دیکھئے تو" بوڑھے نے کہا اور کارڈینل کی طرف کاؤنٹ نوپلی سے اشارہ کیا جو دروازے کے پاس ریاستی کونسل کے ایک ارکان کے ساتھ کھڑے تھے۔ وہ درباری وردی پہنے تھے اور یہ سرخ فیتہ کندھے سے بھی کی طرح ڈالے ہوئے تھے۔ "کیسے خوش اور مطمئن نظر آ رہے ہیں جیسے تاج کا مالک" اس نے اضافہ کیا اور پھر رک گیا تاکہ کھلاڑی جیسے سڈول جسم والے رومیہ مصاحب خاص سے ہاتھ ملا سکے۔

"نہیں ان پر بوجھا آ گیا"۔

"فکروں کی وجہ سے۔ اب وہ ہر وقت طرح طرح کے منصوبے کرتے رہتے ہیں اور ہمہ وقت ساری تفصیل بتانے کا اس بدنصیب کو چھوڑیں گے نہیں"۔

"بوجھا کہاں سے آ گیا؟" ان نے دی پاسوں (21) میرے میں اب کاؤنٹس لیڈی ونٹر کے بارے میں کوئی بری بات نہ کہئے"۔

"لیکن یہ کیا کوئی بری بات ہے کہ وہ کارڈینل سے محبت کرتی ہیں"؟

"اور کیا یہ سچ ہے کہ کارڈینل یہاں ہیں"؟

"یہی یہاں محل میں تو نہیں 'ہاں پیرس برگ میں ہیں۔ کل میں نے ان کو دیکھا تھا' وہ شکل کے ساتھ براڈ سوئی 'براڈ سوئی (22) سوار تھا یا سڑک پر"۔

"سے تو اوم کی قسم (23) مصاحب خاص نے شروع کیا تھا لیکن رک گیا اور ایک طرف ہٹ کر تعظیم میں سر جھکاتے ہوئے دربار کے خاندان کے ایک شخص کو راستہ دیا۔

اسی طرح 'کیسی الکسانڈرووچ کے بارے میں وہ لوگ مسلسل باتیں کرتے رہے 'ان کی کمک پہنچی کرتے رہے اور ان کا مذاق اڑاتے رہے۔ اور وہ اس عرصے میں ریاستی کونسل کے اس ممبر کا راستہ روکے

ہوئے' جسے انہوں نے پکڑ لیا تھا' اور ان کے جانے نہ دینے کے خیال سے ایک منٹ کو بھی اپنی رودار کو رد کے بغیر اپنے المیائی منصوبہ کو تر تیب دار ان کے سامنے پیش کرتے رہے۔

جس وقت ا گسینی الکساندر رودیچ کو ان کی بیوی نے بلوا ڈاتقریباً اسی وقت ان کے ساتھ ایک اور واقعہ ہوا جو ملازمت والے شخص کے لئے انتہائی رنج کا باعث ہوتا ہے۔ ان کی ملازمتی ترقی کا راستہ بند ہو گیا۔ یہ راستہ بند ہو چکا تھا اور سب اسے صاف دیکھ رہے تھے لیکن ا گسینی الکساندر رودیچ ابھی تک اس بات کو تسلیم نہیں کر رہے تھے کہ ان کی ملازمتی زندگی ختم ہو گئی۔ یہ نہیں یہ استبداد کے ساتھ تصادم کا نتیجہ تھا یا بیوی کے معاملے میں بد قسمتی کا' یا صرف یہ تھا کہ ا گسینی الکساندر رودیچ اس حد تک پہنچ گئے تھے جو ان کے لیے پہلے سے طے تھی لیکن اس سال سب پر صاف ظاہر ہو گیا کہ ان کا ملازمتی عہدہ ختم ہو گیا۔ ابھی تک وہ ایک اہم عہدے پر فائز تھے' وہ بہت سے کمیشنوں اور کمیٹیوں کے ممبر تھے لیکن اب وہ ایسے شخص تھے جن کا سب کچھ جا چکا تھا اور جن سے اب کسی چیز کی توقع نہ کی جاتی تھی۔ وہ چاہے کچھ بھی بات کریں کچھ بھی تجویز کریں لوگ ان کی بات ایسے سنتے تھے جیسے وہ کچھ وہ تجویز کر رہے ہیں اس کے بارے میں سب ایک زمانے سے جانتے تھے اور وہ ایسی ہی تھی کہ اس کی کوئی ضرورت نہیں۔

لیکن ا گسینی الکساندر رودیچ اس بات کو نہ محسوس کرتے تھے بلکہ اس کے برعکس ملازمتی سرگرمی میں برادرانہ شرکت سے الگ ہو کر انہیں اب دوسروں کی سرگرمیوں کو تابیاں اور غلطیاں پہلے سے زیادہ مخالفانہ کے ساتھ دکھائی دیتی تھیں اور وہ اپنا فرض سمجھتے تھے کہ انہیں درست کرنے کے ذرائع کی نشاندہی کریں۔ بیوی سے علیحدگی کے اور اس کے بعد انہوں نے نئی عدالتوں کے بارے میں اپنا مبسوط رقم لکھنا شروع کیا۔ یہ ان کے اپنے مبسوط رقموں میں سے تھا جن کی کسی کو ضرورت نہ تھی اور جو وہ انگلستان کی ساری تباہیوں کے بارے میں لکھتے رہتے تھے۔

ا گسینی الکساندر رودیچ نے نہ صرف یہ کہ ملازمتی دنیا میں اپنی ناامیدانہ صورت حال کی طرف دھیان نہیں دیا اور نہ صرف یہ کہ اس کا کوئی رنج نہیں ہوا بلکہ وہ اپنی سرگرمی سے پہلے سے زیادہ خوش اور مطمئن تھے۔

ہاں حواری پیچ نے کہا ہے کہ "شادی شدہ دنیاوی چیزوں کے بارے میں فکر کرتے ہیں کہ بیوی کو کیسے خوش کریں' غیر شادی شدہ کو خدا کی فکر ہوتی ہے کہ خدا کو کیسے خوش کرے" اور ا گسینی الکساندر رودیچ' جو اب سارے معاملے میں محبوں کو رد اٹھاتے تھے' اس عبارت کو اکثر یاد کرتے تھے۔ انہیں لگتا تھا کہ جب سے دوبیوی کے علیحدہ ہو گئے ہیں وہ ان مضمونوں کے ذریعے پہلے سے زیادہ خدمت انجام دے رہے ہیں۔

صاف ظاہر تھا کہ ریاستی کونسل کے ممبر کی بے صبری سے ان کے پاس سے چلا جانا چاہتا تھا' ا گسینی الکساندر رودیچ کو کوئی پریشانی نہ تھی۔ انہوں نے اپنی رودار اسی وقت بند کی جب یہ ممبر زار کے خاندان کی ایک شخصیت کی آمد سے فائدہ اٹھا کر ان کے پاس سے کھسک گیا۔

ا گسینی الکساندر رودیچ اکیلے رہ گئے تو انہوں نے سر جھکا لیا' اپنے خیالات کو یکجا کیا' پھر کھوئے کھوئے انداز میں ادھر ادھر نظر ڈالی اور دروازے کی طرف چلے جہاں انہیں امید تھی کہ کاؤنٹس لیدیا ایوانووناسے ملاقات ہو جائے گی۔

"اور یہ لوگ سب کے سب کتنے طاقتور اور جسمانی اعتبار سے صحت مند ہیں" ا گسینی الکساندر رودیچ نے توند اور گنگھی کیے ہوئے خوشحال گل بچھوں والے صاحب خاص کو اور روسی میں کسی ہوئی ایک پر لس

کی سرخ گردن کو دیکھتے ہوئے سوچا جن کے پاس سے ہو کر انہیں گزرنا پڑا تھا۔ "بالکل برحق کہا گیا ہے یہ کہ دنیا میں سب کچھ بد ہے" انہوں نے ایک بار پھر صاحب خاص کی پنڈلیوں کو عضلوں سے دیکھتے ہوئے سوچا۔

بلیغ کسی جلدی کے پاؤں کو حرکت دیتے ہوئے ا گسینی الکساندر رودیچ نے تھکن اور وقار کے ایک خاص انداز سے ان حضرات کو سر جھکا جھکا کر تعظیم دی جو ان کے بارے میں باتیں کر رہے تھے اور آنکھوں سے کاؤنٹس لیدیا ایوانووناکو تلاش کرتے ہوئے دروازے کی طرف نظر ڈالی۔

"آہ، ا گسینی الکساندر رودیچ!" بوڑھے نے بڑی سے چمکتی ہوئی آنکھوں کے ساتھ اس وقت کہا جب وہ اس کے برابر پہنچے اور سر ہری سے اس کی طرف سر جھکایا۔ "میں نے تو ابھی آپ کو مبارک باد دی ہی نہیں" اور اس فیتے کی طرف اشارہ کیا جو انہیں ابھی ابھی ملا تھا۔

"شکریہ آپ کا" ا گسینی الکساندر رودیچ نے جواب دیا۔ "آج کیا خوبصورت دن ہے" انہوں نے اعتراف کیا اور اپنی عادت کے مطابق "خوبصورت" پر خاص طور پر زور دیا۔

وہ اس بات کو جانتے تھے کہ یہ لوگ ان پر ہنستے تھے لیکن ان لوگوں سے انہیں کوئی توقع بھی نہیں تھی سوائے کچھ تلخی کے۔ اس کے وہ عادی ہو چکے تھے۔

کوریڈور سے اوپر لگے ہوئے کاؤنٹس لیدیا ایوانووناکے پہلے پہلے سے کندھے دروازے میں سے داخل ہو رہی تھیں' اور ان کی اپنی طرف جاتی ہوئی خوبصورت فکر مند آنکھیں دیکھ کر ا گسینی الکساندر رودیچ مسکرائے ان کے سوار اور سفید دانتہ کھائی دے گئے اور کاؤنٹس کی طرف چل پڑے۔

لیدیا ایوانووناکو اپنے بلاؤ سکھار پر بڑی محنت کرنی پڑی تھی جیسی کہ ادھر کچھ دنوں سے انہیں ہمیشہ ہی اپنے بلاؤ سکھار پر کرنی پڑتی تھی۔ اب ان کے بلاؤ سکھار کا مقصد اس کے بالکل برعکس تھا جو وہ تیس سال پہلے اپنے پیش نظر رکھتی تھیں۔ تب ان کا جی چاہتا تھا اپنے آپ کو کسی طرح چھپانے سوارنے کا اور جتنا زیادہ چھپا سوار لیں اتنا ہی اچھا لگتا تھا۔ اب اس کے برعکس ان کی آرزو ہمیشہ عمر اور زوال پذیر سے اتنی عدم مطابقت رکھتی تھی کہ ان کو صرف اس کی فکر تھی کہ ان کی ظاہری شکل و صورت اور اس سجاوٹ کا فصل ہے بد زیادہ بہتر نہ زیادہ بھیانک نہ ہو جائے۔ اور اگرچہ ا گسینی الکساندر رودیچ کے معاملے میں وہ اپنا یہ مقصد حاصل کر لیتی تھیں اور انہیں پرکشش لگتی تھیں۔ ان کے لئے کاؤنٹس لیدیا ایوانووناایک تجربہ تھیں ان کے معاملے میں صرف نیکی کا نہیں بلکہ دشمنی اور تسخر کے جس سمندر میں وہ گھرے ہوئے تھے اس میں محبت کا بھی۔

ذرا چڑانے والی آنکھوں کے بیچ میں سے ہو کر وہ ان کی محبت آمیز نظروں کی طرف اس طرح کھنچے جیسے پروانہ شمع کی طرف کھنچتا ہے۔

"مبارک ہو آپ کو" انہوں نے آنکھوں سے ا گسینی الکساندر رودیچ کے چیتے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

ا گسینی الکساندر رودیچ نے خوشی کی مسکراہٹ ضبط کرتے ہوئے اپنے کندھوں کو جنبش دی اور آنکھیں بند کر لیں جیسے کہہ رہے ہوں کہ اس سے انہیں کوئی خوشی نہیں حاصل ہو سکتی۔ کاؤنٹس لیدیا ایوانووناابھی طرح جانتی تھیں کہ یہ ا گسینی الکساندر رودیچ کی خاص خوشیوں میں سے ہے حالانکہ وہ اس کا کبھی اعتراف نہیں کر سکتے۔

"صورتحال فرشتہ کیسا ہے" کاؤنٹس لیدیا ایوانووناسے کہا۔ ان کا مطلب سریوژا سے تھا۔

"میں یہ نہیں کہہ سکتا میں پوری طرح مطمئن ہوں" بھویں چڑھاتے اور آنکھیں کھولتے ہوئے الیکسی الکساندروویچ نے کہا۔ اور ایسٹیکوف بھی اس سے مطمئن نہیں ہے۔ وہ بیسٹیکوف مدرسے تھے جس کے سپرد سروژا کی بنیادی تعلیم کی گئی تھی)۔ جیسا کہ میں نے آپ سے کہا تھا اس میں اہم سوالوں کی طرف سے کچھ سرد مہری سی ہے جن سے ہر آدمی اور ہر بچے کو متاثر ہونا چاہئے"۔ اور الیکسی الکساندروویچ نے اس سوال۔ بچے کی پرورش و پرداخت۔ پر اپنے خیالات پیش کرنے شروع کئے جو ملازمت کے علاوہ واحد سوال تھا جس سے انہیں دلچسپی تھی۔

جب الیکسی الکساندروویچ نے لیڈیا ایوانوونا کی مدد سے نئے سرے سے زندگی اور اپنی سرگرمی شروع کی تو انہوں نے یہ سمجھا کہ ان کے پاس جو بیٹا رہ گیا ہے اس کی پرورش و پرداخت کو اپنے ہاتھ میں لینا ان کا فرض ہے۔ انہوں نے پہلے بھی پرورش و پرداخت کے سوالوں سے دلچسپی لی تھی اس لئے کچھ وقت تو انہوں نے موضوع کے نظری مطالعے پر صرف کیا۔ اور علم انسان' اصول تعلیم اور چند مضامیع کی بہت سی کتابیں پڑھ کر الیکسی الکساندروویچ نے پرورش و پرداخت کا ایک منصوبہ تیار کیا اور پیٹرس برگ کے بہترین مدرس کو رہنمائی کے لئے بلا کر کام شروع کر دیا۔ اور اس کام میں وہ برابر مصروف رہتے تھے۔

ہاں' لیکن ال؟ مجھے تو اس میں باپ کا دل نظر آتا ہے اور ایسے دل والا بچہ برا نہیں ہو سکتا"۔ کاؤنٹس لیڈیا ایوانوونا نے جوش کے ساتھ کہا۔

"ہاں' ممکن ہے۔ جہاں تک میرا تعلق ہے تو میں اپنا فرض پورا کر رہا ہوں۔ جتنا بھی مجھ سے ہو سکتا ہے"۔

"آپ میرے پاس آیئے گا ضرور"۔ کاؤنٹس لیڈیا ایوانوونا نے ذرا دیر چپ رہنے کے بعد کہا "ہمارے لئے ایک ایسے معاملے کے بارے میں بات کرنا ضروری ہے جو آپ کے لئے تکلیف دہ ہو گا۔ آپ کو بعض باتوں سے محفوظ رکھنے کے لئے میں تو سب کچھ کر گزرتی لیکن دوسرے لوگ ایسا نہیں سوچتے۔ مجھے ان کا خط ملا ہے وہیں ہیں پیٹرس برگ میں"۔

بیوی کے ذکر پر الیکسی الکساندروویچ چونک پڑے لیکن فوراً ہی ان کے چہرے پر سنجیدہ سے حسی طاری ہو گئی جس سے اس معاملے میں بالکل بے بسی کا اظہار ہوتا تھا۔

"مجھے اس کی توقع تھی" انہوں نے کہا۔

کاؤنٹس لیڈیا ایوانوونا نے ان کی طرف ہمدردی مسرت کے ساتھ دیکھا اور ان کی روح کی عظمت دیکھ کر ان کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

25

جب الیکسی الکساندروویچ کاؤنٹس لیڈیا ایوانوونا کے چھوٹے سے آرام دہ کمرے میں داخل ہوئے جہاں بہت سے چینی ظروف سجے تھے اور دیواروں پر تصویریں آویزاں تھیں تو خود خاتون خانہ وہاں نہیں تھیں۔ وہ لباس تبدیل کر رہی تھیں۔

ایک گول میز پر میز پوش بچھا تھا اور اس پر چائے کی چینی پیالیاں اور چاندی کی کیتلی اور اسپرٹ لیمپ رکھا ہوا تھا۔ الیکسی الکساندروویچ نے کھوئے کھوئے انداز میں بے شمار جاپانی پنجابی تصویروں پر نظر ڈالی جن سے کمرہ سجا ہوا تھا' اور میز کے پاس بیٹھ کر اس پر رکھی ہوئی انجیل کھول لی۔ کاؤنٹس کے ریشمی لباس کی سرسراہٹ نے انہیں اپنی طرف متوجہ کیا۔

"ہاں' تو اب سکون کے ساتھ بیٹھیں گے"۔ کاؤنٹ لیڈیا ایوانوونا نے گہرائی گہرائی سی مسکراہٹ کے ساتھ میز اور صوفے کے بیچ میں دھنستے ہوئے کہا "اور چائے پینے کے ساتھ باتیں بھی کریں گے"۔

چند قصیدی الفاظ کے بعد کاؤنٹس لیڈیا ایوانوونا نے بھاری بھاری سانسیں لیتے ہوئے اور سرخ ہوتے ہوئے الیکسی الکساندروویچ کے ہاتھ میں وہ خط دیا جو انہیں صبح ملا تھا۔

خط پڑھ کر وہ رو تک چپ رہے۔

"میں نہیں سمجھتا کہ مجھے ان سے انکار کرنے کا حق ہے" انہوں نے بھینچتے ہوئے آنکھیں اٹھا کر کہا۔

"میرے دوست" آپ کو تو کسی شخص میں کوئی برائی نظر آتی ہی نہیں!"

"میں تو اس کے برعکس یہ دیکھتا ہوں کہ سب کچھ بد ہے۔ لیکن کیا یہ انصاف کی بات ہے؟"

ان کے چہرے پر بے چینی تھی اور لگ رہا تھا کہ وہ ایک ایسے معاملے میں مشورہ' تائید اور رہنمائی کے خلاف ہیں جو ان کی سمجھ میں نہیں آ رہا ہے۔

"نہیں" کاؤنٹس لیڈیا ایوانوونا نے ان کی بات کاٹ دی۔ "ہر چیز کی حد ہوتی ہے۔ میں اخلاقیات کی خلاف ورزی کو سمجھتی ہوں" انہوں نے بالکل سچ نہیں کہا اس لئے وہ بات کو کبھی سمجھ ہی نہیں سکیں کہ کون سی چیز قوانین کو اخلاقیات کے خلاف ورزی کرنے کی طرف لے جاتی ہے۔ "لیکن میں سنگ دل کو نہیں سمجھتی۔ اور وہ بھی کس کے ساتھ؟ آپ کے ساتھ! کیسے وہ اسی شہر میں رہ سکتی ہیں جہاں آپ ہیں؟ نہیں' آدمی بہتا پتا ہے اتنا ہی سیکھتا ہے اور میں سیکھ رہی ہوں آپ کی بلندی کو سمجھنا اور ان کی پستی کو"۔

"لیکن پتھر کون مارے گا؟" الیکسی الکساندروویچ نے کہا۔ بظاہر وہ اپنے دل پر خاصے قابض تھے۔ "میں نے سب کچھ معاف کر دیا اور اس لئے میں انہیں اس چیز سے محروم نہیں کر سکتا اور ان کے لئے محبت کا مطلب ہے اپنے بیٹے سے محبت کا۔"

"لیکن میرے دوست' کیا یہ محبت ہے؟ کیا یہ فلسفہ ہے؟ ہاں' لیکن کہ آپ نے معاف کر دیا' آپ معاف کر رہے ہیں۔ لیکن کیا ہمیں اس فرشتے کی روح پر اثر ڈالنے کا حق ہے؟ جو سمجھتا ہے کہ وہ مر چکی ہیں' وہ ان کے لئے دعا کرتا ہے اور خدا سے التجا کرتا ہے کہ ان کے گناہوں کو بخش دے۔ اور یہی بہتر ہے۔ اور پھر وہ کیا سوچے گا؟"

"میں نے یہ نہیں سوچا تھا" الیکسی الکساندروویچ نے بظاہر ضامن ہوتے ہوئے کہا۔

کاؤنٹس لیڈیا ایوانوونا نے اپنا چہرہ ہاتھوں سے ڈھانپ لیا اور تھوڑی دیر تک خاموش رہیں۔ وہ دعا کر رہی تھیں۔

دعا کر کے انہوں نے چہرے پر سے ہاتھ ہٹائے اور کہا "اگر آپ میرا مشورہ چاہیں تو میں آپ کو یہ کرنے کا مشورہ دوں گی۔ سچ سچ کہیں میں دیکھتی نہیں ہوں کہ آپ کس طرح اکیلے رہ رہے ہیں' کس طرح اس بات سے آپ کے رقم کو لپیٹ دیا ہے؟ لیکن فرض کر لیتے ہیں کہ آپ بیٹے کی طرح اپنے کو بھول جائیں گے۔ لیکن اس کا نتیجہ کیا نکلے گا؟ آپ کو تو سارے سے دکھ ہو گا اور بچے کے لئے ایک اذیت ہو گی؟ ان میں اگر ذرا بھی انسانیت رہ گئی ہوتی تو انہیں خود ہی اس کی خواہش کرنی چاہئے تھی۔ کہیں مجھے کوئی ہمدردی نہیں ہے' میں

اس کا شعور نہیں ہوتی اور اگر آپ اجازت دیں تو میں انہیں لکھ دوں گی۔

اور ا لیسی الکساندروویچ راضی ہو گئے۔ کاؤنٹس لیدیا ایوانووانے فرانسیسی میں مندرجہ ذیل خط لکھا۔

"پیارے' آپ کے بیٹے کے لئے آپ کی یاد اس کی طرف ایسے سوالات کا سبب بن سکتی ہے جن کے جواب دینا بچے کے دل میں اس چیز کو برا سمجھنے کا جذبہ پیدا کئے بغیر ناممکن ہو گا جو اس کے لئے مقدس ہونی چاہئے اس لئے میں درخواست کرتی ہوں کہ آپ اپنے شوہر کے انکار کو عیسائی محبت کے جذبے کے مطابق سمجھیں۔ خدائے بلند و برتر سے التجا کرتی ہوں کہ آپ پر رحمت نازل کرے۔

کاؤنٹس لیدیا"۔

اس خط سے وہ خفیہ مقصد حاصل ہو گیا جسے کاؤنٹس لیدیا ایوانووانے اپنے آپ سے بھی چھپاتی تھیں۔ اس نے آنا کارنن کی گمراہی تک مجروح کر دیا۔

جہاں تک ا لیسی الکساندروویچ کا تعلق ہے تو وہ جب لیدیا ایوانووا کے ہاں سے گھر واپس آئے تو اپنی روزمرہ کی مصروفیتوں میں اپنائی نہ لگا سکے اور بیدار و نجات یافتہ شخص کا وہ روحانی سکون انہیں نہ ملا جو وہ پہلے محسوس کرتے تھے۔

بیوی کی یاد کو' جو ان کے سامنے اتنی تصور وار تھیں اور جن کے سامنے وہ اس قدر ٹیک پا کیزہ تھے' جیسے کہ کاؤنٹس لیدیا ایوانووانے ان سے بجا طور پر کہا تھا' ان کے لئے اتنی پریشان کن نہ ہونی چاہئے تھی۔ لیکن انہیں چین نہیں تھا۔ وہ جو کتاب پڑھ رہے تھے اسے سمجھ نہ سکتے تھے' بیوی کے ساتھ اپنے رویئے کے بارے میں' اور ان غلطیوں کے بارے میں' جو انہیں اب لگتا تھا کہ انہوں نے بیوی کے سلسلے میں کی تھیں' ان دردناک یادوں کو دماغ میں سے نکال ہی نہ پاتے تھے۔ اس کی یاد کہ گھوڑ دوڑ کے مقابلوں سے واپس آکر انہوں نے بیوی کی بیوفائی کے اعتراف کو کس طرح سنا اور سمجھا تھا (خاص طور سے اس بات کو انہوں نے بیوی سے صاف ظاہری شائستگی کا مظاہرہ کیا تھا اور ذلت کے لئے نہیں پکارا تھا) انہیں پچھتاوے کی طرح ایذا دیتی تھی۔ اسی طرح انہیں اس غلطی کی یاد بھی ایذا دیتی تھی جو انہوں نے بیوی کو لکھا تھا اور خاص طور سے ان کی معافی جس کی کسی کو ضرورت نہ تھی' اور غیر کی اولاد کے لئے فکر مندی ان کے دل کو شرم اور پچھتاوے سے جھلسا دیتی تھی۔

اور اسی طرح کی شرم اور پچھتاوے کا احساس انہیں اب ہو رہا تھا جب وہ بیوی کے ساتھ اپنے ماضی کا جائزہ لے رہے تھے اور یاد کر رہے تھے کہ کس طرح بعد دنوں کے بس و پیش کے بعد انہوں نے کیسے اٹ پٹے لفظوں میں ان سے طلاق کی تھی۔

"لیکن میرا کیا قصور ہے؟" انہوں نے اپنے آپ سے کہا۔ اور اس سوال سے ان کے ذہن میں بیک وقت دوسرا سوال پیدا ہوتا تھا۔ یہ سوال کہ کیا یہ دوسرے لوگ' یہ ورونسکی' یہ اڈلشکی۔ یہ معمولی چلنتروں والے مصاحبان خاص کسی اور طرح سے محسوس کرتے ہیں' کسی اور طرح سے محبت کرتے ہیں' کسی اور طرح سے شادی کرتے ہیں۔ اور ان کی نظروں میں ان کمائے پتے' طاقتور' اپنے آپ پر کسی طرح کے شک و شبہات نہ کرنے والے لوگوں کی پوری صف کی صف پھر جاتی ہو غیر ارادی طور پر بیشہ اور ہر جگہ ان کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرا لیتے تھے۔ وہ ان خیالات کو اپنے دل سے نکال دیتے تھے' وہ اپنے آپ پر چین رکھنے کی کوشش کرتے تھے کہ وہ یہاں کی دنیوی زندگی کے لئے نہیں بلکہ ابدی زندگی کے لئے زندہ ہیں' کہ ان کے دل میں چین اور محبت ہے۔ لیکن یہ بات کہ انہوں نے اس دنیوی اور بیچ زندگی میں جیسا کہ انہیں لگتا تھا' کچھ معمولی غلطیاں کی ہیں'

انہیں ایسی اذیت دیتی تھی جیسے وہ ابدی نجات تھی ہی نہیں جس پر ان کا ایمان تھا۔ لیکن یہ گمراہ کن خیالات زیادہ دیر نہیں رہے اور ا لیسی الکساندروویچ کے دل میں جلد ہی بھروسہ سکون اور چین ہو گیا' بلکہ ایسا احساس پیدا ہو گیا جس کی بدولت وہ ان چیزوں کو بھول سکتے تھے جنہیں یاد نہیں کرنا چاہتے تھے۔

٭

"تو ہمارے کیتھ میں" سرگی ڈ نے اپنی سالگرہ سے پہلے والے دن سیر سے خوش خوش اور لال سرخ واپس آکر اور اپنا اوور کوٹ لیے بوڑھے چوبدار کو دیتے ہوئے کہا اور اپنے چہرے کی اوپچائی سے اس بوڑھے سے شخص کو مسکرا کر دیکھ رہا تھا۔ "کیا ہوا؟ آج وہ کھٹارا یا دفتری ملازم کیا تمہارے پاس آیا تھا؟" پوچھا اس نے۔

"جی ہاں۔ جیسے ہی سیکرٹری باہر نکلے ویسے ہی میں نے اس کے بارے میں خبر دی" خدمت گار نے خوشی سے آنکھیں مارتے ہوئے کہا۔ "بیٹھے میں انکار کیا ہوں"۔

"سرگی ڈ" سلاف نیوٹر نے اندر کے کمروں میں جانے والے دروازے میں رک کر کہا۔ "آپ خود ہی انکار دیجئے"۔

لیکن سرگی ڈ نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کی حالانکہ نیوٹر کی کمزور سی آواز سنی تو تھی۔ وہ چوبدار کی طرف اپنے ہاتھ سے بکسے کمزار ہا اور اسے دیکھتا رہا۔

"تو پھر یہ کچھ ضروری تھا جو پیاتے نے اس کے لئے کہا؟"

چوبدار نے جواب میں سر ہلا دیا۔

"یہ کھٹارا یا دفتری ملازم ا لیسی الکساندروویچ کے پاس کوئی درخواست لے کر سات بار آچکا تھا۔ اس سے سرگی ڈ کو بھی دلچسپی ہو گئی تھی اور چوبدار کو بھی۔ وہ سرگی ڈ کو ایک دن ہال میں مل گیا تھا اور اس نے جس طرح سے ممکن رحم آمیز انداز میں چوبدار سے التجا کر رہا تھا وہ اس کے بارے میں اطلاع کر دے اور کہہ رہا تھا اس کے اور بچوں کے مرنے کی نوبت آنے والی ہے۔

اس کے بعد جب دوسری بار وہ دفتری ملازم سرگی ڈ کو ویٹنگ روم میں ملا تو اسے دلچسپی ہو گئی۔

"تو پھر وہ بہت خوش تھا؟"

"اتنا خوش کیوں نہ ہوتا۔ یہاں سے اس کھٹارا کو جو ملا تھا"۔

پھر سرگی ڈ نے خود اور چپ رہنے کے معنی پیدا کئے اور میرے لئے بکسے لایا"

سرگی ڈ اور کھٹارا کہ کیا کہ چوبدار نے جس چیز کے بارے میں بتایا وہ کاؤنٹس لیدیا ایوانووا کی طرف سے اس کی سالگرہ کا تحفہ ہے۔

"کیا کیا تم نے؟ کہاں ہے؟"

"ضرور فلنی اسے پیاتے کے پاس لے گیا تھا۔ ضرور کوئی اچھی چیز ہو گی"

"کتنا بڑا پیکٹ تھا؟ تانبا ہو گا؟"

"اس سے بھورا نکرا چھا تھا"

"اچھا"۔

"نہیں کوئی چیز تھی۔ جائیے" جائیے' وائیلی لوچ بلا رہے ہیں" چوبدار نے نیوٹر کے پاؤں کی چاپ آئی

ہوئی جاپ سن کر کمال اور جو ہاتھ اس کی بیٹی کو پکڑے تھا اس کے پیچھے سے آدھے باہر نکلے ہوئے دستانے کو ٹھیک کے اس نے ٹاکھ ماری اور مرسے نے نزدیک کی طرف اشارہ کیا۔

"واسیلی لوکیچ" اس ایک منٹ میں آیا" سرج ژا نے اس پر مسرت اور محبتی مسکراہٹ کے ساتھ کہا جو فرض شناس واسیلی لوکیچ کو ہمیشہ جیت لیتی تھی۔

سرج ژا بہت ہی خوش تھا اور اس کا اس طرح کھلا پڑتا تھا کہ وہ اپنے دوست چوبدار کو خاندان کی اس خوشی میں شریک کئے بغیر رہ سکتا تھا جس کے بارے میں اسے ابھی ابھی (24) میں سیر کے دوران کاؤنٹس لیدیا ایوانوونا کی تحقیق سے معلوم ہوا تھا۔ یہ خوشی دفتری ملازمت والے معاملے کی خوشی اور اپنی اس خوشی کے ساتھ مل کر کہ اس کے لئے کھانا بھیجا گیا ہے" اسے خاص طور پر اہم لگ رہی تھی۔ سرج ژا کو لگ رہا تھا کہ آج ایسا دن ہے جب سبھی کو خوش ہونا چاہئے۔

"تم کہہ رہے ہو پاپا کو آرڈر آف الگزانڈر ریبنسکی ملا ہے؟"

"کسے پتہ نہیں اتنے لوگ تو مبارک باد کہنے کے لئے آئے"

"تو پھر وہ خوش ہیں؟"

"ملازمت کی عنایت پر کوئی خوش کیسے ہو گا؟ مطلب یہ کہ اس کے وہ مستحق ہیں" چوبدار نے بڑی سنجیدگی اور تعاری بھرے انداز میں کہا۔

سرج ژا کچھ دیر سوچتا رہا اور چوبدار کے چہرے کو تکتا رہا جس کا مطالعہ وہ پوری تفصیل کے ساتھ کرتا تھا' خاص طور سے نمدار کاہو سفید کل مچھوں کے درمیان لٹکی رہتی تھی اور جسے سوائے سرج ژا کے کوئی بھی نہ دیکھتا تھا اس لئے کہ وہ ہمیشہ اسے نیچے ہی سے دیکھتا تھا۔

"اور تمہاری بیٹی کو تمہارے پاس آئے ہوئے بہت دن ہو گئے؟"

خدمت گار کی بیٹی بیلچہ رکاسہ تھی۔

"بچے کے کام کے دنوں میں آنے کا وقت کہاں ہوتا ہے؟ ان لوگوں کو بھی تھوڑا پڑھنا پڑتا ہے۔ اور سرکار آپ کو بھی پڑھنا چاہئے"۔

کمرے میں آکر اس کی بجائے کہ سرج ژا اپنا سبق پڑھنے کے لئے بیٹھے اس نے ٹیوٹر کو اس بارے میں اپنا مفروضہ بتایا کہ جو کچھ اس کے لئے بھیجا گیا ہے وہ ضرور ریل گاڑی کا انجن ہو گا۔ "آپ کا کیا خیال ہے؟" اس نے پوچھا۔

لیکن واسیلی لوکیچ کا خیال صرف یہ تھا کہ مدرس کے لئے قواعد کا سبق تیار کر لینا چاہئے ورنہ وہ بچے "جائیں گے۔

"نہیں' واسیلی لوکیچ' آپ مجھے صرف یہ بتا دیجئے" سرج ژا نے پڑھنے کی میز کے پاس بیٹھ کر اور کتاب ہاتھ میں لئے لئے پوچھا "کہ آرڈر آف الگزانڈر ریبنسکی سے بڑا کون سا آرڈر ہوتا ہے؟ آپ کو معلوم ہے کہ پاپا کو آرڈر آف الگزانڈر نیوسکی ملا ہے؟"

واسیلی لوکیچ نے جواب دیا کہ آرڈر آف الگزانڈر ریبنسکی سے بڑا ہوتا ہے آرڈر آف ولادیمیر۔ "اور اس سے بڑا؟"

"سب سے بڑا ہوتا ہے آرڈر آف آندریئی پیروانوفسکی"۔

"اور اس سے بڑا؟"

"میں نہیں جانتا"

"یہ کیسے؟ آپ بھی نہیں جانتے؟" اور سرج ژا اپنی کہنیاں میز پر ٹکا کر اپنے خیالوں میں کھو گیا۔

اس کے خیالات بڑے پیچیدہ اور مختلف قسم کے تھے۔ وہ یہ تصور کر رہا تھا کہ اس کے باپ کو کیسے اچانک آرڈر آف ولادیمیر بھی مل جائے گا اور آرڈر آف آندریئی پیروانوفسکی بھی اور کیسے اس کے نتیجے میں آج وہ سبق کے وقت سے زیادہ نیک اور اچھے ہوں گے' اور کیسے جب وہ خود بڑا ہو جائے گا تو سارے آرڈر حاصل کر لے گا اور پھر آرڈر آف آندریئی سے بھی بڑا کوئی نہ کوئی انعام سوچ لیا جائے گا اور بس سوچا نہیں کہ وہ اس کے لائق بن جائے گا۔ اگر اس سے بھی بڑا کوئی انعام سوچا گیا تو وہ اور اچھی اس کے لائق بھی بن جائے گا۔

اس طرح کے خیالات سے وقت گزر گیا اور جب مدرس آئے تو وہاں وہ مکان کے اہم حال اور حالت حاضر کے بارے میں سبق تیار نہیں ہوا تھا اور مدرس نہ صرف یہ کہ ناخوش ہوئے بلکہ وہ رنجیدہ ہوئے۔ مدرس کے رنجیدہ ہونے کا سرج ژا پر بہت اثر ہوا۔ وہ اس بات کے لئے کہ اس نے سبق نہیں تیار کیا تھا خود کو قصوروار سمجھتا تھا۔ اس نے کوشش کی تو بہت کی لیکن وہ کسی طرح کر ہی نہیں سکا تھا۔ جس وقت مدرس اسے سمجھاتے ہوئے اس وقت وہ ان کی بات سن لیتا تھا اور جیسے سمجھ جاتا تھا لیکن جیسے ہی وہ اکیلا رہ جاتا وہ بالکل بھول جاتا کہ مدرس نے کیا سمجھایا تھا اور نہ سمجھ پاتا کہ اتنا پھیلا ہوا سادہ اور سمجھ میں آنے والا لفظ جیسے کہ "چاند" قواعد کے اعتبار سے "اسم حال یا حالت فاعل" ہے۔ پھر بھی اسے اس بات کا افسوس تھا کہ اس نے مدرس کو رنجیدہ کر دیا اور وہ انہیں منانا اور خوش کرنا چاہتا تھا۔

اس نے ایک ایسے منٹ کا انتخاب کیا جب مدرس چپ چاپ کتاب کو دیکھ رہے تھے۔ سرج ژا نے اچانک پوچھا "نکائیل ایوانووچ' آپ کے نام والے ولی کا دن کب ہوتا ہے؟"

"زیادہ اچھا یہ ہو گا کہ آپ اپنے کام کے بارے میں سوچیں' اور نام والے ولی کا دن سمجھدار آدمی کے لئے سبھی نہیں رکھتا۔ دوسرے دنوں کی طرح وہ بھی ایک دن ہوتا ہے جب کام کرنا چاہئے"۔

سرج ژا مدرس کو ان کی چھدری داڑھی اور بیٹھ لوجھ ناک پر چپکے ہوئے عینک کی طرف سے دیکھنے لگا اور اپنے خیالوں میں ایسا کھو گیا کہ اب وہ سن ہی نہیں رہا تھا مدرس کیا سمجھا رہے ہیں۔ وہ سمجھ رہا تھا کہ مدرس جو کچھ کہہ رہے ہیں وہ سوچ نہیں رہے ہیں۔ یہ اسے ان کے لہجے سے محسوس ہو رہا تھا جس میں وہ کہہ رہے تھے۔" لیکن کیوں ان سبھوں نے مل کر طے کر لیا ہے کہ سب کچھ ایک ہی انداز میں کہیں گے' ساری سب سے غیر دلچسپ اور غیر ضروری باتیں؟ یہ مجھے اپنے آپ سے دور کیوں ہٹاتے ہیں؟ کیوں مجھ سے پیار نہیں کرتے؟" اس نے افسردہ ہو کر اپنے آپ سے سوال کیا لیکن اس کا کوئی جواب وہ نہ سوچ سکا۔

27

مدرس کے بعد باپ کے ساتھ سبق ہوتا تھا۔ جب تک باپ نہیں آئے تب تک سرج ژا میز کے پاس بیٹھا تراش سے کھیلتا رہا اور سوچنے لگا۔ سرج ژا کی پسندیدہ ترین مصروفیتوں میں ایک یہ تھی کہ وہ سیر کے دوران ماں کو تلاش کرتا رہتا تھا۔ موت پر ویسے بھی اسے یقین نہیں تھا اور ماں کی موت پر تو خاص کر یقین نہیں تھا جو اس سب کے جو لیدیا ایوانووفنا نے اس سے کہا تھا اور باپ نے جس کی تائید کی تھی۔ اس لئے جب اس سے

یہ کہا گیا کہ وہ مر گئیں تو اس کے بعد سے بھی وہ انہیں سیر کے دوران میں تلاش کرتا رہا۔ گھوڑے جسم کی بدبودار اور سیاہ بالوں والی ہر عورت اس کو اپنی ماں لگتی اور ایسی عورت کو دیکھ کر اس کے دل میں پیار کا ایسا احساس امنڈتا کہ وہ ہانپنے لگتا اور اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آتے۔ اور وہ انتظار کرنے لگتا کہ ابھی وہ عورت اس کے پاس آئے گی اور اپنی نقاب اتھا دے گی۔ اس کا پیار اچھوا دکھائی دے گا، وہ مسکرائے گی اسے گلے لگائے گی، اس کی مہک کو سونگھے گا اس کے ہاتھوں کی نرمی اور شفقت کو محسوس کرے گا اور خوشی سے رونے لگے گا جیسے ایک بار شام کو وہ ان کے قدموں میں لیٹ گیا تھا اور انہوں نے اسے گدگدانا شروع کیا تھا اور وہ کھلکھلانے اور ان کے انگوٹھیوں والے سفید ہاتھ کو کاٹنے لگا تھا۔ پھر جب اس کو اچانک کھلائی سے معلوم ہوا کہ اس کی ماں مری نہیں تھیں اور لیدیا ایوانووناور باپ نے اسے سمجھایا کہ وہ اس کے لئے مر گئیں اس لئے کہ وہ بری تھیں (جس کا وہ بالکل یقین نہیں کر سکتا کیونکہ وہ تو ان سے محبت کرتا تھا) تب بھی وہ انہیں ویسے ہی تلاش کرتا رہا اور ان کا انتظار کرتا رہا۔ آج یتیم خانے میں ایک عورت نہیں، بچے پر کاسنی نقاب ڈالے ہوئے اور جب وہ باغ میں روش پر اس کی طرف آ رہی تھی تو وہ بالکل دم سادھے انہیں دیکھتا رہا اور امید کرتا رہا کہ یہ وہی ہوں۔ یہ عورت ان لوگوں تک نہیں آئیں اور کہیں گم ہو گئیں۔ آج سرج ژا بیشہ سے زیادہ ان کے لئے پیار امنڈتا ہوا محسوس کر رہا تھا اور اس وقت باپ کا انتظار کرتے ہوئے وہ اس قدر نا قابل ہو گیا کہ اس نے چمکتی ہوئی آنکھوں سے اپنے سامنے لگے ہوئے اوزاروں کے بارے میں سوچتے ہوئے قلم تراش سے میز کی پوری بٹ تراش ڈالی۔

"پاپا آ رہے ہیں" اوسیلی لوچکے نے اسے دھیان دلایا۔

سرج ژا اچھل پڑا، باپ کے پاس گیا، ان کے ہاتھ کو چوما اور ان کو غور سے دیکھا۔ وہ آثار تھے الکساندر ایوانووچ کے ملنے پر خوشی کے آثار تلاش کر رہا تھا۔ "تم نے اچھی طرح سیر کی؟" الکسی الکساندرووچ نے اپنی آرام کرسی پر بیٹھتے ہوئے عہد نامہ عتیق (Old Testament) کو اپنی طرف کھسکایا اور اسے کھولا۔ باوجود اس کے کہ الکسی الکساندرووچ نے کئی بار سرج ژا سے کہا تھا کہ ہر جمعرات کی تاریخ سے بہت اچھی طرح واقف ہونا چاہئے وہ خود الکساندر عہد نامہ عتیق کو دیکھ کر اپنی بات کو درست کرتے تھے اور سرج ژا نے اس بات کو دیکھ لیا تھا۔

"ہاں پاپا بہت ہی مزہ آیا" سرج ژا نے کرسی پر ایک پہلو سے ٹک کر بیٹھتے اور اسے جھلاتے ہوئے کہا جس کی ممانعت تھی۔ "میں باورنکا سے ملا تھا (باورنکا لیدیا ایوانووناکی بھتیجی تھی جو انہی کے ہاں پل رہی تھی)۔ اس نے مجھے بتایا کہ آپ کو نیا ستارہ انعام میں دیا گیا ہے۔ آپ خوش ہوئے پاپا؟"

"پہلی بات تو یہ کہ تم صوفی کرسی مت ہلاؤ" الکسی الکساندرووچ نے کہا۔ "اور دوسری بات یہ کہ قیمتی چیز انعام نہیں ہے بلکہ محنت ہے اور میں چاہتا ہوں تم اس بات کو سمجھو۔ اب اگر تم محنت کرو گے تو ہو سکتا ہے اس لئے کہ تمہیں انعام ملے تو محنت تمہیں بہت مشکل معلوم ہو گی۔ لیکن جب محنت سے محبت کرنے لگو گے" الکسی الکساندرووچ نے یہ یاد کرتے ہوئے کہا کہ آج ہی صبح کو کیسے انہوں نے فرض کے احساس کے تحت خود کو ایک سو ٹھارہ کاغذات پر دستخط کرنے کی بے کیف محنت میں منہمک رکھا تھا، "تو اسی میں تم کو اپنا انعام مل جائے گا۔"

سرج ژا کی خوشی اور شفقت سے چمکتی ہوئی آنکھیں ماند پڑ گئیں اور باپ کی نگاہ کے سامنے جھک گئیں۔ یہ وہی بہت دنوں کا جانا پہچانا بعد تھا جس میں اس کے باپ ہمیشہ اس سے باتیں کرتے تھے اور جس میں شریک ہونا سرج ژا بھی لیا تھا۔ سرج ژا یہ محسوس کرتا تھا کہ باپ ہمیشہ اس سے ایسے ہی بات کرتے تھے جیسے کسی اپنے تصور

کردہ لڑکے سے، اس طرح کے ایک لڑکے سے جو کبھی موجود نہیں تھا، جس طرح کے کتابوں میں ہوتے ہیں اور جو سرج ژا سے بالکل ملتے جلتے ہوئے نہیں ہوتے۔ اور باپ کے ساتھ سرج ژا ہمیشہ اسی کتابی لڑکے کی طرح بن جانے کی کوشش کرتا تھا۔

"مجھے امید ہے کہ تم سمجھتے ہو اس بات کو؟" باپ نے کہا۔

"ہاں پاپا" سرج ژا نے وہی تصور کردہ لڑکا بنتے ہوئے جواب دیا۔

یہ سبق یوں ہوتا تھا کہ انجیل کی چند آیتیں زبانی یاد کرنی ہوتی تھیں اور عہد نامہ عتیق کے ابتدائی حصے کا آموختہ سنانا ہوتا تھا۔ انجیل کی آیتیں سرج ژا کو بھی طرح یاد تھیں لیکن جب وہ انہیں سنانے لگتا تو اس کی نظر باپ کی پیشانی کی بڑی پر پڑتی جو کنپٹی کے پاس یک لخت مڑ جاتی تھی اور اس میں وہ ایسا گم ہو جاتا کہ اس نے ایک آیت کے آخری حصے کو ایک نقطہ پر چھوڑ کر دوسری آیت کے ابتدائی حصے کو شروع کر دیا جو اسی نقطہ سے شروع ہوتا تھا۔ الکسی الکساندرووچ کو یہ بات بالکل صاف لگی کہ وہ جو کچھ سنا رہا ہے اسے سمجھتا نہیں ہے اور اس پر وہ جھنجھلا گئے۔

انہوں نے تیوریاں چڑھائیں اور اس کی وضاحت کرنی شروع کی جو سرج ژا پہلے ہی بہت بار سن چکا تھا اور کبھی یاد نہ رکھ سکتا تھا اس لئے کہ بہت الجھی طرح سمجھتا تھا۔ کچھ اسی طرح جس طرح وہ سمجھتا تھا کہ "اچانک" "اسم حال" یا حالت فاعلی ہے۔ سرج ژا کسی ہوئی نظروں سے باپ کو دیکھ رہا تھا اور صرف ایک بات سوچ رہا تھا کہ باپ ہر کچھ تار رہے ہیں اسے دہرانے کے لئے اس سے لمبی مدت کے لئے کہتے تھے "یا نہیں۔" اور اس خیال سے سرج ژا نے محسوس کیا کہ اب کچھ بھی اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا لیکن باپ نے کچھ بھی دہرانے کو نہیں کہا اور عہد نامہ عتیق کا سبق شروع کر دیا۔ سرج ژا نے واقعات تو اچھی طرح بیان کر دیئے لیکن جب اس بارے میں سوالات کے جواب دینے کی نوبت آئی کہ فلاں فلاں واقعات سے کن چیزوں کی پیش بینی ہوئی تھی تو اسے کچھ بھی یاد نہیں تھا حالانکہ اسی سبق پر اسے پہلے بھی سزا مل چکی تھی۔ یہ مقام جہاں وہ کچھ بھی کہہ سکتا اور جس کے سلسلے میں وہ بھٹک رہا تھا اور اٹک رہا تھا اور میز کی بٹ کو چاقو سے تراش رہا تھا اور کرسی کو جھلا رہا تھا وہی تھا جہاں اسے طوفان نوح سے پہلے کے اجداد کے بارے میں بتانا تھا۔ ان میں سے وہ کسی کو بھی۔ جانتا تھا سوائے ادریس کے جو زندہ ہی آسمان پر اٹھا لئے گئے تھے۔ پہلے اسے نام یاد تھے لیکن اب وہ بالکل بھول گیا تھا۔ خاص طور سے اس لئے کہ پورے عہد نامہ عتیق میں ادریس اس کی محبوب ترین شخصیت تھے اور ادریس کے زندہ ہی آسمان پر اٹھا لئے جانے سے اس کے ذہن میں خیالات کی ایک پوری طویل رو اشت ہو گئی تھی جس کے سپرد خود کو اس نے اس وقت بھی کر دیا تھا جب اس کی آنکھیں باپ کی گھڑی کی ریکیپر اور اس کی واسکٹ کے ایک ادھ کھلے بٹن پر لگی ہوئی تھیں۔

موت پر جس کے بارے میں اسے اکثر بتایا جاتا تھا، سرج ژا کو بالکل یقین نہیں تھا۔ اسے اس بات پر یقین نہیں تھا کہ اس کے محبوب لوگ مر سکتے ہیں اور خاص طور سے اس پر کہ وہ خود مر سکتا ہے۔ اس کے لئے یہ بالکل ہی ناممکن اور ناقابل فہم بات تھی۔ لیکن لوگ اس سے کہتے تھے کہ سب مر جاتے ہیں۔ اس نے ان لوگوں سے بھی پوچھا جس کی بات کا اسے یقین تھا اور انہوں نے بھی اس کی تائید کی۔ کھلائی نے بھی یہی کہا اگرچہ ہاں ناخواستہ۔ مگر ادریس تو نہیں مرے، مطلب یہ کہ سب تو نہیں مرتے۔ سرج ژا سوچتا "اور اسی طرح حد کی نسلوں میں کوئی بھی شخص کیوں نہیں اس کا مستحق بن سکتا کہ اسے زندہ ہی آسمان پر اٹھا لیا جائے؟" "برے لوگ"

یعنی وہ جن سے سروڈا محبت نہیں کرتا تھا' وہ مر سکتے ہیں لیکن اچھے لوگ سب اور بس کی طرح ہو سکتے ہیں۔

"تو کون کون سے انبیاء تھے؟"

"اور بس اور نوش۔"

"لیکن یہ تو تم لکھ چکے ہو۔ یہ تو برا ہے' سروڈا' بہت برا ہے۔ تم اگر ان چیزوں کو جاننے کی کوشش نہیں کرو گے جو عیسائی کے لئے جاننی سب سے ضروری ہیں" باپ نے الجھتے ہوئے کہا "تو پھر تم دلچسپی کس چیز میں لو گے؟ میں تم سے ناراض ہوں اور یہ ترا کھا تھا تم سے ناراض ہیں (یہ مدرس اعلیٰ تھے)۔ مجھے تم کو سزا دینی پڑے گی۔"

باپ اور مدرس اعلیٰ دونوں سروڈا سے ناراض تھے اور درحقیقت وہ اپنے سبق اچھی طرح یاد نہیں کرتا تھا لیکن یہ کسی طرح نہیں کہا جا سکتا تھا کہ وہ نالائق لڑکا تھا۔ اس کے برعکس وہ ان لڑکوں سے کہیں زیادہ لائق تھا جنہیں مدرس اعلیٰ مثال بنا کر سروڈا کے سامنے پیش کرتے تھے۔ باپ کا نقطہ نظر یہ تھا کہ جو کچھ اسے پڑھایا جاتا تھا اس کو وہ پڑھنا اور یاد کرنا نہیں چاہتا تھا۔ اصل بات یہ تھی کہ اسے وہ پڑھ اور یاد کر ہی نہ سکتا تھا اس لئے نہیں کہ سکتا تھا کہ اس کے دل میں اس سے زیادہ دلآویز مطالبے تھے جتنے اس کے باپ اور مدرس اعلیٰ اس سے کرتے تھے۔ یہ مطالبات متضاد نوعیت کے تھے اور وہ اپنی تعلیم و تربیت کرنے والوں کے خلاف براہ راست جدوجہد کرتا تھا۔

وہ نو سال کا تھا' بچہ ہی تھا لیکن وہ اپنے دل کو جانتا تھا' وہ اسے عزیز تھا' وہ اس کی حفاظت کرتا تھا جیسے بچے آنکھ کی حفاظت کرتے ہیں' اور محبت کی کنجی کے بغیر وہ کسی کو بھی اپنے دل میں داخل نہ ہونے دیتا تھا۔ تعلیم و تربیت دینے والے اس کی شکایت کرتے تھے کہ وہ پڑھنا اور یاد کرنا نہیں چاہتا حالانکہ اس کامل علم کی تڑپ سے بھرا ہوا تھا۔ اور وہ سیکھنا اور علم حاصل کرتا تھا کیتھرائن سے' کھلاڑی سے' بانو نکا سے' واسیلی ٹوچکن سے لیکن تعلیم دینے والے استادوں سے نہیں۔ جس بالی کا انتظار باپ اور مدرس اعلیٰ کر رہے تھے کہ ان کی کوشش سے نکلے گا اور پس چکی کو چلائے گا وہ بہت پہلے بس چکا تھا اور دوسری جگہ کام کر رہا تھا۔

باپ نے سروڈا کو سزا دی اور اسے لیڈیا ایوانوونا کی بھتیجی مارینکا کے پاس نہیں جانے دیا۔ لیکن یہ سزا سروڈا کے لئے بڑی خوشی کا باعث بن گئی۔ واسیلی ٹوچکن خوش اور مہمان تھے۔ چنانچہ انہوں نے اسے دکھایا کہ پوپ چکی کیسے بنائی جا سکتی ہے۔ پوری شام اس کام میں اور یہ سوچتے رہنے میں گزر گئی کہ ایسی پون چکی کیسے بنائی جائے کہ اس پر چکر گھمری کھائی جا سکے۔۔ اس کے بگلہ کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنے آپ کو اس سے باندھ کے بگلہ کے ساتھ ساتھ چکر گھمری کھائی جائے۔ ساری شام سروڈا نے ماں کے بارے میں نہیں سوچا لیکن جب وہ بستر پر لیٹا تو اچانک اسے ماں کی یاد آئی اور اس نے اپنے لفظوں میں یہ دعا کی کہ کل اس کی سالگرہ کے دن اس کی ماں جہاں بھی ہیں وہاں سے نکل آئیں اور اس کے پاس آ جائیں۔

"واسیلی ٹوچکن' پتہ۔۔۔ آپ کو میں نے ایک اور دعا' ساری دعاؤں سے الگ' کس لئے کی ہے؟"

"کہ تم زیادہ اچھی طرح پڑھو اور یاد کرو۔"

"نہیں۔"

"کھلونے کے لئے؟"

"نہیں۔ آپ نہیں بوجھ پائیں گے۔ بہت اچھی چیز کے لئے شکرانے کی بات ہے۔ جب پوری ہو جائے گی تو آپ کو بتا دوں گا۔ نہیں بوجھا آپ نے؟"

"نہیں نہیں نہیں بوجھا۔ آپ ہی بتائیے" واسیلی ٹوچکن نے مسکراتے ہوئے کہا جو ان کے ساتھ دراکم ہی ہوتا تھا۔ "اچھا اب آپ عبادتی کرکے لیٹ جائیے۔ میں شمع بجھا رہا ہوں۔"

"اور مجھے شمع کے بغیر وہ چیز زیادہ اچھی طرح دکھائی دیتی ہے جو میں دیکھ رہا ہوں اور جس کے لئے میں نے دعا کی ہے۔" راز کی بات تو بس منہ سے نکلتے نکلتے رہ گئی "سروڈا نے خوش ہو کر ہنستے ہوئے کہا۔

جب شمع وہاں سے ہٹ گئی تو سروڈا کو اپنی ماں کی موجودگی کا احساس ہونے لگا اور ان کی آواز سنائی دینے لگی۔ وہ اس کے اوپر جھکی کھڑی تھیں اور محبت بھری نظروں سے اسے پیار کر رہی تھیں۔ لیکن پھر یہ پرچھائیاں نظر آنے لگیں اور غم و آلام اور سب کچھ ختم ہو گیا اور وہ سو گیا۔

۲

پیڑیں برگ آکر و دوشکی اور آنا سب سے اچھے ہوٹلوں میں سے ایک میں ٹھہرے۔ دوشکی الگ پہلے کی منزل پر اور آنا اوپر کی' اور اپنی خادمہ کے ساتھ ایک بڑے سوئیٹ میں جو چار کمروں پر مشتمل تھا جس دن وہ لوگ پہنچے اسی دن دوشکی اپنے بھائی کے ہاں گیا۔ وہاں اسے ماں مل گئیں جو کچھ کاموں سے ماسکو سے آئی ہوئی تھیں۔ ماں اور بھائی اس سے معمول کے مطابق ملیں۔ انہوں نے اس سے پرانیں کے سفر کے بارے میں سوالات کئے' انہیں کے جاں پہچاں کے لوگوں کی باتیں کیں لیکن آنا کے ساتھ اس کے تعلق کے بارے میں ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ بھائی دوسرے دن صبح کو جب دوشکی کے پاس آئے تو انہوں نے آنا کے بارے میں پوچھا اور انکیسی دوشکی نے ان سے صاف کہہ دیا کہ وہ کار۔خینا کے ساتھ اپنے رشتے کو بیاہ کی طرح دیکھتا ہے کہ اسے امید ہے کہ طلاق کا معاملہ طے ہو جائے گا اور تب وہ ان سے شادی کرے گا لیکن تب تک وہ انہیں اسی طرح اپنی بیوی سمجھتا ہے جیسے کسی اور بیوی کو سمجھتا اور ان سے درخواست کرتا ہے کہ وہ ماں سے اور اپنی بیوی سے بھی یہی کہہ دیں۔

"اگر معاشرہ اس کو فوں نہیں کرتا تو میرے لئے کوئی فرق نہیں پڑتا" دوشکی نے کہا "لیکن اگر میرے قریبی رشتہ دار میرے ساتھ رشتہ داری کے تعلقات رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں میری بیوی کے ساتھ بھی ایسے ہی تعلقات رکھنے ہوں گے۔"

بڑے بھائی ہمیشہ چھوٹے کی رایوں اور فیصلوں کا احترام کرتے تھے لیکن جب تک معاشرہ اس سوال کا فیصلہ نہ کر دے تب تک وہ نہیں جانتے تھے کہ اس معاملے میں ان کا چھوٹا بھائی صحیح ہے یا نہیں۔ خود اپنی طرف سے انہیں اس پر کوئی اعتراض نہیں تھا اور وہ انکیسی کے ساتھ آنا سے ملنے بھی لگے۔

دوشکی نے بھائی کی موجودگی میں جیسا کہ وہ دوسرے سبھی لوگوں کی موجودگی میں کرتا تھا' آنا کو "آپ" کہہ کر مخاطب کیا اور ان سے قریبی شناسا کی طرح بات کی لیکن یہ سمجھ لیا گیا تھا کہ بھائی کو ان کے رشتے کے بارے میں معلوم ہے۔ اس کی بات بھی ہوئی کہ آنا اب دوشکی کے بھتیجے پر عاشق ہیں۔

اپنے سارے معاشرتی تجربہ کے باوجود دوشکی اس نئی صورت حال کے نتیجے میں جس میں وہ تھا ایک عجیب غلط فہمی میں مبتلا تھا۔ لگتا تو یہ تھا کہ اسے یہ بات سمجھنی چاہئے تھی کہ اس کے اور آنا کے لئے معاشرے کے دروازے بند ہو چکے۔ لیکن اب پتہ نہیں کیوں اس کے ذہن میں یہ خیال پیدا ہوا کہ ایسا تو صرف پرانے زمانے

میں ہو تا تھا اور اب تیز رفتار ترقی کے زمانے میں (اسے خود بھی احساس نہیں تھا لیکن اب وہ ہر ترقی کا حامی بن گیا تھا) معاشرے کا رد یہ تبدیل کیا ہے اور ابھی یہ سوال طے نہیں ہوا کہ انہیں معاشرے میں قبول کیا جائے گا یا نہیں۔ اس نے سوچا "ظاہر ہے کہ روسی معاشرہ تو ان سے کہیں طے پائے گا لیکن قریبی لوگ تو اسے ویسے ہی سمجھ سکتے ہیں اور کھیسی کے جیسے کہ چاہئے۔"

آدمی کو اگر یہ معلوم ہو کہ اس کے لئے اپنے چاہنے کا انداز بدلنے میں کوئی چیز مانع نہیں ہے تو وہ مسلسل کئی گھنٹے دروازہ بند کئے بیٹھا رہ سکتا ہے لیکن اگر وہ یہ جانتا ہو کہ اسی طرح دروازہ بند کئے رہنا اس کے لئے لازمی ہے تو رگیں کھنچنے لگتی ہیں' اولاجی ہو جاتا ہے' پاؤں اس جگہ سے پھڑکنے اور تھرکنے لگتے ہیں جہاں سے وہ چاہتا ہے کہ چل سکیں۔ دروشکی کو معاشرے کے سلسلے میں بھی یہی تجربہ ہوا اگرچہ وہ اپنے دل کی گہرائی میں جانتا تھا کہ معاشرے کے دروازے ان لوگوں کے لئے بند ہیں پھر بھی اس نے آزما کر دیکھا کہ کیا معاشرہ ابھی بدلا نہیں' کیا ان لوگوں کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ بہت جلد ہی اس نے دیکھ لیا کہ اس کے لئے ذاتی طور پر تو معاشرہ کھلا ہوا تھا لیکن آنا کے لئے بند تھا جیسے بلی اور چوہے کے کھیل میں ہوتا ہے ہوا تھا اس کے سر پر لٹکتے وہ آنا کے لئے فوراً ہی گر کر راستہ روک دیتے۔

پیٹرس برگ کے معاشرے کی جن خواتین سے سب سے پہلے دروشکی ملا ان میں اس کی رشتے کی سن بیٹی تھیں۔

"آخر آپ کی شکل تو دکھائی دی!" انہوں نے خوش ہو کر اس کا خیر مقدم کیا۔ "اور آنا؟ مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ ماں بھر سے ہیں آپ لوگ؟ میں تصور کر سکتی ہوں کہ آپ کی اتنی دلکش سیاحت کے بعد ہمارا پیٹرس برگ کتنا برا لگ رہا ہو گا۔ میں روم میں آپ لوگوں کے ماہ عسل کے بارے میں تصور کر سکتی ہوں۔ طلاق کا کیا ہوا؟ سب کچھ طے تمام ہو گیا؟"

دروشکی نے دیکھا کہ جب بیٹسی کو معلوم ہوا کہ طلاق ابھی تک نہیں ہوئی تو ان کا جوش و خروش کم ہو گیا۔

"مجھے یہ لوگ چٹم پھیلیں گے' میں جانتی ہوں" انہوں نے کہا "لیکن میں آنا کے پاس آؤں گی۔ ہاں میں ضرور آؤں گی۔ آپ کیا یہ دونوں یہاں نہیں رہیں گے؟"

دروشکی وہ اسی دن آنا کے پاس آئی لیکن ان کا لہجہ پہلے جیسا ہر گز نہ تھا۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ انہیں اپنی جسارت پر بڑا فخر تھا اور وہ چاہتی تھیں کہ آنا ان کی دوستی کے قابل اعتبار ہونے کی قدر کریں۔ وہ دس منٹ سے زیادہ نہیں ٹھہریں' معاشرے کی خبروں کے بارے میں باتیں کرتی رہیں اور پھر جاتے وقت بولیں:

"آپ نے مجھے بتایا نہیں کہ طلاق کب ہو گی۔ خیر چلئے میں نے تو اپنی ٹوپی پہلی میں پھینک دی اور کوئی پروا نہیں کہ کوئی کیا کہے گا لیکن دوسری آں ہاں والے لوگ تو جب تک آپ کی شادی نہ ہو جائے گی تب تک آپ سے سرد مہری برتیں گے' اور اب تو یہ آنا آسان ہے' سات سے (26) تو آپ لوگ جمعہ کو جا رہے ہیں؟ افسوس ہے کہ اب پھر ہم نہ مل سکیں گے۔"

بیٹسی کے لہجے سے دروشکی سمجھ سکتا تھا کہ اسے معاشرے سے کس چیز کی توقع کرنی چاہئے لیکن اس نے اپنے خاندان میں ایک اور کوشش کی۔ اسے اپنی ماں سے کوئی امید نہ تھی۔ وہ جانتا تھا کہ ماں جب پہلی مرتبہ آنا سے ملی تھیں تب تو ان کی اتنی تعریفیں کر رہی تھیں لیکن اب وہ ان کے ساتھ کسی طرح کی دوستانہ تعلقات نہ کر سکتی تھیں اس لئے کہ وہی ان کے بیٹے کی ملازمتی زندگی کو تباہ کرنے کا سبب تھیں۔ البتہ اسے اپنی بھاوج داریا سے بڑی امید تھی۔ اسے لگتا تھا کہ وہ ان پر چھرنہ پھینکیں گی بلکہ اپنے مخصوص سادہ اور فیصلہ کن طریقے سے آنا کے پاس آئیں گی اور انہیں اپنے ہاں بھی بلائیں گی۔

اپنے آنے کے دوسرے ہی دن دروشکی بھاوج کے پاس گیا اور انہیں اکیلا پا کر اس نے اپنی خواہش کا براہ راست اظہار کر دیا۔

اس کی بات سن کر وہ بولیں "تم جانتے ہو' کھیسی کہ میں تم سے کتنا پیار کرتی ہوں اور کیسے میں تمہارے لئے سب کچھ کر سکتی ہوں لیکن میں چپ رہی اس لئے کہ میں جانتی تھی کہ میں تمہارے اور آنا کارینینا کے لئے کسی طرح مفید نہیں ہو سکتی" انہوں نے "آنا کارینینا" خاص طور پر زور دے کر کہا۔ "تم صفائی کر کے یہ نہ سوچو کہ میں کسی طرح انہیں برا سمجھ رہی ہوں۔ ہرگز نہیں' ہو سکتا ہے ان کی جگہ پر میں بھی یہی کرتی۔ میں تفصیلات میں نہیں جاتی اور جاننی بھی نہیں چاہتی" انہوں نے جھینپ کر اس کے اداس چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "لیکن چیزوں کو ان کے اصل نام سے تو پکارنا ہی چاہئے۔ تم چاہتے ہو کہ میں ان کے پاس آؤں' انہیں اپنے ہاں بلاؤں اور اس طرح معاشرے میں ان کی جو حیثیت تھی اسے بحال کر دوں۔ لیکن تم سمجھو کہ میں یہ نہیں کر سکتی۔ میری بیٹیاں سیانی ہو رہی ہیں اور پھر اپنے شوہر کی خاطر معاشرے میں آنا جانا بھی میرے لئے ضروری ہے۔ اچھا میں آنا کارینینا کے پاس آؤں گی' وہ سمجھ جائیں گی کہ میں انہیں اپنے ہاں نہیں بلا سکتی' پھر یہ بھی اس طرح کرنا پڑے گا کہ ان کا ساتھ ان لوگوں سے ہو جو دوسری طرح سے دیکھتے ہیں۔ اس سے انہیں کوفت ہو گی۔ میں انہیں اور نہیں الجھا سکتی۔"

"مگر میں یہ نہیں سمجھتا کہ وہاں بیکلوں عورتوں سے زیادہ گرفتی ہیں جن سے آپ ملتی جلتی ہیں" اور بھی اداس ہو کر دروشکی نے ان کی بات کاٹ دی اور یہ سمجھ کر بیٹھ گئے اور کمرے سے نکل گیا کہ بھاوج کا فیصلہ اٹل ہے

"کھیسی! مجھ سے خفا نہ ہونا' مہربانی کر کے تم سمجھو کہ یہ میرا قصور نہیں ہے" داریا نے بھیگی ہوئی مسکراہٹ کے ساتھ اس کی طرف دیکھ کر کہا۔

"میں تم سے خفا نہیں ہوں" اس نے اسی ادا سے جواب دیا "لیکن دوہرا دکھ ہے۔ مجھے اس بات کا بھی دکھ ہے کہ اس سے ہماری دوستی ختم ہو گئی۔ ہاں دوستی ختم نہیں بھی ہوئی تو کمزور تو ہو ہی گئی۔ تم یہ تو سمجھتی ہو کہ میرے لئے اس کے علاوہ کچھ اور ہو ہی نہیں سکتا۔"

اور یہ کہہ کر وہ ان کے ہاں سے چلا آیا۔

دروشکی سمجھ گیا کہ اب اور کوششیں بے سود ہیں اور یہ کہ یہ چند دن پیٹرس برگ میں اس طرح رہنا چاہئے جیسے یہ کوئی انجان شہر ہو۔ سابق معاشرے میں ہر طرح کے رابطے سے احتراز کرنا چاہئے تاکہ ناخوشگواری اور توہین سے سابقہ نہ پڑے جس سے اسے اس قدر اذیت ہوتی تھی۔ پیٹرس برگ میں ہونے کی ایک خاص ناگواری یہ بھی تھی کہ لگتا تھا' کھیسی الکساندروچ اور اس کا نام ہر جگہ موجود ہیں۔ یہ ناممکن تھا کہ کسی بھی چیز کے بارے میں بات شروع کی جائے اور بات گھوم پھر کر کھیسی الکساندروچ تک نہ پہنچ جائے' ناممکن تھا کہ وہ کہیں جائے اور ان سے سامنا نہ ہو۔ کم سے کم دروشکی کو تو یہی لگتا تھا جیسے اس شخص کو جس کی انگلی میں درد ہو یہ لگتا ہے کہ وہ گویا جان بوجھ کر اسی درد کرتی انگلی کو ہر چیز سے ٹکراتا ہے۔

پیٹرس برگ کا قیام دروشکی کو اس لئے اور بھی تکلیف دہ لگتا تھا کہ اس ساری مدت میں اس نے آنا میں

کچھ تھی اور ایک ناقابل فہم مزاحی کیفیت۔ کبھی کبھی تو وہ ایسی ہو جاتیں جیسے اس کی محبت میں مبتلا ہیں لیکن کبھی سرد مہر اور ایسی ہو جاتیں کہ ان کے دل کا حال جاننا ممکن ہی نہ ہوتا۔ انہیں کسی چیز سے اذیت ہو رہی تھی اور کچھ وہ اس سے چھپا رہی تھیں اور گویا ان توہموں کی طرف دھیان ہی نہ دیتی تھیں جنہوں نے اس کی زندگی کو زہر آلود کر رکھا تھا اور جو ان کی سمجھ میں ملامت کی وجہ سے ان کے لئے اور بھی زیادہ اذیت ناک ہو رہی ہوں گی۔

29

آنا کے لئے روم آنے کا ایک مقصد تھا اپنے بیٹے سے ملنا۔ جس دن وہ وہاں سے روانہ ہوئی تھیں اسی دن سے اس ملاقات کے خیال سے وہ سارے وقت ہیجان میں رہتی تھیں۔ اور جیسے جیسے پیٹرس برگ کے قریب پہنچتی جا رہی تھیں ویسے ویسے اس ملاقات کی خوشی اور اہمیت ان کے تصور میں بڑھتی ہی جا رہی تھی۔ انہوں نے اپنے آپ سے یہ سوال بھی نہیں کیا کہ اس ملاقات کا نتیجہ کیا ہوگا۔ انہیں اپنے بیٹے سے ملنا جب وہ اسی شہر میں ہوں جہاں وہ ہے، بالکل قدرتی اور سادہ بات لگتی تھی۔ لیکن پیٹرس برگ پہنچ کر اچانک معاشرے میں اپنی موجودہ حیثیت کا صاف صاف اندازہ ہو گیا اور وہ سمجھ گئیں کہ ملاقات کا بندوبست کرنا مشکل ہوگا۔

دن سے وہ پیٹرس برگ میں تھیں اور بیٹے کا خیال ایک لمحہ کے لئے بھی ان کے ذہن سے نہ نکلا تھا لیکن ابھی تک انہوں نے بیٹے کو دیکھا نہ تھا۔ سیدھے گھر جانے کا، جہاں ان کی ملاقات الیکسی الکساندرووچ سے ہو سکتی تھی، وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھیں کہ انہیں حق نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے انہیں اندر نہ جانے دیا جائے اور ان کی توہین کی جائے۔ لکھنے اور اس طرح شوہر سے رابطہ قائم کرنے کے بارے میں سوچ ہی کر انہیں اذیت ہوتی تھی۔ وہ کبھی تک یہیں سے رہ سکتی تھیں جب تک شوہر کے بارے میں سوچیں ہی نہیں۔ یہ معلوم کرنا کہ بیٹا سیر کے لئے کب جاتا ہے اور اس وقت اس کو اکیلا پانا ان کے لئے بہت کم تھا۔ انہوں نے اس ملاقات کے لئے اتنی تیاری کی تھی، اس کے لئے اتنا ضروری تھا کہ اس سے بات کریں، ہاں انا کا جی چاہتا تھا کہ اسے گلے لگا کر اسے پیار کریں۔ سروژا کی بوڑھی کھلاڑی ان کی مدد کر سکتی تھی اور انہیں مشورہ دے سکتی تھی لیکن کھلاڑی اب الیکسی الکساندرووچ کے گھر میں رہتی تھی۔ اسی پس و پیش میں اور کھلاڑی کو تلاش کرنے کی کوشش میں دو دن گزر گئے۔

آنا کو جب معلوم ہوا کہ الیکسی الکساندرووچ اور کاؤنٹس لیدیا ایوانووناکے درمیان قریبی تعلقات ہیں تو انہوں نے تیسرے دن لیدیا ایوانوونا کو خط لکھنے کا فیصلہ کیا جو ان کے لئے بہت ہی مشکل اور دقت طلب تھا اس خط میں انہوں نے سوچ سمجھ کر یہ لکھا کہ بیٹے سے ملنے کی اجازت کا دارومدار شوہر کی رضامندی پر ہوگا۔ وہ جانتی تھیں کہ اگر لیدیا ایوانووناسے ان کے شوہر کو خط دلوایا تو وہ اپنی حمایتی کے رول کو جاری رکھتے ہوئے انکار نہیں کریں گے۔

جو کارپردار خط لے کر گیا تھا اس نے آنا کو بہت ہی بے رحمی کا جواب پہنچایا جس کی انہیں ہرگز توقع نہ تھی کہ کوئی جواب نہیں دیا ہے۔ انہوں نے خود کو کبھی اتنا خوار نہیں محسوس کیا جتنا اس وقت کیا جب کارپردار کو بلا کر انہوں نے اس سے مفصل حال سنا کہ کیسے وہ جواب کا انتظار کرتا رہا اور کیسے بعد کو اس سے کہہ دیا گیا کہ "کوئی جواب نہیں دینا ہے"۔ آنا نے اپنی خواری اور توہین کو محسوس کیا لیکن انہوں نے دیکھا کہ کاؤنٹس لیدیا ایوانووناسے اپنے لفظ نظر سے ٹھیک ہی لیا تھا۔ ان کا غم اس وجہ سے اور بھی شدید تھا کہ وہ ان کا اکیلے کا غم تھا۔

اس میں وہ ورونسکی کو شریک نہ کر سکتی تھیں اور کرنا چاہتی بھی نہ تھیں۔ وہ جانتی تھیں کہ اس کے باوجود کہ وہی ان کے دکھ کا خاص سبب تھا، اس کے لئے بیٹے سے ملاقات کا سوال سب سے بڑا اہم بات ہوگا۔ وہ جانتی تھیں کہ ان کی تکلیف اور رنج کی ساری گہرائی کو سمجھنا اس کے لئے ممکن ہی نہ ہوگا وہ جانتی تھیں کہ اس بات کے ادراک پر اس کا لہجہ سرد مہری کا ہوگا اور اس سے انہیں نفرت ہو جائے گی۔ اور وہ اس چیز سے دنیا میں سب سے زیادہ ڈرتی تھیں چنانچہ اس سے وہ ساری باتیں چھپاتی تھیں جن کا تعلق بیٹے سے تھا۔

سارے دن اپنے ہوٹل کے سوئیٹ میں بیٹھے بیٹھے وہ بیٹے سے ملنے کے ذریعوں پر غور کرتی رہیں اور انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ خود شوہری کو لکھیں گی۔ وہ یہ خط تیار بھی کر رہی تھیں کہ انہیں لیدیا ایوانووناکا خط مل گیا۔ کاؤنٹس کی خاموشی پر انہوں نے صبر کر لیا تھا اور اس سے انہیں اطاعت آئی لیکن اس خط پر اور ان ساری چیزوں پر جو انہوں نے ان سطور میں پڑھا، انہیں غصہ آیا اور اپنے بیٹے کے لئے اپنی پرجوش اور جائز و قانونی شفقت و محبت کے سوا رے میں یہ کہنا کہ وہ ان سے ناواقف ہے، کہ وہ ان پر غصہ کرنے لگیں اور خود کو قصوروار ٹھہرانا انہوں نے بند کر دیا۔

"یہ سودھری — جذبات و احساسات کا قحط ہے!" انہوں نے اپنے آپ سے کہا۔ "یہ لوگ صرف میری توہین کرنا اور مجھ کو اذیت دینا چاہتے ہیں۔ اور میں انہیں ایسا کرنے دوں؟ کسی صورت سے بھی نہیں! وہ تو کچھ سے بھی بدتر ہیں۔ کم سے کم میں جھوٹ تو نہیں بولتی۔ اور اسی وقت انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ کل 'سروژا کی سالگرہ ہی کے دن' وہ سیدھے شوہر کے گھر جائیں گی 'نوکروں کو رشوت دیں گی' دھوکا دیں گی' چاہے کچھ بھی کرنا پڑے وہ بیٹے سے ملیں گی اور ہر تیزی کے اس فریب کو ختم کر دیں گی جس سے ان لوگوں نے بچے کو گھیر رکھا ہے۔

وہ کھلونوں کی دکان میں گئیں، انہوں نے کھلونے خریدے اور اپنے عمل کا منصوبہ سوچ لیا۔ وہ کل صبح سویرے آٹھ بجے جائیں گی جب الیکسی الکساندرووچ ناشتہ کر رہے ہوں گے۔ وہ ہاتھ میں رقم رکھیں گی ہر چوبدار اور ملازم کو دیں گی تاکہ وہ اسے اندر جانے دیں اور جاگ اٹھنے والے بچے کیسی گی کہ وہ سروژا کے دینی باپ کے ہاں سے اسے مبارک باد کہنے آئی ہیں اور انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ یہ کھلونے ان کے بستر رکھ دیں۔ بس انہوں نے وہ الفاظ نہیں تیار کئے جو وہ اپنے بیٹے سے کہیں گی۔ اس کے بارے میں انہوں نے بہت سوچا لیکن کچھ طے نہ کر سکیں۔

اگلے دن آٹھ بجے صبح آنا اکیلی گرانے کی بگھی میں سے اتریں اور انہوں نے اپنے سابق گھر کے صدر دروازے پر گھنٹی بجائی۔

"جاؤ دیکھو کیا چاہتے۔ کوئی صاحب ہیں" کپتان نے جس نے ابھی تک وردی نہیں پہنی تھی اور صرف اوور کوٹ اور پاپوش پہنے تھا، کھڑکی سے ان طاقتور پوش حاتوں کو دیکھ کر کہا جو ٹھیک دروازے پر کھڑی تھیں۔

چوبدار کا اسسٹنٹ ایک نوجوان سارجنٹ تھا جسے آنا نہیں جانتی تھیں۔ اس نے دروازہ کھولا ہی تھا کہ وہ اندر آ گئیں اور اپنے سنہ میں سے تین روبل کا نوٹ نکال کر جلدی سے اس کے ہاتھ میں تھما دیا۔

"سروژا۔ سرگی!" کیسینوچ" انہوں نے کہا اور آگے چل پڑیں۔ نوٹ کا جائزہ لے کر چوبدار کے اسسٹنٹ نے اگلے شیشے والے دروازے پر انہیں روک لیا۔

"آپ کو کس سے ملنا ہے؟" اس نے پوچھا۔

آنا نے اس کی بات نہیں سنی اور کوئی جواب نہیں دیا۔

اسجاں خاتون کی گزبداہٹ کو دیکھ کر خود کیپٹن چ ان کے پاس آیا' انہیں دروازے سے اندر آجانے دیا اور پوچھا کہ وہ کیا چاہتی ہیں۔

"میں پرنس اسکوراوسوف کے ہاں سے سرگی ا کیسیونچ کے پاس آئی ہوں" انہوں نے کہا۔

"وہ ابھی واپس نہیں ہیں" چوبدار انہیں غور سے دیکھتے ہوئے بولا۔

آنا کو بالکل یہ توقع نہیں تھی کہ اس کے کمرے کے پیش دالان کی بالکل ہی نہ بدلی ہوئی حالت' جہاں وہ تو سال رہی تھیں' انہیں اس طرح متاثر کرے گی۔ ان کے دل میں ایک کے بعد ایک خوشیوں اور اذیتوں کی یادیں ابھریں اور ایک لمحے کے لئے تو وہ بھول ہی گئیں کہ یہاں آئی کس لئے ہیں۔

"آپ انتظار کریں گی؟" کیپٹن چ نے ان کا فرکوٹ اتارتے ہوئے کہا۔

فرکوٹ اتار کر کیپٹن چ نے ان کی صورت پر نظر ڈالی' انہیں پہچان لیا اور چپ چاپ سر جھکا کر انہیں تعظیم کی۔

اور ان سے کہا "اندر تشریف لے چلئے' عالیہ مرتبت۔"

آنا نے کچھ کہنا چاہا لیکن ان کے منہ سے آواز ہی نہیں نکلی۔ تصور و افکار میں محو بھری نظروں سے انہوں نے بڑھئے کو دیکھا اور تیز تیز سک قدموں سے سیڑھیوں پر چڑھ گئیں۔ آگے کو جھک کر دوہرے ہوتے اور اپنے پاپوشوں کی وجہ سے رپٹتے پھسلتے کیپٹن چ ان کے پاس پہنچنے کی کوشش کرتے ہوئے ان کے پیچھے لپکا

"وہاں کچھ نہیں" شاید انہوں نے کپڑے بدلے ہوں' میں اطلاع کر دوں۔"

آنا کی سمجھ میں نہیں آیا کہ بوڑھا کیا کہہ رہا ہے۔ وہ سیڑھیوں پر چڑھتی چلی گئیں۔

"ادھر' بائیں طرف کو آپئے۔ معاف کیجئے گا کہ صفائی نہیں ہے۔ اب وہ پہلے والے کمرے ہی میں رہتے ہیں" چوبدار ہانپتے ہوئے کہا۔ "آپ ذرا سا انتظار کیجئے عالیہ مرتبت' میں کھٹکھٹا کر دیکھ لوں" اس نے ان سے آگے نکلتے ہوئے کہا "اونچے دروازے کو ذرا سا کھولا اور کمرے کے اندر چلا گیا۔ آنا انتظار میں رک گئیں۔

"وہ ابھی ابھی جاگے ہیں" چوبدار نے دروازے سے باہر آتے ہوئے کہا۔

اور جیسے ہی چوبدار نے یہ کہا' ویسے ہی آنا نے کسی بچے کی سی بھاگی لپکنے کی آواز سنی۔ اس بھاگی کی آواز ہی سے انہوں نے اپنے بیٹے کو پہچان لیا اور اس کی جیتی جاگتی شبیہ ان کی نظروں میں پھر گئی۔

"مجھے جانے دو جانے دو' تم جاؤ" انہوں نے کہا اور اونچے دروازے کے اندر چلی گئیں۔ دروازے سے سامنے کی طرف پلنگ تھا اور پلنگ پر لڑکا خاموش تھا صرف قمیص پہنے ہوئے جس کے بٹن کھلے تھے اور وہ جسم کو آگے کھسکائے ہوئے انگڑائی لے رہا تھا اور جمائی لینا ختم کر رہا تھا۔ جیسے ہی اس کے ہونٹ ملے ویسے ہی چند ثانیوں میں ڈوبی ہوئی بے انتہا خوشی کی مسکراہٹ چہرے پر پھیلی اور اس مسکراہٹ سمیت ہی وہ دھیرے دھیرے بڑے مزے سے پھر لیٹ گیا۔

"سرج ژا!" انہوں نے چپکے سے کہا اور دبے پاؤں اس کے پاس آگئیں۔

اس سے جدا رہنے کے دنوں میں اور اس اسذتی ہوئی محبت میں جو ان سارے پچھلے دنوں میں اس کے لئے محسوس کی تھی" انہوں نے اسے چار سال کا بچہ تصور کیا تھا جب وہ اس سے سب سے زیادہ پیار کرتی تھیں اب تو وہ ایسا بھی نہیں تھا جیسا انہوں نے اسے چھوڑا تھا۔ وہ اس چار سالہ بچے سے اور آگے نکل گیا تھا' زیادہ لمبا اور دبلا ہو گیا تھا۔ یہ کیا' اس کا چہرہ کتنا بدلا ہے' اور یہاں کتنے چھوٹے چھوٹے ہاتھ کتنے لمبے لمبے وہ تب سے کتنا

بدل گیا ہے جب انہوں نے اسے چھوڑا تھا! لیکن یہ وہی تھا' اس کا سر' اس کے ہونٹ' اس کی نرم گردن اور چوڑے کندھے بالکل اسی کے تھے۔

"سرج ژا!" انہوں نے بچے کے بالکل کان کے اوپر دہرایا۔

وہ پھر کہنی کے بل اٹھا' اس نے اپنا الجھا الجھا سر ادھر ادھر کیا جیسے کچھ ڈھونڈ رہا ہو اور آنکھیں کھول دیں' چپ چاپ سوالیہ نظروں سے وہ چند سیکنڈ تک اپنے سامنے ساکت کھڑی ہوئی ماں کو دیکھتا رہا' پھر اچانک بے انتہا خوشی کے ساتھ مسکرایا اور خیر بھری آنکھوں کو بند کر کے دوبارہ لڑھک گیا لیکن پیچھے کو نہیں بلکہ ان ہی کی طرف' ان کے ہاتھوں کی طرف۔

"سرج ژا! بچہ میرا پیارا!" انہوں نے ابھر کر سانس لیتے ہوئے اور اس کے گدبدے جسم کو ہاتھوں سے ٹٹولتے ہوئے کہا۔

"ماما!" اس نے ان کے ہاتھوں میں کسمساتے ہوئے کہا تاکہ اپنے جسم کے مختلف حصوں سے ان کے ہاتھوں کو چھو سکے۔

آنکھیں بند کئے کئے' نیند کی سی حالت میں مسکراتے ہوئے وہ پلنگ کی پائینتی سے باہر ہاتھ نکال کر ان کے کندھوں سے پکڑ کر ان سے لپٹ گیا اور ان کے نتھنوں کو اس نے اس عجیب سی ذائقہ دار خوشبو سے بھر دیا جو صرف بچوں میں ہوتی ہے اور ان کی گردن اور کندھوں سے اپنا منہ رگڑنے لگا۔

"میں جانتا تھا" اس نے آنکھیں کھولتے ہوئے کہا۔ "آج میری سالگرہ ہے۔ میں جانتا تھا کہ آپ آئیں گی میں ابھی التھا ہوں۔"

اور یہ کہہ کر وہ پھر اونگھ گیا۔

آنا پوری ٹکٹکی کے ساتھ اسے دیکھ رہی تھیں' انہوں نے دیکھا کہ اس کی غیر موجودگی میں وہ کتنا بڑا ہو گیا ہے اور یوں کہا ہے' انہوں نے اس کی کمیل سے باہر نکلی ہوئی ٹانگوں کو' جو اب اتنی بڑی ہو گئی تھیں' پہچانا بھی اور نہیں بھی پہچانا' ان دبلے ہو جانے والے گالوں کو' گدگدی پر کی ان پھوٹی نکلی ہوئی بالوں کی گھونگھریالی لٹوں کو پہچانا جن میں اسے انگلیاں پھیرا کرتی تھیں' انہوں نے ان سب کو سہلایا اور وہاں سے کچھ نہ کہہ سکیں آنسوؤں سے ان کا گلا رندھ گیا تھا۔

"ماما' آپ رو کیوں رہی ہیں؟" اس نے پوری طرح جاگتے ہوئے کہا "ماما' آپ رو کیوں رہی ہیں؟" اس نے روہانسی آواز میں چیخ کر کہا۔

"میں؟ میں روؤں گی... میں خوشی کے مارے رو رہی ہوں" میں نے آنسوؤں سے تمہیں نہیں بلکہ تھا۔ میں نہیں روؤں گی' میں روؤں گی" انہوں نے آنسوؤں کو گھونٹتے ہوئے اور منہ دوسری طرف پھیرتے ہوئے کہا۔ "اچھا تو اب تمہیں کپڑے بدلنے چاہئیں" اپنے آپ کو سنبھال کر انہوں نے کہا اور چپ ہو کر اس کے ہاتھ چھوڑ دیئے جنہیں پلنگ کے پاس ہی کرسی پر بیٹھ کر انہیں کپڑے تبدیل کرتے دیکھنے لگیں۔

"تم کپڑے میرے بغیر کیسے بدلتے ہو؟ کیسے..." انہوں نے بہت خوش خوش اس طرح پوچھنا چاہا جیسے معمولی سی بات ہو لیکن گفتگو نہ نکلیں اور انہوں نے پھر منہ پھیر لیا

"اب میں صفحے پانی سے ہاتھ منہ نہیں دھوؤں گا' یاد ہے ماما' نہیں دن... اور پنسل کو بھی آپ نے نہیں دیکھا؟ وہ ابھی آتے ہوں گے۔ آپ تو میرے کپڑوں پر بیٹھی ہیں" اور سرج ژا نے قہقہہ لگایا

انہوں نے اس کی طرف دیکھا اور مسکرانے لگیں۔

"ماں' میری پیاری' میری اچھی!" اس نے زور سے کہا اور پھر لپک کر ان سے لپٹ گیا۔ جیسے اس نے اب جا کر' جب ان کی مسکراہٹ دیکھی تب' اچھی طرح سمجھا ہو کہ کیا ہوا ہے۔ "اس کی کوئی ضرورت نہیں" اس نے ان کی بیعت کو آتارتے ہوئے کہا اور جیسے انہیں ہلکی پھلکی بیعت کے لئے سرے سے کچھ کہہ کر پھر ان سے لپٹ گیا اور انہیں پیار کرنے لگا۔

"مگر تم میرے بارے میں سوچتے کیا تھے؟ تم نہیں سوچتے تھے کہ میں مر گئی؟"

"میں نے کبھی اس کا یقین نہیں کیا۔"

"نہیں یقین کیا تم نے' میرے بیٹے؟"

"میں جانتا تھا' میں جانتا تھا" اس نے اپنا پسندیدہ فقرہ کہا اور ان کا ہاتھ پکڑ کر جس سے وہ اس کے بالوں کو سہلا رہی تھیں' ان کی ہتھیلی کو اپنے منہ پر دبانے اور چومنے لگا۔

30

اس عرصے میں وائلی لونگ کی پہلے تو سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ خاتون کون ہیں' کیا ہیں جو سب سے یہ جان گئے کہ یہ وہی ماں ہیں جو شوہر اور بیٹے کو چھوڑ کر چلی گئی تھیں اور جنہیں وہ نہیں چاہتے تھے اس لئے کہ ان کے جانے کے بعد گھر میں آئے تھے۔ وہ شش و پنج میں پڑ گئے کہ انہیں اندر جانا چاہئے یا نہیں یا کسی کو اطلاع کرنی چاہئے۔ آخر کار وہ سمجھ گئے کہ ان کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ سرج ڈاکو مقررہ وقت پر اٹھائیں اس لئے انہیں یہ جاننے سمجھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کہ وہاں کون بیٹھا ہے 'ہاں یا کوئی اور' مالک انہیں اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہئے۔ چنانچہ انہوں نے کیڑے بدلے' دروازے کے پاس آئے اور اسے کھولا۔

لیکن ماں بیٹے کا پیار' ان کی آوازوں کی گونج اور باتیں جو دونوں کر رہے تھے — ان ساری چیزوں نے انہیں اپنا ارادہ بدلنے پر مجبور کر دیا۔ انہوں نے سر ہلایا اور گہری سانس بھر کر دروازہ بند کر دیا۔ "دس منٹ اور انتظار کروں" انہوں نے کہا تھا اور آنسو پونچھتے ہوئے اپنے آپ سے کہا۔

اسی وقت گھر کے نوکروں میں سخت ہیجان تھا۔ سب کو معلوم ہو گیا تھا کہ مالکن آئی ہیں اور یہ کہ کیپٹن نے انہیں اندر آنے دیا' اور یہ کہ وہ اس وقت بچوں والے کمرے میں ہیں۔ اور صاحب خود روز تو بچے بچوں والے کمرے میں جاتے ہیں۔ اور اس بات کو سب سمجھتے تھے کہ یہاں بیوی کی ملاقات ہو جانا ممکن ہے اور اس کو روکنا چاہئے۔ خدمتگار کور لیسی نے چوبدار کے پاس آ کر سوال کیا کہ کس نے اور کیسے انہیں اندر آنے دیا۔ جب اسے معلوم ہوا کہ کیپٹن نے ان کا استقبال کیا اور انہیں اندر لے گیا تو وہ بوڑھے کو اٹھنے لگا۔ چوبدار پہلے تو ہونٹ بھینچے چپ رہا لیکن جب کور لیسی نے اس سے کہا کہ اس نے تو ایسی حرکت کی ہے کہ اس پر اسے نکال دیا جانا چاہئے تو کیپٹن بڑھ کر اس کے پاس گیا اور اس کے منہ کے سامنے ہاتھ نچا کر بولا:

"ہاں اور تم ہوتے تو تم نے دیتے! دس سال سے میں ان کی اور ان سے سوائے بچی کے سلوک کے اور کچھ جانا نہیں لیکن اب تم سامنے آ جاتے اور کہتے کہ میرا کام کر کے باہر جا بیٹھے! تم تو خوب سمجھتے ہو کہ معاملت کس میں ہے! کیا تم اپنے بارے میں سوچتے کہ مالک کو کیسے نوچا جائے اور فرنگا کوٹ ہتھیا لیا جائے؟"

"اجڈ سیاہی!" کور لیسی نے حقارت کے ساتھ کہا اور کھلائی کی طرف مڑ گیا جو اسی وقت آئی تھیں "اب آپ ہی فیصلہ کیجئے مارتھا مسز ہڈسن" کور لیسی نے کھلائی سے مخاطب ہو کر کہا "آ جانے دو اور کسی سے بتایا بھی نہیں' اور مسیسی انگلسائڈ روچ ابھی نکلیں گے اور بچوں کے کمرے میں جائیں گے۔"

"اے ہے' غضب ہو گیا!" کھلائی بولیں۔ "آپ تو کور لیسی واسلیسوچ' کسی طرح ان کو روکئے' مالک کو اندر میں دوڑ کے جاتی ہوں اور انہیں اٹھا لے جاتی ہوں۔ اے ہے' غضب ہو گیا!"

جب کھلائی بچوں کے کمرے میں داخل ہوئیں تو سرج ڈاکو ماں سے یہ تار رہا تھا کہ کیسے وہ اور ناریکا' ٹیلے پر سے برف پر پھسلتے ہوئے گر پڑے اور تین بار فلاباری کھا گئے۔ آنا اس کی آواز سن رہی تھیں' اس کے چہرے کو اور اس پر آتے جاتے تاثرات کو دیکھ رہی تھیں' اس کے ہاتھ کو محسوس کر رہی تھیں لیکن یہ کچھ بھی نہیں سمجھ رہی تھیں کہ وہ کہہ کیا رہا تھا۔ وہ صرف یہ سوچ اور محسوس کر رہی تھیں کہ اب چلے جانا چاہئے' اب اسے چھوڑنا پڑے گا۔ انہوں نے وائلی لونگ کے پاؤں کی چاپ بھی سنی تھی اور دروازے تک آئے اور کھانسے تھے' پاس آتی ہوئی کھلائی کے پاؤں کی چاپ بھی سنی تھی لیکن جیسے پتھر کی ہو گئی ہوں' جیسے ان میں بات کرنے کی طاقت ہو نہ اٹھنے کی۔

"مالکن' میری اچھی!" کھلائی آنا کے پاس آ کر اور ان کے ہاتھوں اور کندھوں کو بوسہ دیتے ہوئے بولیں۔ "آخر خدا نے سالگرہ والے دن بچے کو طوفانی تو دی اور اور ابھی تو آپ نہیں بولیں۔"

"میرے' کھلائی' پیاری' مجھے نہیں معلوم تھا کہ آپ گھر میں ہیں" آنا نے ایک منٹ کو جیسے ہوش میں آتے ہوئے کہا۔

"میں یہاں رہتی نہیں' میں تو بچی کے ساتھ رہتی ہوں' میں مبارک باد کہنے آئی تھی میری اچھی آنا ارکاڈیونا!"

کھلائی اچانک رو پڑیں اور پھر آنا کے ہاتھ چومنے لگیں۔

سرج ڈاکو ہنستی ہوئی آنکھوں اور مسکراہٹ سے کھلائی کا ایک ہاتھ سے ماں کو اور دوسرے ہاتھ سے کھلائی کو لپٹائے ہوئے قالین پر اپنے گدبدے ننگے پاؤں پٹک رہا تھا۔ اپنی ماں سے اپنی پیاری کھلائی کا محبت بھرا تاثر دیکھ کر وہ بہت ہی خوش ہو گیا تھا۔

"ماں! آپ اکثر میرے پاس آتی ہیں اور جب آتی ہیں تو..." اس نے کہنا شروع کیا تھا لیکن یہ دیکھ کر رک گیا کہ کھلائی نے ماں کے کان میں پیچھے کچھ کہا اور ماں کے چہرے پر خوف سا چھا گیا اور کچھ شرم سی آ گئی ہو ماں کے چہرے پر بالکل اچھی نہیں لگ رہی تھی۔

ماں اس سے اور قریب آ گئیں۔

"میرا پیارا!" انہوں نے کہا۔

وہ "الوداع" نہیں کہہ سکیں لیکن ان کے چہرے کا تاثر یہی کہہ رہا تھا۔ اور وہ سمجھ گیا۔ "پیارا' پیارا' پیارا' کو تیکھا" انہوں نے اس کا وہ نام لیا جس سے وہ اسے بپٹن میں پکارتی تھیں "تو مجھے بھولے گا تو نہیں نا..." لیکن آگے وہ کچھ نہ کہہ سکیں۔

بعد کو انہوں نے کتنی بار وہ سب باتیں سوچیں جو وہ اس سے کہہ سکتی تھیں لیکن اس وقت ان کی سمجھ میں کچھ نہیں آیا اور کچھ نہ کہہ سکیں۔ لیکن سرج ڈاکو سب سمجھ گیا جو وہ کہنا چاہتی تھیں۔ وہ سمجھ گیا کہ ماں اسے بھی تھیں اور اس سے پیار کرتی تھیں۔ وہ تو یہ بھی سمجھ گیا تھا کہ کھلائی نے کیا کہا تھا۔ اس نے سن لیا تھا "بچہ تو

بچے" اور وہ سمجھ گیا تھا کہ یہ باپ کے بارے میں بتایا جا رہا تھا اور یہ کہ ماں اور باپ کی ملاقات ہونا ممکن نہیں ہے۔ یہ تو وہ سمجھ گیا لیکن ایک بات اس کی سمجھ میں نہیں آئی کہ ماں کے چہرے پر خوف اور شرم کیوں چھا گئی تھی؟۔ وہ قصوروار تو نہیں ہیں لیکن ان سے ڈرتی اور کسی وجہ سے شرمندہ ہیں۔ وہ چاہتا تھا کہ سوال کرے جس سے اس کا یہ شک دور ہو جاتا لیکن یہ نہیں کر سکا۔ اس نے دیکھا کہ ماں کو رکھ ہو رہا ہے اور اسے ان کے اوپر بڑا ترس آیا۔ وہ چپ چاپ ان سے لپٹ گیا اور پھر سرگوشی میں ان سے بولا:

"ابھی مت جائیے۔ وہ جلدی نہیں آئیں گے۔"

ماں نے اس کو اپنے سے ذرا الگ کیا تاکہ سمجھ سکیں کہ کیا وہ یہی سوچ رہا ہے جو کہہ رہا ہے۔ اور اس کے سہمے ہوئے چہرے پر انہوں نے پڑھ لیا کہ صرف یہی نہیں کہ وہ باپ ہی کے بارے میں بات کر رہا تھا بلکہ ان سے پوچھ بھی رہا تھا کہ اسے باپ کے بارے میں کس طرح سوچنا چاہئے۔

"سرج ژا" میرے دوست" انہوں نے کہا" اس سے محبت کرو' وہ مجھ سے زیادہ اچھے اور نیک ہیں' اور میں ان کی قصوروار ہوں۔ جب تم بڑے ہو جاؤ گے تو تم خود ہی سمجھ جاؤ گے۔"

"آپ سے زیادہ اچھا کوئی نہیں ہے۔" اس نے انتہائی ناامیدی سے چیخ کر روہانسے ہوتے ہوئے کہا اور ان کو کندھوں سے پکڑ کر انہیں پوری قوت سے بھینچ کر تناؤ سے کانپتے ہوئے ہاتھوں کے ساتھ ہلانے لگا۔

"میری جان' پیارا میرا" آنا نے کہا اور وہ بھی پہلے بچوں کی طرح رونے لگیں جیسے وہ رو رہا تھا۔

اسی وقت دروازہ کھلا اور وہ ایلی لوبچا اندر آئے۔ دوسرے دروازے کے پاس پاؤں کی چاپ سنائی دی اور کھلائی نے ڈری ہوئی سرگوشی میں کہا۔

"آ رہے ہیں" اور آنا کی ہیبت انہیں تھا دی۔

سرج ژا بستر سے پڑا اور ہاتھوں سے منہ ڈھانپ کر سسکیاں لے لے کر رونے لگا۔ آنا نے اس کے ہاتھوں کو چہرے پر سے ہٹایا ایک بار اس کے آنسوؤں سے تر چہرے کو پیار کیا اور تیز تیز قدموں سے دروازے سے نکل گئیں۔ الیکسی الیگساندرووچ ان کے بالکل سامنے ہی پڑ گئے' آنا کو دیکھ کر رک گئے اور انہوں نے تعظیماً سر جھکایا۔

وہ جانتے تھے انہوں نے ابھی ابھی سرج ژا سے کہا تھا کہ وہ ان سے زیادہ اچھے اور نیک ہیں اس کے باوجود اس سرسری نظر میں' جو انہوں نے الیکسی الیگساندرووچ پر ڈالی تھی ان کی ساری شخصیت کو تمام تفصیلات کے ساتھ سمجھ لیا اور ان کے لئے اپنے دل میں نفرت اور بیٹے کے سلسلے میں رشک و حسد محسوس کیا۔ انہوں نے جلدی سے اپنی نقاب گری اور قدم بوسی تقریباً بھاگتی ہوئی کرنے سے باز رکھیں۔

جو کھلونے انہوں نے کل اتنی محبت اور رچ کے ساتھ دکان سے پسند کر کے خریدے تھے انہیں وہ کھول بھی نہ پائی تھیں اور ویسے ہی اپنے ساتھ واپس لئے چلی گئیں۔

31

آنا کے دل میں اپنے بیٹے سے ملنے کی خواہش جتنی شدید کیوں نہ رہی ہو اور اس کے لئے چاہے انہوں نے کتنے ہی دنوں تک سوچا اور تیاری کی ہو لیکن اس کی توقع انہیں ہرگز نہ تھی کہ ان پر اس ملاقات کا اتنا گہرا اثر پڑے گا۔ ہوٹل میں اپنے اکیلے سوئیٹ میں واپس آ کر وہ دیر تک یہ نہ سمجھ سکیں کہ یہاں کس لئے

ہیں۔ "ہاں یہ سب ختم ہو چکا اور میں پھر اکیلی ہوں" انہوں نے اپنے آپ سے کہا اور ہیٹ اتارے بغیر ہی" فر" ان کے پاس رکھی کرسی پر بیٹھ گئیں۔ کھڑکیوں کے بیچ میں میز پر رکھی ہوئی کاسے کی ایک گھڑی کو یک ٹک دیکھتے ہوئے وہ سوچنے لگیں۔

فرانسیسی خادمہ' جسے وہ پیرس سے اپنے ساتھ لائی تھیں' ان سے یہ کہنے کے لئے آئی کہ وہ کپڑے بدل لیں۔ انہوں نے تعجب سے اس کی طرف دیکھا اور کہا:

"بعد کو۔"

خدمتگار نے کافی بنانے کے لئے پوچھا۔

انہوں نے کہا "بعد کو۔"

اطالوی آیا نے بچی کے کپڑے بدلے اور اسے لے کر آنا کے پاس آئی۔ گدبدی' جیسی طرح دودھ پائی جانے والی بچی ہمیشہ کی طرح ماں کو دیکھ کر اپنے دھاگے بنے ہوئے گدبدے ننگے ہاتھوں کی ہتھیلیاں بچے کو کر کے' اپنے بے دانتوں کے منہ سے مسکراتی ہوئی' اپنے ہاتھوں پاؤں چلانے لگی جیسے کھلی تجوری ہو اور اپنی لڑکی ہوئی کلف دار فراک کی پلیٹوں کو سرسرانے لگی۔ یہ ممکن ہی نہ تھا کہ اس بچی کی طرف دیکھ کر مسکرایا نہ جائے' یہ ممکن ہی نہ تھا کہ اس کی طرف توجہ نہ بڑھائی جائے جس کو وہ پکڑ لیتی تھی اور قلقاری مار کر سارے بدن سے مچل جاتی تھی' یہ ممکن ہی نہ تھا کہ اس کی طرف ہونٹ نہ بڑھائے جائیں جنہیں وہ پیار کرنے کے انداز میں پورے کے پورے اپنے منہ میں بھر لیتی تھی۔ اور آنا نے یہ سب کیا' اسے ہاتھوں میں لے کر اور اسے اچھالنے لگیں اور اس کے تازہ تازہ گالوں کو اور ننھی کنپٹیوں کو پیار کیا۔ لیکن اس بچی کو دیکھ کر ان کے نزدیک یہ بات اور زیادہ واضح ہو گئی کہ جو جذبہ وہ اس کے لئے محسوس کرتی تھیں وہ اس کے مقابلے میں محبت بھی نہیں تھی جو وہ سرج ژا کے لئے محسوس کرتی تھیں۔ اس بچی میں ہر چیز پیاری تھی لیکن یہ سب پتہ نہیں کیوں ان کو نہ لگتا تھا۔ پہلے بچے پر' ہو اگر چہ ایسے شخص سے تھا جس سے وہ محبت نہ کرتی تھیں پھر بھی وہ ساری محبت صرف ہو گئی تھی جسے بھی خاصیت حاصل نہ ہوئی تھی۔ بچی انتہائی مشکل اور پیچیدہ حالات میں پیدا ہوئی تھی اور اس پر اس فکر مندی کا سوواں حصہ بھی نہ صرف کیا گیا تھا جو پہلے بچے پر صرف کی گئی تھی۔ اس کے علاوہ بچی کے معاملے میں ابھی تو انتظار اور توقع ہی توقع تھی جبکہ سرج ژا تقریباً پورا آدمی ہو چکا تھا اور محبوب آدمی۔ اس میں خیالات و احساسات کی بیدار ہونے لگی تھی' وہ سمجھتا تھا' محبت کرتا تھا' اس نے اس کی باتیں اور نظریں یاد کر کے سوچا کہ وہ ان کے بارے میں اپنی رائے قائم کرتا ہے۔ اور وہ اس سے ہمیشہ کے لئے صرف جسمانی ہی نہیں بلکہ روحانی طور پر بھی الگ ہو گئی تھیں اور اس کو درست کرنا ناممکن تھا۔

انہوں نے بچی کو آنا کے حوالے کر دیا' اسے جانے دیا اور وہ لاکٹ کھولا جس میں سرج ژا کی تقریباً اسی عمر کی تصویر تھی جتنی اس وقت اس بچی کی تھی۔ وہ تھیں اور ہیٹ اتار کر انہوں نے میز پر سے البم اٹھا لیا جس میں بچے کی مختلف عمروں کے فوٹو سے۔ وہ فوٹوؤں کا موازنہ کرنا چاہتی تھیں اس لئے انہیں البم سے نکالنے لگیں انہوں نے سارے فوٹوؤں کو نکال لیا۔ اس ایک' آخری اور سب سے اچھا فوٹو نہ تھا۔ وہ سفید قمیص پہنے کرسی پر بیٹھا آنکھیں بھینچے ہوئے مسکرا رہا تھا۔ یہ اس کے چہرے کا سب سے مخصوص اور سب سے اچھا تاثر تھا۔ چھوٹے چھوٹے سلیقہ مند ہاتھوں سے' جو آج ایک خاص تناؤ کے ساتھ اپنی سفید پتلی پتلی انگلیوں کو حرکت دے رہے تھے' انہوں نے فوٹو کو کئی بار کونے سے پکڑ کر کھینچا لیکن فوٹو چپک گیا تھا اور وہ اسے نہ نکال سکیں۔ کاغذ

